قرابادین حبیبی

یعنے

میٹیریا میڈیکا

اور

فارمیسی

(طبع ہفتم)

مطابق برٹش فارماکوپیا جدید

سنہ ۱۸۸۵ء

مولفہ

رحیم خان - خان بہادر

آنریری سرجن

میڈیکل فیلو وممبر پنجاب یونیورسٹی سپرنٹنڈنٹ و

مدرس علم وعمل طب جماعت ہندوستانی

میڈیکل سکول

لاہور

سنہ ۱۸۸۹ء

مطبع محمدی لاہور میں چھپا

فہرست اغلاط

اکوا انے - سائی یعنی عرق سونف

یہ مرکب کتاب کے صفحہ ۵۷۵ میں درج ہونے سے رہ گیا ہے *

اسکا نسخہ یہ ہے *

نسخہ - سونف ایک پاؤنڈ اور پانی ڈیڑہ گیلن * ایک گیلن مقطر کریں *

گلائی - سی - رائی - نم - ٹراگاکان تہی

یہ مرکب بہی کتاب کے صفحہ ۵۱۳ مین درج ہونے سے رہ گیا ہے *

اسکا نسخہ یہ ہے *

نسخہ - سفوف ٹراگکا - کانتہہ - ۱۱۰ گرین * گلائی - سے - رین - ایک آونس ڈسٹلڈ واٹر - ۴۷ گرین *

ٹرا - گا - کانتہہ اور گلائی - سے - رین کہرل کرکے اسمین پانی ملاکر تبتک رگڑیں جبتک وہ مرکب گاڑہا لعاب بن جاوے *

لاٹن	انگریزی
مسک - کس مو - رائی	ملبری جوس

پکے سیاہ شہ توت کا نچوڑا ہوا رس *

اشتہار

فہرست کتب ڈاکٹری زبان اُردو

کتب مندرجہ ذیل میڈیکل کالج لاہور سے نقد قیمت پر یا دیلیو پیبل پارسل پر بہیجی جا سکتی ہی-

نام کتاب	قیمت	محصول ڈاک وغیرہ
قرابادین رجیمی یعنی میٹریا میڈیکا اور فارمیسی مطابق برٹش فارماکوپیا جدید (طبع ہفتم)	صر	۸ر
پراکٹس اف میڈیسن یعنی طب رجیمی جو قریب از سر نو لکہی گئی ہے ۱۰۰۰ صفحہ سے زیادہ (طبع چہارم)	ے ر	۱۰ر
رسالہ علم فز یو لو جی یعنی افعال الاعضاے	عا / ۸ر	۴ر
مڈ وائفری یعنی فن قابلہ ترمیم شدہ باتصویر (طبع ثانی)	سے	۴ر
میڈیکل جورس پرو ڈنس یعنی رسالہ طبیہ متعلقہ عدالت	سے	۴ر
رسالہ امراض الصبیان (طبع ثانی)	ے	۴ر
قرابادین حیوانات ترمیم شدہ (طبع ثانی)	ے	۴ر
رسالہ امراض النسوان چار حصہ (باتصویر): حصہ اول امراض عورات، حصہ دوم قرابادین نسوان، حصہ سوم امراض حاملہ، حصہ چہارم امراض زچہ	للعہ	۶ر

تنبیہہ۔ درخواستیں بخدمت صاحب پرنسپل بہادر میڈیکل کالج لاہور بہیجنی چاہئیے ✦

دیباچہ

بفضل خدا یہ کتاب اب ساتوین دفعہ چھپ کر شایع ہوتی ہے - اِسکے حسنِ قبح سے ناظرین خوب واقف ہین - اسکی تعریف مین لکھنا اپنے منہہ سے میان مٹھو بننا ہے ہان اتنا جتانا ضرور ہے کہ اِس ساتوین طبع مین دو حصے نئے شامل کئے گئے ہین جو سابق کی طبع مین نہ تھے - ایک تو وہ حصّہ جسمین نئی دواؤنکا ذکر ہے ✤

دوسرا حصّہ وہ جسمین دیسی دواؤنکا بیان ہے ✤

نئی دواؤن سے مراد وہ دوائین ہین جنکا ذکر فار - ما - کو - پیا مین نہین ہے مگر اطبّا کے تجربون مین نہایت مفید پائی گئی ہین ✤

دوسرے حصّہ مین وہ دیسی دوائین درج کی گئی ہین جو بعض بعض انگریزی دواؤن کے عوض مین بخوبی کام دے سکتی ہین اور جنکا جاننا ہسپتال اسسٹنٹون کے لئے اشد ضرورت ہے کیونکہ اونکے ہفت سالہ ترقی کے امتحان مین پوچھے جاتے ہین اور جنکے استعمال کرنیکی گورنمنٹ کی طرف سے نہایت تاکید ہے ✤

رحیم خان

لاہور ۳۱ دسمبر ۱۸۸۹ء

& Druggist Amritsar

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مے - ٹے - ریا مے - ڈی - کا

مے - ٹے - ریا مے - ڈی - کا علم طب کی وہ شاخ ہے جسمین ادویات کے
بنانے کی ترکیب اور اُن کے اثر اور استعمال وغیرہ کا ذکر ہے لیکن زمانہ حال
مین ادویات کے خواص اور ماہیت وغیرہ کی نسبت بہت سی نئی باتین معلوم ہوگئی
ہین اسواسطے مے - ٹے - ریا مے - ڈی - کا کے فن کو کئی صیغون مین تقسیم کیا ہے
اور ہر یک صیغہ کے لئے علیحدہ علیحدہ اصطلاحی نام مقرر کئے گئے ہین *
مے - ٹے - ریا مے - ڈی - کا اب اُس خاص صیغہ کو کہتے ہین جسمین صرف ادویات
کا بیان ہے * فار - مے - سی ادویات مذکورۂ بالا کی ترکیب دینے کے طریقے سکھاتی
ہے * اور فار - ما - کو - لو - جی اُس صیغہ کو کہتے ہین جس سے دوا کا اثر تندرستی
کی حالت مین دریافت ہوتا ہے اور جس صیغہ سے اُن ادویات کو بیماری کے

علاج مین کام مین لاتے ہین اُسکو تھے - را - پیو - ٹکس بولتے ہین - لیکن
مے - ٹے - ریا مے - ڈی - کا کے معنی اب اگرچہ بہت محدود ہوگئے ہین پھر
بھی اس صیغہ کے شامل تین بڑے بڑے علوم ہین یعنے تا وقتیکہ علم نباتات
اور علم حیوانات اور علم کیمیاگری سے واقفیت کما ینبغی پیدا نہ کیجاوے تبتک
مے - ٹے - ریا مے - ڈی - کا کا علم حاصل نہین ہوسکتا کیونکہ یہ علم درحقیقت
انہین تینون علوم سے بنا ہے - پس اس کتاب کو دو حصون مین تقسیم کیا ہے -
حصہ اول مین فار - مے - سی کا ذکر ہے - دوسرے حصہ مین مے - ٹے - ریا
مے - ڈی - کا یعنے ادویات کا بیان ہے اور فار - ما - کو - لو جی اور تھے - را - پیو - ٹکس
کے دونون صیغون کا ذکر مے - ٹے - ریا مے - ڈی - کا کے ساتھون ساتھ کیا جائیگا "

حصۂ اوّل

فار - مے - سی یعنی دوا سازی

واضح ہو کہ دوا سازی مین دو قسم کے عمل کام مین آتے ہین - ایک طلیبون کے نسخہ جات
کی ترکیب دینے کے عمل - دوسرے وہ جن سے برٹش فار - ما - کو - پیا کے
نسخہ جات ترکیب دئے جاتے ہین - پس

مقالہ اوّل

طلیبون کے نسخہ جات کے ترکیب دینیکے عمل

ان عملون کے بیان سے پہلے اُن سامان کا ذکر کرنا ضرور ہے جنکے ذریعہ عمل ہاے
مذکور کئے جاتے ہین - وہ سامان یہ ہین کہ (الف) ترازو اور باٹ * (ب) مے - ژر گلاس
یعنے پیمانہ کے شیشے * (پ) پسٹل اینڈ مار - ٹر یعنے کھرل یا ہاون دستہ *

(ت) پلِ مے کِنگٹ مے ۔شین یعنے گولیان بنانے کا آلہ + (ٹ) پاؤ۔ڈر فول۔ڈرز + (ج) اس۔پا۔چیو۔لا + (ح) ٹائل + (خ) پرے۔کو۔لے۔ٹر + (د) دواسازی کا مکان اور اُسکے سامان +

(الف) ترازو اور بانٹ

خشک ادویات کے تولنے کے لئے ترازو اور بانٹ چاہئے۔ترازو دو قسم کے ہوتے ہین ایک چھوٹا جسمین گرینون کے حساب سے دوا تولی جاتی ہے اور دوسرا بڑا جس مین ڈرام اور آونس کے مقدار مین دوا تولی جاتی ہے۔چھوٹے ترازو مین چوتھائی آونس سے زیادہ نہ تولنا چاہئے اور بڑے مین اس سے کم دوا نہ تولنی چاہئے۔ترازو مین ایک ڈنڈی اور دو پلڑے ہوتے ہین۔ڈنڈی کے بیچون بیچ ایک کانٹا ہوتا ہے اور اُس ڈنڈی سے آویزان دونو طرف پلڑے ہوتے ہین + ڈنڈی لوہے یا پیتل کے اور پلڑے پیتل یا شیشے کے ہوتے ہین + ترازو ٹھیک ہے یا نہین۔یہ بات اِسطور سے دریافت ہوسکتی ہے کہ ڈنڈی کو ملاحظہ کرین کہ بیچون بیچ کی جگہہ سے اُسکے دونو ٹکڑے ایک دوسرے کے برابر ہین۔اب اِسکو لٹکا کر دیکھین کہ ڈنڈی ٹھیک افقی طور پر رہتی ہے یا کسیطرف کو قدرے قلیل جھک جاتی ہے۔جھک جائے تو ترازو درست نہین ہے۔اسمین پاسنگ ہے۔بلکہ بہتر تو یہ ہے کہ کسی چیز کے ۱۰۰ گرین تولین۔اب ۱۰۰ گرین کے بانٹ کو دوسرے پلڑے مین رکھین اور اُس چیز کو بانٹ کے پلڑے میز رکھہ دین۔ایرپھیر کے دونو تول درست ہون تو سمجھین کہ ترازو ٹھیک ہے۔تولنے سے پہلے دونو پلڑون کو خوب طرح صاف کرلین اور بعد تولنے کے بھی اُن کو خوب طرح پونچھکر صاف کرلین + پیتل کے پلڑے جب خوب طرح صاف نہین کئے جاتے ہین جب زنگ لگ کر بگڑ جاتے ہین جس سے ایسی دوا جیسے اسٹر۔کینا ہوتی ہے تولیجائے تو زہر ہوجانے کا اندیشہ ہے +

خشک دوائون کے تولنے کے بانٹ

بری-ٹش فار-ما-کو-پیا کے چھپنے سے پہلے دوا سازی مین جن بانٹون کا استعمال ہوتا تھا انکو اصطلاح مین اِ-پا-تھے-کے-ریز وِیٹ کہتے تھے - اب فار-ما-کو-پیا مین اِ-وائیر-ڈو-پائی وِیٹ کے استعمال کرنے کا حکم ھے وہ بانٹ یہ ہین +

اِ-وایسر-ڈو-پائی وِیٹ

۱-گرین	علامت	Gr	
۱-آونس	"	℥ oz	برابر ھے ۴۳۷،۵ گرین کے +
۱-پاونڈ	"	lb	= ۱۶ آونس یا ۷۰۰۰ گرین کے +

اِ-وائیر-ڈو-پائی وِیٹ مین سات بانٹ ہوتے ہین مثلاً

اِ-پاونڈ	برابر ھے	۱۶-آونس یا ۷۰۰۰ گرین کے +
۸ آونس	"	۳۵۰۰ گرین کے +
۴ آونس	"	۱۷۵۰ گرین کے +
۲ آونس	"	۸۷۵ گرین کے +
۱ آونس	"	۴۳۷،۵ گرین کے +
½ آونس	"	۲۱۸،۷۵ گرین کے +
¼ آونس	"	۱۰۹،۳۷۵ گرین کے +

اِ-پا-تھے-کے-ریز وِیٹ

۱-پاونڈ علامت lb برابر ہے ۱۲-آونس یا ۹۶ ڈرام یا ۲۸۸ اسکروپل یا ۵۷۶۰ گرین کے +

۱-آونس	علامت	℥	برابر ہے ۸ ڈرام یا ۲۴ اسکروپل یا ۴۸۰ گرین کے ٭
۱-ڈرام	"	ʒ	برابر ہے ۳ اسکروپل یا ۶۰ گرین کے ٭
اسکروپل	"	℈	برابر ہے ۲۰ گرین کے ٭
۱-گرین	"	Gr	

فرق درمیان اِ-وائیر-ڈو-پائی اور اِ-پا-تھے-کے-ریز وِیٹ کے

اِ-وائیر-ڈو-پائی وِیٹ	اِ-پا-تھے-کے-ریز وِیٹ
۱-پاؤنڈ برابر ہے ۱۶-آونس کے ٭	۱-پاؤنڈ برابر ہے ۱۲ آونس کے ٭
ڈرام کے بانٹ نہین ہے ٭	ڈرام کی بانٹ ہے ٭
اسکروپل کے بانٹ نہین ہے ٭	اسکروپل کے بانٹ ہے ٭

اگرچہ بری-ٹش فار-ما-کو-پیا کے اِ-وائیر-ڈو-پائی وِیٹ مین ڈرام اور اسکروپل نہین ہے پھر بھی اُس کتاب کے دیباچہ مین لکھا ہے کہ طبیب چاہین تو ڈرام (ʒ) اور اسکروپل (℈) کی علامتین اپنے نسخون مین درج کر سکتے ہین لیکن دواساز کو چاہیئے کہ ڈرام سے مُراد ۶۰ گرین اور اسکروپل سے ۲۰ گرین لیا کرین ٭

یاد رہے کہ گرین کے ترازو مین ۱۳ بانٹ ہوتے ہین مثلاً سات تو گرین کے بانٹ یعنے آدھی گرین سے لیکر ۶ گرین تک ٭ ۳-اسکروپل کے بانٹ ہوتے ہین یعنے آدھے اسکروپل سے لیکر ۲-اسکروپل تک اور تین ہی بانٹ ڈرام کے ہوتے ہین یعنے آدھی ڈرام سے لیکر ۲ ڈرام تک ٭ ان تیرہ بانٹ کے گرین پھیلائے تو ۳۰۱ ½ گرین ہوتے ہین ٭

گرین کے بانٹون کی نسبت ایک بات ضرور یاد رکھنی چاہیئے وہ یہ ہے کہ بعض بانٹون پر ہندسے لکھے ہوتے ہین اور بعض پر گول گول نقطے ہوا کرتے ہین مگر علاوہ نقطون کے

اپنر ایک علامت تاج شاہی کی بھی ہوتی ہے - اگرچہ یہ علامت نقطون سے علیحدہ ایک جانب پر ہوتی ہے پھر بھی کم توجہی کے سبب مغالطہ کا احتمال ہے اور مین نے ایک بڑے ڈاکٹر کو اس مین غلطی کہاتے دیکھا ہے - بس اس غلطی کا خیال رہے بعض بانٹون پر ایک علامت بہالے کے پھل کی سی ہوتی ہے (↑) اس سے یہ سمجھنا چاہئے کہ یہ چیز مالیت سرکار ہے ٭

اگر نصف پاؤنڈ یا نصف آونس یا نصف ڈرام وغیرہ لکھنا ہو تو پاؤنڈ یا آونس یا ڈرام وغیرہ کے بعد ان (ss یا ss) علامتون کے لکھنے سے نصف سمجھا جائیگا ٭

طبیب اپنے نسخون مین انگریزی ہندسے اکثر نہین لکھا کرتے جیسے 3 ، 2 ، 1 وغیرہ بلکہ دوا کی مقدارون کو رومی ہندسون مین لکھا کرتے ہین جنکی فہرست ذیل میز درج کیجاتی ہے ٭

فہرست رومی ہندسون کی

I	١	VII	٧
II	٢	VIII	٨
III	٣	IX	٩
IV	٤	X	١٠
V	٥	XI	١١
VI	٦	XII	١٢

XIII	۱۳
XIV	۱۴
XV	۱۵
XVI	۱۶
XVII	۱۷
XVIII	۱۸
XIX	۱۹
XX	۲۰
XXI	۲۱
XXII	۲۲
XXX	۳۰
XL	۴۰
L	۵۰
LX	۶۰
LXX	۷۰
LXXX	۸۰
XC	۹۰
C	۱۰۰
CI	۱۰۱
CX	۱۱۰
CC	۲۰۰
CCC	۳۰۰
CCCC	۴۰۰
D	۵۰۰
DC	۶۰۰
DCC	۷۰۰
DCCC	۸۰۰
DCCCC	۹۰۰
M	۱۰۰۰
MM	۲۰۰۰
MDCCCLV	۱۸۵۵

ہندوستانی وزن

ایک سیر برابر ہے ۱۶ چھٹانک یا ۸۰ تولہ یا ۹۶۰ ماشہ یا ۷۶۸۰ رتی کے ◆

ایک چھٹانک برابر ہے ۵ تولہ یا ۶۰ ماشہ یا ۴۸۰ رتی کے ◆

ایک تولہ برابر ہے ۱۲ ماشہ یا ۹۶ رتی کے ◆

ایک ماشہ برابر ہے ۸ رتی کے ◆

ہندوستانی اور انگریزی وزنون کی آپسمین مناسبت

سیر	چھٹانک	تولہ	ماشہ	رتی	پونڈ	آونس	اپوتھی کیریز ویٹ			گرین
							پونڈ	آونس	ڈرام	
۱	۱۶	۸۰	۹۶۰	۷۶۸۰	۲ پونڈ ۴۰۰ گرین	۳۲ آونسز ۴۰۰ گرین	۲½	۳۰	۲۴۰	۱۴۴۰۰
	۱	۵	۶۰	۴۸۰	..	۲ آونسز ۲۵ گرینز	..	..	۱۵	۹۰۰
		۱	۱۲	۹۶	..	..	..	..	۳	۱۸۰ مساوی ہے چہرہ شاہی روپیہ کے
			۱	۸	..	⁂	..	..	۱/۴	۱۵
				۱	..	..	..	..	..	۱٫۸۷۵

چہرہ شاہی اٹھنی مساوی ہے ۹۰ گرین کے اور چوآنی ۴۵ گرین کے برابر ہے - اگر ہم کو گرین بنانی منظور ہو تو ایک چاندی کا تار ٹھیک چوآنی برابر وزن کر لیں اور اُسکے تین مساوی ٹکڑے کریں تو ایک ٹکڑا ۱۵ گرین کے برابر ہوگا اور پھر ہر ایک ٹکڑے کو تین

مساوی حصون مین تقسیم کرنے سے ہر ایک کا وزن ۵ گرین ہوگا اور پھر ہر ایک کے پانچ پانچ برابر ٹکڑے کرنے سے گرین حاصل ہون گے +

پیمانے سیال چیزون کے ماپنے کے

ایک گیالن علامت C برابر ہے ۸ پائنٹ یا ۱۶۰ فلوئیڈ آونس یا ۱۲۸۰ فلوئیڈ ڈرام کے یا ۷۶۸۰۰ منم کے +

ایک پائنٹ علامت O برابر ہے ۲۰ فلوئیڈ آونس یا ۱۶۰ فلوئیڈ ڈرام یا ۹۶۰۰ منم کے +

ایک فلوئیڈ آونس علامت f ℥ برابر ہے ۸ فلوئیڈ ڈرام یا ۴۸۰ منم کے +

ایک فلوئیڈ ڈرام علامت f ʒ برابر ہے ۶۰ منم کے +

ایک منم علامت m Gtt.

سیال اور خشک چیزون کے وزنون کی آپسمین مناسبت

۱ - منم ——— برابر ہے ——— ۰.۹۱ - گرین پانی کے

۱ - فلوئیڈ ڈرام ——— برابر ہے ——— ۵۴.۶۸ 〃 〃

۱ - فلوئیڈ آونس ——— برابر ہے ——— ۱ - آونس یا ۴۳۷.۵ 〃 〃

۱ - پائنٹ ——— برابر ہے ——— ۱.۲۵ پاونڈ یا ۸۷۵۰ 〃 〃

۱ - گیالن ——— برابر ہے ——— ۱۰ پاونڈ یا ۷۰۰۰۰ 〃 〃

بعض دفعہ عرقیات کے نسخون مین طبیب چمچون کے پیمانے سے پینا بتلاتے ہین وہ یہ ہے +

فہرست چمچون کے پیمانون کی

ٹے اسپون یعنی چاء پینے کا چمچہ - برابر ہے - ایک ڈرام کے +

ڈے - زرٹ اسپون یعنی کھانا کھانے کا چمچہ - برابر ہے - ۲ ڈرام کے +

ٹے - بل اسپون یعنی سالن لینے کا چمچہ - برابر ہے - ۴ ڈرام کے +

لیکن یاد رکہو یہ فہرست دواسازون کی بنائی ہوئی ہے انگریزون کے گہرون مین جو چمچہ برتے جاتے ہین اُن کی مقدار دواسازونکی چمچونکی نسبت دونی ہوتی ہے یعنی بڑے اسپون ۸ ڈرام کا ۴ ڈی۔ زرٹ اسپون ۴ ڈرام کا + اور ٹے۔ بل اسپون ایک آؤنس کا ہوتا ہے۔ پس جس انگریز کے لئے نسخہ لکہو پہلے اُس کے گہر کے چمچون کو دیکہہ لو تب عرق کی مقدار کو اپنے نسخہ مین درج کرو تاکہ غلطی نہ ہو جائے +

ب ۔ مے ۔ ژرر گلاس

اِن گلاسون مین عرقیات ماپے جاتے ہین اور یہ دو قسم کے ہوتے ہین ایک جس مین مے۔ نم یعنے عرقیات ماپتے ہین اِسکو مے۔ نم سے۔ ژرر کہتے ہین۔ شکل اِس کی سیدہی اور وسعت کبہی تو ۶۰ مے۔ نم اور کبہی ۱۲۰ مے۔ نم تک کی ہوتی ہے + دوسرے اِس سے بڑی وسعت کے گلاس کو آؤنس مے۔ ژرر کہتے ہین۔ شکل اِس کی اکثر گاؤدُم ہوتی ہے اور یہ مختلف وسعت کا ہوتا ہے۔ مثلاً بعض تو صرف ایک ہی آؤنس کا بعض دو اور تین اور چار اور پانچ اور چہہ اور سات بلکہ بیس آؤنس تک کی وسعت کا بہی ہوتا ہے +

وسعت دریافت کرنے کے لئے گلاسون پر خط اور ہندسے کندہ ہوتے ہین +

ترکیب عرقیات کے ماپنے کی ۔ مے۔ ژرر گلاس کو ایک ہاتہہ کے انگوٹہے اور پہلی انگلی پر قایم کرین اور باقی تین انگلیون کو نیچے کی طرف موڑ کر اُن پر پیندے کو اِس طور سے ٹکاوین کہ گلاس آنکہون کے سامنے سیدہا کہڑا رہے۔ اب اِسی ہاتہہ کے چہنگیا سے دوا کے شیشے کے ڈاٹ (دیکہو تصویر الف کے حرف ل کو) علیحدہ کر کے قائم رکہین اور دوسرے ہاتہہ سے شیشے کو اِس طرح پر پکڑین کہ لے۔ بل اُسکا اوپر کی طرف ہو اب عرق کو گلاس مین آہستہ آہستہ ڈہالتے جاوین۔ خبردار عرق کے ڈہالتے وقت لے۔ بل شیشہ کے نیچے کی طرف نہ ہو کیونکہ جو قطرہ دوا کا شیشے کے منہہ پر لگا رہتا ہے وہ بہ کر اُس لے۔ بل کو بگاڑ دیگا +

(الف)

(دیکھو تصویر الف)
گلاس کے عرق پر اگر نگاہ ڈالین
تو اُسکے دو طبق کے کنارے
نظر آوینگے اوپر کا کنارہ عرق
کے مقعر سطح کا ہی کیونکہ کشش
شیعریہ کے سبب سے عرق
کی سطح مقعر ہو جاتی ہے پس
عرق کے ماپنے مین سطح مذکور
کے نیچے کے کنارہ کو شمار مین
لانا چاہئے - لیکن جب
گلاس کم چوڑا ہوتا ہی جیسے

ل

م - نمبر ۔ - ثر ہوا کرتا ہے تب عرق کی سطح زیادہ تر گہری مقعر ہو جاتی ہے کیونکہ بہ نسبت
چوڑے گلاس کے کم چوڑے گلاس مین کشش شیعریہ زیادہ ہوتی ہے + ایسی حالت مین
ماپنے والا گھبرا جاتا ہے کہ عرق کی اصل سطح کونسی ہے - پس یاد رہے کہ ایسے موقع مین عرق کی
درست سطح مابین اُن دو نقطون کے ہوتی ہے جس مین سے ایک سب سے اوپر گلاس کے
قریب اور دوسرا سب سے نیچے عرق کی سطح کے بیچون بیچ ہوتا ہے - پس ایسی صورت مین اگر
عرق کی سطح کے نیچے کے کنارہ کو محسوب کروگے جیسا چوڑے گلاس مین کرتے ہین تو خطا
ہے - کیونکہ اس سے وہ حصہ عرق کا جو گلاس کی طرف کھچ گیا ہے شمار مین نہین آیگا
اور دوا کی مقدار مین غلطی واقع ہو گی - اور یہ تو اوپر بتلا ہی چکا ہون کہ دوا کے شیشے کو
ہمیشہ اس طور سے پکڑنا چاہئے کہ جس لے - بتی اوس کا اوپر کی طرف رہے +

ب پس ٹل انڈ مار-ٹر
یعنی کہرل یا ہاون دستہ

(دیکہو تصویر ب)

(تصویر ب)

کہرل.....

(ب)

.....ہاون دستہ

دوا کے کوٹنے اور پیسنے کے لئے
کہرل کئی قسم کے ہوتے ہین مثلاً
بعض ویجوڈ کے بعض چینی
شیشہ پتہر یا پیتل اور بعض لوہے
کے ہوتے ہین + جو چیزین آسانی
سے سفوف ہو سکتی ہین اُنکو ویجوڈ
کے کہرل مین پیستے ہین جیسے گوبیون
کی لگدی وغیرہ + چینی کے کہرل
مین مرہم اور چربی کے اوپر اوثر
مرکبات ملائے جاتے ہین کیونکہ
اِسمین داغ کم پڑتا ہے +
شیشہ کا کہرل نمکین ادویات
کے حل کرنے کے لئے اور تیزاب کے قسم کی چیزون کے ملانے کے لئے اور اسٹرک-نیا وغیرہ نباتی جوہرون کی گولیان بنانے کے لئے اچہا ہے + مگر چونکہ شیشہ کا کہرل چکنا ہوتا ہے تو اُس مین دوا اچہی طرح پیسی نہین جا سکتی اور یہ جلد ٹوٹ بہی جا سکتا ہے اِس مین سخت چیزون کو کوٹنا نہ چاہئے + پتہر کے کہرل بڑے بڑے ہوتے ہین تو زیادہ مقدار سفوفون کے ملانے کے لئے اچہے ہین - پتہر کے کہرلون مین تیز چیزین نہ ملانی چاہئین

جیسے تیزاب یا کوئی اَور دوا ۔ پیتل اور لوہے کے ہاون دستون مین نباتات کی جڑین اور چھال وغیرہ سخت چیزین کوٹی اور پیسی جاتی ہین ۔ مگر کسیلے نباتات کو لوہے کے ہاون دستہ مین نہ کوٹنا چاہیے ۔ جیسے مازو اور ببول کی چھال وغیرہ ۔

ت پل مے کنگ مے شین
یعنے
گولیان بنانے کا آلہ

(دیکھو تصویر (ت))

(ت)

گولیان بنانے کا اوزار

اوپر کا جھریدار رولر

جھری دار پیتل کا پترا

لکڑی کے تختہ پر ایک پیتل کا پتر جس پہ کئی جھریان بنی ہوتی ہین پیچون سے جڑ دیتے ہین اور اُس تختہ کو کسی میز پہ جڑ دیتے ہین ۔ ویسا ہی ایک اَور پیتل کا جھری دار پترا جس کی جھریان اگلے پتر کی جھریون کے مطابق ہون کسی لکڑی کے ٹکڑے پر جڑ دیتے ہین ۔ دونو سرا اُس لکڑی کے ٹکڑے کا بڑھا ہوا گول ہوتا ہے تاکہ کام دستہ کا دیوے اِس دستہ کو دونو ہاتھون سے پکڑ کر نیچے تختہ کی جھریون پر لا کر حرکت دیتے ہین ۔

اِس آلہ کے استعمال کرنے کی ترکیب گولیون کے باب مین مفصل بیان کیجائیگی ۔

ث پاؤ - ڈر فولڈر

یعنے

پڑیون کے موڑنیکا آلہ

(دیکھو تصویر ث)

(ث)

پاؤ - ڈر فول - ڈرز

یہ آلہ پیتل کا بکس کی شکل کا ہوتا ہے جسمین دو پیتل کے کم چوڑے خمدار پترے پینچون سے جڑے ہوئے ہوتے ہین - اور بکس کے اندر سے اُسمین ایک پینچ اِس ترکیب سے لگا ہوا ہوتا ہے کہ اُنکو جس قدر چاہین فرق کر دے سکتے یا ملا دے سکتے ہین - اِس آلہ مین دو فائدے ہین ایک تو اِسمین پڑیان آسانی سے موڑی جا سکتی ہین دوسرا اس آلہ سے جو پڑیان بنتی ہین وہ باہم برابر ہوتی ہین * چنانچہ جس مقدار کی پڑیان بنانی ہون پیتل کے دونو سیدھے پترون کو پینچ کے ذریعہ اُتنے ہی فرق رکھکر پڑیا کے دونو سرون کو اندر لاکر دونو ہاتھون کے انگوٹھون سے صرف دبا دینا چاہیے *

ج اس - پا - چیو - لا

(دیکھو تصویر ج)

یہ آلہ چھری کی شکل کا لچکدار ہوتا ہے مگر تیز نہین ہوتا - دستہ اِسکا لکڑی کا

تصویر (ج)

ہوتا ہے - اِس آلہ سے سفوف کو پڑیہ کے کاغذون پر رکھہ

اِس-پا-چیو-لا

دیتے ہین اور اِس سے پڑیہ کے کاغذون کو موڑتے بھی ہین - اِسی سے سفوف کرتے وقت کھرل کے اندر پھیر کر سفوف کو کھرچتے بھی ہین اور مرہم وغیرہ بنانے مین بھی یہ آلہ کام آتا ہے ٭ پلاسٹرون کو چمڑے یا کپڑے پر پھیلانے کے لئے جو اِس-پا-چیو-لا کام آتا ہے اُسکا پھل دو سے چار انچ تک لمبا ہوتا ہے اور اُسمین لوہے کی ٹھہ ار ٹونہ بھی کے وزریعہ لکڑی کا دستہ لگا ہوتا ہے ٭ پلاسٹر پھیلانے سے پہلے لوہے کے پھل کو اِسقدر گرم کرنا چاہئے جس سے پلاسٹر گھل جائے مگر کپڑا یا چمڑا جلنے نہ پاوے ٭

ح ٹایل

(دیکھو تصویر ح)

(ح)

خطدار ٹائیل

مثل خشتی چوکون کے ٹایل پتھر یا چینی یا شیشہ کے ہوتے ہین - بعض تو سادے اور بعض پر پیمانہ وار خط ہوتے ہین تاکہ اُنپر برابر مقدار کی گولیان بنائی جاسکین

اور مربعون کے ملانے کے لئے بہی ٹاٹیل کام آتا ہے ٭

خ پر-کو-لے-ٹر

(خ)

(دیکھو تصویر خ)

ایک رسی-سی-وُر دوسرے شیشہ کا کم چوڑا نلکا ہوتا ہو-نلکی کو رسی-سی-وُر کے مُنھہ کے اندر مثل ڈرانٹ کے لگا دیتے ہین نباتات کے جوہرون کو بذریعہ اسپرٹ کے کھینچنے کے لئے یہ آلہ کام آتا ہے-اِس کے استعمال کرنے کی ترکیب فارمے-سی کے دوسرے حصہ مین ٹنکچر تیار کرنے کی ترکیب کے ساتھہ مفصل بیان کیجاویگی ٭

دواسازی کا مکان اور اُسکے سامان

دواسازی کا کمرا خوب روشندار ہونا چاہئے-اُسمین دو میزین ہونی چاہیئین-ایک چھہ فٹ لمبی چار فٹ چوڑی اور تین یا ساڑھے تین فٹ اونچی ہو اور اُس کے اوپر کا تختہ کسی سخت لکڑی کا کوئی اِنچ بھر موٹا ہو-اُسمین دو دراز بہی ہون اور اُن درازون مین مختلف مقدار کے خانے بہی ہون تاکہ اُنمین لے-بل وغیرہ کے لئے کترے کترائے کاغذ اور پل بکس رکھے جاسکین-اس میز پر ترازو اور گلاس رکھے جاوین تاکہ دوا تولی اور ناپی جاوے ٭ دوسری میز بہ نسبت اگلی کے کچھہ چھوٹی مگر زیادہ تر مضبوط ہو تاکہ اُسپر دوا کے کوٹنے پیسنے کے لئے ہاون دستہ گولیون کے بنانے کے لئے آلہ اور پلاسٹر بنانے کے سامان رکھے جاسکین اسمین بھی دو دراز ہون جنمین ہاون دستہ

اور گولی بنانے کے سامان اور تولیا اور جھاڑن وغیرہ بحفاظت بند رہین - ان دراز ون کے نیچے کیواڑ دار ایک الماری بھی ہوتا کہ اسمین جوشاندہ اور خیسانده بنانے کے اسباب وغیرہ جو روزمرہ کے کام مین آتے ہین بند رہین اور ان میزون کے قریب شیشے وغیرہ دہونے دُہلانے کے لئے پانی کا بند وبست بھی ہونا چاہئے *

اول طبیبون کے نسخہ جات کی ترکیب دینے کے عمل

طبیبون کے نسخون کے اقسام یہ ہین - پاوڈر * پل * سپازی ٹری * ٹنکچر * ڈرافٹ * گارگل * اِنما * لوشن * لی نی مینٹ * اینٹ منٹ * پلاسٹر *

اول - پاوڈر یعنے پُڑیا - پڑیا بنانے کے لئے دواسازی کی میز کی دراز مین مختلف عرض و طول کے کاغذ کترے ہوئے دہرے رہتے ہین ان مین دوا ڈال کر پڑیا بنا کر لفافو مین بند کرکے مریضکو بھیجتے ہین - پڑیا کے نسخے دوطور پر لکھے جاتے ہین - یعنے فرض کرو کہ بارہ پڑے لکھنی ہون تو بعض طبیب صرف ایک ہی پڑیہ کی دوا اپنے نسخہ مین لکھتے ہین اور دواساز کو ہدایت کرتے ہین کہ اسکی ایک پڑیہ بناؤ اور ایسی ہی بارہ بھیجو اور بعض طبیب اکٹھا بارہ پڑیہ کی دوا اپنے نسخہ مین لکھتے ہین اور دواساز کو ہدایت کرتے ہین کہ دوا کی کُل مقدار کو بارہ پڑیو مین تقسیم کرو چنانچہ پہلے نسخہ کی مثال یہ ہے کہ نسخہ - ان - ٹے - مو - نی - ال پاوڈر ایک گرین * نائے - ٹریٹ اف پوٹاشس ۵ گرین * اپے - کاک پاوڈر ۱/۲ گرین * سبکو ملا کر ایک پڑیہ بناؤ اور ایسی ہی بارہ بھیجو - اس صورت مین دواساز ایسا کرتا ہے کہ بارہ پڑیہ کے حساب سے پہلے دوا کا ۱۲ گرین - دوسرے کا ۶۰ گرین اور تیسرے کا ۶ گرین لے لیتا ہے اور پہلے نائے - ٹریٹ اف پوٹاش کو کہرل کرتا ہے تب اُس مین اپے - کاک اور ان - ٹے - مونے - ال پاوڈر ملا کر سارون کو شیشہ کے کہرل مین خوب طرح کہرل

کرتا ہے اور کہرل کرتے وقت گاہے گاہے اِس۔پا۔چیو۔لا سے کہرل کو کہرچ کر جو سفوف
اُس کے ادہ گرد لگا ہوتا ہے اُسکو بیچ مین لاکر اکٹھا کرتا ہے اور پہر کہرل کرتا ہے جب دیکہا
کہ کُل اجزا اچھی طرح مل گئی ہین تب اُسکو بارہ حصون مین تقسیم کرکے پُڑیے بناتا ہی جسکی ترکیب
ذیل مین درج کیجائیگی + جب نسخہ مین بارہ پُڑیون کے کُل اجزا اکٹھے لکہے جاتے ہین تب
اِسی ترکیب سے اُن کو کہرل کرتا ہے۔ لیکن اِس صورت مین ایک بات کی ہوشیاری چاہیے
یعنے نسخہ کے پڑہتے وقت اسبات کا ضرور خیال رکہنا چاہئے کہ کُل دوا کے مقدار بارہ
پُڑیہ کی ہے ایک کی نہین۔ نسخہ پڑہتے وقت کسی اَور دہن مین لگ جاؤگے تو پہلے
نسخہ کی طرح کُل اجزا کا بارہ گونہ لوگے جس سے بیمار کی جان کا اندیشہ ہوگا مثلاً۔
نسخہ۔ بائی۔کار۔بونٹ اف سوڈا ۱۰۰ گرین + رو۔بارب پاؤڈر ۳۶ گرین +
بسمتہہ ۱۰ گرین + سبکو ملاکر بارہ پُڑیون مین تقسیم کرو۔ اِس صورت مین اگر اوپر
کی مقدارون کو ایک پُڑیہ کی دوا سمجہوگے تو زہر ہوجائیگا + غرض جب نسخے کے کُل اجزا
کہرل ہوجاوین تب ایسا کرین کہ چار چار پُڑیون کے کاغذ اوپر نیچے تین قطارون مین
خوبصورتی کے ساتہہ سجاوین۔ اب کہرل کی دوا کو کسی کاغذ کے ٹکڑے مین
اونڈیل کر اس۔پا۔چیو۔لا کے ذریعہ کُل سفوف کو کاغذ کی لنبائی سے سیدہا
مستطیل شکل کے طرح پہیلاوین۔ اب اُسکو اس۔پا۔چیو۔لا سے بارہ حصہ برابر مین
تقسیم کرکے ایک ایک حصہ اُسی اس۔پا۔چیو۔لا سے اُٹہا اُٹہا کر پُڑیہ کے کاغذون
مین رکہتے جاوین۔ اب سب پر نہایت توجہ سے نظر دوڑا کر غور سے دیکہین کہ ان مین
سے کسی کاغذ مین دوا زیادہ تو نہین پڑی۔ اگر فرق معلوم ہو تو اوس کاغذ مین سے
تہوڑا سا سفوف لیکر دوسرے مین جو کم معلوم ہو ڈال دین۔ جب کُل کاغذون مین دوا
برابر آجاوے تب پُڑیہ باندہنی شروع کردین۔ جس کی ترکیب یہ ہے کہ اُن مین سے
ایک کاغذ کو اپنے سامنے میز پر رکہہ کر کاغذ کا جو کنارہ تمہارے قریب ہو اُس کو

پہلے کنارے کی چوتھائی انچ ورے تک لیجا کر اُس چوتھائی انچ نکلے ہوئے کنارے کو اُس پر موڑ دو۔ اب اُس مڑے ہوئے کاغذ کے کنارے کو سیدھا کر کے انگلیون سے آہستہ آہستہ تھپکا دو تاکہ وہ مڑا ہوا کنارہ جب دوسری دفعہ موڑا جاوے تو سفوف شکن سے پرے نہ گذر جاوے۔ اب اوس مڑے ہوئے کنارہ کو دوبارہ اسقدر موڑ دو کہ مڑا ہوا کنارہ پُڑیہ کے بیچون بیچ آجاوے۔ اب پڑیہ کے دونون سرون کو موڑنا چاہیے جس کی ترکیب یہ ہے کہ میز پر سے پڑیہ ہاتھ مین اُٹھا لو اور اُس کے ایک سرے کو چٹکی مین خوب طرح داب کر پڑیہ کو سیدھا پکڑ کر دوسرے ہاتھ کی ایک دو انگلیون سے آہستہ آہستہ تھپکی لگاؤ تاکہ سفوف نیچے اُتر آوے اور پڑیہ کے اُس سرے کو موڑتے وقت شکن سے پار نہ نکل جاوے + اسی طرح دوسرے سرے کو بھی موڑنا چاہیے پُڑیے کے سرے دو طور سے موڑے جا سکتے ہین ایک تو صرف انگلیون سے اور دوسرے پاؤڈر فولڈر سے جسکا ذکر پیچھے ہو چکا ہے۔ پاؤ۔ ڈر فولڈر ہی سے موڑنا اچھا ہے۔ اِس سے پڑیہ ایک جلیسی بنجاتی ہین ورنہ کوئی چھوٹی کوئی بڑی رہ جاتی ہے + اب سارون کو اکٹھا کر کے لفافہ مین بند کر کے خط نستعلیق سے اُوسپر پڑیون کے استعمال کرنے کی ہدایت لکھہ دو +

دوم پِل یعنے گولی۔ مثل پُڑیون کے بعض طبیب اپنے نسخون مین صرف ایک ہی گولی کے اجزا لکھتے ہین یا جتنی درکار ہون اون سارون کے اجزا لکھکر اُن کو اتنی گولیون مین تقسیم کرنے کی ہدایت کرتے ہین + پس بموجب اُس ہدایت کے دواساز کو چاہیے کہ کل اجزا کو وزن کر کے کھرل مین ڈال کر خوب طرح رگڑ رگڑ کر خشک سفوف کر کے اچھی طرح ملاوے۔ اب جس چیز سے لگدی بنانی ہو اُسکو چھوڑ کر سارے کو خوب طرح رگڑ لے + بعض دفعہ لگدی بنانے والے لیسدار چیز کا ذکر نسخہ مین نہین ہوتا اُس صورت مین دواساز کو اپنی عقل دوڑا کر کوئی ایسی لیسدار چیز ملا دینی چاہیے جسے

گولیون کی لگدی بنجاوے - مثلاً جب ایسی دوا کی گولیان بنانی ہون جنمین بالکل لیس
نہو جیسے کیا - لو - مل ٹار - ٹار - ٹارٹر امے ٹک سلفٹ اف ایرن یا بسمتھ اور سوڈا
وغیرہ تب ان مین کوئی ملائم اکسٹراکٹ ملادینا چاہئیے - جب گوند کی قسم کی دوا کی گولی بنانی
ہو تو صرف چند قطرے پانی کے ملانے سے گوند لیسدار ہوجاتی ہے - دوا جب رال
کے قسم کی ہوتی ہے تب چند بوند مین اسپرٹ کی ملانی چاہئیے لیکن اسمین ایک قباحت
ہے کہ کچھ عرصہ بعد رال اور اسپرٹ کی گولی چپٹی ہوجاتی ہے تو اس مین ورق کا ایسا سفوف
ملادینا چاہئیے جو اسپرٹ مین حل نہوتا ہو - اور صابون اور گوند کے لعاب سے بھی لگدی
اچھی بنتی ہے مگر لعاب سے جو گولی بنائی جاتی ہے وہ کچھ عرصہ بعد نہایت سخت ہوجاتی
ہے کہ معدہ مین حل نہین ہوتی - نباتی سفوفون کی لگدی بنانے کے لئے سرپ یا ٹریکل
اچھے ہین جیسے رو - بارب اپے - کٹ وغیرہ + لگدی بنانے کے لئے روٹی کا گودا
بھی ملادیتے ہین - لیکن اس کی گولی سخت ہوجاتی ہے - یہ نسخہ بھی لگدی بنانے کے لئے
عمدہ ہے - چنانچہ نسخہ - سفوف ٹرا - گا - کانتھہ ایک ڈرام + گلائی - سی - ریُن
سا ٹہ ے تین ڈرام + پانی ایک ڈرام + سبکو ملا کر ایک لئی بنالین +
گولیون کی لگدی بنانے کے لئے اس لیٹی کا تھوڑا سا ملادینا کافی ہے اور عرصہ تک یہ
بگڑتا بھی نہین اور ایسی دوا کی گولیان بنانے مین جنکے اجزا باسانی ایک دوسرے سے علیحدہ
ہوجاتے ہین - کے - او - لین بہت عمدہ چیز ہے مثلاً پر - منگے - نٹ اف پوٹاش اور
نائیٹریٹ اف سلور کی گولیان کے - او - لین سے اچھی بنتی ہین - جب لگدی بن چکے
تب اسکو نسخہ کی ہدایت کے بموجب اتنی ہی گولیون مین تقسیم کرین - گولیان چار
پانچ گرین کی اور اکثر گول گول ہوتی ہین - عمدہ گولیان اس آلہ مین بنتی ہین جس کی
شکل تصویر ت مین دی گئی ہے - اس آلہ کے استعمال کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ آلہ
کے تختہ پر تھوڑا سا میگنے - شیا چھڑک کر گولیون کی لگدی کو انگلیون سے ایک گولا

سا بناکر اُس پر رکہہ دین - اب رُو - لر یعنے اُس آلہ کے ٹکڑے کو پشت کی طرف
سے اُس لگدی پر رکہہ کر بیلن کی حرکت دیکر جتنی گولیان بنانی ہون اُتنی لنبی بتی
بنا لین - چنانچہ جہریون کے مُنہہ کے سامنے اُس بتی کو لیجانے سے اُس کی طولانی
دریافت ہو سکتی ہے - اب اُس بتی کو تختہ کی جہریون پر رکہہ دین اور تب رو - لر
کو جہریون کی طرف سے اُسپر رکہہ کر اور اُس کے دستہ کو دونون ہاتہون سے
مضبوط پکڑ کر خوب داب داب کر بیلن کے دو چار حرکتون سے اُس بتی کو کاٹ دین
اِس سے گولیان بن جائینگی - اگر ٹہیڑی بنگئی ہون تو ایک ایک گولی کو انگلیون سے
بنا لین - اب ان گولیون پر مگنیشیا پلیٹ کر پل - بکس کے اندر رکہہ دین -
گولی بنانے کا آلہ جب پاس نہین ہوتا ہے تب ایک اَور ترکیب سے گولیان بن سکتی
ہین - مثلاً بعض ٹائیل پر گولیون کی تقسیم کرنے کے لئے خط کہچے ہوے ہوتے ہین
پس اُس خط کے مقابلہ پر دوا کی لگدی کو رکہہ کر اس - پا - چیو - لا سے تقسیم کر کے
انگلیون سے گولیان بنا لیتے ہین اور اُس قسم کے ٹائیل بہی نہین ہوتی ہے تب
فرض کرو کہ لگدی کو بارہ گولیون بین تقسیم کرنا ہے تو اُسکی بتی بنا کر پہلے اُسکو دو
برابر ٹکڑون بین تقسیم کرو - اب ایک ایک ٹکڑے کو پہر دو دو برابر حصون بین
تقسیم کرو - اب اِن چارون کے ایک ایک ٹکڑے کو تین تین حصون بین تقسیم
کر کے انگلیون سے بارہ گولیان بنا لو +

بعض بیمارون کو گولیون کے کہانے سے نفرت ہوتی ہے اُس صورت بین اون پر
ورق نقرہ یا طلا مڑہ کر خوب صورت گولیان بنا لیتے ہین جسکے دیکہنے سے بیمار کی طبیعت
خوش ہو جاتی ہے اور رغبت سے نگل لیتا ہے - ورق نقرہ یا طلا کے مڑہنے کی ترکیب
ہے کہ لکڑی کی ایک گول ڈبیا لیکر اُس کے ایک نصف بین تہوڑا سا ورق رکہہ
دین اور گولیون پر تہوڑے گوند کا لعاب لگا کر اُنکو بہی ڈبیا کے اُس نصف بین رکہہ دینا

جس مین ورق ہے ٭

اب ڈبیا کو دوسرے نصف سے بند کرکے ہاتھ مین لیکر جنجھوڑ دینے سے گولیون پر ورق مڑھ جائیگا ٭

بعض بعض دوا کی گولیان بنانے مین دواساز کو بڑی دقت ہوتی ہے پس اُس دقت کے رفع کرنے کے لئے ہم اِس موقع پر اُس دوا کی گولیان بنانے کی ترکیب الگ الگ لکھہ دیتے ہین چنانچہ

اس - ٹرک - نایٹرٹ - یا کوئی اَور زہردار نباتی دوا کی جوہر کے نہایت کم مقدار کی گولیان بنانی ہون فرض کرو ایک گرین کے بتیسوین حصہ کی تب ایسا کرین کہ اُس جوہر کو تول کر اور اُسمین قدرے شوگراف ملک کی قلمین ملا کر خوب باریک کہرل کرین - اب اُسمین ہے تہائی گرین لے - کو - رس کا سفوف ملا کر ذرہ سا اکسٹراکٹ اف جن - شن یا میوسیلج ملا دینے سے عمدہ لگدی بنجائیگی - مگر یاد رہے کہ ایسی گولیان ایک گرین سے زیادہ مقدار کی ہون ٭

اِلئوز - مصبر کی لگدی اسطور سے خوب بن سکتی ہے کہ سلب کو چھوٹے ہوئے آب گرم مین ڈبو کر پہلے گرم کرلین - اب اُس گرم سلب پر مصبر کو رکہکر قدرے پروف - اسپرٹ چھوڑ دین اور تب ملالین ٭

ہیو - ٹایئیل کلورل ہائیڈریٹ - اِس دوا مین ڈراکا گانتھ کے لئے جسکا نسخہ اوپر دیا گیا ہے نہ ملانی چاہیے کیونکہ اِسکے ملانے سے یہ دوا گلجاتی ہے اور گولیان چپٹی ہوجاتی ہین بلکہ اِسمین گلقند اور قدرے گاڑھا میو - سلیج ملا کر گولیان بنالین ٭

کروٹن آیئل کی گولیان - اِن گولیون کی لگدی یا تولے - کو - رس کے سفوف اور میو - سلیج یا روٹی کے گودے سے بہت اچھی بن سکتی ہے ٭

اکسٹراکٹ - بلا کسی سفوف یا کسی خشک چیز کے جب صرف کسی اکسٹراکٹ کی گولیان

بنانی ہون تب اسمین لے-کو-رس یا جن-شن کا سفوف ملاکر لگدی بنا لین ✣

گیالک اِسڈ کی گولیان - پانچ گرین گیا-لِک اِسڈ کو خوب باریک کہرل کر کے اُسمین آدہ قطرہ گلائی-سی-رین ملاکر ایک گولی بنالین ✣

آیو-ڈائیڈ آف پو-ٹا-سیم - اِسمین چند قطرے پانی ملاکر کہرل کر کے ہموار لئی کیطرح بنالین - اب اِسمین قدرے لے-کو-رِش پاو-ڈر ملاکر لگدی بنالین - اِس ترکیب سے چہ چہ گرین کی گولیان بخوبی بنائی جا سکتی ہین ✣

فاس-فو-رس - اِس دوائی کو بائی-سل-فائیڈ اف کار-بن مین حل کرنا چاہئیے اور حل کرتے وقت اِسمین دو یا تین قطرے کلو-را-فا-رم کے چہوڑ دین - اِسکے کرنے سے اُس عرق کے چارون طرف گہرا دہوان پہیل جائیگا جس سے باہر کی ہوا کے اکسے-جن گیاس اُس فاس-فو-رس کے ساتھ ملنے نہین پائیگی - اب اِسمین قدرے لے-کو-رس پاو-ڈر ملاکر قدرے اُس ٹ-ریگا گانتھ کی لئی کے وزریعہ جسکا نسخہ اوپر دیا گیا ہے بہت جلد ساری لگدی بنا کر چہوٹی چہوٹی گولیو نمین تقسیم کر کے اُنکو روغن کرد-یئن کو-نین - چار حصہ کو-نین اور ایک حصہ ٹار-ٹے-رِک اِسڈ لیکر اوپر کے ٹراگا-کانتھ کی لئی کے وزریعہ لگدی بنا لین ✣

اسے-ٹٹ اف پو-ٹاش - اِس مرکب کی گولیان کے-نے-ڈا بال-سم کے وزریعہ بہت عمدہ بن سکتی ہین ✣

کافور - اِسکی گولیان بنانی ہون تو پہلے اسمین چند قطرے اسپرٹ کے چہوڑ دین اور جب اسپرٹ تبخیر ہنکر اُڑ جاوے تب اوپر کے ٹراگا-کانتھ کی لئی کے وزریعہ گولیان بنالین ✣

کار-با-لِک اِسڈ - کی گولیان اِسطور سے بن سکتی ہین کہ اِسڈ کی قطرون کے دو گرین کی مقدار مین ڈیڑہ گرین آرد گندم ملادین اور روٹی کے گودے کے وزریعہ بھی اِسکی گولیان بن سکتی ہین ✣

کریو-زوٹ - کی گولیان اِسطور سے بن سکتے ہین کہ اسمین قدرے چربی کا صابون ملا کر وارڈ - ہاتھ کی آنچ پر گرم کرین اِس سے لگدی بخوبی بن سکتی ہے اور لے - کو - رس پاؤڈر اور تھوڑا سا موم ملانے سے بھی اچھی لگدی بن سکتی ہے ÷ جب کریو - زوٹ کی گولی آکسائیڈ اف سلور کے ساتھ بنائی جاتی ہے تب کریو - زوٹ بھک سے اُڑ جاتا ہے اِسصورت مین ایسا کرین کہ آکسائیڈ اف سلور مین قدرے لے - کو - رس پاؤ - ڈر ملا کر پہلے اسکو کمزور کر لینا چاہئے ÷

کو - پی - بار - کی گولیان بنانی ہون تو اسمین قدرے کار - بونٹ اف مگنیشیا ملا لینا چاہئے ÷

سائے - ٹریٹ اف ایرن انڈ - کونین - اسکی گولیان کے - نے - ڈا بال - سم کے ذریعہ بخوبی بن سکتی ہین ÷

کیال - سی - ام سل - فائیڈ - یہ مرکب اِکٹنے کی بیماری مین اب بہت برتا جاتا ہے اور گولیون کے شکل پر اسکو دیتے ہین - پس ایسا کرین کہ اسمین ہموزن شوگر اف ملک ملا لین بعد ازان خوب احتیاط سے کھرل کر کے اسمین اِسقدر لے - کو - رس کا سفوف ملا وین جس سے فرض کرو وہ سارا ایک گرین مقدار کا ہو جاوے - اب اسمین ٹرا - گا - کانتھ کی لئی ملا کر لگدی بنا لین ÷

رو - برب - کی لگدی اسکے وزن کے پانچوین حصہ گلا - سی - رئین کے ذریعہ بخوبی بن سکتی ہے ÷

لے ڈ - نائٹ - اسڈ - کی گولیان بنانی ہون تو اُسکے وزن کا پانچوان حصہ گلائی - سی - رین اور دسوان حصہ اسمین میو - سلج ملا کر لگدی بنا لین ÷

پر - منگے - نیٹ اف پو - ٹاش - یہ مرکب اب بہتیری بیماریون مگر خاصکر حیض لانے کے لئے عورتون کو کھلایا جاتا ہے اور ہمیشہ اسکو گولیون کی شکل پر دیا کرتے ہین -

مگر اسکی گولیان نہایت احتیاط سے بنانی چاہئین کیونکہ اگر ذرہ بے احتیاطی کیجائے تو اُسکے
اکسیے - جن علیحدہ ہو جاتا ہے اور یہ دوا بیکار ہو جاتی ہے ۔ اسکی گولیان بذریعہ آئیل آف
تھیو - برو - ما اور قدرے سافٹ پے - را - فائین کے بخوبی بن سکتی ہین - نہین تو
ویزن - آینٹ - منٹ سے بھی اچھی لگدی بن سکتی ہے یا صرف کے - ادر - لین اور
قدرے پانی سے لگدی بنا لین ٭

ائینٹ - منٹ یعنی مرہم - اگرچہ مرہم کا تیار کرنا آسان ہے یعنے مرکب کے
اجزا کو صرف کھرل کرنے سے مرہم تیار ہو سکتا ہے اور بجز اس - پا - جیو - لا اور ہاون دستہ
کے مرہم تیار کرنے کے لئے زیادہ آلون کی بھی ضرورت نہین پڑتی پھر بھی مرہمون کے
تیار کرنے مین چند احتیاطین ایسے درکار ہین کہ جبتک انکی پابندی نکیجاوے تبتک مرہم
اچھا نہین بن سکتا - پس اُن احتیاطون کو ذیل مین درج کرتا ہون مثلاً اگر دو قسم کی مرہمون
کو ملانا ہو یا ایک ہو مرہم اور دوسرا کوئی سیال جز دیا کوئی روغن ہو اور انکو ملانا ہو تو
اُنکے ملانے کی آسان ترکیب یہ ہے کہ اجزا کو تول کر چینی کے سلب پر رکھ دین اور ایک
لمبے اس - پا - جیو - لا سے انکو خوب طرح ملا لین - صرف یہی ترکیب اکثر کارگر ہوتی ہے
لیکن اِس ترکیب سے ایسے مرہم نہین بن سکتے جنمین یا تو کوئی اکسٹراکٹ یا کسی دوا کا سفوف
یا کوئی شئے کر کری ملانی ہو - پس ایسی صورت تو ہمین یہ کام کرین کہ مرہم مین جو کوئی اور چیز
ملانی ہو اسمین تھوڑے سے سفید مرہم ملا کر تبتک کھرل کرین کہ جبتک وہ چیز خوب باریک پس
جاوے اب اسمین مرہم ملا کر سبکو اسقدر کھرل کرین کہ اسمین نتو دانہ اور نہ کر کراہٹ
محسوس ہو - لیکن بعض دفعہ اسبات کی بھی ضرورت ہوتی ہو کہ دوسری چیز مرہم کے ساتھ ملانی
ہوتی ہے اُسمین کوئی ایسی شئے ملانی پڑتی ہے کہ جس سے اسکا سفوف اچھی
طرح ہو جا سکے - مثلاً مرہم کے ساتھ کافور ملانا ہو تو پہلے اسمین قدرے اسپرٹ ملا کر
کھرل کرنا چاہئے اور تب اسمین مرہم ملانا چاہئے اور جو کوئی اکسٹراکٹ ملانا ہو تو اُسکو

ہاون دستہ مین رکھکر قدرے اِسپرٹ یا گلائی-سی-رین یا اُسمین چند قطرے پانیکے
چھوڑکر خوب طرح گھونٹنا چاہیے تاکہ ہموار لیئی بنجاوے اور تب اِسمین مرہم چھوڑکر سارے
کو خوب طرح گھونٹ لین * اگر مرہم مین کوئی سخت اکسٹراکٹ ملانا ہو تو یہ کام کرین کہ پہلے
کھرل مین گرم پانی چھوڑین تاکہ وہ گرم ہوجاوے اور تب کپڑے سے جلدی پونچھکر خشک
کرکے اُس اکسٹراکٹ کو خوب باریک پیس لین اور تب مرہم چھوڑکر سارے کو خوب طرح مخلوط
کرلین * جن دواؤن کی قلمین پانی مین آسانی سے حل ہوجاتے ہون جیسے آیوڈائیڈ
آف پوٹاسیم یا کا-بونیٹ آف پوٹاسیم یا سوڈیم ہین انکو پہلے قدرے پانی ملاکر کھرل کرلین اور تب مرہم
کے باقی اجزا کو چھوڑکر خوب طرح گھونٹ لین * مرہم مین آیو-ڈین ملانا ہو تو پہلے
اُسکو سفوف کرین بعد ازان اُسمین قدرے اسپرٹ چھوڑکر کھرل کرکے مرہم کو ملالین *
آیو-ڈائیڈ اف سلفر ملانا ہو تو اُسمین قدرے السی کا تیل ملاکر خوب طرح کھرل کرنا
چاہیے اور بو-را-کس یعنے سوہاگہ مین قدرے گلائی-سی-رین ملاکر اور
ریڈ-پری-سے-پے-ٹٹ مین قدرے ڈیسٹلڈ واٹر ملاکر پہلے خوب طرح کھرل
کرکے تب مرہم کو ملانا چاہیے * مرہم مین کوئی شے لطیف ملانی ہو جیسے پرو-سک
اِسڈ یا کلورا-فارم تو یہ کام کرین کہ مرہم کے اَور اجزا کو پہلے خوب طرح ملاکر تب
اُس لطیف چیز کو سب سے پیچھے ملاوین تاکہ جہانتک ہوسکے کم اُڑنا پاوے *
جب کسی مرہم مین کوئی نباتی دوا کا جوہر یا کوئی اسڈ یا خاصکر نائیٹریٹ اف مر-کری
یا ریڈ-پری-سے-پے-ٹٹ یا ییلو اکسائیڈ اف مرکری ملانا ہو تو لوہے کے
اِس-پا-چیو-لا سے ہرگزنہ ملاوین کیونکہ لوہے کے لگنے ہی وہ مرہم بگڑجاتے
ہین بلکہ ہڈی یا لکڑی کے اِس-پا-چیو-لا سے انکو ملانا چاہیے *
مرہم چونکہ آسان ترکیب سے تیار ہوتے ہین اسواسطے کمپائونڈر انکے تیار کرنے مین
بہت کم احتیاط لیتے ہین نتیجہ جس بے احتیاطی کا یہ ہوتا ہے کہ اُن مرہمون مین

گر گر اپن رہ جاتا ہے اور انکے لگانے سے بوجہ خشک ہونے کے زخم بگڑ جاتے ہین
اور آنکھین زیادہ درد کرنے لگتی ہین کیونکہ مرہم مین کرکرے اجزا کے ہونے سے
اینمین خراش پیدا ہوتا ہے +

سوم سپا - زی - ٹری - اِن کی شکل مخروطی ہوتی ہے اور مقعد یا عورت
کے اندام نہانی کی بیماری مین اندر رکھی جاتی ہین - اِن کے بنانے کی ترکیب یہ ہے
کہ دو حصہ موم اور تین حصہ چربی لیکر دہیمی آنچ پر پگھلا لین - اب آنچ سے اُتار کر دوا
کے اجزا کو وزن کر کے اُس مین چھوڑ کر خوب طرح گھوٹتے جاوین جبتک سارا گاڑھا
ہو جاوے - بعد ازان سلب پر رکھہ کر جتنی سپا - زی ٹری بنانی ہون بذریعہ اِسپا - چو - لا - کے اِسکو اُتنون مین تقسیم کر کے چھوٹی چھوٹی مخروطی شکل کی گولیان
بنا لین - لیکن سلب پر پہلے تھوڑا سا روغن مل لین تاکہ بناتے وقت دوا اُس پر چمٹ
نہ جاوے - دوا کی دوکانون مین سپا - زی - ٹری بنانے کے سانچے بنے ہوتے ہین
اُن مین دوا کو گرم رہتے ڈھال کر مخروطی شکل کے سپا - زی - ٹری بنا لیتے ہین +

چہارم مکسچر - طبیب اکثر سیال دواؤن کے نسخے ۲ آؤنس ۳ آؤنس اور ۴ آؤنس
سے لیکر دس دس بلکہ بارہ بارہ آؤنس تک کے بھی لکھا کرتے ہین - غرض جب کئی سیال
چیزین نسخہ مین ہوتی ہین - اور دوا ساز جب اُنکو وزن کر کے ملا لیتا ہے تب اوس
مرکب عرق کو اصطلاح مین مکسچر کہتے ہین - ترکیب مکسچر کے بنانے کی یہ ہے کہ پہلے
نسخہ کو باحتیاط خوب توجہ کے ساتھہ پڑہین اور جتنے عرقیات اوسمین درج ہون اُن کی
شیشیان الماری سے نکال کر اپنے روبرو سجا دین اور تب ایک سرے سے
اُن کو اُٹھا کر مے - ژر گلاس سے ماپ ماپ کر مکسچر کے شیشے مین ڈالتے جاوین جب
مکسچر بن جاوے تب اوس کی شیشی کو خوب طرح پونچھہ پانچھہ کر صاف کرین
اور تب اوس پر لے - بل لگا کر بموجب ہدایت کے خط نستعلیق سے اوس پر

لکھکر روانہ کرین ✣ اب دوا کے شیشیون کو الماری مین اپنی اپنی جگہہ پر رکھدین لیکن رکھتے
وقت ہر ایک شیشہ کے لیبل کو کم سے کم تین دفعہ پڑھ کر رکھین تاکہ کوئی شیشی کسی اَور
شیشی کی جگہہ پر نہ رکھی جاوے ورنہ دوسرا نسخہ بناتے وقت غلطی کا احتمال ہے مکسچر
کی دواؤن کو کس ترتیب سے شیشی مین ڈالنا چاہئے اسپر بھی توجہ ضرور کرنی چاہئے مثلاً
یہ ترتیب اچھی ہے کہ پہلے اسپرٹ اور ٹنکچر کے قسم کی دوا کو ماپ کر مکسچر کی شیشی مین ڈالکر
خوب طرح ہلا دینا چاہئے اور تب سرپ یا اِنفیوژن کے قسم کی دوا کو اُسمین چھوڑنا چاہئے
اور اخیر مین پانی یا انفیوژن ڈالنا چاہئے - ایسا کرنا اچھا نہین کہ پہلے بدرتہ یعنے پانی یا انفیوژن
ڈالو اور تب ایک ایک ٹنکچر کو اُسمین چھوڑو اِس سے ایسا ہوتا ہے کہ جب بہت سے
پانی مین کوئی ٹنکچر ڈالا جاتا ہے تب اُسکے رال کے قسم کے اجزا نیچے بیٹھہ جاتے ہین
مکسچر کی دواؤن کے ڈالنے کی ترتیب کے باب مین اِس قاعدہ کو ضرور یاد رکھنا چاہئے کہ نسخہ
مین ممانعت نہو تو زہر کے قسم کی دوا کو مکسچر کی شیشی مین سب سے پیچھے ڈالنا چاہئے
کیونکہ اَور دواؤن کے ساتھ ڈالوگے تو شاید یاد نہ رہے اور بھول کر دوبارہ ڈالدو -
پس پرو - سیک اِسڈ ٹنکچر اف اکو - نائیٹ ✣ سنکھیا وغیرہ دوا کا مکسچر بنانا ہو تو
نسخہ کے دیگر اجزا کو شیشی مین پہلے ڈالو اور جب سمجھو کہ مکسچر اب تیار ہو گیا ہے صرف
اُسکی شیشی مین ڈاٹ لگانی باقی ہے تب زہریلی اجزا کو ڈالکر سارے کو خوب طرح ہلا کر
ڈاٹ لگا دو ✣ بعض دفعہ مکسچر کے نسخون مین منجملہ نمک کے قسم کی دوا بھی ہوتی ہین - اِس
صورت مین ایسا کرنا چاہئے وہ نمک اگر آسانی سے حل ہونیوالا ہو تو اُسکو وزن کر کے
مکسچر کی شیشی مین ڈالدین اور تب اُسمین پانی چھوڑ کر خوب طرح ہلا وین جبتک وہ نمک
حل ہو جاوے - لیکن نمک اگر دیر سے حل ہونیوالا ہو یا مقدار اُسکی اتنی ہو کہ پانی
مین بخوبی حل نہو سکے تو پانی ملا کر خوب طرح کھرل کر کے شیشی مین ڈالنا چاہئے - بعض
دفعہ مکسچر کے اِس قسم کے نسخے بھی ہوتے ہین کہ جنمین کوئی نباتی سفوف جیسے رو - برب

یا جنجو ہوتا ہے یا گندہک کا سفوف یا بسمتھ ہمراہ سرپ یا میو۔سلج کے نسخہ مین درج ہوتا ہی
اِس صورت مین کہین ایسا نہ کرنا کہ ایسے قسم کے سفوفون کو مکسچر کے شیشی مین چہوڑ کر
اوپر سے پانی ڈالدو۔اگر ایسا کروگے تو چہوٹے چہوٹے ڈلے بنجاینگے بلکہ اِسصورت مین
ایسا کرنا چاہیے کہ سفوف کو وزن کرکے کہرل مین چہوڑ کر اُس مین قدرے پانی ڈالکر خوب
رگڑین تاکہ لئی جیسی بنجاوے۔اب اُسمین تہوڑا تہوڑا پانی ڈالتے جاوین اور کہرل کرتے
جاوین جبتک سارا مل ملاکر ایک مکسچر تیار ہوجاوے۔لیکن جب کسی نسخہ مین کوئی
سفوف اور سرپ یا میو۔سلج ہوتا ہے اور منشا طبیب کا یہ ہوتا ہے کہ وہ سفوف
اُس سرپ یا میو۔سلج مین برابر مقدار مین پہیلا رہے تب ایسا کرین کہ سفوف مین سرپ
یا میو۔سلج ملاکر پہلے کہرل کرین اور تب پانی ملاکر شیشی مین ڈہالدین اور لیبل لگانے
سے پہلے شیشی کو خوب طرح ہلالین ÷ لیکن فرض کرو کسی نسخہ مین گِمنے۔شیا سرپ یا
ٹنکچر اور پانی ہو تو اُسصورت مین کہرل نہ کرنا چاہیے بلکہ بہتر یہ ہے کہ پہلے پانی کسی
بڑے مے۔ژر گلاس مین لیکر اُسمین گِمنے۔شیا چہوڑدین۔اِسکے کرنے سے گمنے۔شیا
تہ نشین ہوجائیگا۔اب ٹنکچر وغیرہ کو ماپ کر مکسچر کی شیشی مین ڈالدین۔بعدازان مے۔ژر
گلاس کا گمنے۔شیا اور پانی اوپر سے چہوڑدین۔اِس ترکیب سے نہایت عمدہ مکسچر تیار
ہوجائیگا ÷ بعض دفعہ مکسچر کی شیشی مین اسقدر کف پیدا ہوجاتا ہے کہ اُسمین پانی چہوڑنا
یا کاگ لگانا مشکل ہوجاتا ہے اِسصورت مین چند قطرے اسپرٹ کے چہوڑنے سے
کف فرو ہوجاتا ہے۔لیکن بہتر تو یہ ہے کہ نسخہ مین اگر کوئی اسپرٹ کے قسم کی دوا ہو
تو تہوڑا سا اُسکا بچا رکہین تاکہ کف پیدا ہوجاوے تو اُسکو چہوڑدین ÷
ایک قسم کا مکسچر ہوتا ہے جسکو اصطلاح مین اِی۔مَل۔شَن کہتے ہین۔اِسکے تیار کرنے
مین دزہ دقت ہوتی ہے۔اِی۔مَل۔شَن بھی درحقیقت مکسچر ہوتا ہے مگر شکل اُسکی دودہ
کی سی ہوتی ہے اِسمین کوئی روغن یا رال کے قسم کی کوئی دوا ہوتی ہے جو مکسچر مین ایسی

مخلوط رہتی ہی کہ علیحدہ نہین کیجا سکتی چنانچہ روغن یاراں کے قسم کی دوا ایسی چیزون کے ملانے سے مکسچر مین مخلوط ہوجاتی ہے جیسے گوند یا صابون یا کوئی الکلی یا سفیدی بیضہ * کسی روغن کے قسم کی دوا کا اگر امی-ئل-شن بنانا ہو تو اُسمین کوئی گوند اور کوئی الکلی دوا ملا دینی چاہئے جیسے کو-پی-وا کا امی-ئل-شن بناتے ہین *

ذکر چند مشکلات کا جو مکسچر تیار کرنے مین پیش آتے ہین اور جن سے دواساز کو واقفیت پیدا کرنی ضرور چاہئے

دواساز کو کونین مکسچر تیار کرنے کی ضرورت اکثر پڑا کرتی ہے چنانچہ طبیب اکثر اس قسم کا نسخہ لکھتے ہین کہ جسمین کونین ہمراہ سرب اور پانی کے ہوتا ہے اور اُس کونین کے حل کرنے کے لئے کوئی اسڈ اپنے نسخہ مین نہین لکھتے - دواساز گاہے گاہے اس قسم کی غلطی کر بیٹھتے ہین کہ بلا اجازت طبیب کے اسمین اسڈ ملا دیتے ہین تاکہ کونین حل ہوجائے ایسا نہ کرنا چاہئے بلکہ اس صورت مین ایسا کرنا چاہئے کہ کونین کو ہمراہ تھوڑے پانی کے پہلے کھرل کر لین اور تب مکسچر مین ملا دین اور دوا کی شیشی پر یہ لکھہ دین کہ پیتے وقت شیشی کو خوب طرح ہلا لین *

بعض دفعہ دواساز اس قسم کی بھی غلطی کر بیٹھتے ہین کہ جب کونین مکسچر کے نسخہ مین طبیب کوئی اسڈ بھی لکھتے ہین تب دواساز غفلت سے ایسا کر دیتا ہے کہ کونین کو گلاس مین ڈالکر اسڈ چھوڑ دیتے ہین نتیجہ جسکا یہ ہوتا ہے کہ کونین اُس اسڈ مین بخوبی حل نہین ہوتا - ایسا نہ کرنا چاہئے بلکہ ایسا کرنا چاہئے کہ نسخہ کے اسڈ مین پہلے بدرتہ ملا کر تب اسمین کونین چھوڑنا چاہئے جس سے کونین خوب طرح حل ہوجاتا ہے *

بعض دفعہ طبیب کونین مکسچر کے نسخہ مین ارو-ما-ٹک اسپرٹ اف ایمو-نیا اور کوئی ٹنکچر اور ما-ٹرس-ایتھر یا کوئی اَور اسپرٹ کا مرکب ہمراہ گلائی-سی-رین یا

سرپ اور پانی کے لکھا کرتے ہین - اِس نسخہ کو اِسطور پر تیار کرنا چاہئے کہ کونین کو اسپرٹ کے مرکب مین حل کر کے اور اُسمین گلاہی - سی - ریمن یا سرپ ملاکر تھوڑا تھوڑا پانی ملانا چاہئے - جس سے ایسا ہوتا ہے کہ اگر وہ مکسچر بہت زیادہ رقیق نہو تب بعوض گدلا ہونے کے صاف مکسچر تو ضرور ہو جاتا ہے ❊

بعض دفعہ اِس قسم کا بہی نسخہ لکھتے ہین جسمین کونین کے ہمراہ سلیفورک اسڈ اور ٹے - نک اسِڈ ہوتا ہے یا اِسمین کوئی اَور ایسی نباتی دوا ہوتی ہے جس مین ٹے - نن موجود ہوتا ہے - غرض دواساز جب اِس نسخہ کو تیار کرتا ہو تب ٹے - نٹ اف ایرن کا منجمد تہ نشین ہو جاتا ہی اِسصورت مین دواساز کو ایسی غلطی ہرگز نہ کرنی چاہئے کہ اُس مکسچر کو چہان لے تاکہ اُس ٹے - نٹ اف ایرن کا دُرد علیحدہ ہو جاوے بلکہ اسمین رہنے دینا چاہئے ❊

دواساز کو بعض دفعہ اِس قسم کا بھی نسخہ تیار کرنا پڑتا ہو کہ جسمین کونین کے ہمراہ سی - ای سی - لٹ اف سو - ڈا یا سے - لی - سے - لک اسڈ لکھا جاتا ہے - غرض دواساز جب اِن دونو دوا کو ملاتا ہے تب دوا کی شیشی مین ایک بدشکل ڈلا سا بن جاتا ہے کہ پیتے وقت شیشی سے نہین گرتا - اِسصورت مین طبیب کی غلطی صاف پائی جاتی ہے کہ وہ اس بات کو نہین جانتا کہ اِن دونو دوا مین آپس کے اندر ضد ہے - ایسی حالت مین دواساز کو طبیب کی صلاح لینی چاہئے اور جو یہ ممکن نہو تو ایسا کرنا چاہئے کہ کو - نین مین قدرے میو - سلج ملالین اور تب اِسمین تھوڑا تھوڑا سے - سی - لٹ ملالین اور تب اِسمین بہت سا پانی ملا کر حل کر لین بعد ازان اُس مکسچر کو خوب طرح ہلا دین ❊

جب نسخہ مین اِس قسم کے مرکبات ہون جو ورق کے طور پر مفرد دواہوتے ہین جیسے سائٹریٹ اف ایرن اینڈ کونین وغیرہ تب اُس مفرد دار مرکب کو کسی صاف کھرل مین رکھکر گرم پانی کے ذریعہ حل کر لین یا ایسا کرین کہ شیشی مین پہلے بدرقہ کو بھر دین اور تب اُسمین اُس مرکب کو چھوڑ کر خوب طرح ہلا دین مگر ایسا ہرگز نہ کرنا چاہئے کہ خشک شیشی مین پہلے اُس مرکب کو

ڈالین اور تب اُسمین بدرقیہ کو چہوڑین - ایسا کرو گے تو ورقی مرکب کے ڈلے بنکر شیشی کے نیچے بیٹہہ جائینگے ÷

نباتی اکسٹراکٹ جب کسی نسخہ مین ہو اور اُسکا مکسیچر بنانا ہو تو کہرل کو قدرے گرم کرکے اور اُس اکسٹراکٹ کو ڈالکر قدرے پانی ملاکر باحتیاط کہرل کرنا چاہیے اور جب وہ ایک ملائم لیی کی طرح بنجاوے تب اُسمین بدرقہ کو تہوڑا تہوڑا چہوڑکر مکسیچر بنا لینا چاہیے ÷

اگر اُس اکسٹراکٹ مین رال کی قسم کے اجزا ہون تو اُسمین میو - سلج ملاکر کہرل کرنا چاہیے ÷

تار - پین جب کسی نسخہ مین ہوتا ہے تب دواساز کو اُس مکسیچر کے تیار کرنے مین کسیقدر دقت ہوتی ہے - اِسصورت مین تار - پین مین انڈے کی زردی ملاکر پہلے کہرل کرنا چاہیے چنانچہ ایک آونس تار - پین کے لیے تین انڈون کی زردی کافی ہے اور اکثر اتیہے - ری - ال آئیل یا ایش - شیل آیس کے حل کرنے کے لیے بہی ہی مقدار انڈون کی زردی کافی ہے - گاڑہے میو - سلج مین بہی وہ اشیا حل ہوجاتے ہین مگر ویسی نہین جیسے زردی بیضہ مین حل ہوتے ہین - ایک اَور ترکیب پانی مین تار - پین کے مکسیچر تیار کرنے کی یہہ ہی ہے کہ کہرل مین تار - پین چہوڑکر اسمین بحساب فیصدی دو حصہ ہارڈ - سوپ ڈالکر خوب طرح کہرل کرین اور تب اسمین تہوڑا تہوڑا پانی کا بدرقہ چہوڑکر سارے کو خوب طرح ہلا لین ÷

کسٹر آئیل کا اِمَل - شن کسی الکلی یعنے کہار دوا کے وزیعہ نہ تیار کرنا چاہیے بلکہ اِس کام کے واسطے تازہ میو - سلج بہت عمدہ چیز ہے ÷

امنڈ آئیل یعنے روغن بادام کا اِمَل - شن میو - سلج یا گوند کے سفوف سے اچہا نہیں تیار ہوتا بلکہ قدرے لائیکوار پوٹاسے یا کاربو - نٹ اف سوڈا سے روغن بادام کا اِمَل - شن اچہا تیار ہوتا ہے ÷

جب اِس قسم کے ٹنکچر کا مکسیچر تیار کرنا ہو جنمین رال موجود ہو جیسے ٹنکچر آف

کے - نے - بس انڈیکا یا ٹنکچر اف کنٹھر یا ٹنکچر اف گوا - کم تب یہ کام کرین کہ تازہ تیار
کیا ہوا اگاڑھا میو - سلج لیکر اُسمین پانی ملا دین اور تب اِسمین اُس ٹنکچر کو چھوڑ دین ÷
جب کبھی نسخہ مین برو - مائیڈ یا آیو - ڈائیڈ اف پو - ٹا - سیم کے ساتھ نا ئے - ٹرس ایتھر
بھی ہو اور اِسکا مکسچر تیار کرنا ہو تب ایسا کرنا چاہیے کہ اُس نائٹرس ایتھر مین بائی کاربونیٹ اف پوٹا سیم
ملا کر نیوترل کر لین اور تب اُسمین پوٹاسیم کے مرکب کو ملا دین ورنہ برو - مین یا آیو - ڈین
اُس پو - ٹاسیم سے علیحدہ ہو جائیگا اور اُس مکسچر کا رنگ سیاہی مایل ہو جائیگا ÷
بعض دفعہ دوا ساز کو ایسا نسخہ بھی تیار کرنا پڑتا ہے جسمین سب - نائیٹریٹ اف بسمتھ
اور بائی - کار - بو - نیٹ اف سوڈا ہوتا ہے - اگر اِس قسم کے مکسچر کے تیار کرنے
مین احتیاط نہ لیجاویگی تو کار - با - نک اِسڈ گیس پیدا ہو کر شیشی مکسچر کی پھوٹ جائیگی
تاکہ ایسا نہ ہونا پاوے نرم آنچ پر رکھکر پہلے ہوا مذکور کو اڑا دینا چاہیے ورنہ ایسا کریں
کہ سب - نائے - ٹریٹ اف بسمتھ کے عوض اتنا ہی کار - بونیٹ اف بسمتھ لیکر مکسچر
بنا لین ÷
لے - کوئیڈ اکسٹراکٹ اف میل - فرن کے نسخہ مین طبیب اکثر دودہ یا میو - سلج ملا کر
مکہرل کرنا بتلاتے ہین مگر اِن کے عوض مین انڈون کی زردی بہتر ہے ÷
ٹنکچر اف ٹو - لو یا ٹنکچر اف مرکہا بسی کے مکسچر مین شامل کرنا ہو تو اُسمین قدرے
ٹرا - گا - کانتھ کا سفوف ملا دینا چاہیے تاکہ عمدہ مکسچر تیار ہو جائے ÷
پنجم ڈرافٹ یعنے جرعہ - یہ بھی مکسچر ہوتا ہے مگر مقدار اِسکی ایک یا ڈیڑھ
یا حد دو آونس تک ہوتی ہے تاکہ بیمار ایک ہی دفعہ سارے کا سارا پی جا سکے - ڈرافٹ
بھی اسیطور سے بنتا ہے جس طور پر مکسچر تیار ہوتا ہے ÷
ششم - گار - گل - کُلّی کی دوا کو کہتے ہین - غرغرہ کے عرق کو بھی مثل مکسچر کے تیار
کرنا چاہیے لیکن اِسکی بوتل پر لکھہ دینا چاہیے کہ یہ کُلّی کی دوا ہے پینے کی نہین ÷

(۱)
(۲)
(۳)
(۴)
(۵)
(۶)
(۷)

دواسازی کی اکثر دوکانون مین لکڑی یا موٹے کاغذ کے کترے کترائے پلاسٹرون
کی مختلف شکلین تیار رہتی ہین - ان مین سے جس کسی کی ضرورت ہو لیکر ایک ٹکڑی
بہیڑی کے چمڑے پر جو اس کام کے لئے تیار لگا کرتا ہے رکہہ دین اور پنسل سے
پلاسٹر کی اوس شکل کو چمڑے پر کہینچ لین - اب شکل کو علیحدہ کر کے اوس چمڑے کو
پلاسٹر کی شکل کا کتر لین - بعد ازان چند ٹکڑے کاغذ کے تہون پر اُسکو یکسان ہموار
جما کر رکہہ دین + پلاسٹر کی مرکب ڈنڈی کو کسی لوہے کے صاف برتن مین پگہلا کر
اوس پلاسٹر کی شکل کے چمڑے کے بیچ مین ڈہال کراس - پا - چیو - لا سے اس ترکیب
سے پہیلاوین کہ اوس چمڑے کے چارون طرف کا کنارہ کوئی نصف انچ تک خالی
رہ جاوے - چمڑے کے کنارہ کو خالی رکہنے کے لئے بعض دفعہ ایسا کرتے ہین کہ ایک
ٹکڑے کاغذ کے بیچ کی جگہہ پلاسٹر کے برابر کاٹ کر پہینک دیتے ہین اور اوس
سوراخ کو چمڑے پر جما کر پلاس - ٹر کو اس - پا - چیو - لا سے چمڑے پر پہیلا دیتے ہین
اب کاغذ کے اٹہا لینے سے چمڑے کے چارون طرف کا کنارہ خالی رہ جاتا ہے
اُس خالی کنارون پر اسٹی - کنگ پلاس - ٹر لگا دین تا کہ جسم پر پلاس - ٹر اپنی جگہہ
خوب طرح چپیان رہے ادہر اوہر کہسک نہ جاوے +

بعض دفعہ ایک آلہ سے پلاسٹر لگایا کرتے ہین جسکو پلاسٹر اس - پا - چیو - لا کہتے ہین
چنانچہ اسکی ترکیب یہ ہے کہ چمڑے کو مثل سابق کاغذ کی تہون پر ہموار بچھا کر
اس - پا - چیو - لا کو آگ پر قدرے گرم کر کے اُسپر پہیر دین تا کہ سلوٹین اور شکن دور
ہو جاوے اور چمڑا یکسان ہموار ہو جائے - اب اُس اس - پا - چیو - لا کو آگ پر
پہر اسقدر گرم کرین کہ جس سے پلاسٹر پگہل جائے - لیکن اسقدر گرم بھی نہو جسکے لگنے
سے چمڑا اُسکڑ جائے - غرض موافق اندازہ اُسکو گرم کر کے ایک ہاتھ سے پکڑ لین
دوسرے مین پلاسٹر کا مرکب جو ڈنڈی کی شکل کا بنا ہوا ہوتا ہے پکڑ کر اُسپر رگڑ دین

اس کے کرنے سے پلاسٹر گہل کر چمڑے پر ٹپکنے لگیگا - جب اندازہ کے موافق ٹپک جاوے تب اُسی گرم اس - پا - چیو - لا سے چمڑے پر اس ترکیب سے بچہاوین جسے کوئی آدہ انچ کنارہ چارون طرف سے خالی رہی +

بلسٹرنگ پلاسٹر کے لگانے کی ترکیب یہ ہے کہ آگلی بنائے ہوئے پلاسٹر کی سلون مین سے جس شکل کے ضرورت ہو اسکو لیکر اسٹی - کنگ پلاسٹر - پر جماوین اور تب اُوس شکل کے بیچ کے اسٹی - کنگ پلاسٹر کی جگہہ پر بلسٹر کا مرہم اپنے ہاتہہ کے انگوٹہے سے رگڑ رگڑ کر پہیلاوین اگر ضرورت ہو تو انگوٹہے کو پانی مین بہگووین +

اسٹی - کنگ پلاسٹر بنانے کی ترکیب جو ہندوستان کے ہسپتالون مین برتے جاتے ہے - دہوے ٹہے کی دہجی کوئی تین انچ چوڑی اور گز بہر لنبی لیکر اوس کے دونون سرون کو دو آدمی کے ہاتہہ پکڑا دین - اب پلاسٹر کی ڈنڈی مین سے ایک ٹکڑا کاٹ کر کسی لوہے کی صاف کرہچی مین رکہہ کر آگ پر پگہلا دین - بعد ازان ایک ہاتہہ سے کرہچی کی ڈنڈی پکڑین اور دوسرے مین ایک لنبا اور چوڑا اسپا - چیو - لا لے وین - اب پلاس - ٹر - کو دہجی کے ایک سرے پر ڈال کر اسپا - چیو - لا کو قدری گرم کرکے اس کے ذریعہ پلاسٹر کو دہجی کے پرلے سرے تک جلدی سے یکسان پہیر دین +

چند ہدایتین دوا سازن کے لئے - جب کوئی نسخہ آوے پہلے اُسکو حرف بحرف نہایت توجہ سے پڑہنا چاہئے - کوئی بات سمجہہ مین نہ آوے یا نسخہ مین کسی قسم کا نقص ہو مثلاً کسی دوا کی خوراک کے مقدار معمول سے زیادہ ہو جسے زہر ہو جانے کا اندیشہ ہو تو نہایت ادب سے ایک عریضہ مین اُس نقص کو بتلا کر بمعہ نسخہ کسی لفافہ مین ملفوف کرکے خفیہ طور پر نسخہ لکہنے والے طبیب کے خدمت مین بہیجکر دریافت کرین مگر اس امر کی اطلاع نہ تو بیمار کو اور نہ حامل نسخہ کو - جبتک جواب نہ آوے حامل نسخہ کو بٹہا رکہین

جب نسخہ کی نقل لے لین تب نسخہ واپس دو تاکہ رکہین +

اور دین ونیا کا دہندا بہول جائین اور نہایت توجہ کے ساتھہ نسخہ کے اجزا کے شیشون
کو دو تین دفعہ اُن کے لیبل توجہ سے پڑہ کر دواسازی کی میز پر لا رکہین ایسا نہ
کرین کہ دل کہین آپ کہین الماری کہول کر ٹاپڑہے لیبل کے شیشون کو میز
پر دہر دین اس خیال سے کہ مین خاص شیشون کی جگہہ کو خوب جانتا ہون - اب
اُن قاعدون سے نسخہ کے اجزا کو ترتیب دین جنکا ذکر مکسچر پل اور پاوڈر وغیرہ کے
باب مین پیچہے کیا گیا ہے - نسخہ کو نہایت صفائی کے ساتھہ جلد ترتیب دینا چاہیے اور
جب نسخہ مرتب ہو جائے تب شیشون کو لیبل پڑہ پڑہ کر اپنی اپنی جگہہ پر الماری
مین بند کر دین اور نسخہ کی شیشی یا پل - بکس وغیرہ پر بخط نستعلیق بموجب طبیب کے ارشاد
کے مریض کو ہدایت لکہہ دین ✣

مختلف ادویات کا سولیوشن بنا بنایا تیار رکہنا چاہیے - چونکہ دواساز
کو نسخہ جلد تیار کرنا چاہیے اسواسطے مناسب ہے کہ چند دواؤن کے عرق یا سفوف وغیرہ
بنے بنائے تیار رکہنا چاہیے مثلاً بعض نمکین دواؤن کو حل کر کے شیشون مین احتیاط
سے لیبل لگا کر رکہہ چہوڑنا چاہیے تاکہ اون کو وزن کر کے کہرل کرنا نہ پڑے چنانچہ
آٹہہ ڈرام را - پا - تہے - کے - ریز ویٹ) بائی - کار - بونٹ اف پوٹاش اسیقدر
ڈسٹلڈ - واٹر مین بخوبی حل ہو جاتا ہے جو حل ہو جانے کے بعد چار آونس ناپ مین
ہو - اس عرق کے ایک آونس مین ایک ڈرام یعنی ۶۰ گرین بائی - کار - بونٹ
اف پوٹاش ہوتا ہے ✣ اسیطرح کلورٹ اف پوٹاش کا عرق بہی تیار رکہنا چاہیے
جسکی طاقت چوبیس حصہ مین ایک حصہ ہو - اگرچہ یہ مرکب اس سے کم پانی مین بہی حل
ہو جاتا ہے مگر موسم کے تغیر کے سبب سے عرق مین اِس کی قلمین پیدا ہو جاتی ہین -
علیٰ ہذا القیاس اِن دوا کے عرقیات بہی تیار رکہنے چاہئین مثلاً دو حصہ مین ایک حصہ
اپ - سم - سالٹ ✣ تین حصہ مین ایک حصہ برو - مائیڈ اف پو - ٹا - سیم اور

کلو-رل ہائیڈریٹ کا عرق برابر کی طاقت کا یعنے ایک حصہ مین ایک حصہ ہو بنے اس عرق کے ایک مے - نم مین ویک گرین کلو-رل ہائیڈریٹ ہوتا ہے (دیکھو حصہ دوم کلو-رل ہائیڈریٹ) ٭

فار-ما-کو-پیا کا پل-ماس - فار-ما-کو-پیا کی بعض گولیون کی لگدی کچھہ عرصہ بعد اس قدر سخت ہوجاتی ہے کہ انمین سے ضرورت کے بموجب لینے مین گھنٹون ہی لگ جاتے ہین - پس ان گولیون کے خشک اجزا سفوف کر کے ملا کر شیشو نمین تیار رکھنا چاہئے تاکہ نسخہ تیار کرتے وقت اسمین سے لیکر فار-ما-کو-پیا کی ہدایت کے بموجب اسمین مرطوب بدرقہ ملا کر جلد گولیان بنا سکین ٭ مثلاً کمپاؤنڈ کا-لو-نتھ پل اور الونز (دو قسم کے) اور پل الوز انڈ ایرن اور پلرس پل کے خشک اجزا کو سفوف کی طرح ملا کر شیشو نمین رکھہ چھوڑین اور فار-ما-کو-پیا کے بموجب جن بدرقہ سے وہ گولیان بنتی ہین انکی متعدارون کو ان شیشیون کے لے-بل پر لکھہ دین ٭

فار-ما-کو-پیا کا مسٹیورا کریٹے خاصکر گرمی کے دنون مین بہت جلد بگڑ جاتا ہی تو ایسا کرین کہ اسکے خشک اجزا کو سفوف کیطرح ملا کر شیشی مین رکھہ چھوڑین اور نسخہ تیار کرلتے وقت سے - فی - منٹ واٹر اسمین ملالین (دیکھو مسٹیورا کریٹے) ٭

جو جو ہدایتین اوپر بتلائی گئی ہین دواساز کو انکا پابند ہونا ضرور چاہئے ٭

مقالہ دوم

دواسازی کے وہ عمل جن سے فار-ما-کو-پیا کے نسخہ جات ترکیب دئے جاتے ہین

اول پل-وی-رائی-زی-شن - یہ وہ ترکیب ہی جس سے منجمد اشیا سفوف کئے جاتے ہین - جب دوا تھوڑی ہوتی ہے تب اسکو ہاون دستہ مین سفوف کرتے

ہین - اور جب بہت ہوتی ہے تب جلتی ہین پیتے ہین * ایسی چیزین جیسے درختون کی چہال پہل پہول پتون کو سفوف کرنے سے پہلے خوب طرح سکہلا لینا چاہیئے * خشک کرکے سفوف کرنے سے پتون کے سو حصہ مین سے صرف ۰ حصے رہ جاتے ہین - اور ۰ حصے دور ہو جاتے ہین * الفیوژن اور پر - کو - لے - شن کے لیئے دوا صرف کوٹی جاتی ہے * نمک اور دوا کے تلچہین رچ - وُڈ وُڈ کے کہرل مین پیسی جا سکتی ہین - مثلاً تہوڑی تہوڑی لیکر ہین کے باریک کپڑے یا چہلنی مین چہان لین - جو موٹا جزو باقی رہے اُسکو پہر کہرل کرکے چہان لین *

کافور تنہا پیسا نہین جا سکتا پس اُسمین چوتہائی حصہ اسپرٹ ملاکر پیسنا چاہیئے اور اسپر - مے - سی - لے مین بہی اسپرٹ ملا کر پیسنا چاہیئے * ٹرا - گا - کا نتھ کی گوند گرم گرم پیسنی چاہیئے - بعض اشیا ایسی ہین کہ پانی ملاکر پیسنا چاہیئے * بعض دوائین ایسی بہی ہین کہ کہلے ہاون دستہ مین اگر پیسین تو اُڑ کر ناک اور حلق مین خراش پیدا کرتی ہین اور کہانسی اور چہینکین آنے لگتی ہین - اسصورت مین ایسا کرنا چاہیئے کہ تختہ مین سوراخ کرکے ہاون کے مُنہہ پر رکہہ دین اور سوراخ کے اندر سے دستہ کو گزار کر دوا کو کوٹتے اور پیستے جاوین اور ایسا ہی کرتے ہین کہ چمڑے کی ایک تہیلی بنا کر ہاون کے مُنہہ پر مڑہ دیتے ہین اور دوسرے سرے سے دستہ کو گزار کر باندہ دیتے ہین - تہیلی اسقدر لمبی ہو کہ پیستے وقت ہاتھ نہ رُکے *

واضح ہو کہ نباتی دوا جب پیسی جاتی ہے تب اصلی حالت کی نسبت اُسمین لئی باتو نمیز فرق پڑ جاتا ہے مثلاً اسمین رطوبت کم ہو جاتی ہے - اُسکے لطیف اجزا کم ہو جاتے ہین اور چوبی ریشہ کی مقدار بہی گہٹ جاتی ہے - لیکن بہ نسبت اصلی حالت کے دوا جب سفوف کیجاتی ہے تب اثر اُسکا تیز ہو جاتا ہے مثلاً بہ نسبت اصلی حالت کے امیون کا سفوف کم سے کم آٹہوان حصہ زیادہ تیز ہو جاتا ہے * امیون یا گوند کے

قسم کے چیز سفوف کرنی ہو تو پہلے خوب طرح خشک کر لینا چاہیے ۰

دوم ٹرائی - ٹیو - ریشن - یہ بھی ترکیب سفوف کرنے کی ہے اور اس سے سفوف بہت باریک ہو جاتا ہے کیونکہ اس ترکیب سے دوا کہرل مین رگڑی جاتی ہے - ٹرائی - ٹیو - ریش کے لیے ویج ووڈ کا کہرل کافی ہے ۰

سوم لے - وی - گے - شن - یہ بھی ترکیب سفوف کرنے کی ہے لیکن دوا مین پانی ملا کر سل بٹے سے پیسنا چاہیے جیسے مصالحہ پیسا کرتے ہین ۰

چہارم گرا - نیو - لے - شن - دانہ باندہنے کو کہتے ہین - مثلاً جس چیز کا دانہ باندہنا ہو اُسکو پانی مین حل کر کے آنچ پر اُڑاوین مگر اُڑاتے وقت خوب طرح گہونٹتے جاوین جبتک خشک ہو جاوے چنانچہ کار - بو - نٹ اور سائی - ٹریٹ آف پوٹاش کے دانے اسیطور پر باندہتے ہین اور سلفٹ آف ایرن کا دانہ اسطور سے باندہتے ہین کو پانی مین حل کر کے اُس عرق کو ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ مین فلٹر کرتے ہین مگر فلٹر کرتے وقت اسپرٹ کو خوب طرح گہونٹتے جاتے ہین جس سے دانے خوب چہوٹے چہوٹے بنجاتے ہین ۰

پنجم سِفٹ - ٹِنگ - خشک چیز کے سفوف چہاننے کو سِفٹ - ٹِنگ کہتے ہین چنانچہ ادویات کے سفوف چہلنیون مین چہانتے ہین - چہلنیان طرح طرح کے ہوتی ہین مثلاً بعض تو بالون کی بعض تار کی اور کپڑے کی بھی ہوتی ہین - سوراخ انکے بہت باریک باریک ہوتے ہین ۰ پہلون کے گودے جیسے آلو بخارا املی یا املتاس انجیر وغیرہ بھی چہلنی سے چہنتے ہین - مگر بہ نسبت خشک سفوف کے انہین زور لگانا پڑتا ہے تاکہ چہلنی کے سوراخون سے گزر جائین ۰

ششم ای - لیو - ٹری - ا - شن - اس لفظ کے معنے دہونے کے ہین - اس ترکیب سے ایسی چیزون کو سفوف کرتے ہین جو سخت اور غیر محلل ہوتی ہین

جیسے کہڑیا مٹی یا کبھی دہات کے ڈلے مثلاً کہڑیا مٹی اس طرح سفوف
کرتے ہین کہ کوٹ کر پانی مین چہوڑ دیتے ہین اور اُسکو خوب ہلاتے ہین - غیر محلل اجزا
جیسے خاک دہول کنکر وغیرہ نیچے بیٹھہ جاتے ہین کہڑیا مٹی سفوف کے طور پانی
مین تیرتی رہتی ہے - اِسکو نتہار کر رکھ چہوڑتے ہین - چند گھنٹہ بعد کہڑیا مٹی
تہ نشین ہوجاتی ہے - اوپر کا پانی نتہار کر پہینک دیتے ہین اور کہڑیا مٹی کو خشک
کرکے رکھہ چہوڑتے ہین +

ہفتم فِل - ٹر ی - شن - عرقیات کے چہاننے کو کہتے ہین - عرقیات دو طور
سے چہانے جاتے ہین - ایک تو کپڑے کے سوراخون سے یا سن یا پشم سے تب
اِسکو اصطلاح مین اُس - ٹری - نِنگ بولتے ہین + دوسرے بلا - ٹنگ پے - پر یا
نلالین سے تب اِسکو فل - ٹرے - شن کہتے ہین + ترکیب فل - ٹرے - شن کی
یہ ہے کہ ایک چوگوشہ ٹکڑا بلا - ٹنگ پے - پر کا لیکر اُسکے آمنے سامنے کے
کونون کو موڑ کر ایک مثلث بناوین - اُس مثلث کو موڑ کر ایک اَور چہوٹا سا مثلث
بناوین تاکہ دَونے کے طور پر بنجاوے اِسکو فَنِل مین جماوین اور پانی سے مرطوب
کرین - اب فَنِل یعنے قیف کو جس بوتل مین دوا چہاننی ہو بٹھاوین - اِس ترکیب سے
مرکبات از قسم ٹنگچر اور وائینم اور الیغیوژن اور نمکین عرقیات وغیرہ چہانے جاتے ہین
بعض دفعہ کاغذ کے فلٹر کے اندر ایک اَور کاغذ کا فلٹر جما دیتے ہین تاکہ عرقیات
کے ٹپکتے وقت پہٹ نہ جاوے +

اگر عرق بہت لیسدار ہو کر کاغذ سے چہانا نہ جا سکے تو بعوض کاغذ کے کپڑے یا پشمینہ
کی لگاؤ دم تہیلی سے اُسکو چہاننا چاہیے + اِسڈ کے قسم کے دوا اگر چہاننی ہو تو ایسا
کرین کہ فَنِل کی گردن مین چند ٹکڑے شیشہ کے تہ بتہ جما کر اِن پر خوب باریک ریت
جماوین اور اسپر تیزاب چہوڑ کر چہان لین +

کسٹرائیل اور شہتوتون کو موٹے کاغذ مین بخوبی چہان سکتے ہین یعنے اس قسم کے موٹے
کاغذ مین جو پشم کا بنا ہوا ہوتا ہے ◦

ہشتم پر-کو-لے-شن - یہ وہ ترکیب ہی جس سے قرابادین کے اکثر ٹنکچر
بنائے جاتے ہین - اس ترکیب کے لئے آلہ پر-کو-لے-ٹر کی ضرورت ہوتی ہے
چنانچہ دیکہو تصویر خ - اس آلہ کے دو حصے ہوتے ہین ایک شیشہ کا نلکا دوسرا
ریسیور ◦ نلکے کے نیچے کے مُنہہ پر فلالین کا ٹکڑا باندہ دیتے ہین اور اوپر کا مُنہہ
ڈاٹ سے بند رہتا ہے ◦ اب فرض کرو چرایتا کا ٹنکچر بنانا ہے - تو چرایتے کو
ہاون دستہ مین جو کوب کرکے کسی کہلے مُنہہ کے شیشہ کے اندر بہر دو اور اُسمین
پندرہ آونس پروف - اسپرٹ چہوڑ کر ۴۸ گہنٹہ تک بہگو رکہو مگر اس عرصہ مین شیشہ
کو گاہے گاہے ہلا دیا کرو - بعد اُس مدت کے شیشہ سے شراب کو ڈہال لین اور
چرایتے کو بہی شیشہ سے نکالکر ہاتہون سے خوب نچوڑ لین اب اُسکو آلہ پر-کو-لے-ٹر
کے نلکے مین تہوڑا تہوڑا خوب داب داب کر بہر دین بلکہ کسی ڈنڈی سے آہستہ آہستہ داب
دین بعد ازان اُس شراب کو اوپر سے چہوڑ دین اور مُنہہ پر ڈاٹ لگا کر نلکے کو ریسیور
پر جما دین اور ٹنکچر کو ٹپکنے دین - جب سارا ٹپک چکے تب باقی ۵ - آونس شراب نلکے مین
چہوڑ دین (کیونکہ فار-ما-کو-پیا کے اکثر ٹنکچرون مین شراب ایک پائنٹ یعنی ۲۰ آونس
پڑتی ہے) جب یہ بہی ٹپک چکے تب نلکے سے تُفل کو نکالکر شکنجہ مین کسکر نچوڑ لین -
جو عرق نکلے اُسکو چہان کر اگلے مین ملا دین - اب دیکہین اگر ایک پائنٹ پورا نہو تو حسب
ضرورت اَور شراب ملا کر پورا کر لین ◦

ٹنکچرون مین اکثر یا تو پروف - اسپرٹ یا ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ پڑتی ہے ◦ اوپر جس ترکیب
کا ذکر کیا گیا ہے وہ پر-کو-لے-شن کی ترکیب کہلاتی ہے اسی ترکیب سے فار-ما-کو-پیا
کے اکثر ٹنکچر بنتے ہین ◦ بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ دوا کے ذراة سے فلالین کے

سوراخ بند ہو جاتے ہین ٹنکچر ٹپک نہین سکتا - پس بہتر یہ ہے کہ تہوڑی سی موٹی ریت یا چہوٹے چہوٹے کنکرے نلکے کے اندر ڈالدین پر جاوین اس سے سوراخ بند نہین ہونے پائینگے * پر-کو-لے-شن کی ترکیب کو اچہی طرح انجام دینے کے لئے مشق چاہئے مگر اصل تو یہ ہے کہ دوا کی حالت پر بہت کچہہ منحصر ہے کیونکہ جب دوا بہت باریک سفوف کے طور ہوتی ہے تب شراب کے چہوڑتے ہی جم کر لگدی سی بنجاتی ہے اور جب بہت موٹی کوٹی ہوئی ہوتی ہے تب شراب دہار بندہکر ایک جانب سے نکل جاتی ہے دوسری طرف کی دوا کا اثر جون کا تون دوا ہی کے اندر رہ جاتا ہے - پس دوا کو نہایت احتیاط سے سبک ہاتہہ سے ٹہونک ٹہونک کر جانا چاہئے * بنا بنایا آلہ موجود نہو تو اونی بوتل سے بہی ٹنکچر پر-کو-لٹ کیا جا سکتا ہے چنانچہ بوتل کے پیندے کو کٹوالین اور اسمین دوا بہر کر مثل آلہ پر-کو-لے-ٹر کے ٹنکچر بنالین *

ہم مے-سی-رے-شن - دوا کو کسی ایسے عرق مین بہگو نے کو مے-سی-رے-شن کہتے ہین جسمین اُس دوا کے محلل اجزا کسیقدر ملجاوین * دوا کو پہلے کوٹ لین یا کتر لین یا سفوف کر کے عرق مین چہوڑ دین اور کسی چوڑے مُنہہ کے شیشہ کے اندر بہر کر جبتک بہگتی رہے بار بار ہلا دینا چاہئے - عرق مذکور اکثر اسپرٹ کے قسم کا ہوتا ہے * فار-ما-کو-پیا کے کئی ٹنکچر اس ترکیب سے تیار ہوتے ہین

دہم ڈی جیشن - چن - اسکے معنے بہی دوا کو بہگو رکہنے کے ہین مگر اس ترکیب اور مے-سی-رے-شن مین یہ فرق ہے کہ اسکے عرق کو گرم ہونا چاہئے *

مے-سی-رے-شن کا عرق سرد ہوتا ہے اور دوا زیادہ دیر تک بہگی رہتی ہے اور عرق اکثر اسپرٹ ہوتا ہے *

یازدہم ڈی کاک-شن یعنے جوشاندہ - جس نباتی دوا کا جوشاندہ بنانا ہو اُسکو سرد پانی مین چہوڑ کر وقت مقررہ تک جوش دیکر اُتار لین اور بعد سرد ہونیکے

چھان کر استعمال مین لاوین ۔ جوشانده جلد بگڑ جاتا ہے تو ہمیشہ تازہ تیار کرنا چاہئیے ۔

دوازدہم انفیوژن یعنے خیسانده ۔ خیسانده اکثر نباتی چیزون کا بنتا ہے ۔ ترکیب یہ ہے کہ دوا کو کھولتے ہوئے آبِ گرم مین چھوڑ کر وقت مقررہ تک بھگو رکھتے ہین اور بعد سرد ہونے کے چھانکر استعمال مین لاتے ہین ۔ مگر فار ۔ ما ۔ کو ۔ پیا کے بعض خیسانده سرد پانی سے بنتے ہین جیسے کو ۔ لمبا اور کو ۔ اشیا کا خیسانده اور چرائیتا اور کیپے ۔ ریا کے خیسانده مین کم گرم پانی پڑتا ہے ۔

سیزدہم اِکش ۔ پر ے ۔ شن یعنے نچوڑنا ۔ پتون اور پھلون وغیرہ نباتی چیزون کے رس نچوڑنے کے لئے شکنجے بنے ہوتے ہین مثلاً نیمبو کا رس اِسی مین نچوڑا جاتا ہے ۔ بیجون سے روغن کو لو مین پیڑ کر نکالتے ہین جیسے روغن بادام یا السی کا تیل وغیرہ ۔ اِن روغنون کو اصطلاح مین اِکش ۔ پریسٹڈ یا فکسٹڈ آئیل کہتے ہین ۔ لیکن جب روغن ڈس ۔ ٹلے ۔ لے ۔ شن کی ترکیب سے نکالا جاتا ہے تب اِسکو ڈیسٹِلڈ یا وا ۔ لے ۔ ٹائیل آئیل بولتے ہین ۔ اِن دو نو قسم کے روغنون مین یہ فرق ہے کہ کسی روغن کے ایک دو قطرے کاغذ پر چھوڑ کر آگ پر گرم کرین فکسٹڈ آئیل کا دھبا قائم رہیگا والے ۔ ٹائیل کا بتدریج اُڑ جائیگا ۔

چہاردہم ڈس ۔ پیو ۔ مے ۔ شن ۔ جب کسی نباتی یا حیوانی سیال چیز کو اس ترکیب سے صاف کرنا ہوتا ہے تو جوش دیتے ہین جس سے میل کف کے ساتھ اوپر تیر جاتا ہے تب کفگیر سے اُٹھا کر پھینک دیتے ہین ۔ بعض دفعہ ایسا بھی کرتے ہین کہ جوش کیوقت انڈے کی سفیدی یا دودھ کی چھینٹین دیتے ہین گرمی کے سبب سے دودھ یا انڈے کا ال ۔ بیو ۔ من میل کو لیکر جم جاتا ہے اِسکو کفگیر سے پھینک دیتے ہین ۔ شیرہ جب میلی شکر سے بنتا ہے یا گھی صاف کرنا ہو تو اِسی ترکیب سے صاف کرتے ہین ۔

پانزدہم ای ۔ وا ۔ پو ۔ رے ۔ شن ۔ کسی سیال چیز کو حرارت کے ذریعہ

اُڑاکر اُسکے پانی کے جزو کو اِسی ترکیب سے کم کرتے ہین ٭ فار-ما-کو-پیا کے اکسٹراکٹ
اِسی ترکیب سے بنتے ہین ٭ یہ ترکیب دو طور سے انجام پاتی ہے ایک مصنوعی دوسرے
قدرتی ٭ تاکہ ای-وا-پو-رے-شن کامل طور پر ہو یہ تین باتین ضرور چاہیئین - ایک
کُھلے مُنہہ کا چوڑا برتن جسکو ای-وا-پو-ری-ٹنگ ڈش کہتے ہین - دُوسرے
حرارت - تیسرے ہوا چلتی ہو ٭ برتن کم چوڑا ہو تو بخارات دیر سے اُڑینگے ٭ حرارت
نہو تو پانی کے اجزا پہیلکر بخار نہین بن سکینگے ٭ ہوا چلتی نہو تو بخارات پیدا ہوکر مثل
ستونون کے بنکر عرق کی سطح پر کہڑے رہینگے جس سے اَور بخارات دبے رہینگے
لیکن ہوا چلتی ہو تو عرق سے جون جون بخارات پیدا ہوتے جائینگے ہوا اُن کو اُڑا
لیجائیگی حتی کہ سارا پانی بخار بنکر اُڑ جائیگا ٭

مصنوعی ترکیب مین ای-وا-پو-ری-ٹنگ ڈش ہوتا ہے اور آنچ کی حرارت سے
عرق کو اُڑاتے ہین ٭ آنچ تین طور سے دیجاتی ہے - ایک تو گرم پانی کے ذریعہ جسکو
واٹر-باتھ کہتے ہین یعنے ایک آلہ مین پانی بہرکر ۲۱۲ درجہ تک گرم کرکے اُسکی حرارت
کو اُس برتن مین پُہنچاتے ہین جسمین وہ دوا ہوتی ہے ٭ دوسرے پانی کے بخار
کے ذریعہ گرمی پُہنچاتے ہین - اِن بخارات کو ۲۱۲ سے لیکر ۲۳۰ درجہ تک گرم ہونا
چاہیے اسکو اِسٹیم باتھ کہتے ہین ٭ تیسری ترکیب حرارت پہنچانے کی سنڈ باتھ
کے ذریعہ ہے ٭ کسی برتن مین باریک ریت بہرکر چولہے یا انگیٹھی پر رکھہ دیتے ہین
جس مرتبان یا پیالی مین دوا ہوتی ہے اُسکو اُس گرم ریت مین دباکر جما دیتے ہین ٭
اِس ترکیب مین حرارت کے درجہ کی تعداد نہین ہے - حرارت چاہے کتنی
ہی زیادہ ہو جا سکتی ہے ٭

قدرتی ترکیب ای-وا-پو-رے-شن کی وہ ہے جس سے دریاے شور کے
کنارون پر کیاریون مین کھارا پانی بہرکر سورج کی گرمی اور ہوا سے خود بخود اُڑنے

دیتے ہین - کچھہ عرصہ بعد کہار سے پانی کی مائیت اڑجاتی ہے اور نمک کے ڈلے کیاریون ہین رہ جاتی ہین +

شانزدہم ڈسٹلیشن - یعنے سیّال چیز کو بذریعہ آنچ کے ٹپکانا - اِس ترکیب مین حرارت کے ذریعہ سیّال چیز کے بخارات بنجاتے ہین + یہ بخارات اُڑکر دوسرے ظرف مین داخل ہوکر پہر سیّال بنجاتے ہین - اِس ترکیب کے انجام دینے کے لئے مختلف آلے ہوتے ہین مگر عام طریقہ عرقیات کے مقطر کرنے کا ری ٹارٹ اور ری سی ور سے انجام پاتا ہے + یہ ترکیب اُن باتون کے لئے کام آتی ہے جیسے عرقیات کے کہینچنے کے لئے مثلاً عرق گلاب یا کیوڑا بید مشک یا سونف یا عرق پودینہ وغیرہ یا کسی دوا کے لطیف اجزا کو کثیف سے علیحدہ کرنے کے لئے جیسے نمٹ بلڈ اسپرٹ اف ایمونیا بنانے مین یا جب کسی عرق کی کثافت کسی اَور ترکیب سے علیحدہ نہین ہو سکتی ہے تب اِس کو ڈسٹلیشن کی ترکیب سے صاف کرتے ہین - پس یاد رہے کہ اِس ترکیب مین لطیف چیز پہلے بخار بنجاتی ہے اور تب وہی بخارات سیّال بنجاتے ہین + ڈسٹلیشن کی ترکیب اِس طور سے انجام پاتی ہے کہ فرض کرو عرق گلاب تیار کرنا ہو تو گلاب کی پکہریون کو ری ٹارٹ مین بہر دیتے ہین اور اُس مین کسیقدر پانی بہی چہوڑ دیتے ہین + ری ٹارٹ کی نلی کو ری سی ور کے مُنہہ سے لگاکر گلِ حکمت کر دیتے ہین اور اوس ری سی ور کو ٹہنڈے پانی مین رکہہ دیتے ہین اور ری ٹارٹ کی نلی پر کپڑا لپیٹ دیتے ہین اور ٹہنڈے پانی سے اُسکو تر رکہتے ہین - اب ایسا کرتے ہین کہ ری ٹارٹ کو اسپرٹ لمپ کے آنچ پر دہر دیتے ہین - گرمی کے سبب سے پہول کی پکہریون کی خوشبو پانی کے ہمراہ بخار بنکر اڑنے چاہتی ہے - لیکن راستہ اڑجانے کا نہین ملتا تو آلہ کی نلی کے ذریعہ ری سی ور مین داخل ہوجاتی ہے لیکن نلی اور ری سی ور چونکہ سرد ہوتا ہے

اسکے سطح کو خوشبودار بخارات یکجا ہو کر عرق بنجاتے ہین کیونکہ گرمی سے اشیاء کے اجزا پہیلتے ہین اور سردی سے آپس مین ملجاتے ہین +

ہفتم سبلی میشن یعنی تصعید کرنا - یہ وہ ترکیب ہے جسمے کوئی منجمد چیز کے بخارات بنجاتے ہین بعد ازان وہی بخارات دوسرے ظرف مین جا کر یا تو ڈلون مین جم جاتے ہین کہ جیسے سنکھیا جم جاتا ہے یا پرون کی شکل کا سفوف بنجاتا ہے تب اوس کو فلاورس کہتے ہین جیسے گندہک تصعید کیجاتی ہے +

تصعید کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ کسی ظرف مین خشک دوا کو رکھ دیتے ہین اسپر ایک اور برتن اوندھا دیتے ہین - اب دوا کے برتن کو اسپرٹ لیمپ کی آنچ پر رکھ دیتے ہین گرمی کے سبب سے دوا کے اجزا بخار بنجاتے ہین اور اڑ کر اوپر کے برتن کے اندر کی سطح پر جم جاتے ہین +

ہشتم سولیوشن - جب کوئی منجمد چیز کسی عرق مین بالکل حل ہو جاتی ہے تب اس کو سولیوشن کہتے ہین جیسے شربت مین شکر اور پانی مین نمک وغیرہ +

نہم لکسی ویشن - اس ترکیب سے بہی منجمد چیز کا سولیوشن بنجاتا ہے مگر لکسی ویشن کی ترکیب اوس وقت کام مین آتی ہے کہ جب منجمد شئے مین دو جزو ہوتے ہین - ایک حل ہونیوالا - دوسرے غیر محلل - اسی ترکیب سے راکھ سے کاربونٹ اف پوٹاش اور حاذ وسے گیا - لکت ایسڈ بنتا ہے +

دہم کرسٹالیزیشن یعنے قلمین باندہنی - اس ترکیب سے اشیاء سیال یا بخار بنکر خاص قسم کی قلمون کی شکل پکڑ لیتی ہین + اکثر ایسا کیا جاتا ہے کہ جب عرق مین دوا گہلی ہوئی ہو اسکو سرد کرنے سے یا آنچ کے ذریعہ اڑانے سے اسکی قلمین بندہ جاتی ہین - گاہے گاہے اس چیز کو پگہلا کر بہی قلمین باندہتی ہین جیسے کسی

وہان کو یا گندہک کو اور سلی - مے - شن کی ترکیب سے بھی قلمین بندہ جاتی ہین جیسے
بن - زا - اِکڈ اِسڈ اور کروسیو - سلی - مٹ اور بعض دفعہ پری - سی - پلے - ٹے - شن
کی ترکیب سے بھی قلمین پیدا ہو جاتی ہین جیسے رِڈ - آیو - ڈائیڈ اف مر - کری ؛
ای - وا - پو - ری - شن کی ترکیب سے قلمین باندہنی ہون تو عرق کو یا تو کہولا کر گاڑہا کر لین
یا کچہہ زیادہ عرصہ تک ہیمی آنچ پر رہنے دین تاکہ تو ام اسکا گاڑہا ہو جائے - اور
جب اِسقدر گاڑہا ہو جائے کہ اُسپر ملائی جم جاوے تب آنچ سے اُتار کر سرد ہونے
دین تاکہ قلمین بندہ جاوین بعد ازان عرق کو نتہار لین اور قلمون کو جمع کر کے خشک
کر لین ؛ اُس نتہارے ہوئے عرق کو پہر اُڑا کر سرد کرنے سے اَور بھی قلمین حاصل
ہو سکتی ہین - گاڑہے عرق مین جب کوئی غیر چیز جیسے دہاگا یا تنکا رکھہ دیتے ہین
تب اُسکے گرد قلمین جلد جم جاتی ہین - اور جو چہوٹی چہوٹی ہون تو عرق کو ہلا دینے سے
بڑی بڑی قلمین پیدا ہو جاتی ہین - قلمین جتنی آہستہ آہستہ جمینگی اُتنی ہی باقاعدہ بنینگی
چہہ قسم کی قلمون کا ذکر دوسرے حصہ مین آئیگا +

قلمین جب بنتی ہین تو اُنکے ساتھہ قدرے پانی بھی جذب ہو کر اُن قلمون کے اندر رہ
جاتا ہے - چنانچہ فار - ما - کو - پیا مین ہدایت کی گئی ہے کہ اِلم اور کار - بونٹ اف سوڈا
اور سلفٹ آف ایرن کی قلمون کو پگہلا لو تاکہ ان کے اندر کا پانی خشک ہو جائے -
اِس کے کرنے سے دوا کی طاقت تیز ہو جاتی ہے اِسیواسطے خشک سلفٹ اف ایرن
بہ نسبت قلمون کے دُگنا تیز ہوتا ہے ؛

بست وِیکم اِکڈ - سی - کے - شن - اِس ترکیب سے نمک کی قلمون کو بذریعہ
آنچ کے گلا کر اُنکے اندر کے پانی کو خشک کرتے ہین جس سے وہ شے بہ نسبت
قلمون کیحالت کے ہلکی ہو جاتی ہے +

حصّۂ دوم

مے۔ ٹے۔ ریا مے۔ڈی۔کا

ادویات کے بیان سے پہلے اُنکی نسبت یہ چند باتین بتلانی ضرور چاہیئین جیسے دواؤن کی جماعت بندی بموجب اُنکے فائدے اور اثر کے۔ ترکیبین اُنکے جسم کے اندر پہنچانے کی۔ وہ حالات جن سے اُنکے اثر مین فرق پڑجاتا ہے۔ ترکیبین اُنکی خوراک کی مقدار دریافت کرنے کی۔ اور دوا کس شکل پر اور کس وقت دینی چاہیئے۔ پس

مقالہ اوّل

دواؤن کی جماعت بندی اور اصطلاحات جو اُن کے اثر و نکی نسبت بولے جاتے ہین

کل دوائین تین حصّون مین منقسم ہوسکتی ہین۔ اوّل وہ جنکا استعمال داخلی طور پر کیا جاتا ہے ٭ دوم وہ جنکا استعمال خارجی طور پر کیا جاتا ہے ٭ سوم وہ کیمیائی مرکبات جنکا اثر عام دواؤن کے طور پر نہین ہوتا ٭

جماعت بندی دواؤن کی

حصّہ اول وہ دوائین جنکا استعمال داخلی طور پر کیا جاتا ہے

جماعت اوّل۔ وہ دوائین جنکا اثر خون پر اِس قسم کا ہوتا ہے جس سے اُسکے اجزا مین تغیر واقع ہو کر وہ اثر سارے جسم مین منتشر ہو جاتا ہے اور جسم کی پرورش ہو جاتی ہے ٭

فصل اول - ہے - ما - ٹک ٹا - نک یعنے مقوی خون *

فصل دوم - الکلی یعنے کہار ر دوائین *

فصل سوم - اسڈ اور اسٹرنجنٹ یعنی حموضات اور قابضات *

فصل چہارم - ری - فری - جے - رنٹ یعنی تبریدات *

فصل پنجم - ان - ٹے - پائی - رائٹکس یعنے دافع بخار *

فصل ششم - ال - ٹرے - ٹیو یعنے جسم کیحالت کو بدل دینے والی دوائین (اس فصل کی کئی قسمین ہین)

جماعت دوم - وہ دوائین جنکا اثر نظام عصبی پر ہوتا ہے *

فصل اول جنکا اثر خاص دماغ پر اور شاید نظام عصبی کے دیگر حصون پر بھی ہوجاتا ہے

قسم اول - اگ - زی - لے - رنٹ یعنے معرحات *

قسم دوم - نار - کاٹک یعنی منشی * سو - پا - ری - فک یا ہپٹ - نا - ٹک یعنی منوم * انو - ڈائین یعنی مسکن الاوجاع یعنی درد رفع کرنیوالی *

قسم سوم - انش - ہتھے - ٹک یعنی بے حس کرنیوالی *

فصل دوم - وہ دوائین جنکا اثر نخاع پر ہوتا ہے -

قسم اول - نخاع کو تحریک دینیوالی -

قسم دوم - نخاع کو سست کرنیوالی -

فصل سوم وہ دوائین جنکا اثر عصبی مرکزون کے کسی حصہ پر اور عصبی غدودون پر بھی ہوتا ہے -

قسم اول - اِن - ٹس - پاز - ما - ڈک یعنی دافع تشنج *

قسم دوم - نر - وائین - ٹا - نک یعنی مقوی اعصاب اور ان - ٹے - پے - ریا - ڈک یعنے نوبت کو روکنے والی *

فصل اول - وراس - کیو - لر اس - ٹی - میو - لنٹ یعنے محرک نظام دموی *

جماعت سوم وہ دوائین جنکا اثر خاصکر قلب اور کل نظام دوری پر ہوتا ہے

فصل دوم - واس - کیو - لر - سی - ڈی - ٹیو یعنے سست کرنیوالے دوران خون کے *

فصل سوم - واس - کیو - لر - ٹا - نک یعنے طاقت بخشنیوالی دوران خون کی *

جماعت چہارم - وہ دوائین جنکا اثر خاص خاص اعضاے پر ہوتا ہے *

فصل اول - وہ دوائین جنکا اثر روودون کے مختلف حصون پر ہوتا ہے -

قسم اول - سائی - لے - گاک یعنے تھوک پیدا کرنیوالی *

قسم دوم - امے - ٹک یعنے مقئی *

قسم سوم - پر - گے - ٹیو یا کے - تھار - ٹک یعنے مسہلات -

فقرہ - ۱ - لکسے - ٹیو یعنے ملینات -

فقرہ - ۲ - سیپل پر - گے - ٹیو یعنے ادنی مسہلات *

فقرہ - ۳ - ڈراس - ٹک، پر - گے - ٹیو یعنی تیز مسہلات

فقرہ - ۴ - ہائیڈرو - گاگ پر - گے - ٹیو یعنے پانی کے طور پر دست لانیوالی -

فقرہ - ۵ - سی - لاین پر - گے - ٹیو یعنے نمکین مسہلات

فقرہ - ۶ - کو - لو - گاگ پر - گے - ٹیو یعنے صفرا خارج کرنیوالے جلاب -

قسم چہارم - ان - تھل - من - ٹکش یعنے کرم خارج کرنیوالی *

قسم پنجم - اسٹو - ما - کک ٹانک یعنی مقوی معدہ *

قسم ششم - کار - مے - نے - ٹیو یعنے دافع ریح *

قسم ہفتم - اسٹو - ما - کک سے - ڈی - ٹیو یعنے معدہ کو تسکین بخشنے والی *

فصل دوم - وہ دوائیں جنکا اثر آلات تنفس اور تصبات ہوتا ہے -

قسم اول - ار - رائین یعنے چھینکیں لانیوالی *
قسم دوم - اکس - پک - ٹو - رنٹ یعنے دافع بلغم *
قسم سوم - شش کو تسکین بخشنے والی *

فصل سوم - جنکا اثر جلد پر ہوتا ہے - قسم اول - سیو - ڈو - ری - فکس یا ڈائیا - فو - رٹِ - کز یعنے معرقات -

فصل چہارم - جنکا اثر گردہ اور اعضاے بول پر ہوتا ہے -

قسم اول - ڈائیو - رے - ٹکس یعنے مدرات بول -
قسم دوم - لے - تھان - ٹرپ - ٹکس یعنے پتھری کو حل کرنے والی *
قسم سوم - جنکا اثر اعضاے بول کے میو - کس پردہ پر ہوتا ہے -

فصل پنجم - جنکا اثر توالد اور تناسل کے اعضاے پر ہوتا ہے -

قسم اول - امے - نے - گاگ یعنے مدر حیض اور اک - با - لک یعنے رحم کی تحریک دیکر حمل کو وضع کر دینیوالی دوائین *
قسم دوم - افرو - ڈی - سی - اک یعنے مبہی
قسم سوم - ان - افرو - ڈی - سی - اک یعنی قاطع باہ -

فصل ششم - جنکا اثر آنکھوں پر ہوتا ہے -

قسم اول - حدقہ کو پہیلانے والی دوائین -
قسم دوم - حدقہ کو سکیڑنے والی دوائین -

حصہ دوم - وہ دوائین جنکا استعمال خارجی طور پر ہوتا ہے یعنی جسم کے باہر کسی خاص حصہ پر

قسم اول - ارِی - ٹنٹ یعنے خراش پیدا کرنیوالی

فقرہ ۱ - رو - بے - فی - شنٹ یعنے جلد کو سُرخ کرنے والی -
فقرہ ۲ - اپش - پاس - ٹک یعنے آبلہ انگیز -
فقرہ ۳ - پہنسیاں پیدا کرنیوالی -

چنانچہ انے - میامین فولاد کے مرکب اور لاغری مین کاڈ - لیور - آئیل اور اس - گر - دہی مین فولاد ہمراہ تازی ترکاری اور میوہ جات کے مفید ہین ٭

فہرست - ہی - ما - ٹِک ٹانک ٭ کُل مرکبات فولاد ٭ کاڈ - لیو - رایل ٭ گہی مکہن وغیرہ ٭ گوشت اور تازی ترکاری ٭ میوہ جات ٭ کہلی اور تازی ہوا ٭ ریاضت وغیرہ ٭

فصل دوم الکلی یعنے کہار دوائین انکو انٹا سڈ بھی کہتے ہین

یہ وہ دوائین ہین جنسے خون کی اصلی کہاریت بڑہ جاتی ہے اور خون کی کہاریت کے بڑہ جانے سے یہ انٹاسڈ دوائین جسم کے ایسے رطوبتون کی ترشی کو کم کردیتے یا اور ترشی کو زایل کرکے کہار بنادیتے ہین جو رطوبتین تندرستی کیحالت مین ترش ہوتی ہین ٭ علاوہ ازین ان دواؤن کے استعمال سے یہ بہی بات ہوتی ہے کہ تندرستی کیحالت مین جسم کی جو رطوبتین کہارہ ہوتی ہین اُنکی کہاریت بڑہ جاتی ہے ٭

فہرست الکلی یا انٹاسڈ دواؤن کی

(۱) سو - لیو - شن اف کاشٹِک پو - ٹاش ٭

(۲) کار - بو - نٹ اف پو - ٹاسیم ٭

(۳) بائی - کار - بو - نٹ اف پو - ٹاسیم ٭

(۴) سو - لیو - شن اف کاشٹِک سو - ڈا ٭

(۵) کار - بو - نٹ اف سو - ڈی - اُم ٭

(۶) بائی - کار - بو - نٹ اف سو - ڈی - اُم ٭

(۷) سو - لیو - شن اف لے - تھیا ٭

(۸) کار-بو-نٹ اف لے-تھیا *

(۹) سو-لیو-شن اف بائی-کار-بو-نٹ اف لے-تھیا *

(۱۰) مگ-نے-شیا *

(۱۱) کار-بو-نٹ اف مگ-نے-شیا *

(۱۲) لائیم واٹر اور اسکا میٹھا عرق *

(۱۳) چاک یعنے کہریا مٹی *

(۱۴) عرق امو-نیا *

(۱۵) کار-بو-نٹ اف امو-نیم *

(۱۶) ارو-ما-ٹک اسپرٹ اف امو-نیا *

(۱۷) لکڑی کا کوئلا *

(۱۸) ہڈیون کا کوئلا *

(۱۹) پو-ٹا-سیم کے مرکبات جو کسی نباتی اسڈ سے بنتے ہین جیسے اسے-ٹیٹ اور سائے-ٹریٹ اور ٹار-ٹریٹ اف پو-ٹا-سیم اور اسڈ ٹار-ٹریٹ اف پو-ٹا-سیم تہوڑی تہوڑی مقدار مین *

(۲۰) سو-ڈیم کے مرکبات جو کسی نباتی اسڈ سے بنتے ہین *

(۲۱) سائے-ٹریٹ اف لے-تھیا *

اثر-جب معدہ رودہ یا پیشاب مین حموضات زیادہ ہوتے ہین تب کہار دواؤن کا استعمال کیے تے ہین اور رو-ما-ٹیزم (وجع مفاصل) اور گاوٹ (نقرس) مین بعض کے خون مین حموضات کی کثرت ہوتی ہے تو انکے دور کرنے کے لئے بھی انکی دواؤن کا استعمال کیا جاتا ہے * لیکن پو-ٹاش کے مرکبات خاصکر پیشاب کی ترشی رفع کرنے کے لئے دئے جاتے ہین * سوڈا کے مرکبات کا اثر جگر پر ہوتا ہو اور انسے

معدہ کی تُرشی بھی دور ہو جاتی ہے ÷ امعا کی ترشی خواہ بشکل ستیال یا ہوائی ہو
ایمو - نیا کے مرکبات سے رفع ہوتی ہے اور لائم کے جو مرکب ہین اُنکا اثر رودون کی
تُرشی پر ہو کر قبض ہو جاتا ہے اور اگرچہ مگنے - شیا کے مرکبات کا اثر بھی رودون
پر ہوتا ہے مگر اِن سے تسکین ہو جاتی ہے - یاد رہے کہ جب الکلی دوائین زیادہ
مقدار مین عرصہ دراز تک دیجاتی ہین تب ہاضمہ بگڑجاتا ہے کیونکہ انسے گیاستڑک جوس
کی تُرشی دور ہو جاتی ہے - پس اِن ادویات کو ہمراہ کسی کڑوے نباتی جینا مذہ
یا جوشاندہ کے دینا چاہئے جیسے گلو ÷ نیم ÷ چراہتا وغیرہ ÷ لیکن رودون کی
تُرشی کے رفع کرنے کے لئے چاک یعنے کہریا مٹی اچھی ہے کیونکہ یہہ شے
گیاس - ٹرک - جوس مین حل نہین ہوتی بلکہ معدہ سے گزر کر سیدھی رودون
مین داخل ہو جاتی ہے اور اُس حصہ کی تُرشی کو زایل کر دیتی ہے ÷ نیز بھی کبھات
مین بعض دفعہ کھار دوائین دیجاتی ہین تاکہ مریض لاغر ہو جاوے چنانچہ اسبات
کے واسطے لائیکوار - پو - ٹا - سی عمدہ مرکب ہے ÷

استعمال - اول - الکلی یا انٹ اسڈ دوائین اُس صورت مین دیجاتی ہین کہ جب معدہ
یا رودہ مین تُرشی کا غلبہ ہوتا ہے جیسے بعض دفعہ بدہضمی مین ہوا کرتا ہے ÷

دوم - خون معمولی حالت مین کھارا ہوتا ہے مگر بعض بہتیری بیماریون مین اسکے اندر حموضات
یعنے ترشی کا غلبہ ہو جاتا ہے جیسے بخارون مین اور رو - ما - ٹیزم اور گاوٹ اور
ال - بیو - مے - نو - ریا وغیرہ امراض مین ÷

فصل سوم اسڈ یعنی حموضات اور اسٹرنجنٹ یعنی قابضات

حموضات اور قابضات کو ایک ہی فصل مین اسواسطے شامل کیا کہ کل حموضات معدنی اور
نباتی تہوڑے بہت قابض بھی ہین ÷

حموضات وہ دوائین ہین جنکے خالص استعمال کرنے سے جسم جل جاتا ہے لیکن جب
حموضات کا استعمال پانی ملاکر داخلی طور پر کیا جاتا ہے تب جسم کے جن حصون مین
انکا گذر ہوتا ہے اُنکی ترش رطوبتون کو روک دیتے ہین اور اسیوقت انکی کہار رطوبتون
کو زیادہ کر دیتی ہین چنانچہ اسی اصول پر ڈاکٹر رنگ ۔ گر حموضات کو اس قسم کی بدہضمی
مین مفید جانتے ہین جسمین معدہ کے اندر ترشی کا غلبہ ہوتا ہے ٭

فار ۔ ما ۔ کو ۔ پیا کے معدنی تیزاب یہ ہین جیسے سلفیورک اسڈ ٭ ہائیڈرو ۔ کلورک اسڈ
نا ۔ ئٹرک اسڈ ٭ نا ۔ ئٹرو ۔ ہائیڈرو ۔ کلورک اسڈ ٭ فاسفا ۔ رک اسڈ ٭
اُن تیزابون مین سے سلفیورک اسڈ سب سے بڑھکر قابض ہے چنانچہ اسیواسطے اسہال
مین مفید ہے ٭ ہائیڈرو ۔ کلو ۔ رک اسڈ بہ نسبت اَور تیزابون کے زیادہ تر
مقوی معدہ ہے ٭ نا ۔ ئٹرک اسڈ علاوہ مقوی ہونے کے کسیقدر الٹرے ۔ ٹیو
بھی ہے ٭

گر نا ۔ ئٹرو ۔ ہائیڈرو ۔ کلو ۔ رک اسڈ بہت عمدہ الٹرے ۔ ٹیو ہے اور اکثر اس کو جگر
کی مزمن بیماریون مین کثرت سے استعمال کرتے ہین ۔ لیکن اِن تیزابون کے استعمال
کے وقت یہ بات یاد رہے کہ عرصہ تک جب پلائے جاتے ہین تب اِن سے دانت بگڑ
جاتے ہین ۔ پس انکو خوب پانی ملاکر اور شیشہ یا کسی پر کی نلی کے وسیلہ سے چوسنا
چاہیے تاکہ دانتون پر انکا اثر نہونے پاوے ٭

نباتی تیزاب یہ ہین ا ۔ سے ۔ ٹک اسڈ ٭ وے ۔ نے ۔ گر یعنے سرکہ ٭ ٹار ۔ ٹارک اسڈ ٭
سا ۔ ئٹرک اسڈ ٭ ٹے ۔ نک اسڈ ٭ گیا ۔ لک اسڈ ٭ بن ۔ زا ۔ ئک اسڈ ٭
کُل حموضات نباتی ری ۔ فری ۔ جے ۔ رنٹ ہین اور سا ۔ ئٹرک اسڈ ٭ اِن ۔ ٹے
سِس ۔ کار ۔ بیو ۔ ٹک بھی ہے (اس ۔ کر ۔ وی کی بیماری کو رفع کرنے والا) ٭ بہ نسبت
معدنی تیزابون کے نباتی حموضات دانتون کو کم مضر پڑتے ہین اور عرصہ تک استعمال

کرنے سے ہاضمہ کو اسقدر مفید نہین ہین کہ جسقدر معدنی تیزاب ہین *
سائے - ٹرک ایسڈ اور ٹار - ٹارک ایسڈ کہار دواؤن کے کار - بو - نٹ مرکبات
کے ہمراہ ایفر - وی - سنگ ڈرافٹ کے طور پر اکثر استعمال کئے جاتے ہین
مگر یاد رہے کہ ٹار - ٹارک ایسڈ کو بائی - کار - بو - نٹ اف پوٹاش کے ہمراہ بطور
ایفر - وی - سنگ ڈرافٹ کے استعمال نہ کرنا چاہئے ورنہ بائی - ٹار - ٹریٹ
اف پوٹاش بنکر تہ نشین ہو جائیگا * گیا - لک ایسڈ اور ٹانک ایسڈ عمدہ قابضات ہین

اسٹرن - جنٹ یعنی قابضات

- یہ وہ دوائین ہین جنکے استعمال سے
خون کے اجزا اور خاصیت مین اس قسم کے تغیرات پیدا ہو جاتے ہین کہ خون جم جانے
کیطرف مایل ہو جاتا ہے - خون کی رگین سکڑ جاتی ہین اور مختلف اعضاے کی رطوبتین
کم ہو جاتی ہین - اور انکے استعمال سے عضلاتی ریشے بھی سکڑ جاتے ہین * مثل
معدنی تیزبون کے نباتی حموضات سے بھی وہی باتین حاصل ہوتی ہین لیکن کل
نباتی حموضات مین سے گیا - لک ایسڈ اور ٹانک ایسڈ سب سے بڑہ کر قابض ہین -
پس جن نباتی دواؤن مین یہ دو حموضات ہوتے ہین ان سے بھی قبض ہو جاتا
ہے مثلاً کاے - نو * کے - لٹے - کہو * ببول کی چہال وغیرہ * تار پین *
کریو - زوٹ اور کار - با - لک ایسڈ خون کی رگون کو سکیڑتے ہین اور بعض
اس - ٹرن - جنٹ دواؤن کا اثر نظام عصبی کے ذریعہ قابض ہوتا ہے جیسے افیون
اور اڑ - گٹ اور غالب ہی کہ مرکبات سیسہ بھی اسی وسیلہ سے قبض کرتے ہین *
قابضات کا استعمال ان مطالب کیواسطے کرتے ہین - اول سیلان خون کے روکنے
کے لئے - دوم میو - کس پر دون سے جب زیادہ رطوبت بہتی ہے تب انہی دواؤن
سے اسکو بھی روکتے ہین جیسے اسہال اور سوزاک وغیرہ مین - سوم جب کسی عضو
کی معمولی رطوبت حد سے زیادہ پیدا ہوتی ہے تب اسکے روکنے کے لئے - جیسے

جلد سے زیادہ پسینہ پیدا ہونے مین یا گردون سے زیادہ پیشاب پیدا ہونے مین *

فہرست قابضات	قابضات معدنی یہ ہین
کُل معدنی اور نباتی حموضات جنکی فہرست اوپر دیگئی ہے - ادویات نباتی سببئہ نے گیا - لک اِسڈ اور ٹانک اِسڈ کے جیسے مازو * اوک - بارک * کتھا * کائی - نو چھالیا * لاگ اوڈو * بقم کی لکڑی - گلاب کے پھولون کی پکھریان * را - ٹا - نے * بٹے یعنے چار * لِڈ - گِٹ اف رائی * مے - لے ٹ - کو * تار - پین * کار - با - لک اِسڈ * کریو - زوٹ * رو - برب *	الم یعنے پھٹکری * سلفٹ اف ایرن * پر - کلورائیڈ اف ایرن * پرنائیٹر ٹا فایرن * اکسائیڈ اف زنک * کاربونٹ اف زنک * اسے - ٹٹ اف زنک * سلفٹ اف زنک * اکسائیڈ اف لِڈ * کار - بو - نٹ اف لِڈ * اسے - ٹِٹ اف لِڈ * سلفٹ اف کاپر * بو - راکس یعنے سوہاگہ * چاک یعنی کھریا مٹی *

فصل چہارم - ری - فری - جے - رنٹ یعنی تبریدات

یہ وہ دوائین ہین جنکے پینے سے پیاس بجھتی ہے اور طبیعت کو تسکین ہوتی ہے - چنانچہ اسیواسطے بخار کیحالت مین بیمار جب تبریدات کا استعمال کرتا ہے تب تشنگی رفع ہوتی ہے اور مریض کو تسکین ہوتی ہے *

کُل میوہ جات تر - ری - فری - جے - رنٹ ہین جیسے سیب * انگور * املی * آلو بخارا * ناشپاتی * رنگترے وغیرہ * لیمو * عرق گلاب * عرق بیدمشک * شربت نیلوفر وغیرہ سائے - ٹرک اِسڈ * ٹار - ٹارک اِسڈ اور اسے - ٹِک اِسڈ * فاس - فو - رِک اِسڈ * نائے - ٹریٹ اف پو - ٹاش * کار - بو - نٹ اف پو - ٹاش *

فصل پنجم ان ٹی-پائی-ریٹک یعنی دافع بخار

ان دواؤن کے استعمال سے بخار کی حرارت کم ہوجاتی ہے مگر یہ بات کیونکر ہوتی ہو ٹھیک طور پر نہین کہی جاسکتی - ایسا گمان ہوتا ہے کہ انکا اثر ایک جیسا نہین ہوتا مثلاً سے-لی-سی-لک اسڈ اور اسکے مرکبات کے استعمال سے جو جسم کی غیر معمولی حرارت کم ہوجاتی ہے تو اسکا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ مرکبات مذکور جسم کی ساخت کے ان تغیرات پر اپنا اثر پیدا کرتے ہین جو غیر معمولی حرارت کے سبب جسم مین واقع ہوتے ہین جیسے بخار کی حالت مین پیدا کرتے ہین - دیکھو باب حمیات یعنی بخار اور کلو-رل ہائیڈریٹ کے استعمال سے حرارت بخار کی اسواسطے کم ہوجاتی ہے کہ اسنے جلد کی رگین پہیل جاتے ہین تب ان سے حرارت زیادہ مقدار مین خارج ہونے لگتی ہے + کونین کے استعمال سے جسم کی بافت اور خون مین آک-سائے-ڈی-شن نہین ہونے پاتا + آب سرد کے غسل سے بہی بدن کی حرارت کم ہوجاتی ہے +

فہرست ان ٹی-پائی-ریٹک دواؤن کی

سے-لی-سے-لک اسڈ اور
سے-لی-سے-لٹ اف سوڈیم
کونین کے مرکبات
سنکو-نین کے مرکبات
سنکو-نے-ڈین کے مرکبات
الکحل
کلو-رل-ہائیڈریٹ
آئیل اف یو-کا-لپ-ٹس

کافور
اکو-نائیٹ
وی-را-ٹرین
ڈی جے-ٹے-لس
غسل آب سرد
فصد
مسہلات
بلسٹر
انٹی-پائی-رین - انٹی فبرین

فصل ششم ال ٹے۔ رے۔ ٹیو

مختلف ال۔ ٹے۔ رے۔ ٹیو دواؤن کے اثر مین اسقدر اختلاف ہی کہ اس موقع پر اُنکا بیان نہین کیا جاسکتا۔ ہر ایک کا ذکر اس کتاب مین الگ الگ کیا جائیگا * ان دواؤن کے استعمال سے خون مین کسی نہ کسی طرح کا اثر ضرور پیدا ہو جاتا ہے اور اُس سبب سے سارے جسم مین تغیر واقع ہو جاتا ہے۔ لیکن بعضون کا اثر نظام غدودی پر۔ بعض کا سی۔ رس پردون پر کیمیکا میو۔ کس پردون پر اور کبھی ال۔ ٹے۔ رے۔ ٹیو دوا کا اثر جلد کی ساخت پر ہوتا ہے * الٹرے۔ ٹیو ادویات کے استعمال سے جسم کی خاص خاص بیماریون کو فائدہ ہوتا ہے جیسے مرکبات سیماب اور مرکبات از قسم آئیو۔ ڈائیڈ کے استعمال سے آتشک اور خنازیری مادہ زایل ہو جاتا ہے اور جسم کی اُن حالتون کو بھی فائدہ ہوتا ہے جنکے سبب سے جلدی بیماریان پیدا ہوتی ہین۔ اور بہتیری ال۔ ٹے۔ رے۔ ٹیو دوائین ایسی بھی ہین کہ مزمن انفلامیشن کی بیماریون کے سبب سے جو فاسد مادہ پیدا ہو کر جمع ہو جاتا ہے وہ اِنکے استعمال سے زایل ہو جاتا ہے * بعض الٹرے۔ ٹیو دوائین تو ایسی ہین جنکے موثر ہونے کی ترکیب ہماری سمجھ مین تہوڑی بہت آسکتی ہے جیسے مقویات خون اور الکلی دوائین یا حموضات اور قابضات کیونکہ یہ بھی کچھ نہ کچھ ال۔ ٹے۔ رے۔ ٹیو اثر پیدا کرتی ہین * لیکن مرض کے علاج مین بعض دوائین ہم کثرت سے استعمال کرتے ہین اور انکو ال۔ ٹرے۔ ٹیو تصور کرتے ہین۔ اور اِنکے استعمال سے ہی جسم مین تغیرات پیدا ہوتے ہین مگر وہ تغیرات کس قسم کے پیدا ہوتے ہین یہ بات ہماری سمجھ مین اچھی طرح نہین آتی اگرچہ انسے صریحًا فائدہ ہوتے دیکھتے ہین * چنانچہ اس قسم کی ال۔ ٹرے۔ ٹیو دواؤن کی

فہرست ذیل میں درج کیجاتے ہے +

فقرہ اول - الٹرے - ٹیوو دوایئین مرکبات سیماب - بلوپل * گری - پاؤڈر * کیما - لو - مل * کرو - سیو - سب - لی - مٹ * ریڈ آئیو - ڈایئیڈ اف مرکری +

فقرہ ۲ - الٹرے - ٹیوو دوایئین مرکبات آئیو - ڈین - آئیو - ڈین + آئیو - ڈائیڈ اف پوٹا - سیم + آئیو - ڈائیڈ اف آئرن + آئیو - ڈائیڈ اف سلفر + آئیو - ڈائیڈ اف لڈ + آئیو - ڈائیڈ اف سوڈی - ام + آئیو - ڈائیڈ اف آرسینیم آئیو ڈائیڈ اف آر - سینک اینڈ مرکری +

فقرہ ۳ - الٹرے - ٹیوو دوایئین مرکبات کلورین - کلو - رین واٹر + کلوری - نے - ٹیڈ سوڈا + کلو - ری - نے - ٹڈ - لایم + کلورٹ اف پوٹاش + کلورائیڈ اف پو - ٹا - سیم + کلورائیڈ اف ایمو - نیم + نائٹرو - ہائیڈرو - کلورک ایسڈ

فقرہ ۴ - الٹرے - ٹیوو دوایئین مرکبات سنکھیا - آر - سے - نے - اس ایسڈ لائی - کوار - آر - سے - نے - کے - لش + ہائیڈرو - کلورک سویلوشن آرسینک آر - سے - نے - ٹڈ سوڈا +

فقرہ ۵ - الٹرے - ٹیوو دوایئین مرکبات اِن - ٹے - منی - اکسائیڈ اف انٹے - منی + سل - فیو - رے - ٹڈ اِن - ٹے - منی + ٹار - ٹرے - ٹڈ اِن - ٹے - منی +

فقرہ ۶ - الٹرے - ٹیوو دوایئین مرکبات سلفر - سلفر +

فقرہ ۷ - الٹرے - ٹیوو دوایئین مرکبات فاس - فو - رس فاس - فو - رس پلس + آئیل اف فاس - فو - رس + ہائی پو - فاس فائیٹ اف سوڈا + ہائی - پو - فاس - فائیٹ اف لایم +

فقرہ ۸ - الٹرے - ٹیوو دوایئین نباتی - سار - سا - پریلا یعنے عشبہ +

انٹ مول * چوب چینی * لیڈ - رک - زہی - کم * الم - بارک *

جماعت دوم

وہ دوائین جنکا اثر نظام عصبی پر ہوتا ہے

فصل اوّل

وہ دوائین جنکا اثر خاصکر دماغ پر ہوتا ہے اور شاید نظام عصبی کے دیگر حصون پر بھی ہوتا ہی

قسم اول اِگ - زہی - لے - رنٹ - ان دواؤن کے استعمال سے دماغ پر پہلا اثر اس قسم کا ہوتا ہے جس سے طبیعت خوش ہو جاتی ہے اور تب سارے جسم مین تحریک پیدا ہو کر جسم کے کل افعال پست ہو جاتے ہین زیادہ مقدار مین اگر پئے جاوین تو نشہ ہو جاتا ہے اسواسطے اِس قسم کی دواکو اِی - نے - بری - انٹ کہتے ہین *

پس اِن دواؤن کا اثر پہلے نظام عصبی پر ہوتا ہے اور تب نظام دموی کو تحریک ہوتی ہے یعنے دل کی حرکت زیادہ ہو جاتی ہے - نبض تیز اور خون تیزی سے دورہ کرتا ہے - مگر انکا اثر تہوڑے عرصہ تک رہتا ہے * یہ دوائین عصبی ضعف مین دیجاتی ہین تاکہ کچھ عرصہ کے لئے دل اور دوران خون کو تحریک ہو *

فہرست ادویات اِگ - زہی - لی - رنٹ - شرابین اسپرٹ اور دوائین کے قسم کی * اے - تہر * اسے - ٹک اے - تھر * کلورا - فارم * گانجا * تہوڑی تہوڑی مقدار مین افیون *

قسم دوم نار - کاٹک * انو - ڈائین اور سو - پا - رِی - فِک * نار - کاٹک دواؤن کا اثر عصبی نظام پر ہوتا ہے اور جب اِن سے درد رفع ہوتا ہے تب اِنکو اِنو - ڈائین کہتے ہین اور جب نیند آتی ہے تب سو - پا - ری - فِک بولتے ہین اور ہپ - نا - ٹک بھی کہتے ہین *

فہرست

افیون
مارفیا
کلورل ہائیڈریٹ
بیوٹایل کلورل ہائیڈرٹ
ہمپ یعنے گانجا
ہاپس
لے-پٹوس
برو-مائیڈ اف پوٹا-سیم
برو-مائیڈ اف امو-نی-اَم
برو-مائیڈ اف سوڈی-اَم

یہ دوائین سو-پا-ری-فک یعنے منوم اور انو-ڈائین یعنے مسکن الاوجاع ہین

بلا-ڈو-نا
اٹرو-پیا
اس-ٹرا-مو-نی-اَم
ہایو-سی-مس

یہ دوائین انو-ڈائین نشہ لانیوالی اور انٹی-اِس-پاز-مو-ڈک یعنے دافع تشنج ہین

اکو-نائیٹ + اکو-لے-ٹیا + جل-سی-می-اَم + کو-نائم + ڈی-جی-ٹے-لس + ڈی-جے-ٹے-لے-نم +

بجز ہاپس اور لے-پٹوس اور شاید برو-مائیڈ اف پوٹا-سیم اور برو-مائیڈ اف امونیم کے سوا بھی اوپر کی فہرست کی جتنی دوائین ہین اگر ایک خاص حد سے زیادہ کھلائی جاوین تو ان سے نشہ ہو جاتا ہے اسواسطے انکو نار-کا-ٹک کہتے ہین یعنے نشہ لانیوالی دوائین + انمین سے بعض دوائین ایسی ہین جن سے نیند آتی ہے یعنے

سو-پا-رہی-فک یا ہپ-نا-ٹک ہین جیسے افیون اور مار-فیا اور کلورل ہائیڈریٹ
برو-مائیڈ اف پو-ٹا-سی-اُم اور ہمپ کے استعمال کرنے سے اونگھہ آتی ہے +
بعض انمین سے ایسی دوائین بھی ہین جنسے درد رفع ہوتا ہے یعنے الو-ڈائین
ہین لیکن اُنکے زیادہ مقدار کے استعمال کرنے سے بعوض نیند کے ہذیان
ہوجاتا ہے + افیون اور بلا-ڈو-نا کے اثر مین بڑا فرق ہے یعنے افیون سے
پُتلیان سُکڑ جاتی ہین-بلا-ڈو-نا سے پہیل جاتے ہین اور ہمپ کے استعمال سے
نتو سُکڑتین اور نہ پہیلتی ہین + افیون کے استعمال سے دماغ مین اجتماع خون کا
ہوتا ہے-بلا-ڈو-نا کے استعمال سے دماغ کی شرائین سُکڑ جاتی ہین اسواسطے
دماغ مین خون کم پہنچتا ہے +
اکو-نائیٹ کے استعمال سے ہاتھ پاؤن سُن ہوجاتے ہین اور جب جسم کے کسی
مقام پر لگایا جاتا ہے تب وہ جگہہ شل ہوجاتی ہے + ڈی-جے-ٹے-لِس
کا اثر دوران خون پر ہوتا ہے اُس سبب سے بعض دفعہ نیند آجاتی ہے +
نار-کا-ٹک دواؤن کو نیند لانے کے لئے اور درد موقوف کرنے کے واسطے
استعمال کرتے ہین +
قسم سوم اِنس تھے-ٹِک-یہ وہ دوائین ہین جنکے سونگھنے سے بیہوشی
طاری ہوتی ہے اور درد نہین معلوم ہوتا + اِس قسم کی دوا اِن مطالب کے
واسطے استعمال مین آتی ہین کہ اوّل درد اور تشنج رفع کرنے کے لئے +
دوم عمل جراحی اور زہ کے وقت بیمار بیہوش ہوجاوے تاکہ درد سے محفوظ
رہے + سوم مرض ڈے-لے-رہی-ام ٹرہا-مِنس مین نیند لانے کے
لئے تاکہ مریض چین سے رہے + چہارم ڈس-لو-کے-شن اور ہر-نیا مین
سنگہاتے ہین تاکہ عضلات ڈہیلے ہوجاوین اور ہڈی اور روہ اپنی جگہہ پر آجاوے

فہرست - کلورا - فارم + اے - تھر +

فصل دوم وہ دوائین جنکا خاص اثر اسپائی نل کارڈ یعنے نخاع پر ہوتا ہے

قسم اول - اسپائی - نل اِسٹی - میو - لنٹ یعنی محرکات نخاعی - اِن دواؤن سے نخاع کے فعل کو تحریک ہوتی ہے +

فہرست - نکس - وا - می - کا یعنے کچلا + اس - ٹرک - نیا یعنے کچلے کا جوہر +
کن - تھے - ری - ڈس یعنے نیلتی مکھی + فاس - فو - رس + آر - نیکا + ار - گٹ +
افیون + بلا - ڈو - نا + گانجا -

اِن دواؤن کو حالات مفصلہ ذیل مین استعمال کرتے ہین - اول پے - را - پلی - جیا (جسم اسفل کا استرخا) کی بیماری مین کہ جب انفلامیشن کے آثار بالکل رفع ہوجاوین کسی خاص مقام کے استرخا مین + بعض قسم کے ہے - مے - پلی - جیا (فالج) مین + نخاع کے افعال جب پست ہوجاوین +

قسم دوم - اسپائی - نل سی - ڈی - ٹیو یعنے وہ دوائین جن سے نخاع یعنے اسپائی - نل - کارڈ کے افعال پست ہوجاتے ہین +

فہرست - کو - نایم + جل - سی - مے - ام + برو - مایڈ اف پو - ٹا - سیم + برو - مایڈ اف ایمو - نی - ام + برو - مایڈ اف سو - ڈیم + کے - لے - بار - بین + کو - نایم اور اُسکے جوہر کو نیا کا اثر برخلاف کچلے کے ہے - اِس سے اطراف مفلوج ہوجاتے ہین مگر دماغ کے افعال قائم رہتے ہین +

اِن مطالب کے واسطے یہ دوائین استعمال مین آتی ہین جیسے نخاع کے خراش مین مثلاً پے - را - پلیجیا کی بیماری مین کہ جب انفلامیشن موجود ہو + تشنجی امراض مین مثلاً اُس

قسم کی کہانسی مین جو اعصاب کے خراش کے سبب سے پیدا ہوتی ہے اور ہو۔ پنگ کاف مین اور عضلاتی تشنج اور اختلاج مین * اُن امراض مین جنمین توالد و تناسل کے اعضا مین بہت جوش ہو جیسے سے۔ ٹے۔ ریا۔ سِس یعنے شہوت کا غلبہ مرد مین اور نم۔ فو۔ مے۔ نیا یعنے شہوت کا غلبہ عورت مین *

فصل سوم وہ دوائین جنکا اثر عصبی مرکزون کے کسی حصہ پر اور عصبی غدودون پر بھی ہوتا ہے

قسم اول۔ ان۔ ٹس۔ پاز۔ مو۔ ڈِک یعنی دافع تشنج۔ یہ وہ دوائین ہین جن سے نخاع کو طاقت آتی ہے اور اس سبب سے تشنج دفع ہوتا ہے * اِن۔ ٹِس۔ پاز۔ مو۔ ڈِک دوائین دو طور کی ہوتی ہین۔ ایک وہ جنکا اثر سیدھا نخاع پر مقوی ہوتا ہے۔ دوسری وہ جنکا اثر تشنج کی جگہہ پر ضمنی طور پر ہوتا ہے *

سیدھی اِن۔ ٹِس۔ پاز۔ مو۔ ڈِک دوائین یہ ہین۔ ہینگ * امو۔ نا۔ ی۔ کم * وی۔ لی۔ ری۔ ان بال۔ چھڑ * سنبل * مشک * کہٹر * آئیل اف رو * روغن تار۔ پین * روغن کے۔ جے۔ پُٹ * کافور * امو۔ نیا کی ہوا * کار۔ بو۔ نٹ اف امو۔ نیا *

ضمنی اِن۔ ٹِس۔ پاز۔ مو۔ ڈِک یہ ہین۔ اول وہ جن سے نخاع کا فعل پست ہو جاتا ہے۔ جیسے کو۔ نایم * برو۔ مائیڈ اف پو۔ ٹا۔ سیم * برو۔ مائیڈ اف سو۔ ڈی۔ ام * برو۔ مائیڈ اف اِمو۔ نیم *

دوم وہ جنکو نر۔ واین ٹانک کہتے ہین یعنے جنکے استعمال سے نخاع کو طاقت آتی ہے جیسے مرکبات زِنک * مرکبات سِلور *

سوم ہائیڈرو۔ سیا۔ نک اِسڈ * بلا۔ ڈو۔ نا * دہتورا * ہِن۔ بن * گانجا * افیون * کلو۔ را۔ فارم * اے۔ ہتر * اسے۔ ٹک۔ اے۔ تہر *

جن اِن-ٹِش-پاز-مو-ڈِک دواؤن کا اثر نخاع پر رسیدہ ہوتا ہے ان سے نخاع اور
عصبی نظام کے دیگر حصص کو طاقت آتی ہے اور اُنکے ذریعہ جسم کے عضلاتی نظام کو بھی
طاقت پہنچتی ہے جس سے تشنج رفع ہوجاتا ہے + اور جنکا اثر ضمنی طور پر ہوتا ہے
وہ اپنا اثر مختلف طور سے پیدا کرتے ہین مثلاً بعض کے استعمال سے نخاع کا فعل پست
ہوجاتا ہے جیسے کو-نایم بعض کے استعمال سے کُل نظام عصبی تر و تازہ ہوجاتا ہے
جیسے مرکبات زِنک اور دیگر مقویات اعصاب + اور بعض کا اثر دماغ پر ہوتا ہے جیسے
مختلف نار-کا-ٹِک دوائین +

اِن-ٹِش-پاز-مو-ڈِک دوائین اِن مطالب کے واسطے استعمال مین آتی ہین جیسے اُس
قسم کے تشنج مین جو مرض ہس-ٹے-ریا اور عصبی نظام کے ضعف کے سبب سے پیدا ہوتا
ہے یا اَور قسم کے تشنج مین-تب اُنکو ایسی دواؤن کے ساتھ شامل کر دینا چاہئے جن سے
تشنج کا سبب رفع ہو سکے +

یاد رہے کہ اِن-ٹِش-پاز-مو-ڈِک دواؤن کا اثر تھوڑے عرصہ تک رہتا ہے اور یہ کہ بار
بار کے استعمال سے پھر اپنا اثر پیدا نہین کر سکتین +

قسم دوم-نر-واین ٹا-نک یعنی مقوی اعصاب اور اِن-ٹے-پے-ریا-ڈِک
یعنی نوبت کو روکنے والی- نر-واین ٹانک وہ دوائین ہین جن سے کُل عصبی نظام کو
طاقت آتی ہے اور بعض ان مین سے نوبت کو روکنے والی دوائین نوبتی امراض کی نوبت
کو بروکتی ہین +

فہرست نر-واین ٹانک دواؤن کی-نا ے-ٹرٹ اف سلور + اکسائیڈ اف سلور +
سلفٹ اف زِنک + اکسائیڈ اف زِنک + سلفٹ اف کاپر + مرکبات فولاد +
نکس-وا-میکا + اسٹرک-نیا + بروشیا + کیپے-ریا +

فہرست اِن-ٹے-پے-ریا-ڈِک دواؤن کی-سنکو-نا کی چھال اور اُسکے

تینون جوہر کونین + سن-کو-نین اور سن-کونے-ڈین + اتیس + کٹ-کرنجا + گلو + نیم + پاپیتا + سنکھیا + بے-بے-رین +

اِن-لے-پے-ریا-ٹرک دواؤنکا استعمال نوبتی بخارون مین اور نوبتی عصبی دردونمین ہوتا ہے جیسے ہے-مے-کری-نیا وغیرہ +

نرو-وایئین ٹانک دوائین تشنجی امراض مین دیجاتی ہین جیسے کو-ریا (رعشہ) اپے-لپ-سی (مرگی) ہس-ٹے-ریا (اختناق الرحم) وغیرہ اور عصبی ضعف مین بھی انکا استعمال ہوتا ہے +

جماعت سوم

وہ دوائین جنکا اثر خاصکر قلب اور دوران خون پر ہوتا ہے

فصل اول واس کیو-لر اِسٹی-میو-لنٹ

فہرست اُن دواؤن کی جنکا اثر قلب اور بڑی بڑی رگون پر زیادہ تر ہوتا ہے

عرق امیو-نیا + کار-بو-نٹ اف امیو-نیا + ارو-ما-ٹک اسپرٹ اف امیو-نیا + اسپرٹ اور دوائین شرابین + اے-تھر + روغن تار-پین + خوشبودار لطیف روغن + کافور + ہینگ + وے-لے-ری-ان + بال چھڑ + سنبل + کلورا-فارم + مختلف خوشبودار دوائین +

فہرست اُن دواؤن کی جنکا اثر چھوٹی رگون پر زیادہ تر ہوتا ہے

اسے-ٹٹ اف امیو-نیا + سا-ے-ٹرٹ اف امیو-نیا + گوائکم + ٹرپن-ٹے-ری-سا-سا-فراس + مے-زی-ری-ان + ریزن یعنے رال + گیال بے-نم + امو-نایح-کم +

اوپر کی فہرستون سے ظاہر ہوتا ہے کہ بعض واس-کیو-لر اسٹی-میو-لنٹ دوائین ایسی ہین جنکا اثر خاصکر قلب اور بڑی بڑی رگون پر ہوتا ہے اور بعض ایسی جو شرائین کے

چھوٹی چھوٹی شاخون اور عروق شعریہ کو تحریک دیتی ہین - پس اگر یہ چاہو کہ قلب کو جلد تحریک ہو تو یہ مطلب عرق ایمو-نیا اور کار-بو-نیٹ آف ایمو-نیا سے حاصل ہو سکتا ہے کیونکہ ایسے-ٹِٹا ورسا ے-ٹرٹ آف ایمو-نیا سے عروق شعریہ کے دوران خون کو تحریک ہوتی ہے + ایسی حالتون مین اُن دواؤن کا استعمال کرتے ہین جن سے خاصکر دل کو تحریک ہوتی ہے جیسے ضعف قلب مین چاہیے وہ ضعف قلب کا اعصاب کے سبب تھوڑے عرصہ کے لئے پیدا ہو چاہے دل کی ساخت کے کمزور ہو جانے سے ہمیشہ کے لئے ہو جاوے + اِس صورت مین اسٹی-میو-لنٹ دواؤن کو یا تو واس-کیو-لر ٹانک دواؤن کے ہمراہ استعمال کرنا چاہئے نہین تو اِن کے عوض انکو ہی کو کام مین لانا چاہئے +

جن واس-کیو-لر اسٹی-میو-لنٹ دواؤن کا اثر چھوٹی رگون اور عروق شعریہ کے دوران خون پر ہوتا ہے انکو مزمن انفلامیشن کی بیماریونمین جنمین مقام ماؤف کا دوران خون سُست ہو جاتا ہے استعمال کرتے ہین - اور انکا استعمال اسواسطے بھی کرتے ہین کہ وہ مادہ جو اکیوٹ انفلامیشن کے وقت مرض کے مقام مین جمع ہو جاتا ہو جذب ہو جاوے اور اِس قسم کی دواؤن مین سے بہتیری ایسی بھی ہین کہ جن سے خاص خاص اعضاے کے فعل کو بھی تحریک ہوتی ہے +

فصل دوم واس کیو-لر سے-ڈی ٹیو

یہ وہ دوائین ہین جنکے استعمال سے دل اور نظام دموی کی دیگر حصص کے فعل سست ہو جاتے ہین + جیسی واس-کیو-لر اسٹی-میو-لنٹ ویسی واس-کیو-لر سے-ڈی-ٹیو دواؤن مین سے بھی بعض کا اثر خاصکر قلب اور بڑی بڑی رگون پر ہوتا ہے اور بعض کا چھوٹی چھوٹی رگون پر + جنکا اثر خاصکر دل پر ہوتا ہے اِنکے استعمال سے نبض

اکثر دھیمی چلنے لگتی ہے ÷

فہرست اول - اُن دواس - کیو - لز سے سٹری - ٹیو دواؤن کی جنکا اثر خاصکر دل پر ہوتا ہے ÷

ڈی - جی - ٹے - لِس ÷ گرین - ہے - لے - بور ÷ اکو - نائیٹ ÷ کال - چی - کم ÷

ہائیڈرو - سیا - نک اسڈ ÷ کے - لے - بار - بین ÷ ومی - را - ٹر - یا ÷

فہرست دوم - جنکا اثر چھوٹی رگون اور عروق شعیریہ پر ہوتا ہے ÷ ٹار - ٹار امٹک ÷

اکسائیڈ اف اِن - ٹے - منی ÷ نا ے - ٹر ÷ شو - گر اف لِڈ ÷ اپے - کے - کوانا ÷

ار - گٹ ÷ نائے - ٹریٹ اف ا - مائیل ÷ نائے - ٹرو - گلائی - سی - رین ÷

جب دل شدّت سے دھڑکتا ہے تب سی - ڈی - ٹیو دواؤن کا استعمال کرتے ہین تاکہ دل کی حرکت پست ہوجا وے چنانچہ ایسی حالت مین ڈی جے - ٹے - لِس کا استعمال کرتے ہین - اگرچہ بموجب تجربات ڈاکٹر رِنگ - گر ڈی - جے - ٹے - لِس کے استعمال سے اعصاب کے ذریعہ دل کو تحریک ہوتی ہے پھر بھی اثر اس کا سٹری - ٹیو ہی ہوتا ہے کیونکہ اسکے استعمال سے دل کو چین آجاتا ہے اور خون بھی آسانی سے دورہ کرتا ہے ÷

مرکبات ان - ٹے - منی کا یہ حال ہے کہ اِنکے استعمال سے دل کی حرکت ہی صرف پست نہین ہوجاتی بلکہ کُل دوران خون سُست ہوجاتا ہے - پس انکو اور گرین ہے - لے - بور اور اور دیگر سی - ڈی - ٹیو دواؤن کو بھی مختلف اعضاے کے انفلامیشن مین دوران خون سست کرنے کے لیئے استعمال کرتے ہین ÷ ہائیڈرو - سیا - نک اِسڈ کا اثر نظام دموی پر ہوتا ہے یا نہین اسبات مین شک ہو اور جو ہوتا ہے تو ضمنی طور پر لیکن جب بدہضمی کے سبب سے دل شدّت سے دھڑکتا ہے تب ہائیڈرو - سیا - نک اِسڈ کا اثر سی - ڈی - ٹی دل پر بہت عمدہ ہوتا ہے ÷ کال - چی - کم خاصکر گاوٹ کے انفلامیشن کو مفید ہے اور اپے - کے - کوانا کے زیادہ مقدار مین استعمال کرنے سے خون کا دورہ

حقیقت مین بہت ہی سست ہوجاتا ہے - پس اسکو ادرشو - گراف لڈ کو بیتیری مستم کے سیلان خون مین بخوبی استعمال کر سکتے ہین + اور ار - گٹ مے - نو - را - جیا کے مرض مین مفید ہے +

فصل سوم واس - کیو - لر ٹانک

یہ وہ دوائین ہین جن سے دل کو طاقت اور توانائی آتی ہے اور بسبب بیماری کے جب نظام دموی کے دیگر حصص بھی کمزور ہوجاتے ہین تب بھی اس قسم کی دواؤن سے نظام مذکور کو طاقت آتی ہے +

فہرست - مرکبات فولاد + ڈی - جی - ٹے - لس + اسٹد اور اسٹرن - جنٹ دوائین + کل نر - دوائین ٹانک دوائین + کل اسٹو - ما - کک ٹانک دوائین + کل ہر - ماٹک ٹانک دوائین +

اوپر کی فہرست سے ظاہر ہے کہ ڈی - جی - ٹے - لس کو واس - کیو - لر ٹانک قرار دیا گیا ہی کیونکہ دل جب شدت سے دھڑکتا ہے تب اگرچہ اسکا اثر سے - ڈی - ٹیو ہوتا ہے پھر بھی جب یہ دوا تہوڑی تہوڑی مقدار مین استعمال کیجاتی ہے تب قلب کی ساخت کو طاقت آتی ہے +

جماعت چہارم

وہ دوائین جنکا اثر خاص خاص اعضا پر ہوتا ہے

فصل اول وہ دوائین جنکا اثر معدہ اور رودون پر ہوتا ہے

قسم اول - سا ے - لے - گاگ - یہ وہ دوائین ہین جنکے استعمال سے تہوک زیادہ پیدا ہوتا ہے +

فہرست اول - وہ سا ے - لے - گاگ دوائین جنکا اثر سیدہے دہن کے میو - کس پردہ

کے فدودون پر ہوتا ہے *

اپے - لے - ٹری روٹ * عقرقرہ * ہارش - را - ڈش * مسٹرڈ یعنے رائی یا سرسون * تنباکو کا کہانا *

فہرست دوم - جنکا اثر ضمنی طور پر ہوتا ہے یعنے دوران خون کے ذریعہ دہن کے میو - کس پردہ پر *

مرکبات سیماب * آیوڈائیڈ اف پو - ٹا - سیم * اور دیگر مرکبات از قسم آیو - ڈائیڈ * اور جے - بو - ران - ڈائی *

قسم دوم اِمے - ٹِک یعنی مقیئی - یہ وہ دوائین ہین جن سے قے آتی ہے چنانچہ اِنکے استعمال سے ایسا ہوتا ہے کہ معدہ کا فم اعلی (یعنے کار - ڈیاک اری - فِس) ڈہیلا ہوجاتا ہے اور ساتھہ ہی اِسکے عضلا ڈا - یا - فرام (یعنے دیا - فراغما) اور شکم کی دیوارون کے عضلات بھی سکڑجاتے ہین جس سے معدہ کے اندر جو کچھہ ہوتا ہے وہ خارج ہوجاتا ہے یعنے قے آتی ہے *

فہرست اول - وہ مقیئی دوائین جنکا اثر سیدہا معدہ کے میو - کس پردہ پر ہوتا ہے *

سلفٹ اف زِنک * سلفٹ اف کا - پر * کار - بو - نٹ اف اِمو - نیا * رائی لیسی ہوئی * کے - مو - مایل * کہانے کا نمک *

فہرست دوم - جنکا اثر ضمنی طور پر ہوتا ہے *

اپے - کے - کوا - نا * ٹار - ٹار - اِمے - ٹِک * اِ - پو - مار - فیا *

قے آنے سے پہلے جی متلاتا اور تب معدہ اور مری سے بلغم اور ریتہ سے صفرا بہی اکثر ڈیو - ڈی - نم (معا اثنا عشرہ) مین بہ کر اُلٹی حرکت کے سبب معدہ مین آکر قے کے ذریعہ خارج ہوجاتا ہے - علاوہ ازین ہوا کی نالیون سے بھی قے کی حرکت سے بلغم خارج ہوتا ہے - پس اِمے - ٹِک دوائین کسیقدر کو - لو - گاگ اور

اِکش - پکٹ - ڈو - رنٹ بھی ہین ٭ اور قئے کے ہونے سے نظام عصبی بہی تھوڑا
بہت پست ہوجاتا ہے - عصبی طاقت کم ہوجاتی ہے اور عضلے ڈہیلے ہوجاتے
ہین اور جلد سے پسینہ بھی بکثرت پیدا ہوتا ہے - لیکن یہ باتین فہرست اول کے
امے - ٹک دواؤن سے بہت کم پیدا ہوتی ہین ٭ بلکہ اُن دواؤنکا استعمال اُسوقت
کرتے ہین کہ جب معدہ کو خالی کرنے کی ضرورت ہوتی ہے یا غرض جب صرف قئے
کروانے سے ہوتی ہے مثلاً زہر خورانی مین معدہ کو زہر سے پاک کرنے کے لئے
قئے کرواتے ہین چنانچہ ایسی صورت مین ایسی ہی دوائی اچھی ہے کیونکہ اسکا اثر
جلد ہوتا ہے اور یہ چیز سہل الاصول بہی ہے - علاوہ ازین فہرست اول کی دوائین
اُسحالت مین بھی استعمال کیجاتی ہین کہ جب معدہ غذاے غیر منہضم سے پُر
ہوتا ہے اور اس سے بیمار کو تکلیف ہوتی ہے اور بعض بیماریون مین بہی قئے
کروانے سے فائدہ ہوتا ہے جیسے تہائی - سِس اور برانکائی - ٹِس اور کروپ
مین ٭ سلفٹ اف کاپر بہ نسبت سلفٹ اف زنک کے زیادہ تر سریع الاثر ہے
مگر اسکے استعمال مین قباحتین بہی ہین مثلاً اگر جذب ہوجائے تو تانبے کا زہر ہوسکتا
ہے پس اسلیئے اسکو کم ہی استعمال مین لاتے ہین ٭ کاربونٹ آف امو - نیا
زیادہ مقدار مین کہلا کر اُسوقت قئے کراتے ہین کہ جب دل پر اسٹی - میو - لینٹ اثر
پیدا کرنا منظور ہوتا ہے جیسے کمزوری کے حالت کے برانکائی - ٹِس کی بیماری مین ٭
دوسری فہرست کی جو دوائین ہین اُنکو انفلامیشن کی بیماریون مین استعمال کرتے ہین
خاصکر شش کے انفلامیشن مین ٭
قسم سوم پر - گے - ٹیو یا کے - تہار - ٹک یعنی جلاب یا مسہلات - یہ وہ دوائین
ہین جن سے دست آتے ہین ٭ مسہلات کئی طرح کے ہوتے ہین چنانچہ انکی فہرست
یہ ہے ٭

فقرہ ۱ - لکسی - ٹیو یعنے ملینات ٭

فگس یعنے انجیر

پڑو - نش یعنے آلو بخارا

ہنی یعنے شہد

ٹریکل یعنے شیرہ

مے - نا یعنے شیر خشت

ٹے مے - رنڈ یعنے املی

کے - شیا یعنے املتاس

سلفر یعنے گندہک

روغن السی اور الیو

کسٹر ائیل

مگنے - شیا

کار - بونٹ اف مگنے - شیا

فقرہ ۲ - سمپل پر - گے - ٹیو یعنے جلاب ٭

روبرب یعنے ریوند چینی

سنا

کیسکے - را سیگٹ - را - ڈا

منم - نش فران - گیو - لا

ایلوز یعنے صبر

جلپ

فقرہ ۳ - ڈراس ٹیک پر - گے - ٹیو یعنے

تیز جلاب ٭

جلپ

اسکا - منے یعنے سقمو - نیا

کالو - سنتھ یعنے حنظل

کرو - ٹن - آئیل یعنے روغن جمال گوٹہ

پو - ڈا - فلین ریزن

گم - بوج یعنے عصارہ ریوند

فقرہ ۴ - ہائیڈرو - گاگ پر - گے - ٹیو

یعنے

وہ جلاب جن سے پانی کی طرح پتلے دست آتے ہیں ٭

گم - بوج یعنے عصارہ ریوند

اِی - لا - ٹے - رہی - ام

اِی - لا - ٹے - رئین

فقرہ ۵ - سی - لائین پر - گے - ٹیو

یعنے

نمکین جلاب

فاس - فٹ اف سو - ڈا

ٹار - ٹریٹ اف پوٹاشس

ٹار - ٹورے ٹڈ سوڈا یعنے روشل سالٹ

سلفٹ اف سو - ڈا

سلفٹ اف مگنے-شیا	بلو-پل
سائے-ٹریٹ اف مگنے-شیا	کیا-لو-مل
سلفٹ اف پوٹاشش	ایلوز
کریم اف ٹارٹار اوسط مقدار مین	ایلو-این
فقرہ ۵-۶-کو-لو-گاگ پر-گے-ٹو	پوڈا-فلین ریزن
یعنے وہ جلاب جن سے صفرا دست آتے ہین	ٹے-راگ-زہی-کم
گرے-پاؤ-ڈر	کال-چی-کم

فہرست ادویات جو مسہلات کی مدد کے لئے شامل کیجاتے ہین *

۱-نکس-وا-میکا * اس-ٹرکنیا اور سلفٹ اف ایرن *

جب جلاب کی دوا کے ساتھ شامل کیجاتی ہین تب روددون کو طاقت آتی ہے اور انکی انقباضی حرکت تیز ہوجاتی ہے *

۲-خوشبودار اور لطیف روغن * ہنی-ہن * اسٹرا-مو-نی-ام اور بلا-ڈو-نا جب جلاب کی دوا کے ساتھ شامل کئے جاتے ہین تب پیچش دفع ہوتی ہے اور روددون کی انقباضی حرکت باقاعدہ ہونے لگتی ہے *

۳-اپی-کے-کوانا اور مرکبات ان-سے-ٹیمنی جب تہوڑی ہی تہوڑی مقدار مین شامل کئے جاتے ہین تب پیچش کم ہوتی اور روددون سے بلغم خوب خارج ہوتا ہے *

۴-حقنہ جات * شکم کو آہستہ آہستہ ملنا *

اثر مسہلات کا-کل مسہلات کا یہ قاعدہ ہے کہ انکے استعمال سے روددون کے معمولی حرکتین تیز ہوجاتی ہین لیکن یہ بات مختلف جلاب کی دوا سے مختلف طور پر ہوتی ہے اسواسطے مسہلات کو کئی قسم مین منقسم کیا ہے-چنانچہ

۱- لکسی - ٹیو یعنے ملینات - وہ ہین جن سے صرف تلیئین ہوتی ہے اور رودون کی معمولی حرکتین بہی کسیقدر تیز ہوجاتے ہین فہرست اول مین وہ دوا ہیلی ہو رجسے اوپر درج کی گئی ہے جو بہت ہی ہلکی ملیئن ہے *

۲- سپنیل پرےگے ٹیو - وہ ہین جن سے بہ نسبت ملینات کے رودون کو زیادہ تر تیز حرکت ہوتی ہے اور بہ نسبت دیگر مسہلات کے انکا اثر کم ہوتا ہے یعنے انکے استعمال سے رودون کے میوہ کس پردہ کی رطوبت بہت زیادہ نہین خارج ہوتی اگر مسہل کے دواؤن کے اثرون کو بنظر تعمق اور غور سے دیکہین تو انکو تقسیم در تقسیم کر سکتے ہین کیونکہ ہر ایک کے اثر مین کوئی بات خاص پائی جاتی ہے جس سے اُس دوا کو دیگر مسہلات سے فرق کر سکتے ہین - گو اُس خاص بات کو ہم صاف طور پر بتلا نہین سکتے مثلاً بعض جلاب کی دوا کا اثر چہوٹے رودون کے اوپر کے حصہ پر ہوتا ہے اور بعض کا نیچے کے حصہ پر اور بعض اپنا اثر بڑے رودون پر پیدا کرتے ہین - بعض مسہلات ایسے ہین جو رودون سے زیادہ رطوبت خارج کرتے ہین - بعض رودون کی حرکت کو تیز کرتے ہین اور بعض مسہلات ایسے بہی ہین جن سے علاوہ دست آنے کے جگر اور لبلبہ کو تحریک ہوتی ہے تاکہ صفرا اور لبلبہ کی رطوبت زیادہ ہو * اس قسم کے اختلافات سپنیل پرےگے ٹیو دواؤن مین خوب ثابت ہو سکتے ہین مثلاً ایلوا اپنا اثر بڑے رودون پر بہت کرتا ہے مگر اسکی رطوبت کو زیادہ نہین خارج کرتا بلکہ یہ بات جلیپ کے جلاب سے خوب ہوتی ہے اور سنا کے استعمال سے رودہ مذکور مین بہت تشنج اور پیچش ہوتی ہے *

جلاب سے رودون کو خالی کرنے کے سوا کسی اور بات کی زیادہ اُمید نہ کرنی چاہیے *

۳- ڈراس ٹک پرےگے ٹیو یعنی تیز مسہلات - اس قسم کے جلاب سے رودہ کے میوہ کس پردہ مین خراش ہوتی ہے اور کہلے طور پر بڑے بڑے دست آتے ہین جس سے دور و دراز کے اعضاء کا امالہ ہو جاتا ہے جیسے دماغ و شش و جگر وغیرہ *

۴-ہایڈرو-گاگ پر-گے-ٹیو-جب اِس قسم کا جلاب دیا جاتا ہے تب رودون کے میو-کس پردہ سے بکثرت آبی رطوبت خارج ہو کر پانی کے طور پر نہایت پتلے پتلے دست آتے ہین جس سے پور-ٹل سر-کیو-لے-شن کے وریدون سے اجتماع خونکا ہٹ جاتا ہے اور کل دوران خون کی تیزی پست ہو جاتی ہے ✤

۵-سے-لائین پر-گے-ٹیو-مثل ہایڈرو-گاگ پر-گے-ٹیو کے نمکین جلابون سے بہی پانی کی طرح پتلے دست آتے ہین لیکن بہ نسبت اُنکے اِن دستون کی مقدار کم ہوتی ہے ✤

۶-کو-لو-گاگ پر-گے-ٹیو-یہ وہ جلاب ہین جن سے دستون کے ہمراہ بکثرت صفرا خارج ہوتا ہے ✤

جلابون کے ساتھہ اَور دوایئن بہی ملائی جاتی ہین جنسے اِنکے اثر مین فرق پڑجاتا ہے-مثلاً جب صبر کے ساتھہ سلفٹ اف ایرن ملایا جاتا ہے تب صبر کا اثر تیز ہو جاتا ہے ✤ ڈراس-ٹِک پر-گے-ٹیو کے ہمراہ جب خوشبودار چیزین ورطہ-مئی-ٹِش ملایا جاتا ہے تب اِنکا بدذائقہ کسیقدر دور ہو جاتا ہے اور پیچش نہین ہونے پاتی ✤ اِپی-کے-کوانا کے ملانے سے بعض جلابونکا اثر تیز ہو جاتا ہے اور کافور جب کا-لو-سنتھہ کے ہمراہ ملایا جاتا ہے تب اثر اِسکا تیز ہو جاتا ہے ✤

مختلف جلابونکا اثر مختلف عرصہ کے بعد پیدا ہوتا ہے مثلاً پو-ڈا-فلین سے ۱۰ سے ۱۴ گہنٹہ کے اندر دست آنے لگتے ہین ✤ کرو-ٹن-آئیل کا اثر ایک یا دو ہی گہنٹہ کے اندر ہو جاتا ہے ✤ اور جلپ اور اِسکا-منی اور ایسم-سالٹ اور سنا سے تین یا چار گہنٹہ کے اندر دست آنے لگتے ہین ✤ اور کسٹر ائیل اور روبرب کا اثر ۴ سے ۵ گہنٹہ کے اندر پیدا ہو جاتا ہے ✤

مانعات-ان حالتون مین جلاب احتیاط سے یا بالکل نہ دینا چاہئے ✤ حیض کے ایام مین ✤ حمل کے ایام مین ✤ معدہ یا رودون کے انفلامیشن مین ✤ اگر یہ منظور ہو کہ جلاب کا اثر

جلد اور تیز ہو اور اگر بیمار اُس جلاب کی دوا کو نگل نہ سکے جیسے اِ-پو-پلک-سی اور دیوانگی کیحالت مین ہوا کرتا ہے تب کرو-ٹن آئیل کے ایک دو قطرے زبان کی جڑ پر رکہہ دینی چاہیئے *

مختلف جلاب مختلف مطالب کے واسطے دیئے جاتے ہین مثلاً بعض صرف قبض رفع کرنے کے لئے - بعض کسی تیز مادہ کے خارج کرنے کے لئے * بعض جلاب اِس مطلب کے واسطے دیئے جاتے ہین کہ اِن سے جگر اور لبلبہ کی رطوبت اچھی طرح خارج ہو جاوے اور رودون کے میو-کس پردہ کے غددون سے بہی رطوبت بکثرت نکل جاوے * جلاب کے دینے کا یہ بہی مطلب ہوتا ہے کہ رودون کی رگین خون سے پُر ہون تو اُنکے میو-کس پردہ سے آبی رطوبت بکثرت جاری ہو کر اُن رگون سے خون مجتمع ہٹ جاوے اور اِسی ترکیب سے اعضاے اندرونی کا بہی اجتماع خون ہٹ جاتا ہے جیسے گردہ وغیرہ * اور بعض دفعہ میو-سی امالہ بہی مد نظر ہوتا ہے (یعنے کاؤن-ٹر ارِی-ٹے-شن) مثلاً دستون کے آنے سے جب کل رودون کے میو-کس پردہ سے رطوبت خارج ہو جاتی ہے اور پردہ مذکور مین خراش بھی پیدا ہو جاتا ہے تب دور دور دراز کے اعضاے کو آرام آجاتا ہے جیسے دماغ وغیرہ *

قسم چہارم - اِن-تھل-مِن-ٹِک-ث یعنے رودون کے کرمون کو مارنیوالی دوائین * یہ دوائین تین طور کی ہوتی ہین - ایک وہ جنکے استعمال سے کرم مرجاتے ہین تب انکو ورمی-سائیڈ بولتے ہین * دوسری وہ جن سے کرم خارج ہو جاتے ہین - اور تیسری وہ جنکے استعمال سے کرم پیدا نہین ہونے پاتے چنانچہ

فہرست وَر-مے-سائیڈ دواؤن کی - آئیل اف مَیل فرن * روغن تارپین * کنکو * کمیلا * سان-ٹو-نین * انار کے جڑ کی چہال * مے-کیونا پروری-اَنش یعنے کیونچ پہلی * چہالیا *

فہرست ور-مے-فیوج دواؤن کی-کیا-لو-مل ÷ اسکامنی ÷ جلیب ÷ گم-بج یعنے عصارہ پیوند ÷ کسٹرائیل ÷

فہرست اُن دواؤن کی جنکے استعمال سے کرم پیدا نہین ہونے پاتے-

سلفٹ اف ایرن ÷ ٹنکچر اف اسٹیل ÷ دیگر مرکبات فولاد ÷ کواشیا ÷ نکس-وا-میکا ÷

اثر اِنٹ-تھل-مِنٹِ-ٹِک دواؤن کا-انسان کے رودون مین اکثر تین ہی قسم کے کرم پائے جاتے ہین-ایک تو ٹیپ ورم یعنے کدو دانہ ÷ دوسری راونڈ ورم یعنے کیچوے جنکو پنجابی مین ملپ کہتے ہین ÷ تیسرے تھریڈ ورم یعنے چمنے جنکو پنجابے مین چھونے یا سیوا نکے بولتے ہین ÷

کدو دانے چھوٹے رودون مین ہوتے ہین مگر اوپر اور نیچے کیطرف بھی پھیل پڑتے ہین کیچوے خاصکر بھی-کم رودہ (معا عور) اور کولن رودہ کے چڑہتے ہوئے حصہ مین ہوتے ہین ÷ تیسرے چمنے ریکٹم رودہ (معا مستقیم) اور کولن رودہ کے اُترتے ہوئے حصہ مین رہا کرتے ہین ÷

جو دوائین ور-مے-سائیڈ ہین اُنکے لگنے سے کرم یا تو مرجاتے ہین یا اُنپر ایسا اثر پیدا ہوجاتا ہے کہ جس سے اپنی جگہہ چھوڑ دیتے ہین ÷

بعض دواؤن کا اثر جیسے مثل ترنٹ اور کشو ÷ اور چھالیا ÷ اور کمیلا خاصکر کدو دانہ پر ہوتا ہے اور سان-ٹو-نین اپنا اثر خاصکر کیچوے پر کرتے ہین ÷ کرم کش جلابون سے رودہ کے میو-کس پردہ کو طاقت آتی ہے اور اُس پردہ سے زیادہ بلغم بھی نہین پیدا ہونے پاتا کہ جسمین کرم اپنا گھونسلا بناتے ہین ÷ کواشیا اور کچلا علاوہ رودون کو طاقت بخشنے کے اثر ور-مے-سائیڈ کا بھی رکھتے ہین ÷

اِنٹ-ہِلمِنٹ-ٹِک دوائین اِن مطالب کے لئے دیجاتی ہین ÷ ور-مے-سائیڈ تو

کرمون کے ہلاک کردینے کے لئے * اور وُرْ۔مے۔فیوج دوائین مُردہ یا زندہ کرمون کو خارج کردینے کے واسطے دیجاتی ہین * اور کرم کُش جلاب اِس غرض سے دیئے جاتے ہین کہ کرم خارج ہوجاوین اور تب جسم کیحالت ایسی ہوجاوے کہ کرم پھر پیدا نہونے پاوین *

وُرْ۔مے۔سایڈ دواؤن کو چند گھنٹہ کے فاقہ کے بعد استعمال کرنا چاہیئے اور انکے استعمال سے چند گھنٹہ پیشتر اور تین چار گھنٹہ بعد بھی ایک تیز جلاب دیدینا چاہیئے تاکہ ادویات مذکورہ کرمون پہ لگ جاوین اور کرم مرنے کے بعد ہی خارج بھی ہوجاوین * چنمنون کا علاج کرم کُش ادویات کی پچکاریون سے کرنا بہتر ہے کیونکہ اِس قسم کے کرم رودہ کے حصہ اسفل مین بود و باش کیا کرتے ہین *

قسم پنجم اسٹو۔ما۔کِک یعنی مقوی معدہ ۔ یہ وہ دوائین ہین جنکا اثر سیدھا معدہ ہی پر ہوجاتا ہے ۔ انکا استعمال اشتہا پیدا کرنے اور ہاضمہ کو مدد دینے کے لئے کرتے ہین * یہ دوائین پانچ طرح کی ہوتی ہین چنانچہ

فہرست ۱ ۔ کلمبا * جن۔شن * چرائیتا * گگ * نیم * کوارشیا * کِش۔کریلا * ہائیڈر پکنش۔پے۔ریا * نائٹرک اسِڈ * ہائیڈرو۔کلورک اسِڈ * نائٹرو۔ہائیڈرو۔کلورِک اسِڈ *

فہرست ۲ ۔ نکس۔وامیکا * اسٹرک۔نیا * سنکو۔نا۔بارک * سلفیٹ آف کونین * ہائیڈرو۔کلورٹ آف کونین * سلفیٹ آف سنکو۔نین * سلفیٹ آف سنکو۔نی ڈین * سلفیٹ آف بے۔بے۔رین * مرکبات فولاد *

فہرست ۳ ۔ پیپ۔سین * اکش۔بائیل *

فہرست ۴ ۔ ایلوز * رو۔برب * لے۔راگی۔ذی۔کم *

اثر اسٹو۔ما۔کِک دواؤن کے ۔ ان دواؤن کو چار حصون مین اسواسطے تقسیم

کیا ہے کہ ان مین سے بعض معدہ کے میوکس پردہ سے زیادتی خون کو ہٹا دیتی ہین * بعض
کا اثر معدہ کے اعصاب پر ہوتا ہے اور معدہ کو طاقت بخشتی ہین - بعض معدہ کی رطوبت
ہاضم کو زیادہ کر دیتی ہین * چوتھی قسم کی دوائین رودہ کے حصہ اسفل کی حالت کو بدل
دیتی ہین جس سے خود معدہ کا نقص رفع ہو جاتا ہے * زیادہ شراب کے پینے سے یا
عرصۂ دراز کی بدہضمی کے سبب سے جب معدہ کا میوکس پردہ کمزور ہو جاتا ہے تب
فہرست اول کی دوائین مفید پڑتی ہین نظام عصبی کے کمزور ہو جانے یا خون کے رقیق
ہو جانے سے بدہضمی ہو تو فہرست دوم کی ادویات سے فائدہ ہوتا ہے * بڑھاپے
یا کسی اور سبب سے جب کمزوری لاحق ہوتی ہے اور ہاضمہ ضعیف ہو جاتا ہے تب پپسین
فائدہ مند ہے * جب ساتھ ضعف ہاضمہ کے رودہ اور جگر سست ہو یعنے قبض ہو
اور صفرا اچھی طرح خارج نہ ہوتا ہو تو رو - بارب اور الوز اور سلٹ - راگ - زہی - کم
مفید پڑتی ہین *

فصل ششم کار - مے - نے - ٹیو - یہ دوائین وہ ہین جنکے استعمال کرنے
سے معدہ کو تحریک ہوتی ہے جس سبب سے ریح خارج ہوتی ہے اور درد اور پیچش رفع
ہوتی ہے *

فہرست ادویات کار - مے - نے - ٹیو - جنجر * سیاہ اور سرخ مرچ * الایچی *
رائی * ہارس - رہی - ڈش * دال چینی اور اسکا روغن * جائے پہل اور اسکا روغن *
ریقس یعنے جلاوتری * لونگ اور اسکا روغن * آئیل اف کے - جے - پٹ *
وسے - لے - رہی - ان * بال چہڑ * زیرہ اور اسکا روغن * دہنیا اور اسکا روغن *
سونف اور اسکا روغن * سوا اور اسکا روغن * نے - نل اور اسکا روغن * آئیل اف
پے - پر - منٹ * آئیل - اف اس - پیار - مٹ * اے - تہر *

اثر کار - مے - نے - ٹیو دواؤن کا - اوپر کی فہرست کی جتنی دوائین ہین انمین

ایک خوشبودار لطیف روغن ہوتا ہے - اکثر انہین سے گرم مصالحہ کے طور پر ہمارے کھانے مین روزمرہ آتے ہین * ان دواؤن کے استعمال سے رودہ اور معدہ کے میو-کس پردہ کو تحریک ہوتی ہے اور انکے عضلاتے پردہ کے تشنج کو آرام آتا ہے جس سبب سے رودون کی معمولی حرکت باقاعدہ ہوجاتی ہے *

استعمال - ریح کے جمع ہوجانے سے جب معدہ اور رودہ مین نفخ اور قولنج کا سا درد ہونے لگتا ہے تب ان دواؤن کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے *

دوم - ان دواؤن کو مسہلات مین شامل کردیتے ہین تاکہ انکی مدد ہو اور پیچش نہونے پاوے *

سوم - ہاضمہ کی مدد کے واسطے بھی ان دواؤنکا استعمال کرتے ہین خاصکر مرچ اور رائی اور سونٹھہ -

قسم ہفتم - ادویات **اسٹو-ما-کِک سی-ڈی-ٹیو** - معدہ اور رودون کے اوپر کے حصہ کے میو-کس پردہ پر ان دواؤن کا اثر سی-ڈی-ٹیو ہوتا ہے جس سبب سے اُن مقامات کی خراش رفع ہوجاتی ہے *

فہرست - ڈاے-لیوٹ ہائیڈرو-سیا-نک اِسڈ * کار-بو-نٹ اور سب-ناے-ٹرٹ اور اکسائیڈ اف بسمتھہ * ساے-ٹریٹ اف ایمو-نیا اینڈ بسمتھہ * نائیٹریٹ اف سلور * اکسائیڈ اف سلور * اگ-زا-لِٹ اف سے-ری-ام * کریو-زوٹ * کار-با-لِک اِسڈ * سلفو-کار-بو-لِٹ اف سو-ڈا * لائیکوار-پو-ٹا-سی * لائیکوار-سو-ڈی * بائی-کار-بونٹ اف سو-ڈا * بائی-کار-بونٹ اف پو-ٹاش * بلا-ڈو-نا * دھتورا * ہین-بین * افیون *

اوپر کی فہرست کی دواؤن کے اثر مین اگرچہ نہایت تخالف ہی پھر بھی بعض بعض حالتو نمین اُن سارون کو درد رفع کرنے کے لئے استعمال مین لاسکتے ہین * انمین سے بعض کا

سی - ڈی - ٹیو اثر خاص میو - کس پردہ کے اعصاب پر ہوتا ہے جیسے پرو - سک ایسڈ
بسمتھ اور مرکبات نقرہ اور کہا ر دوائین ❊ بعض کا اثر پہلے دماغ یا نخاع پر ہوکر اُس میو کس
پردہ پر ہوتا ہے جیسے بلا - ڈو - نا ❊ وہتو ما ❊ ہمِ - بنِ اور افیون ❊

ادویات مذکورۂ بالا ان حالتون مین مفید پڑتی ہین جیسے معدہ اور ڈیو - ڈی - نم (اثنا عشرہ) کے درد و نمین یعنے گِش - ٹرو - ڈی - نیا اور اِن - لے - رو - ڈی - نیا مین ❊ مثلاً ان بیماریو نمین بلا - ڈو - نا اور ہائیڈرو - سیا - نک ایسڈ خاصکر مفید پڑتے ہین ❊

دوم - معدہ کی اُن حالتون مین جنمین بہت سی آبی رطوبت قے کے وزریعہ خارج ہوتی ہو - یعنے پائی - رو - سِس - مین ❊ جیسے مرکبات بسمتھ ❊

سوم قے کے آنے مین - قے کے روکنے کے لئے جب دوا تجویز کرین تو معدہ کی اُس خاص حالت کو پہلے دریافت کرین جس سے قے ہوتی ہے ❊ مثلاً جب معدہ مین خون کا غلبہ یا خفیف انفلامیشن ہو اور اُس سبب سے قے آتی ہو تب پرو - سِک ایسڈ اور کہار دوا ؤن سے فائدہ ہوتا ہے ❊ قے اگر عرصۂ دراز سے آتی ہو تو اُس صورت مین نائیٹریٹ اف سِلوَر یا کریو - زوٹ اور کار - با - لِک ایسڈ کا استعمال کرنا چاہئے ❊ ایام حمل کی قے روکنے کے لئے اِگ - زا - لِٹ اف سی - ری - ام مفید ہے ❊

فصل دوم وہ دوائین جنکا اثر آلات تنفس پر ہوتا ہے

قسم اول ار - رائین یا اِس - ٹر - ینیو - لے - ٹری - یہ وہ دوائین ہین جنکا اثر منخرین کے میو - کس پردہ پر ہوتا ہے جس سے بلغم بکثرت خارج ہوتا ہے اور ساتھ اُسکے چھینکین بھی آتی ہین ❊

فہرست - تنباکو کا نسوار ❊ وہائیٹ ہے - لے - بور کا سفوف ❊

قسم دوم - اِکسْپ - رِکْٹ - ٹو - رِنٹ - یہ وہ دوائین ہین جنکا اثر ہوا کی نالیون کے

میو-کس پردہ پر ہوتا ہے جس سے اُس پردہ کی معمولی رطوبت یعنے بلغم کی مقدار اور خاصیت بدل جاتی ہے *

فہرست اول - امو-نیا کی ہوا * کار-بو-نٹ اف ایمو-نیا * سے-نے-گا * اس-کو-ئیل * بن-زائیک ایسڈ * بن-زا-اٹ اف امیو-نیا * بن-زائین * بال-سم اف پیرو * بال-سم اف ٹو-لو * اسٹو-را-کس * امو-نا-ے-کم * گیال-بے-نم * ہینگ * گم-مر * کو-پے-وا * لارچ کی چھال * تار یعنی القطرہ *

دوم - اپے-کے-کو-انا * ٹار-ٹار امے-ٹک * اکسائیڈ اف ان-ٹے-منی *

سوم - پانی کا بخار * کلو-رین * آیو-ڈین * کریو-زوٹ * کار-بالک ایسڈ *

اوپر کی فہرست کی جتنی دوائین ہین اُنکے اثر مین نہایت اختلاف ہے چنانچہ پہلے زمرہ کی دوائین نظام دموی کو تحریک دیتی ہین * دوسرے زمرہ کی ادویات کا اثر سے-ڈی-ٹیو ہے تاہم خاص خاص صورتون مین اِن دواؤن کے استعمال سے ہوا کی نالیون کے میو-کس پردہ کی بلغم مین حسب منشا تغیر پیدا ہوجاتا ہے * پانی کے بخارات کے سونگھنے سے میو-کس پردہ ڈھیلا ہوجاتا ہے اور اُس پر امو-نیا اور کلو-رین کے بخارات کا اثر اسٹی-میو-لینٹ ہوتا ہے *

استعمال ادویات اِکس-پِکٹ-و-رنٹ کا - پہلے زمرہ کی دوائین اُس قسم کے کرانک برانکائی-ٹِس مین مفید پڑتی ہین جسمین بخار نہو * دوسرے زمرہ کی دواؤن کا اثر نظام دموی پر چونکہ سے-ڈی-ٹیو ہوتا ہے یعنے اِنکے استعمال سے دوران خون چونکہ سُست ہوجاتا ہے اِسلئے برانکائی-ٹِس کے ابتدا درجہ مین کہ جب ہوا کی نالیون مین انفلامیشن موجود ہو اور ساتھ اُسکے بخار بھی ہوتا ہے تب اِنکے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے * کلو-رین اور امیو-نیا اور کریو-زوٹ اور کار-بالک ایسڈ کے بخارات خاصکر اُس وقت سونگھاتے ہین کہ جب برانکائی-ٹِس کی بیماری بہت ہی پُرانی ہوجاتی ہو *

قسم سوم - یعنے وہ دوائین جنکا اثر تنفس کے آلات پر سسی-ٹو-ری-ٹیو ہوتا ہے اور ہوا کی نالیون کے میو-کس پردہ کی رطوبت یعنے بلغم کو اکثر کم کر دیتی ہین *

فہرست - افیون * مار-فیا * کو-نا-اِم * بلا-ڈونا * دہتورا * ہائیڈرو سیانک ایسڈ * شوگراف لڈ * تمباکو کا پینا * کو-نیا (یعنے جوہر کو-نا-اِم) کے بخارات کو سونگہنا * ہائیڈرو-سیا-نک اِسڈ کے بخارات کو سونگہنا *

جب ہوا کی نالیوںمین خراش یا تشنج کے سبب سے کہانسی ہوتی ہے تب ہائیڈرو-سیانک اسڈ اور کو-نا-اِم اور بلا-ڈونا اور دہتورا فائدہ مند ہوتا ہے * ہوا کی نالیون کے میو-کس پردہ سے جب بلغم بکثرت آتا ہے تب افیون اور مار-فیا اور شوگراف لڈ سے فائدہ ہوتا ہے * اور انکو سے-ڈی-ٹیو اِکسپ-ٹو-رنٹ دواؤن کے ساتھ شامل کر کے بھی بخوبی استعمال کر سکتے ہین جیسے ٹار-ٹارٹ امٹک اور اپی-کاک * جب اِن دواؤن کے بخارات سونگہتے ہین یا دہتورے کا چرٹ یا تمباکو پیتے ہین تب ان سے کہانسی کم اور تنگی نفس کی رفع ہو جاتی ہے * اس ترکیب سے دوا کم خرچ ہوتی ہے کیونکہ انکے دہوا یا بخارات کا اثر عین مرض کے مقام پر ہو جاتا ہے *

فصل سوم وہ دوائین جنکا اثر جلد پر ہوتا ہے

قسم اول سیو-ڈا-ری-فک یا ڈا-یا-فو-رے-ٹک یعنی معرقات - یہ وہ دوائین ہین جن سے پسینہ بکثرت پیدا ہوتا ہے -

فہرست اول انٹی-میو-لینٹ ڈایا-فو-رے-ٹک دواؤن کی * ایمو-نیا کی ہوا * کار-بو-نٹ اف ایمو-نیا * اسے-ٹیٹ اف ایمو-نیا * سائے-ٹریٹ اف ایمونیا * حمر * اے-تہر * کلورا-فارم * جے-بو-ران - ڈی * گوائکم * مہرین-یٹری سا-سا-فراس * مے-زے-ری-اُن * سار-سا-پریلا * سے - لنے-گا *

کافور + گندہک + افیون کے مرکبات + مار - فیا کے مرکبات +

فہرست دوم - سے - ڈی - ٹیو ڈا - یا - فو - رے - ٹک ادویات + اکسائیڈ اف اِن - ٹے - منی + ٹار - ٹار اِمے - ٹک + اپے - کے - کوانا +

معرقات کے مدد دینیوالی چیزین - گرم کپڑے پہننے اور گرم جگہہ مین رہنا + جلد پر گرم پانی یا گرم ہوا کے بخارات پہنچانے + گرم عرقیات کا پینا جیسے چاء کافی +

واضح ہو کہ پسینہ دو مختلف اثرون کے ادویات سے پیدا ہو سکتا ہے یعنے اُن سے جو نظام دموی کو تحریک دیتی ہین اور اُن سے بھی جو نظام مذکور کو سست کر دیتی ہین - پس اسواسطے اِن ادویات کو دو حصون مین تقسیم کیا - ایک اسٹی - میو - لنٹ ڈا - یا - فو - رے - ٹک دوسری سے - ڈی - ٹیو ڈا - یا - فو - رے - ٹک +

جب پسینہ لانے کے لئے ایمو - نیا کے اُن مرکبات کا استعمال کیا جاتا ہے جنکے شامل کوئی نباتی تیزاب ہوتا ہے جیسے سائے - ٹریٹ یا اسے - ٹٹ اف ایمو - نیا تب مرکبات مذکور کے اجزاؤن مین الگ الگ ہو جاتے ہین اور ایمو - نیا کی ہوا اگرچہ ساری نہین تب بھی کسیقدر جلد کے مسامات سے خارج ہو جاتی ہے جس سے جلد کے فعل کو تحریک ہو جاتی ہے اور پسینہ زیادہ آنے لگتا ہے +

پہلی فہرست کی ادویات سے اُسوقت پسینہ آتا ہے کہ جب دوران خون سست ہوتا ہی اور دوسری فہرست کی دواؤن سے اُسوقت پسینہ لاتے ہین کہ جب جلد گرم اور بخار ہوتا ہے اور معرقات کے مدد دینے والی جو باتین ہین اُنکا استعمال دونو قسم کی ادویات کے ساتھہ کیا جاتا ہے +

معرقات کا استعمال اِن باتون کے لئے کیا جاتا ہے -

اول - جب سردی یا کسی اَور سبب سے پسینہ رُک جاتا ہے تب اِنکا استعمال کرتے ہین

دوم - بخار کی حالتو مین تا کہ جسم کے پانی کے ساتھہ فضلات بہی خارج ہو جاوین +

سوم - امراض جلدی جیسے چیچک کہسرا وغیرہ اور جلد کی پُرانی بیماریوں تا کہ جلد کے فعل کو تحریک ہوتی رہے ٭

چہارم - بعض اعضا ے مگر خاصکر گردون کی بیماریون مین تا کہ اُنکا کام جلد سے نکل آوے اور وہ چین سے رہین ٭

پنجم - جب کسی اور اعضا سے رطوبت بکثرت جاری ہو جیسے مرض ڈا - یا - بے - ٹیز اور ڈوا - یا - ریا مین تب ان دواؤنکا استعمال کرتے ہین تا کہ پیشاب اور دستون کے ہمراہ جس قدر رطوبت خارج ہوتی ہو اُسکا میلان جلد کیطرف ہو جاوے ٭

فصل چہارم وہ دوائین جنکا اثر گردون اور بول کے دیگر اعضا پر ہوتا ہے

قسم اول اور دوم ڈا - یو - رے - ٹک اور لے - تہان - ٹرپ - ٹک - ڈایو - ری - ٹک وہ دوائین ہین جن سے پیشاب بکثرت آتا ہے انکو عربی مین مدرات بول کہتے ہین ٭ لے - تہان - ٹرپ - ٹک وہ دوائین ہین جنکے استعمال سے پیشاب کی خاصیت ایسی بدلجاتی ہے کہ اُسکے اجزا منجمد ہو کر کنکری یا پتھری بننے نہین پاتے ٭

فہرست اُن مدرات کی جنکا اثر سے - ڈی - ٹیو ہوتا ہے - اِس - کو - یلی ٭ اِس - کو - پے - ری - اَم ٭ تنباکو ٭ کال - چی - کم ٭

فہرست اُن مدرات کی جنکا اثر اسٹی - میو - لنٹ ہوتا ہے - جو - نی - پر ٭ تار - پین ٭ کو - پے - وا ٭ کِن - تھے - ری - ڈِس ٭ شرابین ٭

فہرست اُن مدرات کی جنکا اثر ضمنی طور پر ہوتا ہے - ہائی - ڈرو - گاگ پر - گے - ٹیو جیسے ای - لا - ٹے - ری - اَم ٭ ای - لا - ٹرین ٭ کریم اف ٹار - ٹار ٭ گم - بوج ٭ ڈی - جِ - ٹے - لِس ٭ کمر پہ ہاتی لگانا یا کپنگ کرنا ٭

فہرست اودیات لے - تہان - ٹرپ - ٹک - کا - بو - نٹ اف لے - تہیا ٭

سائے ۔ٹرٹ اف لے ۔تھیا ٭ بائی ۔کار ۔بونٹ اف پو ۔ٹاشش ٭ سائٹریٹ اف پوٹاش ٭
اسے ۔ٹیٹ اف پو ۔ٹاش ٭ بائی ۔کار ۔بونیٹ اف سوڈا ٭ فاس ۔فٹ اف سوڈا ٭
بو ۔را ۔کس یعنے سوہاگہ ٭ نمکین چشمہ کا پانی جیسے پنجاب کے پہاڑون کے بعض چشمون کا
پانی ہوتا ہے ٭ فاس ۔فو ۔رک اسڈ ٭ سائے ۔ٹرک اسڈ ٭ ہن ۔زا ۔اک اسڈ ٭
بن ۔زا ۔اٹ اف امو ۔نیا ٭

واضح ہو کہ پوٹاشس اور سوڈا اور لے ۔تھیے ۔ا ئم دہات کے مرکبات جیسے لے ۔تھا ۔ٹریٹ یا کٹ
ویسے ڈا ۔یو ۔رے ۔ٹک بھی ہین اور سادا پانی بھی ڈا ۔یو ۔رے ۔ٹک ہو ٭
پہلی فہرست کی جو دوائین ہین انکا اثر سیدھا گردون پر ہوتا ہے اور گردون سے گزرتے
وقت اُن اعضاے کو پیشاب زیادہ پیدا کرنے کی تحریک دیتی ہین ٭ بہتیرے نمکین
مدرات جیسے مرکبات پوٹاش اور سوڈا اور لے ۔تھیا اور چند لطیف روغن کے قسم کے
مدرات کا بھی اثر اسی طرح پر ہوتا ہے جیسے روغن جو ۔نے ۔پر اور تارپین وغیرہ لیکن دوسرے
فہرست کی دواؤن کا اثر پہلی دواؤن سے بالکل علیحدہ ہے مثلاً ڈجی ۔جی ۔ٹے ۔لس کا
مدر اثر دوران خون کے ذریعہ ہوتا ہے اور اس دوا سے پیشاب اُنہین بیمارون مین زیادہ
آتا ہے جنہین خون کے دورہ کرنے مین کسی قسم کا روک ہوتا ہے اور اُنہین بیمارون مین
جب تبنا کو کا استعمال کیا جاوے تب ہی اسی ترکیب سے پیشاب زیادہ آتا ہے علی ہذا القیاس
کال چیکم اور اس ۔کو ۔پے ۔ریس اور اس ۔کو ۔ئیل بھی مدر اثر مثل ڈجی جی ۔ٹے ۔لس
کے پیدا کرتے ہین ٭ مرکبات پوٹاش اور سوڈا اور لے ۔تھیا یہ ساری مدریول ہین پھر بھی
کار ۔بو ۔نٹ اور سائے ۔ٹریٹ اف لے ۔تھیا بہ نسبت بائی ۔کار ۔بو ۔نٹ اور
سائے ۔ٹریٹ اف پو ۔ٹاش کے زیادہ تر مدر بول ہین علیٰ ہذا القیاس مرکبات پوٹاش
بہ نسبت مرکبات سوڈا کے زیادہ تر پیشاب آور ہین ٭
بعض اشخی ۔میو ۔لنٹ ڈائیو ۔رے ۔ٹک دواؤن مین سے ایسی بھی ہین مثلاً خاصکر

کن - تھیے - رس - ڈِمش اور تاربین جنکی زیادہ مقدار مین یا عرصہ دراز تک استعمال کرنے سے پیشاب جل کر اور ال - بیو - من اور خون آمیز آتا ہے *

ضمنی ڈا - یو - رے - ٹِک دوائین بہ نسبت خاص مدرات بول کے اکثر بیماریون مین زیادہ تر فائدہ مند ہوتی ہین مثلاً جب گردون مین خون زیادہ تر جمع ہوجاتا ہے یا جب استسقا کے پانی کے دباؤ سے گردے دب جاتے ہین تب ان سے پیشاب اچھی طرح پیدا نہین ہوسکتا غرض اِن صورتون مین ضمنی مدرات کے استعمال سے جبکہ دونکا خون کم ہوجاتا ہے اور پانی کا دباؤ ہٹ جاتا ہے تب پیشاب بھی کہلکر آنے لگتا ہے مثلاً کمر پر رائی کی پٹی یا جوکین لگا کر گردہ کے اجتماع خون کو رفع کرنا اور ہائیڈرو - گاگ ہر - گے - ٹیو دوا دے کر پانی کے طور پر رقیق دستون کا آنا حکم ضمنی مدرات کا رکھتے ہین * چنانچہ ایسی حالتو نمین جب اسڈ ٹار - ٹریٹ اف پوٹاشش زیادہ مقدار مین کہلایا جاتا ہے تب اوپر کے دونو مطالب حاصل ہوسکتے ہین یعنے اس دوا سے پتلے دستون کے آنے سے شکم کا پانی کم ہوجاتا ہے اور گردون کا دباؤ ہٹ جاتا ہے تب جو حصہ اُس دوا کا خون مین منجذب ہوجاتا ہے اُس سے پیشاب کہلکر آجاتا ہے *

لے - تہان - ٹِرِپٹِ - ٹک دوائین دو قسم کی ہوتی ہین - پہلی فہرست کے دوائین یعنے کار - بو - نٹ اف لے - تہیا سے لیکر نمکین چشمون کے پانی تک (دیکھو فہرست لے - تہان - ٹرِپ - ٹک کی پیچھے) جب استعمال کیجاتی ہین تو ان سے پیشاب کہاری ہوجاتا ہے اور یو - رک اسڈ اور مرکبات از قسم یو - ریٹ پیشاب ہی کے اندر حل ہو کر رہ جاتے ہین جمنے نہین پاتے اور جم جائین بہی تو اُن دواؤن کے استعمال سے حل ہوجاتے ہین اور عرق کی صورت پر پیشاب کے ذریعہ جسم سے خارج ہوجاتے ہین * مگر لے - تہیا کے مرکبات بہ نسبت پو - ٹاش کے اور پوٹاش کے مرکبات بہ نسبت سوڈا کے یورک اسڈ کے قسم کی ریت یا کنکری کو زیادہ تر حل کرتے ہین * لے - تہان - ٹرِپ - ٹک دوائین کے

استعمال کے بعد فاقہ کیحالت مین اگر خوب طرح پانی پلایا جاوے تو اِستے اثر اُن دواؤنکا
تیز ہوجاتا ہے *

فہرست کے اخیر مین جو چار دوائین درج ہین یعنے فاس - فو - رکٔ اِسڈ سے لیکر
بن - زا - اٹ اف امیو - نیا تک اِنکا استعمال اُسوقت کرتے ہین کہ جب پیشاب کہارا ہوتا
ہے لیکن بہ نسبت دیگر تیزابون کے بن - زا - اِکٔ اِسڈ کے استعمال سے پیشاب کی کہاریت
جلد تر کم ہوجاتی ہے اور معدنی تیزابونکا یہ حال ہے کہ بجز فاس - فو - رکٔ اِسڈ کے دیگر تیزابونکو
کو اِسقدر نہین پلا سکتے جس سے پیشاب مین زیادہ اثر پیدا ہو سکے *

ڈا - یو - رے - ٹِکٔ دواؤن کا استعمال اِن مطالب کے لئے کیا جاتا ہے کہ
اوّل - پیشاب کم آتا ہو تو زیادہ آنے لگے لیکن کونسی دوا کا استعمال کرنا چاہئے یہ بات اُس
سبب پر موقوف ہو جس سے پیشاب کم آتا ہو - پس کبہی تو اِسٹی - میو - لنٹ قسم کے
ڈا - یو - رے - ٹِکٔ کا استعمال کرنا چاہئے اور کبہی سی ڈی ٹیو قسم کا (دیکہو فہرست ہیچی)
دوم - خون مین کوئی زہر سرایت کر گیا ہو تو اُسکے خارج کرنے کے لئے دیتے ہین اور
اُن مضر مادون کے خارج کرنے کے لئے بہی مدّرات بول کا استعمال کرتے ہین جو کسی
بیماری کے سبب پیدا ہوتے ہین *

سوم - ڈا - یو - رے - ٹِکٔ ادویات کو اِس غرض سے بہی دیتے ہین کہ پیشاب بہت سا
پیدا ہوجاوے تاکہ اُن اجزا کو اپنے ساتہہ حل کر کے جسم سے خارج کر دے کہ جو اعضاے
بول کے کسی حصہ مین جم کر کنکری یا پتہری بنجانے کے قابل ہوتے ہین *

لے - تہان - ٹِرِپ - ٹِکٔ دواؤن کو اُسوقت استعمال مین لاتے ہین کہ جب پتہری یا
کنکری بنجاتی ہے - پس جس صورت مین پیشاب سے یو - رکٔ اِسڈ نکل کر کنکری بنجاتی
ہے اُسمین کہار دواؤن کا استعمال کرتے ہین اور جب پیشاب مین کہاری اجزا بکثرت
ہوتے ہین اور کنکری بنکر اجزا مذکور بالکل فاس - فٹ کے جم جاتے ہین تب تُرش

لے۔تہان۔بیڑ۔ٹپ۔ٹنک۔دواؤن کو کام مین لاتے ہین ؎

قسم سوم وہ دوائین جنکا اثر اعضاے بول کے میو۔کس پردہ پر خاصکر ہوتا ہے۔

فہرست

انکا اثر خاصکر مثانہ پر ہوتا ہے:

- پری۔را
- یو۔وا۔ار۔سائی
- بیو۔کیو
- بنؔ۔زا۔ایک۔ایسڈ
- بنؔ۔زا۔اٹ۔اموینیا
- بال۔سم۔اف۔پیرو

انکا اثر خاصکر نائیزہ پر ہوتا ہے:

- کو۔پی۔وا
- کیو۔بب یعنے کباب چینی
- تار۔پین
- روغن صندل
- گرجن کا تیل

اس فہرست کے پہلے حصہ کی دوائین مثانہ کے کرانک انفلامیشن (سِسٹ۔ٹائی۔ٹِش) مین دیجاتی ہین کہ جسمین پیشاب اکثر کہارا ہوتا ہے ؎ حصہ دوم کی دوائین نائیزہ کے گو۔نو۔ریا اور گلیٹ کی بیماریون مین استعمال کیجاتی ہین ؎

فصل پنجم وہ دوائین جنکا اثر توالد تناسل کے اعضا پر ہوتا ہے

قسم اول اے۔منے۔گاگ اور اِک۔با۔لِک۔ٹ۔اے۔منے۔گاگ یعنے مدرات حیض وہ دوائین ہین جنکے استعمال سے حیض کہلکر آتا ہے اور اِک۔با۔لِک۔ٹ اُن ادویات کو کہتے ہین جنکے استعمال سے رحم مین تشنج ہوکر حمل اسقاط ہو جاتا ہے ؎

فہرست۔اول مدرات حیض خاص۔ار۔گیٹ ؎ سا۔ون ؎ رو ؎ ہینگ ؎ اور کِش۔ٹر ؎ پر۔منگے۔نٹ۔اف۔پو۔ٹاش ؎

دوم مدرات حیض ضمنی۔مرکبات فولاد ؎ الوا ؎ کالے بینتھ ؎ تیز جلاب ؎

فہرست اِک - با - لِک دواؤن کی - ار - گٹ * ڈی - جی - بلٹ - رلِش * ساوِن * سوہاگہ *

اثر اِمے - نے - گاگ اور اِک - با - لِک دواؤنکا - اوپر کی فہرستون سے عیان ہے کہ مدرات حیض دو قسم کے ہوتے ہین ایک تو وہ جنکا اثر سیدہا رحم پر ہوتا ہے اور دوسری وہ جنکا اثر سارے جسم پر اِس قسم کا ہوتا ہے جس سے وہ حالت جسم کی رفع ہو جاتی ہے جس سبب سے حیض رُک گیا تھا مثلاً اِس قسم کے مدرات حیض طرح طرح کے ہوتے ہین چنانچہ مرکبات فولاد کے استعمال سے حیض اِسواسطے کہل جاتا ہے کہ یہ دوائین جسم کی اُس حالت کو دور کر دیتی ہین جسکو انے - میا کہتے ہین اور جو دیگر قسمی مدرات حیض ہین اُنکا اثر پہلے دودون پر ہوتا ہے اور تب بسبب اتصال کے رحم کو حیض لانے کی تحریک ہوتی ہے * رحم جب سُست ہو جاتا ہے تب اُن مدرات حیض کا استعمال کرتے ہین جنکا اثر سیدہا رحم پر ہوتا ہے تاکہ اُسکو تحریک ہو اور خون حیض جاری ہو جاوے * اور چونکہ اِمے - نو - ریا (احتباس طمث) کی بیماری اکثر خون کے رقیق ہو جانے سے ہوتی ہے تو اُن مدرات حیض سے اِمے - نو - ریا کی بیماری رفع ہوتی ہے جن سے خون حالت اصلی پر آجاتا ہے جیسے مرکبات فولاد لیکن فولاد کو کسی ایسے جلاب کے ہمراہ دینا چاہیے جنکا اثر ریکٹم (معا مستقیم) اور کولن (قولون) پر ہوتا ہے جیسے ایلوا تاکہ فولاد سے خون کی حالت اچھی ہو جاوے اور ایلوا بسبب اتصال کے رحم کو تحریک دے *

قسم دوم و سوم اِ - فرو - ڈی - سی - اِک یعنی مبہی دوائین

اور اِنٹ - اِفرو - ڈی - سی - اِک یعنی قاطع باہ

فہرست اول خاص اِ - فرو - ڈی - سی - اِک دوائین - کچلا * کچلے کا جوہر اسٹرک نینا کِن - تھے - ری - ڈِس * فاس - فو - رس * گانجا * تہوڑی تہوڑی مقدار مین افیون *

فہرست دوم ضمنی ا۔ فرو۔ ڈ‌ی۔ سی۔ اِک۔ ادویات ہے۔ ما۔ ٹِک ٹانِک جیسے مرکبات فولاد وغیرہ * ادویات نر۔ دوائین ٹانِک یعنی مقوی اعصاب * خاص اِن۔ ٹِش۔ پاز۔ مو۔ ٹِرک دوائین *

فہرست اول اُن دواؤن کی جو خاص مضعف باہ ہین۔ برو۔ مائیڈ اف پو۔ ٹاسیم * برو۔ مائیڈ اف ایمو۔ نی۔ اَم * برو۔ مائیڈ اف سو۔ ڈ‌ی۔ اَم * کو۔ نا۔ اِیم * کافور *

فہرست دوم۔ وہ دوائین جو قوت باہ کو ضمنی طور پر کمزور کردیتی ہین۔ مثلاً عرصہ تک افیم دواؤن کا استعمال کرنا * وہ دوائین جن سے نظامِ دموی اور نظام عصبی سُست ہوجاتے ہین (جیسے۔ ڈ‌ی۔ ٹیو)

جو دوائین خاص مبہی ہین اُنکے استعمال سے نخاع کو پہلے تحریک ہوتی ہے اور تب باہ کی قوت زیادہ ہوتی ہے اور جو ضمنی طور پر باہ کو طاقت بخشتی ہین اُنکے استعمال سے جب کل جسم کو طاقت آتی ہے تب باہ کو بھی قوت آجاتی ہے *

جو دوائین خاص مضعف باہ ہین اُنکے استعمال سے پہلے تو نخاع سُست ہوجاتا ہے اور تب باہ مین ضعف آجاتا ہے اور جو دوائین باہ کو ضمنی طور پر کم کردیتی ہین اُنکے استعمال سے سارا جسم کمزور ہوجاتا ہے لیکن ادویات مضعف باہ کو اِس غرض سے نہین استعمال کرتے کہ باہ مین ضعف آجاوے بلکہ یہ دوائین اَور باتون کے لئے دیجاتی ہین *

فصل ششم وہ دوائین جنکا اثر آنکھون پر ہوتا ہے

قسم اول آنکھون کے حدقہ کو پھیلانے والی دوائین انکو اصطلاح مین مڈ۔ رِی۔ یا ٹِکس بولتے ہین *

فہرست۔ بلا۔ ڈو۔ نا * اٹرو۔ پین * دھتورا * ہِن۔ بِن * کو۔ کین *

قسم دوم۔ پھیپھون کو سُکیڑنے والی دوائین یعنے مائی۔او۔سی۔ٹکس ✤

فہرست۔ کے۔سے۔بار۔بین ✤ افیون ✤ مار۔فیا ✤

حصّۂ دوم

وہ دوائین جنکا استعمال خارجی طور پر جسم کے کسی خاص
مقام پر لگانے کے لئے کیاجاتا ہے۔ انکو اس غرض سے
نہین استعمال کرتے کہ خون مین جذب ہو کر کل جسم پر اپنا اثر پیدا کرین

قسم اول ار۔ری۔ٹنٹ۔ یہ وہ دوائین ہین جن سے جلد پر خراش پیدا ہوتی ہے چنانچہ

فقرہ۔١۔رو۔بے۔فی۔شنٹ یعنے جلد کو سُرخ کرنے والی ✤

فقرہ۔٢۔اِ۔پِس۔پاس۔ٹک یا وے۔سی۔کنٹ یعنے آبلہ انگیز ✤

فقرہ۔٣۔پَس۔ٹیو۔لنٹ یعنے پہنسیان پیدا کرنیوالی ✤

فہرست اول ادویات رو۔بے۔فی۔شنٹ یعنی جلد کو سُرخ کرنیوالی۔ ہلکا عرق
امو۔نیا کا ✤ کمپاونڈ کمفر لے۔نی۔منٹ ✤ ایتھر اور ال۔کو۔ہال اور کلو۔را۔فارم
جب یہ چیزین بند کر کے لگائی جاتی ہین تاکہ بخار بنکر اُڑنے نہ پاوین ✤ رائی کی پٹی ✤
کیا۔جی۔پو۔ٹ۔آئیل ✤ روغن تارپین ✤ مے۔زے۔ری۔اُن ✤ سُرخ مرچ ✤
آیو۔ڈین ✤ مرکبات سیماب ✤

فہرست دوم اِپس۔پاس۔ٹک یعنی آبلہ انگیز۔کن۔تھے۔ری۔ڈس ✤
کن۔تھے۔ری۔ڈین ✤ گلے۔شی۔ال اسے۔ٹک اسڈ ✤ اسٹرانگ سولیوشن
اف امو۔نیا ✤

فہرست سوم پس۔ٹیو۔لنٹ یعنی پہنسیان پیدا کرنیوالی دوائین۔کروٹن آئیل ✤
ٹارٹار امے۔ٹک ✤ نا۔ے۔ٹریٹ اف سلور کا تیز عرق ✤

اوپر کی جتنی دوائین ہین انکو کاؤن-ٹر اری-ٹینٹ کے طور پر بھی استعمال کرتے ہین بلکہ کاؤن-ٹر اری-ریٹیشن یعنے امالہ کے طور پر تین اُور ترکیبین کام مین آتے ہین - ایک ما-ک-سا + دوسری اے-شیو + تیسری سی-ٹن +

جب اِنمین سے کوئی اری-ٹینٹ دوا جلد پر لگائی جاتی ہے تب اُسکا اثر مختلف طور پر پیدا ہوتا ہے - مثلاً لگاتے ہی جلد سُرخ ہو جاتی ہے (رو-بے-فی-شنٹ) جلد پر ذرا اوپر تک لگے رہین تو چھالے پیدا ہو جاتے ہین (ایپ-پاس-ٹک یا ویزی-کنٹ) یعنے جلد کے اوپر کا فرد پھول کر آبی مادہ سے پُر ہو جاتا ہے اور جب اُنکا اثر ذرہ تیز ہو جاتا ہے تب پھنسیان پیدا ہو جاتی ہین (پس-ٹو-لینٹ) یعنے جلد کی عمیق فرد سے دانے پیدا ہو کر پیپ پڑجاتی ہے +

اوپر کی بعض دوائین ایسی ہین کہ اُنکے لگانے سے کئی باتین حاصل ہو سکتی ہین مثلاً عرق امو-نیا اگر بہت ہلکا لگایا جاوے تو جلد صرف سُرخ ہو جاتی ہے اگر تیز لگایا جاوے تو چھالے پیدا ہو جاتے ہین اور بہت ہی تیز عرق کے لگانے سے دانے بھی پیدا ہو سکتے ہین اور گلے-شی ال اسے-ٹک اِسڈ کا بھی یہی حال ہے - لیکن ٹار-ٹار اِمِٹک اور کرو-ٹن-آئیل کے لگانے سے اکثر دانے ہی پیدا ہوا کرتے ہین برعکس اِس کے کن-تھے-رِس-وِڈ کے لگانے سے ہمیشہ چھالے ہی پیدا ہوا کرتے ہین +

اری-ٹینٹ دوائین کئی مطلب کیواسطے لگائی جاتی ہین مثلاً

اوّل - بطور کاؤن-ٹر اری-ٹینٹ کے یعنے کسی اندرونی عضو کے انفلامیشن مین جب اِس قسم کی دوا جلد پر لگائی جاتی ہے تب اندر کی بیماری گویا کھچکر جلد کی طرف آجاتی ہے یعنے اندر کے مرض کا امالہ ہو جاتا ہے اِسلیے اُنکو اصطلاح میں کاؤن-ٹر اری-ٹینٹ کہتے ہین - مگر یاد رہے کہ اِن دواؤن کو شدید انفلامیشن کیحالت مین نہ لگانا چاہیے بلکہ انفلامیشن کی شدت جب کسیقدر کم ہو جاوے تب کاؤن-ٹر اری-ٹینٹ دوا کو

جلد پر لگانا چاہئے ۔

دوم ۔ بعض ایس ۔ پاس ۔ ٹک دوائین صرف امالہ کی غرض سے نہین لگائی جاتین بلکہ انکو لگا کر چہالے اس مطلب کے واسطے بہی پیدا کرتے ہین کہ حصہ ماؤف یا اُسکے قرب کے حصہ کی رگون سے مائیت کچھکر خارج ہوجاوے جس سے مرض کے مقام کو آرام آجاتا ہے ۔

سوم ۔ ایس ۔ پاس ۔ ٹک دواؤن کی نسبت پس ۔ ٹیو ۔ لنٹ دواؤنکا اثر زیادہ تر عمیق ہوتا ہے پس انکو خاصکر ایسی بیماریونمین لگاتے ہین جو بہت گہری ہون یا عرصہ کی مزمن ہون ۔

چہارم ۔ بعض اری ۔ ٹنٹ دوائین خاص مرض کے مقام پر لگائی جاتی ہین تاکہ خود بیماری کی جگہہ پر خراش پیدا ہو جیسے مختلف قسم کے امراض جلدیہ مین اورجواری ٹنٹ دوائین سیماب اور آیو ۔ ڈین کی قسم کی ہین اُن سے علاوہ خراش کے خاص اثر بہی ظاہر ہوجاتا ہے ۔

اوپر اسباب کا ذکر کیا گیا تہا کہ کاؤن ۔ ٹر اری ۔ ٹنٹ یعنے امالہ کی تین اُور ترکیبین ہین یعنے ایک ماک ۔ سا ۔ دوسری اے ۔ شیو ۔ تیسری سی ۔ ٹن ۔ اب انکا علیحدہ علیحدہ بیان نیچے کیا جاتا ہے ۔

اول ماک ۔ سا ۔ چین کے ملک مین ایک درخت ہوتا ہے جسکو ار ۔ ٹی ۔ می ۔ زیا ماک ۔ سا کہتے ہین ۔ اسکی پتیون مین جو پشم ہوتے ہین اُنکو علیحدہ کرکے گاؤدم شکل کی ایک یا ڈیڑہ انچ لمبی بتیان بناتے ہین جنکو ماک ۔ سا کہتے ہین ۔ علاوہ ازین سورج مکہی کے درخت کی شاخون کے گودہ سے بہی ماک ۔ سا کی بتیان تیار ہو سکتی ہین اور روئی کو قلمی شورہ کے گاڑہے عرق مین ترکرکے بہی ماک ۔ سا بناتے ہین اور کانور کے چہوٹے سے ٹکڑے کو چہیلکر مخروطی شکل کا ماک ۔ سا بن سکتا ہے ۔

ترکیب ماک - سا لگانے کی - جسم کی جس جگہہ پر ماک - سا لگانا ہو فاریسپس سے ماک - سا کی بتی کو اُس جگہہ پر اِس ڈہب سے پکڑتین کہ اُسکا چوڑا سرا جلد پر قائم رہے اب اوپر کے کم چوڑے سرے پر آگ لگا کر پہونکین تاکہ جلد کی وہ جگہہ جلجاے اِسکے کرنے سے وہان پر جلنے کا ایک داغ پیدا ہو جاتا ہے - آٹھہ دس روز کے اندر وہان زخم پیدا ہو کر اُس جگہہ کا گوشت و پوست گلگر گر پڑتا ہے اور ایک کھلا زخم رہ جاتا ہے اور اُس سے پیپ جاری رہتی ہے تاکہ زخم خشک نہونے پاوے - اُسپر کن - تھے - ڈش کا مرہم لگاتے ہین *

بطور امالہ کے ماک - سا ایسی بیماریون مین لگایا کرتے ہین جیسے گز - دی - جز اف دی - اس - پائین * سائی - ٹی - کا * اِمو - رو - سِس *

دوم ای - شیو - یہ بہی ایک عمدہ ترکیب امالہ کی ہے - ایسا کرتے ہین کہ ایک ٹکڑا اِس - ٹی - کنگ کی پٹی کا لیکر اُسکے بیچون بیچ ایک سوراخ کر کے جس جگہہ ای شیو لگانا ہو اُس جگہہ چسپان کر دیتے ہین - پٹی کے سوراخ سے جو جگہہ جلد کی نکلی ہوئی ہو اُسپر کاسٹک پوٹاش خوب طرح رگڑ دیتے ہین تاکہ وہ جگہہ جل جاے اور اُسپر ایک زخم پیدا ہو جائے - اب وہان پر قدرے سرکہ چھوڑ دیتے ہین تاکہ فضول حصہ کاسٹک پوٹاش کا صحیح جلد پر بہ کر اُسکو بھی زخمی نہ کر ڈالے - پانچ چار روز کے اندر اُس زخم سے چیچہڑے گلگر گر جاتے ہین اور وہان پر ایک گہرا زخم رہ جاتا ہے - اِسمین ایک دانہ مٹر کا رکہہ دیتے ہین جس سے خراش ہوتی رہتی ہے اور زخم خشک ہونے نہین پاتا بدن کے ایسے حصہ پر ای شیو نہ لگانا چاہئے جہان کوئی عصب ہو یا جس جگہہ کسی بڑی شریان کے قریب کوئی ہڈی اُبھری ہوئی ہو * ای - شیو کا زخم ایسی مقامات پر پیدا کرتے ہین جیسے ہِپ - جائنٹ کی پُرانی بیماری مین کولھے پر * آنکھہ یا کان کی بیماری مین کن پٹی پر * فقرات کے کے - ریز کی بیماری مین پُشت پر * دماغ کی بیماری

ہین جیسے اِپو۔پلکسی اور مرگی ہین ٭

سوم سی۔ٹون۔سی۔ٹن لگانے کے لیے ایک خاص قسم کا آلہ ہوتا ہے جسکو اصطلاح

مین سی۔ٹن نیڈل کہتے ہین ٭

جس جگہہ سی۔ٹن لگانا ہوتا ہے اُس جگہہ کی جلد کو چٹکیون سے اُٹھاکر سی۔ٹن نیڈل کو

آر پار کر کے نیڈل کو نکال لیتے ہین اور جو سوت کی بتی اُسکے ناکہ مین ہوتی ہے اُسکو

زخم کے اندر رہنے دیتے ہین تاکہ اُس بتی کے ہونے سے زخم عرصہ تک ہرا رہے

اُس بتی کو اِدہر اُدہر کہینچکر گرم پانی سے زخم کو دہوکر ہر روز صاف کر دیتے ہین ٭ مرگی۔

کو۔ریا اور آنکہہ کی بیماری وغیرہ مین گردن پر سی۔ٹن لگایا کرتے ہین ٭

قسم سوم وہ سی۔ڈی۔ٹیو دوائین جنکو باہر یا بیماری کے خاص مقام پر لگایا کرتے ہین

تاکہ سی۔ڈی۔ٹیو اثر پیدا ہو جاوے مگر بعض اُنمین سے ایسی دوائین بھی ہین جنکے

لگانے سے وہ مقام سُن ہو جاتا ہے ٭ اِنکو لوکل اِنس۔تھے۔ٹکس کہتے ہین ٭

فہرست۔ہائیڈرو۔سیا۔نک اِسڈ ٭ بلا۔ڈو۔نا ٭ اِٹ۔رو۔پیا ٭ افیون ٭

مار۔فیا کے مرکبات ٭ عرق یِسب۔اسے۔ٹِیٹ اف لِڈ کا ٭ اسے۔ٹِیٹ اف لِڈ ٭

سب۔نا ئے۔ٹریٹ اف بِسمتھ ٭ کریو۔زوٹ ٭ کار۔بالک اِسڈ ٭

فہرست لوکل اِنس۔تھے۔ٹک دواؤن کی۔ایتھر کا چھڑکنا ٭ برف کا لگانا ٭

اِکو۔نائیٹ ٭ اِکو۔نے۔ٹیا ٭ وی۔را۔ٹر۔یا ٭ من۔تھال ٭ آیو۔ڈو۔فا۔رم ٭

کو۔کین ٭

اوپر کی جتنی دوائین ہین اگرچہ اُن ساروں کے لگانے سے اُس جگہہ پر سی۔ڈی۔ٹیو

اثر پیدا ہو جاتا ہے مگر ادویاتِ مذکور مختلف طور پر اُس اثر کو پیدا کرتے ہین مثلاً

ہائیڈرو۔سیانک اِسڈ اور اِکو۔نائیٹ اور وی۔را۔ٹر۔یا کے لگانے سے اُس

مقام کے اعصاب پر خاص سے۔ڈی۔ٹیو اثر پیدا ہوتا ہے اور بلا۔ڈو۔نا اور

اِٹ - رو - پیا کے لگانے سے اُس جگہہ کے خون کی رگین شکست ہوجاتی ہین * بعض
ا - بنش - تھے - ٹِک دوائین ایسی ہین جنکے لگانے سے خون کی رگین سکڑجاتی ہین اور
کچھہ عرصہ کے لئے اُس جگہہ پر خون کا دورہ رُک جاتا ہے جس سے یا تو حس وہان کا کم
یا بالکل دور ہوجاتا ہے *

استعمال - اِن دواؤن کو خراش یا انفلامیشن روکنے کے لئے لگاتے ہین جیسی
یا کسی اور قسم کا درد رفع کرنے کے لئے یا اُس جگہہ کو سُن کرنے کے لئے لگاتے ہین
تا کہ عمل جراحی کے وقت اُس مقام پر درد ہونے پاوے *

قسم سوم ادویات اِمو - لے - اِنٹ یعنے مُدہنات - اِس قسم کی دوا جس جگہہ لگائی
جاتی ہے وہ چکنی ہوجاتی ہے اور وہان سے خراش رفع ہوکر آرام آجاتا ہے *

فہرست ادویات امو - لے - انٹ - نشاستہ کے قسم یا لعاب دار چیزین جیسے آٹا *
رائی * السی * گوندین * شہد * انجیر * نشاستہ * گلو - ڈی - اَن *
روغن اور چربی کے قسم کی چیزین - جیسے السی کا تیل * روغن بادام * تلون کا تیل *
روغن خشخاش * چربی * موم * اِس - پر - می - سی - ٹی * گلائی - سی - ریَن *
ہارڈ اور سافٹ پے - را - فائین *
البیو - من اور لیسدار چیزین - جیسے آئی - سِنگ گلاس * جے - لاٹین * سفیدی بیضہ *
انہین دوا ان کو جب پلاتے یا کہلاتے ہین تب انکو ڈی - مل - سِنٹ کہتے ہین یعنے مزلقات
ان سے رودون کا میوکس پردہ چکنا ہوجاتا ہے *

قسم چہارم خارجی قابضات اور اِس - ٹِپ - ٹک یعنے حابس الدم -
خارجی قابضات کے لگانے سے وہ مقام کچھہ تن جاتا ہے * انہین کو جب خون بند
کرنے کے لئے لگاتے ہین تب اِس - ٹِپ - ٹک بولتے ہین *

فہرست - ڈائی - لیوٹ سلفیو - رک اسڈ * ٹے - نِک اسڈ * گیا - لِک اسڈ *

مازو + ارک - بارک + ببول کی چھال + کتھا + کمرکس یعنے کائی - نو + را - ٹے - ٹی +
مے - ٹی - کو + پھٹکری + چونے کا پانی + سب اسے ٹیٹ اف لڈ + اسے - ٹیڈ اف لڈ +
کار - بونیٹ اف لڈ + سل - فٹ اف زنک + اسے - ٹیٹ اف زنک + اکسائیڈ اف زنک +
سلفٹ اف ایرن + ٹنکچر اف اسٹیل + سردی کا لگانا جیسے برف وغیرہ +

استعمال - ان دواؤن کو خون بند کرنے کے لئے لگاتے ہین + جب کسی مقام
سے رطوبت زیادہ بہتی ہے تب اکثر انکی پچکاری کرتے ہین جیسے سوزاک وغیرہ مین +
جب جسم کا کوئی حصہ باہر نکل پڑتا ہے تب انکو لگاتے ہین تاکہ سکڑکر اندر داخل ہو جاوے
جیسے رحم کے باہر نکل آنے مین یا کانچ نکلنے مین وغیرہ + اور ان کو جلد کی بیماریون
مین بھی لگاتے ہین +

قسم پنجم ادویات کاسٹک یعنی جلانیوالی دوائین - یہ وہ دوائین ہین جنکو
لگانے سے وہ جگہہ جل جاتی ہے + اور جل کر جب اُس مقام پر زخم پیدا ہو جاتا ہے
تب انکو اس - کے - را - ٹک بولتے ہین +

فہرست - سلفٹ اف کاپر یعنے طوطیا + نائیٹریٹ اف کاپر + ریڈ اکسائیڈ اف مرکری
نا ے - ٹریٹ اف سلور + کلورائیڈ اف ان - ٹے - منی + کلورائیڈ اف زنک +
گلے - شی - ال اسے - ٹک اسڈ + کار - با - لک اسڈ + ہے - لے - ہے - لک اسڈ +
ہائیڈرو - کلو رک اسڈ + نائیٹرک اسڈ + اسڈ نائیٹریٹ اف مرکری + سنکھیا +
کرو - سیو - سب - لی - میٹ + کرو - مک اسڈ + برو - مین + سلفیورک اسڈ +
کاسٹک - لائیم + کاسٹک سوڈا + کاسٹک پوٹاش +

ان دواؤن کا اثر کیمیائی ترکیب سے ہوتا ہے یعنے جس مقام پر لگائی جاتی ہین وہان
کے رطوبتون کے ساتھہ ملکر اُس جگہہ کو جلا دیتی ہین اور بعض اُس مقام کے [illegible]
ال - بیو - من کے ساتھہ ملکر خاص طرح کے مرکبات پیدا کرتی ہین +

استعمال - زہر کو زائیل کر دینے کے لئے لگائی جاتی ہین جیسے سانپ یا دیوانہ کتے کا یا آتشک کا + اور زخم کے بڑہے ہوئے انگورون کو دبانے کے لئے اور پا - لی - پس اور کن - سر کے زخمون کو جلانے کے لئے - اور بعض دفعہ اسواسطے بہی لگائی جاتی ہین کہ زخم کیحالت اچھی ہو جاوے + اور دُنبل کو کہولنے کے لئے اور ای - شیو کا زخم پیدا کرنے کے لئے (دیکھو بیچھے) +

حصّہ سوم

قسم اول - ان - ٹے - ڈوٹ یعنی فادزہر - یہ وہ دوائین ہین جن سے زہر کے اثر کا اُتار ہو جاتا ہے +

فادزہر دو قسم کے ہوتے ہین - ایک تو وہ جنکا اثر سیدہا اس قسم کا ہوتا ہے کہ جسم کے اندر جہان کہین زہر ہوتا ہے اُسکے ساتھ ملکر اُسکو زائیل کر دیتے ہین اور بعض کا اثر ضمنی طور پر اس قسم کا ہوتا ہے کہ زہر کے اثر کو روک دیتے ہین +

فہرست چند معروف و مشہور فادزہرون اور معروف زہرون کے

نام زہر	فادزہر
اِسڈ یعنے تیزاب	مگنے - شیا + چاک + کہاری کار - بونٹ کے قسم کے مرکبات کے عرق +
کہار مرکبات	سرکہ اور پانی اور روغن +
نباتات کے جوہر	حیوانی کوئلہ کا باریک سفوف +
اِن - ٹے - منی	اُن چیزون کا عرق جسمین ٹے - نِک اِسڈ ہو جیسے کہتا اور سنکونا وغیرہ +

نام زہر		دافع زہر
سنکھیا	....	کوئی بھی نہین مگر کوئلا پیکر یا مگنے۔شیا گھولکر پلاوین اور ہائیڈر رے۔ٹیڈ۔پے۔راک۔سائیڈ اف ایرن ٭
کلو۔رین	....	امو۔نیا ٭ مگنے۔شیا ٭
ہائیڈرو۔سیا۔نک اسڈ	....	عرق کلو۔رین ٭
آیو۔ڈین	....	آٹے کا سٹارچ یعنے نشاستہ ٭
سیسہ کے مرکبات	....	سلفٹ اف سوڈا اور مگنے۔شیا ٭
مرکبات سیماب	....	سفیدی بیضہ ٭
افیون	....	حیوانی کوئلا مار۔فیا کو جذب کرتا ہے ٭
نائے۔ٹرٹ اف سلور	....	کہانے کا نمک ٭
سلفٹ اف زنک	....	کار۔بونٹ اف سوڈا خوب طرح پانی مین حل کرکے پلاوین ٭

قسم دوم ڈس۔انٖ۔فکٹ۔ٹنٹ یعنے دافع بدبو اور انٹے۔سپ۔ٹک یعنے دافع عفونت۔ڈس۔انٖ۔فکٹ۔ٹنٹ اُن چیزون کو کہتے ہین جو بیماری کے خاص متعدی (چھوت) اوہ کوزائیل کر دیتی ہین اور خاص اُس مادہ کے گل جلنے سے یا جن اشیا سے وہ مادہ پیدا ہوتا ہے اُنکے گل جانے سے جو بدبودار ہوائین خارج ہوتی ہین اُنکو دور کردیتی ہین ٭

بہی۔ٹش۔فار۔ما۔کو۔پیامین یہ چند چیزین ڈس۔انٖ۔فکٹ۔ٹنٹ ہین جیسے کلو۔رین ٭ آیو۔ڈین ٭ برو۔مین ٭ کلو۔رہی۔نے۔ٹیڈ۔لائیم ٭ کلو۔رہی۔نے۔ٹیڈ سوڈا ٭ پر۔منگے۔نٹ اف پوٹاشس ٭ سلفٹ اف ایرن ٭ لکڑی کا کوئلا ٭

اِن - لے ہا - سِپ - ٹِنگ اُن چیزون کو کہتے ہیں جو متعدی مادہ کے اثر کو اسطرح زایل کر دیتے ہین کہ پھر وہ کیمیائی تغیرات پیدا کرنے کے قابل نہین رہتے - یہ کچھہ ضرور نہین کہ ان - لے ٹ - سپ ٹنگ چیزون سے اُن متعدی مادون کی کیمیائی اجزا مین کسی طرح کا فرق پڑجاوے +

فہرست ادویات اِن - لے ٹ - سِپ - ٹِنگ - کار - بالک اِسڈ + کریو - زوٹ - سے - لی - سی - لِک اِسڈ + آیو - ڈو - فارم + یورک اِسڈ + تھائی - مال + الکو - ہال + مِنٹ - تھال + سلفو - رس اِسڈ + کہانے کا نمک + کروسیو سُب - لی میٹ + ٹنکچر اف اسٹیل + کلورائیڈ اف زِنک + طوطیا + سنکھیا +

مقالہ دوم

ترکیبین دواؤن کے جسم کے اندر پہنچانیکی

دوائین جسم کے اندر کئی ترکیب سے پہنچائی جاتی ہین مثلاً دہن کے وسیلہ سے کہلائی یا پلائی جاتی ہین - معاستقیم کے دیہہ سے دوا کی پچکاری کیجاتی ہے یا دوا لگائی جاتی ہے تنفس کے آلات کے ذریعہ دوا بطور بخارات کے سُنگھائی جاتی ہے - جلد مین دوا کی پچکاری کیجاتی ہے تاکہ جذب ہوکر اثر اُسکا سارے جسم مین پہنچ جاوے - شاذونادر وریدون مین بھی دوا کی پچکاری کیجاتی ہے اور مرض کے خاص مقام پر اثر پیدا کرنے کے لئے مختلف مقامات کے میو - کس پردہ پر دوا لگائی جاتی ہے + اب اِن مختلف ترکیبون کا مختصر طور پر علیحدہ علیحدہ بیان ذیل مین کیا جاتا ہے چنانچہ

اول دوا کو جسم مین پہنچانا دہن اور معدہ کے ذریعہ - دوا اکثر کہلائی یا پلائی جاتی ہے - اگرچہ یہ ترکیب آسان ہے اور اسمین کسی آلہ کی بھی ضرورت نہین ہوتی پھر بھی

اس ترکیب مین سہولیت اور دقتین دونو مین مثلاً سہولیت تو یہ ہی کہ بہتیری حل ہونیوالی اشیا
کو معدہ نہایت آسانی سے جذب کر کے خون مین جلد پہنچا دیتا ہے مثلاً پوری مقدار
آیوڈائیڈ آف پوٹاسی اُم کے کہلائی تو بیس ہی منٹ کے اندر پیشاب مین آیوڈین
پائی جائیگی۔ علاوہ برین وہ اشیا جو پانی مین کم حل ہوتی ہین معدہ اُنکو آسانی سے حل
حل کر لیتا ہے۔ مثلاً کیا۔ لومش پانی مین بہت ہی کم حل ہوتا ہے پھر بھی جب کہلایا
جاتا ہے معدہ اُسکو حل کر کے خون مین پہنچا دیتا ہے اور بیمار کا منہہ آجاتا ہی ٭
دقتین اِس ترکیب مین یہ ہین کہ اکثر دوائین بدمزہ ہوتی ہین تو اُنکے کہانے یا پینے سے
اکثر بیمارون کو قے ہو جاتی ہے یا طبیعت نفرت کر جاتی ہے اور دوا کے کہانے
یا پینے سے انہضام کا فعل اچہے طور پر اکثر انجام نہین پا سکتا جس سے بیمار کو تکلیف
ہوتی ہے مگر باوجود ان ساری قباحتون کے دوا کا کہلانا یا پلانا ہی بہتر ہے ٭
دوم بذریعہ ریکٹم یعنے **معاستقیم کے** ۔ اس ترکیب سے یا تو دوا کی پچکاری کیجاتی
ہے یا بطور فرزجہ (سپا۔زی۔ٹری) کے معاستقیم کے اندر دوا داخل کیجاتی ہے
جب دوا کی پچکاری کرتے ہین تو مقدار پچکاری کی عرق کی زیادہ ہو یعنے نصف
پائنٹ سے لیکر ڈیڑہ دو پائنٹ تک تو اِس سے تو لون اور معاستقیم کو تحریک ہو کر
دست آنے لگتے ہین۔ پس جب پچکاری سے غرض دست لانے کی ہوتی ہے تب
پانی کی مقدار زیادہ ہونی چاہیے جیسے کسٹرائیل یا ایپسم سالٹ کا حقنہ کیا کرتے
ہین ٭ لیکن جب پچکاری سے یہ غرض ہوتی ہے کہ دوا کا عرق جذب ہو جاوے تب
مقدار پانی کی تہوڑی ہونی چاہیے مثلاً ایک دو یا حد ۴ آونس تک ٭ اس ترکیب سے
دوا جذب ہو جاتی ہے اور اُسکا اثر سارے جسم مین پہنچ جاتا ہے اور جیسی ساری جسم
پر ویسی بعض دفعہ خاص مرض کے مقام پر بھی اس ترکیب سے دوا پہنچائی جاسکتی ہے
مثلاً ریکٹم رودہ یا مثانہ کی دردناک بیماری مین جب افیون کی پچکاری کیجاتی ہی تب

بہ نسبت کہلانے کے اسکا اثر بہت زیادہ ہوتا ہے گو مقدار افیون کی بہ نسبت پچکاری کے زیادہ کیون نہ کہلائی جاوے ۔ یاد رہے کہ سریع الاثر دوائین جیسے نباتات کے جوہر ریکٹم روده کے میو-کس پردہ کے ذریعہ زیادہ تر آسانی سے جذب ہو جاتے ہین بہ نسبت معدہ کے میو-کس پردہ کے ۔ جب خاص ریکٹم یا اُسکے متصل کے کسی عضو مین بیماری ہوتی ہے تب فرزجہ کا استعمال بہی کرتے ہین ۔

سوم دوا کے بخارات سونگہنے (ان-ہے-لے-شن) ان-ہے-لیشن کی ترکیب سے دوا سنگہانے کا رواج اب روز بروز زیادہ ہوتا جاتا ہے کیونکہ اس ترکیب سے دوا کا اثر نہایت جلد پیدا ہو جاتا ہے ۔ علاوہ ازین ان-ہے-لے-شن کی ترکیب اُسوقت بہی کام مین آتی ہے کہ جب دوا کا اثر بیماری کے خاص مقام پر پیدا کرنا منظور ہو مثلاً ہوا کی نالیون مین جب خراش ہوتی ہے تو اُسکے رفع کرنے کے لئے دہتورے کا سگرٹ پلاتے ہین یا کونا-ام اور کریو-زوٹ یا ہائیڈرو-سیانک ایسڈ کا بخار سنگہاتے ہین اور اب سل یعنے تہائی-سس کی بیماری مین مرلضیکو کار-بالک ایسڈ کا بخار سنگہاتے ہین ۔

چہارم بذریعہ جلد کے جسم کے اندر دوا پہنچانی ۔ جلد کے ذریعہ دوا کئی طور سے پہنچائی جاسکتی ہے مثلاً جسم کے جس حصہ کی جلد باریک ہو اُس پر کوئی مرہم یا لگا ہی-سی-ریمن کے کسی مرکب کی مالش کرنی یا اس ترکیب سے اُس مقام پر کسی عرق کو لگانا جس سے دوا اُڑنے نہ پاوے اور ایسا بہی کرتے ہین کہ جلد پر بلسٹر لگا کر چھالا پیدا کرکے جلد کے باریک پردہ کو اُدہیڑ کر اُس ہری جگہہ پر چہڑک دیتے ہین مثلاً مار-فیا یا کوئی اَور نباتی جوہر کو اسیطور پر چہڑک دیتے ہین اور مرہم سیماب کی مالش کرتے ہین ۔

پنجم جلد مین دوا کی پچکاری کرنی یعنی سب-کیو-ٹے-نے-اس ان-جک-شن

اِس ترکیب سے دوا پہنچانے کا رواج اب بہت بڑہ گیا ہی کیونکہ کسی دوا کے عرق کی پچکاری جب اِس ترکیب سے کیجاتی ہے تب اِسکا اثر بہت ہی جلد پیدا ہوتا ہے مثلاً مار - فیا کی پچکاری جب اِس ترکیب سے جلد کے اندر کیجاتی ہے تب ایک منٹ کے عرصہ مین آنکھون کی پتلیان سُکڑ جاتی ہین اور درد دُکہہ فوراً دفع ہوجاتا ہے - یہ یاد رہے کہ جب کسی دوا کے پچکاری جلد کے اندر کیجاتی ہے تب بہ نسبت کہلانے کے اِسکی مقدار بہت ہی تہوڑی ہوتی ہے کیونکہ جسقدر دوا پچکاری سے داخل کیجاتی ہے اُس ساری کا اثر فوراً پیدا ہوجاتا ہے برعکس اِسکے جب وہی دوا کہلائی جاتی ہے تب معدہ کا میوکس پردہ اُس دوا کو کچھہ عرصہ بعد جذب کرتا ہے اگرچہ حل کرکے ہی پلائی جاوے *

ششم وریدون مین دوا کی پچکاری کرنی - اب اِس ترکیب کو بہت ہی کم یا بالکل نہین کام مین لاتے ہین *

مقالہ سوم

وہ حالات جن سے دوا کے اثر مین فرق پڑجاتا ہے

جب کوئی دوا جسم مین داخل کیجاتی ہے تب مختلف باتون سے اُسکے اثر مین اختلاف پڑجاتا ہی مثلاً بعض دفعہ تو خود دوا ہی مین وہ بات موجود ہوتی ہے اور بعض اوقات مریض مین ایسی باتین پائی جاتی ہین جن سے دوا کے اثر مین فرق پڑجا سکتا ہے - پس

وہ باتین جو خود دوا مین موجود ہوتی ہین کہ جن سے اُس کے اثر مین فرق پڑجا سکتا ہے

اوّل - بعض نباتات جو جنگل مین خودرو پیدا ہوتی ہین اُنمین نہایت سریع الاثر اجزا موجود ہوتے ہین مگر باغات مین بوکر جب تردد کے ساتھہ اُنکی پرورش کرتے ہین تب اُن اجزا کا اثر جاتا رہتا ہے اور بعض نباتات کا اثر اِس تردد سے بہت ہی تیز ہوجاتا ہے * کوئی

کوئی نباتی دوا ایسی بھی ہین کہ جنکے اثر مین آب وہوا سے فرق پڑجاتا ہے مثلاً گانجے کے
درخت سے جو چرس ہندوستان مین نکلتی ہے معتدل یا سرد ملکون مین نہین پیدا ہوتی
دوم - دوا کی خوراک کی مقدار سے بھی اُسکے اثر مین فرق پڑجاتا ہے مثلاً ٹارٹار ایمٹک
کا اثر تھوڑی مقدار مین سسی - ڈی - ئیٹو ہوتا ہے اور پوری خوراک مین کھلانے سے اس دوا
سے قے آتی ہے - اور نہایت کم مقدار مین جب سنکھیا کھلایا جاتا ہے تب اسکا
اثر ٹا - نک اور اِنٹے - لٹے - پے - ریا - ڈِک ہوتا ہے اور زیادہ مقدار مین یہ چیز زہر
قاتل ہے - مگر قاعدہ یہ ہے کہ جب کسی دوا کا اثر بتدریج پیدا کرنا منظور رہو اور اُس اثر
کو عرصہ تک قائم رکھنا مطلوب ہو تب اُس دوا کو تھوڑی تھوڑی مقدار مین کھلانا چاہیے
اور جب یہ مدنظر ہو کہ اثر اسکا جلد پیدا ہو اور جلد رفع ہوجاوے تب اُس دوا کو زیادہ
مقدار مین دینا چاہیے مثلاً رو - بزنگے تھوڑی مقدار مین اُسوقت دیتے ہین کہ جب
ٹا - نکِ اثر پیدا کرنا منظور رہتا ہے اور اِسی دوا کو زیادہ مقدار مین اُسوقت کھلاتے
ہین کہ جب اِسّے دست لانے کی نیت ہوتی ہے ✦

سوم - دوا جس شکل پر دیجاتی ہے اُس سے بھی دوا کے اثر مین بہت فرق پڑجاتا ہے
مثلاً بہ نسبت گولی کے سفوف کا اثر زود تر پیدا ہوتا ہے اور جب وہی دوا عرق کی شکل پر
پلائی جاتی ہے تب گولی اور سفوف دونو کی نسبت اُسکا اثر زود تر نمایان ہوتا ہے اور
یہہ بھی دیکھا گیا ہے کہ سفوف جس قدر زیادہ باریک ہوتا ہے اُسیقدر اُسکا اثر
بھی اچھا ہوتا ہے اور اِس سے خاص جگہہ پر خراش بھی نہین پیدا ہوتی مثلاً کافور
جب معمولی مقدار مین بشکل عرق یا نہایت باریک سفوف کے طور پر کھلایا جاتا ہے تب
معدہ اُسکو بخوبی قبول کرلیتا ہے لیکن سفوف اُسکا جب موٹا ہوتا ہے تب معدہ مین
تکلیف ہوتی ہے ✦

چہارم جب نسخہ مین چند دوائین ایسی ملائی جاتی ہین جنکے آپسکے اندر کیمیائی تغیرات

پیدا ہوجاتے ہین تب اِنکے اثر مین بہی فرق پڑجاتا ہے لیکن جب کسی دوا کا اثر خون مین داخل ہونے کے بعد پیدا ہوتا ہے تب اگرچہ وہ اثر تہوڑا سا کم ہوجاتا ہے تاہم کیمیائی تغیرات سے نہ تو بدل جاتا اور نہ دور ہوجاتا ہے مثلاً کسی معدنی تیزاب کے ساتھہ کوئی کہار دوا ملائی جاوے تو اُن دونو دوا کے اندر آپسمین ایسا کیمیائی تغیر پیدا ہوجاتا ہے کہ اُس تیزاب کی تیزی بالکل دور ہوجاتی ہے لیکن ٹارٹرک - نیا اور مار - فیا کا اثر خون مین منجذب ہوجانے سے پیدا ہوتا ہے سو اسلئے چاہے کیسا ہی تغیر پیدا ہوجاوے انکا اثر زور وشور سے ظاہر ہوجاتا ہے * اور یہ بھی یاد رہے کہ جب دو دوا اُن کے آپسمین ملنے سے انکے اندر کیمیائی تغیر پیدا ہوتا ہے تب بعض وقعہ اُس تغیر کے سبب سے ایک چیز ایسی پیدا ہوجاتی ہے کہ اُسکا اثر ان دونو دوا سے نرالا ہوتا ہے مثلاً کار - بونٹ اف مِگنے - شیا اور سلفیورک اسِڈ جب ملایا جاتا ہے تب اُنکے اجزا کے اندر کیمیائی تغیر پیدا ہوکر ایک جلاب کا نمک بنجاتا ہے یعنے سلفٹ اف مگ - نے - شیا جس سے دست آنے لگتے ہین *
علے ہذا القیاس اسے ٹِک اسِڈ اور کار - بونٹ اف امو - نیا کے ملانے سے اسے - ٹٹ اف امو - نیا بنجاتا ہے جسکا اثر ان دونو دوا سے نرالا ہوتا ہے یعنے ڈا - یا - فو - رے - ٹِک ایسی ہی اَور بھی مثالین دیجا سکتی ہے *

پنجم - جب کسی نسخہ کے جزو اعظم کے ساتھہ کوئی اَور دوا ملائی جاتی تب اسکا بھی کچھہ اثر اُس جزو پر ہوجاتا ہے مثلاً اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ اُس جزو اعظم کے مفید اثر کے ساتھہ کوئی اثر مضر بھی ہوتا ہے تب طبیب کو چاہئے کہ اسکے ساتھہ کوئی ایسی دوا اپنے نسخہ مین شامل کردے جس سے وہ مضر اثر دور ہوجائے - مثلاً بعض دوائین ایسی ہین جنکا ذایقہ اور بو بد ہوتی ہے یا وہ جزو ایسا ہو کہ جسکے پینے سے جی متلاوے یا پیچش ہو تو اُسکے ساتھہ ایسی دوا ملا دینی چاہئے جس سے

وہ باتین چھپ جاوین یا دور ہوجاوین مثلاً ایسم - سالٹ ایک بدمزہ نمک ہی تو چند قطرے سلفیورک ایسڈ کے جب اسمین ملائے جاتے ہین تب ذائقہ اسکا بدل جاتا ہے - علی ہذا القیاس کسٹر ائیل کی بدمزگی اسپرٹ اف کلورا - فارم یا کسی خوشبودار عرق کے ملادینے سے جاتی رہتی ہے اور سنا کے ساتھ جب سونٹھ یا ایسم - سالٹ ملایا جاتا ہے تب اس سے پیچش نہین ہونے پاتی ؛

جلب کے استعمال سے پیچش بھی ہوتی ہے تو اسمین کریم اف ٹارٹار اور جنجر ملا دینے سے وہ بات نہین ہونے پاتی اسیواسطے کمپاؤنڈ پاوڈر اف جلپ مین وہ دونو چیزین ملائی جاتی ہین ؛

وہ باتین مریض مین جن سے دوا کے اثر مین فرق پڑجاسکتا ہے

اول عمر - مختلف عمر کے بیمارون پر دوا کا اثر مختلف طور پر ہوتا ہے پس عہد طفلی سے لیکر جوانی تک دوا کی خوراک کی مقدار کو بتدریج بڑھانا چاہیے - مگر ۲۰ سال سے ۶۰ سال کی عمر تک دوا کی مقدار کو نتو بڑھانا اور نہ گھٹانا چاہیے - ۶۰ سال کے بعد جون جون عمر زیادہ ہوتی جاتی ہے آدمی کے قوی کمزور ہوتے جاتے ہین اسلیئے دوا کی مقدار کو گھٹانا چاہیے ؛

دوم جنسیت - نسخہ لکھنے مین مریض کی جنسیت کا بھی لحاظ رکھنا چاہیے کیونکہ عورت نازک اندام ہوتی ہے اور اسکے عصبی نظام کو ادنی سے بات سے تحریک ہوجاتی ہی اسواسطے عورت کو بہ نسبت مرد کے سریع الاثر دوائین کم مقدار مین دینی چاہئین ؛ عہد طفلی اور لڑکپن مین چندان فرق نہین معلوم ہوتا لیکن جوانی کے بعد اور حمل اور رضاعت کے ایام مین قوی وغیرہ مین بہت فرق پڑجاتا ہے ؛ حیض کے ایام اور حمل مین جلاب نہ دینا چاہئے اور یہ بھی یادر ہے کہ حمل اور دودہ پلانے کے ایام مین دوا خون مین منجذب ہو کر بچہ اپنا مضر اثر پیدا کرسکتی ہے - پس ان دونو ایام مین دوا احتیاط سے دینی چاہیے ؛

سوم مزاج - دوا کا اثر مختلف مزاج کے آدمیون پر مختلف طور پر ہوتا ہے مثلاً

(الف) دموی مزاج (دیکھو اس مزاج کی تعریف طب رحیمی مین) کے آدمی کو

ان - ٹے - فلو - جس - ٹک (انفلامیشن کو دور کرنیوالا) علاج کی خوب برداشت ہوتی ہے مگر

اسٹے - ہیو - لنٹ دوائین انکے مضر پڑتی ہین +

(ب) مزاج بلغمی (دیکھو اس مزاج کی تعریف طب رحیمی مین) جنکا مزاج بلغمی ہوتا ہے شدید بیماریوز

مین مضعف علاج کی انکو اچھی برداشت نہین ہوتی +

(ج) صفراوی مزاج (دیکھو تعریف طب رحیمی مین) اس مزاج کے بیمارون کو ہلکے جلاب کی اچھی

برداشت ہوتی ہے اور چونکہ اس مزاج کے آدمیون مین ہاضمہ کی خرابی ہوجایا کرتی ہے تو

انکو کو - لو - گاگ یعنی صفرا اخراج کرنیوالی دواؤن سے اکثر فائدہ ہوجاتا ہے +

(د) تر - وش مزاج (دیکھو تعریف طب رحیمی مین) اس مزاج کے لوگو نکو ان - ٹے - فلو - جس - ٹک

علاج ناموافق پڑتا ہے بلکہ انکو ادویات اِن - ٹش - پاز - موڈ - ک اورنار - کا - ٹک

اور ٹا - نک اور اسٹی - میو - لنٹ دواؤن سے فائدہ ہوتا ہے +

چہارم طریقہ گزران - جو لوگ کہلی ہوا مین رہتے ہین جسمی ریاضت بہت کرتے ہین

غذا خوب کہاتے ہین اور کسی طرح کی بدپرہیزی نہین کرتے اُنکی شدید بیماریون کا علاج

تیزی سے کرنا چاہئے اور اُنکو دوا بھی زیادہ مقدار مین دینی چاہئے - برعکس اسکے جو کاہل المزاج

اور آرام طلب ہوتے ہین خاصکر بڑے شہرون مین بود و باش کرتے ہین اور جنکی غذا

کثیف ہوتی ہے اُنکو نہ تو تیز علاج اور نہ تیز دوا کی برداشت ہوتی ہے اور شراب خوار بدپرہیز

اور زانیون کا بھی یہی حال ہے کیونکہ ان ساری باتون سے انسان کے قوا ضعیف

ہوجاتے ہین +

پنجم عادت - عرصہ کے استعمال سے جب کوئی دوا کسیکی طبیعت کے ساتھہ ملجاتی

ہے تب زیادہ مقدار کے بغیر اُسکا اثر خاص اُس شخص پر نہین پیدا ہوتا - مثلاً افیونی پر

افیون کی معمولی مقدار کا اثر کچھ بھی نہین ہوتا - پس اس دوا کا خاص اثر پیدا کرنے کے لئے افیونی کو زیادہ مقدار مین افیون دینی چاہئے ورنہ فائدہ نہوگا * مگر بعض دواؤنکا اثر اسکے خلاف بھی وقوع مین آجاتا ہے مثلاً آیوڈین کا استعمال جب عرصہ تک کیا جاتا ہے تب وہ دوا طبیعت کے ساتھ ملجاتی ہے اور وہ اثر خاص آیوڈین کا نہین پیدا ہوتا مگر مقدار کے کم کردینے یا ایک دو ہفتہ تک دوا کے ملتوی رکھنے سے اپنا اثر پھر پیدا کرنے لگتی ہے *

ششم بیماری - بیماری بھی دوا کے اثر مین فرق ڈال دیتی ہے مثلاً اکیوٹ ڈی-سن-ٹری مین اپ-کے-کوانا کی بہت برداشت ہوجاتی ہے علی ہذا القیاس نیو-مو-نیا مین ٹار-ٹار امے-ٹک کی اور ڈے-لی-ٹرمے-ٹنس مین افیون کی اور بعض بخارون مین سیماب کی بہت برداشت ہوجاتی ہے *

یہ بات بھی یاد رہے کہ جو دوا کسی کھار چیز مین حل ہونیوالی ہوتی ہے اُسکا اثر اگر روودون مین صفرا نہو تو نہین پیدا ہوتا ہے جیسے یرقان کی بیماری مین *

ہفتم خیال - یہ بات مشہور ہے کہ مریض کے خیال کا اثر بھی دوا پر بہت ہوتا ہے مثلاً کسی گولی کے کھلاتے وقت بیمار کو کہہ دیا جاوے کہ اِس سے دست آوینگے تو اُس گولی کا اثر جلد ہوجاتا ہے اور ڈا-یو-رے-ٹک دواؤنکا بھی یہی حال ہے - پس دوا دیتے وقت مریض سے کہہ دینا چاہئے کہ یہ دوا فلانی بات کے لئے دیجاتی ہے کہ اُسکی توجہ اُس بات پر رجوع رہے - بعض اتائیون کی دوا سے اسی اعتقاد کے سبب فائدہ ہوتا ہے - پس طبیب کو چاہئے کہ اپنے بیمار کا اعتقاد اپنے پر جمانے کی کوشش کرے * چنانچہ اسیواسطے جو طبیب خوش مزاج اور خندہ پیشانی ہوتے ہین بیمار کا اعتقاد اُن پر جلد جم جاتا ہے اور اُنکے علاج سے فائدہ بھی ہوتا ہے * طبیعت کی خاص حالت سے نار-کا-ٹک اور اس-ٹے-میو-لنٹ دوا کے اثر مین فرق پڑجاتا ہے مثلاً طبیعت جب

ورہم برہم ہوتی ہے اور مزاج مین غصہ ہوتا ہے تب افیون بہ نسبت نیند لانے کے بے چینی پیدا کرتی ہے یا کچھہ بھی اثر نہین کرتی اور طبیعت مین غم نکرہ یا کسی بات کا خوف ہوتا ہے تب اسٹی-میو-لینٹ دوا کے استعمال سے تفریح نہین ہونے پاتی ہے۔ بعض آدمی کی طبیعت کا اثر بعض دواؤن پر عجیب ہی قسم کا ہوتا ہے مثلاً بعض آدمی کی طبیعت ایسی ہوتی ہے کہ افیون کی خوراک کے کہانے سے خوفناک علامتین پیدا ہو جاتی ہین اور بعض کو اُس دوا کی جبتک زیادہ مقدار نہ کہلائی جاوے تبتک افیون کا خاص اثر پیدا نہین ہوتا۔ پس جب کسی بیمار مین طبیعت کے اِس قسم کے اختلاف دریافت ہو جاوین تو اپنے نسخہ کو بھی اسیطور پر مرتب کرنا چاہیئے۔

مقالہ چہارم

دوا کس شکل پر اور کس وقت دینی چاہیئے

دوا کو خشک یا عرق کے طور پر اور کس وقت اور غذا کے کتنے عرصہ پہلے یا بعد دینا چاہیئے اِن باتون سے بھی طبیب کو واقفیت ہونی چاہیئے۔

مثلاً یہ چاہو کہ دوا جلد جذب ہو جائے تو عرق کے طور پر خلو معدہ مین دینا چاہیئے کیونکہ دوا جب خشک ہوتی ہے تب معدہ کی رطوبتون مین حل ہونے کے لئے اسکو عرصہ لگتا ہے۔ اور معدہ مین جب غذا ہوتی ہے تب طبیعت کا میلان خون سے معدہ کیطرف ہوتا ہے اور معدہ سے خون کیطرف نہین ہوتا اسواسطے دوا دیر سے جذب ہوتی ہے۔ مثلاً ایسا کرو کہ اِس-ٹرک-نیا کے ہموزن دو مقدار لیکر ایک تو گولی بنا کر بیمار کو کہلا دو اور دوسری مقدار کو حل کر کے عرق کے طور پلا دو اب اِن دونو مقدارون کے اثرون کو ملاحظہ کرو گے تو یہ پاؤ گے کہ اس-ٹرک-نیا کے عرق کا اثر بہ نسبت گولی کے بہت جلد پیدا ہو گا۔ اِسیطرح نکس-وا-میکا کو پہلے خالی پیٹ مین کہلاؤ اور پھر غذا کے بعد بھی کہلاؤ تو یہ پاؤ گے

کہ خلو معدہ کیحالت مین اُس دوا کا اثر بہت جلد پیدا ہوگا ٭ یہ چاہو کہ دوا اپنا اثر دیر سے پیدا کرے تو خشک دوا کو بعد غذا کے کہلانا چاہیے ٭ جن دواؤن کا اثر معدہ اور ردودن پر ہوتا ہے اُنکے استعمال مین اِن دو باتون پر لحاظ رکہنا چاہیے ایک تو موقع کے وقت پر دوسرے دوا کی شکل پر مثلاً

اول - معدہ کی خراش رفع کرنی ہو یا اُس عضو کو طاقت بخشنی ہو تو دوا آدہے یا ایک گہنٹہ غذا سے پہلے دینی چاہیے ٭

دوم - دوا نہایت کہاری ہو تب ایک گہنٹہ پہلے یا تین چار گہنٹہ بعد غذا کے دینی چاہیے - پہلی صورت مین اِس دوا سے معدہ کی ترشی دور ہوجاتی ہے اور وہ دوا اور یہ دن مین جلد جذب ہوکر خون مین ملجاتی ہے اور دوسری صورت مین ہاضمہ کے بعد معدہ مین جو ترشی رہ جاتی ہے دوا اُسکو زائل کردیتی ہے جس سے کلیجہ نہین جلنے پاتا لیکن کہار دوائین غذا کے وقت جب کہلائی جاتی ہین تب ہاضمہ مین قصور رہ جاتا ہے کیونکہ معدہ کی رطوبت مین جبتک ترشی نہین ہوتی ہے تبتک ہاضمہ اچھی طرح ہونے نہین پاتا ٭

سوم - جب اِس غرض سے دوا دیجائے کہ جذب ہوکر خون کیحالت کو بہتر کرے اور بدن کو فربہ کردے تو دوا عین غذا کے وقت یا بہت ہی تہوڑے عرصہ بعد غذا کے دینی چاہیے مثلاً فولاد اور کاڈ - لے - وُر وغیرہ ٭

چہارم - جن دوا سے معدہ مین خراش کا احتمال ہو اُنکو بعد ہی غذا کے دینا چاہیے کیونکہ اِس صورت مین اُنکا اثر خاص معدہ پر کم ہوتا ہے چنانچہ سنکہیا کے مرکبات کو اِسی ترکیب سے دینا چاہیے ورنہ خلو معدہ مین کہلاؤ گے تو مریض کو تکلیف ہوگی ٭

پنجم - جب کوئی دوا نیند لانے کی غرض سے دینی ہو تو قبل از دینے کے اِن چند باتون کا لحاظ رکہنا چاہیے چنانچہ دوا خشک ہو یا تر - دوا نیند لانے کے قسم کی ہے اور اُس کی نسبت بیمار کی طبیعت کا کیا حال ہے - مثلاً وہ مقوم دوا گولی کی شکل کی ہو تو یہ نسبت

عرق کے اُسکو اپنا خاص اثر پیدا کرنے کے عرصہ کے بہت دیر پہلے کہلانا چاہئے اور یہ بہی یاد رہے کہ بعض بیمار پر مقوّم دوا کا اثر بہ نسبت اَوروں کے زودتر پیدا ہوتا ہے ؞

ششم - جلابون کا اثر ان دو باتون پر زیادہ حصر رکہتا ہے ایک تو انکے دینے کے وقت پر اور دوسرے جلاب جس شکل پر دئے جاتے ہین اُسپر بہی انکا اثر بہت حصر رکہتا ہے - جلاب کے دینے سے اکثر یہ غرض نہین ہوتی ہے کہ اسکا اثر معدہ پر پیدا ہو بلکہ جلاب اس مطلب سے دئے جاتے ہین کہ انکا اثر نیچے کے روودون پر پیدا ہو - پس یہ قاعدہ یاد رکہو کہ جلاب غذا سے گہنٹہ یا آدہ گہنٹہ پہلے اور کم سے کم چار گہنٹے بعد غذا کے دینا چاہیے ؞

ہفتم - ان یتھیل - مِن - ٹاک دواؤن کے دینے کا یہ قاعدہ ہے کہ بیمار کو فاقہ کی حالت مین ان دوا کو دینا چاہئے تاکہ کرمون پر انکا اثر خوب طرح ہو جائے ؞

مقالہ پنجم

ترکیبین دواؤن کی خوراک کی مقدارون کے دریافت کرنیکی

یہ بات عیان ہے کہ مختلف عمر کے بیمار کے لئے دوا کی خوراک کی مقدار مختلف ہونی چاہئے اور عورت اور مرد کا بہی لحاظ اس بارہ مین رکہنا چاہئے علاوہ انکے اَور بہی بہتیری حالتین ہین جنمین دوا کی خوراک کی مقدار مین اختلاف پڑجاتا ہے ؞ دوا کی خوراکون کے باب مین ڈاکٹر گا - بے - اس کا نقشہ بہت ہی خوب ہے - اسمین جوان آدمی کے لئے کسی دوا کی خوراک کی مقدار ایک فرض کی گئی ہے - اور اُس ایک کی کسر مین مختلف عمر کے بیمار کے لئے اس دوا کی خوراک مقرر کی گئی ہین - پس فرض کرو کہ کسی دوا کی خوراک کی مقدار کسی جوان آدمی کے لئے ۶۰ گرین ہے تو

ایک سال سے کم عمر کے بیمار کے لئے اُس دوا کی خوراک ہوگی $\frac{1}{12}$ یعنے ۵ گرین ؞

دو سال سے کم عمر کے بیمار کے لئے اُس دوا کی خوراک ہو گی ۱/۸ یعنے ۷½ یا ۸ گرین

تین سال 〃 〃 〃 〃 ۱/۶ یعنے ۱۰ 〃

چار سال 〃 〃 〃 〃 ۱/۴ یعنے ۱۵ 〃

سات سال 〃 〃 〃 〃 ۱/۳ یعنے ۲۰ 〃

چودہ سال 〃 〃 〃 〃 ۱/۲ یعنے ۳۰ 〃

۲۰ سال 〃 〃 〃 〃 ۲/۳ یعنے ۴۰ 〃

۲۰ سال سے ۶۰ سال کی عمر کے بیمار کے لئے پوری خوراک ۶۰ گرین ٭

اوپر کے نقشہ مین سالون ہی کے حساب سے دوا کی خوراکین مقرر کی گئی ہین۔ مہینون کے عمر کے بچون کی خوراکون کا ذکر نہین کیا گیا۔ سو مہینون کی عمر کا نقشہ ذیل مین دیا جاتا ہی

پس فرض کرو کسی دوا کی خوراک ایک جوان آدمی کے لئے ۶۰ گرین ہے تو

ایک مہینے سے کم عمر کے بچہ کے لئے اُس دوا کی خوراک ہو گی ۱/۶۰ یعنے ایک گرین ٭

۳ مہینے 〃 〃 〃 〃 ۱/۳۰ یعنے ۲ گرین ٭

۶ مہینے 〃 〃 〃 〃 ۱/۲۰ یعنے ۳ گرین ٭

۹ مہینے 〃 〃 〃 〃 ۱/۱۵ یعنے ۴ گرین ٭

اور ۹ مہینے سے ایک سال کی عمر کے بچہ کے لئے اُس دوا کی خوراک ۵ گرین ہو گی ٭

یہ بات یاد رہے کہ تین یا چار مہینے سے کم عمر کے بچون کو افیون نہ دینی چاہئے اور اِس عمر سے بڑے بچہ کو دینی ہو تو بھی نہایت کم مقدار مین اور بہت ہی ہوشیاری کے ساتھ افیون دینی چاہئے ٭

مقالہ ششم

ناقصات

نسخہ لکھتے وقت اسبات کا ضرور خیال رکھین کہ اُسمین جو جو دوائین درج ہون اُنکا آپسکے اندر

ایک دوسرے کا سے ضد ہو کیونکہ دوائین ایک دوسری کے مخالف کئی طرح سے ہو سکتی ہین چنانچہ
ایک تو کیمیائی ترکیب سے یعنے جب چند نقیض دوائین آپسمین ملائی جاتی ہین تب اِن کے
اجزا مین آپسمین کے اندر اِس قسم کے کیمیائی تغیرات پیدا ہو سکتے ہین کہ وہ نسخہ یا تو
بیمار کو مضر پڑ سکتا ہے یا اُسکا اثر کچھ بھی نہین پیدا ہو سکتا یا جس مطلب کے واسطے
نسخہ تجویز کیا تھا اُسکے بدل کوئی اَور اثر پیدا کر سکتا ہے - مثلاً آتشک کی بیماری مین عرصہ
تک سیماب کا استعمال کرکے اگر آیوڈائیڈ آف پو-ٹا-سیم کا استعمال شروع کر دیا
جاوے تو جسم مین آیوڈائیڈ آف مر-کری بنجا سکتی ہے جس سے بعض اوقات
بیمار کا مُنھہ دفعتاً آجا سکتا ہے - اور کوئی کہار دوا جب افیون کے ہمراہ دیجاتی ہے
تب اِسکا جوہر مار-فیا غیر محلل منجمد بنکر نیچے بیٹھہ جاتا ہے اور جب تیز کہار دواؤن
کے عرق مین ہِن-بِن اور دہتورا اور بلا-ڈو-نا کے مرکبات ملائے جاتے ہین تب
اثر اِنکا دور ہو جاتا ہے ٭

دوم نسخہ کے اجزا کی ترکیب دینے کے طریقہ سے بھی اِنکے اثر مین خلل پڑ جا سکتا ہے مثلاً
نسخہ کے اجزا مین کوئی اِس قسم کا ٹنکچر ہو جسمین رال موجود ہو اور بعد تہ اُس نسخہ کا
پانی ہو تو مکسچر کی شیشی مین پہلے پانی چھوڑ کر اُس ٹنکچر کو ڈالنے سے رال اُسکی علیحدہ
ہو کر نیچے بیٹھہ جائیگی اور نسخہ کے اثر مین فرق ڈال دیگی ٭

تیسری قسم کے ناقضات وہ ہین جنکے اثر مین آپسکے اندر ضد ہے مثلاً بلا-ڈو-نا کا اثر
کے-لے-بار-بین اور افیون کے اثر کا ضد ہے اور ہِن-بِن اور دہتورا اور بلا-ڈو-نا
کا اثر افیون کے اثر کا ضد ہے ٭ اِسڈ یعنے تُرش چیزون کو الکلے یعنے کہار چیزون سے
ضد ہے - پس اِن دونو کو ملا کر نہ پلانا چاہیئے ورنہ ایک دوسرے کا اثر زایل ہو جائیگا
اور تیسری ایک چیز ایسی پیدا ہو جائیگی جو نہ تو تُرش اور نہ کہار ہوگی ٭ تیز قسم کے جو اِسڈ
ہین وہ کار-بونٹ اور ایسے-ٹِٹ قسم کے مرکبات کا تجزیہ کرکے انکو بگاڑ دیتی ہین ٭

دہات کے مرکبات اور نباتات کے جوہر جب آپسمین ملتے ہین تب اُنکے اجزا کا تجزیہ ہوجاتا
ہے ٭ قابض خیسانده جب فولاد کے مرکبات کے ساتھ ملائے جاتے ہین تب وہ عرق
سیاہ ہوجاتا ہے اور اِن - بیو - من اور جے - لا - ٹین اور دہاتون کے چند مرکبات
از قسم اکسائیڈ جب قابض خیسانده کے ساتھ ملائے جاتے ہین تب منجمد ہنکر تہ نشین
ہوجاتے ہین ٭ یہ قاعدہ یاد رکہو کہ مختلف دواؤن کے نمکون کا آپسکے اندر ضد ہے
کیونکہ جب ایک دوسرے کے ساتھ ملائے جاتے ہین تب ایک نمک حل ہونیوالا
یا غیر محلل پیدا ہوجاتا ہے یا دو غیر محلل نمک یا ایک ہی مرکب ایسا پیدا ہوجاتا ہے کہ
دو قسم کے نمک آپسمین ملے جلے ہوتے ہین - مگر ساتھ اِسکے یہ بہی یاد رہے کہ جن
چیزون کے آپسمین ملنے سے ایک نیا مرکب بنجاتا ہے یا اُن چیزون کے اجزا مین
تغیر و تبدل ہوجاتا ہے تب ہمیشہ ایسا نہین ہوتا کہ اُس تغیر و تبدل سے نسخہ بگڑجاتا ہی
مثلاً اسے - ٹِک اِسڈ اور کار - بو - نٹ اف ایمو - نیا ملنے سے اُن دونو چیزون کے
اجزا مین تغیر و تبدل پیدا ہوکر ایک فائدہ مند اور کار آمد مرکب بنجاتا ہے جس کو
لائے - کوار اِمو - نیا اسے - ٹے - ٹِش کہتے ہین - علے ہذا القیاس کار - بونٹ اف پوٹاش
اور سائے - ٹِرک اِسڈ کے آپسمین ملنے سے ایک مفید مرکب سائے - ٹرٹ اف پوٹاش
کا بنجاتا ہے ٭ ناقضات کی فہرست ہر یک دوا کے ساتھ دیجائیگی ٭

مقالہ ہفتم

مفردات و مرکبات

دوائین تین قسم کی ہوتی ہین ایک وہ جو معدنیات سے حاصل ہوتی ہین - دوسری وہ
جو نباتی کہلاتی ہین اور تیسری قسم کی دوائین حیوانات سے پیدا ہوتی ہین - پس

کتاب کے اِس حصہ کو تین باب مین تقسیم کیا ہے چنانچہ

باب اوّل

ادویات معدنی مطابق فار۔ما۔کو۔پیا کے

پانی

لاٹن ______ ______ انگریزی

اِکوا ______ واٹر

پانی کی نسبت فار۔ما۔کو۔پیا مین یہ ہدایت ہے کہ قدرتی پانی جسقدر صاف دستیاب ہو سکے اُسکو بھی ضرورت ہو تو فل۔ٹرے۔شن کی ترکیب سے چھان لینا چاہئے۔اِس پانی مین نہ تو بو اور نہ ذائقہ اور نہ کوئی ایسی کثافت ہو جو آنکھون سے دکھلائی دے ❊ ہندوستان مین پینے کا پانی یا تو چاہات کا ہوتا ہے یا بارش کا پانی تالابون مین جمع رہتا ہے یا دریا کا پانی پینے مین آتا ہے۔مگر یہ پانی اکثر پاک صاف نہین ہوتا کیونکہ اکثر شہرون مین جو چاہات اور تالاب ہوتے ہین وہ ایسی زمینون مین کھودے جاتے ہین جنمین سالہا سال کی گندگی اور ملبہ سٹر کر مٹی مین ملا ہوا ہوتا ہے اور اسی گندی مٹی کے اندر سے پانی نتھر کر گندگی کو ساتھ لیتا ہوا اُن چاہات اور تالابون مین جمع رہتا ہے اور لوگ اُسی پانی کو پیتے ہین جس سبب سے انکی صحت مین کسی نہ کسی قسم کی خرابی ہمیشہ رہتی ہے اور بیماری کے دنون مین طرح طرح کے وبائی مرضون مین مبتلا ہو جاتے ہین اور تالابون کا پانی علاوہ گندی مٹی کے اِس سبب سے بھی کثیف ہو جاتا ہے کہ لوگ جس تالاب کا پانی پیتے ہین اُسمین نہاتے دہوتے اور باسن برتن بھی مانجھتے ہین اور اُسی مین اپنے مویشی کو بھی نہلاتے دُہلاتے ہین ❊

کثافت - پانی کی کثافت دو قسم کی ہوتی ہے ایک آر - گے - نک دوسری اِن آر - گے - نِک
آر - گے - نِک قسم کی کثافت مین نباتی اور حیوانی اجزا ہوتے ہین جس سبب سے تھوڑے
عرصہ بعد پانی مین بدبو پیدا ہو جاتی ہے اجزا مذکور کی شناخت اِس طور پر کر سکتے ہین کہ تھوڑا
سا پانی لیکر اُڑا دین تا کہ خشک ہو جاوے اُسمین آر - گے - نِک اجزا موجود ہین تو برتن
کے نیچے جم جاینگے اور رنگ بھورا ہو جائیگا - اِس منجمد کو قدرے آنچ دین تو جلکر سیاہ
ہو جائیگا - علاوہ ازین جس پانی مین آر - گے - نِک قسم کی کثافت ہوتی ہے اُسمین
پر - منگنے - نٹ اف پو - ٹاش کا عرق ملایا جاوے تو بد رنگ ہو جائیگا - کثافت کی مقدار
بھی اِسی عرق سے دریافت ہو سکتی ہے کیونکہ جس پانی مین ۵ گرین آر - گے - نِک
کثافت ہوتی ہے اُسمین پر - منگنے - نٹ اف پو - ٹاش کے ایک گرین کی طاقت
کے عرق کا رنگ بگڑ جاتا ہے ٭

اِن - آر - گے - نِک کثافتین اکثر نمکین قسم کی ہوتی ہین مثلاً لائیم (یعنے چونہ)
مگنے - شیا اور سوڈا وغیرہ جب کسی پانی مین سلفیو - رے - ٹڈ ہائیڈروجن
کے ملانے سے کسی طرح کا تغیر پیدا ہو تو اس سے دہاتی کثافت ثابت ہوتی ہے
خاصکر سیسہ اور اگر اگ - زا - لٹ اف امو - نیا کے ملانے سے پانی کا رنگ
بدل جاوے تو چونہ یا مگنے - شیا ثابت ہوتا ہے اور نائٹریٹ اف سلور
کے ملانے سے کوئی منجمد تہ نشین ہو تو مرکبات از قسم کلو - رائیڈ کے ثابت ہوتے
ہین خاصکر کہانے کا نمک یعنے کلو - رائیڈ اف سو - ڈی - ام ٭ اور اگر
کلو - رائیڈ اف بے - ری - اَم کے ملانے سے کسی طرح کا تغیر پیدا ہو تو اُس پانی
مین کثافت از قسم سلفٹ کے پیدا ہوتی ہے مثلاً سلفٹ اف مگنے - شیا یا
سلفٹ اف لائیم وغیرہ اور اگر چونہ کا پانی ملانے سے اُس پانی مین سفیدی پیدا
ہو جاوے تو کار - با - نِک اِسڈ کی کثافت ثابت ہوگی ٭

استعمال - علاوہ دوا سازی کے طبیب اور جراح بھی پانی کا استعمال کثرت سے کرتے ہین یعنے کبھی تو عام پانی کا اور کبھی پانی کا بخار اور بعض دفعہ منجمد پانی یعنے برف استعمال مین آتی ہے چنانچہ تپ مین کہ جب بیمار کو تشنگی کا غلبہ ہوتا ہے اُسوقت ایک کاسہ آب سرد کا ہزار کاسہ آبجیات سے بھی خوشتر معلوم ہوتا ہے اور بواسیر اور کن پیڑی کی بیماری مین آب گرم کے بخار کے لگانے سے اکثر نہایت فائدہ ہوتا ہے اور قے کے روکنے کے لئے اور معدہ کے انفلامیشن مین برف کے ٹکڑون کے کہانے سے فائدہ عظیم ہوتا ہے علاوہ ازین جب برف باہر لگائی جاتی ہے تو وہ حصہ جسم کا سُن ہو جاتا ہے جس سے جراح بلا درد یا تکلیف اپنا عمل کر سکتا ہے اور مثانہ کے اندر برف ٹکڑے بھر کر پہنچا یا دماغی امراض مین سر پر لگانا تو ایک عام بات ہی اور جراح لوگ زخم اور مقام انفلامیشن پر پانی ہمیشہ لگایا کرتے ہین -

پانی غسل مین بھی خرچ ہوتا ہی لیکن غسل کے پانی کی حرارت مختلف درجہ کی ہوتی ہے اور بموجب اس پانی کی حرارت کے درجہ کے طبیبون نے غسل یعنے باتھ چار قسم کا مقرر کیا ہے - ایک تو کو - لڈ - باتھ یعنے آب سرد کا غسل ؛ دوسرے لے ٹے پڈ باتھ یعنی غسل آب شیر گرم ؛ تیسرے وارم - باتھ یعنے غسل آب گرم چہارم ہاٹ - باتھ یعنے نہایت گرم پانی کا غسل تمثیل کے طور بھی کئی ہین - ایک تو اسفنج کو تر کر کے بدن کو پونچھ ڈالنا ؛ دوسرے ناند یا ٹب مین پانی بھر کر بیٹھنا - اِسکو انگریزی مین شَینر - باتھ کہتے ہین - تیسرے پانی مین صرف پانون ڈبونا یعنے پاشویہ - اِسکو انگریزی مین فٹ - باتھ بولتے ہین - چوتھے ہپ - باتھ یعنے پانی مین صرف کمر تک بیٹھنا ؛

ان مختلف غسلون کا درجہ حرارت یہ ہے کہ کو - لڈ - باتھ کا پانی غسل کے دن کی حرارت کے درجہ پر ہونا چاہئے - اِس سے چند درجہ زیادہ گرم پانی کے غسل کو ٹے - پڈ - باتھ کہتے ہین ؛ اور وارم - باتھ کی حرارت ۹۰ سے ۹۸ درجہ تک ہونی چاہئے اور ہاٹ - باتھ

کی حرارت ۱۰۰ سے ۱۱۲ درجہ تک ہوتی ہے ۔
ان مختلف قسم کے غسل کے اثر مین بہی اختلاف ہے چنانچہ پہلے تین قسم کے غسل کا اثر مقوی ہے لیکن ہاٹ ۔ باتھ مضعف ہے اور اُسکو اُسوقت کام مین لاتے ہین کہ جب جسم کو ضعیف کرنے کی ضرورت پڑتی ہے مثلاً کسی جوڑ کے اُکھڑ جانے کے وقت یا فتق یعنے ہر ۔ نیا کے چڑہانے کے وقت ۔ یاد رہے کہ جب ہاٹ ۔ باتھ کے دینے کی ضرورت ہو تو پانی کو پہلے ۹۸ درجہ سے زیادہ گرم نہ ہونا چاہیئے بعد ازان تبدریج اُسکو ۱۰۰ یا ۱۱۲ درجہ تک بڑہانا چاہیئے ۔
ان غسلون مین کس عرصہ تک پانی کے اندر رہنا چاہیے ۔ اِس بات کا بہی ضرور خیال رکہین چنانچہ وارم ۔ باتھ مین ۱۵ سے ۲۰ منٹ تک رہنا کافی ہے اور ہاٹ ۔ باتھ مین ۱۰ سے ۱۵ منٹ تک لیکن بچون کو ہرگز ہاٹ ۔ باتھ نہ دینا چاہیئے اور وارم ۔ باتھ مین بہی ان کو صرف ۵ منٹ سے زیادہ دیر تک نہ رہنا چاہیئے ۔
آب چشمہ ۔ چشمہ کا پانی تین قسم کا ہوتا ہے ۔ ایک سلفیو ۔ رس جسمین گندہک ہوتی ہے دوسرے کے لے بی ۔ ایٹ یعنی جس پانی مین فولاد ہوتا ہے ۔ تیسرے سی ۔ لائین یعنی نمکین پانی کا چشمہ ۔
اول سلفیو ۔ رش ۔ جتنے چشمے اِس قسم کے ہوے ہین اُنکے پانی کی بو نہایت بد اور اُسکا ذایقہ بہی بہت خراب ہوتا ہے ۔ وجہ اسکی یہ ہے کہ انہین سلفیو ۔ رے ۔ ٹڈ ہایڈرو ۔ جن ہوا ہوتی ہے ۔ یہ ہوا اُس پانی مین یا تو علیحدہ یا خوب ملی ہوئی ہوتی ہے لیکن اِن دونو صورتونمین جب سیسہ کا کوئی مرکب اُس پانی مین ملایا جاتا ہے تو ایک سیاہ منجمد تہ نشین ہو جاتا ہے ۔ ہوا مذکور پانی مین علیحدہ ہے یا ملی ہوئی ہے ۔ یہ بات اِسطور سے دریافت ہو سکتی ہے کہ اُس پانی کو آنچ پر خوب کہولا دین اب اگر اُسمین سیسے کے کسی مرکب کے عرق کے ملانے سے کوئی منجمد نہ بنے تو جاننا چاہیے کہ

ہوا مذکور علیحدہ ہے اور جو کوئی منجمد بنجاوے تو جاننا چاہیے کہ وہ ہوا پانی کے ساتھ اچھی طرح مخلوط ہے ٭

اثر - گندھک کے چشمہ کے پانی کا اثر اسٹی - میمو - لنٹ اور ڈا - یا - فو - رے - ٹک ہی اور بہ نسبت شدید بیماریون کے مزمن امراض مین مفید ہے لیکن انفلامیشن کی بیماریوں اور دموی مزاج کے مریضون کو مضر ہے ٭ جگر کی بعض بیماریون مین اور جب جگر کی خرابی کے سبب بواسیر ہو جاتی ہے اُسمین بھی گندھک کے چشمہ کا پانی فائدہ کرتا ہے اور رو - ما - ٹزم یعنے وجع مفاصل مین جب جوڑ پھول جاتے ہین اور ایسی جلد کی بیماریون مین بھی یہ پانی فائدہ مند ہے جیسے پے - لے - ریا - سس یعنے ہتھ یا سیلی اور سو - ما - ئی - سس یعنے چنبل اور پرو - رائی - گو یعنے سوکھی کھجلی اور سائی - کو - سس اور اکنی ٭ علاوہ ازین آتشک کے دوسرے درجہ مین خاصکر جب ساتھ اس کے وجع مفاصل بھی ہو گندھک کے چشمہ کے پانی سے فائدہ ہوتا ہے ٭ اور جب سیسہ یا سیماب یا تانبے کا زہر جسم مین سرایت کر جاتا ہے تب بھی اس قسم کا پانی مفید پڑتا ہے ٭

دوم کے - لی - بی - ایٹ - اس قسم کے چشمہ کے پانی مین فولاد ہوتا ہے - یہ فولاد اکثر کار - با - نک ایسڈ کے ہمراہ ملا ہوا ہوتا ہے اور بعض دفعہ فولاد ہمراہ سلفیو - رک ایسڈ کے بھی ملا ہوا ہوتا ہے ٭

اثر - اس پانی کا اثر مثل مرکبات فولاد کے مقوی ہے اور اسکو بھی اُنہین امراض مین استعمال کرسکتے ہین جنمین مرکبات فولاد دیا کرتے ہین ٭

سوم سی - لائین - بعض چشمہ کا پانی نمکین ہوتا ہے اور اکثر اُسکا کبھی تو جلاب سا اور کبھی کہاری دوا جیسا ہوتا ہے - اس قسم کے چشمہ کے پانی مین علاوہ نمکین اجزا کے چونہ بھی ہوتا ہے ٭

مرکب

لاٹن ـــــــــــ ہندی ـــــــــــ انگریزی

اکوا-ڈسٹے-لیٹا ـــــــــــ ٹپکایا ہوا پانی ـــــــــــ ڈسٹلڈ واٹر

اس پانی کے تیار کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ ۱۰ گیالن اُس پانی کا لیکر جسمین نتو ذایقہ اور نہ بو ہو ایک تانبے کے بھپکے مین جسکو اسٹل بولتے ہین اور جو ایک ٹین کی پیچدار نلی کے ساتھ لگا ہوا ہوتا ہے بھر کر مقطر کرین مگر پہلا آدھا گیالن جو مقطر ہو اُسکو پھینک دین اور باقی آٹھ گیالن رکھہ چھوڑ رہین ❊

شناخت - اس پانی کا ایک فلوئیڈ آونس لیکر کسی صاف شیشہ کے پیالے مین رکھکر اگر اُڑا دیا جاوے تو ایسا کچھہ بھی باقی نہین رہتا جو دکھلائی دیوے ❊ ڈسٹلڈ واٹر بہت صاف اور بے بو پانی ہوتا ہے ❊

استعمال - مرکبات کے بنانے کے لئے یہ پانی کام مین آتا ہے اگر تنہا پیا جاوے تو فائدہ اسکا ڈائی-یو-ریٹک ہو اور خلو معدہ مین بہت زیادہ پینے سے دست آلتے ہین ❊ خوراک جسقدر بیمار پی سکے ❊

گندہک

لاٹن ـــــــــــ ـــــــــــ انگریزی

سَلفر ـــــــــــ سَلفر

گندہک ایک معدنی چیز ہے اور ملک سسلی اور راولپنڈی اور اودھ سے پورہین پیدا ہوتی ہے لیکن ہندوستان مین جو گندہک خرچ ہوتی ہے وہ فی-لی-پاین کے ٹاپو سے آتی ہے - اور گندہک لوہے کے ساتھ بھی بطور سَل-فیو-رٹ آف ایرن کے پہاڑ کی کانون مین ہوتی ہے - اس گندہک کو ڈھلا ؤ اور مٹی وغیرہ سے صاف کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ کسی

لوہے کے برتن مین اُس مٹی آلودہ گندہک کے ڈلون کو رکھکر آنچ دیتے ہین۔ پگھلکر نلی کے ذریعہ ایک اَوْر برتن کے اندر پانی مین گر کر گندہک جم جاتی ہے۔ اِسکو دوبارہ مقطر کرنے سے گندہک باریک سفوف کے طور پر ہو جاتی ہے جسکو لاطین مین سُلفر سبلی۔ مے۔ ٹم اور انگریزی مین سب۔ لائیمڈ سُلفر بولتے ہین اور اسیکو فلا۔ وَرْس آف سُلفر بھی کہتے ہین۔ پگھلنے کیحالت مین سانچون مین بھی ڈھالکر موٹی موٹی بتیان بنا لیتے ہین تب اِسکو رول سُلفر کہتے ہین ٭

خاصیت ۔ سب۔ لائیمڈ سلفر کی برٹش۔ فار۔ ما۔ کو۔ پیا مین یون لکھی ہے کہ رنگ اِسکا خوب صورت زرد مایل بسبزی ہوتا ہے اور انگلیون مین ملنے سے کسیقدر کرکراہٹ پائی جاتی ہے نہ تو اُسمین ذایقہ ہوتا ہے اور نہ بو۔ الا جب گرم کیا جاتا ہے تب بو پیدا ہوتی ہے۔ جب کھلے برتنو نمین جلتی ہے تو شعلہ کا رنگ نیلا ہوتا ہے اور اس سے سلفیو۔ رس اسڈ کا دہوان نکلتا ہے ٭

خوراک ۲۰ گرین سے ایک ڈرام تک ٭

مرکبات جنمین سب۔ لائیمڈ سلفر پڑتی ہے

۱۔ کن۔ فکشیو۔ سلفیو۔ رس	اِسکے ترکیب ۱ حصہ مین ۲ حصہ گندہک ہی ٭
۲۔ اسپلا سٹرم ایمونی۔ سائی ٹم ہائیڈرار۔ جرائی	٭
۳۔ امپلا سٹرم۔ ہائیڈرار۔ جرائی	٭
۴۔ سلفر سیرپی۔ سی۔ پی۔ ٹی۔ ٹم۔	٭
۵۔ پلویس کا ئی سی۔ رائی سنزی۔ کمپا۔ زیٹا	اِسکے ۲ حصہ مین ایک حصہ۔
۶۔ انگو ائن۔ ٹم سلفیو رس۔	اِسکے ۵ حصہ مین ایک حصہ گندہک ہی ٭

فار۔ ما کو پیا مین ایک اَوْر قسم کی گندہک کا بھی ذکر ہے چنانچہ

لاطینی Praecipitatum انگریزی Praecipitated

سلفر۔ پری۔سی۔پی۔ٹی۔ٹم ——— پری۔سی۔پی۔ٹی۔ٹڈ سلفر

اِسکو ملک آف سلفر بھی کہتے ہین۔

بنانیکی ترکیب

نسخہ۔ سبلائمڈ سلفر۔ ۵۔آونس ٭ بجھایا ہوا چونہ ۳ آونس ٭ ہائیڈرو۔کلورک ایسڈ ٭ فلوئیڈ آونس یا حسب ضرورت ٭ ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ٭

گندہک اور چونہ کو پہلے خوب طرح ملا کر ایک پاینٹ پانی مین پکاوین اور لکڑی کے اسپا۔ٹیُو۔لا سے خوب طرح ہلاوین۔ اب ۱۵ منٹ تک جوش دیکر چہان لین جو باقی ہو اُسمین آدہا پاینٹ پانی ملاکر پہر جوش دیکر چہان لین اور اِن دو نو عرقون کو ملاوین جب سرد ہو جاوے اُسمین دو پاینٹ پانی ملاوین بعد ازان ہائیڈرو۔کلو۔رک۔ایسڈ مین ایک پاینٹ پانی ملاکر کسی کہلی جگہہ پر یا ایک چمنی کے نیچے تہوڑا تہوڑا اُس عرق مین تبتک چہوڑتے جاوین جبتک جوش کہانا موقوف ہو جائے اور وہ مرکب ترش ہو جائے تب جو منجمد پیدا ہوا اُسکو تہ نشین ہونے دین۔ بعد ازان اوپر کے عرق کو نتہا رلین اور اُس منجمد کو علیحدہ علیحدہ ڈسٹلڈ واٹر سے تبتک دہودین جبتک اوپر کے عرق مین تُرشی رہے اور اُسمین اگزالٹ اف امونیا کے ملانے سے کوئی منجمد تہ نشین ہو تب پری۔سی۔پے۔ٹڈ سلفر کو ایک کپڑے کی چہلنی پر جمع کر کے ایک مرتبہ ڈسٹلڈ۔واٹر سے دہو ڈالین بعد ازان اُسکو ۱۲۰ درجہ کی گرمی مین خشک کر کے رکہہ چہوڑین ٭

خاصیت۔ یہ ایک ملائم سفوف ہوتا ہے جسمین کرکراہٹ نہین ہوتی اور رنگ جس کا زرد اور کسیقدر بہورا ہوتا ہے اور اُسمین سلفیو۔رے۔ٹڈ ہائیڈرو۔جن کی بو بہی نہین ہوتی اور جب کہلے برتن مین جلتا ہے تو اس سے نیلا شعلہ نکلتا ہے اور سلفیو۔رس ایسڈ پیدا ہوتا ہے ٭

فائدہ اور اثر - جب - لائیکٹ سلفر جب پوری مقدار مین کھلائی جاتی ہے یعنی ایک یا دو ڈرام تک تو معدہ سے بلا تغیر و تبدل گزر جاتی ہے اور کہاری صفرا مین ملکر تھوڑا اُسکا اُس صفرا مین جذب ہوجاتا ہے اور دوران خون مین داخل ہوکر جلد کے مسامات سے بطور سلفیو - رے ٹیڈ ہائیڈرو - جن کے خارج ہوجاتا ہے اور تھوڑا سا اُس گندہک کا سلفٹ بنکر گردون کے ذریعہ بھی جسم سے خارج ہوجاتا ہے اور کچھہ ہوا کی نالیون کے ذریعہ تنفس کے راہ نکل جاتا ہے اور خارج ہوتے وقت نالی مذکور کے میو - کس پردہ کو تحریک دیتا ہے جذب ہونے کے بعد رودہ مین جو کچھہ حصہ اُس گندہک کا رہ جاتا ہے وہ صفرا کے ساتھ ملکر سلفائیڈ بنکر رودہ کو تحریک دیتا ہے جس سے خفیف اثر مسہل کا پیدا ہو کر بڑے بڑے ملائم دست آتے ہین - اِن دستون کے آنے سے بواسیر کے مستون کو بہت فائدہ ہوتا ہے + ڈاکٹر نے - لے - گن کا قول ہے کہ علاوہ مسہل ہونے کے گندہک کے استعمال سے بواسیر کے مستون کی رگون کو ایسی تسکین ہوتی ہے کہ وہ رک شکر جاتی ہین اور بیماری کی تکلیف دہندہ علامتون کو تخفیف ہوجاتی ہے +

گندہک کا فائدہ اِکس - پکٹ - ٹو - رنٹ بھی ہے کیونکہ ہوا کی نالیون سے جب گزرتی ہو تب اُسکے میو - کس پردہ کو تحریک دیتی ہے + لیکن گندہک کا کُل فائدہ پیاز سے حاصل ہوسکتا ہے کیونکہ اسمین گندہک کثرت سے ہوتی ہے چنانچہ پیاز کو اُبال کر پہنے سے پہلے اگر خوب طرح کہایا جاوے تو کہانسی کو اسقدر فائدہ ہوتا ہے کہ فار - ما - کو - پیا کے کسی کہانسی کی دوا سے نہین ہوتا ہے

پُرانی رو - ما - ٹیزم کی بیماری مین گندہک لگاتے اور کہلاتے بھی ہین اور باہر اُس کو گیلی کہجلی یعنے اس - کے - بیز کی بیماری مین لگانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے چنانچہ اِس بات کے لئے گندہک کا مرہم اچھا ہے لیکن اِس سے بہتر یہ نسخہ ہے کہ ایک آونس گندہک اور ایک ہی آونس بجھایا ہوا چونہ لیکر چار پائینٹ پانی مین پکا کر اور اُسمین اسفنج

تر کرکے کھجلی پر پھیرین - اِس عرق کے لگانے سے سل-فیو-رے-ٹیڈ ہائیڈروجن
کی ہوا پیدا ہوجاتی ہے جس سے کھجلی کا کرم مرجاتا ہے + اک - نے کے سخت دانون پر
بھی جب عرق ذیل رگڑ رگڑ کر مل دیا جاتا ہے تب اکثر فائدہ ہوتا ہے چنانچہ
نسخہ - پری - سی - پے - ٹیڈ سلفر ۲ ڈرام + گلاسی - سی - رین - ایک آونس +
عرق گلاب - ۸ آونس + سب کو ملاکر صبح و شام لگانا چاہیے +
گندہک نہایت عمدہ ڈِس - اِن - فِک - ٹنٹ اور اِن - ٹے - سِپ - ٹِک بھی ہے چنانچہ
جس مکان مین کوئی متعدی بیماری ہو وہان پہ گندہک جلانے سے سلفیو-رس اسڈ
کا دہوان پیدا ہوتا ہے - یہ دہوان متعدی بیماری کے زہریلے مادہ کو زایل کردیتا
ہے - جیسے ہیضہ اور چیچک اور ہوپنگ کاف وغیرہ -
خوراک - بطور ال-ٹرے-ٹو - ۵ سے ۲۰ گرین تک + پر-گے-ٹو ۲۰ سے ۶۰ گرین تک

مرکبات گندہک

لاٹین ———— انگریزی
انگو - اِن - ٹم - سلفیو - رس Oint Sulphur سلفر آینٹ منٹ
نسخہ - سب - لایمڈ سلفر - ایک آونس + بن - زوی - ٹیڈ - لارڈ - ۴ - آونس +
دونو کو خوب ملالین +

لاٹین ———— Sulphur انگریزی
کن - فکشیو - سلفیو - رس Confection of Sulphur کن فکش اف سلفر
نسخہ - سب - لایمڈ سلفر ۴ آونس + اسڈ ٹار - ٹریٹ اف پو - ٹاش سفوف کیا ہوا ایک
آونس + سرپ اف آرنج - پیل ۴ فلوئیڈ آونس + ٹراگا - کانتھ پاوڈر - ۱۸ گرین +
سبکو خوب طرح ملالین +

خوراک ۔ ۶۰ گرین سے ۱۲۰ گرین تک ۔

لاٹن ——— Iodi Qum of Sulphur ——— انگریزی

سلفیوریش ۔ آیوڈائیڈم ——— آیوڈائیڈ اف سلفر

نسخہ ۔ آیوڈین ۴ آونس ۔ سب ۔ لائیمڈ سلفر ایک آونس دونو کو ایک چینی کے کہرل مین رگڑکر خوب طرح ملالین ۔ تب اُس مرکب کو ایک فلاسک کے اندر بہر دین اور مُنہہ اسکا ڈہیلا بند کرکے دہیمی آنچ پر رکہہ دین تاکہ رنگ اُس مرکب کا بتدریج میلا ہوجاوے ۔ جب سارے کا رنگ یکسان میلا ہوجاوے تب آنچ اسقدر گرمی کردین کہ جس مین وہ مرکب گل جاوے بعدہ اُس شیشہ کو ہر چہار طرف جہکادیوین تاکہ جو کچہہ آیوڈین شیشہ کے اندر اِدہر اُدہر اُڑکر جم گیا ہو وہ اُس گلے ہوئے مرکب مین آگرے ۔ تب آنچ کو ہٹادین اور جب وہ عرق جم جاوے تب شیشہ کو توڑکر ڈلے کو نکال ڈالین اور ٹکڑے ٹکڑے کرکے ایک اچہی بند بوتل مین رکہہ چہوڑین ۔

خاصیت اور شناخت ۔ سُرمئی رنگ کا منجمد ہوتا ہے جسپر چمکدار لکیرین ہوتی ہین بو مثل آیوڈین کے اِسکو بھی لگانے سے جلد پر رنگت آجاتی ہے ۔ ۶۰ حصہ گلائی ۔ سی ۔ رئیز مین یہ حل ہوجاتا ہے مگر پانی مین نہین ۔

فائدہ ۔ اکثر ڈاکٹر اِسکا مرہم پُرانی جلد کی بیماریون پر لگاتے ہین مثلاً لپرا ۔ پو ۔ رائی ۔ گو ۔ وغیرہ ۔ اِسکو بہت کم کہلاتے ہین ۔

اِسکا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن ——— ——— انگریزی

انگو ۔ ان ۔ ٹم سلفیو ۔ رس آیوڈائیڈی ——— آینٹ منٹ اف آیوڈائیڈ اف سلفر

نسخہ ۔ آیوڈائیڈ اف سلفر ۳۰ گرین ۔ ہارڈ ۔ پے ۔ را ۔ فائین ½ آونس ۔ سافٹ پے ۔ را ۔ فائین ½ آونس ۔ ایک چینی کے کہرل مین آیوڈائیڈ اف سلفر کو رگڑتے جاوین اور اُسمین آہستہ آہستہ دونو پگہلے ہوئے پے ۔ را ۔ فائین کو اِسقدر گہوٹین کہ مرہم مین بالکل کرکرا پن نرہے ۔

لاطینی ——————— ——————— انگریزی

اسیڈم-سلفیو-روزم ——————— سلفیو-رس ایسڈ

نسخہ - سلفیورک ایسڈ کو لے ہوئے لکڑی کے کوئلہ کے ساتھہ مقطر کرنے سے یہ مرکب حاصل ہوتا ہے -

خاصیت - سلفیو-رس ایسڈ کی ہوا پانی مین جذب کی ہوئی کو سلفیو رس ایسڈ بولتے ہین یہ ایک بے رنگ عرق ہوتا ہے اور اس سے تیز بو گندہک کی آتی ہے ٭

فائدے ڈیش -ارن -ننگ ٹمنٹ اور ان -ئے -سپٹ جنگ اور مادہ نباتی کو ہلاک کر ڈالتا ہے ٭

استعمال - اسکو چمڑے پر ایسی جلد کی بیماریون مین لگایا کرتے ہین جو نباتی مادہ سے پیدا ہوتے ہین جیسے نے -وس اور -پو -رائجی -گو جو سر کی جلد پر ہوا کرتی ہین اور ٹرف -ہتھ -یما اور کو ئین -زی کی بیماری مین اسکی کُلّی کراتے ہین اور بعض قسم کے متعدی بخارون مین اسکو پلاتے بھی ہین جیسے ٹائی -فائیڈ اور ٹائی -فس فیور ٭

خوراک - نصف سے ایک ڈرام تک ٭ دو آونس پانی مین ملا کر دن مین تین دفعہ پلایا جاوے تو تئے رُک جاتی ہے ٭ اسکا عرق زخم پر لگانا ہو تو ایک حصہ مین دو حصہ پانی ملالین ٭ غرغرہ کے واسطے ایک حصہ مین پانچ حصے پانی ملانا چاہئے ٭

لاطینی ——————— ——————— انگریزی

اسیڈم سلفیوریکم ——————— سلفیورک ایسڈ

بازار کا سلفیورک ایسڈ اسطور سے بنتا ہے کہ ایک بھٹی مین گندہک کو پکاتے ہین اور اُسکے اوپر ایک اُور برتن ہوتا ہے جسمین شورہ اور سلفیورک ایسڈ بھر دیتے ہین - اس ترکیب سے جو ہوا پیدا ہوتی ہے اُسکو بذریعہ نلی کے سیسہ کے بڑی کوٹھری کے اندر پہنچاتے ہین جسکی چھت اور صحن سے سیسہ کے چوڑے چوڑے پترے لگے رہتے ہین

اور اس کوٹھری مین پانی کا بخار بھی داخل کرتے ہین جب یہ بخار گندہک اور شورہ کی ہوا کے ساتھ ملتا ہے تب سلفیورک ایسڈ کی ہوا پیدا ہوتی ہے - یہی ہوا کوٹھری کے پانی مین ملکر گندہک کا تیزاب بنجاتا ہے تب اُسکو نکالکر سیسہ کے برتنو مین گرم کرتے ہین اور جب اُس برتن کا سیسہ گلنے لگتا ہے تب تیزاب کو پلا-ٹی - نم کے برتن مین بھرکر آنچ دیتے ہین اور جب اسکی اسپسی گراوٹی ۱۸۴۳ءء پیدا ہوتا ہے تب اُتار کر رکھ چھوڑتے ہین

خاصیت - سلفیورک ایسڈ صاف بے رنگ اور روغن کے طور کا عرق ہوتا ہے نہایت ترش اور تیز - جب یہ تیزاب پانی کے ساتھ ملتا ہے تو بہت گرمی پیدا ہوتی ہے اس پانی ملے ہوئے تیزاب مین کلورائیڈ اف بے - ریم ملانے سے بہت گاڑھا ایک منجمد پیدا ہوتا ہے *

فائدہ اور استعمال - خالص تیزاب باہر لگایا جاوے یا غلطی سے پیا جاوے تو نہایت تیز کاسٹک ہے - جسم کے جس حصہ پر لگتا ہے اُسکو جلا ڈالتا ہے * خوب پانی ملاکر پیا جاوے تو ری - فری - جے - رنٹ اور ٹا - نک اور اس - ٹرن - جنٹ ہے * بخار مین تشنگی رفع کرنے کے لئے اور تہائی سِس مین زیادہ پسینہ روکنے کے لئے میو - کس ممبرین کی رطوبتون کو بند کرنے کے واسطے جیسے اسہال مین * ہی - ماپ - ٹے - سِس اور ہے - ما - ٹے - مے - سِس اور ہے - ما - ٹیو - ریا مین خون بند کرنے کے واسطے * ہاضمہ درست کرنے کے واسطے اور کمزوری مین بطور ٹانک کے ہمراہ تلخ بناتی جوشاندہ اور خیساندہ کے استعمال کرتے ہین - عرصہ تک استعمال کرنے سے پیشاب زیادہ ترش ہو جاتا ہے اسواسطے اُس قسم کی ریت آنے مین پلاتے ہین جسمین پیشاب کے اندر مرکبات از قسم فاس - فٹ کے تہ نشین ہو جاتے ہین *

اِن - ٹے - ڈوٹ - معدنی تیزابون کے زہر سین آلہ اِش ٹمک - پمپ کا استعمال نہ کرنا چاہئے کیونکہ مری اور معدہ جو انکے پینے سے زخمی ہو جاتا ہے آلہ مذکور کے داخل کرنے سے

چہیدہ جا سکتا ہے * بلکہ الکلی دوااؤن کو پانی مین گہولکر خوب طرح پلانا چاہیئے جیسے مگنیشیا سوڈا پوٹاشس صابون چونہ اور جو یہ میسر ہنہون تو دیوار کا پلاسٹر پانی مین گہول کر پلاوین بعد ازان روغن بادام یا السی کا تیل پلاوین - بعد شفا کے مری کا وہ حصہ جو معدہ کے قریب ہوتا ہے سُکڑ جا سکتا ہے - پس اسکے پہیلانے کی تدبیر کرنی چاہیئے *

ناقضات - سلفیورک اسڈ کے ہمراہ ان مرکبات کا استعمال نہ کرنا چاہیئے - نگل الکلی دوائین اور اُنکے کاربونٹ قسم کے مرکبات * سیسہ اور چونہ کے مرکبات *

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹن ———— ———— انگریزی

اسیڈم سلفیوریکم ڈائیلیوٹم ———— ڈائیلیوٹ سلفیورک اسڈ

نسخہ - سلفیورک اسڈ ۲ آونس * ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت * اسڈ مین ۷۷ آونس ڈسٹلڈ واٹر ملادین اور جب ۶۰ درجہ تک سرد ہوجاوے تب اُسمین اسقدر پانی ملادین جتنے مین ۴۳ ½ آونس پورا ہوجاوے * یا **نسخہ** - سلفیورک اسڈ ۱۳۵۰ گرین * ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت * ایک شیشہ کا فلاسک اس وزن کا لیوین جسکی گردن کے ایک نشان تک ایک پاینٹ آسکے اور اُسمین سلفیورک اسڈ بھر کر وزن کرین اور تب اُسمین تہوڑا تہوڑا ڈسٹلڈ واٹر تبتک ملاوین جبتک بعد ہلانے اور ۶۰ درجہ تک سرد ہونے کے وہ عرق ایک پاینٹ وزن مین ہوجاوے *

خوراک اسکی ۵ بوند سے ۳۰ بوند تک *

طاقت اسکی ۲ اونس مین ایک اونس خالص سلفیورک اسڈ ہوتا ہے *

یہ مرکب ایسڈ انفیوژن اف روز نیز مین پڑتا ہے -

لاٹن ———— ———— انگریزی

اسیڈم - سلفیوریکم - ارومیاٹیکم ———— ارومیاٹک سلفیورک اسڈ

نسخہ - اسٹرانگ ٹنکچر اف جنجر - ۲ - آونس * اسپرٹ اف سے - نے - من - ۲ - آونس * ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ - ۳۶ - آونس * سلفیورک ایسڈ ۳ - ۲ - آونس یا ۱۹۱۴ ۲ گرین * ایسڈ کو اسپرٹ مین تہوڑا تہوڑا ملا کر دسمین اسپرٹ اف سے - نے - من اور ٹنکچر اف جنجر چہوڑ دین *

**فائدہ اور استعمال اور خوراک مثل ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ کے *

فاس - فرس

ہڈیون کی راکھہ مین سلفیورک ایسڈ ملا کر کوئلہ کے ہمراہ مقطر کرنے سے کار - بانک اکسائیڈ بنجاتا ہے اور فاس - فرس علیحدہ ہو کر جم جاتا ہے *

اثر اور فائدہ - تہوڑی تہوڑی مقدار مین جب یہ دوا استعمال کیجاتی ہے تب نظام عصبی کو طاقت اور تحریک ہوتی ہے - کُل دماغی فعل یعنے عقل ہوش و حواس حافظہ وغیرہ تیز ہو جاتے ہین - خون تیزی سے دورہ کرتا ہے اور نبض بہی تیز ہو جاتی ہے جسم کی حرارت غریزی بہی بڑہ جاتی ہے اور جلد کی عروق شعریہ پہیل جاتی ہین جس سے پسینہ آنے لگتا ہے - پیشاب کے ذریعہ جسم کے فضلات بکثرت خارج ہوتے ہین - بہوک بڑہ جاتی ہے اور جسم کا وزن بہی زیادہ ہو جاتا ہے - بعد عرصہ دراز کے استعمال سے فاس - فرس کا اثر ہڈیون پر ہونے لگتا ہے جس سے ہڈیون کے مے - ڈیو - لی - ری - کنال پُر ہونے لگتی ہین اور ہڈیون کے کن - سی - لے - ٹڈ بافت مضبوط اور ٹہوس ہو جاتی ہے *

فاس - فرس کے زیادہ مقدار مین کہانے سے قے اور دست آتے ہین اور اری - ٹنٹ زہر کی کُل علامتین پیدا ہو جاتی ہین - دل کمزور ہو جاتا ہے - جسم کی حرارت کم ہو جاتی ہے * یرقان ہو جاتا ہے اور جگر کی ساخت اور کُل عضلاتی ریشے چربی میز بدل جاتے ہین *

استعمال - دماغی محنت یا بڑہاپے کے سبب جب مریض کمزور ہو جاتا ہے یا کثرت مجامعت یا جلق کے سبب سے جب اعصاب مین ضعف آجاتا ہے اور باہ کم ہو جاتی ہے تب فاس - فرس کے استعمال سے بہت ہی فائدہ ہوتا ہے * میرے مطب مین ضعف باہ کے اکثر بیمار آئے ہین اور انکو فاس - فرس سے فائدہ ہوا ہے - مین ڈاکٹر کرکی کے فاس - فرس کی گولیون کو بہت ہی مفید سمجھتا ہون اور اکثر نمبر ۶ اور نمبر ۹ اور نمبر ۲ا گولیہ انکا استعمال کرتا ہون - ان گولیون کو غذا کے بعد کہانا چاہئے - پہلے دو دفعہ اور بعد کچھہ عرصہ کے ہر روز تین گولیان کہانی چاہئین اور بعد دو تین ہفتہ کے ایک دو ہفتہ ملتوی کہہ کر پہر شروع کرنی چاہئین - اسی ترکیب سے پانچ چہہ مہینے بلکہ برس روز تک ان گولیون کو کہانا چاہئے - واقعی مین فاس - فرس بڑہاپے کی لاٹھی ہے *

جب جسم کی پرورش اچھے طور پر نہین ہوتی ہے اور اس سبب سے ریکٹس اور انیمیا کی بیماری ہو جاتی ہے تب فاس - فرس کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے اور سنکہیا کے بجائے یہ دوا جلد کی اُن بیماریون مین مفید پڑتی ہے جنمین چٹکن پیدا ہوتی ہین جیسے سورائی رسِس وغیرہ - پہلے اس دوا کو ایک گرین کے پچاسوین حصہ سے شروع کرکے بتدریج بڑہانا چاہئے *

زہر کا علاج - پہلے تے کروا دین خاصکر سلفیٹ اف کاپر سے کیونکہ یہ چیز فاس - فرس کے ساتھہ ملجاتی ہے اور تب روغن تارپین خوب طرح پلادین مثلاً بازار کے تارپین کا تیل مگر اُسکو پُرانا ہونا چاہئے *

خوراک - ایک گرین کے ساٹھوین حصہ سے تیسوین تک *

اسکے تین مرکب ہین

لاطین	انگریزی
اولیم فاس - فو - ریٹم	فاس فرے ٹڈ آئیل

نسخہ - فاس - فرس اور روغن بادام - ہر ایک حسب ضرورت * ایک چینی کی رکابی مین روغن کو ۳۰۰ درجہ تک آنچ دین اور اُس آنچ کو ۱۵ منٹ تک جاری رکھین بعد ازان اُس روغن کو سرد ہونے دین اور تب کاغذ کے فلٹر سے چھانین - بعدہٗ اُس روغن کا ۴ آونس ایک شیشہ کے کاگ والی بوتل مین بھر دین کہ جسمین ساڑھے چار آونس آ سکے تب اُسمین ۱۶ گرین فاس - فرس چھوڑ دین اور اُس بوتل کو گرم پانی مین جبتک ڈوبو رکھین جبتک وہ روغن ۱۸۰ درجہ تک گرم ہو جاوے - اِس عرصہ مین شیشہ کے کاگ کو دو یا تین مرتبہ اُٹھا لینا چاہئے تاکہ جو ہوا اُسکے اندر پیدا ہوئی ہو وہ نکل جاوے اب روغن اور فاس - فرس کو جبتک ہلاتے جاوین جبتک فاس - فرس بالکل حل ہو جاوے *

خاصیت - یہ ایک صاف بے رنگ یا خفیف رنگ کا روغن ہوتا ہے - اندھیرے مین روشن ہو جاتا ہے *

خوراک ۵ سے ۱۰ مے - نم تک - اِسکے ۱۰۰ حصہ مین قریب ایک حصہ فاس - فرس ہوتا ہے *

لاٹن ———————— انگریزی

پِل - لولا - فاس - فو - رائی ———————— فاس - فرس - پِل

نسخہ - فاس - فرس - ۳ گرین * بالسم - اف ٹو - لو - ۱۲۰ گرین * زرد موم ۶۷ گرین * کرڈ - سوپ - ۹۰ گرین * ایک کھرل کو گرم پانی سے قریب آدھے کے بھر دین اور اُسمین فاس - فرس اور بالسم - اف ٹو - لو چھوڑ دین - جب فاس - فرس پگھل جاوے اور بالسم کافی طور پر ملائم ہو جاوے تب اُن دونو کو پانی کی سطح کے نیچے کھرل کرین جبتک فاس - فرس کے اجزاء دکھلائی نہ دین - پانی کو ۱۴۰ درجہ تک یا قریب اُسکے رکھنا چاہئے - اب اِسمین موم چھوڑ دین اور جون جون موم ملائم ہوتا جاوے اُسکو دیگر اجزا کے ساتھ اچھی طرح ملاوین تب اُس لگدی کو اِس ترکیب سے سرد کرین جسمین

ہوا نہ لگنے پاوے بعد ازان ایک بوتل مین مُوباتی بہر کر اُسمین اُس گُدی کو بہگو رکہین جب اُسکی گولیان بنانی منظور ہون تب اُسمین سے ۲ گرین لیکر ایک گرین صابون کے ہمراہ ملالین اور ضرورت ہو تو چند قطرے ریکٹی۔فائیڈ اسپرٹ ملا کر اُس لگدی کو ملائم کرین۔

خوراک۔۳ سے ۶ گرین تک جو برابر ہے ایک گرین کے ۳۰ حصہ فاس۔فرس کے ✤

لاطینی ―――――――― ―――――――― انگریزی

اسیڈم فاس فاریکم کان سِن۔ ٹرے۔ ٹم ――― کان سِنٹ۔ٹریٹڈ فاسفا۔رک اسِڈ

نسخہ۔فاس فرس۔۱۴۳ گرین ✤ نائیٹرک اسِڈ ۲ فلو یڈ آونس ✤ ڈسٹلڈ۔واٹر جسقدر درکار ہو ✤

ترکیب۔نائٹرک اسِڈ مین آٹھ آونس ڈسٹلڈ واٹر ملا کر ایک شیشہ کے فلاسک مین بہر دین اور اُس فلاسک کے مُنہہ کو ایک شیشہ کے سیدہے کِنڈنسر مین لگا دین۔اب فاس۔فورس کو چہوڑ کر اور کن۔ڈِن۔سر کو لگا کر اتنے تیز آنچ پر عرق کو کہولاوین کہ جو عرق تبخیر بنکر کن۔ڈِن۔سر مین آگیا تہا وہ اُبل کر پہر فلاسک کے اندر جا پڑے اور جبتک کل فاس۔فورس گل نہ جاوے آنچ کو جاری رکہین۔اب کن۔ڈِن۔سر کو الگ کر کے عرق کو یا تو فلاسک کے اندر یا کسی مضبوط چینی کی رکابی مین آنچ دیکر اسقدر گاڑہا کرین کہ کُل عرق صرف چار آونس تک رہ جاوے۔اب اِسکو کسی پلا۔ٹے۔نم کے برتن مین رکہکر پہر آنچ دیکر اُڑاتے جاوین جبتک صرف دو آونس عرق رہ جاوے اور نارنجی رنگ کے بخارات پیدا ہونے موقوف ہو جاوین۔اب اُسمین اسقدر ڈسٹلڈ۔واٹر ملاوین کہ بعد سرد ہونے کے سارا عرق تین آونس رہ جاوے ✤

خاصیت۔یہ ایک شیرہ کی طرح گاڑہا بے رنگ عرق ہوتا ہے ذائقہ جسکا نہایت تُرش اور تیز ہوتا ہے ✤ اِسکا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن ــــــــــــــــــــ ــــــــــــــــــــ انگریزی

اسیڈم فاس - فاریکم ڈائیلوٹم ــــــــــــ ڈائیلوٹ فاسفورک اسڈ

کن - سیق - ٹریی ٹیڈ فاس - فورک اسڈ ۳ آونس مین اسقدر ڈسٹلڈ واٹر ملاوین جسمین کل

عرق ۲۰ آونس ہوجاوے ×

فائدہ - مثل سلفیورک اسڈ کے اس تیزاب کا فائدہ بہی ٹانک ا ور ری - فرجی جرنٹ

ہے مگر یہ تیزاب اس - ٹرن - جنٹ نہین ہے ×

استعمال - اس تیزاب کو بہت کم استعمال کرتے ہین پر بعض دفعہ ہڈی کی بیماریون

مین دیا کرتے ہین مثلاً مرض کے - ریٹا ور مولائی - ٹس - آیسم اور تشنگی رفع کرنے کے لئے

بہی ڈایا - بطے - ٹیز کی بیماری مین پلاتے ہین ×

خوراک - ۱۰ بوند سے ۳۰ بوند تک ×

ناقصات - مثل سلفیورک اسڈ ×

لاٹن ــــــــــــــــــــ ــــــــــــــــــــ انگریزی

اسیڈم - نا ے - ٹریکم ــــــــــــ نا ے - ٹرک اسڈ

یہ ایک تیزاب ہے جو نا ئے - ٹریٹ اف پوٹاش یا نا ئیٹریٹ اف سوڈا کو سلفیورک اسڈ

اور پانی کے ہمراہ ملاکر معطر کرنے سے تیار ہوتا ہے ×

خاصیت - یہ تیزاب نہایت ترش اور تیز ہوتا ہے - رنگت اسکی مایل زردی ہوتی ہے اگر ایک

حصہ تیزاب مین تین حصے پانی ملاکر تانبے پر ڈہالدیا جاوے تو ایک بے رنگ گیس پیدا ہوگا

یہ گیس باہر کی ہوا کے ساتھ جب ملتی ہے تو رنگ اسکا نارنجی رنگ کے دہوئین کے طور پر ہوجاتا

ہے اور اگر اُس گیس کو سلفٹ اف ایرن کے عرق کے اندر داخل کیا جاوے تو اُس عرق کا

رنگ میلا ہوجاتا ہے ×

اسکا ایک مرکب ہے چنانچہ

اسیڈم-نائیٹریکم ڈیلیوٹم ——————— ڈائیلوٹ نائیٹرک ایسڈ

نسخہ - نائیٹرک ایسڈ ۶ فلوئیڈ آونس + ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت + اسڈیمین ۲۴ آونس پانی ملاکر ڈائیلوٹ کرین بعد ازان اُسمین اسقدر پانی ملاوین کہ جسمین ۶۰ درجہ کی گرمی مین وہ عرق ۳۱ آونس ہوجاوے + یا نسخہ - نائیٹرک ایسڈ ۲۴۰ گرین + ڈسٹلڈ واٹر - حسب ضرورت +

ترکیب - مانند ڈائیلیوٹ سلفیورک ایسڈ کے (جسکو دیکھو)

ناقضات - مثل سلفیورک ایسڈ کے مگر اس تیزاب کو ہمراہ ادویات از قسم اسے - ٹِٹ کے بہی نہ دینا چاہیے +

فائدہ اور استعمال - کاسٹک کے طور پہ تیز نائیٹرک ایسڈ گندے زخمون پر لگاتے ہین اور اسکو پوایسیر کے مستون پر بہی لگاتے ہین تاکہ وہ گرجاوین - جلد پر جب لگتا ہے تب پکرِک ایسڈ کے پیدا ہونے سے رنگ زرد ہوجاتا ہے اور وہ مقام گل جاتا ہے - جب خالص نائیٹرک ایسڈ مین خوب زیادہ پانی ملاکر گندے زخمون پر لگاتے ہین تب بہت فائدہ ہوتا ہے چنانچہ مشہور رچیر آپسلی کوپر فرماتے ہین کہ سلفنگ اُلسٖر پر لگانے کے لئے سب سے عمدہ دوا نائیٹرک ایسڈ ہے - اسکے برابر مین کسی اَور دوا کو نہین سمجھتا - چنانچہ ۴۴ آونس ڈسٹلڈ واٹر مین ۵۰ قطرے خالص نائیٹرک ایسڈ کے ملالین - اور فرماتے ہین کہ اس عرق کے صرف چند دنون کے لگانے سے زخم سے چھیچھڑے علیحدہ ہونے لگتے ہین اور خوب صورت انگور پیدا ہونے لگتے ہین - واقعی مین یہ عرق بہت ہی فائدہ مند ہے - ہم نے بہی بہتیری دفعہ اسکو آزمایا ہے اور نہایت مفید پایا ہے + علاوہ ازین مثانہ مین جب فاس - فے - ٹک قسم کی پتھری ہوتی ہے تب مثانہ مین ایسے پتلے عرق کی پچکاری کرنے سے فائدہ ہوتا ہے وغیرہ - جو - رنٹ

اور ٹا-نک کے طور پر ڈائیلوٹ نایٹرک اسڈ انہین بیماریون مین دیا جاتا ہے جن مین ڈائیلوٹ سلفیورک اسڈ استعمال کرتے ہین مثلاً بخارون مین - علاوہ ازین جب فاسفٹ کے قسم کی ریت پیشاب مین نیچے بیٹھہ جاتی ہے تب بھی یہ اسڈ فائدہ کرتا ہے اور بعض قسم کی بدہضمی مین بھی اسٹو-ما-کک ٹانک کے طور پر یہ مفید ہے ٭ اسکرا-فیو-لا کے قسم کی بیماریون اور آتشک مین کہ جب سیماب کا استعمال مناسب نہین معلوم ہوتا ہے تب نایٹرک اسڈ کے استعمال سے اُن مرضون کو بہت فائدہ ہوتا ہے ٭ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نائیٹرک اسڈ کا اثر جگر پر بھی ہوتا ہے پس جب جگر اپنا کام اچھے طور پر نہ کرتا ہو تب اُس اسڈ کو بخوبی استعمال کر سکتے ہین اور الٹریٹیو کے طور پر بعض جلد کی بیماریونمین بھی یہ اسڈ مفید ہے ٭

خوراک - ۵ سے ۳۰ منم تک کسی نباتی انفیوژن مین ملاکر پلانا چاہیے اِسکی ۸ منم مین ایک منم خالص تیزاب ہوتا ہے ٭

زہر کا علاج - کہڑیا مٹی ٭ مگنے-شیا ٭ انڈے کی سفیدی یا السی کا جیسا ندہ پلائیں-

آیو-ڈین

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

آیو-ڈم ———————— آیو-ڈین

آیو-ڈین بنانیکی ترکیب

یہ چیز سمندر کی جڑی بوٹیون مین نہایت کثرت سے ہوتی ہے انہین جڑی بوٹیون سے آیو-ڈین تیار ہوتا ہے چنانچہ سمندر کی جڑی بوٹیون کے جلانے سے جو راکھہ رہ جاتی ہے اُسکو کلپ کہتے ہین اِس کلپ کو سفوف کر کے پانی مین ملادین اور لک-سی-وے-شن کی ترکیب سے جو عرق حاصل ہو اُسکو ایوا-پو-ری-شن

کی ترکیب ہے اڑاوین اس ترکیب کے کرنے سے جو کاربونٹ اف سوڈا اور سلفٹ اف سوڈا
بنے اسکو نکال لیوا ، عرق کو سرد ہونے دین بعد سرد ہونے کے کلورائیڈ اف پوٹاسیم
کی قلمین تہ نشین ہوجاوینگی تب اوپر کے سیاہ عرق کو نتہار لین - اس سیاہ عرق مین
آیوڈائیڈ اف سوڈیم ہمراہ اور نمکون کے ہوتا ہے غرض اس عرق مین خوب زیادہ
سلفیورک ایسڈ ملا کر ایک یا دو دن تک رکہہ چہوڑین تب اسمین پے - را - اکسائیڈ اف منگنیز
ملا کر پکانے سے آیوڈین اڑ کر ریسیور مین جم جاتا ہے ٭

خاصیت - اسکے چہوٹے چہوٹے چہلکہ دار ٹکڑے مثل دہات کے ہوتے ہین رنگ اسکا
بینگنی ہوتا ہے - ذائقہ تیز پانی مین کم حل ہوتا ہے مگر الکحال اور ایتہر مین خوب ٭
اثر اور فائدہ - جب باہر لگایا جاتا ہے تو آیوڈین کا فائدہ اری - ٹنٹ اور
الٹرے - ٹیو اور ڈی - آبش - ٹرو - انٹ ہوتا ہے اور جب کہلایا جاتا ہے تب
بہی ڈی - آبش - ٹرو - اینٹ اور الٹرے - ٹیو ہوتا ہے آیوڈین کے کہانے سے
بعض رطوبتین زیادہ پیدا ہوتی ہین چنانچہ پیشاب زیادہ آتا ہے اور بعض دفعہ تہوک
بہی زیادہ پیدا ہوتا ہے اور بعض دفعہ آیوڈین کے تہوڑی تہوڑی مقدار مین کہانے
سے مریض کو زکام بہی ہوجاتا ہے چنانچہ ناک اور آنکہون سے پانی جاری ہوتا ہے
اور چہرہ بیمار کا بہرا بہرایا ہوا معلوم ہوتا ہے لیکن جب آیوڈین بہت دنون تک تہوڑی
تہوڑی استعمال کیجاتی ہے تب جسم مین ایک حالت پیدا ہوتی ہے جسکو آیوڈزم
بولتے ہین اسکی علامتین یہ ہین کہ بخار ہوتا ہے معدہ مین درد - شدت کی قے اور
دست - کمال تشنگی - قلب شدت سے دہڑکتا ہے - بیمار کمزور اور لاغر ہوجاتا ہے -
اور ہاتھ اور پاؤن مین تشنج ہوتا ہے اور مر بہی جا سکتا ہے - کہتے ہین کہ آیوڈین
کے استعمال سے مرد کے خصیے اور عورت کے پستان حل ہوجاتے ہین ٭ آیوڈین
کو زہر کی مقدار مین کہانے سے دست و قے آتی ہے بخار لاغری اور شکم مین درد ہوتا

اور بیمار بیہوش ہوکر مرجاتا ہے ÷

استعمال - برانکو سیل کے مرض مین آئیوڈین کہلاتے اور لگاتے بھی ہین اور اس سے بہت فائدہ ہوتا ہے - اسکرافیولا اور آتشک کے دوسرے اور تیسرے درجون مین بھی یہ دوا نہایت مفید ہے - جگر اور رحم کے بڑہ جانے مین اور اپو - وی - ریز کی رسولی مین - جوڑون کی بیماریون مین خاصکر جب وے اسکرا - فیولا کے باعث پیدا ہون آئیو - ڈین کا استعمال کر سکتے ہین اور سل کی بیماری مین بھی دیا کرتے ہین ÷ بعض دفعہ بطور امنی - گاگ کے خاصکر اسکرا - فیو - لس مزاج کی عورتون کو کہلایا کرتے ہین اور ڈائیو - ریٹک کے طور پر بعض دفعہ ڈراپ - سی کے مرض مین دیتے ہین ÷ اور باہر جوڑون پر گلٹیون پر اور نوڈس پر لگایا کرتے ہین ہائیڈرو سیل مین پھوڑن پانی ملا کر ٹنکچر آف آئیو - ڈین کی پچکاری کرتے ہین اور بعض جلد کی مرضون مین بھی لگاتے ہین اور پھوڑون اور بدون پر انکو بٹہا دینے کے لیئے بھی لگایا کرتے ہین بعض دفعہ رہ - ما - ٹیزم اور گاوٹ کے درد پر بھی لگاتے ہین ÷ اور کہتے ہین کہ نوبتی بخارون مین بھی آئیو - ڈین مفید ہے - چنانچہ ۱ قطرے ٹنکچر کے پانی مین ملا کر پلاتے ہین ÷

خوراک - آدہی گرین سے ۲ گرین تک ÷

ناقضات - الکلی دوائین اور انکے کار - بونٹ اور سب قسم کی نباتی دوا جنمین اسٹارچ موجود ہو ÷ نباتات کے جوہر ÷ امو - نیا ÷ معدنی تیزاب ÷ معدنی دوائی انکے مرکبات ÷

زہر کا علاج - بیمار کو آٹا گہو لکر پلاوین اور چونہ کا پانی بھی مفید ہے ÷

مرکبات

باٹین	انگریزی
ٹنکچرا - آئیو - ڈائی	ٹنکچر آف آئیو - ڈین

نسخہ - آئیو - ڈین - آدہا آونس ÷ آئیو - ڈائیڈ آف پو - ٹا - سیم - آدہا آونس ÷

ریکٹی - فائینڈ اسپرٹ - ایک پائینٹ + آیو-ڈین اور آیو-ڈائیڈ اف پو-ٹاسیم کو اسپرٹ مین حل کرلین + بڑہی ہوئی گلٹیون اور ورمون پر اسکو ملتے ہین + اسکی ۱۰ بوند ایک گرین آیو-ڈین اور ایک گرین آیو-ڈائیڈ اف پو-ٹاسیم ہوتا ہے +

خوراک - ۵ بوند سے ۲۰ بوند تک +

لاٹن	انگریزی
انگو-ان-ٹم-آیو-ڈائی	آینٹ منٹ اف آیوڈین

نسخہ - آیو-ڈین ۳۲ گرین + آیو-ڈائیڈ اف پو-ٹاسیم ۳۲ گرین + گلائی-سی-رین-ایک فلوئیڈ ڈرام + تیار کی ہوئی چربی - ۲ - آونس +

شیشہ یا چینی کے کہرل مین آیو-ڈین اور آیو-ڈائیڈ اف پو-ٹاسیم گلائی-سی-رین کے ساتھ خوب رگڑین تب اسمین تہوڑی تہوڑی چربی ڈالکر خوب ملالین - اس مرہم کے ۳۰ گرین مین آیو-ڈین اور آیو-ڈائیڈ اف پو-ٹا-سیم ایک ایک گرین ہوتا ہے +

لاٹن	انگریزی
لے-نے منٹم-آیو-ڈائی	لے-نی منٹ اف آیوڈین

نسخہ - آیو-ڈین سوا آونس + آیو-ڈائیڈ اف پو-ٹاسیم آدہا آونس + گلائی-سی-رین چوتہائی آونس + ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ۱۰ فلوئیڈ آونس + آیو-ڈین اور آیو-ڈائیڈ اف پو-ٹاسیم اور گلائی-سی-رین کو اسپرٹ مین حل کرلین +

لاٹن	انگریزی
لائی-کوار-آیو-ڈائی	سولیوشن اف آیو-ڈین

نسخہ - آیو-ڈین ۲۲ گرین + آیو-ڈائیڈ اف پو-ٹاسیم ۳۳ گرین + ڈسٹلڈ واٹر ایک آونس + حل کرلین +

لاطین ——————— ——————— انگریزی

وی-پر-آیو-ڈائی ——————— ان ہے-لیشن اف آیو-ڈین

لسنخہ-ٹنکچر آف آیو-ڈین ایک ڈرام + واٹر-ایک آونس + دونو چیزون کو ایک منہ زوار آدمین بھرکر دہیمی آنچ پر رکھین اور جب بخار اُڑنے لگے تب سُنگھا دین + ہوا کی نالیون کی اُن پُرانی بیماریون مین آیو-ڈین کا بخار سُنگھاتے مین جن مین پیپ پڑجاتی ھے +

لاطین ——————— ——————— انگریزی

آیو-ڈو-فارمم ——————— آیو-ڈو-فارم

سو-لیو-شن اف پو-ٹا-سیم اور ال-کو-ہال کے عرق مین آیو-ڈین ملانے سے یہ مرکب حاصل ہوسکتا ہے +

خاصیت چھلکون کی شکل پر یہ چیز ہوتی ہے رنگ جگنار زرد یا سبزی ہوتا ہے اور چمکدار ہوتے ہین-ذائقہ اور بو بد ہوتی ہے +

اثر اور استعمال-جب یہ چیز زیادہ مقدار مین کھائی جاتی ھے یا جب کسی بڑے زخم کے ذریعہ خون مین منجذب ہوجاتی ہے تب ایسا ہوتا ہے کہ ہاضمہ مین خرابی پیدا ہوتی ہے بھوک جاتی رہتی ہے-نبض جلد چلتی ہے-جسم کی حرارت تیز ہوجاتی ہے اور دماغ مین ویسی ہی کیفیت پیدا ہوتی ہے جیسے شراب کے نشہ مین ہوا کرتی ہے اور تب حالت ردی طاری ہوکر بیمار مرجاتا ہے + یہ دوا نہایت عمدہ اِنٹے-سیپ-ٹک ہے اسے فائدہ کے لئے زخمون پر لگاتے ہین چنانچہ گندے زخمون اور آتشک کے زخمون اور بدون اور ڈسور پر اور سرطان کے زخمون پر اسکے باریک سفوف کو چھڑک دینے سے زخم گندہ نہین ہونے پاتا اور جلد خشک بھی ہوجاتا ہے-ریکٹم اور عورت کی اندام نہانی مین جو سرطان کی بیماری ہوجاتے ہے

اور اس سے جو نہایت بدبودار رطوبت خارج ہوتی ہے وہ بدبو اس آیوڈو فارم کے
لگانے سے دور ہو جاتی ہے چنانچہ ایک ڈرام اس دوا کا ایک آونس گلاسی سی رین
مین ملا کر اور اسمین لنٹ ترکر کے لگانا چاہئے * اور اس دوا کا ایک حصہ بارہ حصہ
ایتھر مین ملا کر یا ایک حصہ اسکا بارہ حصہ فلاک - زی - بل کلوڈین - اڈ مین ملا کر
آتشک کے زخمون پر پھیر دینے سے فائدہ ہوتا ہے * جب یہ دوا کسی مقام پر لگائی
جاتی ہے تب مثل کار - با - لک ایسڈ کے اس سے بھی وہان کا حس زایل ہو جاتا ہے
چنانچہ اسکا سپا - زی - ٹری جب ریکٹم یا عورت کی اندام نہانی کے اندر رکھا جاتا ہے
تب درد کو بہت افاقہ ہوتا ہے * جب یہ دوا جلے ہوئے مقام پر لگائی جاتی ہے تب
اسکے انو - ڈاین اور اڈ - لے - سپٹ - ینک فائدہ کے سبب سے اسکو آرام آجاتا ہے اور گیلی کھجلی مین بھی
آیوڈو فارم کا مرہم بہت مفید ہے * آیوڈو - فارم جب نصف گرین سے ۳ گرین کی مقدار مین بطور گولیون کے
سل کی بیماری مین کھلایا جاتا ہے تب کھانسی اور تپ دق کو اسقدر فائدہ ہوتا ہے کہ کسی اَور
دوا سے نہین ہوتا *

خوراک نصف گرین سے ۳ گرین تک گولیون کے طور پر دینا چاہئے *

اسکے دو مرکب ہین

لاطین	انگریزی
سپا - زی - ٹو - ریائی آیوڈو - فار - مائی	آیوڈو - فارم سپا زی - ٹری

سفوف آیوڈو - فارم - ۲۴ گرین * آیل اف تھیو - برو - ما - ۲۹۴ گرین *
۴۴ گرین آیل اف تھیو - برو - ما مین آیوڈو - فارم ملا کر کسیقدر گرم کھرل مین رگڑین
اور باقی کے آیل اف تھیو - برو - ما کو دہیمی آنچ پر پگھلا کر اگلے مین ملا دین اور سب کو
خوب طرح گھونٹ ڈالین - اب پتلا رہتے اس مرکب کو ایسے سانچون مین ڈھال دین
جن مین پندرہ پندرہ گرین آجاوے یا جب وہ مرکب سرد ہو جاوے تب اُسکو بارہ حصہ

برابر مین تقسیم کرکے گاؤدُم یا کسی اَور مناسب شکل کی فرزجہ بنالین + ہر یک فرزجہ مین تین تین گرین آیو-ڈو-فارم ہوتا ہے +

لاٹن —————— —————— انگریزی

انگو-ان-ٹم آیو-ڈو-فارمم —————— —————— آینٹمنٹ آف آیو-ڈو-فارم

نسخہ-آیو-ڈو-فارم-ایک آونس + بن-زائی-ٹیڈ لارڈ-۹ آونس + پگہلا کر ملا لین +

کلورین ہوا

لاٹن —————— —————— انگریزی

کلورم —————— —————— کلورین

ہائیڈرو-کلورک اسڈ مین پے-را-کسائیڈ اف منگنے-نیز ملاکر آنچ دینے سے یہ ہوا پیدا ہوتی ہے +

خاصیت-رنگ اس ہوا کا مایل بسبزی ہوتا ہے-فائدہ اِسکا ڈِس-اِنفکٹ ٹنٹ ہے اور کلو-رہی-نے-ٹیڈ لایم مین بھی کسی اسڈ کے ملانے سے یہ ہوا پیدا کیجا سکتی ہے +

استعمال-کسی مکان کی بو دفع کرنے کے لئے اِسکو استعمال کرتے ہین اور ہائیڈرو سیانک اسڈ اور سل-فیو-رے ٹیڈ ہائیڈرو-جن سے جب زہر ہوجاتا ہے تب بھی اسکو استعمال کرتے ہین +

علاج زہر کا-ایتھر یا امو-نیا ہمراہ گرم پانی کے پلادین +

مرکبات

لاٹن —————— —————— انگریزی

لائی-کوار-کلو-رائی —————— —————— سو-لیو-شن اف کلو-رین

نسخہ-ہائیڈرو-کلورک اسڈ-۶ فلوئیڈ آونس + بلاک-اکسائیڈ اف منگنے-نیز خوب باریک

سفوف کیا ہوا ایک آونس + ڈسٹلڈ واٹر ۴ ۳ ۴ آونس + اکسائیڈ اف منگنے نیز کو گیس
پیدا کرنیوالی بوتل مین بہردین اور ہائیڈرو۔کلورک ایسڈ مین ۲ آونس پانی ملاکر اوسپر ڈہالدین
اور دہیمی آنچ لگاوین جو ہوا پیدا ہو اسکو نلیون کے وسیلہ سے اوس چہوٹی
شیشی کے اندر جو بیچ مین دہری ہوتی ہے اور جسمین اوس پانی کا ۲ آونس ہوتا ہے
داخل کرین اب وہان سے اوس ہوا کو کسی تین پاینٹ کی بوتل کے نیچے جسمین باقی پانی
ہوتا ہے اور جسکا منہہ کُش سے ڈہیلا بند رہتا ہے داخل کرین جب کلورین ہوا پیدا ہونا
موقوف ہوجاوے تب اوس بوتل کو ہوا پیدا کرنیوالی بوتل سے علیحدہ کرکے اوسکے منہہ
پر ایک ڈہیلا کاگ لگادین اور خوب ہلادین جبتک کلورین ہوا اور پانی آپسمین خوب طرح
ملجاوین بعدازان اوس عرق کو ایک سبز رنگ شیشی مین جسمین خوب درست شیشہ کا کاگ
لگا ہو بہردین اور اوس شیشی کو سرد اندہیری جگہہ مین رکہہ چہوڑین +

خاصیت - یہ ایک عرق سبز مایل بزردی ہوتا ہے جس سے کلورین ہوا کی تیز بو آتی ہے
اس عرق کو سلفٹ اف انڈگو کے ڈائیلوٹ سو-لیو-شن مین ملانے سے رنگ
اوسیوقت اوڑجاتا ہے +

فائدہ - ڈس-اِن-فک-ٹنٹ انٹے-سپٹک اور الٹریٹو ہے +

استعمال - اس عرق کو آیوڈین اور کونین کی شناخت کے لئے اکثر برتتے ہین بعض
دفعہ بطور الٹریٹو اسکو جگر کی بیماریونمین دیا کرتے ہین اور جب منہہ آجاوے یا منہہ کے اندر
زخم ہوجائے تب اسکی کُلّی بہی کراتے ہین اور بعض دفعہ کینسر اور اون زخمون پر بہی لگاتے
ہین جنسے بدبودار پیپ آتی ہے اور فاس-فرس کے زہر مین بہی اوسکو دیا کرتے ہین

خوراک - ایک ڈرام سے ۴ ڈرام تک +

زہر کا علاج - کلو-رین ہوا سے زہر ہوجاوے تو امو-نیا کی ہوا سنگہادین اور
جو کلو-رین کے عرق سے زہر ہوجاوے تو انڈون کی سفیدی پلادین +

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

وی - پر - کلو - رائی ——————— ——————— ان - ہی - ے - ٹن اف کلو - رین

نسخہ - کلو - ری - نے - ٹڈ - لایم ۲ آونس ٭ سرد پانی حسب ضرورت ٭ سفوف کو ایک موزون آلہ مین بہر کر پانی سے اُسکو مرطوب کرین اور جب بخار اُڑنا شروع ہو تب سنگہا وین اِس بخار کو کرانک برانکائی - ٹس اور تہائی - سِس مین سنگہاتے ہین ٭

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

اسیڈم - ہائیڈرو - کلو - ریکم ——————— ——————— ہائیڈرو - کلورک اسڈ

نسخہ - خشک کلورائیڈ اف سوڈیم - ۴۸ آونس ٭ سلفیورک اسڈ ۴۴ فلوئیڈ آونس ٭ پانی ۳۶ فلوئیڈ آونس ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۵۰ فلوئیڈ آونس ٭ اُس پانی کے ۳۲ - آونس سے سلفیورک اسڈ کو ڈائیلیوٹ کرلیں اور جب وہ سرد ہوجاوے تب کلورائیڈ اف سوڈیم کو ایک فلاسک کے اندر جسمین ایک گیالن آسکے بہر کر اُس ڈائیلیوٹ سلفیورک اسڈ کو ڈالدین بعد ازان ایک ایسی بوتل لیوین جسکے تین مُنہہ ہون اور جسکے اندر باقی ۴ آونس پانی بہرا ہو اور جسمین ایک سفٹی - ٹیوب بہی لگا ہو تب فلاسک مذکور کو بذریعہ کاگ اور ایک خمدار نلی کی اُس بوتل مین لگا کر آنچ دین جو ہوا پیدا ہو اُسکو دوسری بوتل کے اندر جسمین ڈسٹلڈ واٹر بہرا ہو بوسیلہ ایک خمدار نلی کے جسکی نوک پانی کی سطح سے صرف آدہی اِنچ نیچے ہو داخل کرین اور اِس ترکیب کو تبتک جاری رکہین جبتک کُل عرق ۶۸ آونس تیار ہو جاوے ٭ یاد رہے کہ جس بوتل مین ڈسٹلڈ واٹر ہو اُسکو ترکیب کے شروع سے اخیر تک خوب سرد رکہنا چاہئے ٭

خاصیت - یہ ایک عرق ہوتا ہے بے رنگ اور نہایت ترش - اور اکثر جس درجہ پر گرمی رہتی ہے اُس درجہ پر اِس عرق سے سفید رنگ کا دہوان اُڑا کرتا ہے جسکی بو تیز ہوتی ہے نا ئے - ٹرٹ اف سلور کا عرق ملانے سے گاڑہا دہی کے طور پر سفید رنگ کا منجمد

نیلا ہے جو زیادہ ایمونیا کے ملانے سے حل ہوجاتا ہے مگر ناٹیٹرک اسڈ سے نہین ٭

زہر کا علاج - دیکھو سلفیورک ایسڈ مگر اُسمین کھریا مٹی نہ دینی چاہئے ٭

ناقضات - الکلی دوائین اور اُنکے کار - بونٹ ٭ٹارٹریٹ اف پوٹاش ٭ٹارٹار امونیکہ مرکبات سیسہ اور چاندی ٭

اِس تیزاب کے دو مرکب ہین

لاٹن ——————————————— انگریزی

اسیڈم - ہائیڈرو - کلو - ریکم - ڈائیلیوٹم ——————— ڈائیلیوٹڈ - ہائیڈرو - کلورک ایسڈ -

نسخہ - ہائیڈرو - کلورک اسڈ ۸ اونس ٭ ڈسٹلڈ - واٹر حسب ضرورت ٭ اِسڈ کو ۲۰ اونس پانی مین ملا کر ڈائیلیوٹ کرین اور تب اُسمین اتنا پانی ملادین جتنے مین ساٹھہ درجہ کی گرمی مین دہ عرق ساڑھے ۲۶ اونس وزنمین ہوجاوے ٭ یا نسخہ ہائیڈرو - کلورک اسڈ ۲۰۶۰ گرین ٭ ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ٭

ترکیب - مانند ڈائیلیوٹ سلفیورک اسڈ کے (جسکو دیکھو)

طاقت - اِسکے سوا تین منم مین ایک منم خالص تیزاب ہوتا ہے ٭

خوراک - ۱۰ بوند سے ۳۰ بوند تک ٭

لاٹن ——————————————— انگریزی

اسیڈم - نائیٹرو - ہائیڈرو کلوریکم - ڈائیلیوٹم ——— ڈائیلیوٹ - نائیٹرو - ہائیڈرو کلورک اسڈ

نسخہ - نائیٹرک اسڈ ۳ فلوئیڈ اونس ٭ ہائیڈرو - کلورک اسڈ ۴ فلوئیڈ اونس ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۲۵ فلوئیڈ اونس ٭

دونو تیزابون کو ملا کر ایسی بوتل کے اندر ۲۴ گھنٹہ تک رہنے دین جسکا منھہ تھوڑا سا بند ہو تب اُسمین تھوڑا تھوڑا پانی ملاتے جاوین اور ہر بار بعد ملانے پانی کے بوتل کو ہلاتے جاوین تب اُس عرق کو ایک بند بوتل مین رکھہ چھوڑین ٭

طاقت - اس کے ۲ انسم مین ڈیڑہ انسم نائیٹرک اسڈ اور ۲ انسم ہائیڈروکلورک اسڈ ہوتا ہے

خوراک - ۵ بوند سے ۲۰ بوند تک +

فائدہ اور استعمال - خالص تیزاب جب باہر لگایا جاتا ہے تب کاسٹک ہے اور اوس مقام پر سفید داغ پیدا ہوکر وہ جگہہ گل جاتی ہے - پیا جاوے تو تیز زہر ہے + مگر ڈائیلوٹ اسڈ کا فائدہ ریفری جرے - رنٹ اور ٹانک اور اسٹرنجنٹ ہے بدہضمی اور کمزوری مین اسکو دیا کرتے ہین + گلے کے زخم اور ٹوف - تہی - ریا کی بیماری مین اسکا غرغرہ بہی کراتے ہین + ڈائیلوٹ نائیٹرو ہائیڈرو - کلورک اسڈ کا فائدہ مثل سو - لیوشن اف کلورین کے ہے اور اسکو ٹانک اور اسٹو - ما - کک کے طور پر بدہضمی مین دیتے ہین لیکن جگر پر اسکا اثر آل - ٹے - رے - ٹیو بہت عمدہ پیدا ہوتا ہے - پس اسواسطے اسکو کرانک ہے - پا - نائی - ٹس مین دیتے ہین اور آتشک مین بہی فائدہ مند ہے اور اونہی بیماریون مین اسکا غسل بہی کراتے ہین +

برو - مین

لاطین ——————— انگریزی

برومم ——————— برو - مین

سمندر کے پانی سے جب کہاری نمک علیحدہ کر کیا جاتا ہے تب اس مین برو - مین بشکل برو - مائیڈ اف مگنے - شیم کے ہوتا ہے - اس عرق مین کلورین گیاس چہوڑنے سے برو - مین علیحدہ ہو جاتا ہے +

فائدہ اور استعمال - یہ شے اسقدر بدبودار ہوتی ہے کہ اسکا استعمال نہین کیا جاتا - مگر صرف کاسٹک کے طور پر بعض دفعہ اسکو لگاتے ہین دہاتون کے ساتہہ جب یہ چیز ملتی ہے تب مرکب از قسم برو - مائیڈ بن جاتی ہین جیسے برو - مائیڈ - اف پوٹاسیم

اور برو۔ مائیڈ اف امو۔ نیئم وغیرہ جنکا بیان آگے آئیگا + برو۔ مین سے ایک اسڈ تیار ہوتا ہے چنانچہ +

لاٹن ——————— انگریزی

اسیڈم ہائیڈ روبرو۔ می۔ کم ڈائیلوٹم ——— ڈائیلوٹڈ ہائیڈ رو۔ برو۔ مک اسڈ

نسخہ۔ برو۔ مین ایک آؤنس + ڈسٹلڈ واٹر اور سلفیو۔ ری ٹڈ ہائیڈ رو۔ جن دونو حسب ضرورت + شیشہ کے نلکے مین برو۔ مین بہر کر اسپر ۱۵ آؤنس پانی چھوڑ دوین اب اوس برو۔ مین مین سل۔ فیو۔ ری۔ ٹاڈ ہائیڈ رو۔ جن۔ گیاس تبتک چھوڑتے جاوین جب تک اوس عرق کی سرخ رنگت دور ہو جاوے۔ اب عرق کو فلٹر کرکے ڈسٹی لے۔ شن کی ترکیب سے ٹپکا دین اور جو عرق ٹپکے اُس مین جبتک گندہک کے مرکبات کی بو آوے علیحدہ کر دیا کرین اور جب بو آنی موقوف ہو جاوے تب اُسکو جمع کرتے جاوین جب تک سلفیورک اسڈ ٹپکنے لگے اب اوس مقطر اسڈ مین تب تک پانی ملاوین جب تک ۶۰ درجہ کی حرارت مین اُس کی اسپی۔ سی۔ فک گراوٹی ۱،۰۷ ہو جاوے بعد ازان اُسکو شیشہ کی ڈاٹ والی بوتلون مین بہر کر رکھہ چھوڑین + اوس علیحدہ کردئے ہوئے عرق کو دوبارہ ٹپکانے سے اوربہی ہائیڈ رو برو۔ مک اسڈ حاصل ہو سکتا ہے +

خاصیت۔ یہ عرق بے رنگ بے بو مگر ترش ذایقہ کا ہوتا ہے۔ نائیٹریٹ اف سلو رکا عرق ملانے سے دہی کے طور پر سفید منجمد بیٹھہ جاتا ہے جو نائیٹرک اسڈ مین حل نہین ہوتا۔ اور سو۔ لیو۔ شن اف امو۔ نیا مین کم +

فائدہ اور استعمال۔ کونین کے حل کرنے کے لئے اور کونین کے اثر کو روکنے کے واسطے اور عصبی خراش اور ضعف کے کم کرنے کے لئے یہ دوا فائدہ مند ہے

اِس کے ۸ قطرہ مین پانچ گرین سلفٹ اف کونین حل ہو جاتی ہے اور یہ دوا برو-مائیڈ اف پو-ٹا-سیم کے عوض مین بہی استعمال کیجا سکتی ہے - علاوہ ازین کانون مین جو بہن بہن کی آواز آتی ہے اور گلہ کی خراش کے سبب سے رات کے وقت جو کہانسی بار بار اُٹہتی ہے اُسکو یہ دوا بہت فائدہ بخشتی ہے چنانچہ دس دس یا پندرہ پندرہ قطرون کی مقدار مین اِسکو پلانا چاہئے - اور درد سر مین کہ جب چہرہ سُرخ اور جب کانون مین بہن بہن کی آواز آوے اُسکو بہی یہ دوا فائدہ کرتی ہے ÷ خوراک ۵ اسے ۵۰ منم تک ÷

کار-بن یعنے کوئیلہ

یہ دو قسم کا ہوتا ہے - ایک لکڑی کا دوسری ہڈیون کا کوئیلہ چنانچہ ÷

لاٹن	ہندی	انگریزی
کار-بو لگناٹی	لکڑی کا کوئلا	اوڈ-چار-کول

لکڑی کو ایک بند جگہہ مین جہان ہوا کا گذر نہ ہو خوب سُرخ کرکے جلا لین ÷

فائدہ - ڈس-اِن-فکٹ-ٹنٹ اور انٹی-سپ-ٹنک ہے ÷

استعمال - کسی مقام کی بد-بو دفع کرنے کے لئے اِسکو استعمال کرتے ہین چنانچہ رسّی کے ہتیلیون مین کوئلا بہر کر جس جگہہ بد-بو ہو وہان لٹکا دیوین مثلاً پیخانہ اور مریضون کے بستر کے نیچے رکہتے ہین اور زخمون پر بہی لگاتے ہین اور بعض دفعہ ڈوش-پپ-سشیا اور ڈی-سن-ٹری کے مرضون مین کوئلا کہلاتے بہی ہین ÷

خوراک - ۱۰ گرین سے ۶۰ گرین تک ÷

مرکب

لاٹن		انگریزی
کے ٹا-پلاز-ما-کار-بو-نس		چار-کول پولٹیش

ایک بند برتن مین بہر کر آنچ پہونچ کر لین ۔

خاصیت - سیاہ سفوف کے طور پر ہوتا ہے جسمین نہ تو بو اور نہ ذایقہ ہوتا ہے ۔

فائدہ اور استعمال - لکڑی کا کوئلہ ہوا کو جذب کرتا ہے اور حیوانی کوئلہ عرقون کی رنگت کو جذب کرتا ہے اسیواسطے اس کوئلہ کو رنگ اڑانے کے لئے اوویات کے بنانے مین استعمال کرتے ہین چنانچہ کونین یا اسٹ - رو - پیا وغیرہ جب نباتات سے نکالتے ہین تو رنگت اڑانے کے لئے حیوانی کوئلہ ملا دیتے ہین لیکن علاوہ رنگت کے اُن جوہر کو بھی یہ کوئلہ کسیقدر جذب کرلیتا ہے اسیواسطے خاصکر نباتی زہر دینمین اس کوئلے کو کہلایا کرتے ہین اور بجاے نباتی کوئلے کے اسکو بعض وقعہ ڈسس - پیپ - شیا اور ڈیسی - سن - ٹری کے مرضونمین بہی دیا کرتے ہین اور ڈِش - اِنٹ - نمِک - ٹنٹ کے طور زخمون پر بھی لگاتے ہین ۔

خوراک ۲۰ گرین سے ۶۰ گرین تک ÷ انٹی - ڈوٹ کے طور پر آدہے سے ۲ - آونس تک پانی مین ملا کر پلانا چاہیئے

ایمو - نیا

یہ ہوا خاصیت الکلی کی رکہتی ہے - پانی مین خوب جذب ہو جاتی ہے اور بو اسکی نہایت تیز ہوتی ہے ۔ آسان ترکیب اسکے پیدا کرنے کی یہ ہو تی ہے کہ نوشادر اور پان کہانیکا گیلا چونہ ہتھیلیون مین رگڑنے سے یہ ہوا پیدا ہوتی ہے یا ایسا کرین کہ بوتل مین پان کہانے کا چونہ اور نوشادر کا سفوف اور تہوڑا سا پانی ملا کر چہوڑ دین اور خوب ہلا دین اس ترکیب سے بہی ایمو - نیا کی تیز ہوا پیدا ہوتی ہے اسکو بیہوشی مین سنگہا سکتے ہین ۔

مرکبات

لاطینی	انگریزی
لائیکر ایمونی - فارٹشیا	اسٹرانگ سولیوشن اف ایمو - نیا

نسخہ - کلورائیڈ اف اموـنیم یعنے نوشادر کوٹا ہوا ۳ پاونڈ * بجہا ہوا چونہ ۴ پاونڈ *
ڈسٹلڈ واٹر ۳۲ آونس *

نوشادر اور چونہ ملا کر ایک لوہے کے پیالہ مین رکہہ دین اور اُسکو چند بوتلون کے ساتھہ لگا دین تا کہ جو امونیا کی ہوا پیدا ہو وہ ڈہل جاوے اور اُن بوتلون کے اخیر کی بوتل کو ایک مٹر اس مین ۳۲ - آونس پانی بھر کر لگا دین - اب اُس لوہے کے پیالہ کو آنچ پر رکہہ دین جبتک گیاس پیدا ہونا موقوف ہوجاوے - ترکیب کے ختم ہونے کے بعد اُس مٹر اس مین ۳۴ - آونس اسٹرانگ - سولیوشن اف امونیا رہ جائیگا *

خاصیت - اِس عرق کے ۱۰۰ حصہ مین ۳۲ء۵ حصہ امونیا کی ہوا حل کی ہوئی ہوتی ہے یہ ایک بے رنگ عرق ہوتا ہے جسکی بو خاص اور تیز ہوتی ہے اور جسکا اثر مثل الکلی دوا کے ہوتا ہے *

مرکبات ذیل مین یہ عرق پڑتا ہے

۱ - امونی - فاسفاس
۲ - لینی - منٹم - کمفورہی - کمپا زیٹا *
۳ - لائیکوار - امونی
۴ - لائیکوار - امونیی - سائیٹریٹس - فاریشیا *
۵ - ایمپلسٹرم امونیی - اوروری - ٹے - گس *
۶ - ٹنکچورا - اوپیائی - امونی - ٹا *
" " فے - لے ٹے - ڈس *

اسکے تین مرکب ہین چنانچہ

لاٹن ——— ——— انگریزی
لائیکوار - امونی ——— ——— سولیوشن اف امونیا

نسخہ - اسٹرانگ سولیوشن اف امونیا ایک پاینٹ * ڈسٹلڈ واٹر ۲ پاینٹ * دونو کو ملا کر شیشہ کے کاگ والی بوتل مین رکہہ چہوڑین *

فائدہ - ایمونیا کے عرق کو جلد پر لگانے سے پہلے وہ سُرخ ہو جاتی ہے بعد ازان اُسپر آبلے پیدا ہوتے ہین اور سونگھنے سے آنکھ اور ناک مین خراش ہوتی ہے اگر بغیر پانی ملاکر پیا جاوے تو اثر اسکا تیز زہر کے طور پر ہوتا ہے لیکن پانی ملاکر پینے سے فائدہ اسکا ڈی فیو - زی - بل - اسٹی - میو - لینٹ ہوتا ہے اور معدہ مین کسیقدر حرارت بھی پیدا ہوتی - گیسٹرک - جوس کے ایسڈ کے ہمراہ جذب ہونے سے جسم مین گرمی آتی ہے اور پسینہ یا پیشاب یادہ پیدا ہوتا ہے - پس اسکا فائدہ اسٹی - میو - لینٹ ہی مگر شراب اور افیون اور ایمونیا مین یہ فرق ہے کہ اگلی دونو دوا کا اثر دماغ پر ہوتا ہے مگر اسکا نہین اور یہ کہ اسکا اسٹی - میو - لینٹ فائدہ بہ نسبت شراب کے بہت جلد پیدا ہوتا ہے اور جلد گزر بھی جاتا ہے ✣

استعمال - جب کسی دوا کو جلد کے اندر لگانا ہوتا ہے - تو اسٹرانگ لائیکوار ایمونیا لگا کر پہلے چھالا پیدا کرتے ہین کیونکہ اثر اس دوا کا بہ نسبت کین - تھرا - ڈیز کے زود تر ہوتا ہے اور یہ کہ شل کین - تھرا - ڈیز کے اسکا اثر گردون پر نہین ہوتا ✣

ترکیب - اس - ٹرانگ لائیکوار - ایمو - نیا لگانے کی یہ ہے کہ ایک پل - بکس کے اندر کٹی گول ٹکڑے لنٹ کے بھر کر اور اُسپر اس - ٹرانگ سو - لیوشن اف ایمو - نیا ڈالکر اُسکو فوراً اوندھا کر دس یا بارہ منٹ تک دبا رکھین اس ترکیب سے اُس پل بکس کے نیچے ایک چھالہ پیدا ہو جائیگا مرگی اور بیہوشی مین ایمو - نیا کی بو سنگھاتے ہین ہائیڈرو - سیانک ایسڈ اور ڈوی - جے - مٹے - لیش اور تمباکو کے زہر مین اسکو واسطے اسٹی - میو - لینٹ کے پلاتے ہین اور بطور اسٹی - میو - لینٹ اور ڈوا - یا - فو - رے ٹک کے اسکو بخار اور روما - ٹیزم اور اُن حالتون مین پلاتے ہین کہ جب کسی باعث سے نبض کمزور ہو جاتی ہے اور بطور الکلائین کے رفس ڈیش - پپ - سیا مین بھی دیتے ہین لیکن اگر نفخ بھی ہو اور مرض نہ کو رمعدہ کی کسی بیماری کے باعث ہو اور سانپ کاٹے ہوئے

کا علاج بہی اس دوا سے کرتے ہین اسٹرانگ سو-لیوشن اف ایمو-نیا کو صرف باہر ہی لگایا کرتے ہین +

خوراک - پانی ملے ہوئے عرق کو بطور اسٹی-میو-لینٹ ۱۰ بوند سے ۳۰ بوند تک اور سانپ کاٹے ہوئے کو ۳۰ بوند سے ۴۰ بوند تک گہنٹہ گہنٹہ یا دو دو گہنٹہ بعد پلاتے ہین

زہر کا علاج - سرکہ یا نباتی تیزاب مثلاً لیمون کا عرق پلا دین اور معدنی تیزابون مین بہی پانی ملا کر پلا سکتے ہین +

نقصانات - سارے تیزاب اور وے نمک جنمین تیزاب موجود ہو +

لاٹن		انگریزی
لے-نی-مِنٹ-اَم-ایمو-نی	—	لے-نی-منٹ اف ایمونیا

نسخہ - سو-لیو-شن اف ایمو-نیا ایک آونس + الیو آئیل ۳ آونس + دونو کو ملا لین +

فائدہ اور استعمال - بطور اسٹی-میو-لینٹ کے اسکو مرض رو-ما-ٹیزم اور گلا دُکہنے مین ملا کرتے ہین +

لاٹن		انگریزی
اسپرٹس اَمو-نِے نی-ٹے-ٹوس	—	نی-ٹڈ اسپرٹ اف امو-نیا

ہنینگ - ڈیڑہ آونس + اسٹرانگ سو-لیو-شن اف امو-نیا-۲ آونس + ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ - حسب ضرورت +

ہنینگ کے چہوٹی چہوٹے ٹکڑے کر کے کسی بند برتن کے اندر ۱۸ آونس اسپرٹ مین چوبیس گہنٹہ تک بہگو کر اسپرٹ کو متقطر کر لین - اب اس مین سو-لیو-شن اف ایمو-نیا چہوڑ کر اسقدر ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ڈالین کہ جسمین کل عرق ایک پائینٹ ہو جاوے

فائدہ اور استعمال - اسٹی-میو-لینٹ اور اِن-ٹِش-پاز-مو-ڈک ہے ہسٹے ریا اور نفخ شکم مین دیتے ہین +

خوراک ½ سے ایک ڈرام تک +

لاٹن		انگریزی
ایمونی۔کار۔بوناس	————	کار۔بو۔نٹ اف ایمو۔نیا

کہڑیا مٹی اور نوشادر ملاکر آنچ وغیرہ سے کار۔بو۔نِٹ اف امو۔نیا نجار بن کر جم جاتا ہے

خاصیت۔ یہ مرکب صاف ٹکڑون مین ملتا ہے اِس مین تیز بو ایمو۔نیا کی ہوتی ہے اثر اِسکا الکلی دوا کے طور پر ہوتا ہے۔ سرد پانی مین حل ہو جاتا ہے اور اسپرٹ مین کم اور کسی تیزاب کے ملانے سے جوش کہا کر جلد گلجاتا ہے +

فائدہ۔ تہوڑی مقدار مین اِسکا فائدہ انٹا۔سٹ۔اسِڈ۔میو۔لِنٹ انِٹش۔پاز۔موڈک اکیش۔پک۔ٹمو۔رنِٹ + ڈلِیا۔فورے۔ٹِکٹ اور آل۔ٹے۔ رسے۔ٹیو۔ہی ہے لیکن زیادہ مقدار مین مثلاً آدہی ڈرام سے زیادہ اگر کہلایا جاوے تب اِسکا فائدہ ایچ ٹیاٹ اورسے۔ ڈی۔ٹیو ہوتا ہے بہت زیادہ مقدار کے کہانے سے معدہ مین انفلامیشن ہو کر بیمار مرجا سکتا ہے تہوڑی تہوڑی مقدار مین اگر بہت روز تک کہلایا جاوے تو علامات مرض اسِ۔کر۔وی کے پیدا ہوتے ہین +

استعمال۔ بطور اِسٹی۔میو۔لنٹ کے اِسکو مرض ہِسٹ۔ریا اور اپے۔لپ سی اور غشی مین اکثر دیا کرتے ہین۔ بطور اکسِ۔پکِٹ۔ٹمو۔رنٹ کے پرانی برانکائی۔ٹیس کی بیماری مین اکثر کہلاتے ہین۔ خاصکر جب یہ مرض بڈہون کو ہوتا ہے اور بطور ڈایا۔فورِ ٹیِک کے بخار اور رو۔ما۔ٹیزم مین استعمال کرتے ہین۔ انٹا۔سِڈ کے طور پر مرض ڈِسپپشیا اور بطور آل۔ٹے۔رے۔ٹیو ڈوایا۔بے۔ٹیز کے بیماری مین دیتے ہین اور واسطے ری۔فری۔جرنٹ اور ڈایا۔فو۔ریٹِک کے اِسکا اِ۔فر۔وی۔سنگ ڈرافٹ بنا کر پلاتے ہین چنانچہ ۲۰ گرین کار۔بونٹ اف ایمو۔نیا کے واسطے ¾ ۲۶ گرین سا ئٹرک اسڈ اور ¾ ۲۸ گرین ٹارٹارک اسِڈ چاہئے +

خوراک - بطور اینٹی - میو - لنٹ ۲ گرین سے ۱۰ گرین تک اور ایمو ٹانک ۳ گرین سے ۱۰ گرین تک خوب پانی ملا کر پلانا چاہئے ✦

ناقصات - کل تیزاب ترش نمک اور چونے کا پانی ✦

اسکا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن ———————— انگریزی

اسپرٹس - ایمونی - ارو - ماٹیکس ———— ارو - ماٹک اسپرٹ اف ایمونیا

نسخہ - کار - بونٹ اف ایمو - نیا ۲ آونس ✦ اسٹرانگ سو - لیو - شن اف ایمونیا ۸ فلوئیڈ آونس ✦ والی - ٹائیل - آئیل اف ٹٹ - مگ ساڑھے ۴ فلوئیڈ ڈرام ✦ آئیل اف - لمن ساڑھے ۶ فلوئیڈ ڈرام ✦ ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ۴ پائنیٹ ✦ پانی ۳ پائنیٹ ✦ سبکو ملا کر ۹ پائنیٹ مقطر کر لین ✦

خوراک - آدہے ڈرام سے ایک ڈرام تک ✦

یہہ مرکب ایمو - نئیے - ٹینکچر اف گوائکم اور ایمونئیٹی - ٹنکچر اف وی - لی - ری - ان مین پڑتا ہے ✦ اور بدہضمی اور کمزوری مین بہت مفید ہے ✦

لاٹن ———————— انگریزی

ایمونی - کلورائیڈم ———— کلورائیڈ اف ایمو - نی - ام

ہندی مین اسکو نوشادر بولتے ہین - ہندوستان کے اندر یہ چیز اینٹ کے پزاوے مین ملتی ہے خاصکر اُن مین کہ جہان اونٹہون کی لید جلاتے ہین لیکن انگلستان مین ہڈیون کے کوئیلے جہان تیار ہوتی ہین وہان پر یہ چیز بنتی ہے اور سبلی - میشن کی ترکیب سے تیار ہوتی ہے ✦

خاصیت - نوشادر نصف دائیرہ کی شکل کے ٹکڑون مین ہوا کرتا ہے - یہ ٹکڑے طبقہ دار اور ایسے سخت ہوتے ہین کہ مشکل سے پیسے جاتے ہین - پانی مین حل کر کے

اگر اُڑائے تو نوشادر کی ہشت پہلو قلمیں پیدا ہو جاتی ہین ✤ نوشادر بے بو ہوتا ہے
مگر ذائقہ اسکا تیز نمکین ہوتا ہے - پانی اور ریکٹفائیڈ اسپرٹ مین حل ہو جاتا ہے
مین کے عرق مین پوٹاش یا سوڈا یا لائیم ملاکر پکاوین تو امونیا کی بو پیدا ہو جاتی ہی
نائیٹریٹ اف سلور کے ملانے سے سفید دہی کیطرح کا منجمد نیچے بیٹھ جاتا ہے ✤

اثر اور فائدہ اور استعمال - یہ دوا کس قسم کا اثر پیدا کرتی ہے یہ بات اچھی
طرح دریافت نہین ہوئی - نوشادر الٹی - ریمو - لینٹ نہین ہے بلکہ جب خون مین ملجاتا ہے
تب جلد کی غدودون کو تحریک دیکر پسینہ لاتا ہے - اِس دوا کا اثر ہوا کی نالیون کے
میوکس پردہ پر بہت عمدہ الٹرنیٹو - ٹو - رنٹ ہوتا ہے - پن بچہ ایک ٹکڑا نوشادر
کا منہہ مین رکھکر عرصہ تک چوسنے سے بلغم آہستہ آہستہ خارج ہوتا رہتا ہے اور
کھانسی تھم جاتی ہے - عصبی درد یعنے نیو - رل - جیا مین بھی یہ دوا فائدہ کرتی ہے ✤
فی خوراک ہین - ۱۰ گرین دینا چاہئے ✤ کو - لو - گاگ کے طور جگر کی بیماریون مین بھی
یہ دوا فائدہ مند ہے ✤ باہر اِسکو ڈی - ایش - ٹرو - انٹ کے طور پر رسولیون پر
لگاتے ہین تاکہ حل ہو جاوین ✤ پانی مین حل کرکے عرق کے طور پر ری - فری - جرنٹ
فائدہ کے لئے دماغ کی بیماری مین سر پہ لگاتے ہین - مثلاً نوشادر ایک حصہ قلمی
شورہ ایک حصہ دو حصہ پانی مین حل کرلین ✤

خوراک - ۵ گرین سے ۲۰ گرین تک ✤ **ناقضات** - الکلی دوائین اور اُن کے
مرکبات کار - بو - نٹ ✤ مرکبات سیسہ یعنے لڈ اور پارہ ✤

لاطین		انگریزی

لائیکوار امو - نے اسے - ٹے - ٹیش فار - شیار - اسٹرانگ سو - لیو - شن اف اسی - ٹیٹ اف امونیا
نسخہ - کار - بونٹ اف امونیا ساڑھے ۷ آونس ✤ اسے ٹک اِسڈ ۱۰ آونس

یا حسب ضرورت * ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت *

کار بونٹ اف ایمونیا کو کوٹ کر اُسمین قریب ۵ء۴ آونس اسے ٹِک اسڈ چھوڑدین بعد ازان اُسمین اَور اسقدر اسے ٹِک اسڈ چھوڑین جسمین وہ عرق نیوٹرل ہو جاوے اور تب اُسمین اسقدر ڈسٹلڈ واٹر ملادین جسمین کُل عرق تین پائینٹ ہو جاوے - اس عرق کو ایسے شیشون مین رکھنا چاہئے جنمین سیسہ نہو *

خوراک ۲ء۵ سے ۵ء۷ منم تک *

اسکا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن ———————— انگریزی

لائیکور ایمونیائی اسے ٹےٹس ———— سولیوشن اف اسی ٹیٹ اف ایمونیا

اِس مرکب کو مِنڈ ڈےرےرس اسپرٹ بھی کہتے ہین

نسخہ - اسٹرانگ سولیوشن اف اسے ٹیٹ اف ایمونیا ۴ آونس * ڈسٹلڈ واٹر اسقدر کہ جتنے مین ۲۰ آونس عرق تیار ہو جاوے *

خوراک ۲ سے ۶ ڈرام تک *

فائدہ - یہ دوا نہایت عمدہ رِنٹے فلوجسٹک ری فری جرنٹ ڈایا فوریٹک اور ڈایورےٹِک ہے - اسکے پینے سے پیشاب کھارا ہو جاتا ہے - شراب کا نشہ اُتارنے کے لئے یہ دوا فائدہ مند ہے - مگر دو دو آونس کی مقدار مین پلانا چاہئے اور جو موجود ہو تو دو ڈرام سفوف کار بونٹ اف ایمونیا لیکر دو آونس سرکہ مین حل کر کے پلانا چاہئے *

استعمال - بخار ایکیوٹ انفلامیشن اور رو ماٹیزم مین اِس دوا کو بہت کثرت سے استعمال کرتے ہین اور گردون کی بیماری مین بھی بطور ڈایورےٹِک کے دیا کرتے ہین اور کسی مقام پر سردی لگانے کے لئے اِس عرق کو ہلکے اسپرٹ مین ملا کر باہر لگاتے ہین *

خوراک ۲ ڈرام سے ۶ ڈرام تک *

ناقصات - کل تیزاب اور الکلی دوائین مرکبات فولاد شوگراف لڈ کینو کا لائیکوار امو-نیا اسے -ٹے -ٹس مین اکثر سیقدر کار -بو-نٹ اف امو-نیا ہوتا ھے *

لاٹن ———— ———— انگریزی

لائیکوار امو-نیائی سائی-ٹر-ٹس فارشیار ———— اسٹرانگ سو-لیو-شن اف سائی-ٹریٹ اف امو-نیا

نسخہ - سائی-ٹرک اسڈ ۱۲ آونس * اسٹرانگ سو-لیو-شن اف امو-نیا - ۱۱ - آونس یا حسب ضرورت * ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت *

اسڈ اور امونیا ملا کر ایک نیوٹ -رل عرق تیار کرین بعد ازان اُسمین اسقدر ڈسٹلڈ واٹر ملا دین جسمین کل عرق ایک پاینٹ ہو جاوے - **خوراک** ½ سے ڈیڑھ ڈرام تک *

لاٹن ———— ———— انگریزی

لائیکوار امو-نیائی ساتی-ٹری-ٹس ———— ———— سو-لیوشن اف سائی-ٹریٹ اف امو-نیا

نسخہ - اسٹرانگ سو-لیوشن اف سائی-ٹریٹ اف امو-نیا - ۵ - آونس * ڈسٹلڈ واٹر اسقدر کہ جلنے مین ۲۰ آونس عرق تیار ہو جاوے *

فائدہ -ڈا-یا فو-ریے ٹک اور ری -فرے -جی -رنٹ اسکو بخار مین دیتے ہین *

خوراک ۲ ڈرام سے ۴ ڈرام تک *

لاٹن ———— ———— انگریزی

امونی-فاس-فاس ———— ———— فاسفیٹ اف امو-نیا

نسخہ - اسٹرانگ سو-لیوشن اف امو-نیا حسب ضرورت * ڈائیلیوٹ فاسفارک اسڈ ۲۰ - آونس *

دونو عرقون کو ملا کر جب قلمین بنین اُنکو جمع کرین *

خاصیت - اِسکی قلمین بے رنگ اور شفاف ہوتی ہین لیکن ہوا لگنے سے پانی اور امو-نیا جب اُڑجاتا ہے تب بے گمدّر ہو جاتی ہین پانی مین حل ہو جاتی ہین اور ریکٹی-فائیڈ اِسپرٹ مین نہین ٭

فائدہ اور استعمال - یورک اِسڈ کی پتھری مین یہ دوا نہایت مفید پڑتی ہے اور گاوٹ اور رو-ما-ٹیزم مین بھی دیتے ہین اور ڈا-یو-رٹیک کے طور پر بھی اِسکو برتا گیا ہے ٭

خوراک ۵ گرین سے ۲۰ گرین تک پانی ملاکر دن مین ۳ یا ۴ دفعہ پلاوین ٭

لاٹن ———— ———— انگریزی

امو-نی بن-زا-ایش ———— ———— بن-زوئیٹ اف امو-نیا

نسخہ - سو-لیو-شن اف امو-نیا ۳-آونس یا حسب ضرورت ٭ بن-زائیک اِسڈ ۲ آونس ڈسٹلڈ-واٹر ۴-آونس ٭

پہلے سو-لیو-شن اف امو-نیا مین پانی ملالین بعد ازان اُسمین بن-زا-ئیک اِسڈ حل کرکے دھیمی آنچ پر اُڑاوین مگر یہ خیال رکہین کہ امو-نیا کسیقدر زیادہ ہو تب رکھ چھوڑین تاکہ قلمین بندہ جاوین ٭

خاصیت - قلمین اسکی طبقدار ہوتی ہین پانی اور الکحل مین حل ہو جاتی ہین ٭

فائدہ اور استعمال - اِس دوا کو بطور ڈا-یا-فو-رے-ٹِک ڈا-یو-رٹیک اور الٹریٹو کے کہلاتے ہین جب پیشاب مین فاسفٹ زیادہ ہوتا ہے تب یہ دوا مفید پڑتی ہے اور گاوٹ کی بیماری مین بھی اِسکو دیا کرتے ہین ٭

خوراک ۱۰-گرین سے ۳۰ گرین تک ٭

لاٹن ———— ———— انگریزی

امو-نیائی-برو-مائیڈم ———— ———— برو-مائیڈ اف امو-نیم

ہائیڈرو-برو-مک اِسڈ مین امو-نیا ملاکر اُڑانے سے اِسکی قلمین پیدا ہو جاتی ہین ٭

خاصیت - اکثر اِس دوا کی چھوٹی چھوٹی قلمین ہوا کرتی ہین رنگ جنکا اکثر سفید پر
کبھی کبھی ہلکا بہورا بھی ہوتا ہے - بو خفیف لیکن بد نہین - ذائقہ پہلے سرد اور بعد ازان
کسیقدر تند۔ پانی مین حل ہو جاتا ہے مگر اسپرٹ مین کم ؞

فائدہ اور استعمال - سب سے بڑا فائدہ اِس مرکب کا یہ ہے کہ اِسکے استعمال کرنے
سے لے۔ رنگس کے عضلون پر سے - ڈپی - ٹیو اثر ہوتا ہے چنانچہ اِسواسطے
اِس دوا کو ہوا کی نالیون کے تشنجی امراض مین کثرت سے استعمال کرتے ہین مثلاً
ہو - پنگ کاف مین جب یہ مرکب ہمراہ اپی - کاک اور اسکوئیل کے کہلایا جاتا ہے
تب بہت فائدہ ہوتا ہے تاکہ کُہلے دل سے دینا چاہئے مثلاً ایک سال کے بچہ
کو تین گرین تک بخوبی دیسکتے ہین ڈاکٹر گمرے - فتہہ اِس دوا کو رحم اور خصیتہ الرحم
کی خراش مین بہت مفید جانتے ہین اور ڈاکٹر بردن سیکارڈ اِسکو ہمراہ برو - مائیڈ اف پوٹاسیم
کے مرگی کی بیماری مین بہت استعمال کرتے ہین ؞

خوراک ۵ گرین سے ۳۰ گرین تک پانی مین حل کرکے پلا دین اور ہو - پنگ کاف مین
ایک سال کے بچہ کو ایک گرین سے ۳ گرین تک دے سکتے ہین اور ہر سال کی عمر کے
لئے ایک ایک گرین بڑہاتے جاوین ؞

پوٹاسی - ام

یہ دہات ملائم ہوتی ہے اور دبانے سے جلد ٹوٹ جاتی ہے رنگ اِسکا سفید مائل
بہ نیلگون - ہوا لگنے سے مکدر ہو جاتی ہے - پانی مین چھوڑیے تو تیرنے لگتی ہے اور
نہایت روشنی کے ساتھ جلنے لگتی ہے - کانون مین یہ دہات خالص نہین ملتی مگر پوٹاش
کے مرکبات سے اِسکو حاصل کر سکتے ہین ؞

مرکبات پوٹا-سی-ام

لاٹین ——————— انگریزی

لائیکوار-پوٹا-سی ——————— سو-لیوشن اف پوٹاشس

نسخہ-کار-بونٹ اف پوٹاش ایک پاؤنڈ + بجہایا ہوا چونہ-۱۲-آونس + ڈسٹلڈ واٹر ایک گیالن +

پہلے کار-بو-نٹ اف پوٹاش کو پانی مین حل کرلین جو عرق بنے اُسکو کسی صاف لوہے کے برتن مین رکہکر اسقدر پکاوین کہ جوش کہانے لگے بعد ازان اُسمین تہوڑا تہوڑا بجہایا ہوا چونہ ملاکر دامنٹ تک جوش دین اور خوب ہلاتے جاوین تب اُس برتن کو چولہے سے اُتارلیں جب دُرد نیچے بیٹہہ جاوے اور خوب شفاف عرق اوپر رہ جاوے تب بذریعہ سائے-فن اُسکو کسی سبز رنگ کی بوتل مین بہر کر ایسے شیشہ کے کاگ سے بند کردین جس سے ہوا داخل نہو سکے ::

اثر فائدہ اور استعمال-تہوڑی تہوڑی مقدار مین پلانے سے فائدہ اِسکا ان-ٹا-سڈ + ڈا-یو-ر-ے-ٹک اور اِن-ٹے-لے-تہک ہے اور جب یہ دوا عرصہ دراز تک پلائی جاتی ہے تب اِسکا فائدہ الٹرے-ٹیو بھی ہوتا ہے اور اِس سے بھی زیادہ عرصہ تک پلانے سے خون پتلا پڑجاتا ہے اور بیمار کو اس-کر-وی ہو جاتی ہے ::

مثانہ اور نائزہ پر اس مرکب کا خاص اثر ہے-ڈی-یٹو ہوتا ہے-پس پیشاب کی خرابی کے سبب جب اُن مقامات مین خراش پیدا ہوتی ہے تب لائیکوار-پو-ٹا-سی کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے + جب یہ مرکب تہوڑی تہوڑی مقدار مین کسی نباتی مقوی دوا کے ساتھہ غذا سے تہوڑے عرصہ پہلے پلایا جاتا ہے تب معدہ کے میوکس پردہ پر اِسکا اِسٹی-میو-لنٹ اثر ہو کر گیاسٹرک-جوس کثرت سے پیدا ہونے لگتا ہے جیسے سدھ مرکبات کی غذا سے پہلے پلانے سے تُرش گیاسٹرک-جوس یا تو کم پیدا ہوتا ہے یا بالکل پیدا ہی نہین ہوتا مثلاً معدہ کی کم طاقتی کے سبب جب ہاضمہ بگڑ جاتا ہے تب یہ نسخہ مفید پڑتا ہے-

نسخہ - ڈائیکوار - پو-ٹا-سی ۸۰ قطرے ٹنکچر آئرن - شیائی ۴ ڈرام + انفیوژن اف کلنبا ۱/۲ ۷ آؤنس + سبکو ملاکر بمقدار ایک آؤنس کے غذا سے پہلے تین دفعہ پلاوین گاوٹ اور رو-ما-ٹیزم مین اور یورک اِسِڈ کی پتہری مین بہی پلاتے ہین + بطور آل-ٹری-ٹیو آتشک اور اسکرا-فیو-لا اور پرانی جلد کی بیماریون مین دیتے ہین +

خوراک - ۱۰ سے ۶۰ منم تک - **ناقصات** - کل تیزاب اور دھاتون کے ترشی مرکبات مرکبات ایمو-نیا + بلا-ڈو-نا + فائیو-سٹی-مَش اور ایس-ٹرا-مو-نی-ام +

زہر کا علاج - پانی ملا ہوا اسے ٹکٹ اِسِڈ + نائی-ٹرِک اِسِڈ + نیمبو کا رس + روغن + صابون اور السی کا جوشاندہ پلاوین +

لاٹن ———————— انگریزی

پوٹاسا-کاسٹیکا ———————— کاسٹک پوٹاش

نسخہ - سو-لیو-شن اف پوٹاش ۲ پائینٹ +

سو-لیو-شن اف پوٹاش کو ایک چاندی یا لوہے کے صاف برتن مین رکہکر جلد جوش دیوین اور جب اُبلنا بالکل موقوف ہو جاوے اور وہ عرق گاڑہا روغن کے طور پر رہ جاوی تب اسکو سانچون مین ڈہالدین اور بعد جم جانے کے گرم رہتے شیشہ کے کاگ والی شیشیون مین بہردین +

خاصیت - یہ چیز سخت اور سفید بتیون کے طور پر ملتی ہے بہت جلد گلجاتی ہے اور اثر اسکا نہائیت تیز اور کہار ہے +

فائدہ اور استعمال - تیز ایس-کا-روٹک + چہوٹی رسولیون اور وارٹز اور بدبو دار زخمون کو جلانے کے لئے اسکو لگاتے ہین + بعض دفعہ اِسّے ای-شیو بہی پیدا کرتے ہین جسکے ترکیب کو دیکہو پیچہے +

چونکہ اِس مرکب کی کشش پانی کیطرف بہت ہوتی ہے اور ال-بیو-من کو یہ دوا

گلا دیتی ہے تو جسم پر لگتی ہے اِسکی ساخت کو جلا دیتی ہے اور اوس مقام پر جلنے
کا ایک بڑا سا داغ پیدا ہو جاتا ہے - جس جگہہ یہ دوا لگتی ہے اُس کے اندر نفوذ کر کے
آن کے آن مین پہیلکر ایک گہرا اور وسیع زخم پیدا کر دیتی ہے - پس ایسی جگہہ اِس
دوا کو نہ لگانا چاہئیے جہان کوئی عضو رئیس ہو یا کوئی بڑی شریان یا عصب ہو * اور چونکہ
ہوا کے لگنے سے یہ دوا جلد پگہل جاتی ہے تو جلد پر عرصہ تک اسکو لگائے رکہنا نہ چاہئے
پس ایسا کرین کہ جہان اِسکو لگانا ہو اوس جگہہ کی جلد پر ایک ٹکڑا اِاسٹی - کنگ پلاسٹر کا جسکے
بیچ مین کترا ہوا ایک سوراخ ہو تا کہ یہ مرکب جلد پر لگایا جا سکے چسپان کر دینا چاہئے - اِس
ترکیب سے یہ مرکب بہکر تندرست جلد کو جلا نہین سکتا * جب جلد کے اُوپر ہی اُوپر اِس دوا کی
بتی لگانی ہو تو تہوڑے عرصہ تک رگڑ کر بلاٹنگ پیپر سے اِسکی رطوبت کو جذب
کر لینا چاہئیے تا کہ گہرا زخم ہونے نہ پاوے * چنانچہ اپے - تہ لی - ال کن - سر کو اِسی
ترکیب سے جلانا چاہئے * شکم کا جب کوئی دنبل باہر پہوٹنے والا ہوتا ہے - تب اِس دوا کی
بتی خفیف طور پر لگا کر صرف اتنا ہی انفلامیشن پیدا کر سکتے ہین جسّے اوس دنبل کا خول شکم کی
دیواروں کے ساتھ جُڑ جا سکتا ہے * اور چُہری یا اسی دوا کی بتی سے اِس دنبل کو کہولین
تو پیپ پردہ پیے - ری - ٹو - نی - ام مین نہین بہ سکتی ہے * خراب قسم کے بدبودار زخم
گلکر جب پہیلنے لگتی ہین تب کاسٹک پوٹاش سے جلانے سے چہچہڑ الگ ہو جاتے
ہین اور زخم صاف ہو کر انگور دکہلائی دینے لگتے ہین - یہ مرکب چونکہ نہایت جلد گلجاتا
اور اثر بہی اِسکا نہایت تیز ہے تو اِن باتون کو اصلاح کے لئے اِس مین ہموزن چونہ
ملاکر قدرے ربکٹی - فائیڈ - اسپرٹ کے ذریعہ ایک گاڑہی لئی بنا کر لگاوین تو وہ دقتین
دور ہو جاتی ہین اِسلئے اِسکو اصطلاح مین وی - آ - نا پیسٹ کہتے ہین *

زہر کا علاج - ایسڈ خاصکر نباتی جب پانی ملا کر پلایا جاتا ہے تب تیز اثر اِس دوا کا
جاتا رہتا ہے - اور روغن بہی پلانا مفید ہے کیونکہ روغن اِس مرکب کے کہار کے ساتھ ملکر

مایوں نبجاتا ہے - اس زہر کے کہانے سے مری چونکہ گلجاتی ہے تو آلہ اس ٹمک پیپ کا استعمال نہ کرنا چاہئے +

لاٹن	انگریزی
پوٹاسیائی - آئیو - ڈیڈم	آئیوڈائیڈ اف پوٹاسی ام

نسخہ - سو - یو - شن اف پو - ٹاش ایک گیلن + آئیوڈین سفوف کیا ہو ۱۲ اونس یا حسب ضرورت + لکڑی کا کوئیلا باریک سفوف کیا ہوا ۳ اونس +

ترکیب - آئیوڈین کو سو - یو - شن اف پو - ٹاش مین ملاوین - اس کے کرنے سے اس عرق مین دو مرکب بن جائینگے - ایک آئیوڈائیڈ اف پو - ٹا - سیم دوسرا آئیو - ڈیٹ اف پو - ٹا - سیم اب اوس مرکب عرق مین خوب باریک پسا ہوا کوئلا ملاکر آنچ پر خوب سرخ کرین - اس ترکیب سے آئیو - ڈیٹ اف پو - ٹا - سیم بدل کر آئیوڈائیڈ اف پو - ٹا - سیم بن جائیگا - اب اسکو ڈسٹلڈ واٹر مین حل کرکے کاغذ کے فلٹر مین چھان لین - اوس چھانے ہوئے عرق کو اوڑا کر رکہہ چھوڑنے سے آئیوڈائیڈ اف پو - ٹا - سیم کی قلمین جم جائینگی +

خاصیت - قلمین اس دوا کی بے رنگت اور اکثر نکدار اور پہلدار ہوتی ہین پانی مین جلد حل ہو جاتی ہین اور اسپرٹ مین کم - اکثر اس کا اثر کسیقدر الکلی دوا کے طور پر ہوتا ہی ذائقہ تیز +

اثر فائدہ اور استعمال - تندرستی کی حالت مین اگر آئیوڈائیڈ اف پو - ٹا - سی - ام تہوڑی تہوڑی مقدار مین (یعنے نصف گرین) کہایا جاوے تو بہوک کہلتی اور جسم کا وزن بڑہتا ہے اور زیادہ مقدار مین عرصہ دراز تک جب کہائی جاتی ہے تب یہ علامتین پیدا ہوتی ہین کہ منہہ مین پیتل کا سا ذائقہ معلوم ہوتا ہے تہوک زیادہ آتا ہی اور تب آنکہہ ناک حلق و - ہوا کی نالیون کے میو - کس پردہ مین خراش شروع ہوجاتی ہی

اور کل علامتین زکام کی پیدا ہو جاتی ہین اور آنکھون کے پپوٹے سوج جاتے ہین پیشانی
اور دانتون مین درد ہونے لگتا ہے۔ بخارات مثل اک۔ نے یا پر۔ پیو۔ را یا آر۔ ٹی
کے۔ ریا کے نکل آتے ہین۔ بھوک مرجاتی۔ جی متلاتا اور دست آنے لگتے ہین ۞
لاغری اور کمزوری پیدا ہو جاتی ہے اور دل ڈوبا جاتا ہے۔ قوۃ باہ جاتی۔ رہتی ہے پیشاب
زیادہ آنے لگتا ہے اور شاذ و نادر شش مین ٹیو۔ بر۔ کل کا مادہ بھی پیدا ہو سکتا ہے ۞ جسم کی
کل غدودون کو تحریک ہو جاتی ہے چنانچہ اسیواسطے گردون کے ذریعہ (پیشاب
کے ساتھہ) یا تھوک پیدا کرنیوالے غدودون کے ذریعہ (تھوک کے ساتھہ) ہوا کی
نالیون کے میو۔ کس پردہ کے ذریعہ (بلغم کے ساتھہ) اور پستان کے غدودون
کے ذریعہ (دودہ کے ساتھہ) یہ دوا جسم سے خارج ہو جاتی ہے یہ دوا بہتیری بیماریون مین فائدہ
کرتی ہے لیکن بعض حالتون کو ایسے کیونکر فائدہ ہوتا ہے یہ بات ہماری سمجھہ مین نہین
آتی۔ چنانچہ اس۔ کرا۔ فیو لا کے قسم کی بہتیری بیماریون مین آئیو۔ ڈائیڈ اف پوٹا۔ سی۔ ام
مفید پڑتا ہے کیونکہ اس کے استعمال سے اس۔ کرا۔ فیو لا کا مادہ جذب ہو جاتا ہے یا تو
بسبب اس کے کہ اس دوا سے عروق جاذبہ کو تحریک ہوتی ہے یا مادہ خا۔ کو رد رقیق
ہو جاتا ہے چنانچہ کرانک برانکائی۔ ٹس کی بیماری مین ایسا ہی ہوتا ہے کہ اس دوا کے
استعمال سے بلغم پتلا ہو جاتا ہے۔ آئیوڈائیڈ اف پو۔ ٹا۔ سی۔ ام ایک عمدہ اکس
پکٹ۔ ٹو۔ رنٹ دواؤن مین سے ہے ۞ جب اوسط مقدار مین (یعنی ۵ گرین کی مقدار مین)
یہ دوا پلو۔ رائی۔ ٹس اور نیو۔ مو۔ نیا اور پے۔ ری۔ کار۔ ڈائی۔ ٹس کے بیمارون کو
کہلائی جاتی ہے تو ان مرضون کے انفلامیشن کا مادہ جذب ہو جاتا ہے اور جگر اور پہیپہڑے
کے سِر۔ رو۔ سِس کے بیماری کے ابتدا درجہ مین آئیو۔ ڈائیڈ اف پو۔ ٹا۔ سی۔ ام
ایک نہایت فائدہ مند دوا ہے ۞
زیادہ مقدار مین (یعنی ۲۰ گرین) اس دوا کو اندرونی ایلو۔ ری۔ زم کے مرض مین دیتے ہین

کہ جہان جراح کا بس نہین چلتا ❖

جب سیماب یا سیسہ کے ذرات عرصہ تک جسم مین سرایت کر کے زہر کی علامتین پیدا کرتی ہین تب آئیو۔ڈائیڈ آف پو۔ٹا۔سی۔ام کے استعمال سے یہ دوا خون مین داخل ہو کر جسم کی بافت مین اون دھاتون کے ذرات کے ساتھہ ملجاتی ہے اور اُنکو حل کر کے جسم سے خارج کر دیتی ہے۔اِسی ترکیب سے آئیو۔ڈائیڈ آف پو۔ٹا۔سی۔ام آتشک کے تیسرے درجہ کے زہر کو بھی جسم سے خارج کر دیتی ہے اور آتشک کے زہر کے جمع ہو جانے سے عصبی نظام مین جو جو خرابیان پیدا ہوتی ہین وہ بھی اِسی دوا سے جلد رفع ہو جاتی ہین اور اِسی دوا کے استعمال سے گم۔مے۔ٹا (دیکھو طب رحیمی) اور اَور آتشک کے مادہ کے اُبھار بھی حل ہو جاتے ہین مگر ان صورتون مین اِس دوا کو کھلے طور پر بیس بیس اور چالیس چالیس گرین کی مقدار مین کہلانا چاہئے ❖ مگر آتشک کے ابتدا درجون کو اِس دوا سے بہت فائدہ نہین ہوتا۔وجع مفاصل کا جو مادہ جوڑون مین جمع ہو جاتا ہے وہ بھی اِس دوا سے حل ہو کر خارج ہو جاتا ہے۔زکام کے سبب سے جب ضیق النفس کی بیماری ہو جاتی ہے تو۔

آئیو۔ڈائیڈ آف پو۔ٹا۔سی۔ام سے وہ بھی جلد رفع ہو جاتی ہے۔اور جب کوئی بھی ڈایا۔یو۔رے۔ٹکِ دوا کارگر نہین ہوتی ہے تب اِس دوا کے استعمال سے پیشاب کھلکر آجاتا ہے۔لیکن اِس کے ڈا۔یو۔رے۔ٹکِ اثر پر اعتماد نہین کیا جاسکتا ❖

آدہا گرین آئیو۔ڈائیڈ آف پو۔ٹا۔سی۔ام اور ۱۰ منم ایپے۔کگِ وائین جب غذا کے بعد پلایا جاتا ہے تب ہاضمہ کو بہت ہی تقویت ہوتی ہے ❖ زیادہ مقدار مین دینا ہو تو اِس دوا کو خلو معدہ مین نہ کہلانا چاہئے۔یاد رہے کہ امو۔نیا کے ملانے سے اِس دوا کا اثر تیز ہو جاتا ہے ❖ چنانچہ

نسخہ۔آئیو۔ڈائیڈ آف پو۔ٹا۔سی۔ام ۱۲ ڈرام ❖ ٹنکچر آف کلمبا ایک آؤنس ❖ ارو۔ماٹکِ اسپرٹ آف امو۔نیا ۱۲ ڈرام ❖ ڈسٹلڈ واٹر ۶ آؤنس ❖ سبکو ملاکر

بمقدار ۲ ڈرام کے کہلانے کے بعد دن مین تین دفعہ پلاوین *

خوراک ۲ گرین سے ۱۰ گرین تک *

ناقضات - کل تیزاب اور ترش نمک * نائٹرک ایتہر * سب نائٹریٹ اف بسمتھ *

اور کل نباتی دوائین جنمین اسٹارچ موجود ہو *

زہر کا علاج - ادویات ڈی مل سنٹ *

مرکبات

لاطین ———————— ———————— انگریزی

انگو-ئنٹم پوٹاسیائی آیو-ڈائی ڈائی ———— آینٹمنٹ اف آیوڈائیڈ اف پوٹاسیم

نسخہ - آیوڈائیڈ اف پوٹاسیم ۶۴ گرین * کاربونیٹ اف پوٹاش ۴ گرین *

ڈسٹلڈ واٹر ایک ڈرام * بنزوایٹیڈ لارڈ ایک آونس *

آیوڈائیڈ اف پوٹاسیم اور کاربونٹ اف پوٹاش پانی مین حل کرکے چربی کے

ساتھہ خوب ملاکر رکہہ چہوڑین * یاد رکہو کہ اس مرہم مین کاربونٹ اف پوٹاش اسواسطے

ملایا گیا ہے کہ رنگ اسکا ند ہو جاوے *

لاطین ———————— ———————— انگریزی

لی-نی منٹم-پوٹا-سیئی آیوڈائی ڈائی کم سیپونے ——— لی نی منٹم اف آیوڈائیڈ اف پوٹاسیم اینڈ سوپ

نسخہ - گلائی سی رین ایک آونس * سخت صابون تنکہ کیا ہوا ۲ آونس *

آیوڈائیڈ اف پوٹاسیم ڈیڑہ آونس * آئیل اف لمن ایک ڈرام * ڈسٹلڈ واٹر دس

آونس * واٹر باتھہ کی گرمی پر صابون کو ۳ آونس پانی مین حل کرین اور باقی پانی مین

آیوڈائیڈ اف پوٹاسیم اور گلائی سی رین کو حل کرکے اس عرق کو اگلے عرق مین

ملادین اور جب یہ مرکب سرد ہو جاوے تب اُسمین آئیل اف لمن ملاکر ساری کو گہونٹ کر

رکہہ چہوڑین *

فائدہ اور استعمال - اِس روغن کے ملنے سے جلد پہ تو داغ پڑتا ہے اور نہ خراش ہوتی ہے - گلو کی گلٹیون اور پہولے ہوئے جوڑون پر اسکی مالش کرتے ہین

لاطین ——————— انگریزی

پوٹاسیائی - برو - مائیڈم ——————— برو - مائیڈ اف پوٹاسیم

نسخہ - سو - لیو - شن اف پو - ٹاش ۲ پائنیٹ + برومین ۴ آونس یا حسب ضرورت + لکڑی کا کویلا خوب باریک سفوف کیا ہوا ۲ آونس + کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ڈیڑہ پائینٹ

ترکیب - مثل آئیو - ڈائیڈ اف پو - ٹاسیکیم صرف اتنا فرق ہے کہ بعوض آئیو - ڈین کے اِس مین برو - مین ملانا چاہئے +

خاصیت - اِس کے دانے سفید شفاف اور پہلدار ہوتے ہین - ذایقہ تیز اور نمکین پانی مین خوب حل ہو جاتا ہے مگر اسپرٹ مین کم +

اثر فائدہ اور استعمال - نظام عصبی پہ برو - مائیڈ اف پو - ٹا - سی - ام کا اثر سی - ڈیٹیو ہوتا ہے اور چونکہ اثر اِسکا پہیل جاتا ہے تو کہاتے ہی یہ دوا خون مین فوراً داخل ہو جاتی ہے اور وہان سے دماغ اور نخاعی اعصاب مین پہنچکر سے - ری - برم کی رگون کا خون کم کر دیتی ہے اور نخاع کے منعکس فعل کو گہٹا دیتی ہے جس سبب سے بیمار اونگہنے لگتا ہے اور اُسکو نیند آجاتی ہے اور یہ دوا حس کو بہی کم کر دیتی ہے چنانچہ اِسیوا سطے اون مقامات کی جلد کا حس کم ہو جاتا ہے کہ جہان قوت لامسہ زیادہ ہوتی ہے - علاوہ ازین بیمار جب تک برو - مائیڈ اف پو - ٹا - سی - ام کا استعمال کرتا رہتا ہے حلق کے پیچہے کے مقام کا حس اور اوس جگہہ کی منعکس حرکت بہی اِسقدر کم ہو جاتی ہے کہ حلق کے اندر اچہی طرح انگلی پہیرنے سے بہی نتو بیمار نگلنے کی کوشش کر سکتا اور نہ اُبکائیان آتی ہین اور اِس دوا کے استعمال سے قے - ز نگمش کا حس جو کم ہو جاتا ہے تو بعض طبیب ایسا قیاس

کرتے ہین کہ یہ دوا خاص اُسی جگھہ لگ جاتی ہے جس سے وہان کا حس کم ہوجاتا ہے
کیونکہ اسی نفے - نرگمس کے میو-کس پردہ کے ذریعہ برو- مائیڈ اف پوٹا-سی-ام
جسم سے خارج ہوجاتی ہے - بعض طبیب کا ایسا خیال ہے کہ سم-پے-تھو ٹیک نرو پر
اس دوا کا اثر مسی-ڈری-ٹیو ہوتا ہے اور ڈاکٹر بردون سی-کوارڈ کے تجربون سے
یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس کے استعمال سے دماغ اور نخاع کی تکل رگین سکڑ جاتی ہین
اور انے-میا کیحالت پیدا ہوجاتی ہے - برو-مائیڈ قسم کے مرکبات جب عرصۂ دراز تک
استعمال ہین رہتے ہین تب ایک حالت پیدا ہوتی ہے جسکو اصطلاح مین برو-می-زم
کہتے ہین - اُس حالت کی علامتین یہ ہین کہ بیمار کو انے-میا ہوجاتا ہے - طبیعت
کُند ہوجاتی ہے - چلتے وقت ٹانگین لڑکھڑانے لگتی ہین - مریض کمزور اور نڈھال ہوجاتا
ہے - حرکت سے دم چڑھ آتا ہے - قوت باہ جاتی رہتی ہے - مریض اونگھتا رہتا اور
بعض دفعہ اُسکے تنفس کے ہوا مین برو-مین کی بو پائی جاتی ہے - قوت لامسہ کم ہوجاتے
اور چہرہ اور مونڈھون پر اِک-نے کے بخارات نکل آتے ہین ÷ یہ مرکب بذریعہ پسینہ
اور تنفس کے ہوا اور بول براز کے ساتھہ جسم سے خارج ہوجاتا ہے ÷

استعمال - یہ دوا اُن عصبی بیماریون مین دیجاتی ہے جنمین تشنج ہوتا ہے جیسے مرگی
کہ جسمین اِس سے بڑھ کر کوئی اَور دوا مفید نہین ہے مگر تعجب کی بات ہے کہ شدید قسم
کی مرگی کو اِس دوا سے فائدہ ہوتا ہے اور اُس خفیف قسم کو نہین جسکو اصطلاح مین
پے-تے-مال کہتے ہین - چنانچہ مرگی مین اس دوا کو ۳۰ سے ۴۰ گرین کی مقدار مین
دن مین تین دفعہ دینا چاہیئے اور جبتک اِسکا استعمال رہے گوشت کی غذا کم یا بالکل
نہ دینی چاہیئے - اور بعد رفع ہوجانے مرض کے اِس دوا کو عرصۂ دراز تک کھلانا چاہیئے
علاوہ ازین برو-مائیڈ اف پو-ٹاسیم اِن بیماریون بھی مفید پڑتا ہے چنانچہ
لا-رِن-جِس-مَس اس-ٹرائی-ڈیو-لس ÷ ہو-پنگ کاف ÷ دمہ ÷ ڈی-لی-ری-ئم

ڈیلی۔ رِی۔ ام ٹری مینس کے پہلے درجہ مین + شدید دیوانگی مین + ہگ ۔رین + جی ۔ نو۔ راجیا + شب کے وقت احتلام مین + مگر کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہی کہ امراض مذکورہ بالا کو اس دوا سے فائدہ بھی نہین ہوتا ہی + جب رنج و غم فکر و تردد کے سبب سے نیند نہین آتی ہے تب شب کیوقت ہم گرین کی مقدار مین اس دوا کے کہلانے سے بیمار ایسی چُپ چاپ سوجاتا ہے کہ جیسے تندرستی کی حالت مین نیند آیا کرتی ہے ۔ پہلے خوراک سے نیند نہ آوے تو ایک یا دو گہنٹہ بعد پہر اسیقدر دوا دینی چاہئے + اس دوا کے استعمال سے دماغ کی چہوٹی رگین سکڑ جاتی ہین اور اسلئے خون ہٹ جاتا ہے تب بیمار سو جاتا ہے بعینہ اُسیطور پر کہ جس طرح تندرستی کیحالت کے بیچ مین دماغ کی رگون سے خون ہٹ جاتا ہے + اور اسیواسطے یہ دوا اُن بیماریون مین بھی فائدہ بخشتی ہے جنمین دماغ کے کن ۔ جش ۔ چن کی علامتین موجود ہوتی ہین اور ایسی ترکیب سے یہ دوا اوس تے کو بھی روک دیتی ہے جو دماغ کی بیماریون مین اکثر ہوا کرتی ہی + اور ہائے ۔ ڈرو ۔ کِف ۔ لِس وغیرہ بیماریون مین جو کن ۔ وَل ۔ شن ہو جاتا ہے اُسکو بھی یہ دوا روک دیتی ہے مگر خاص مرض کو دفع نہین کر سکتی + علاوہ اون بیماریون کے جنکا ذکر اوپر کیا گیا ہے برو ۔ مائیڈ اف پو ۔ ٹا ۔ سی ۔ ام کا اثر مثل آئیوڈائیڈ اف پو ۔ ٹا ۔ سی ۔ ام کے آل ۔ ٹرے ۔ ٹیو بھی ہوتا ہے اور مثل آئیوڈائیڈ اف پو ۔ ٹا ۔ سی ۔ ام کے اِس کے استعمال سے بھی بڑے ہوئے غدود اور آتشک کے اُبہار حل ہو جاتے ہین اور بڑھی ہوئی تلی چہوٹی ہو جاتی ہے +

برو ۔ مائیڈ اف پو ۔ ٹا ۔ سی ۔ ام کے استعمال سے چہرہ پر اِکن ۔ نے کے دانے نکل پڑتے ہین لیکن جب سنکہیا کے ساتھہ دیجاتی ہے تب یہ بات بہت کم ہوتی ہے جیسے نسخہ ذیل مین اِس دوا کو انی ۔ میا کیحالت مین نہ دینا چاہئے اور یہ بات یاد رہے کہ ادویات مفصل ذیل کا ہپ ۔ نا ۔ ٹکِ اثر برو ۔ مائیڈ اف پو ۔ ٹا ۔ سی ۔ ام کے ملانے سے تیز ہو جاتا ہی جیسے کا یرل ۔ اور بلا ۔ ڈو ۔ نا اور افیون اور ہائیو ۔ سئے ۔ مَس اور یہ بھی یاد رہے کہ

جب اِس دوا کے ساتھ برو-مائیڈ اف امو-نیم ملایا جاتا ہی تب ہی اسکا اثر تیز ہو جاتا ہی

نسخہ جات

اول جوان آدمی کی مرگی کی بیماری مین - نسخہ -

برو-مائیڈ اف پو-ٹا-سی-ام ڈیڑہ آؤنس + لائی-کوار ار-سی-نے-کے-لیس ڈیڑہ ڈرام + سرپ آف آرینج ۲ آؤنس + ڈسٹلڈ واٹر ۲۰ آؤنس + سبکو ملا کر چار ڈرام کے مقدار مین دن مین تین دفعہ پلاوین +

دوم تین سال کے بچہ کے ہو-پنگ کاف کی بیماری مین +

نسخہ - برو-مائیڈ اف پو-ٹا-سی-ام ڈیڑہ ڈرام + وا-ے-نم-اپے-کگ ۴ ڈرام سَرپ اف اِس-کوئیل ۴ ڈرام + کنپاؤنڈ ٹنکچر اف کمفر ۲ ڈرام + پانی دو آونس + سبکو ملا کر بمقدار ۲ ڈرام کے تین تین گہنٹہ بعد پلاوین +

خوراک - ۵ سے ۴۰ گرین تک + **نا قضات** - کُل تیزاب ترش نمک اور دہاتون کے مرکبات +

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

پو-ٹا-سیائی-فرو-سائی-نائی-ڈم ——————— فرو-سائی-نائیڈ اف پو-ٹا-سیم

حیوانی اجزا جیسے سنگ کہر اور بال اور چمڑا ہمراہ کار-بو-نٹ اف پو-ٹا-سی-ام اور فولاد کے لوہے کے پیالہ مین آنچ پر گلا کر اُس مین پانی چہوڑ کر لکسے-وی-شن کی ترکیب سے عرق حاصل کرین اب اُسکو آنچ پر رکھ کر قلمین حاصل کرین +

خاصیتٔ - اِس کی قلمین زرد رنگ کی بڑی بڑی ہوا کرتی ہین - پانی مین خوب حل ہو جاتی ہین + یہ مرکب ڈائیلوٹ ہائیڈرو-سیانک ایسڈ بنانے مین کام آتا ہے + چنانچہ +

لاٹن ———— ———— انگریزی

اسیڈم ۔ ہائیڈرو ۔ سیانیکم ۔ ڈائی ۔ لوٹم ———— ڈائیلیوٹ ۔ ہائیڈرو ۔ سیانک ایسڈ
ایسکو پر و ۔ سایک ایسڈ بہی کہتے ہین +

نسخہ ۔ فرو ۔ سایا نائیڈ آف پوٹاسی ۔ ام سوا دو آونس + سلفیورک ایسڈ ایک آونس +
ڈسٹلڈ واٹر ۳۰ آونس یا حسب ضرورت +

فرو ۔ سایا ۔ نائیڈ آف پوٹا ۔ سی ۔ ام کو ١٠ آونس پانی مین حل کرین اور سلفیورک ایسڈ
مین ۴ آونس ۔ پانی ملا کر سرد ہونے دیوین بعد ازان اگلے عرق مین ملا کر ریٹارٹ کے
اندر بہر دین اور ریسیور مین ٨ آونس پانی بہر کر خوب سرد رکہین تب ریٹارٹ کو اوس
ریسیور مین لگا کر سنڈ باتہہ کی دہیمی آنچ پر رکہکر ١٧ آونس تقطر کر لین اور اوس مین ٣ آونس
یا اتنا پانی ملا دین جنمین سو حصہ مین ٢ حصہ تیزاب کا آجاوے +

خاصیت ۔ یہ ایک بے رنگ عرق ہوتا ہے بو خاص ۔ اسمین لٹمس پیپر کے ڈبونے سے
تہوڑے عرصہ کے لئے نہایت خفیف سرخ ہو جاتا ہو سلفیٹ اور پرسلفیٹ اف ایرن کا عرق ملا کر تہوڑا
سا اگر اوسمین ڈالا جاوے بعد ازان اسمین پوٹاش کا عرق ملا کر اخیر مین تہوڑا سا
ہائیڈرو ۔ کلورک ایسڈ ملا کر ترش کرنے سے پرشین بلو رنگ بنتا ہے +

شناخت ۔ اسپیسی فک ۔ گراوٹی ٧ ٩ ٩ ۔ کلورائیڈ اف بی ۔ ریم کے ملانے
سے کوئی منجمد نہین بنتا لیکن نائٹریٹ اف سلور کے ملانے سے سفید منجمد تہ نشین ہوتا ہے
جسمین کہولتا ہوا نائیٹرک ایسڈ ڈالنے سے حل ہو جاتا ہے +

طاقت ۔ ڈائی ۔ لیوٹ ۔ ہائیڈرو ۔ سیانک ایسڈ کے سو حصہ مین صرف دو حصہ خالص
ہائیڈرو ۔ سیانک ایسڈ ہوتا ہے +

فائدہ ۔ تہوڑی مقدار مین فائدہ ایسکاسی ۔ ڈی ۔ ٹیو اور اکش ۔ پاٹ ۔ ٹو ۔ رنٹ
ہے اور زیادہ مقدار مین نہایت تیز زہر ہے جسکے کہانے سے منہہ کا ذائقہ فوراً

کڑوا ہوجاتا ہے بعد اسکے بیمار کا سر گہومتا۔ بیہوش ہوجاتا اور تشنج ہونے لگتا ہے۔
تنفس تکلیف سے لیاجاتا ہے اور اس سے ہائیڈروسیانک ایسڈ کی بو آتی ہے پتلیاں
پھیلجاتی ہیں اور اکثر قریب ۲۰ منٹ کے اندر بیمار مرجاتا ہے ۔ اثر اس دوا کا خاصکر دماغ
اور حرام مغز پر ہوتا ہے کیونکہ اسکے زیادہ مقدار کے پینے سے دردسر اور بیہوشی طاری
ہوتی ہے ان علامتوں سے اسکا اثر دماغ پر ثابت ہوتا ہے اور اس چیز سے تشنج مثل
مرض ٹے۔ٹے۔نس کے بھی ہوجاتا ہے تو اسکا اثر حرام مغز پر ثابت ہوتا ہے ۔ اسکے
زہر میں بیمار دو طور سے مرسکتا ہے یا تو دم بند ہوکر یا قلب کی حرکت بند ہوجانے سے ۔

استعمال - سی۔ڈی۔ٹیو کے طور پر اسکو ترقی دینے کے لئے دیا کرتے ہیں اور سیڈیٹیو
اور اکس۔پک۔ٹو۔رنٹ کے طور پر انکائی۔ٹس اور تھائی۔سس ہو۔پنگ۔کاف
اور کروپ میں ۲ بوند سے ۵ بوند تک اسکو ہمراہ انفیوژن اف کلمبا کے معدہ کے
مرضوں میں کہلانے سے بڑا فائدہ ہوتا ہے مثلاً ڈس۔پپ۔شیا اور کارڈ۔یالجیا
اور گیاسٹرو۔ڈی۔نیا وغیرہ ۔ یہ دوا بسمتھ کے ہمراہ بھی اکثر دیجاتی ہے چنانچہ

نسخہ - ڈائی۔لوٹ ہائیڈروسیانک ایسڈ ۴۰ قطرے ۔ کاربونیٹ اف بسمتھ ۸۰
گرین ۔ میو۔سلیج تازہ تیار کیا ہوا ۲ آونس ۔ ڈسٹلڈ واٹر ۴ آونس ۔
سبکو ملاکر مقدار دو ڈرام کے کہانے سے پہلے دنمیں تین دفعہ پلادیں ۔ جلدی بیماریوں میں
جب نہایت خارش اور جلن ہوتی ہے تو ہائیڈروسیانک ایسڈ کا عرق لگانے سے
نہایت فائدہ ہوتا ہے ۔

خوراک ۲ بوند سے ۸ بوند تک ۔ ڈائیلوٹ ہائیڈروسیانک ایسڈ میں اگر ذرہ سا سلفیورک
یا ہائیڈروکلورک ایسڈ ملا دیا جاوے تو عرصہ تک نہیں بگڑتا ۔

زہر کا علاج - اگر فوراً بعد کہانے اس زہر کے بیمار کا ملاحظہ ہوسکے تو اس کو
لائی۔کوار۔امو۔نیا ہمراہ باہر کی ہوا کے سنگہا دیں نہیں تو تہوڑی تہوڑی مقدار میں

بار بار لائیکوار ایو-نیا پلادین اور کلورین ہوا کے استعمال سے بھی فائدہ ہوتا ہے - لیکن
سارے علاج سے پہ علاج بہتر معلوم ہوتا ہے کہ بیمار کے چہرہ پر آب سرد بار بار چہڑکین
بلکہ سرد پانی کا تڑاڑا سر پر چہوڑین اور ترکیب مصنوعی سے تنفس کو جاری رکہین اور یہ نسخہ
بہی بہت کارآمد ہے +

نسخہ -۔ گرین سلفٹ اف پرو-ٹو اکسایئڈ اف ایرن ایک آونس پانی مین حل کرین اور
اُسمین ایک ڈرام ٹنکچر آف اسٹیل ملادین + دوسرے برتن مین ۳۰ گرین کار-بو-نیٹ اف
پوٹاشس ایک یا دو آونس پانی مین حل کرین - اس عرق کو پہلے عرق مین ملاکر فوراً پلادین +

اسکا ایک مرکب ہے

لاطن	انگریزی
وی-نیر اسے ٹڈائی-ہایڈرو سیانی-سائی	ان-ہی-لیشن اف ہایڈرو سیانک اسڈ

نسخہ - ڈایلیوٹ ہایڈرو سیانک اسڈ ۱۰ بوند سے ۱۵ بوند تک + آب سرد - ایک ڈرام
کسی موزون آلہ مین بہر کر اسکا بخار سونگہین + دسکوششں کی بیماریو نمین سونگہاتے ہین +

لاطن	انگریزی
پوٹاسی کار-بو-ناس	کار-بونٹ اف پوٹاشس

ملک امریکا اور ایشیا مین اس چیز کو لکڑی کی راکہہ سے بناتے ہین اور ہندوستان مین
جو کے درخت کی راکہہ سے اسیواسطے اسکو جوکہار بولتے ہین - چنانچہ راکہہ کو پانی مین گہول کر
چہانتے ہین جو عرق حاصل ہوتا ہے اُسکو اُڑاکر خشک کرنے سے میلا پوٹاشس ملتا ہے
تب اسکو پکاکر صاف کرتے ہین اور ٹارٹرٹ اف پوٹاشس کو ہمراہ شورہ کے یا شورہ
کو ہمراہ کوئیلے کے جلانے سے بھی نہایت صاف کار-بونٹ اف پوٹاشس ملتا ہے +

خاصیت - یہ سفید چمکدار سفوف ہوتا ہے - ذایقہ کہارا اور تیز جلد گل جاتا ہے پانی مین

جلد حل ہوجاتا لیکن اسپرٹ مین نہین *

فائدہ اور استعمال - مانند کاسٹک پوٹاش کے ہے مگر اُس سے تیزی مین کم ہے تاہم یہ ایک تیز زہر ہے - اِلٹر یپوٹ کے طور پر ہو - ینگ - کاف مین کہلاتے ہین اور اِسکا عرق جلد کے بیماریون پر لگاتے ہین اور انٹاسٹڈ کے طور پر مرض ڈس - پپ - سیا مین کہلاتے ہین *

خوراک - ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک بلکہ ۵ گرین سے ۱۲ گرین بہتر ہے کیونکہ یہ بھی تیز

زہر کا علاج اور ناقضات مانند کاسٹک پوٹاش کے ہے - ایفر - وسینگ ڈرافٹ بنانے مین ۴۰ گرین کار - بونٹ اف پوٹاش کے لئے ۱۷ - گرین سایٹرک ایسڈ اور ۱۸ - گرین ٹارٹارک ایسڈ چاہیے * یہ دوا مرکبات ذیل مین پڑتی ہے کمپاونڈ ڈلی - کاک - شن اف الوز انے - ما الوز * لائیکر - آر - سی - نے - کے - لش * کمپاونڈ مکسچر اف آئرن *

لاٹن ———————— انگریزی

پوٹا - سی بائی - کار - بوناس ———————— بائی - کار - بونٹ اف پوٹاش

کار - بونٹ اف پوٹاش کے پانیکے گاڑہے عرق مین کار - بانک ایسڈ کی ہوا چھوڑ کر آنچ کیکے قلمین باندہ لین *

اثر فائدہ اور استعمال - پوٹا - سی - ام وہات کے کُل مرکبات کا اثر اُسمین موجود ہے علاوہ ازین یہ مرکب تیز بھی نہین ہے * بائی - کار - بونٹ اف پوٹاش ہلکا انٹا - سڈ ہے غذا سے پہلے اگر تہوڑی تہوڑی مقدار مین کہلایا جاوے تو گسٹرک - جوس کثرت سے پیدا ہوتا ہے چنانچہ اسیو اسطے ڈس - پپ - سیا کی بیماری مین کہ جب یہ مرض معدہ کی کمزوری کے سبب سے پیدا ہوتا ہے اِسکے کہلانے سے فائدہ ہوتا ہے * اوس قسم کے درد معدہ مین کہ جسمین غذا کے بعد ترشی اور تیز رطوبت کثرت سے پیدا ہوتی ہے - یہ مرکب زیادہ مقدار مین کہلایا جاوے تو ترشی دور ہوجاتی ہے اور درد کو بھی فوراً آرام آجاتا ہے اگرچہ زیادہ عرصہ تک جاری رکہنے سے شفا کلّی نہین ہوتی * خفیف قسم کے گیاس - ٹرل - جیا (معدہ کا عصبی درد)

یا کار۔ ڈیال۔ جیا (کلیجہ جلنا) کی علامتین جب معدہ مین تہوڑی تُرشی کے سبب پیدا ہوتی
ہین تب اِس مرکب کے کہلانے سے یہ اوس تُرشی کے ساتہہ ملجاتا ہے اور کار۔ با۔ نکٹ ایشد گیس
ہوا خارج ہو جاتی ہے اور اُن علامتون کو بہی اکثر تخفیف ہو جاتی ہے + یہ مرکب خون کو زیادہ
کہارا کر دیتا ہے اور گُردون کو تحریک دیکر بیکل کار۔ بونٹ اف پوٹاش کے پیشاب کے ساتہہ
خارج ہو جاتا ہے لیکن اعضاے بول کے میو۔ کس پردہ سے گزرتے وقت اُسپر سے ڈوی ٹیو
اثر پیدا کرتا ہے چنانچہ اِسیو اسطے سٹیش ٹائی۔ ٹیس (شانہ کا انفلامیشن) کے انفلامیشن کو
آرام آجاتا ہے اور اِسی وجہ سے سوزاک کو بہی اِس دوا سے فائدہ ہوتا ہے + مگر اِن بیماریون
مین بائی۔ کار۔ بو۔ نیٹ اف پوٹاش کو ہمراہ ہیو۔ کیو یا مِہ تیرا یا ہرن۔ بِرتین کے دینا چاہئے + لیکن
پیشاب اگر کہارا ہو یا گندہ ہونے لگے اور اوس سبب سے شانہ مین اَمونیا کے مرکبات پیدا کرکے اوس
عضو مین خراش پیدا کرے تو اِس مرکب کو نہ دینا چاہئے +

اگر پیشاب مین یو۔ رک اِشد جب زیادہ ہوتا ہے اور اوس سبب سے شانہ مین خراش ہوتی ہے
تب کار۔ بو۔ نیٹ یا بائی۔ کار۔ بو۔ نیٹ اف پوٹاش کے استعمال سے جلد آرام آجاتا ہے
تجربہ سے یہ بہی ثابت ہوا کہ جب شانہ مین یورک اِشد کی چہوٹی چہوٹی پتہری ہوتی ہے۔ تب
شانہ مین اِس دوا کے عرق کی پچکاری کرنے سے بعض دفعہ پتہریان حل ہو جاتی ہین +
ر۔ ما۔ ٹیزم کی بیماری مین جب یہ دوا کہلائی جاتی ہے تب شدت اوس بیماری کی اگرچہ رُک
نہین سکتی تاہم مرض کو بہت افاقہ ہو جاتا ہے اور قلب کی بیماری کے ہونے کا اندیشہ بہی
کم ہوتا ہے + مرض فدکو رجب مزمن ہو جاتا ہے تب اِس مرکب کو ہمراہ آئیو۔ ڈائیڈ اف
پو۔ ٹا۔ سی۔ ام کے دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے + لیکن یہ بات یاد رہے کہ الکلی دوائین
جب تہوڑی تہوڑی مقدار مین عرصہ دراز تک کہلائی جاتی ہین تب خون کی خاصیت بگڑ
جاتی ہے اور جسم کا وزن بہی کم ہو جاتا ہے اور مرض کے دفع ہو جانے کے بعد صحت کامل دیر
سے حاصل ہوتی ہے اکثر اِس دوا کو اِفر۔ وی۔ سنگ ڈرافٹ کے طور پر دیتے ہین مثلاً

۲۰ گرین بائی۔کار۔بو۔نیٹ اف پو۔ٹاش کے واسطے ۲۰ ڈرام عرق لیمو یا ۲۴ گرین سائی ٹرک ایسڈ چاہئے +

ٹار۔ٹارک ایسڈ کا استعمال نکرنا بہتر ہے کیونکہ اس کے ملانے سے ایک منجمہ نیچے بیٹھ جاتا ہے اور جو ملانا ہو تو ۱۸ گرین کافی ہے +

خوراک - ان۔ٹا۔سڈ یا ان۔ٹے۔لے۔تہک ۱۰ سے ۲۰ گرین اور ڈائیو۔ری۔ٹک ۲۰ گرین اور اکیوٹ رو۔ما۔ٹیزم مین ۳۰ سے ۴۰ گرین تک خوب پانی ملاکر چار چار گہنٹہ بعد پلانا چاہئے +

اسکا ایک مرکب ہی چنانچہ

لاٹن ــــــــــــــــــــ ــــــــــــــــــــ انگریزی

لائی۔کوار۔پو۔ٹاسی ای۔فر۔وی۔سنس ــــــ افر۔وی۔سنگ سو۔لیو۔شن اف پوٹاش

نسخہ۔بائی۔کار۔بو۔نیٹ اف پو۔ٹاش ۳۰ گرین + پانی ایک پائنیٹ +

بائی۔کار۔بو۔نیٹ اف پو۔ٹاش کو پانی مین حل کر کے چہان لین تب اُسمین اس قدر صاف کیا ہوا کار۔بو۔نک ایسڈ گیاس (جو سلفیورک ایسڈ مین کہریا مٹی ملانے سے پیدا ہوتا ہے) چہوڑین کہ جتنا حصہ ہوا کے دباؤ مین داخل ہو سکے تب اسکو بوتلون مین بہر کر خوب مضبوطی سے بند کر کے رکہہ چہوڑین تاکہ گیاس نکل نہ جاوے +

خوراک - ۵ سے ۱۰ آؤنس تک +

لاٹن ــــــــــــــــــــ ہندی ــــــــــــــــــــ انگریزی

پو۔ٹا۔سی نائیٹراس ــــــــــــ شورہ ــــــــــــ نائیٹرٹ اف پوٹاش

ہندوستان کے بعض مقامون مین زمین پر شورہ سفید پپڑی کے طور پر جما ہوا ملتا ہے خاصکر جہان بول و براز ہوتا ہے۔غرض اس شورہ کی مٹی مین پانی ملاکر چہلنی مین لکڑی کی راکہہ بچہا کر چہانتے ہین۔بعد ازان اسکو اُڑا کر قلمین باندہ لیتے ہین پہر ان قلمون کو دوبارہ پانی مین

حل کرکے اڑانے سے قشورہ کی لمبی لمبی تکینین حاصل ہوتی ہین جنکو قلمی شورہ بولتے ہین ایسی شورہ کو اگر ضرورت ہو تو ڈسٹلڈ واٹر مین حل کرکے قلمین باندہ کر صاف کرین +

خاصیت - اِس کے صاف قلمی ڈلے ہوتے ہین یا طبق دار چہہ کونے ٹکڑون مین ملتا ہے جو بے رنگ اور جنکا ذائقہ خاص سرد اور نمکین ہوتا ہے - آگ پر ڈالنے سے پٹ پٹاہٹ کی آواز پیدا ہوتی ہے - بازارون مین یہ چیز لمبی لمبی قلمون مین پائی جاتی ہے +

فائدہ - بہت زیادہ مقدار مین کہانے سے معدہ مین انفلامیشن ہو کر قے اور بیہوشی طاری ہوتی ہے اور کم مقدار مین اسکا فائدہ ریفریجرنٹ + ڈایا - فو - ری ٹک + دا - یو رے ٹک اور انٹی - فلو - جسٹک ہے + اکس پکلورنٹ

استعمال - اِسکو اکثر بخار اور انفلامیشن کی بیماریون مین دیتے ہین لیکن جب معدہ روده گردہ یا مثانہ مین انفلامیشن ہوتا ہے تب نہین دیتے اور اِسکو اکیوٹ روماٹیزم کی بیماری مین بہی استعمال کرتے ہین اور بعض دفعہ اِسکے سرد عرق بناکر باہر بہی لگایا کرتے ہین اور کاغذ کو اِسکے گاڑہے عرق مین تر کرکے جلانے سے جو دہوان پیدا ہوتا ہے اُسکی بدبو دفع ہوتی ہے اور دمہ کا مریض اگر سونگہے تو اُسکو بہی فائدہ کرتا ہے - اِس کاغذ کو نائی - ٹر - پیپر کہتے ہین +

ترکیب - اِسکے بنانے کی یہ ہے کہ ایک حصہ شورہ کو چار حصے پانی مین حل کرکے اُس مین جاذب کاغذ ڈبو کر تر کرین تب اُس کاغذ کی بتیان مثل چرٹ کے بناکر دمہ کے بیمار کے ناک کے پاس جلا دین تاکہ دہوان سونگہہ لے +

زہر کا علاج - ڈی - مل - سنٹ عرقیات + **ناقضات** - سلفر پہٹکری ادویات از قسم سلفٹ جو الکلی دوا اور دہاتون سے بنتی ہین + **خوراک** - ۱۰ سے ۳۰ گرین تک +

لاٹن ———————————— انگریزی

پوٹاسی کلوراس ———————————— کلوریٹ اف پوٹاش

کار۔ بو۔ نٹ اف پوٹا۔ سی۔ ام اور سلفائٹ لائم کے عرق مین کلو۔ رین ہوا داخل کرین
اِس کے کرنے سے کلو۔ رٹ اف پوٹا۔ سی۔ ام اور کلو۔ رائیڈ اف کیال۔ سی۔ ام اور
کار۔ بو۔ نٹ اف کیال۔ سی۔ ام بن جائیگا اب چہان کر کار۔ بو۔ نٹ اور کلو۔ رائیڈ اف
کیال۔ سی۔ ام کو علیحدہ کر کے عرق کو اُڑانے سے کلو۔ رٹ اف پو۔ ٹا۔ سیم کی قلمین پیدا ہو جاینگی

خاصیت ۔ اِس دوا کے صاف اور چمکدار چوگوشہ ٹکڑے ہوا کرتے ہین۔ ذایقہ سرد اور
نمکین سرد پانی مین کم حل ہوتی ہین +

فائدہ اور استعمال ۔ یہ دوا اِنٹی۔ سیپ۔ ٹک اور ڈایو۔ ریٹک ہے جب بیمار
نڈھال ہو جاتا ہے تب اوسکی طاقت قائم کرنے کے لئے مفید ہے جیسے ٹائی۔ فس فیور
اور خاصکر چیچک اور اِسکارلٹ۔ نا مین + جب مسوڑے پہول جاوین اور درد کرنے لگین
تب اِس کے گاڑہے عرق کا غرغرہ درد کو دفع کرتا ہے اور مسوڑون کو مضبوط کرتا ہے ڈفتھیریا
مین اِس دوا کا غرغرہ نہایت مفید ہے۔ آدہی ڈرام کو ۴ آؤنس پانی مین حل کر کے روزمرہ
شانہ مین پچکاری کیجاوے تو کرانک سِسٹی۔ ٹائی۔ ٹِس کو فائدہ ہوتا ہے + اِف۔ تہو
کی بیماری مین مُنہہ کے اندر اِسکا سفوف لگایا جاوے تو فوراً فائدہ ہوتا ہے + اِس کے
غرغرے کا نسخہ یہ ہے + نسخہ۔ کلورٹ اف پوٹاش ایک ڈرام + شہد نصف آؤنس + پانی ۸ آؤنس
خوراک۔ ۱۰ سے ۲۰ گرین تک۔ کمپاونڈ ٹنکچر اف سنکونا اور ڈی۔ کاک۔ شن سنکونا
کے ہمراہ تین یا چار دفعہ دن مین پلانا چاہئے +

اسکا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن	انگریزی
ٹرا کے۔ سائی پو۔ ٹا۔ سی کلوری۔ ٹیس	کلوریٹ اف پوٹاش لازنجیز

نسخہ۔ کلوریٹ آف پوٹاش سفوف کیا ہوا ۲۶۰۰۱ گرین + قند سفوف کیا ہوا ۲۸۱ آؤنس +
صمغ عربی سفوف کیا ہوا ایک آؤنس + لعاب صمغ عربی ۲ آؤنس + ڈیسٹلڈ واٹر ایک آؤنس

یا حسب ضرورت ۲۰ سفوفنکو ملاوین اور اُس مین میو۔ سلیج اور پانی چہوڑ کر گاڑہی بنالین تب ۲۴ قرص مین تقسیم کرکے گرم ہوا کی کوٹہری مین اوسط درجہ کی گرمی کے اندر خشک کرکے رکہہ چہوڑین اسکے فی قرص مین ۵ گرین کلورٹ اف پوٹاش ہے ❊

خوراک۔ ایک سے ۶ قرص تک ❊

لاٹین		انگریزی
پوٹاسا سلیفو ریٹا	—	سلیفوریٹڈ پوٹاش

گندہک اور کاربونیٹ اف پوٹاسی ام کو ایک کروسیبل مین بہر کر آنچ دین تاکہ وہ گلکر دونون مل جاوین ❊

فائدہ۔ باہر لگانے سے خراش پیدا کرتا ہے اور کم مقدار مین کہلانے سے اسکا فائدہ ڈایافوریٹک اور الٹریٹیو ہوتا ہے لیکن زیادہ مقدار مین اری ٹنٹ زہر ہے چنانچہ قئے ہوتی ہے۔ دست آتے ہین تب تشنج ہو کر بیمار مرجاتا ہے

استعمال۔ پرانی جلدی مرضون مین اسکو لگاتے ہین اور کہلاتے بہی ہین اور گلٹیان پہول جانے سے بہی اسکو دیا کرتے ہین ❊

خوراک۔ ۳ گرین سے ۵ گرین ہمراہ شہد یا صابون کے گولی بنا کر کہلاتے ہین ❊

زہر کا علاج۔ کلورائیڈ اف لائیم کا استعمال کرتے ہین ❊

ناقضات۔ کل ایسڈ اور سارے ترش نمک ❊

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹین		انگریزی
انگوئنٹم پوٹاسی سلیفوریٹی	—	آئنیٹمنٹ اف سلیفوریٹڈ پوٹاش

نسخہ - سلفیورے ٹڈ پوٹاش ۳۰ گرین + ہارڈ پے-را-فائین چوتہائی آونس + سافٹ پے-را-فائین-پون آونس +

پوٹاشس کے مرکب کو شیشہ یا چینی کے کہرل مین کہرل کرکے دونو پے-را-فائین کو پگہلا کر اُس مین تہوڑا تہوڑا چہوڑتے جاوین اور کہرل کرتے جاوین جبتک مرہم مین کرکرا پن نرہے + استعمال کے وقت اس مرہم کو تازہ تیار کرنا چاہیے +

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

پوٹاسیح سلفاس (اسکا نسخہ فارما کوپیا مین نہین ہے) ——————— سلفٹ اف پوٹاشس

نسخہ - نائٹرک اسڈ بنانے کے بعد جو چیز رہ جاوے اُسکا ایک پاؤنڈ + بجہایا ہوا چونہ ۸ آونس + کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر آدہ گیالن + کار-بونٹ اف پوٹاشس ۶۰ گرین + ڈائیلیوٹ سلفیورک ایسڈ-۶ ڈرام یا حسب ضرورت +

نائے-ٹرک اسڈ بنانے کے بعد جو چیز رہ جاوے اُسکو پانی مین حل کرکے تہوڑا تہوڑا چونہ تبتک ملاوین جبتک مُنج گیا ہوا لٹمس پے پر اُسمین ڈبونے سے اُسکی نیلی رنگت پہر نہ لوٹے تب اُس عرق کو کپڑے سے چہانکر جوش دین بعد ازان اُسمین کاربونٹ اف پوٹاش تبتک ملادین جبتک ایک میخچہ پیدا ہوجاوے تب پہر چہانکر اُسمین ڈائیلیوٹ سلفیورک اسڈ ملاوین تاکہ ایک نیو-ٹرل یا کسیقدر ترش عرق بنجاوے تب اسکو پکاوین اور جب اوپر اُسکے ملائی جم جاوے تب ۲۴ گہنٹہ تک رکہہ چہوڑین بعد ازان جو قلمین پیدا ہون اُن کو فلٹرنگ پے-پر پر خشک کرکے بوتل مین بہر کر رکہہ چہوڑین +

خاصیت - اسکی قلمین بے رنگ سخت اور شش پہلو ہوتی ہین اور نوک بہی چہہ کونے ہوتے ہین آگ پر رکہنے سے پٹ پٹاہٹ کی آواز پیدا ہوتی ہے - پانی مین کم حل ہوتا ہے

فائدہ تہوڑی تہوڑی مقدار مین یہ ایک سرد جلاب ہے جسکے کہانے سے دودہ کم ہوجاتا ہے

استعمال - بطور ہلکے جلاب کے اکثر ڈس-پپ-سیا اور بواسیر کی بیماری مین دیا کرتے

ہین اور چونکہ یہ چیز سخت ہوتی ہے تو اکثر اسکو اور سفوفون کے ملانے کے لیے بھی استعمال کرتے ہین ٭

خوراک ۵ گرین سے ۲۰ اگرین تک ٭

ناقضات - ٹار ٹارک اسڈ ٭ چونہ اور سیسے کے مرکبات اور نائیٹریٹ اف سلور ٭

یہ چیز مرکبات ذیل مین پڑتی ہے ٭

پلیو لاکا - یو - رش - تھے - ڈش کپنا - زیٹا .... ۲۲ حصہ مین قریب ایک حصہ

" " " ایٹ - ہائپو - سی ہش - ۳۰ حصہ مین قریب ایک حصہ

پیو - لا اپے - رکے - کوا - نے کم سلا .... ۳ حصہ مین قریب ایک حصہ

پل - وس اپلے - کے - کوا - نے کنپا - زیٹا .... ۴ حصہ مین ۵ حصہ

لاطین		انگریزی
پوٹا - سی - ٹار - ٹراس		ٹار - ٹریٹ اف پوٹاش

نسخہ - اسڈ ٹار - ٹریٹ اف پوٹاش ۲۰ آونس یا حسب ضرورت ٭ کاربونٹ اف پوٹاش ۹ - آونس یا حسب ضرورت ٭ کھولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر - ڈھائی پائینٹ ٭

اسڈ ٹار - ٹریٹ اف پوٹاش اور کار - بو - نٹ اف پوٹاشس کو پانی مین حل کرکے جوش دین اور تب اس عرق کو آنچ دیکر اڑا کر قلمین باندہ لین ٭

خاصیت - اسکے دانے چھوٹے ٹبے رنگ اور چار یا چھہ کونے ہوتے ہین ٭

شناخت - اس مین ہموزن پانی ملانے سے بالکل گلجاتا ہے ٭

خائع - ہلکا پر - گے - ٹیو اور ڈا - یو - ری - ٹک ہے ٭

استعمال - بطور جلاب کے اسکو ڈس - پپ - شیا کی بیماری مین دیتے ہین اور ریگ مثانہ مین بھی استعمال کرتے ہین ٭

خوراک ۶۰ گرین سے آدہے آونس تک *
ناقضات - کل تیزاب اور چاندی اور لایم اور سیسہ کے مرکبات *

لاٹن ——————— انگریزی

پوٹاسی - ٹار - ٹراس - اسیڈا ——————— اسڈ ٹار - ٹریٹ اف پوٹاش

اِسکو سابق مین بائی - ٹار - ٹریٹ اف پوٹاش بولتے تہے - اور عام انگریزی زبان مین اِسکو
کریم اف ٹار - ٹر کہتے ہین - یہ چیز انگور کے عرق مین پائی جاتی ہے جبوقت شراب بنتی ہے
تب یہ چیز پیپے کی دیوار پر جم جاتی ہے اِسکو لیکر پانی مین حل کر کے صاف قلمین بنالیتے ہین *
خاصیت - یہ ایک نہایت باریک ریت کے طور کر کرا سفوف ہوتا ہے - یا یہ چیز ٹکڑون
مین ملتی ہے جسکی ایک جانب پر قلمین نظر آتی ہین - ذایقہ اِسکا ترش اور مزے دار ہوتا ہے
پانی مین کم حل ہوتی ہے اور اس - پر - ٹ مین بالکل نہین *

یہ دوا کن - نک شیو سلفیورس اور ہیڈریس جلاپی کمپا ئزی - ٹس اور اسیڈم ٹار - ٹاری - کم
اور انٹے - مو - نیئم ٹار - ٹرے - ٹم اور پوٹاشی ٹار - ٹراس اور سوڈا ٹار - ٹاریٹا مین پڑتی
ہے *

فائدہ تہوڑی تہوڑی مقدار مین فائدہ اِسکا ری - فری - جے - رنٹ اور ڈایو - ری - ٹک
ہے اور زیادہ مقدار مین پر - گے - ٹو بہت زیادہ مقدار کے کہانے سے معدہ مین
انفلامیشن ہوتا ہے اور بیمار مر بھی جاسکتا ہے *

استعمال - بطور ڈا - یو - رے - ٹِک اِسکو ڈراپ - سی مین دیا کرتے ہین اور
رے - فری - جے - رنٹ کے طور پر اِسکا شربت بخار مین پلاتے ہین اور جلاب کے طور پر
اِسکو ہمراہ جلپ اور سلفر کے دیتے ہین اور دانت کے منجن مین بھی یہ دوا پڑتی ہے *
خوراک ڈایو - ریٹک ۲۰ گرین سے ۶۰ گرین تک اور پر - گے - ٹو آدہے آونس سے

ایک آونس تک *

لاطن ——————— ——————— انگریزی

پو-ٹا-سی اسی-ٹاس ——————— اسے-ٹیٹ اف پوٹاش

نسخہ - کار-بو-نٹ اف پوٹاش ۲۰-آونس * اسے ٹک اسڈ ۲ پائینٹ یاجسقدر درکار ہو * اسے-ٹک ایسڈ کو پتلے چینی کے برتن مین رکہکر اسمین آہستہ آہستہ کار-بونٹ اف پوٹاش چہوڑدین بعد ازان چاہئے کہ اگر ضرورت ہو تو اسمین بہی چندقطرے اسیٹک ایسڈ کے ڈالکر ترش کرلین تب آنچ دیکر خشک کرکے جو باقی رہے اسکو احتیاط سے کڑی آنچ پر پکا کر گلا ڈالین تب اس برتن کو سرد ہونے دین اور جب مرکب جم جاوے تب گرم گرم اسکو توڑ کر ٹکڑے کرکے شیشہ کے کاگ والی بوتلون مین بہرکر رکہہ چہوڑین *

خاصیت - اسکے ٹکڑے سفید پتلے پتلے اور چکنے چکنے ہوتے ہین اور بہت جلد گلجاتے ہین *

فائدہ یہ دوا نہایت عمدہ ڈا-یا-فو-رے-ٹک اور ڈا-یو-رے-ٹک ہے اور زیادہ مقدار مین پر-گے-ٹیو اور اسکے کہانے سے پیشاب کہارا ہوجاتا ہے * ایکیوٹ رو-ما-ٹیزم مین یہ دوا نہایت مفید پڑتی ہے *

استعمال - اسکو اکثر بخار اور مرض ڈراپ-سی مین دیا کرتے ہین خاصکر جب یہ بیماری دل یا پہیپہڑے کے باعث پیدا ہو اور اکیوٹ رو-ما-ٹیزم مین بہی اسکو برتتے ہین *

خوراک - بطور ڈا-یو-ریٹک کے ۱۰ گرین سے ۶۰ گرین تک اور پر-گے-ٹیو کے ۶۰ گرین سے آدہے آونس تک *

لاطن ——————— ——————— انگریزی

پو-ٹا-سی سائیٹراس ——————— سائیٹرٹ اف پوٹاش

نسخہ - کار-بونٹ اف پوٹاش ۸ آونس یا حسب ضرورت + سائیٹرک اسڈ کی قلمین
۶ - آونس یا حسب ضرورت + ڈسٹلڈ واٹر ۲ - پاینٹ +

سائیٹرک اسڈ کو پانی مین حل کر کے کار-بونٹ اف پوٹاش آہستہ آہستہ ملاوین اور اگر وہ عرق نیو-ٹرل نہو جاوے تو اوسمین احتیاط سے یا تو سائیٹرک اسڈ یا کاربونٹ اف پوٹاش ملاوین بعد ازان چہانکر آنچ دیوین اور جب اوپر ملائی بن جاوے تب خوب ہلاوین تاکہ اِس نمک کے دانے بنجاوین بعد ازان ایک خشک اور گرم کہرل مین پیسکر شیشہ کے کاگ والی بوتلو نمین بہر کر رکھہ چھوڑین +

خاصیت - یہ سفید سفوف کے طور پر ہوتا ہے - ذایقہ نمکین اور کسیقدر ترش جلد گھلجاتا ہے اور پانی مین خوب حل ہوتا ہے +

فائدہ - یہ دوا نہایت عمدہ سے - ڈی-یٹو اور ڈا-یا-فو-رے-ٹک اور رے-فری-جے-رنٹ ہے اور اِسکے کہانے سے پیشاب کہار ا ہو جاتا ہے +

استعمال - اکثر بخار اور اکیوٹ رو-ما-ٹیزم مین دیا کرتے ہین - یہ دوا خاصکر اُسوقت نہایت مفید پڑتی ہے کہ جب معدہ مین خراش ہوتی ہے یا جب دست آتے ہین +

خوراک - ۲۰ گرین سے ۶۰ گرین تک +

لاطن ——————— ——————— انگریزی

پو-ٹاسی-پر-منگے-ناس ——————— پر-منگے-نیٹ اف پوٹاش

نسخہ - کاسٹک پوٹاش ۵ - آونس + بلاک اکسائیڈ اف منگے-نیز خوب باریک سفوف کیا ہوا ۴ - آونس + کلورٹ اف پو-ٹاش ساڑہے تین آونس + کار-بانک اسڈ حسب ضرورت + ڈسٹلڈ واٹر ڈہائی پاینٹ +

کلورٹ آف پوٹاش کو خوب باریک سفوف کر کے اکسائیڈ اف منگے-نیز کے ساتھ ملاوین تب اِس مرکب کو ایک چینی کے برتن مین رکہکر اور کاسٹک پو-ٹاش کو ۴ آونس پانی

مین حل کرکے اُسمین ملاوین بعدازان سنڈ باتھ پر آنچ دیوین اور خوب اچھی طرح ہلادین تاکہ وہ
عرق جوش کہاکر گرنہ پڑے تب خشک کرکے اُس ڈلے کو پیسکر ایک بندکرو سیبل مین پہر دیز
اور ایک گہنٹہ تک یا جبتک وہ مرکب تہوڑا گل نہ جاوے کسیقدر سرخ آنچ لگاوین بعدازان
سرد کرکے پیس ڈالین اور تب ڈیڑہ پاینٹ پانی مین جوش دیکر اُتار کر رکھہ چہوڑ دین تاکہ دُرد
تہ نشین ہوجاوے جو عرق اوپر ہو اُسکو نتہار کر آدہے پاینٹ پانی مین پہر جوش دیکر
پہر نتہار لین تب دونو عرق کو ملاکر اُسمین کار۔ بانک ایسڈ چہوڑکر آنچ دیوین اور جب
ملائی بنجاوے تب اُتار کر رکھہ چہوڑ دین تاکہ قلمین بنجاوین۔ پھر ان قلمون کو ۲ آونس پانی
مین جوش دیکر ایسی فنل سے چہانین جسکی نلی تہوڑی سی اس۔بس۔ لٹس سے کسیقدر ڈہکی
ہو تب اُس عرق کو سرد ہونے دین تاکہ قلمین بنجاوین۔ ان قلمون کو نتہار لین اور برتن
مین تہوڑا اسا سلفیورک ایسڈ بھر کر اور اُنکو اُسپر رکہکر کسی برتن سے ڈہانپ دین ٭

خاصیت ۔ قلمین اسکی پتلی پتلی بیگنی رنگ کی ہوتی ہین بے بو اور ذائقہ میٹھا اور کسیلا
پانی مین حل ہوجاتی ہین۔ ایک آونس پانی مین صرف ایک ہی قلم ملائی جاوے تو
رنگ اُس عرق کا خوب بیگنی ہوجاتا ہے ٭

فائدہ اور استعمال ۔ یہ مرکب نہایت عمدہ ڈِش۔ اِن۔ فکٹ۔ ٹنٹ اور انٹی سپٹک
ہے ٭ مسوڑے دہن یا حلق مین جب بدبودار زخم پیدا ہوجاتے ہین تب اسکی کُلّی کرنے سے
بہت فائدہ ہوتا ہے مثلاً اسکا ۲ گرین لیکر ۱۰ آونس ڈسٹلڈ واٹر مین حل کرکے کُلّی کراوین
اور اسی ہلکے عرق کی پچکاری اوزنی۔ ناک کی بیماری مین ناک کے اندر اور رام پاتی سیمیا کے
بیماری مین سینہ کے اندر اور فم رحم کے کنسر مین رحم کے اندر کرنے سے فائدہ ہوتا ہے
اور گندہ زخمون پر بھی یہی عرق لگایا جاسکتا ہے ٭

اسکا استعمال کسی اَور دوا کے ساتھ ہرگز نہ کرنا چاہئے۔ لگانا ہو تو ڈسٹلڈ واٹر مین حل
کرکے شیشہ کے ڈانٹ والی بوتل مین حفاظت سے بند رکہنا چاہئے ٭ کہلانا ہو تو گولیان

کی شکل پر کہلانا چاہیے چنانچہ

نسخہ - پر - منگے - نٹ اف پو - ٹاش - ایک گرین * کیو - لین اینٹ منٹ - جب ضرورت لیکر ایک گولی بناوین اور تمین ۳ دفعہ کہلاوین * سوزاک مین اس دوا کی پچکاری مفید ہے چنانچہ ایک آونس ڈسٹلڈ مین نصف گرین حل کرلین اور گلیٹ مین بھی اسکی پچکاری سے بہت فائدہ ہوتا ہے چنانچہ ایک گرین ایک آونس پانی مین حل کرکے پچکاری کرین * اسکا فائدہ اے - سنے - گاگ بھی ہے چنانچہ اسے - نو - ریا مین اسکی گولیان مفید ہین جسکا نسخہ اوپر دیا گیا ہے اور سانپ کے زہر مین اسکا استعمال کرتے ہین * کہتے ہین کہ ڈا - یا - بے - ٹیز کی بیماری مین یہ دوا مفید ہے *

خوراک - ایک سے دو گرین تک *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

لائیکوار - پوٹاسی پر - منگے - نی - ٹس ———————— سو - لیوشن اف پر - منگے - نٹ آف پوٹاش

نسخہ - پر - منگے - نٹ اف پوٹاش ۲۰ گرین ڈسٹلڈ واٹر - ایک پائینٹ * حل کرلین * کاگ والی بوتل مین اسکو نرکہین کیونکہ نہایت جلد بگڑ جاتا ہے بلکہ شیشہ کے ڈاٹ والی بوتل مین رکہنا چاہیے - جب اسکے عرق کی کلی کرانی ہو یا زخم دہونا ہو تو اسکے ایک حصہ مین ۴۰ حصے پانی ملالین *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

پوٹا سیائی بائی - کرو - مئس ———————— بائی - کرو - مٹ اف پو - ٹاسیم

اسکے بڑے بڑے شفاف رنگ کے چوگوشہ ٹکڑے ہوتے ہین *

یہ مرکب کرو - مک اسڈ بنانے مین کام آتا ہے چنانچہ

لاطین	انگریزی
اسیڈم کرو-می-کم	کرو-مک اسڈ

نسخہ - بائی-کرو-مٹ اف پوٹاسیم -۳۰- آونس + سلفیورک اسڈ -۸۷- آونس + ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت +

۴۴- آونس اسڈ مین ۵۰ آونس پانی ملاکر اُس عرق مین بائی-کرو-مٹ اف پوٹاسیم حل کرین اور ۲۴ گھنٹہ تک ٹہیرنے دین بعد اُس عرصہ کے سلفٹ اف پوٹاسیم کی جو قلمین بنی ہون اُنکے اوپر کے عرق کو نتہار لین اور اُس عرق کو ۱۸۵ درجہ تک پکا کر اُسمین پانی کا اسڈ اور اسقدر پانی ملاوین کہ جسمین کرو-مک اسڈ کی قلمین جو بنی ہون وہ حل ہوجاوین اب اُس عرق کو سرد ہونے دین اور جو قلمین بنی ہون اُنکو علیحدہ کر کے گرم ہوامین سامدار اینٹہون پر ۹۰ درجہ کی گرمی مین خشک کر لین - قلمون کے علیحدہ کرنے کے بعد جو عرق بچ جاوے اُسکو پہر دیکر اُڑانے سے اور بھی قلمین حاصل ہو سکتی ہین +

خاصیت - اسکی قلمین باریک باریک اودے رنگ کی ہوا کرتی ہین - کہلی ہوا مین تو آسانی سے گل جاتی ہین - جلد پر لگائی جاوین تو اُسکو جلا دیتی ہین +

تاثیر اور استعمال - یہ دوا تیز کاسٹک ہے - وارٹس اور کان - ڈہی - لوسا اور لوپیس جلانے کے لئے اسکا عرق کام آتا ہے ایک اسکا مرکب ہے چنانچہ

لاطینی	انگریزی
لائکوار اسیڈائی کروسمی سلوشن	سولیوشن اف کرو-مک اسڈ

نسخہ - کرو-مک اسڈ ایک آونس + ڈسٹلڈ واٹر ۳- آونس + حل کر لین + یہ مرکب کاسٹک ہے -

سوڈی - اُم

یہ دہات کلورین کے ساتھ ملی ہوئی یعنی کلورائیڈ اف سوڈی اُم یعنے کہانے کے نمک کے

پہاڑ کی کانون مین بکثرت ہوتی ہے مثلاً پنجاب کے کالاباغ اور پنڈدادنخان کے پہاڑ بالکل کلورائیڈ اف سوڈی-اُم یعنے نمک ہی کے ہین + سوڈی-اُم دہات ملایم اور کوفت پذیر اور نقرہ کے طور پر سفید ہوتی ہے + پانی مین چھوڑے تو تیرنے لگتی ہے -اور سبب اسکے کہ جب یہ دہات پانی مین چھوڑ دی جاتی ہے تب پانی کا ہائیڈروجن گیاس علیحدہ ہوجاتا ہے تو پانی مین پڑتے ہی جوشش پیدا ہوتا ہے + باہر کی ہوا آکسیجن کے ساتھ نہایت آسانی سے ملجاتی ہے +

مرکبات سو-ڈی-اُم

لاٹن	انگریزی
لائیکوار سوڈی	سو-لیوشن اف سوڈا

نسخہ -کار-بونٹ اف سوڈا-۴-آونس + بجھایا ہوا چونہ-۱۲-آونس + ڈسٹلڈ واٹر ایک گیالن + ترکیب مثل لائیکوار-پو-ٹاسی کے +

فائدہ اور استعمال -مانند لائیکوار پو-ٹاسی کے ہے مگر تیزی مین اُسے کم ہے اور تہوڑی مقدار مین کہلانے سو ایکا الٹریٹو اور ڈایو-رے-ٹک فائدہ بہ نسبت لائیکوار پوٹاسی کے کم ہوتا ہے +

خوراک -۱۰ بوند سے ایک ڈرام تک +

لاٹن	انگریزی
سوڈا کاسٹیکا	کاسٹک سوڈا

نسخہ -سو-لیوشن اف سوڈا-۴-پائنٹ + سو-لیو-شن اف سوڈا کو ایک چاندی یا صاف لوہے کے برتن مین بھر کر جلد جوشش دیوین اور جب وہ عرق مثل روغن کے گاڑھا ہوجاوے

اور اُسکا ایک قطرہ شیشہ کی ایک گرم ڈنڈی پر لگنے سے بعد سرد ہونے کے جم جاوے
تب یا تو سانچون مین ڈہالکر بتیان بنالین یا چاندی یا صاف لوہے کی رکابی پر ڈہال دین
اور بمجرد جم جانے کے توڑکر ٹکڑے ٹکڑے کرکے شیشہ کے کاگ والی سبز رنگ کی
بوتل مین بہر کر رکھہ چہوڑ دین ٭

خاصیت - اِسکے سخت ٹکڑے یا بتیان ہوا کرتی ہین رنگ انکا سفید اور کسیقدر نیلا
ہوتا ہے اور نہایت کہارا اور تیز ہوتا ہہ اور جلانے سے زرد شعلہ پیدا ہوتا ہے ٭

فائدہ اور استعمال - اِسکو بجاے کاسٹک پوٹاش کے فقط اسیواسطے
استعمال کرتے ہین کہ یہ جلد گل نہین جاتا ٭

لاٹن		انگریزی
سو-ڈیای-کار-بو-ناس		کار-بونٹ اف سوڈیم

یہ چیز ہندوستان کی سجی مٹی مین ہوتی ہے اور اسی سے حاصل ہوتی ہے چنانچہ سجی
مٹی کو جلاکر پانی مین چہوڑتے ہین اور ہاتہہ سے خوب ملتے ہین - جو عرق پیدا ہوتا ہے اُسکو
چہانکر اُڑانے سے کار-بونٹ اف سوڈا کی قلمین پائی جاتی ہین ٭

خاصیت - اِسکی قلمین طبق دار اور پہلدار شفاف بے رنگ ہوتی ہین کہلا رکہنے سے پانی
اُڑ جاتا ہہ - ذایقہ تیز کہار اور اثر نہایت تیز کہار دوا کے طور پر ٭

فائدہ اور استعمال - اِن-ٹا-سڈ اور اِن-ٹے-لے-تہک ٭ اِسکو اُن بیماریون
دیتے ہین جنمین معدہ کے اندر ترشی زیادہ ہوتی ہے جیسے گاؤٹ اور ڈس پپ-شیا ٭
لیمو کی رس کے ہمراہ اِسکا نہایت عمدہ اِفر-وی-سِنگ ڈرافٹ بنتا ہہ کہ جسکا اثر
معدہ پر سے-ڈی-ٹیو تا ہہ اور اِسکو ہائیڈرو-سیانک اسڈ کے ہمراہ بہی بخوبی
دے سکتے ہین چنانچہ نسخہ - کار-بو-نٹ اف سوڈا ۱۰ ڈرام ٭ ڈائیلیوٹ-ہائیڈرو
سیانک اسڈ ۳۰ منم ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ اونس ٭ سبکو ملاکر بقدر ایک اونس کے لیکر اُسمین

نصف آونس تازہ لیمون کا رس ملا کر تین تین گھنٹہ بعد پلا دین *

انگلاشن باتھہ کے اجزا یہ ہین کہ کار - بونٹ اف سوڈا ۸ آونس لیکر ۲۰ گیلن پانی ہین ملا لین *

خوراک ۱۰ گرین سے ۲۰ گرین تک *

ای - فر - وی - سینگ ڈرافٹ بنانے کے لئے ۲۰ گرین کار - بونٹ اف سوڈا کے لئے سوا نو گرین سائے - ٹرک اسڈ اور ساڑھے دس گرین ٹار - ٹارک اسڈ چاہئے *

اسکا ایک مرکب ہی

لاٹن	انگریزی
سوڈی - کار - بو - ناس اکسی - کے - ٹم	ڈرائیڈ - کار - بونٹ اف سوڈیم

کار - بونٹ اف سوڈا ۸ آونس لیوین اُسکو چینی کے برتن مین رکھکر سینڈ باتھ کی گرمی آنچ تبتک لگا دین جبتک گلکر ڈلا بنجاوے تب پیسکر شیشہ کے کاگ والی بوتل مین بھر کر رکھہ چھوڑین * اِسکے ۵۳ گرین برابر ہین کار - بونٹ اف سوڈا کی قلمون کے ۱۴۳ گرین کے

فائدہ اور استعمال - مانند اوپر کے لیکن بہ نسبت اُسکے یہ مرکب تیز ہے *

خوراک - ۳ سے ۱۰ گرین تک صابون کے ہمراہ گولی بنا کر دن مین ۳ دفعہ کھلا دین *

لاٹن	انگریزی
سو - ڈیائی بائی - کار - بو - ناس	بائی - کار - بونٹ اف سوڈیم

کار - بونٹ اف سوڈیم کے عرق مین کار - بانک اسڈ کی ہوا چھوڑنے سے یہ مرکب حاصل ہو سکتا ہے *

خاصیت - یہ نمک یا تو سفوف کے طور پر ہوتا ہے یا چھوٹے چھوٹے ٹیڑہے بینگے اور سکڈ ر قلمون کی طور پر ملتا ہے رنگ اِسکا سفید - ذائقہ نمکین اور مزیدار - جلانے سے زرد رنگ کا شعلہ پیدا ہوتا ہے *

فاعل مانند بائی-کار-بونٹ اف پو-ٹاش کے ہے مگر یہ اِس سے تیزی مین کم ہو۔

استعمال - اکثر ایکوڈس-ڈس-پپ-شیا کی بیماری مین گیگ مثانہ اور اکیوٹ رو-ما-ٹیزم مین دیا کرتے ہین اور ای-فر-وہی-سنگ ڈرافٹ کے طور پر واسطے ریی-فری جرنٹ فائدہ کے ہمراہ ٹار-ٹارک ایسڈ کے بخار اور انفلامیشن مین اسکو اکثر دیا کرتے ہین چنانچہ ۴۰ گرین کے لیے ۲۶ گرین سائٹرک ایسڈ اور ساڑھے ۲۷ گرین ٹار-ٹارک ایسڈ چاہیے۔

خوراک - ۱۰ گرین سے ۴۰ گرین تک۔

اِسکے دو مرکب ہین

لاطین —— انگریزی

لائیکوار-سوڈی ای-فر-وہی-سنٹس —— ایے-فر-وی-سنگ سولیوشن اف سوڈا

نسخہ - بائی-کار-بونٹ اف سوڈا ۳۰ گرین + پانی ایک پاینٹ۔

ترکیب - مانند ای-فر-وہی-سنگ لیوشن اف پوٹاش کے ہے (جسکو دیکھو)

لاطین —— انگریزی

ٹراکے-سائی سوڈیای بائی کار-بونی-ٹس —— بائی-کار-بونٹ اف سوڈا لازنجیز

نسخہ - بائی-کار-بونٹ اف سوڈا سفوف کیا ہوا ۳۶۰۰ گرین + قند سفوف کیا ہوا ۲۵ آونس + گم اکاشیا-سفوف کیا ہوا ایک آونس + میوسلج گم-اکاشیا ۲ آونس + ڈسٹلڈ-واٹر-ایک آونس۔ سفوفون کو ملا کر اسمین میو-سلج اور پانی چھوڑ کر ایک لگ-دی بنادین - اس لگدی کو ۷۲۰ قرص مین تقسیم کرکے ایک گرم ہوا کی کوٹھری مین اوسط درجہ کی گرمی کے اندر رکھکر خشک کرلین - اِسکے فی قرص مین پانچ گرین بائی-کار-بو-نٹ اف سوڈا ہوتا ہے۔

خوراک ایک قرص سے ۲ قرص تک۔

لاٹن		انگریزی
سوڈیی۔ آئی۔ کلورائیڈم		سالٹ

اسکو کہانیکا نمک بولتے ہین اور یہ بنتا ہے سمندر کے پانی سے یا پہاڑون مین از خود پیدا ہوتا ہے کالے باغ اور پنڈ داد نخان مین اس کی بڑی بڑی کانین ہین ٭

خاصیت۔ اِس کے یا تو چھوٹے چھوٹے سفید رنگ کے چمکدار دانے ہوتے ہین یا شفاف پہلدار قلمین ہوا کرتی ہین۔ ذائقہ نمکین جلانے سے زرد شعلہ پیدا ہوتا ہے پانی مین حل ہو جاتا ہے ٭

فائدہ۔ نمک چونکہ صحت کے لئے ایک نہایت ضروری چیز ہے کہ جسکے کہائے بغیر صحت قائم نہین رہ سکتی اِسواسطے ہر فرقہ کے آدمی اِسکو نہایت متبرک سمجھتے ہین یہانتک کہ اِس کی قسمین کہاتے ہین اور اِس کی بد دعائین بھی دیتے ہین چنانچہ نمک کی نسبت یہ فقرے زبان زدِ عام ہین مثلاً قسم کہانی ہو تو کہتے ہین تمہارے نمک کی قسم ٭ نوکر نمک حلال ہے یا نمک حرام ہے بد دعا دینی ہو تو کہتے ہین کہ تجھپر میرے نمک کی مار پڑے۔ بچہ تیرے بدن پر میرا نمک پھوٹیگا وغیرہ ٭

تہوڑی مقدار مین تو یہ غذا ہے اور اِس سے زیادہ مین اِمے ٹک اور بہت زیادہ مقدار مین یہ تیز زہر ہے اور فائدہ اِسکا اِن۔ تہل۔ من ڈِمکِٹ اور ڈوس۔ اِن۔ ٹکِٹ ٹینٹ اور اِن۔ ٹی۔ سپ ٹکِٹ بھی ہے ٭

استعمال۔ اِسکو نائیٹریٹ اف سلور کے زہر مین کہلاتے ہین اور اگر جونک حلق کے اندر چلی جاوے تو اُوسکے چھڑانے کے لئے بھی نمک کہلایا کرتے ہین اور زہرون مین اِسسے قے کرایا کرتے ہین اور واسطے پر۔ گے۔ ٹیو اور اِن۔ تہل۔ من ٹکِٹ فائدہ کے اِسکی پچکاری کرتے ہین اور باری کے بخار مین بھی دیا کرتے ہین۔ چہاتی سے جب خون آتا ہے تو نمک کے دینے سے وہ بند ہو جاتا ہے ٭

خوراک۔ آدہے آؤنس سے ایک آؤنس تک اورامے۔نیک کے طور پر ایک آؤنس سے ۲ آؤنس تک ٭

لاٹن ——————— —————— انگریزی

لائیکوار۔سوڈی۔کلو۔ری۔نے۔ٹے ——————— سولیوشن اف کلوری۔نٹے ٹڈ سوڈا

نسخہ۔کلو۔ری۔نے ٹڈ لایم۔۱۶ آؤنس ٭ کار۔بو۔نٹ اف سوڈیم ۲۴ آؤنس ٭ ڈسٹلڈ واٹر۔ اگیالن ٭

کار۔بو۔نٹ اف سوڈیم کو دو پائینٹ ڈسٹلڈ واٹر مین حل کرین اور کلو۔ری۔نے ٹڈ لائیم کو چہ پائینٹ پانی مین الگ گہونٹ کر چہان لین ٭ اب دونون عرقون کو خوبطرح ملاکر پہر چہان لین بعدازان شیشہ کی ڈاٹ والی بوتل مین بند کرکے سرد اور اندہیری جگہہ مین رکہہ چہوڑ رین ٭

خاصیت۔ یہ ایک عرق بے رنگ اور کہارا ہوتا ہے۔ ذایقہ کہیلا اور اس سے بو کلو۔رین کی آتی ہے ٭

فائدہ۔ تہوڑی مقدار مین یہ دوا اِن۔ٹے۔سپ۔ٹک اور ڈس۔ان۔فک ٹنٹ ہی۔ اور زیادہ مقدار مین تیز زہر ٭

استعمال۔ کانوکی بدبو دفع کرنے کے لئے اسکو استعمال کرتے ہین اور ہائیڈ۔رو سیانک ایسڈ کے زہر مین بہی دیا کرتے ہین اور بدبودار زخمون پر اسکو لگاتے ہین مُنہہ کے زخم اور اسکارلٹ فیور مین اسکی کلی کراتے ہین اور عورت کے اندام نہانی سے جب بدبودار رطوبت نکلتی ہے تب اِسکی پچکاری کرتے ہین ٭

خوراک۔ ۱۰ بوند سے ۲۰ بوند تک ٭ کلی کرانی ہو تو آدہے سے ایک ڈرام تک ۱۰ آؤنس پانی مین ملا لین ٭

نافضات۔ کل ایسڈ اور ایسڈ کے نمک اور بہت سی دہات کے نمک ٭

اسکا ایک مرکب ہی

لاٹن		انگریزی
کے-ٹا-پلاز-ما سو-ڈی-کلو-ری-نی-ٹی		کلو-رین پولٹیش

نسخہ - سو-لیو-شن اف کلو-ری-نے-ٹڈ سو-ڈا ۱۲ آؤنس + السی کا آٹا ۴ آؤنس + کھولتا ہوا پانی ۸ آؤنس + آٹے کو آہستہ آہستہ پانی بین ملاکر خوب ہلاوین بعد ازان سو-لیو-شن اف کلو-ری-نے-ٹڈ-سوڈا اس بین ملاین +

لاٹن	ہندی	انگریزی
بو-راکس	سوہاگا	بو-راکس

یہ چیز تبت بین جھیلون کے کنارے پہ پیدا ہوتی ہے اور جو بنانا چاہین تو ٹھیک مقدار بوراسکاٹ اسڈ اور کار-بو-نیٹ اف سو-ڈا لیکر دونون کو جوش دیکر بنالین +

خاصیت - اِس کی قلم شفاف اور بیرنگ ہوتی ہے بعض دفعہ کیقدر سفید - اثر اسکا کیقدر کہار ہوتا ہے ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ بین حل نہین ہوتا لیکن پانی بین حل ہوجاتا ہے +

فائدہ - الکلی آل - نے-ٹ-رے-ٹیو اور دامنی - گاگ اور ری-فری-جے-رنیٹ اور ڈائیو-ریٹیک بہی ہے +

استعمال - مُنہہ کے چہالون پر اکثر اسکو لگاتے ہین اور جلد کی بیماریون پر بہی لگایا کرتے ہین چنانچہ ایک ڈرام سوہاگہ ۴ آونس پانی بین حل کرکے عورت کے اندام نہانی اور مقعد کی خارش پہ لگانے سے آرام آجاتا ہے - اور بدہضمی بین خاسکر جب یہ مرض بچونکو ہوتا ہے اور معدہ بین زیادہ ترشی ہوتی ہے تب آگ پر اسکو بہونکر کہلاتے ہین

ناقصات - معدنی تیزاب و رمیو سلیح اف اکانیٹا + خوراک ۵ گرین سے ۴۰ گرین تک اور بچونکو لئے نصف گرین سے ۲ گرین تک +

اسکے تین مرکب ہین

لاٹن ——— ——— انگریزی

مل - بوریبیٹس ——— بوراکس - ہنی

نسخہ - بوراکس باریک سفوف کیا ہوا ۶۰ گرین + صاف کیا ہوا شہد ۴۸۰ گرین + گلائی سی - رین ۳۰ گرین + سبکو ملالین + بچون کے منھہ مین جب چھالا پیدا ہوتا ہی تو اسیکو لگاتے ہین +

لاٹن ——— ——— انگریزی

گلائی سی - رائی نم - بو - راسیٹس ——— گلائی سی - رین اف بوراکس

نسخہ - بوراکس سفوف کیا ہوا - ایک آونس + گلائی سی - رین ۴ آونس ڈسٹلڈ واٹر ۲ آونس سبکو ایک کہرل مین رگڑین جبتک سہاگہ حل ہو جاوے دہیمی آنچ پر حل کر لین خوراک آدہی ڈرام سے ڈیڑھ ڈرام تک +

لاٹن ——— ——— انگریزی

اسیڈم بوری کم ——— بورک اسڈ

اسکو بوراسک اسڈ بھی کہتے ہین + سہاگہ مین سلفیورک اسڈ ملانے سی یہ اسڈ حاصل ہوتا ہی

خاصیت - یا تو یہ شے طبقہ ارضمون مین پائی جاتی ہے یا آپسمین جزکردہ قلم ڈلون کی شکل بن جاتی ہین - ملئے تو انگلیان چکنی ہو جاتی ہین - ذائقہ خفیف ترش اور تلخ ہوتا ہی پچیس حصّہ آب سرد مین اور چہہ حصّہ گلائی - سی - رین مین اور سولہ حصّہ ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ مین اور تین حصّہ کہولتے ہوئے آب گرم مین یہ شئے حل ہو جاتی ہی +

اثر اور استعمال - یہ دوا اوڈ ونیٹ - ان - ٹی - سپ - ٹک - مٹنٹ اور ان - ٹی - سپ - ٹک ہی + لنٹ یا روئی اس اسڈ کے عرق مین تر کرکے زخمون پر لگاتے ہین +

بو - رک اسڈ کے لگانے سے پسینہ کی بدبو دور ہو جاتی ہے چنانچہ اسکا عرق بغلون یا پاؤن یا بدن کے جس حصّہ سے پسینہ آتا ہو لگایا جاوے تو بدبو دور ہو جاتی ہی

مثلاً ایک حصہ بورک اسڈ ۴۰ حصہ آب گرم مین حل کرلین + زخمون پر بوراسک لنٹ
کے لگانے سے وہ جلد خشک ہوجاتی ہین اِس لنٹ کے بنانے کی ترکیب یہ ہی کو زیادہ
بوراسِکہ اسڈ کھولتے ہوے پانی مین حل کرکے ایک گاڑھا عرق بناکر اسمین لنٹ
ترکرکے خشک کرلین +

خوراک ۵ سے ۳۰ گرین تک +

اِسکا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

انگو-اِن-ٹم ایسڈائی بوریسائی ———— اینٹمنٹ اف بو-رک اسڈ

نسخہ-بورک اسڈ ڈہائی آونس + سافٹ پا-رانا یین ۱۰ آونس + ہارڈ-پارانفا یین
۵ آونس + ہارڈ اور سافٹ پا-را-فائین کو آگ پر پگہلا لین اورچہلنی مین بورک اسڈ لیکر
اُس پگہلے ہوے پارا-فائین پر ہمزار چہان دین بعد ازان سرد ہونے تک خوب گہوٹتے
جاوین -یہ مرہم عمدہ انٹیسپٹک ہے +

بورک اسڈ کا ایک اَور مرکب ہے -اگرچہ اِسکا ذکر فار-ما-کو-پیا مین نہین ہے مگر برتنے
مین آتا ہے-اِسکو بورو-گلائی-سی-رائیڈ کہتے ہین + یہ شے منجمد ہوتی ہے اور بوراسک ایسڈ
کو گلائی-سی-رین مین پکانے سے حاصل ہوتی ہے -چاہین تو اِسکا بھی عرق بوراسِک اسڈ
کی طرح بناکر استعمال مین لا سکتے ہین + یہ شے دودہ اور غذا کو گندہ ہونے نہین دیتی
اور یہ بے ضرر بھی ہے -اِسکے گرم عرق مین موزہ ترکرکے سکہلا کر پہننے سے پاؤن کا
بدبودار پسینہ رک جاتا ہے -معدہ مین غذا گندی ہوجاوے تو اُسکو کہلاتے بھی ہین +

لاطنی ———————— ———————— انگریزی

سوڈیی-ٹاسفاس ———————— ٹاسفٹ اف سوڈا

نسخہ-ہڈیون کی راکہہ سفوف کی ہوئی ۱۰ پاؤنڈ + سلفیورک اسڈ ۵۶-آونس + ڈسٹلڈ واٹر

ساڑھے چار گیلن یا حسب ضرورت ✤ کار۔ بو۔ نیٹ اف سوڈا ۱۶ پاونڈ یا حسب ضرورت

ترکیب ۔ راکھ مین سلفیو۔ رک اسڈ ملاوین۔ اسّے سلفیٹ اف لائم اور فاسفارک اسڈ کی گیاس پیدا ہوگی۔ اب اوس مین کار۔ بو۔ نیٹ اف سوڈا ملاتے جاوین جبتک کار۔ بو۔ نیٹ اف لائم کا بننا موقوف ہو جاوے اور وہ عرق کسیقدر کہارا ہو جاوے ✤ اس عرق مین فاس۔ فیٹ اف سوڈا بنجائیگا ✤ اسکو چہان کر آنچ دیکر قلمین باندہ لین ✤

خاصیت ۔ اس کی قلمین جلد اڑنیوالی اور شفاف اور بیرنگ ہوتی ہین کہلا رکہنے سے اڑ جاتی ہین۔ ذایقہ اسکا مانند کہانے کے نمک کے ہوتا ہے ✤

فائدہ ۔ یہ دوا ہلکے اینٹی۔ فلو۔ جسٹک پر۔ گے۔ ٹیو اور انٹاسڈ ہے ایسا قیاس کرتے ہین کہ اگر جسم کے اندر مرکبات از قسم فاسفیٹ کم ہو جاوین تو اس دوا کے کہانے سے وے پیدا ہوتی ہین ✤

استعمال ۔ اسکو اکثر بطور جلاب کے بچون اور نازک مزاج آدمیون کو دیا کرتے ہین کیونکہ اسمین ذایقہ کچھہ بہی نہین ہوتا۔ مثانہ مین جب یورک اسڈ کی پتہری پیدا ہو تب یہ دوا مفید پڑتی ہے اور ہڈیون کے مرضون مین بہی یہ دوا مفید ہے ✤

خوراک ۔ چوتہای آونس سے ایک آونس تک پرگیٹیو اور ۳۰ گرین سے ۱۲۰ گرین تک ڈائیورے ٹک ✤

وطنی ———— ———— انگریزی

سوڈیائی فاسے۔ پوفاس۔ فس ———— ہائی۔ پو۔ فاس۔ فائیٹ اف سوڈیم

یہ مرکب اسطور پر حاصل ہوتا ہے کہ ہائی۔ پو۔ فاس۔ فائیٹ اف لائم کے عرق مین کار۔ بو۔ نٹ اف سوڈا تبتک ملادین جبتک کار۔ بونٹ اف لایم کا منجمد بنجاوے تب عرق کو چہانکر پانی کی بہاپ کی گرمی پر اڑا کر خشک کرین لیکن خشک ہوتے وقت خوب طرح گہوٹنا چاہئے جبتک جم جاوے ✤

خاصیت - یہ ایک سفید دانہ دار نمک ہی - ذایقہ ایسکا تلخ جس سے جی متلاتا ہے اور اسپرٹ
مین آسانی سے حل ہو جاتا ہے لیکن ایتھر مین نہین *

فائدہ - ینگل ہائیڈ - رو - فاس - فایٹ اف لائم کے خوراک ۵ سے ۱۰ گرین تک

لاطین		انگریزی
سوڈا - ٹار - ٹریٹا	اسکا عام نام روشل سالٹ ہی	ٹار - ٹرے - ٹیڈ - سوڈا

نسخہ - اسڈ ٹار - ٹریٹ اف پوٹاش سفوف کیا ہوا ۱۶ آونس یا حسب ضرورت *
کار - بو - نٹ اف سو - ڈا ۱۲ آونس یا حسب ضرورت * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ہر پائینٹ *
کار - بونٹ اف سوڈا کو پانی مین حل کر کے اسمین آہستہ آہستہ اسڈ ٹار - ٹریٹ اف پوٹاش
ملادین اگر چند منٹ کے جوش کے بعد اُس عرق کا اثر ترش یا کہارا ہو تو اُسمین تہوڑا سا
یا تو کار - بو - نیٹ اف سوڈا یا اسڈ ٹار - ٹریٹ اف پو - ٹاش اَور بہی ملادین تاکہ نیو - ٹرل
ہو جاوے بعد ازان جوش دیکر چہان لین تب پکادین جب اوسپر ملائی بن جاوے تب
اُتار کر رکہہ چہوڑ دین تاکہ قلمین بنجادین جو عرق باقی ہو اُسکو پہر اُڑانے سے اَور بہی قلمین
حاصل ہو سکتی ہین *

خاصیت - اس کی قلمین یا تو پوری یا آدہی ہوا کرتی ہین اور بے رنگ اور شفاف اور
ہشت پہلو ہوتی ہین - ذایقہ مانند کہانے کے نمک کے ہوتا ہے *

فائدہ - ایسکا پر - گے - ٹیو اور ڈایو - ری - ٹک ہی *

استعمال - ایسکو اکثر جلاب کے طور پر دیا کرتے ہین مگر اُس مین خوب زیادہ پانی ملاکر
پلانا چاہئے اور ریو - یگ - اسٹد کی تہہری مین بہی کہلایا کرتے ہین *

خوراک - چوتہائی آونس سے آدہے آونس تک * اور ڈایو - رے - ٹک خوراک
۳۰ سے ۶۰ گرین تک *

ناقضات - سارے تیزاب اور تیزاب کے نمک *

سِڈ۔ لِٹنر پاؤڈر

یہ رو۔شل۔ سالٹ کا مرکب ہی۔ بازار مین بہت بکتا ہے۔ جب تکیئین کی ضرورت ہوتی ھے
تب لوگ اکثر اِسکا جلاب لیتے ہین کیونکہ یہ ہلکا سہل ھے۔

ترکیب۔ اِس کے بنانے کی یہ ہے۔ رو۔شل۔ سالٹ ۲ ڈرام سے ۴ ڈرام تک ۵۔ بائی
کار۔ بو۔نیٹ اف سوڈا ۴۰ گرین اِنکی ایک پُڑیہ نیلے کاغذ مین بناوین اور ۳۷ گرین ٹارٹارک
اِسٹ۔ کے الگ ایک اَور پُڑیہ سفید کاغذ مین بناکر اُنکو تین تین آوُنس پانی مین الگ الگ حل کرین
پیتے وقت دونون عرقونکو ملاوین اور جب جوش کہانے لگے تب پی لین ٭ بعض دفعہ ۲ ڈرام بلکہ
۴ ڈرام رو۔شل۔ سالٹ سے بہی دست نہین آتے ہین تب ۶ ڈرام بلکہ ایک آوُنس تک بہی
دے سکتے ہین۔ لیکن اِسصورت مین سوڈا اور اِسڈ۔ کی مقدارون کو دوگنی کرنا چاہئیے مثلاً
۸۰ گرین بائی۔کار۔بو۔نٹ اف سوڈا اور ۷۴ گرین ٹارٹارِک اِسڈ۔ لینا چاہیے تاکہ عرق
خوب جوش کہاوے ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

سوڈی۔ ار۔سی۔نیاس ——————— آر۔سی۔نیٹ اف سوڈا

نسخہ۔ آر۔سی۔نیس اِسڈ۔ ۱۰ آوُنس۔ نائیٹریٹ اف سوڈا ساڑہے آٹہہ آوُنس ٭ خشک
کار۔بو۔نیٹ اف سوڈا ساڑہے ۱۵ آوُنس ٭ کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۳۵ آوُنس ٭
خشک چیزونکو علیحدہ علیحدہ سفوف کرکے چینی کے کہرل مین ڈالکر خوب ملاوین بعدازان
ایک مٹی کے کرو سیبل مین بہر کر ڈکنے سے ڈہانپ دین اور خوب کڑی سرخ آنچ تبتک لگاوین
جبتک جوش کہانا موقوف ہو جاوے اور سارا اچہی طور پر گلجاوے اِس گلے ہوئے نمک کو
ایک صاف سل پر ڈہالدین۔ جب جم جاوے تب کہولتے ہوئے ۳۵ آوُنس ڈسٹلڈ واٹر
مین گرم گرم چہوڑ کر خوب ہلاتے جاوین جب سارا گلجاوے تب اُسکو کاغذ سے چہانکر

رکھہ چھوڑین تاکہ قلمین بنجادین ان قلمون کو علیحدہ کرکے فلٹرنگ پیپر پر خشک کرین اور شیشے کے کاگ والی بوتلون مین رکھہ چھوڑین +

خاصیت - اس کی قلمین پہلدار بے رنگ اور شفاف ہوتی ہین اور پانی مین حل ہوجاتی ہین

فائدہ - آل - ٹے - رے - ٹیو اور ٹانک ہی - **استعمال** - پرانی جلد کی بیماریون مین +

خوراک - ایک گرین کے سولہوین حصہ ایک گرین کے اٹھوین حصہ تک +

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

لائیکوار سوڈیائی آر - سی - نئی - ٹس ———————— سو - لیوشن اف آر - سی - نیٹ اف سوڈا

نسخہ - ار - سی - نیٹ اف سوڈا (۳۰۰ درجہ گرمی تک سے آنچ دیکر پانی اڑا ڈالین) ۹ گرین + ڈسٹلڈ واٹر ۲ آؤنس + حل کرین + **خوراک** ۵ بوند سے ۱۰ بوند تک +

طاقت - قریب ۱۰ بوند مین ایک گرین کا بارہوان حصہ اور ۵ بوند مین چوبیسوان حصہ +

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

سوڈیائی - سائی - ٹرڈ ٹارٹراس ایفروی سنس — ایفروی سنٹ سائی - ٹرو ٹارٹریٹ اف سوڈا

نسخہ - بائی - کار - بونیٹ اف سوڈا سفوف کیا ہوا ۱۷ آؤنس + ٹارٹارک ایسڈ سفوف کیا ہوا ۹ آؤنس + سائیٹرک ایسڈ سفوف کیا ہوا ۶ آؤنس قند سفوف ۵ آؤنس + سفوفونکو خوب طرح ملاکر ایک موزون رکابی مین رکھہ دین اور اوس رکابی کو ۲۰۰ درجہ سے ۲۲۰ تک گرم کرین جب سفوف کے ذرات آپس مین ملنے لگین تب انکو خوب طرح گھونٹین تاکہ دانہ دار ہو جاوین موزون چھلنیون کے ذریعہ ہموار اور اچھے اچھے دانے علیحدہ کرکے خوب بند بوتلون مین بھر کر رکھہ چھوڑین + **خوراک** - بطور ریر - گے - ٹیو ۶۰ گرین سے چوتھائی آؤنس تک خوب زیادہ پانی ملاکر پلانا چاہئے +

لاٹن		انگریزی
ٹنکچرا سوڈیائی ای۔ تہائی۔ ے۔ ٹس		سو۔ یو۔ شن اف آئی۔ تھی۔ لٹ اف سو۔ ڈی۔ ام

نسخہ۔ خوب صاف سو۔ڈی۔ ام دہات۔ ۲۲ گرین + ای۔ تھی۔ لکٹ ال۔ ہال۔ ایک اونس دہات کو شراب مین حل کرین + یہ عرق شربت کیسا گاڑہا اور رنگ اسکا یا تو کچھ بھی نہین یا خفیف ہورا ہوتا ہے +

فائدہ۔ کاسٹک جسکے لگانے سے درد نہین ہوتا اور اینٹی۔ سپ۔ٹک بھی ہے + لے۔ وَس اور کینسر پر اسکو لگاتے ہین +

لاٹن		انگریزی
سوڈی سلفاس		سلفٹ اف سوڈام

اسکو گلا۔ بز سالٹ بھی کہتے ہین۔

ہائیڈ۔ رو۔ کلورک اسڈ بنانے کے بعد جو نمک رہ جاوے اُس مین کار۔ بو۔ نٹ اف سوڈا ملاکر نیو۔ ٹرل کرکے پانی مین حل کرین جو عرق حاصل ہو اسکو اڑانے سے سلفٹ اف سوڈا کی قلمین پیدا ہو جائینگی +

شناخت اور خاصیت۔ شفاف شش پہلو ترچھی قلمین ہوتی ہین۔ ذایقہ کڑوا اور نمکین۔ ہوا لگنے سے مکدر ہو جاتی ہین پانی مین حل ہو جاتی ہین مگر اسپرٹ مین نہین +

ناقصات۔ کار۔ بو۔ نٹ اف پو۔ ٹاش اور اسے۔ ٹیٹ اف لڈ +

فائدہ۔ سرد پرگے۔ ٹو۔ خوراک۔ چوتہائی اونس سے ایک اونس تک + مگر جب ہوا لگ کر بھرا جاوین تب خوراک کی مقدار کم ہونی چاہئے +

لاٹن		انگریزی
سوڈی۔ دی۔ لی۔ ری۔ ناس		وی۔ لی۔ رئی۔ نٹ اف سو۔ ڈا

نسخہ سرامے۔ لکٹ۔ الکحال ۴ اونس + بائی۔ کرو۔ مٹ اف پو۔ ٹاش ۹ اونس +

سلفیورک ایسڈ ساڑھے چھ آونس * سو۔لیو۔شن اف سوڈا حسب ضرورت * ڈسٹلڈ واٹر نصف گیالن * سلفیورک ایسڈ کو ۱۰ آونس پانی مین ملاوین اور بذریعہ آنچ کے بائی۔کرومٹ اف پوٹاشس کو باقی پانی مین حل کرلین۔جب دونون عرق سرد ہوجاوین انکو ایک شیشہ مین بہر کر اے۔لکٹ الکحال مین ملاوین اور گاہے گاہے خوب ہلاتے جاوین جبتک حرارت ادس عرق کی ۹۰ درجہ تک آجاوے * اب شیشہ کو ایک ریسور کے ساتھ لگا کر آدھا گیالن عرق مقطر کرلین اس مین خوب طرح سو۔لیو۔شن اف سوڈا ملاوین اور جو کوئی قطرہ روغن کا اوپر تیرتا ہو اسکو علیحدہ کرکے اڑادین جبتک پانی کا بخار اڑنا موقوف ہوجاوے بعد ازان احتیاط سے آنچ کو ایسقدر کڑی کردین کہ جسمین نمک گلجاوے اور جب وہ مرکب سرد ہوکر جم جاوے اس کے ٹکڑے کرکے فوراً ایک شیشہ کے کاگ والی بوتل مین بند کردین

خاصیت۔ریکٹی۔فائیڈ اسپرٹ مین بالکل حل ہوجاتا ہے اس مین سلفیورک ایسڈ ملایا جاوے تو نہایت تیز بو وے۔لی۔رئین کی پیدا ہوتی ہے *

فائدہ۔ان۔ٹس پاز۔موڈک * **خوراک**۔ایک گرین سے ۵ گرین تک *

لاٹن	انگریزی
سو۔ڈیای سل۔فیتش	سلفائیٹ اف سوڈی۔ام

سل۔فیو۔رس ایسڈ اور کار۔بونٹ اف سوڈی۔ام کے ملانے سے یہ مرکب تیار ہوتا ہے

فائدہ۔اس کا ان۔ٹے۔سپ۔ٹک اور انٹے۔پے۔را۔سی ٹک ہے۔

خوراک۔۱۰ سے ۶۰ گرین تک بعض قسم کی بدہضمی کی قئے روکنے کے لئے دیتے ہین *

لاٹن	انگریزی
سوڈیای۔سی۔لی۔سی۔لس	سی۔لی۔سی۔لٹ اف سو۔ڈی۔ام

کار-بو-نیٹ اف سو-ڈی-ام یا کاسٹک سوڈا اور سی-ل-سی-لک ایشد کے ملانے سے یہ مرکب تیار ہوتا ہے ٭ اس کے بے رنگ یا قریب بے رنگ چھوٹے چھوٹے چھلکے ہوتے ہیں ٭ بے بو مگر ذائقہ کسیقدر شرین ہوتا ہے ٭

فائدہ اور استعمال - مثل سی-ل-سی-لک ایشد کے (جسکو دیکھو)

خوراک - ۱۰ سے ۳۰ گرین تک ٭

لاٹن		انگریزی
سو-ڈیائی برو-مائی-ڈم		برو-مائیڈ اف سو-ڈی-ام

ترکیب اسکے بنانے کی مثل برو-مائیڈ اف پو-ٹا-سی-ام کی ہے صرف بعوض سو-لیوشن اف پوٹاش کے سو-لیو-شن اف سوڈا کا استعمال کرنا چاہئے ٭

خاصیت - یہ ایک دانہ دار سفید سفوف ہوتا ہے ٭

فائدہ اور استعمال - دیکھو برو-مائیڈ اف پو-ٹا-سی-ام ٭

خوراک - ۱۰ سے ۳۰ گرین تک ٭

لاٹن		انگریزی
سوڈیائی آئیو-ڈائیڈم		آئیو-ڈائیڈ اف سو-ڈی-ام

فائدہ استعمال اور خوراک مثل آئیو-ڈائیڈ اف پو-ٹا-سی-ام کے ٭ یہ ایک خشک سفید سفوف ہوتا ہے کھلا رکھنے سے مرطوب ہو جاتا ہے ٭

لاٹن		انگریزی
سوڈیائی سلفو-کار-بو-لس		سلفو-کار-بو-لیٹ اف سو-ڈی-ام

کار-با-کِش اِسڈ کو زیادہ سلفورک ایسڈ مین حل کر کے کار-بونٹ اف بے-ری-ام
کے عرق مین خوب تر کرین بعد ازان اُس عرق کو فلٹر کرین جو عرق ٹپکے اُس مین
کاربونٹ اف سوڈی-ام تبتک ملاوین جبتک کو تی مینجہ نہ بنے - اب اُسکو فلٹر کرنے
سے جو عرق ٹپکے اُسکے اُڑانے سے سلفو-کار-بولٹ اف سوڈی-ام کی قلمین پیدا
ہو جائینگی ٭

خاصیت - اِسکی قلمین بے رنگ اور شفاف ہوتی ہین - ذایقہ نمکین اور کسیقدر تلخ - پانی
مین فوراً حل ہو جاتی ہین -

فائدہ اور استعمال - انٹے سیا ٹک - ری-ٹکش اور انٹی-سپٹ-ٹک ہے - غذا کے بعد
اگر نفخ ہو جاوے تو غذا سے پہلے اِس دوا کو کہلانا چاہئے اور جو بعد غذا کے پیٹ پہول
جاوے تو آدہے گہنٹہ بعد کہانا کہانے کے دینا چاہئے **خوراک** ۱۰ سے ۵ اگرین تک ٭

لاٹن ——— ——— انگریزی

لائیکوار سوڈیائی اتھے-لے-ٹس ——— سولیوشن اف اتھولٹ اف سوڈی-ام

نسخہ - سوڈیم دہات جسپر بالکل زنگ نہو - ۲۲ گرین ٭ اتھے-لک الکحل - ایک آونس ٭
فلاسک مین اتھے-لک الکحل کو چہوڑ کر سرد پانی کے ترڑاڑے مین اسکو سرد رکہین تب
اُس فلاسک مین سوڈی-ام دہات چہوڑ کر حل کرلین استعمال کے وقت اِس عرق کو
تازہ تیار کرنا چاہئے ٭

خاصیت - یہ عرق شربت کے طور پر گاڑہا اور بے رنگ ہوتا ہے - عرصہ تک رہنے
سے رنگ اِسکا بہورا ہو جاتا ہے ٭

فائدہ اور استعمال - ہلکا کاسٹک اور انٹے-سپٹ-ٹک ہے نے-وس اور
کنسر کے زخمون پر لگاتے ہین اِس سے درد نہین ہوتا ٭

لے۔تھے۔ام وھات

یہ وھات سفید یا کسیقدر سرخی مائل اور نہایت ہلکی ہوتی ہے + ہوا مین بہت صاف روشنی کے ساتھہ جلتی ہے اور کسیقدر کوفت پذیر بھی ہے +

مرکبات لے۔تھے۔ام

لاٹین ـــــــ انگریزی

لے۔تھی۔کار۔بو۔ناس ـــــــ کار۔بو۔نٹ اف لے۔تھیا

کار۔بو۔نٹ اف ایمو۔نیا مین کلو رائیڈ اف لے۔تھے۔ام ملا کر جوش دینے سے یہ مرکب بنتا ہے

خاصیت۔ یہ سفید سفوف کے طور پر چھوٹے چھوٹے چمکدار دانون مین ملتا ہے اثر اسکا مانند الکلی دوا کے ہوتا ہے۔ سو حصہ سرد پانی مین حل ہو جاتا ہے مگر الکحال مین نہین

فائدہ اور استعمال۔ فائدہ ڈائیو۔رہ۔ٹک ہے اس دوا کو گاوٹ کی بیماری اور یورک ایسڈ کی پتھری مین کہلایا کرتے ہین اور مثانہ کے اندر اسکی پچکاری بھی کرتے ہین +

خوراک۔ ۳ گرین سے ۶ گرین تک +

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹین ـــــــ انگریزی

لائیکوار۔لے۔تھیرا ے۔فر۔وی۔سنس ـــــــ ایفر۔وی۔سنگ سو۔لیو۔شن اف لے۔تھیا

نسخہ۔ کار۔بو۔نیٹ اف لے۔تھیا ۱ گرین + پانی ایک پائینٹ +

ترکیب۔ مانند لائیکوار۔پو۔ٹاسی ایفر۔وی۔سنس کے ہے جسکو دیکھو +

خوراک۔ ۵ اونس سے ۱۰ اونس تک۔ اسکے ۱۰ اونس مین ۵ گرین کار۔بونٹ اف لے۔تھیا ہوتا ہے

لاٹین ـــــــ انگریزی

لے۔تھی۔سائٹراس ـــــــ سائیٹریٹ اف لے۔تھیا

نسخہ - کار - بو - نٹ اف لے - تہیا، ۸ گرین + سائیٹرک اسڈ کی قلمین ۹۰ گرین + گرم ڈسٹیلڈ واٹر ایک آؤنس +

سائیٹرک اسڈ کو پانی مین حل کر کے تہوڑا تہوڑا کار - بو - نٹ اف لے - تہیا ملا کر تبتک پکا دین جبتک جوش کہانا موقوف ہو جاوے اور سارا حل ہو کر عرق رہ جاوے اب گرم پانی کی بہاپ یا سنڈ باتہہ پر رکہکر اڑا دین جبتک پانی کا بخار اٹہنا موقوف ہو جاوی اور ایک لیسدار عرق رہ جاوے اسکو تنور یا ہوائی کوٹہری مین رکہکر ۲۴ درجہ کی گرمی مین خشک کر کے جلد سفوف کر کر شیشہ کاگ والی بوتل مین بہر کر رکہہ چہوڑ دین +

خاصیت - باریک سفوف کے طور پر ہوتا ہے کہلا رکہنے سے اڑ جاتا ہے اور پانی مین بالکل حل ہو جاتا ہے اور کوئی شئے باقی نہین رہتی +

فائدہ - اسکاری - فری - جے - رنٹ اور ڈا - یو - رٹیک اور الکائیٹن ہے +

استعمال - اسکو خاصکر یو - رک اسڈ کی پتہری مین استعمال کرتے ہین +

خوراک - ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک +

کیال - سی - اَم دہات

یہ دہات سفید زردی مایل ہوتی ہے - ہوا کے اکسی - جن اور پانی کے ساتہہ ہی بہت آسانی سے ملجاتی ہے +

مرکبات کیال - سی - اَم

لاٹن	ہندی	انگریزی
کلکیئس	تازہ چونہ	کوئیک لائیم

کار - بو - نٹ اف لائیم کو جلانے سے یہ چونا ملتا ہے +

خاصیت - اسکے ہلکے ہلکے ٹکڑے ہوتے ہین باہر سے کسیقدر سفید لیکن اندر سے

خوب سفید جب اِس کے وزن کا دو تہائی پانی اُسپر ڈالا جاتا ہے تو جلد بجھہ کر برف کے طور پر سفید اور وزنی سفوف بنجاتا ہی اُسوقت نہایت گرمی پیدا ہوتی ہے +

فائدہ - اسکا کاسٹک اور ڈس - اِن - جک - ٹینٹ ہی +

استعمال - چونا کاسٹک اب ہو مگر تنہا استعمال نہین کرتے بلکہ پوٹاش کے ساتھہ ملا کر اور اُس مین تیزاب الکحل ڈالکر بتی بنا کر ورم کے زخم اور سرطان مین لگاتے ہین +

اِسی مرکب کو ویانا پیسٹ کہتے ہین +

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

کلی سس - ہائیڈراس ——————— سلیکٹڈ - لائیم

نسخہ - چونا ۲ پاونڈ + ڈسٹلڈ واٹر ایک پائینٹ +

چونہ کو ایک دہات کے برتن مین رکہکر پانی ڈالین اور جب دہوان اُڑنا موقوف ہوجاوی اُسکو ڈہانپ کر رکہہ چہوڑین تاکہ سرد ہوجاوے اور جب اِسقدر سرد ہوجاوی کہ جسقدر باہر کی ہوا ہوتی ہے تب اُس برتن مین جو کچھہ ہو اُسکو نکالکر لوہے کی چہلنی مین چہانکر ایک چوڑے مُنہہ کی بوتل مین بہر دین اور اچہی طرح پر کاگ سے بند کردین سلیکٹڈ لائیم کو ہمیشہ تازہ تیار کرنا چاہئی +

استعمال - اِس سے لائیم واٹر بنتا ہی +

اِس کے تین مرکبات ہین

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

لائیکوار - کیالسیس ——————— سو - لیو - شن اف لائیم

نسخہ - سلیکٹڈ - لائیم ۲ اونس + ڈسٹلڈ واٹر جب ضرورت +

ایک شیشہ کے کاگ والی بوتل مین پانی بہر کر چونہ چہوڑین اور ۲ یا ۳ منٹ تک خوب ہلا وین

گہنٹہ بعد جسقدر زیادہ چونہ ہوگا وہ بیٹھہ جائیگا اور صاف عرق اوپر رہ جائیگا اُس کو سائی۔فن کے ذریعہ نکالکر استعمال مین لاسکتے ہین یا سبز رنگ کی بوتل مین بھر کر ٹہیک ایک شیشہ کے کاگ سے بند کردین ؎

سلکڈ لائیم مین تہوڑا تہوڑا پانی ملاکر تبتک دہووین جبتک اُس عرق مین سے تہوڑا سا فلٹر کرکے اور قدرے نایٹرک ایسڈ اسمین ڈالکر پرش کرکے اسمین نایٹریٹ اف سلور کا عرق ملانے سے گدلا نہوجائے اب اُس دہوئے چونہ کو کسی بوتل مین ایک گیلن پانی بہر کر چہوڑدین اور خوب ہلادین جب استعمال کرنا ہو اُس بوتل مین سے اوپر کا صاف عرق بذریعہ سائی۔فن کے لے لین ؎

لاٹن ———————— انگریزی

لائیکوار کیال سیس۔ سے۔ کے۔ ری۔ ٹین — ے۔ سے۔ کے۔ ری۔ ٹڈ سو۔ لیو۔ شن اف لائیم

نسخہ۔ سیاکڈ لائیم۔ ایک آونس ؎ قند سفوف کیا ہوا۔ ۲ آونس ؎ ڈوسٹلڈ واٹر ایک پائینٹ کہرل مین چونہ اور شکر ٹرائی۔ ٹیو۔ ریشن کی ترکیب ملاوین ؎ بعد ازان ایک بوتل مین پانی بہر کر اور اسمین اُس مرکب کو چہوڑ کر بوتل کا منہہ کاگ سے بند کردین اب کئی گہنٹہ تک اُس عرق کو گاہے گاہے ہلادیا کرین بعد ازان اوپر کے صاف عرق کو سائی۔فن کے ذریعہ علیحدہ کرکے شیشہ کی ڈانٹ والی بوتل مین بند کرکے رکھہ چہوڑین ؎

لاٹن ———————— انگریزی

لے۔ نی۔ من۔ ٹم کیال۔ سیتس ———— لے۔ نی۔ منٹ اف لائیم

سو۔ لیو۔ شن اف لائیم۔ ۲ آونس ؎ الیو۔ آئیل۔ ۲ آونس ؎ دونون کو ملاکر ملالین ؎ اس مرکب کو کے۔ رن۔ آئیل بہی بولتے ہین۔ مگر کے۔ رن۔ آئیل مین السی کا تیل پڑتا ہی۔

اثر اور استعمال۔ پیتی ہی معدہ مین لائیم واٹر بدل کر کلورائیڈ اف لائیم یا لِکٹ۔ ٹیٹ اف لائیم بنجاتا ہی اور اسی شکل پر خون مین داخل ہوتا ہی۔ غذا کے ہضم ہوتے

وقت اگر پیا جاوے تو گیسٹرک جوس کی زاید ترشی کو زایل کر دیتا ہے اسطور سے یہ عرق
انٹا - سڈ ہے - گیسٹرک جوس کی ترشی کو زائیل کر دینے کے بعد جو کچھ فاضل رہ جاتا ہے وہ دودن
مین جا کر اوس کے میو - کس پر دہ پر ایس - ٹرن - جنٹ اثر پیدا کرتا ہے - آخر کار اگر استعمال
اسکا جاری رکہا جاوے تو پیشاب کو بہی کہار اکر دیتا ہے غرض اسطور پر یورک اسڈ کی ریت
مین مفید ہو سکتا ہے ٭ یہ سب جانتے ہین کہ اکثر آدمی کو دودہ ہضم نہین ہوتا پیتے ہی معدہ مین
پہٹ جاتا ہے اور اسکا جبن سخت ڈہون کی شکل نبجاتا ہے - تب یا تو دست لگ جاتے ہین یا نفخ
شکم اور قبض ہو جاتا ہے - لیکن پاؤ یا آدہ سیر دودہ مین جب ایک آؤنس لائیم واٹر ملا کر
پیا جاتا ہے تب دودہ پہٹنے نہین پاتا ٭ لیو - کو - ریا کی بیماری مین چونہ کے پانی کی پچکاری
بہت مفید پڑتی ہے - اور بچون کے ڈائیا - ریا کے مرض مین جو ترش دست آتے ہین
چونہ کا پانی پلانے سے بند ہو جاتے ہین - لے - نی - منٹ اف لائیم جلے ہوئے مقام پر
لگانے سے ٹہنڈک پڑ جاتی ہے ٭

اسکا شربن عرق بہی انہی باتون کو فائدہ کرتا ہے مگر بہ نسبت لائیم واٹر کے یہ عرق چودہ
گونہ تیز ہوتا ہے - **خوراک** - سو - لیو - شن اف لائیم کی ایک آؤنس سے ۴ آؤنس تک
اور سے - کے - ری - ٹیڈ سو - لیو - شن اف لائیم کی ۱۵ سے ۶۰ قطرہ تک ٭

کار - بو - نیٹ اف لائیم

یہ دو طور کا ہوتا ہے ایک مار - بل یعنے سنگ مرمر - یہ پتہر سفید رنگ کا اور نہایت سخت
ہوتا ہے - یورپ کے پہاڑ کی کانون مین بکثرت ملتا ہے ٭ دوسرا چاک جسکو کری ٹیا
یعنے کہڑیا مٹی بولتے ہین - یہ بہی پہاڑ کی کانون مین ہوتی ہے اسکے ٹکڑے سفید اور
ملائیم ہوتے ہین اسکو صاف کر کے دواؤن مین برتتے ہین اور تب اصطلاح مین کہتے ہین ٭

لاٹن		انگریزی
کری - ٹا پری - پا - ریٹا	————	پری - پیار ڈ - چاک

کہریا مٹی کو ایلو۔ٹری۔شن کی ترکیب سے صاف کر کے خشک کرلین ٭

خاصیت ۔ یہ باریک سفوف کے طور پر ہوتا ہے اور تیزابون کے ملانے سے جوش کہاتا ہے **خوراک** ۔۱۔گرین سے ۲۰ گرین تک ٭

انگریزی	لاطینی
کیال۔سیائی۔مکار۔بوناس پریسی۔پی۔ٹیٹا	پریسی پی ٹیٹ ٹا۔ کاربونٹ اف کیال سیم

نسخہ ۔ کلورائیڈ اف کیالسیم ۵-۲/۱ اونس ٭ کاربونٹ اف سوڈا ۱۳-۱/۲ اونس ٭ کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ٭ کلورائیڈ اف کیالسیم اور کاربونٹ اف سوڈا کو علیحدہ علیحدہ ۲ پاینٹ پانی مین حل کر کے دونو عرقون کو ملا دین جو منجمد بنے اُسکو تہ نشین ہونے دین اب اُس منجمد کو ایک کپڑے کی فلٹر مین رکھکر کہولتے ہوئے ڈسٹلڈ واٹر سے دہو ڈالین جبتک دہوون مین نائیٹریٹ اف سلور ملانے سے کوئی منجمد نہ بنے اِس منجمد کو ۲۱۲ درجہ کی گرمی مین خشک کرلین ٭

پریسی پی ٹیٹڈ کاربونٹ اف کیالسیم پڑتا ہے بسمتہ لا زنجز مین بقدار چار گرین کے ہر ترص مین ٭

خاصیت ۔ یہ سفید چمکدار سفوف ہوتا ہے پانی مین حل نہین ہوتا ٭

فائدہ کاربونٹ اف لائیم کا انٹاسڈ ڈیسی کنٹ اور اسٹرنجنٹ ہے ۔

استعمال ۔ بعض وقت ڈیسی کنٹ کے طور پر اسکو زخمون پر اور جلے ہوئے مقامون پر اور امپٹیگو اور انٹرٹرگو کی بیماریون پر لگایا کرتے ہین تاکہ جو رطوبت اُن سے بہتی ہو وہ خشک ہوجاوے ٭ اور بطور انٹاسڈ اسٹرنجنٹ کے افیون کے ہمراہ ڈایریا مین دیتے ہین اور تیزابون کے زہر مین بھی کہلایا کرتے ہین بطور انٹاسڈ کے بعض دفعہ ڈس پپ سیا کی بیماری مین بہی اسکا استعمال کرتے ہین ٭

خوراک ۱۰ گرین سے ۶۰ گرین تک ٭

ناقضات - کُل تیزاب اور تیزاب کے نمک ❊

پری-پیارڈ چاک کے تین مُرکب ہین

لاٹن ———————— انگریزی

مسٹیو-را-کرے-ٹی ———————— چاک مکسچر

نسخہ - پری-پیارڈ چاک چوتھائی آونس ❊ گم ارابک سفوف کیا ہوا چوتھائی آونس

سرپ آدھا آونس ❊ سینمی-من واٹر ساڑھے سات آونس ❊

چاک اور گم-ارابک کو سینمی-من واٹر مین کھرل کر کے اُسمین سرپ چھوڑکر سبکو ملالین ❊

استعمال - ڈا-یا-ریا کی بیماری مین بطور ڈرہی-سی-کنٹ کے اسکو بہت استعمال کرتے

ہین - خوراک ایک آونس سے ۲ آونس تک ہمراہ نباتی قابضات اور افیون کے دیکر

سکتے ہین مثلاً ٹنکچر اف کاٹی - نو اور ٹنکچر اف کے-لے-کیو اور اکسٹراکٹ اف لاگ-وُوڈ اور

ٹنکچر اف اوپیم کے ہمراہ - لیکن بچون کو چاک مکسچر کے ساتھہ اگر افیون دینی ہو تو ٹنکچر اف

او-پیم کے بدلے اس مین چند قطرے کمپاونڈ ٹنکچر اف کمفر کے ملادین کیونکہ لاڈنم

افیون کا نہایت تیز مرکب ہے ❊

اشارہ - چاک مکسچر گرمی کے د-نون مین دوسرے ہی دن بگڑ جاتا ہے ❊

اسواسطے چاک مکسچر کا خشک سفوف تیار رکھنا چاہئے اور ضرورت کے وقت اس مین

پانی ملاکر استعمال مین لانا چاہئے - چاک مکسچر پاوڈر کا نسخہ یہ ہے - کہ

نسخہ - پری-پیارڈ چاک - ۴ آونس ❊ قند ۳ آونس ❊ سفوف گم اکاشیا - ۲ آونس

آئیل اف سے-نے-من - ڈیڑھ ڈرام ❊

اس سفوف کا ۳۰ گرین جب ایک آونس پانی مین ملایا جاتا ہے تب خا-ما-کو-پیاکا

چاک مکسچر تیار ہو جاتا ہے ❊

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

پلوس - کریٹی - اڑو - ماٹی - کش ——————— اڑو - ماٹنک پاؤڈر اف چاک

پہلے اِسکو کمن ننک شیو اےہ - ما - ٹی - کا بولتے ہتے *

نسخہ - سفوف دال چینی ۴ آونس * سفوف جاے پہل اور سفوف زعفران تین تین آونس * - سفوف لونگ ڈیڑہ آونس * الایچی کے بیج سفوف کئے ہوئے ایک آونس * تمند سفوف کیا ہوا ۵ ۲ - آونس * پرسی - پیارڈو - چاک ۱۱ آونس * سبکو ملاکر باریک غربال سے چہان لین اور آہستہ آہستہ کہرل کر کے شیشے کے کاگ والی بوتل مین بھر کر رکہہ چہوڑین *

فائدہ اور استعمال - اڑو - ماٹنک اسٹرنجنٹ کے طور پر ڈا - ییا - ریا مین دیا کرتے ہین *

خوراک - ۱۰ گرین سے ۶۰ گرین تک *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

پلوس کریٹی - اڑو - ما - ٹی - کس - کم - اوپیو ——————— اڑو - مے ٹنک پاؤڈر اف چاک اینڈ اوپیم

نسخہ - اڑو - مے - ٹنک پاؤڈر اف چاک ۴ ۳/۴ ۹ آونس * افیون سفوف کی ہوئی ۱/۴ آونس * دونو کو خوب طرح ملاکر باریک غربال سے چہان لین بعد ازان آہستہ آہستہ کہرل کر کے شیشہ کے کاگ والی بوتل مین بھر کر رکھ چہوڑین *

خوراک - ۱۰ گرین سے ۴۰ گرین تک - اِسکے ۴۰ حصہ مین قریب ایک حصہ افیون ہے *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

کیلکش کلو - ری - نے - ٹا ——————— کلوری - نے - ٹڈ - لایم

لکڑی کے کٹہرون مین چونہ بچہا کر ایک دوسری پر رکھکر سب کو ایک پتھر کی کوٹہری مین خوب طرح بند کر دین بعد ازان اُسکے اندر کلورین ہوا چہوڑتے جاوین جبتک سارے چونہ مین وہ ہوا جذب ہو جاے *

خاصیت - یہ ایک سفوف مایل بسفیدی ہوتا ہے - بو اس سے کسیقدر کلورین کی آتی ہے

اور پانی مین کسیقدر حل ہوجاتا ہے ٭

فائدہ اسکا ڈس-ان-فکٹ-ٹنٹ اور انٹی-سپ-ٹک ہے-باہر لگانے سے ارہی-ٹنٹ اور کاسٹک ہے اور کہلانے سے الٹریٹو ٭

استعمال-اسکو خاصکر مکانون کی بدبو دفع کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین اور بعض دفعہ بدبودار زخمون پر لگاتے ہین اور کبھی اسکو خراب قسم کے بخار و نین اور حلق کے زخمون مین کہلایا بھی کرتے ہین-اور یہ مرکب کلو-را-فا-رم اور وی-یر-کلو-راہی بنانے مین کام آتا ہے ٭

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن		انگریزی
لائیکیار-کیلسس کلو-ری-نے-ٹے	———	سو-لیوشن اف کلوری نی ٹڈ-لائیم

نسخہ-کلوری-نے-ٹڈ-لائیم ایک پاؤنڈ ٭ ڈسٹلڈ واٹر ایک گیالن ٭

کسی ٹرے کہرل مین کلو-ری-نے ٹڈ-لائیم اور پانی کو کہرل کرکے اچھی طرح ملادین بعد ازان شیشے کے ڈاٹ والی بوتل مین بہر کر تین گھنٹہ تک کئی مرتبہ خوب طرح ہلادین-اب اُس عرق کو کپڑے سے چھانکر کسی شیشے کے ڈاٹ والی بوتل مین بھر کر رکھہ چھوڑین ٭

لاٹن		انگریزی
کیال سیائی-کلو-رائی-ڈم	———	کلورائیڈ اف کیال-سی-ام

ترکیب کاربونٹ اف کیال-سی-ام مین ہائیڈرو-کلورک اسڈ ملاکر اُسمین تہوڑی سو-لیوشن اف کلو-ری-نے-ٹڈ-لائیم اور سو-لیوشن اف سلکڈ-لائیم ملادین بعد ازان عرق کو فلٹر کرکے اُڑادین جبتک منجمد بنجاوے بعد ازان ۴۰۰ درجہ کی حرارت پر خشک کرلین ٭

خاصیت - یہ چیز یا تو ڈلون یا ٹکڑون کی شکل پر ملتی ہے - ذائقہ اسکا تلخ تیز اور نمکین ہے کھلی رہے تو بھر جاتی ہے - دوگنے مقدار پانی مین حل ہو جاتی ہے ؛

فائدہ اور استعمال - دس دس گرین کی مقدار مین یہ مرکب اسکرا - فیولا اور تہائی سیفلس مین مفید ہے اور رگ - کٹھ کی بیماری مین بھی فائدہ مند ہے اور اسکے استعمال سے بعض قسم کی تئے بھی رک جاتی ہے - زیادہ مقدار مین زہر ہے -

خوراک ۳ سے ۱۰ گرین تک ؛

اسکا ایک مرکب ہے

لاطین ——————— ——————— انگریزی

لائیکوار کیال سیائے - کلو - رائی - ڈائی ——— سولیوشن اف کلورائیڈ اف کیال سیم ام

نسخہ - کلورائیڈ اف کیال سی اُم ۸۰ گرین + ڈسٹلڈ واٹر - ایک آونس + حل کرلین ضرورت ہو تو فلٹر بھی کرلین ؛

خوراک ۵ سے ۵۰ منم تک ؛

لاطین ——————— ——————— انگریزی

کیال - سیائی - فاسفاس ——————— فاسفٹ اف کیال - سی ام

ہڈیون کی راکھہ مین ہائیڈرو - کلورک ایسڈ ملاکر حل کرلین اور اب اُسمین امونیا ملاوین اور جو منجمد تہ نشین ہو اُسکو ۲۱۲ درجہ کے گرمی پر خشک کرلین ؛

خاصیت - یہ ایک ہلکا سفوف ہوتا ہے - پانی مین حل نہین ہوتا مگر ڈائیلوٹ نائٹرک ایسڈ مین بغیر جوش کے حل ہوجاتا ہے ؛

فائدہ اور استعمال - اس دوا کے کہانے سے جسم مین اگر فاسفورک ایسڈ کم ہو جاوے تو وہ پیدا ہوجاتا ہے + اکثر اسکو ہڈی کی بیماریون مین استعمال کرتے ہین جیسے مرض ری کیٹس

خوراک ۱۰ گرین سے ۲۰ گرین تک ؛

لاطین ———————— ———————— انگریزی

کیپال سیائی ہائی ۔پو ۔فاس ۔فیش ———— ہائی ۔پو ۔فاس فائیٹ اف کیال ۔سیئم

ہائیڈرٹ اف کیال ۔سیئم اور پانی مین فاس ۔فو ۔رس چہوڑکر آنچ دین جب تک

فاس ۔فیو ۔رے ۔ٹڈ ہائیڈرو ۔جن گیاس خارج ہونے سے رہ جاوے ۔اب

اُس عرق کو چہانکر اُسمین کار ۔با ۔نک اِسڈ گیاس چہوڑین تاکہ جو چونہ ملجانے سے باقی

رہ گیا ہو وہ علیحدہ ہوجاوے ۔اِسکے بعد جو عرق حاصل ہو اُسکو اڑا دین تاکہ فاس ۔فائیٹ

اف کیپال ۔سیئم قلمون کی شکل بنکر علیحدہ ہوجاوے ۔

خاصیت ۔قلمین اِسکی موتی کے طور پر آبدار ہوتی ہین ۔ذایقہ اسکا تلخ ہوتا ہی اور چھہ حصہ

پانی مین حل ہو جاتی ہین ۔

فائدہ اور استعمال ۔ فائدہ اِسکا ٹانک اور الٹر یٹو اور نر ۔وائین اس ٹی ۔میو ۔لنٹ ہی

اِسکو ہر قسم کی کمزوری مین دیا کرتے ہین اور سل کی بیماری کو ۔ریا اور مرگی اور رانے ۔میا

مین بھی استعمال کرتے ہین ۔

خوراک ۔ ہائی ۔پو ۔فاس ۔فائیٹ اف لائیم کی خشک قلمون کے ۲ گرین سے ۵ گرین تک ۔

لاطین ———————— ———————— انگریزی

کیپال سیائی سلفاس ———————— سلفٹ اف کیپال ۔سیئم

معدنی سلفٹ اف کیپال ۔سیئم کو آنچ دیکر اسکا پانی اڑا کر خشک کرلین ۔ یہ مرکب سلفیو ۔ری ۔ٹڈ

لائیم کے تیار کرنے مین کام آتا ہے ۔ چنانچہ

لاطین ———————— ———————— انگریزی

کلکس سلفیو ۔ری ۔ٹا ———————— سلفیو ۔رے ۔ٹڈ لائیم

اِس مرکب کو اکثر سل - فائیڈ اف کیال - سیَم بھی کہتے ہین ٭

ترکیب - سلفٹ اف کیال - سیم - ۲ - آونس ٭ لکڑی کا کوئلا - ایک آونس ٭ دونو کو ملاکر آنچ پر تبتک سرخ کرین جبتک اِسکی کالی رنگت دور ہو جاوے ٭

خاصیت - یہ قریب سفید رنگ کا سفوف ہوتا ہی اور اِس سے سلفیو - رہی - ٹڈ ہائیڈروجن کی سی بو آتی ہے - پانی مین بہت ہی کم حل ہوتا ہے ٭

فائدہ اور استعمال - اِس مرکب کو خاصکر اکنی اور روبل اور کار - بنکل اور اسکرا - فیو - لا کے زخمون مین استعمال کرتے ہین کیونکہ انفلامیشن کے ابتدا اور جون مین جب اِسکا استعمال کیاجاتا ہے تب پھوڑے جلد پک جاتے ہین اور پیپ نہین پڑنے پاتی ٭

خوراک - ایک گرین کے دسوین حصہ سے ایک گرین تک گولی کے طور پر کہلانا چاہیے جسکے بنانے کی ترکیب یہ ہی کہ اِس مرکب کا ہموزن اسمین شوگر اف ملک ملاکر خوب طرح کہرل کرین اب اُسمین اسقدر لے - کو - رس پاوڈر ملاوین کہ جسمین وہ سارا قریب ایک گرین وزن مین ہو جاوے - بعد ازان قدرے میو - سلج کے ذریعہ گولی بنالین ٭

رِگنے - شی - ام دھات

رنگ اِس دھات کا سفید اور کسیقدر سُرخی ہوتا ہے یا بالکل نقرہ کی طرح ہوتا ہے - پیٹنے سے بڑہ جاتا اور سرخ آنچ پر پگھل جاتا ہے - اِس دھات مین آگ دیجیے تو ہوا مین سفید رنگ کی نہایت تیز روشنی پیدا ہوتی ہے ٭

مرکبات رِگنے - شی - اَم

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

رِگنے - شیا پان ڈوی - رو - زا ———————— ہے - وی گنگ - نے - شیا

نسخہ - کار - بو - نیٹ اف مگ - نے - شیا ۴ آونس ٭ کسی کرو - سبل ا - ہل [illegible]

کاد - بو - نٹ اف مگنیٹ - نے شیا چھوڑ کر ڈکمنو سے ڈھیلا بند کر کے اوس برتن کو تیز آنچ پر جبتک ہنمرو دین جبتک اوس مین سے تہوڑا سا سفوف لیکر ڈائیلوٹ سلفیو - رک ا سڈ مین ڈالنے سے جوش نہ کہا وے بعد از ان شیشہ مین بند کر کے رکہہ چھوڑ دین +

خاصیت - یہ ایک سفید سفوف ہوتا ہے پانی مین حل نہین ہوتا تیزابون مین بغیر جوش کے حل ہو جاتا ہے +

فائدہ - اِنٹا سٹہ اور ہلکا پر - گے - ٹیو - اِس دوا کو بہت دن تک کہانے سے رو دون مین اسکا ڈلا پنچا تا ہے +

استعمال - بطور انٹا سٹہ اور لکسٹیو کے اکثر ڈس - پپ - شیا کے مرض مین دیا کرتے ہین اور تیزابون کے زہر مین بہی کہلایا کرتے ہین - بچون کی ریکٹم کی بیماری مین بطور پر - گے ٹیو کے دیا کرتے ہین اور رو - ماٹیزم کے مرض مین بہی کہلانا بتلاتے ہین +

خوراک - انٹا سٹہ ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک پر - گے - ٹیو ۲۰ گرین سے ۶۰ گرین تک بچون کے لئے ۲ گرین سے ۱۰ گرین تک + **ناقضات** - کل تیزاب +

لاٹن ________________ ________________ انگریزی

مگنے - نے شیا - لی - وس ________________ لائیٹ - مگنو - شیا

نسخہ - لائیٹ - کار - بو - نیٹ اف - مگنیٹ - نے شیا ۴ آونس +

بنانے کی ترکیب فائدہ اور استعمال اور خوراک مانند اوپر کے مرکب کے +

لاٹن ________________ ________________ انگریزی

مگنو - شیائی - کار - بو - ناس پان - ڈی - رو - زا ـــــ ہے - وی - کار - بو - نیٹ اف مگنو - شیا

نسخہ - سلفٹ اف مگنو - شیا ۱۰ آونس + کار - بو - نٹ اف سوڈا ۱۲ آونس + کہو لتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت + کار - بو - نیٹ اف سوڈا اور سلفٹ اف مگنے - شیا کو علیحدہ علیحدہ ایک پانیٹ پانی مین حل کر کے دونون عرق ملا کر سنڈ باتہہ کی آنچ پر خشک کر لین - اسپر

خشک مرکب کو دو پائینٹ پانی مین آدہی گہنٹہ تک بہگو رکہین بعد ازان کپڑے کی چہلنی سے چہانین - چہلنی پر جو کچہہ ہو اُسکو کئی مرتبہ ڈِسٹلڈ واٹر سے تب تک دہوبن جبتک - اوس ہو مین کلورائیڈ اف بے - ریم ملانے سے کوئی نہ بیٹہے - نتیجہ اب اُسکو ۲۱۲ درجہ کی گرمی مین خشک کر کے رکہہ چہوڑین ÷

خاصیت - یہ سفید دانہ دار سفوف ہوتا ہے ذائقہ - لیوٹ معدنی تیزابون کے ملانے سے جوش کہا کر حل ہو جاتا ہے ÷

فائدہ اور استعمال - اگرچہ مثل اوپر کے مرکبات کے یہ بہی لیک - سی - ٹیو اور انٹا شاسڈ ہے تاہم کو - لن رودہ مین جمع ہو کر اس مرکب کا ڈالا کم نبہتا ہی ÷ اس مرکب کا یہ نسخہ قولنج مین مفید ہی - **نسخہ** - کار - بو - نیٹ اف مگ - نے - شیا ۲۰ گرین ÷ کمپاونڈ ٹنکچر کار - ڈی - مم ۲ ڈرام ÷ ڈِل واٹر ۸ ڈرام ÷ سرپ ۲ ڈرام ÷ سبکو ملا کر بمقدار ایک ڈرام دنمین کئی دفعہ پلا دین ÷ کار - بو - نیٹ اف مگ - نے - شیا جب معدہ مین داخل ہوتا ہی تب اس سے کار - بانک ایسڈ کی ہوا خارج ہوتی ہے چنانچہ اسی سبب سے معدہ پر اس کا اثر سے - ڈی - ٹیو ہوتا ہے ÷

خوراک ۱۰ گرین سے ۶۰ گرین تک ÷

اسکا ایک مرکب ہے

انگریزی		لاٹن
سو - لیوشن اف کار - بونیٹ اف مگنے شیا	——	لائیکوار مگنی - شی - کار - بو - نی - ٹس

اس مرکب کو فلوئیڈ مگ - نے - شیا بہی کہتے ہین ÷

نسخہ - سلفیٹ اف مگ - نے - شیا دو آئنس ÷ کار - بو - نیٹ اف سوڈا ڈہائی آونس ڈِسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ÷ دونون کو جدا جدا آدہی پائینٹ پانی مین حل کرین تب سلفیٹ اف مگ - نے - شیا کے عرق کو جوش دیکر کار - بو - نیٹ اف سوڈا کے عرق مین

چھوڑ دین اب اس مرکب عرق کو پکا دین اور جب کار - بانک اسڈ کی ساری ہوا خارج ہو جاوے
اور کار - بو - نیٹ اف مگ - نے - شیا کا تنجھد رہ جاوے تب اوس تنجھا کو کپڑے کے فلٹر
پر جمع کر کے ڈسٹلڈ واٹر سے تبتک دہو دین جبتک دہون مین کلو - رائیڈ اف بے - ریم
ملانے سے کوئی تنجھا نہ نجواب اوس دہوئی تنجھد مین ایک پائینٹ ڈسٹلڈ واٹر ملا وین بعد ازان
اُسکو کسی موزون آلہ مین بہر کر اوس مین دہویا ہوا خالص کار - بو - نک اسڈ گیاس (جو کہ ٹریا شی
اور سلیفورک اسڈ کے ملانے سے پیدا کیا گیا ہو) کسیقدر زیادہ چھوڑ کر ۲۴ گھنٹہ تک اُس ہوکو
عرق مین دبا رکہین بعد ازان عرق کو چھان لین تا کہ جسقدر غیر محلل کار - بو - نٹ اف مگنو شیا
ہو وہ علیحدہ ہو جاوے اب اوس چھانے ہوئے عرق مین پہر کار - بو - نک اسڈ گیاس چھوڑ
کر ایک بوتل مین مضبوط کاگ لگا کر بند کر کے رکہہ چھوڑ دین تا کہ کار - بو - نک اسڈ کی ہوا
نکل نہ سکے اس عرق کے ایک آونس مین قریب ۰ اگرین کے کار - بو - نیٹ اف مگنو - شیا
ہوتا ہے +

خاصیت - جب اس عرق کی بوتل پہلے پہل کہولی جاتی ہے تب یا تو تہوڑا یا بالکل نہین جوش
کہاتا - یہ عرق صاف اور ذائقہ اسکا بالکل کڑوا نہین ہوتا +

خوراک - ایک آونس سے ۲ آونس تک +

لاٹن —————— —————— انگریزی

لائیکوار - مگ - نے - شی - سائی - ٹرٹیس —— سولیوشن اف سائی - ٹریٹ اف مگ - نے شیا

نسخہ - کار - بو - نٹ اف مگ - نے - شیا ۰ اگرین + سائی - ٹرک اسڈ ۲۰۰ گرین +
سرپ اف لمن ½ آونس + بائی - کار - بو - نٹ اف پوٹاش ۴۰ گرین + پانی حسب ضرورت
دو آونس پانی مین سائی - ٹرک اسڈ کو حل کرین - تب اوس مین کار - بو - نٹ اف مگنو شیا
ملا کر ہلاتے جا دین جبتک کہ وہ حل ہو جاوے بعد ازان ½ پائینٹ کی ایک مضبوط بوتل مین
اوس عرق کو چھانکر اوس مین سرپ اور پانی اسقدر ملا دین کہ جسمین بوتل قریب پُر ہو جاوے

بعد ازان بائی-کار-بو-نٹ اف پوٹاش چہوڑکر اوس بوتل کو فوراً کاگ سے بند کردین اور اوس کاگ کو مضبوط ڈورے یا تار سے باندہ دین-بعد ازان بوتل کو ہلا دین جب تک بائی-کار-بو-نٹ اف پوٹاش حل ہو جاوے +

فائدہ-لگزیٹیورے-فری-ہے-رنٹ-**خوراک**-۵ سے ۱۰ فلوئیڈ آونس تک +

لاٹین	انگریزی
مگ-نے-شی-کار-بو-ناس-لے-وِس	لائیٹ کاربو-نیٹ اف مگ-نے-شیا

نسخہ-سلفٹ اف مگ-نے-شیا ۱۰ آونس + کار-بو-نٹ اف سوڈا ۱۲ آونس + ڈِسٹلڈ واٹر حسب ضرورت + سلفٹ اف مگ-نے-شیا اور کار-بو-نٹ اف سوڈا کو علیحدہ علیحدہ آدہی گیالن پانی مین حل کرین اور بعد سرد ہونے کے انکو ملادین تب اوس مرکب عرق کو ایک چینی کے برتن مین رکہکر ۱۵ منٹ تک جوش دیوین جو تہنجہہ نیچے اوسکو کپڑے کی چہلنی پر رکہکر کئی مرتبہ کہولتا ہوا ڈِسٹلڈ واٹر چہوڑین جبتک دہوون مین کلورائیڈ اف بے-رئیم ملانے سے کوئی تہنجہہ نہ نیچے بعد ازان اوسکو ۲۱۲ درجہ کی گرمی مین خشک کرین +

خاصیت-نہایت ہلکا سفوف ہوتا ہے جسکو باریک بین سے دیکہنے سے کوئی حصہ تو بے شکل نظر آتا ہے اور کسی مین بہت سی باریک باریک قلمین ملی جلی دکہلائی دیتی ہین + **فائدہ اور استعمال**-ٹہیک مگ-نے-شیا کے طور پر ہو لیکن چونکہ یہ دونون مرکب تیزابون کے ساتہہ ملاتے ہین تو جوش کہاتے ہین اسلئے تیزابون کے زہر مین بہکم مفید پڑتے ہین + **خوراک**-انٹاسڈ ۱۰ گرین سے ۶۰ گرین تک-لکسی ٹیو ۶۰ گرین سے ایک آونس تک +

لاٹین	انگریزی
مگ-نے-شی-سلفاس	سلفٹ اف مگ-نے-شیا

اِسکو اپ-سم سالٹ بہی کہتے ہین +

یہ چیز اکثر سمندر کے پانی سے جسسے کہانے کا نمک نکال لیا گیا ہو نبتی ہی چنانچہ ادس پانی مین سلفیورک اسڈ ملاکر جوش دینے سے یہ نمک حاصل ہوتا ہے اور اسی ترکیب سے ایک قسم کے پتہر سے بہی یہ مرکب بنتا ہی جسکو ڈو - لو - مائیٹ بولتے ہین - اور اپ - سم شہر مین ایک چشمہ ہے اسکے پانی مین بہی یہ نمک ہوتا ہی چنانچہ اسواسطے اس نمک کو اپسم - سالٹ بہی کہتے ہین ٭

خاصیت - اس کی قلمین چہوٹی چہوٹی بے رنگ شفاف اور پہلدار ہوتی ہین - ذایقہ تلخ پانی مین فوراً حل ہوجاتی ہین ٭

فائدہ اسکے کہانے سے پانی کے طور پر دست آتے ہین اور اسکا فائدہ ریفریجرنٹ انٹی - فلو - جس - ٹک اور ڈایو - ریٹک بہی ہے ٭

استعمال - بطور پرگیٹیو اور انٹی - فلو - جس - ٹک کے بجز معدہ اور انتڑیون کے انفلامیشن کے اسکو ہر قسم کے انفلامیشن کی بیماری مین دیتے ہین اور بچارون مین بہی اس دوا کو دیتے ہین - جب انفیوژن اف سنا مین اس نمک کو ملاتے ہین تب وہ مشہور مرکب بن جاتا ہے جسکو عام انگریزی زبان مین بلاک ڈرافٹ کہتے ہین ٭

خوراک ۶۰ گرین سے آدہے آونس تک + ڈایو - ریٹک خوراک ۲۰ گرین سے ۶۰ گرین تک ٭

اشارہ - سلفٹ اف مگنیشیا کو ٹارٹریٹڈ سوڈا اور نیا پائی کار - بونٹ اف سوڈا کے ساتھ استعمال نکرنا چاہئے کیونکہ بوتل مین ایک منجمد تہ نشین ہوجاتا ہے - جب اس نمک مین زیادہ پانی یا ایک خوراک ڈائیلیوٹ سلفیورک اسڈ ملاکر پلایا جاتا ہے تب اثر اسکا تیز ہوجاتا ہے - یہ مرکب مسٹرا سینے کمپا زیٹا مین پڑتا ہے -

اِسکا ایک مرکب ہے

لاطن	انگریزی
ائی - ما گنیشیائی - سلفی - ٹس	ائی - ما اف سلفٹ اف مگنیشیم

نسخہ - سلفٹ اف مگنی - شیا ایک آونس ☆ آئیو ایل - ایک آونس ☆ اسٹارچ کا میوسلیج ۱۵ - آونس ☆ پہلے سلفٹ اف مگنی - شیا کو اسٹارچ کے میو - سلیج مین حل کرلین بعد ازان اُس مین روغن ڈالکر سب کو ملا لین ☆

الو - مے - نے - ام دہات

مثل نقرہ کے یہ دہات بھی سفید چمکدار ہوتی ہے - مرطوب ہوا مین مکدر ہوجاتی ہے مگر خشک ہوا مین نہین ☆

مرکبات

لاٹن		ہندی		انگریزی
الو - مین	ـــــــ	پہٹکری	ـــــــ	الم

پنجاب مین کالے باغ کے اندر پہٹکری ایک قسم کے پتہر سے بنتی ہے چنانچہ ان پتہرون کو جلانے سے جو راکھ حاصل ہوتی ہے اُسکو پانی مین گہولکر پوٹاش ملاتے ہین اب اُس عرق کو چہان کر جوش دینے سے پہٹکری کے ٹکڑے ملتے ہین ☆

خاصیت - یہ چیز بے رنگ شفاف چمکدار ٹکڑون مین ملتی ہے - ذائقہ ترش کسیقدر شیرین اور کسیلا ☆

فائدہ باہر لگانے سے یہ مرکب نہایت قبض کرتا ہے اور تہوڑی تہوڑی مقدار مین کہلانے سے فائدہ اس کا اس - ٹرن - جنٹ ہوتا ہے لیکن زیادہ مقدار مین دست اور قے لاتا ہے ☆

استعمال - گلے کے اندر جب زخم ہوتا ہے تو اسکی کُلی کراتے ہین اور کانچ نکلنے مین اسکے عرق کو لگاتے ہین اور جب کسی مقام سے خون نکلتا ہے تب بھی اسکو بطور اس - ٹپ - ٹک کے خون بند کرنے کے لئے لگاتے ہین اور بطور اسٹرنجنٹ کے کسی خاص

مقام کے انفلامیشن مین لگاتے ہین * ڈا-یا ریا کی بیماری مین اورشش یا معدہ یا رودہ یا
رحم یا نائیزہ سے خون آنے مین اسٹرنجنٹ کے طور پر اسکو کہلاتے ہین اور ہو-پنگ کاف
مین بھی یہ دوا فائدہ مند ہے اور اسکی پچکاری گلیٹ اور لیوکو-ریا اور نکسیر اور کان
بہنے مین کرتے ہین * یہ دوا سلفٹ اف زنک کے جا بجا بخوبی استعمال کیجا سکتی ہے-

خوراک-۱۰ گرین سے ۲۰ گرین تک *

ناقضات-مرکبات چونہ اور لڈ الکلی دوا اور ٹار-ٹارک ایسڈ *

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن ——————— انگریزی

ابو-مین اکسی-کے-ٹم ——————— ڈرائیڈ الم

نسخہ-الم ۴-آونس * ایک چینی کے پیالہ مین پہٹکری کو آنچ دیوین جبتک وہ گلجاوے
بعد ازان آنچ کو کڑی کر کے تبتک جاری رکہین جبتک پانی کا بہاپ اڑنا موقوف
ہوجاوے اور تب جو باقی رہے اسکو سفوف کر ڈالین *

استعمال-اسکو بطور اس-ٹپ-ٹیک کے خون بند کرنے کے لئے باہر ہی لگایا کرتے ہین *

لاٹن ——————— انگریزی

گلائی-سی-رائی-نم ایلو-مے-نش ——————— گلائی-سی-رین اف الم

نسخہ سفوف الم ایک آونش گلائی-سی-رین-۵-آونس * چینی کے برتن مین دونو کو
ملا کر آنچ دین اور جبتک حل نہو جاوے خوب طرح ہلاتے رہین-اب رکھ چھوڑین اور جو
کوئی ہنجھد نیچے بیٹھہ جاوے تو اوپر کے صاف عرق کو نتہار لین *

پہٹکری کے دو اور مرکب ہین-اگرچہ انکا ذکر فار-ما-کو-پیا مین نہین ہے تاہم اکثر طبیب
ان کو برتتے ہین اسواسطے اس موقع پر درج کئے جاتے ہین-ایک کو ایرن-الم اور دوسرے
کو کلو-ری-لم کہتے ہین *

ایرن - اِلم

اِسکی قلمین ہشت پہلو ہوا کرتی ہین - ہوا لگنے سے سفوف ہوجاتی ہین - ذایقہ اِنکا ترش اور
کسیلا ہوتا ہے + تین حصہ پانی مین اِسکا ایک حصہ حل ہوجاتا ہے + گردون سے جب
خون آتا ہے تب اِس دوا کو کہلاتے ہین اور اِیش - ٹیپ - ٹمکِٹ اور اِس - ٹرن - جنبٹ
کے طور پر اِسکا غرغرہ کراتے ہین چنانچہ آٹھہ گرین ایک آونس پانی مین حل کرلین +

کلوری - ڈم

پہٹکری اور کوئلا کلو - ریِن ہوا مین آنچ دینے سے یہ مرکب حاصل ہوتا ہے - بے رنگ
روغن کے طور کا یہ عرق ہوتا ہے - ذایقہ اِسکا شیرین اور کسیلا ہوتا ہے - یہ مرکب عمدہ
ڈِش - اِنٖ - فکِٹ ٹنٹ ہے +

لاٹین ———————— انگریزی

فیرم ———————— ایرن

یعنے فولاد + اِسکے دو مرکب ہین -

لاٹین ———————— انگریزی

مستوٹرا - فرامی - ارد - ماٹیکا ———————— ارد - ماٹِک - مکسچر اف ایرن

لسنخہ - ریڈ سنکونا بارک سفوف کیا ہوا - ایک آونس + کلمبا کی جڑ کوٹی ہوئی - آدہی آونس +
لونگ کوٹے ہوئے چوتہائی آونس + باریک لوہے کا تار آدہ آونس + کمپاؤنڈ ٹنکچر اف
کارڈمی - عم ۳ - آونس + ٹنکچر اف ارنج پیل آدہا آونس + پے - پرمنٹ واٹر حسب ضرورت +
سنکونا بارک کلمبا کی جڑ لونگ اور لوہے کے تار کو ۱۲ - آونس پے - پرمنٹ واٹر مین

تین روز تک بھنگو رکھین اور گاہے گاہے ہلا دیا کرین تب اُس عرق کو چھانین اور اُس چھلنی مین اُوپر بھی اتنا پے - پرمنٹ واٹر ڈالین جتنے مین سارا عرق بعد مقطر ہونے کے ساڑھے بارہ آونس ہوجاوے - پھر اُس عرق مین ٹنکچر ون کو چھوڑ کر ایک اچھی بند بوتل مین رکھہ چھوڑین فائدہ ارو - ماڈنک اور ٹانک خوراک ایک آونس سے ۲ آونس تک ٭

لائٹین ——————— ——————— انگریزی

وائی - نم - نرائی ——————— ائیرن - وائین

نسخہ - باریک لوہے کا تار - ایک آونس ٭ شیری شراب - ایک پائنٹ ٭ ایک بند برتن مین ۳۰ روز تک لوہے کو شراب مین اس ترکیب سے بھنگو رکھین کہ سارا نہین بلکہ قریب سارے کے شراب مین ڈوبا رہے اور اُس برتن کو بار بار ہلا دیا کرین اور شیشہ کے کاگ کو کھولدیا کرین بعد ازان چھان لین ٭

خوراک ایک ڈرام سے ۸ ڈرام تک ٭

عام فائدہ اور استعمال فولاد کے مرکبات کا

اکثر مرکبات انمین سے ایسے ہین کہ جنکا فائدہ اس - ٹرن - جنٹ ہے اور بعض کاسٹک اور تیز زہر بھی ہین لیکن زیادہ مقدار مین کھانے سے سب کا یہ اثر ہوتا ہے کہ معدہ مین درد اور دست و قے آتی ہے - پر تھوڑی مقدار مین خون کی رنگت تیز ہو جاتی ہے - طاقت آتی ہے - بھوک زیادہ ہو جاتی ہے اور طاقت ہاضمہ کو بھی ترقی ہوتی ہے نبض پُر اور اُسمین طاقت آتی ہے - لب اور گال سرخ ہو جاتی ہین - جسم کی حرارت زیادہ ہو جاتی ہے لیکن پاخانہ کسیقدر قبض رہتا ہے اسلئے جب فولاد کے مرکبات کا استعمال کرین تو مریض کو گاہے گاہے ایک ہلکا مسہل بھی دیوین - پس انکا فائدہ ہے - ما - ٹک ٹانک اور اسے - نے - گاگ بھی ہے اور انکو اکثر انے - میا کم طاقتی اور کلو - رو - سِس اور

اسکرا-فیو-لا اور نیو-رلجیا باری کے بخار اور اُن امراض مین بھی دیتے ہین جو سڑے ہوئے ہوا سے پیدا ہوتے ہین اور اپے-رلپٹ-سی اور اسپلین کی بیماریون مین بھی کہلایا کرتے ہین-اور امے-نے-رگاگ کے طور پر امے-نو-ریا کی بیماری مین بھی دیتے ہین + ان مرکبات کے کہلانے کا نہایت عمدہ وقت وہ ہے کہ جب آنکھون کے پپوٹے اور چہرہ کی رنگت پیلی ہو جاوے اور جسم بسبب کمی اور خرابی خون کے پھیکا پڑ جاوے +

یاد رکھو کہ فولاد کے مرکبات انفیوژن اف کواشیا یا انفیوژن اف کلمبا کے ساتھ استعمال کر سکتے ہین لیکن انفیوژن اف چرایتا اور انفیوژن اف ٹی-ٹش جب فولاد کی مرکب مین ملایا جاتا ہے تو رنگ بدل جاتا ہے اور جب ادویات مفصلہ ذیل کے انفیوژن مین یہ مرکب ملائے جاتے ہین تو رنگ انکا بھورا یا سیاہ ہو جاتا ہے چنانچہ انفیوژن اف کے-مو-مایل + کس-پے-ریا + جن-شن + آرنج + کسکریلا + لونگ + ڈمی-جے-ٹے-رش + سنکونا + اور کُل قابض انفیوژن +

لاٹن		انگریزی
فرم-ری-ڈکٹم		ری-ڈیوسٹڈ-ایرن

تازہ تیار کیا ہوا ہائیڈرٹ اف ایرن کو اس ترکیب سے فولاد مین بدل دیتے ہین کہ بندوق کی نالی مین بھر کر کسی بھٹی مین آنچ دیتے ہین اور اسمین ہائیڈرو-جن گیاس چھوڑتے ہین مگر چھوڑنے سے پہلے اس گیاس کو سلفیورک اسڈ اور کلورائیڈ اف کیال-سیم پر چھوڑ کر خشک کر لینا چاہئے +

خاصیت-یہ مرکب بیگنی سیاہی مایل سفوف کے طور ہوتا ہے اور اُسپر مقناطیس کے کشش بہت ہوتی ہے + ہائیڈرو-کلورک اسڈ مین حل ہو جاتا ہے +

فائدہ اور استعمال-فولاد کا یہ مرکب بہت ہلکا ہے + امے-نو-ریا اور کلورو-سیس

اور کو-ریا اور تلی کی بیماری مین دیا کرتے ہین - بچون اور نازک مزاج آدمیون کو یہ مرکب فولاد کا خاصکر مفید پڑتا ہے + یہ بالکل قابض نہین ہے +

خوراک - ایک سے ۵ گرین تک دنمین کئی دفعہ بطور گولیون کے حسب نسخجات ذیل استعمال کرتے ہین + بچون کو ½ سے ایک گرین تک دیتے ہین +

نسخہ - رِی-ڈیوشٹ ایرن ۴ گرین + شیرخشت - حسب ضرورت + ایک گولی بناکر دنمین تین دفعہ کہلاوین +

نسخہ - رِی-ڈیوشٹ ایرن ۲ گرین + اکسٹراکٹ اف نکس وا-میکا ½ گرین + اکسٹراکٹ اف کوارشیا ۲ گرین + سبکو ملاکر ایک گولی بنا دین اور دنمین تین دفعہ کہلاوین - یہ نسخہ کلو-روسس کی بیماری مین بہت مفید ہے +

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن	انگریزی
ٹرا-کے-سائی-فرائی-ری-ڈک-ٹائی	ری-ڈیوشٹ ایرن لازینجیز

نسخہ - ری-ڈیوشٹ ایرن ۳۰۰ گرین + قند سفوف کیا ہوا ۲۵ آونس + گم-اکاشیا سفوف کیا ہوا ایک آونس + میو-سلج-گم-اکاشیا ۲ آونس + ڈسٹلڈ واٹر ایک آونس یا حسب ضرورت + فولاد شکر اور گوند ملاکر اسمین میو-سلج اور پانی ڈالکر ایک لگدی بناوین اور اسکو ۳۰۰ قرص مین تقسیم کرکے گرم ہوا کی کوٹھری مین اوسط درجہ کی گرمی کے اندر خشک کرلین اسکے فی وزمین ایک گرین ری-ڈیوشٹ ایرن ہے -

خوراک ایک قرص سے ۶ قرص تک +

لاٹن	انگریزی
فرائی-پی-راکسائیڈم-ہائیڈریٹم	پی-راکسائیڈ اف ایرن

نسخہ - سولیوشن اف پر-سلفٹ اف ایرن - ۴ آونس + سولیوشن اف سوڈا - ۳۳ آونس

ڈسٹلڈ واٹر - حسب ضرورت *

سوپلیوشن اف پرسلفیٹ اف ایرن مین ایک پاینٹ ملا کر سوڈا مین آہستہ آہستہ چہوڑتے جاوین اور خوب طرح برابر ہلاتے جاوین - اب اِس مرکب عرق کو دو گہنٹہ ٹہرنے دین مگر گاہے گاہے ہلا دیا کرین - اب کپڑے سے چہان کر اُس کپڑے پر جو منجمد ہو اُسکو ڈسٹلڈ واٹر سے تبتک دہوئین جبتک جو عرق ٹپکے اُسمین کلورائیڈ اف بے ریئم ملانے سے کوئی منجمد نہ بنے - اب اُس منجمد کو ۲۱۲ درجہ کی گرمی مین خشک کرین بعد ازان خوب باریک سفوف کر کے رکہہ چہوڑین *

فائدہ اور استعمال - یہ ایک ہلکا مرکب فولاد کا ہے - فولاد کا استعمال جب عرصہ تک کرنا ہو یا فولاد زیادہ مقدار مین کہلانا ہو تب اِس مرکب کا استعمال بخوبی کر سکتے ہین - اِسکو ٹک - ڈو - لو - رو اور دیگر عصبی دردون مین استعمال کرتے ہین *

خوراک ۵ سے ۳۰ گرین شہد مین ملا کر پلا دین *

اِسکا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹین ______________ ______________ انگریزی

امپلاسٹرم فرائی ______________ کے - ے - بیٹ پلاسٹر

نسخہ - پے - راکسائیڈ اف ایرن خوب باریک سفوف کیا ہوا - ایک آونس *

برگنڈے - پچ ۲ آونس * لڈ - پلاسٹر ۸ آونس *

پہلے لے - تہا رج پلاسٹر اور برگنڈے - پچ کو گلا کر اُسمین پے - راکسائیڈ اف ایرن چہوڑدین بعد ازان خوب گہونٹین جبتک سرد ہونے سے سخت ہو جاوے *

استعمال - اِسکو واسطے سہارے اور بطور راسٹی - میو - لنٹ کے کمزور جوڑون پر لگایا کرتے ہین

لاٹین ______________ ______________ انگریزی

فرائی - آیوڈ - ڈائیڈم ______________ آیوڈائیڈ اف ایرن

اب خالص آیوڈائیڈ اف ایرن فار ما کو پیا سے خارج ہو گیا ہے مگر اسکے دو مرکب استعمال مین آتے ہین چنانچہ

لاٹن ———— انگریزی

سرپس - فرائی - آیوڈائی - ڈائی ———— سرپ اف آیوڈائیڈ اف ایرن

نسخہ - باریک لوہے کا تار ایک آونس + آیوڈین ۲ آونس + قند ۲۸ آونس + ڈسٹلڈ واٹر ۱۳ آونس +

چینی مین ۱۰ آونس پانی ملا کر پکا کر شیرہ بنا وین اور باقی ۳ آونس پانی مین لوہے کا تار اور آیوڈین ڈالکر ایک فلاسک کے اندر بہر کر دھیمی آنچ پر پکا وین جب کف سفید ہو جاوے تب اس عرق کو گرم گرم چہانکر شیرہ مین ملا لین - سارا ملکر ۲ پاؤنڈ اور ۱۱ آونس ہونا چاہئے اور اسکی اسپسی - فک - گراوٹی ۱.۳۸۵ ہونی چاہیے +

خوراک - آدہی ڈرام سے ایک ڈرام تک + اسکے ایک ڈرام مین ۴¼ گرین آیوڈائیڈ اف ایرن ہوتا ہے +

لاٹن ———— انگریزی

پی - لو - لا فرائی - آیوڈائی - ڈائی ———— پل اف آیوڈائیڈ اف ایرن

نسخہ - باریک لوہے کا تار ۴۰ گرین + آیوڈین ۸۰ گرین + قند سفوف کیا ہوا ۷۰ گرین + ملہٹی سفوف کی ہوئی ۱۴۰ گرین + ڈسٹلڈ واٹر ۵۰ بوند +

شیشہ کے کاگ والی ایک آونس کی مضبوط شیشی مین لوہا آیوڈین اور پانی ملا کر ہلا وین - جب کف سفید ہو جاوے تب ایک کہرل مین چینی رکھکر اوسپر اس عرق کو ڈالکر خوب جلد پیستے جاوین اور تہوڑی تہوڑی ملہٹی ملاتے جاوین +

فائدہ اور استعمال - اوپر کے دونو مرکب مین آیوڈائیڈ اف ایرن موجود ہے - انمین فی الحال اور آیوڈین دونو کے فائدے موجود ہین اور ان بیماریونمین بہت فائدہ مند ہین چنانچہ

اسکرا-فیولا کے قسم کی بیماریون مین کہ جب ساتھہ انکے انے-میا بھی ہو + سل کی بیماری مین ہمراہ کاڈ-لیور-آئیل کے مفید ہے + رو-مے-ٹائیڈ آر-تھے-رائی-ٹِس (دیکھو طب رحیمی) مین خاصکر جب جوڑون کا درد رات کیوقت بستر کی گرمی سے زیادہ ہوجاتا ہے + آتشک کے دوسرے اور تیسرے درجہ مین خاصکر جب مریض لاغر اور کمزور ہوتا ہے +

خوراک ۳ گرین سے ۵ گرین تک + اِسکے ساڑھے تین گرین مین ایک گرین آیوڈائیڈ اف ایرن ہے +

لاٹین ———————— ———————— انگریزی

لائیکوار فرائی پر کلورائی ڈائی-فاریشیا ——— اسٹرانگ سولیوشن اف پرکلورائیڈ اف ایرن

یہ مرکب اسطور سے تیار ہوتا ہے کہ لوہے کا تار ہائیڈرو-کلورک اسڈ مین حل کر کے اسمین نائٹرک اسڈ ملاکر اُڑاتے ہین اور تب اِسمین اِسقدر پانی ملاتے ہین جتنے مین ٹھیک طاقت کا عرق تیار ہو جاوے +

خاصیت - یہ ایک نارنجی رنگ کا عرق ہوتا ہے بے بو لیکن خوالقہ نہایت کسیلا جسقدر پانی اور الکحال مین ملایا جاوے حل ہو جاتا ہے +

اسکے دو مرکب ہین

لاٹین ———————— ———————— انگریزی

لائیکوار فرائی پر-کلورائی-ڈائی ——— سولیوشن اف پر-کلورائیڈ اف ایرن

نسخہ-اسٹرانگ سولیوشن اف پر-کلورائیڈ اف ایرن ۵ آونس + ڈسٹلڈ واٹر اِسقدر کہ بعد دونو عرقون کے ملانے سے ۲۰ آونس پورا ہو جاوے

خوراک --۱۰ بوند سے ۳۰ بوند تک + اِس مرکب کو نسخہ ذیل کے طور پر دینا چاہئے +

نسخہ-سولیوشن اف پر-کلورائیڈ اف ایرن-ایک آونس + کلوریٹ اف پوٹاشش

½ آونس + اسپرٹ اف کلوروفارم ۳ ڈرام + پانی ۱۰ آونس + سکو ملا لین +

خوراک نصف آونس ہمراہ پانی کے غذا کے بعد تین دفعہ ونکو پلانا چاہیے +

لاٹن ———— ———— انگریزی

ٹنکچورا فرائی پر کلورائی ڈائی ———— ٹنکچر اف پر کلورائیڈ اف ایرن

نسخہ اسٹرانگ سولیوشن اف پر کلورائیڈ اف ایرن ۵ آونس + ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ۵ آونس + ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس + دونوکو ملاکر اسمین اوربقدر ڈسٹلڈ واٹر ملاویں جتنے مین ایک پاینٹ پورا ہوجاوے -

خوراک ۱۰ سے ۳۰ قطرہ تک +

فائدہ باہر لگانے سے کاسٹک ہی کہلانے سے ہے - ماڈنگ ٹانک اس ٹرنجنٹ اور اسٹپ ٹک ہے اور بسبب ہونے ایتہر کے اسکا فائدہ ڈایوریٹک بھی ہے +

استعمال بطور کاسٹک کے اِسکو وارٹس پر لگاتے ہین اور اسٹپ ٹک کے طور پر خون بند کرنے کے لیے خاصکر جونکون کا خون اور مرض انیمیا کلوروسس اور اسکرافیولو لامین کہلایا کرتے ہین اور سوزاک مین اسکی پچکاری بھی کرتے ہین + اگرچہ اِس مرکب کو انفیوژن یا ٹنکچر اف کلمبا یا انفیوژن اف کواشیا کے ہمراہ دے سکتے ہین تاہم صرف پانی ہی کے ساتھ دینا اچھا ہے +

ناقضات کُل الکلی دوا اور انکے کاربونٹ اور سیسہ اور چاندی کے مرکبات +

لاٹن ———— ———— انگریزی

لائیکوار فرائی ڈایالی سی ٹس ———— سولیوشن اف ڈمہیا لائیزڈ ایرن

نسخہ اسٹرانگ سولیوشن اف پرکلورائیڈ اف ایرن ۱۰ آونس + سولیوشن اف امونیا

ہورڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ٭

ترکیب۔ ۶ آونس فولاد کے عرق مین دو پاینٹ پانی ملاکر اسمین اموینا کا عرق کسیقدر زیادہ چھوڑین اور گھونٹین۔ جو منجمد بنے اُسکو چھانکر علیحدہ کرکے ڈسٹلڈ سے دہوئین اور تب دباکر زاید پانی نچوڑلین۔ اب اُس منجمد مین باقی ایک آونس فولاد کا عرق ملاکر بذریعہ آنچ کے حل کرین۔ جو عرق حاصل ہو اُسکو چھان کر ایک ڈہکنے دار آبخورہ۔ یا۔ لائی۔ نور مین رکھہ دین اور اسمین پانی تبتک چھوڑین جبتک اُس آنہ کا عرق بے ذایقہ ہوجاوے کل عرق کو ۲۸۔ آونس ہونا چاہیے ٭

خاصیت۔ یہ عرق صاف بھورے رنگ کا مگر کسیقدر، سرخی مایل ہوتا ہے۔ اِسمین نتو فولاد کا ذایقہ اور نہ ترشی ہوتی ہے ٭

استعمال۔ اسمین کل فائدے فولاد کے موجود ہین مگر اسٹرنجنٹ نہین ہے ٭

خوراک ۱۰ سے ۳۰ منم تک ٭

لاٹن ــــــــــــــــــــ انگریزی

فرائی۔ سلفاس ــــــــــــــــــــ سلفٹ اف ایرن

لاٹن ــــــــــــــــــــ انگریزی

فرائی۔ سلفاس اکسے۔ کے۔ ٹا ــــــــــــــــــــ ڈایڈ۔ سلفٹ اف ایرن

لاٹن ــــــــــــــــــــ انگریزی

فرائی۔ سلفاس گرانیو۔ لے۔ ٹا ــــــــــــــــــــ گرانیو لے ٹڈ سلفٹ اف ایرن

ترکیب۔ سلفٹ اف ایرن اسطور سے تیار ہوتا ہے کہ لوہے کا تار سلفیورک ایسڈ مین حل کرتے ہین اور جو عرق حاصل ہوتا ہے اُسکی قلمین باندہ لیتے ہین ٭

ڈرائیڈ۔ سلفٹ اف تیار کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ سلفٹ اف ایرن کی قلمون کو ۲۱۲ درجہ کی گرمی پر خشک کرتے ہین جبتک پانی کا بخار اڑنا موقوف ہوجاتا ہے ٭

گرا۔نیو۔لے ٹیڈ سلفٹ اف ایرن اسطور سے تیار ہوتا ہی کہ اوپر کے سلفٹ اف ایرن کے گرم عرق کو ریکٹی۔فائیڈ اسپرٹ مین چھوڑ کر اوس مرکب کو اسقدر گھونٹتے ہین کہ جسمین چھوٹے چھوٹے دانہ دار قلمین بن جاوین +

خاصیت ۔ سلفٹ آف ایرن کی قلمین سبز رنگ کی مگر کسیقدر نیلگون ہوتی ہین۔ ذایقہ تیز کسیلا۔ اپن کے وزن کے ڈیوڑے آب سرد مین حل ہو جاتی ہین۔ الکحل مین بالکل نہین ڈرائیڈ سلفٹ آف ایرن سفیدی مائیل سفوف کی طرح ہوتا ہے +

گرا۔نیو۔لے ٹیڈ سلفٹ اف ایرن کی چھوٹی چھوٹی دانہ دار قلمین ہوتی ہین +

سلفٹ اف ایرن پڑتا ہی سٹیو۔رانرائی کنپا۔زٹیا مین۔مگر ابن مکسچر مین ترکیب سے کار۔بو۔نٹ اف ایرن بن جاتا ہے +

فائدہ اور استعمال ۔ شل اور مرکبات فولاد کے یہ تینون شکل کی سلفٹ اف ایرن بھی ہے۔ ما۔ٹنک ٹما۔نک لورامے۔ بے۔ گاگ ہین مگر علاوہ ان فائدون کے یہ نہایت اسٹرنجنٹ ہی ہین۔ پس انکو اون بھو توںن مین دے سکتے ہین جنمین خون آتا ہو یا میو۔کس رطوبت بکثرت جاری ہو اور اینیمیا بعد کمزوری ہین تو نہایت مفید ہین +

خوراک کی مقدار ہین ۔ سلفٹ اور گرا۔نیو۔لے ٹیڈ سلفٹ کی خوراک ایک سے ۵ گرین تک عرق یا گولیون کے طور پر دینا چاہیے ڈرائیڈ سلفٹ اف ایرن کی خوراک نصف سے ۲ گرین تک گولی کی شکل پر دیا کرتے ہین۔ ایسکی گولی اکسٹراکٹ اف کوا۔شیا کے ساتھ بہت عمدہ بنتی ہے +

لاطین	انگریزی
مزائی۔کار۔بو۔ناس۔سی۔کے۔ریٹیا	صی۔کے۔ری ٹیڈ۔کار۔بونٹ اف ایرن

نسخہ۔ سلفٹ اف ایرن ۲ آونس + کار۔بونیٹ اف ایمو۔نیا سوا آونس + قند ایک آونس

کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۳ گیلن *

سلفیٹ اف ایرن اور کار۔ بونیٹ اف ایمو۔ نیا کو علیحدہ علیحدہ آدہی گیلن پانی مین حل کر کے
ایک گہرے اور لمبے برتن مین خوب جلد جلد ہلا کر ملا دین بعد ازان اوس برتن کو خوب طرح
بند کر دین تب اوس عرق کو ۲۴ گہنٹہ تک رکہہ چہوڑ دین اور جو منجمد تہ نشین ہو اور سکے اوپر کا
پانی بذریعہ سائی۔ فن کے علیحدہ کر ڈالین باقی پانی کو اوسمین ڈالکر خوب ہلا دین اور جب
منجمد نیچے بیٹھ جاوے تب اوس کے اوپر کے پانی کو پہر پہینک دین بعدہٗ اوس کار۔ بونیٹ اف
ایرن کو کپڑے کے فلٹر پر رکہکر پہلے دبا دین بعد ازان چینی کے کہرل مین شکر کے ہمراہ
ملا ڈالین اور مرکب کو ۱۲۰ درجہ کی گرمی مین خشک کر ڈالین *

خاصیت۔ اس کے چہوٹے چہوٹے ڈلے آپسمین ملے ہوئے ہوتے ہین۔ رنگ بہورا
اور نیلگون ہوتا ہے۔ ذائقہ شیرین۔ اور کسیقدر لوہے کا ہائیڈرو۔ کلورک ایسڈ مین پانی ملاکر
گرم کر کے اوسمین ملایا جاوے تو جوش کہا کر حل ہو جاتا ہے *

فائدہ۔ ایکاسے۔ ماٹک ٹانک ہے اور ایس ٹرن۔ جنیٹ اور اری۔ ٹنٹ نہین *

استعمال۔ خاصکر بچون کے انیمیا اور کمزوری مین دیا کرتے ہین۔ چنانچہ یہ نسخہ بچون
کے خفیف استعمال مین مفید ہے۔ **نسخہ**۔ سے۔ کے۔ ری۔ ڈکار۔ بونٹ اف ایرن ۴۰ گرین
گم۔ مرسنوف کی ہوئی ۲۴ گرین * کنپاؤنڈ سے۔ نی۔ مین پاوڈر ۳۰ گرین * سبکو ملاکر بارہ
پڑیون پر تقسیم کرین اور ان مین سے ایک ایک پڑیہ دن مین تین دفعہ کہلا دین *

خوراک۔ جوانون کے ۵ گرین سے ۲۰ گرین تک *

اسکے دو مرکب ہین

انگریزی		لاطن
پل اف کار۔ بونٹ اف ایرن		پی۔ لولا۔ فرائی۔ کار۔ بونی۔ ٹس

نسخہ۔ سے۔ کے۔ ری۔ ڈکار۔ بونٹ اف ایرن ایک آونس * کن۔ فکشن اف روزیز

چوتھائی آونس دودہ تو کو خوب طرح ملالین + **خوراک** - ۵ گرین سے ۲۰ گرین تک +

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

مسٹیورا - فرائی - کمپا - زیٹیا ———————— کمپاؤنڈ - مکسچر اف ایرن

اس مرکب کو گرین فتہسی مکسچر بہی کہتے ہین +

نسخہ - سلفٹ اف ایرن ۲۵ گرین + کار - بو - نٹ اف پوٹاش ۳۰ گرین + گم مرسفوف کیا ہوا ۶۰ گرین + قند ۶۰ گرین + اسپرٹ اف نٹ مگ ۴ ڈرام + ر و ز واٹر ۹½ آونس +

گم مرسفوف کر کے اوسمین کار - بو - نٹ اف پوٹاش اور شکر ڈالدین تب ان مین اسقدر روز واٹر ڈالکر رگڑین کہ تہوڑین ایک پتلی لئی بنجا وے بعد ازان تہوڑا تہوڑا روز واٹر اور اسپرٹ اف نٹ مگ ملاتے جاوین اور رگڑتے جاوین - پہر روز واٹر ڈالتے جاوین جبتک ۸ آونس ایک دودہ کے طور کا عرق بنجاوے بعد ازان سلفٹ اف ایرن کو باقی روز واٹر مین حل کر کے اوس مین چہوڑ دین اور سارے کو خوبطرح ملاکر اوس عرق کو ایسی حفاظت سے رکہین کہ جسمین اوس کے اندر ہوا نہ جا سکے + اس ترکیب مین کار - بونٹ اف ایرن بن جاتا ہے +

فائدہ - یہ نہایت عمدہ ہیماٹک ٹانک ہی اور اسکو انیمیا کلو - رو - سس اور ہسٹیریا مین دیا کرتے ہین - **خوراک** - ایک آونس سے ۲ آونس تک + جب اس مین ہوا لگتی ہے تو رنگ اسکا سرخی مایل ہو جاتا ہے +

ناقصات - کل تیزاب اور اون کے مرکبات +

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

فرم - ٹار - ٹری - ٹم ———————— ٹار - ٹرے - ٹیڈ ایرن

نسخہ - سو - لیو - شن اف پرسلفٹ اف ایرن ۱ آونس + سو - لیو - شن اف ایمو - نیا ۱ آونس + ایسڈ ٹار - ٹریٹ اف پو - ٹاش سفوف کیا ہوا ۲ آونس + ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت

سو-لیوشن اف امو-نیا کو تین پاینٹ ڈسٹلڈ واٹر مین ملا دین اور سو-لیو-شن اف
پر-سلفٹ اف آیرن مین ۳ پاینٹ ڈسٹلڈ واٹر ملا کر اس عرق کو تہوڑا تہوڑا اگلے عرق
مین چہوڑتے جاوین اور بار بار خوب طرح گہونٹتے جاوین تب اُس مرکب کو دو گہنٹہ تک
ٹہیرنے دین اور گاہے گاہے ہلا دیا کرین بعدہٗ اُسکو ایک کپڑے کی فلٹر پہ چہوڑ دین
جب سارا پانی ٹپک جاوے تب جو منجمد اُس فلٹر پہ ہو اُسکو ڈسٹلڈ واٹر سے تب تک
دہو دین جبتک وہون مین کلورائیڈ اف بے-ریم ملانے سے کوئی منجمد نہ بنے بعد ازان
اُس دہوئے ہوئے اور نچوڑے ہوئے منجمد کو چینی کی رکابی مین رکہکر اسڈ ٹار-ٹریٹ
اف پوٹاشس کے ساتھ خوب طرح ملا دین اور ۲۴ گہنٹہ تک رہنے دین تب ہلکی آنچ دیکر (کہ جو
۱۴۰ درجہ سے زیادہ نہو) اُسمین ایک پاینٹ ڈسٹلڈ واٹر ملا دین اور بار بار ہلاتے جاوین
تا کہ کچھ بھی حل ہونے سے باقی نہ رہ جاوے تب اُسکو ۱۴۰ درجہ کی گرمی تک اُڑا دین
تا کہ وہ گاڑہے شیرہ کے طور ہو جاوے بعد ازان شیشہ یا چینی کی چوڑی رکابیوں مین
پتلا پتلا ڈہال کر ۱۲۰ درجہ کی گرم کوٹہری مین خشک کر لین اور خشک پپڑیون کو علیحدہ کر کے
شیشہ کے کاگ والی بوتلون مین بند کر دین *

خاصیت - اسکے چہوٹے چہوٹے شفاف گہرے رنگ کے ٹکڑے ہوا کرتے ہین ذایقہ
کسیقدر شیرین بلکہ کسیلا - پانی مین حل ہو جاتا ہے لیکن اسپرٹ مین کم *

فائدہ اسکا ہے - مالکیت ٹانک ہی اور اس - ٹرن - جنٹ نہین اور اسکو مرض
انے-میا اور اسکرا-فیولا مین دیا کرتے ہیں *

خوراک اسکی ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک - اِس مرکب کو نسخہ جات ذیل کی طور پر دیا کرتے ہین
نسخہ - ٹار-ٹرے-ٹڈ آیرن ۸ گرین * اسڈ ٹار-ٹریٹ اف پو-ٹاش ۱۵ گرین -
اسے-ٹم-سلی ۱۵ قطرے * نائیٹرس ایتھر ۳۰ قطرے * پانی ڈیڑہ آونس *
سبکو ملا کر دن مین تین یا چار دفعہ پلا دین * یہ نسخہ ڈراپ-سی کی بیماری مین خاصکر جب

مرض جگر یا طحال کے بڑھ جانے سے ہوا کرتا ہے مفید ہے * اِس مرکب کو اگلی دوا کے ہمراہ بھی دیتے ہین چنانچہ

لنسخہ - ٹار - ٹرے - ٹڈ ایرن - ایک ڈرام * بائی - کار - بو - نٹ اف پوٹاشس ڈیڑھ ڈرام * سیرپ آف آرنج فلاور - ایک آونس * انفیوژن اف کلمبا ۹ آونس * سبکو ملاکر بمقدار ایک آونس کے دنمین تین دفعہ پلاوین *

لاٹن ——————— انگریزی

فرا جی - بیٹ - ایمونی - سایٹراس ——————— سایٹرٹ اف ایرن اینڈ - ایمو - نیا

لنسخہ - سو - لیو - شن اف پر - سلفٹ اف ایرن ۱۰ - آونس یا حسب ضرورت * سو - لیو - شن اف ایمو - نیا ۳۲ - آونس یا حسب ضرورت * سایٹرک اسڈ ۴ آونس * ڈسٹلد واٹر حسب ضرورت *

۱۶ - آونس سو - لیو - شن اف ایمو - نیا دو پائنٹ ڈسٹلڈ واٹر مین ملاوین اور سو - لیوشن اف پر - سلفٹ اف ایرن کو دو پائنٹ ڈسٹلڈ واٹر سے ڈائیلیوٹ کرکے اگلے عرق مین ملاوین اور بار بار خوب گھونٹین مگر اِسبات کی احتیاط رہے کہ ترکیب کے اخیر تک بھی ایمو - نیا کی کسیقدر زیادتی رہے - یہ بات اِسکی بو سے معلوم ہو سکتی ہے * اب اس مرکب کو دو گھنٹہ تک رہنے دین اور گاہے گاہے ہلا دیا کرین بعد ازان کپڑے کی فلٹر پر ڈالدین اور جب سارا عرق ٹپک جاوے تب فلٹر پر جو منجمد ہو اُسکو ڈسٹلد واٹر سے تبتک دھووین جبتک دھوون مین کلورائیڈ اف بے - ریم ملانے سے کوئی منجمد نہ بنے - اب سایٹرک اِسڈ کو ۴ - آونس ڈسٹلڈ واٹر مین حل کرلیں اور واٹر باتھ کی آنچ پر رکھکر ہائیڈرٹ اف ایرن کے منجمد کو پہلے خوب نچوڑ کر اُس عرق مین چھوڑ دین اور تبتک گھونٹتے جاوین جبتک وہ ہائیڈرٹ سارا یا قریب سارے کے حل ہو جاوے بعد جب عرق ٹھنڈا ہو جاوے تب اسمین باقی ساڑھے ۵ آونس سو - لیو - شن اف ایمو - نیا چھوڑ کر

غالین سے چھان لین اور ضرورت ہو تو ڈسٹلڈ واٹر ملا دین اور اوڑا کر شیرہ کے طور پر گاڑھا کر کے چینی یا شیشہ کی چوڑی رکابیون مین پتلا پتلا ڈھالدین اور ۱۰۰ درجہ کی آنچ تک خشک کر کے خشک پپڑیون کو علیحدہ کر لین اور شیشہ کے کاگ والی بوتلونمین بھر ڈالین ٭

خاصیت - اسکے چھوٹے چھوٹے چھلکے ہوتے ہین باریک شفاف سرخ کسیقدر شیرین اور کسیلا لٹمس پیپر کسیقدر سُرخ ہو جاتا ہے پانی مین حل ہو جاتا ہے اور ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ مین بہت کم ٭

خوراک ۵ سے ۱۰ گرین تک ٭

فائدہ نہایت مفید ہے - ٹانک ہے اور یہ ایک ہلکا مرکب لوہے کا ہے ٭

استعمال - بچون کو اکثر دیا کرتے ہین اور مرض ڈس - پپ - شیا مین بھی کھلاتے ہین - عمدہ طریقہ اس مرکب کے استعمال کا جوش کیحالت یعنے اِفر - وی - سِنشن کے طور پر ہے چنانچہ

نسخہ - سائی - ٹرٹ اف ایرن اینڈ امو - نیا ۲ ڈرام ٭ سائی - ٹرک ایسڈ ۲ ڈرام ٭ ڈسٹلڈ واٹر - ۱۰ آونس ٭ سبکو ملا لین - اسکا نصف آونس لیکر عرق نسخہ ذیل کا ایک آونس ملا کر جوش کیحالت مین دنمین تین دفعہ پلا دین - چنانچہ

نسخہ الکلائین مکسچر کا واسطے اوپر کے نسخہ کے

بائی - کار - بونیٹ اف پوٹاشش ۵ ڈرام ٭ اسپرٹ اف کلورا - فارم - دو ڈرام ٭ پانی ۱۲ - آونس ٭ سبکو ملا لین ٭

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ____________________ **انگریزی**

وائنم - فرائی - سائٹریٹس ____________________ وائین اف سائٹریٹ اف ایرن

نسخہ - سائی - ٹریٹ اف ایرن اینڈ امو - نیا ۱۶۰ گرین ٭ آرینج - وائین ایک پائنٹ ٭

حل کرکے عرق کو تین روز تک بند برتن مین رکہہ چہوڑین اور گاہے گاہے ہلا دیا کرین بعد ازان چہان لین ✣ **خوراک** - ایک ڈرام سے ۴ ڈرام تک ✣ اس کے فی ڈرام مین ایک گرین ہے ✣

لاٹن ——— انگریزی

فرائی - یٹ - کوئی - نی - سائٹراس ——— سائٹریٹ اف آیرن انڈ کوئی - نا

نسخہ - سو - لیوشن اف پر - سلفٹ اف آیرن ساڑہے ۴ آونس ✣ سلفٹ اف کوئی - نا ایک آونس ✣ ڈائیلیوٹ سلفیورک اسڈ ۱۲ ڈرام ✣ سائٹرک اسڈ ۳ آونس اور ۳۰ گرین ✣ سو - لیو - شن اف ایمو - نیا اور ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ✣

اول - ۸ آونس سو - لیو - شن اف ایمو - نیا کو ۲ پائنٹ ڈسٹلڈ واٹر مین ملادین اور سو - لیو - شن اف پر سلفٹ اف آیرن کو ۲ پائنٹ ڈسٹلڈ واٹر سے ڈائیلیوٹ کرکے اگلی عرق مین ملادین اور خوب ہلادین تب اوس عرق کو دو گہنٹہ تک رہنے دین اور گاہے گاہے ہلادیا کرین بعد ازان ایک کپڑے کی فلٹر پر ڈالدین اور جب سارا عرق ٹپک جاوے تب جو منجمد فلٹر پر ہو اسکو ڈسٹلڈ واٹر سے تبتک دہودین جبتک دہوون مین کلورائیڈ اف بے - ریئم ملانے سے کوئی منجمد نہ بنے ✣

دوم - سلفٹ اف کوئی - نا کو ۸ آونس ڈسٹلڈ واٹر مین ملادین اور اسمین ڈائیلیوٹ سلفیورک اسڈ چہوڑدین جب وہ حل ہو جاوے تب اوسمین کسیقدر زیادہ سو - لیو - شن اف ایمو - نیا چہوڑکر کونائین کا منجمد حاصل کرین بعد ازان اوس منجمد کو ایک فلٹر پر جمع کرکے ڈیڑہ پائنٹ ڈسٹلڈ سے دہوڈالین ✣

سوم - سائٹرک اسڈ کو ۵ آونس ڈسٹلڈ واٹر مین حل کرین اور واٹر باتہہ کی آنچ پر رکہکر ہائیڈرٹ اف آیرن کو (جو ترکیب اول مین بطور منجمد کے حاصل ہوا تہا) خوب نچوڑکر

اُسمین ملاوین اور خوب گہونٹین جب وہ ہائیڈریٹ حل ہوجاوے تب اُسمین ترکیب
دوم سے جو کونینا کا منجمد حاصل ہوا تہا اُسکو ملاوین اور ہلاتے جاوین تاکہ یہ بہی
حل ہوجاوے اور جب عرق سرد ہوجاوے تب ۳ ڈرام سولیوشن اف ایمونیا
کو دو آونس ڈسٹلڈ واٹر سے ڈایلوٹ کرکے اُس عرق مین تہوڑا تہوڑا ملاتے
جاوین اور خوب ہلاتے جاوین اور ایمو-نیا کے ایک مرتبہ ڈالنے سے جو کونی-نا
علیحدہ ہو وہ جتبک حل نہوجاوے تبتک دوسری مرتبہ اُسمین ایمو-نیا نہ ڈالین
بعد ازان عرق کو فلٹر کرکے اُڑا دین اور جب وہ پتلے شیرہ کے طور پر ہوجاوے تب
چوڑی چینی یا شیشہ کی رکابیون پر پتلا ڈہالدین اور ۱۰۰ درجہ کی گرمی مین خشک کرکے
پپیڑیون کو علیحدہ کرلین اور ایک شیشہ کے کاگ والی بوتل مین بہر دین ٭

خاصیت-مائل بسبزی اور زرد سونے کے رنگ کے چہوٹے چہوٹے چہلکے ہوتے
ہین کہلا رکہنے سے کسیقدر اُڑجاتا ہے اور سرد پانی مین بالکل حل ہوجاتا ہے
اور وہ عرق کسیقدر ترش ہوتا ہے ٭

فائدہ یہ دوا نہایت عمدہ بٹر ٹانک اور ہے-ماٹک ہی اور اسٹرنجنٹ نہین ٭
اِس مرکب کا یہ نسخہ اچہا ہے ٭

نسخہ-سائٹریٹ اف آیرن انڈ-کونین ۴ ڈرام ٭ اسپرٹ اف کلورا-فارم ۱۲ ڈرام
ان-فیوژن اف کلمبا ۱۰-آونس ٭ سبکو ملاکر مقدار نصف آونس کے دن مین تین
دفعہ پلاوین ٭

استعمال-کمزوری مین اسکو دیا کرتے ہین **خوراک** ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک ٭
اسکے ۶ گرین مین ایک گرین کونین ہے ٭

لاٹین ———— انگریزی
فرائی-فاسفاس ———— فاسفیٹ اف ایرن

نسخہ - سلفٹ اف ایرن ۳ آونس + فاسفٹ اف سوڈا پونے دو آونس + بائی - کار - بونٹ اف سوڈا پون آونس + کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت + ۳۰ آونس پانی مین سلفٹ اف ایرن کو حل کرین اور ۳۰ آونس پانی مین فاسفٹ اف سوڈیم کو - اِن دو نو عرقون کو ملاوین اب بائی - کار - بونٹ اف سوڈا مین قدرے پانی ملاکر اگلے عرق مین چہوڑ دین اور سارے کو خوب طرح ملاوین اور ہلانے سے جو منجمد پیدا ہو اُسکو کپڑے کی چہلنی پر رکہہ دین اور گرم ڈسٹلڈ واٹر سے دہو دین جبتک دہوون مین کلورائیڈ اف بے - ریئم ملانے سے کوئی منجمد نہ بنے بعد ازان اُس منجمد کو ۱۲۰ درجہ کی گرمی تک خشک کرکے رکہہ چہوڑین +

خاصیت - یہ سلٹ کے رنگ کا نیلا سفوف ہوتا ہے - ہائیڈرو - کلورک اِسڈ مین حل ہوجاتا ہے اور پانی مین نہین +

فائدہ اور استعمال ہے - ماٹنک ٹانک اور الٹریٹو اور اِسکو خاصکر مرض کے - رینز اور ٹبا - یا بے - ٹینز مین کہلاتے ہین +

خوراک ۵ سے ۱۰ گرین تک +

اِسکا ایک مرکب ہے

وٹن		انگریزی
سرپیس - فرائی - فاس - فی - ٹس		سرپ اف فاسفٹ اف ایرن

نسخہ - کرائیسٹو - لائزڈ سلفٹ اف ایرن ۲۲۴ گرین + فاسفٹ اف سوڈا ۲۰۰ گرین + بائی - کار - بونٹ اف سوڈا ۵۶ گرین + اسٹرانگ فاسفارک اِسڈ سوا آونس + قند ۸ آونس + ڈسٹلڈ واٹر ۸ آونس +

سلفٹ اف ایرن کو ۴ آونس کہولتے ہوئے پانی مین حل کرین اور فاسفٹ اف سوڈا کو بہی اُسیقدر سرد پانی مین حل کرکے دونو عرقون کو ملاوین اور اب بائی - کار - بونٹ اف سوڈا مین

قدرے پانی ملاکر اُس عرق مین چھوڑ دین اور خوب طرح ہلاکر منجمد کو کپڑے کی چھلنی پر رکھکر
ڈسٹلڈ واٹر سے دھو دین جبتک دھوون مین کلورائیڈ اف بے ریٔم ملانے سے کوئی
منجمد نہ بنے اب منجمد کو کھرل مین رکھکر اُسمین فاسفارک اسڈ ملاوین اور جب حل ہوجاوے
تب عرق کو چھانکر اُسمین چینی اور پانی ملاکر آنچ پر گلالین *

خوراک ایک ڈرام - اِسکے فی ڈرام مین ایک گرین فاسفٹ اف ایرن ہے -
اِس مرکب کو تنہا استعمال نہ کرنا چاہئے بلکہ **نسخہ** - سرپ اف فاسفٹ اف ایرن ۴ آونس
اِسکا دو ڈرام لیکر قدرے پانی کے ہمراہ تین دفعہ دنکو پلاوین *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

فرائی - ارسی - نیاس ———————— ارسی نیٹ اف ایرن

نسخہ - سلفٹ اف ایرن ۴ ۳/۴ ۲۰ آونس * ۲۰۰ درجہ گرمی مین خشک کیا ہوا ارسی
نیٹ اف سوڈا ۴ ۳/۴ ۱۵ آونس * بائی - کار - بونٹ اف سوڈا ساڑھے چار آونس
کھولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت * ارسی نیٹ اف سوڈا کو ۳ پائنٹ پانی مین
اور سلفٹ اف ایرن قریب چھ پائنٹ پانی مین حل کرکے دو نو عرقون کو ملادین اور بائی کار بونٹ
اف سوڈا مین قدرے پانی ملاکر اُس عرق مین چھوڑ دین اور خوب طرح گھونٹین جو سفید منجمد
بنے اُسکو کپڑے کی چھلنی پر جمع کرکے دھو دین جبتک دھوون مین ہلکا عرق کلورائیڈ اف بریم
کا ملانے سے کوئی اثر پیدا ہوا اب اُس دھوے ہوئے منجمد کو مضبوط کپڑے کے اندر
رکھکر شکنجہ مین خوب دبا دین بعد ازان مسامدار اینٹون پر رکھکر گرم کرنے مین جبکی گرمی
۱۰۰ درجہ سے زیادہ نہو خشک کرلین *

خاصیت - یہ ایک سبز رنگ کا سفوف ہوتا ہے بے ذائقہ پانی مین حل نہین ہوتا لیکن ہائیڈرو
کلورک اسڈ مین جلد حل ہوجاتا ہے *

فائدہ لگانے سے کاسٹک اور کہلانے سے الٹرینٹ اور زیادہ مقدار مین زہر ہے *

استعمال - مرض کن۔ سر اور جلد کی بیماریون مین اسکو لگاتے اور کہلاتے بھی ہین *

خوراک ایک گرین کے ۱/۴ حصہ ۱/۲ گرین تک - اگر اس سے زہر ہوجاوے تو ۱۰ اگرین طوطیا کہلا کر فوراً قے کرادین *

لاٹن ——— ——— انگریزی

لائمی - کوار - فرامی - پر - نائٹریٹس ——— سولیوشن اف پرنائیٹریٹ اف ایرن

نسخہ - باریک لوہے کا تار جسپر زنگ نہو ایک آونس * نائٹرک اسڈ ساڑھے چار آونس * ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت * نائٹرک اسڈ مین ۱۶ آونس پانی ملا کر اُسمین لوہے کا تار چہوڑ کر اُسکے اندر رہنے دین جبتک وہ گلجاوے - پر اسبات کی ہوشیاری کہین کہ اگر زیادہ جوش کہاوے تو اُسمین تہوڑا سا اور بھی ڈسٹلڈ واٹر ملا کر کم کردین تب اس عرق کو چہانکر اُتنا ڈسٹلڈ واٹر ملاوین جتنے مین ڈیڑہ پاینٹ پورا ہوجاوے *

خاصیت یہ ایک صاف بہورا مائل بسرخی عرق ہوتا ہے - ذائقہ کسیقدر ترش اور کسیلا *

فائدہ اسکا مانند لائیکر فرامی - پر - کلورائیڈم کے اور اسکو بچون کے ڈا - یا - ریا اور لیو - کوریا مین دیا کرتے ہین - خوراک ۱۰ بوند سے ۴۰ بوند تک *

لاٹن ——— ——— انگریزی

لائیکور فرامی اسی - ٹی - ٹس فارشیا ——— اسٹرانگ سولیوشن اف اسے ٹٹ اف ایرن

نسخہ - سولیوشن اف پر سلفٹ اف ایرن - ۵ آونس * سولیوشن اف ایمونیا - حسب ضرورت گلے - شی - ال اسے ٹک اسڈ پگہلایا ہوا - ۳ آونس * ڈسٹلڈ واٹر - حسب ضرورت *

آٹھہ آونس سو-لیوشن اف ایمو-نیا مین ایک پائنیٹ ڈسٹلڈ واٹر ملاوین اور سو-لیوشن اف پر-سلفٹ اف آیرن کو قریب ایک پائنیٹ ڈسٹلڈ واٹر مین ڈائیلیوٹ کر کے اگلے عرق مین تہوڑا تہوڑا ملاوین - اب سارے کو خوب طرح گہونٹین مگر اسبات کی احتیاط رہے کہ ترکیب کے اخیر تک بھی ایمو-نیا کی کسیقدر زیادتی رہی یہ بات اسکی بو سے معلوم ہو سکتی ہی اب سارے کو دو گہنٹہ تک ٹہرنے دین مگر گاہی گاہی ہلا دیا کرین - بعد ازان کپڑے کی چہلنی پر اسکو ڈہال دین - جب پانی ٹپک چلے تب ہائیڈرٹ اف آیرن کی منجمد کو ڈسٹلڈ واٹر سے تبتک دہووین جبتک ہوون مین کلورائیڈ اف بے رئیم کا عرق ڈالنے سے کوئی منجمد نہ بنے - اب ہائیڈرٹ اف ایرن کو نچوڑنے دین بعد ازان اسکو دباوین تاکہ سارا پانی نچڑ جاوے - اب اسکو گلسے - شے - ال اسے - ٹیکٹ اسڈ مین حل کرین اور اسمین دس آونس ڈسٹلڈ واٹر ملاکر اسکو پورا کر کے ٹہرنے دین تاکہ جو کوئی شی غیر محلل ہو وہ نیچے بیٹہہ جاوی - اب اوپر کے صاف عرق کو نتہار لین ❊

خاصیت - یہ ایک گہرا سرخ رنگ کا عرق ہوتا ہی - ذایقہ ترش اور کسیلا بو اس سی سرکہ کی آتی ہے - پانی اور ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ کی ہر مقدار کے ساتھہ مل جاتا ہے ❊

خوراک - ایک سے ۸ منم تک ❊

اس کے دو مرکب ہین چنانچہ

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

لائیکوار فرائی اسے - ٹے - ٹس ——————— سو-لیو-شن اف اسے - ٹیٹ اف ایرن

اسٹرانگ سو-لیو-شن اسے - ٹیٹ اف آیرن ۱۷ آونس ❊ ڈسٹلڈ واٹر اسقدر کہ جتنے مین کل عرق بیس آونس تیار ہو جاوے ❊ **خوراک** - ۵ سے ۳۰ منم تک ❊

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچورا فرائی اسے - ٹے - ٹس ——————— ٹنکچر اف اسے - ٹیٹ اف ایرن

اسٹرانگ سو-لیو-شن اف اسے - ٹیٹ اف ایرن ۵ آونس ❊ اسے - ٹک - اسڈ ۱ آونس

ریکٹی۔ فائیڈ اسپرٹ ۵ آؤنس ٭ ڈیسٹیلڈ واٹر۔ ۹ آؤنس ٭ سبکو ملاکر اس مین اسقدر ڈیسٹلڈ واٹر ڈالین کہ سارا ملکر ایک پائینٹ پورا ہو جاوے ٭

خوراک۔ ۵ سے دس منم تک ٭ اسکو شیشہ کی ڈاٹ والی شیشی مین رکھنا چاہئے ٭

زنک یعنی جست و دہات

خالص جست سفید مائیل بہ نیلگون ہوتا ہے اور نہایت چمکدار ہوتا ہے ٭

عام اثر زنک و دہات کے مرکبات کا۔ جب یہ مرکب باہر لگائے جاتے ہین تب ان سے دو قسم کے اثر پیدا ہوتے ہین ایک تو اس۔ ٹرن۔ جنٹ دوسرے کر۔ رو۔ سیو اس۔ ٹرن۔ جنٹ اثر اس طور سے پیدا ہوتا ہے کہ جسم کی بافت کے ساتھہ ملکر اسپر کے ال۔ بیو۔ مِن کو غیر محلل کر دیتے ہین اور اُس بافت کے خاص اجزا کو جما دیتے ہین اور کر۔ رو۔ سیو اثر اسطرح پیدا ہوتا ہے کہ جہان پر یہ مرکب لگائے جاتے ہین اُس جگہہ کی بافت کی رطوبت کو جذب کر کے بافت مذکور کو ہلاک کر ڈالتے ہین۔ لیکن زنک کے ہر ایک مرکب مین یہ دونون اثر یکسان درجہ پر نہین پائے جاتے مثلاً کلو۔ رائیڈ اور آئیو۔ ڈائیڈ اف زنک کا اثر نہایت تیز ہے اور سل۔ فٹ اور اکسائیڈ کا نہایت کم ٭ جب یہ مرکبات کہلائے جاتے ہین تب خون مین جلد منجذب ہو کر کچھہ عرصہ تک اُسمین رہتے ہین بعد ازان بتدریج بول و براز کے ہمراہ جسم سے خارج ہو جاتے ہین ٭

لاٹن		انگریزی
زن۔ سائی۔ اکسائیڈم		اکسائیڈ اف زنک

نسخہ۔ کار۔ بو۔ نیٹ اف زنک ۱ آؤنس ٭ کار۔ بو۔ نٹ اف زنک کو کرو۔ سی۔ بل

مین بہر کر منہ اسکا ڈہیلا ڈہانپ دین اور سُرخ آنچ پر رہنے دین - اُس کرو سی - بل
مین سے تہوڑا سا مرکب لیکر ڈائیلوٹ سلفیورک اسڈ مین چہوڑ دین - جوش نہ کہائے
تو برتن کو آنچ سے اُتار کر سرد ہونے دین - بعد ازان جو کچہہ اوس مین ہو اُسکو
شیشے کے کاگ دالی بوتل مین بہر کر رکہہ چہوڑ دین +

خاصیت - یہ ایک صاف اور ملائم سفوف ہوتا ہے بے ذایقہ اور بے بو گرم کرنے
سے ہلکا زرد رنگ کا ہو جاتا ہے +

اثر - یہ مرکب اِس - ٹرن - جنٹ اور سے - ڈی - ٹیو کے طور پر خاصکر اِک - زی - ما کی بیماری
مین لگایا جاتا ہے - جب کہلایا جاتا ہے تو خون مین منجذب ہو کر نظام عصبی پر ہلکا
اِس - ٹرن - جنٹ اور سے - ڈی - ٹیو اثر پیدا کرتا ہے - پس اِسواسطے اِسکو مرگی اور کوریا
اور ہس - ٹے - ریا کی بیماریون مین کہلایا کرتے ہین + اور تہائی - سِس کی بیماری
مین پسینہ روکنے کے - لئے یہ مرکب اکثر کام مین آتا ہے چنانچہ نسخہ -
اکسائیڈ اف زنک ۲ گرین + اکسٹراکٹ اف بلا - ڈو - نا نصف گرین + اسکی ایک گولی
بنا کر دن مین تین دفعہ کہلا دین +

ناقضات - کُل تیزاب اور اُن کے مرکبات + **خوراک** - ۲ گرین سے ۳ گرین تک

اِس کے دو مرکب ہین چنانچہ

لاٹین		انگریزی
اِن - گو اِنٹیم - زِنسائی		آنیٹ - منٹ اف زنک

نسخہ - اکسائڈ اف زنک خوب باریک سفوف کیا ہوا ۸۰ گرین + بن - زوی - ٹیڈ لارڈ
ایک آؤنس + مرہم کو دہیمی آنچ پر گلا کر اُس مین اکسائڈ اف زنک ملا کر ہلا دین
جبتک جم جاوے - اِک - زی - ما کی بیماری مین اِس مرہم کے لگانے سے رطوبت
خشک ہو جاتی ہے اور بڑا فائدہ ہوتا ہے - پاؤن اور ہاتون مین جب کثرت سے

پسینہ آتاہی اور بدبو پیدا ہوتی ہے تو اسکے ہر روز ایک مرتبہ ملنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے ؞

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

او۔ لے۔ اِشم زن۔ سائی ——————— او۔ لے ایٹ اف زنک

نسخہ۔ اکسائیڈ اف زنک۔ ایک آونس ٭ او۔ لی۔ اِک اِسڈ۔ ۹ آونس ٭

اکسائیڈ اف زنک مین او۔ لی۔ اِک اِسڈ ملاکر گھونٹین۔ اب اس مرکب کو دو گھنٹہ تک ٹھیرنے دین بعد ازان واٹر باتھ پر آنچ دین جبتک اکسائیڈ اف زنک حل ہوجاوے

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ان۔ گو۔ ان۔ ٹم زن۔ سائی او۔ لی۔ اِٹا — اینٹ منٹ اف او۔ لی۔ ایٹ اف زنک

نسخہ۔ او۔ لی۔ ایٹ اف زنک۔ ایک آونس ؞ سافٹ۔ پے۔ را۔ فائن۔ ایک آونس ؞

دونو کو آنچ دیکر گھونٹین جبتک مرہم سرد ہوجاوے ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

زنسائی۔ کلورائیڈم ——————— کلورائیڈ اف زنک

گرا۔ نیو۔ لے۔ ٹڈ زنک کو ہائیڈ۔ رو۔ کلورک اِسڈ مین حل کرکے چند گھنٹہ تک آنچ پر بھگو رکھین۔ جو عرق حاصل ہو اُسمین زیادہ ایمو۔ نیا اور سلفے۔ ہائیڈ رٹ اف ایمو۔ نیم ملانے سے اگر سیاہ تلچھٹ پیدا ہو تو جانین کہ اُس عرق مین فولاد موجود ہی۔ اب اس عرق کو چھانکر اُسمین کلورین کا عرق تبتک ملادین جبتک اسمین کلورین کی بو برابر قائم رہے بعد ازان اسمین تھوڑا تھوڑا کار۔ بونٹ اف زنک ملادین جبتک اسمین پے۔ راک۔ سائیڈ اف ایرن بھورے رنگ کے دُرد کی طرح نظر آوے۔ اسکو علیحدہ کرلین اور عرق کو اُڑاکر گاڑھا کرکے سانچون مین ڈھال لین۔ اگر فولاد موجود نہو تو ہائیڈ۔ رو۔ کلورک اِسڈ کے عرق کو چھانکر اڑاکر فوراً سانچون مین ڈھال لین ٭

خاصیت - اسکی بتیان یا ٹکڑے ہوتے ہین بے رنگ مگدرا اور نہایت کاشک بہت جلد پگل جاتا ہے - پانی الکحال اور ایتھر مین قریب بالکل حل ہو جاتا ہے *

اثر اور استعمال - جراح اس مرکب سے کاشک کے طور پر کینسر اور لوپس وغیرہ قسم کے خبیث زخمون کو جلاتے ہین چنانچہ اسکے ایک حصہ مین تین حصہ آٹا ملا کر مرض کے مقام پر لگا دینا چاہئے مگر اس بات کی ہوشیاری چاہئے کہ کہین تندرست جلد پر نہ پہیل جائے پس ایسا کرین کہ اُس دوا کے لگانے کے بعد اُس مقام پر پلاسٹر اف پیرس چہڑک دین * اس مرکب کا اثر چونکہ اس - ٹرن جنٹ بھی ہے تو سوزاک مین اسکی پچکاری کرتے ہین مثلاً ایک آونس پانی مین اسکا ایک گرین حل کر کے دو دو گہنٹہ بعد پچکاری کرنی چاہئے * علاوہ ازین یہ مرکب ان - ٹے - سپ - ٹک اور ڈی - او - ڈو - رنٹ بھی ہے مثلاً کلورائیڈ اف زنک کے عرق کے ایک حصہ مین ۴۰ حصہ پانی ملا کر لگانے سے اشیا سڑنے نہین پاتین اور بد بو دار ہوائین بھی زائل ہو جاتی ہین * اس عرق کے تین قطرے ایک آونس ڈسٹلڈ واٹر مین ملا کر بد بو دار زخمون پر لگانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے * خوراک آدہی گرین سے ایک گرین تک * متضادات الکلی دوا اور انکے کاربونٹ اور نائٹرٹ اف سلور *

لاٹن	انگریزی
لائیکوار - زنسائی - کلو - رائی - ڈائی	سولیوشن اف کلورائیڈ اف زنک

لنسخہ - گرا - نیو - لے - ٹڈ - زنک - ایک پاؤنڈ * ہائیڈ رو - کلورک اسڈ - ۴۴ - آونس * سو - لیو - شن اف کلورین حسب ضرورت * کار - بو - نٹ اف زنک آدہ آونس یا حسب ضرورت * ڈسٹلڈ واٹر - ایک پائنٹ *

چینی کے برتن مین ہائیڈ رو کلورک اسڈ اور پانی ملا کر اسمین زنک چھوڑ دین اور دہیمی آنچ پر تبتک رکہین جبتک جوش کہانے لگے اور گیاس پیدا ہونا موقوف ہو جادے آدہ گہنٹہ

تک جوش دیوین اور جو پانی ایوا۔پوریشن کے سبب کم ہو جاوے اُسکو پورا کرین
بعد ازان عرق کو سرد کرکے ایک بوتل مین فلٹر کرین اب سو۔لیو۔شن اف کلورین
اُسمین آہستہ آہستہ چھوڑتے جاوین اور بار بار ہلاتے جاوین جبتک سارے عرق مین
کلورین کی بو قائم ہو جاوے اب اُسمین تہوڑا تہوڑا کار۔بو۔نٹ اف زنک چھوڑتی
جاوین اور ہلاتے جاوین جبتک ایک بہورے رنگ کا دُرو نظر آوے تب اُس عرق
کو ایک چینی کے برتن مین فلٹر کرکے اڑاوین جبتک وہ عرق ۲ دو پائینٹ رہ جاوی۔
فائدہ ۔ان۔لے۔سیپ۔ٹک ایسکو زخمو پر لگاتے ہین۔ یہ دوا نہایت تیز زہر ہی
علاج جیکا انڈے کی سفیدی اور میدہ سے کرتے ہین اسکے ایک آؤنس مین
۳۶۶ گرین ہوتا ہے ✤

لاٹن	انگریزی
زنسائی۔کار۔بو۔ناس	کار۔بونٹ اف زنک

سلفٹ اف زنک کے عرق مین کار۔بو۔نٹ اف سوڈی۔ام ملادین جو نتیجہ حاصل
ہو اُسکو دہو کر خشک کرین ✤

خاصیت۔ یہ مرکب سفید رنگ کا بے ذایقہ اور بے بو ہوتا ہے پانی مین حل
نہین ہوتا مگر ڈائیلوٹ سلفیورک اشد مین جوش کہا کر بالکل حل ہو جاتا ہے ✤

فائدہ اور استعمال۔ مانند اکسائیڈ اف زنک کے ✤

خوراک۔ ایک سے ۱۰ گرین تک ✤

لاٹن	انگریزی
کے۔لا۔مے۔نا پری۔پا۔رٹیا	پرئی۔پیارڈ کے۔لے۔مائین

معدنی کار - بو - نٹ اف زنک کو ایک نبدار مٹی کے برتن مین بہر کر دہیمی آنچپر خوب آنچدین اب اُسکو سفوف کر کے ای - بیو - ٹری - اِشن کی ترکیب سے کر کرے اجزا کو علیحدہ کر ڈالین *

خاصیت - یہ ہلکا بہورے رنگ کا سفوف ہوتا ہے - تیزابون مین بالکل حل ہوجاتا ہے

اسکا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن	انگریزی
انگو - این - ٹم - کے - لا - مائی - نے	اُینیٹ منٹ اف کے - لا - مائین

پری - پیارڈ کے - مے - مائین - آاُونس * بنزائیڈ لارڈ - ۸ آاُونس * دونون کو ملائین سفوف کو اکسائیڈ اف زنک کے بجاے ایسے زخمون پر چہڑکتے ہین جسے رطوبت بکثرت جاری ہوتی ہے اور مرہم کو اکزیما کی بیماری مین لگاتے ہین *

لاٹن	انگریزی
زنسائی - سلفاس	ائٹ اف زنک

یہ مرکب اسطور سے تیار ہوتا ہے کہ جست کو ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ مین حل کر کے اوس عرق کو چہان کر اُسمین کلورین کا عرق ملائین اور تب اُسمین کاربونٹ اف زنک ملا کر آنچپر اُڑادین - جو قلمین حاصل ہون انکو شیشہ مین بند کر کے رکہہ چہوڑین *

خاصیت - اس کی قلمین چہوٹی چہوٹی بے رنگ شفاف چمکدار ہوتی ہین ذائقہ نہایت کسیلا پانی مین حل ہو جاتی ہین *

فائدہ - اگر اسکا ہلکا عرق لگایا جاوے تو فائدہ اِس - ٹرن - جنٹ اور ڈی - سی کنٹ ہوتا ہے لیکن گاڑہے عرق کے لگانے سے یہ کاسٹک ہے - تہوڑی مقدار مین

کہانے سے یہ اسٹرنجنٹ ہر رطوبتین بند ہو جاتی ہین اور قبض ہو جاتا ہے - بہت روز تک
کہانے سے اسکا فائدہ ال - ٹے - رے - ٹیو اور نروائین ٹانک ہے لیکن بہت زیادہ
مدت تک کہانے سے بیمار لاغر اور کمزور ہو جاتا ہے اور اوسط مقدار مین کہانے
سے قے ہوتی ہے اس سے بہت جی ہنین متلاتا جیسے ٹارٹار - امے - ٹک اور
اپے - کے - کو انا کے کہانے سے ہوا کرتا ہے مگر بہت زیادہ مقدار مین کہانے
سے یہ دوا تیز زہر ہے +

استعمال - زہرون مین قے کرانے کے لئے اسکو کہلاتے ہین اور بطور اس
ٹرن - جنٹ کے ڈایاریا اور میو - کس رطوبتون کے بند کرنے کے لئے استعمال
کرتے ہین بطور نروائن ٹانک ہے کے اسکو ترض برگی کو - ریا اور ہس - ٹے - ریا
مین کہلاتے ہین +

اسکا عرق افتہال - میاپرانی جلد کی بیماریون اور زخمون پر لگاتے ہین اور گلیٹ
اور یو - کوریا مین اس کی پچکاری کرتے ہین اور کاسٹک کے طور پر چہوٹی رسولیون
کے جلانے کے لئے بہی اسکو لگایا کرتے ہین +

خوراک - بطور امٹک ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک اور آل - ٹے - رے ٹیو
ایک گرین سے ۳ گرین تک +

پچکاریون کی مقدارین یاد رکہنے کے قابل ہین - چنانچہ
سوزاک مین ۲۰ گرین ۱۰ آونس پانی مین +
لیو - کوریا مین ۳۰ گرین ۲۰ " "
او - ٹوریا مین ۲۰ گرین ۲۰ " "
اف تہل - میا مین ایک گرین ایک " "

ناقضات - الکلی دوا اور ان کے کار - بونٹ نباتی کسائ ادویات مرکبات لڈ اور لائم +

زہر کا علاج - ڈی - ل - سنٹ دوا اور تہوڑی مقدار مین افیون *

لاٹن		انگریزی
زنسائی - اسے - ٹاس		اسے - ٹیٹ اف زنک

کار - بونٹ اف زنک کو اسے - ٹک اسڈ مین حل کرکے اڑا کر قلمین باندہ لین *

خاصیت - اسکے ٹکڑے باریک کسیقدر شفاف بے رنگ اور موتی کے طور پر چمکدار ہوتے ہین - ذائقہ تیز اور بدمزہ پانی مین حل ہو جاتا ہے *

فائدہ اور استعمال - مانند سلفٹ اف زنک کے ہے لیکن بہ نسبت اُسکے یہہ کم اسے - ٹک ہی اسکو اکثر پچکاری کے طور پر سوزاک اور گلیٹ مین استعمال کرتے ہین مگر سلفٹ اف زنک کی نسبت یہ کم تیز ہے *

خوراک - ٹانک ایک گرین سے ۲ - گرین تک اور اسے - ٹک - اگرین سے ۲۰ گرین تک

لاٹن		انگریزی
زنسائی - وی - لی - ری - ناس		وی - لے - ری - نٹ اف زنک

سلفٹ اف زنک کے عرق مین وی - لے - ری انٹ اف سوڈا ملانے سے جو قلمین حاصل ہون اُنکو الگ کرکے صاف کر لین * اور وی - لے - ریا - نک اسڈ مین کار - بونٹ اف زنک ملانے سے بھی یہ مرکب حاصل ہو سکتا ہے *

خاصیت - اسکی قلمین چوڑی موتی کے طور پر آبدار اور سفید رنگ کی ہوتی ہین - ان سے خفیف بو وی - لے - ریا - نک اسڈ کی آتی ہے - ذائقہ کسیلا پانی اور ایتھر مین کم لیکن گرم پانی اور الکحل مین خوب حل ہو جاتی ہین *

فائدہ اور استعمال - نر - وائین - ٹانک اور اینٹی - پاز - ما - ڈک ہے * ہسٹے - ریا اور مرگی اور کو - ریا مین اور مختلف قسم کے نیو - رلجیا کے دردون مین خاصکر درد سر مین استعمال کرتے ہین - کہتے ہین کہ یہ مرکب کرم کش بھی ہے *

خوراک ایک سے ۳ گرین تک ٭

لاٹن ——————— انگریزی

زنسائی-سلفو-کار-بو-لاس ——————— سلفو-کار-بو-لٹ اف زنک

کار-با-لک اِسڈ اور سلفیورک اِسڈ ملاکر آنچ دین تب اُسمین اکسائیڈ اف زنک چھوڑ کر اُڑا کر قلمین حاصل کرلین ٭

خاصیت-اِسکی قلمین چوڑی چوڑی بے رنگ ہوتی ہین-ہوا لگنے سے بُھربھری ہوجاتی ہین ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ اور پانی مین حل ہوجاتی ہین ٭

فائدہ اور استعمال سے اِس مرکب کو کھلاتے نہین ہین ٭ اسٹرنجنٹ کے طور پر اِسکے عرق کی پچکاری سوزاک اور لیو-کو-ریا مین کرتے ہین چنانچہ ایک یا دو گرین لیکر ایک آونس پانی مین حل کرلین ٭

کا-پر یعنے تانبا
مرکبات کاپر

لاٹن ——————— فارسی ——————— انگریزی

کیو-پرائی-سلفاس ——————— طوطیا ——————— سلفٹ اف کاپر

سلفیورک اِسڈ اور تانبے کو آنچ دیوین اور جو محلل حصہ ہو اُسکو گرم پانی مین حل کرلین بعد ازان اُس عرق کو اُڑا دین جبتک سرد ہونے سے قلمین بندھ جاوین ٭

خاصیت-اِسکی ترچھی اور صاف نیلے رنگ کی قلمین ہوتی ہین پانی مین حل ہوجاتی ہین ٭

فائدہ باہر لگانے سے اِسکا فائدہ اس-ٹرنجنٹ اور اِس-ٹپ-ٹانک اور کاسٹک ہے

اور زیادہ مقدار مین اگر کہلایا جاوے تو تیز زہر ہے جسکے کہانے سے مُنہہ مین تانبے
کا ذایقہ پیدا ہوتا ہے اور دست اور قے آتے ہین اور بعد تہوڑی دیر کے تشنج بیہوشی
اور موت - اور اوسط مقدار مین کہانے سے اسکا فائدہ اسے - ٹانک ہی اور تہوڑی مقدار
مین اسٹرنجنٹ اور بہت زیادہ روز تک کہانے سے نردائین ٹانک اور
انٹی - پاز - موڈک ہی ✣

استعمال - زہرون مین اِس دوا سے قے کرواتے ہین اور پُرانی ڈایریا اور
پُرانی ڈی سنٹری مین بطور اسٹرنجنٹ کے دیتے ہین اور نردائین ٹانک کے
طور پر اپی لپسی - کوریا مین اور زخمون پر اِسکو لگایا کرتے ہین اور سوزاک اور
گلیٹ مین اِسکی پچکاری کرتے ہین اور گرانیولر آف تھال - میا مین پپوٹون پر
اِسکو لگاتے ہین ✣

خوراک اسے بطور ٹانک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک اور اس - ٹرنجنٹ اور نردائین
ٹانک چوتہائی گرین سے ۲ گرین تک ✣

لاٹن		انگریزی
کیوپ - رائی - نائی - ٹراس		نائیٹریٹ اف کاپر

تانبا ڈائیلوٹ نائیٹرک ایسڈ مین حل کرکے اُڑانے سے اِسکی قلمین حاصل ہوتی ہین ✣

خاصیت - اِسکی قلمین گہری نیلے رنگ کی ہوتی ہین - کہلی رہین تو جلد گلجاتے ہین
اور یہ نہایت درجہ کی کرد سیو ہین ✣

فائدہ اور استعمال - یہ مرکب کہلایا نہین جاتا بلکہ کاسٹک کے طور پر حلق اور زبان
کے آتشک کے زخمون پر لگایا جاتا ہے - چونکہ یہ مرکب جلد گلجاتا ہے تو اِسکو عرق
میں گھول کر لگانا چاہیے ✣

تانبہ	انگریزی
سب - اسے - ٹٹ اف کاپر	ور - ڈی - گریس

اسکو اس - رو - گو بھی کہتے ہین اور بازار مین زنگار کے نام سے فروخت ہوتا ہے تانبے کو سرکہ مین ڈوبو رکہنے سے زنگار اسپر جم جاتا ہے ❊

اسکا ذکر فارما - کو - پیا مین نہین ہے - مگر دیسی جراح اسکے مرہم کا استعمال بہت کرتے ہین - یہ مرکب عمدہ کاسٹک ہے ❊

لیڈ یعنی سیسہ

لیڈ یعنے سیسہ کے کُل مرکبات تہوڑا بہت زہر کا اثر رکہتے ہین اور کچھ عرصہ تک اُنکا استعمال کیا جاتا ہے تب خاص خاص علامتیں پیدا ہوتی ہین ❊ مثلاً بہوک مرجاتی ہے - بیمار لاغر ہوجاتا اور رنگ اُسکا پیلا پڑجاتا ہے - قبض ہوجاتا بعد ازان نبض بطی اور دل کی حرکت کمزور ہوجاتی ہے - شکم مین قولنج کا درد نہایت شدت سے ہوتا ہے اور عضلون کے ریشے بگڑجاتے ہین چنانچہ کلائی کی اکشں - ٹن - سر عضلے مفلوج ہوجاتے اور ہاتہہ نیچے کو خم کہا جاتا ہے ❊ سیسہ کے ذرات جسم کی بافت مین پہنس جاتے اور عضلات متاثرہ مین جمع ہوجاتے ہین - ان عضلون پر بجلی کے لگانے سے پہلے تو کچھ بھی اثر نہین پیدا ہوتا لیکن فالج جون جون پُرانا ہوتا جاتا ہے عضلون پر بجلی کا اثر کم ہوتا جاتا ہے آخرکار بجلی کے لگانے سے عضلات مذکور بالکل نہین سُکڑتے اور اُنکے ریشے چربی مین بدل جاتے ہین ❊ علاوہ تغیرات مذکورہ بالا عضلونمین شدت کا درد بہی ہونے لگتا ہے - جوڑ کچھ سخت ہوجاتے اور درد کرنے لگتے ہین - جوڑون کی یہ حالت شاید اس سبب سے پیدا ہوتی ہے کہ مثل گاوٹ کی بیماری کے انہین یُو - رٹ - اف سوڈا

جم جاتا ہے کیونکہ سیسہ کے ذراۃ یو-رک ایسڈ کا تجزیہ نہین ہونے دیتے اسواسطے مرکبات ازقسم یو-ریٹ جسم سے خارج نہین ہونے پاتے + علاوہ ازین سیسہ کے زہر کا اثر جگر اور گردون پر بھی ہوتا ہے جس سبب سے خفیف یرقان اور البیو-می-نوریا کی بیماری ہوجاتی ہے +

سیسہ کے ذراۃ جب عرصہ تک جسم مین داخل ہوتے رہتے ہین تب مسوڑون کی بافت مین بھی جمع ہوجاتے ہین اور دانتون کے مابین غذا کے جو دانے رہ جاتے ہین اُن کے متعفن ہوجانے سے سلفیو-ری-ٹڈ ہائیڈروجن ہوا پیدا ہوتی ہے + یہ ہوا اُن ذراۃ سرب مین ملکر اینگوسل-فائیڈ اف لیڈ بنادیتی ہے جس سے سیسہ کے زہر مین مسوڑون کے کنارون پر ایک نیلی لکیر پیدا ہوجاتی ہے + سامنے کے دانتون کے (ان-سائی-سر) مسوڑون پر لکیر مذکور خوب نمایان ہوتی ہے مگر جہان دانت نہین ہوتے وہان خفیف یا بالکل نہین پیدا ہوتے +

سیسہ نظام عصبی کو بھی بہت صدمہ پہنچاتا ہے مثلاً اعصاب محسسہ پر ایسی تغیرات پیدا ہوتے ہین کہ جن سے مختلف قسم کے عصبی درد جسم کے جابجا پیدا ہوجاتے ہین چنانچہ مریض کو گیاس-ٹرال-جیا اور سائی-ایٹ-یکا ستا سکتا ہے + قوت لامسہ خاصکر جسم اعلی کی بہت کم ہوجاتی ہے + اور گاہے گاہے سیسہ کا اثر اپ ٹیک عصب پر بھی ہوجاتا ہے جس سے مریض کی بینائی مین فرق پڑجاتا ہے +

علاوہ کلائی اور ہاتھ کے عضلون کے جسم کے دیگر مقامات کے عضلے بھی مفلوج ہوجاسکتے ہین مثلاً گاہے گاہے ڈل-ٹائیڈ اور لا-رنگس کے عضلے مفلوج ہوجاتے اور گاہے پیرے-را-پلی-جیا اور مریفکہ ہے-ے-پلی-جیا بھی ہوجاسکتا ہے اور جب سیسہ کے ذراۃ دماغ مین جمع ہوجاتے ہین تب ڈلی-ری-ام (ہذیان) کنو-ول-شن (تشنج) اور کو-ما (دماغ مین زیادتی خون کے سبب سے بیہوشی) بھی ہوجاتا ہے + بیماری کی

حالت مین سیسہ کے مختلف مرکبات کے اثر مین چونکہ تہوڑا بہت اختلاف ہی تو ان کا ذکر اُن مرکبات کے ساتھہ الگ الگ کیا جائیگا ✤

سیسہ کے مرکبات کے زہر کا علاج - سیسہ کے کسی ایک مرکب کے ایک ہی دفعہ زیادہ کہا جانے سے زہر ہو جائے تو سلفٹ اف زنک سے فوراً قے کرا دین کیونکہ علاوہ قے ہونے کے اِس مرکب کا سلفیو - رِک اِسڈ سیسہ کے ساتھہ ملکر سلفٹ اف لڈ بنجاتا ہے کہ جو خون مین حل نہین ہو سکتا ✤ سلفٹ اف زنک پاس نہو تو دودہ یا انڈون کی سفیدی پلا دین کیونکہ ان دونو چیزون کا البیو - مین لِڈ کے ساتھہ ملکر البیو - مے - نیٹ اف لِڈ بنجاتا ہے کہ یہ بھی خون مین بہت ہی کم حل ہوتا ہے ✤ فاسفٹ اف سوڈا یا اِپسم - سالٹ یا گلا - بر - سالٹ پانی مین حل کرکے خوب طرح ملا دین تا کہ غیر محلل سلفٹ اف لِڈ بذریعہ دستون کے جسم سے خارج ہو جاوے ✤

سیسہ کے ذرات جسم مین عرصہ تک جمع ہو کر زہر کے علامات پیدا کرین تو اِسکا علاج خاص طور پر کرنا چاہئے کیونکہ اِس صورت مین علاج کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ سیسہ کے غیر محلل مرکبات جو اعصاب اور اندرونی اعضا اور عضلات اور دماغ مین جمع ہو گئے ہین اُنکو حل کر دینا چاہئے - یہ بات آیو - ڈائیڈ اف پوٹا - سیم سے حاصل ہو سکتی ہے مگر ساتھہ ہی اِسکے سل - فٹ قسم کے نمکون کا جلاب بہی دینا چاہئے ✤ اِسصورت مین گندہک کی غسل بہی مفید ہی اور مالش اور بجلی کے ذریعہ عضلات متاثرہ کو طاقت بخشنی چاہئے ✤

حفظ ما تقدم - جو لوگ سیسہ کے مرکبات اپنے کاروبار مین بہت برتتے ہین جیسے رنگساز وغیرہ اُنکو چاہئے کہ سالے - فُرک اِسڈ یا ٹار - ٹارک اِسڈ کے شربت کے عوض شربت مین سلفیورک اِسڈ ملا کر پیا کرین اور دودہ کی غذا کثرت سے کیا کرین کیونکہ اِس سے سیسہ کا اثر جسم مین نہین ہونے پاتا ✤ رنگسازون کو چاہئے کہ کام کے بعد اپنے ہاتھون کو بلکہ سارے بدن کو خوب طرح دہو ڈالا کرین ✤

مرکبات

لاٹن ——————————————— انگریزی

پلمباٰئی - اکسائیڈم ——————————— اکسائیڈ اف لڈ

اسکو بے - ہنارج بہی بولتے ہین اور ہندی مین مُردار سنگ - سیسہ کو گلاکر اُس مین کسی چیز ہوا داخل کرنے سے یہ چیز ملتی ہے *

خاصیت - یہ چیز وزنی چہلکون کی شکل پر ملا کرتی ہے - رنگ جبکا ہلکا اینٹ کے طور پر سُرخ ہوتا ہے *

فائدہ اور استعمال - یہ دوا کہلائی نہین جاتی لیکن بطور اسٹرنجنٹ کے پلاسٹرون کے بنانے مین استعمال کیجاتی ہے چنانچہ

لاٹن ——————————————— انگریزی

امپلاسٹرم - پلمبائی ——————————— لڈ - پلاسٹر

نسخہ - اکسائیڈ اف لڈ خوب باریک سفوف کیا ہوا ۵ پاؤنڈ * الیو ائل - ۱۰ پاؤنڈ * پانی ۵ - پاؤنڈ * سبکو دھیمی آنچپر آہستہ آہستہ پکا دین اور ہر ۵ یا ۵ گہنٹہ تک اسیطور پر گرم کرتے رہین اور بار بار ہلاتے رہین جبتک روغن اور مُردار سنگ پلاسٹر بنانے کے قابل گاڑہا ہو جاوے ضرورت ہو تو اُور بھی پانی ملا دین *

استعمال - زخم کے کنارون کو جوڑنے کے لئے اِس پلاسٹر کو بہت استعمال کرتے ہین

لاٹن ——————— ہندی ——————— انگریزی

پلمبائی - کار - بو - ناس ——————— سفیدہ ——————— کار - بونٹ اف لڈ

سیسہ دہات کو پہلے اسے ٹک اسڈ مین گلاتے ہین اور تب اُسمین کار - بو - نک اسڈ چہوڑنے سے یہ مرکب تیار ہوتا ہے *

خاصیت - یہ ایک ملائم وزنی سفید سفوف ہوتا ہی سلفیو رٹیڈ ہائیڈروجن کے لگنے سے

سیاہ ہوجاتا ہی پانی مین حل نہین ہوتا مگر ڈائیلیوٹ نائیٹرک اسڈ مین جوش کہا کر حل ہوجاتا ہی *

فائدہ یہ ایک زہر ہے اسلئے اس چیز کو نہین کہلاتے لیکن اسکا سفوف یا مرہم بناکر واسطے اسٹرنجنٹ اور سے ڈی ٹیو فائدہ کے زخمون پر لگا سکتے ہین *

اسکا ایک مرکب ہی

لاٹن ——————— انگریزی

انگمیٔ انٹم پلمبائی کار بو نی ٹس ——————— کاربونیٹ اف لڈ آینٹمنٹ

نسخہ کاربونٹ اف لڈ خوب باریک سفوف کیا ہوا — ۶۲ گرین * سمپل آینٹمنٹ ایک آونس * دونو کو خوب ملالین *

استعمال بطور اسٹرنجنٹ کے اسکو زخم اور جلد کی بیماریون پر لگایا کرتے ہین اسکے آٹھ حصہ مین ایک حصہ کاربونیٹ اف لڈ ہوتا ہے *

لاٹن ——————— انگریزی

(اسکو شوگراف لڈ بھی کہتے ہین)

پلمبائی اسی ٹاس ——————— اسیٹیٹ اف لڈ

نسخہ اکسائیڈ اف لڈ باریک سفوف کیا ہوا ۲۴ آونس * اسیٹک اسڈ ۲ پائینٹ یا حسب ضرورت * ڈسٹلڈ واٹر ایک پائینٹ *

اسے ٹیک اسڈ کو پانی مین ملاکر اکسائیڈ اف لڈ چہوڑدین تب ہیمی آنچپر لگا کر چہانکر آنچ دیوین اور جب اسپر ملائی بنجاوے تب اُتار کر رکہہ چہوڑدین تا کہ قلمین بنجاوین اور اگر اس عرق کا اثر خوب ترش ہو تو تہوڑا سا اسے ٹیک اسڈ اور ملادین قلمون کو پنچوڑکر فلٹرنگ پے پر پر رکہکر بغیر گرمی کے خشک کرلین *

خاصیت یہ چیز سفید ٹکڑون مین ملتی ہے ٹکڑے باریک باریک قلمون کے آپسمین ملنے سے بنتی ہین کہلا رکہنے سے کسیقدر اڑجاتا ہی بو سرکہ کی آتی ہی ذایقہ شیرین اور کسیلا ہوتا ہی *

فائدہ یہ دوا جب لگائی جاتی ہے تو اسکا فائدہ ڈی سی کنٹ اور اس ٹرن جنٹ

ہوتا ہے اور جب تہوڑی تہوڑی مقدار مین کہائی جاتی ہے تب اِس۔ٹرن جنٹ
اور اَس۔ٹپ۔ٹک ہوتا ہے لیکن زیادہ تعداد مین تیز زہر ہے جسّے قئے ہوتی ہر
معدہ مین درد اور کالک کنولشن اور بعض وقعہ پے۔راپے۔سِس ٭

استعمال۔ واسطے اسٹرنجنٹ فائدہ کے اِس دوا کو مرض ڈا۔یا۔ریا پرانی ڈِی
سِن۔ٹری برانکائی۔ٹِس اور سا۔لے۔وے۔شن مین کہاتے ہین اور بطور اِس
ٹپ۔ٹک کے اِپس۔ٹا۔کسِس اور ہی۔ماپ۔ٹے۔سِس اور ہی۔ما۔ٹُ۔می۔سِس
مین دیا کرتے ہین چنانچہ **نسخہ**۔ شو۔گراف لِڈ ۲۴ گرین ٭ لائیکوار مار۔فیا اسے۔ٹے ٹِس
ڈیڑہ ڈرام ٭ ڈائیلیوٹ اِسے۔ٹک ایسِڈ ۲ ڈرام ٭ ڈِس۔ٹِلڈ واٹر ۸ آونس ٭ سبکو
ملا کر بمقدار ایک آونس کے دو دو گہنٹہ بعد پلا وین ٭ اور باہر بطور اسٹرنجنٹ
عرق کے اسکو انفلامیشن کے مقامونپر اور اف۔تہال۔میا مین لگایا کرتے ہین چنانچہ
نسخہ۔ شوگراف لِڈ ۳ ڈرام ٭ ڈائیلیوٹ اسی۔ٹک ایسِڈ ۸ ڈرام ٭ ڈِس۔ٹلڈ واٹر
۱۰ آونس ٭ سبکو ملا کر لگانے کا عرق بنالین ٭ اور پچکاری کے طور پر مرض ہی۔ما۔ٹیو
ریا اور ڈا۔یا۔ریا اور ہیضہ مین استعمال کرتے ہین اور اُن امراض مین اِسکو کہلایا
بہی کرتے ہین ٭ اِسکی گولی کہلا کر تہوڑا سا اسے۔ٹک ایسِڈ پلا دین اور عرق کے طور پر
پلانا منظور ہو تو اسمین تہوڑے اسی۔ٹک ایسِڈ ملا وین اِس ترکیب سے یہ دوا مضر
نہین پڑتی ٭ **خوراک**۔ آدہی گرین سے ۴ گرین تک ٭

زہر کا علاج۔ سلفٹ یا فاسفٹ اف سوڈا یا اپسم۔سالٹ کہلا کر بیمار کو قے کروا دین
اور تیز جلاب دین بعد ازان افیون کہلا کر خوب دودہ پلا وین ٭

ناقصات۔ کُل معدنی تیزاب اور معدنی مرکبات ٭ کُل نباتی تیزاب اور کہار دوائین
چونہ کا پانی آئیوڈائیڈ اف پو۔ٹاسیم ٭ کُل قابضات ٭

اِس کے چار مرکب ہین

لاٹن ———— ———— انگریزی

پی - لو - لا - پلمبائی - کم - اوپیو ———— پل اف لیڈ انڈ - او - پئیم

نسخہ - اسی - ٹٹ اف لیڈ باریک سفوف کیا ہوا ۳۶ گرین + افیون سفوف کی ہوئی چہہ گرین + کن - نک - شن اف رو - زیز ۶ گرین + سبکو خوب طرح ملا کر لگدی بنا لین اِسکے آٹہہ گرین مین ایک گرین افیون اور ۶ گرین اسے - ٹیٹ اف لیڈ اور ایک گرین کِن نکِٹ - شن اف رو - زیز ہوتا ہے - خوراک - ۳ گرین سے ۵ گرین تک +

لاٹن ———— ———— انگریزی

سپا - زی - ٹو - ریائی پلمبائی کنپا زٹیا ———— کنپا و نڈ لیڈ سپا - زیٹری

اسے - ٹیٹ اف لڈ - ۳۶ گرین + افیون مسفوف - ۱۲ گرین + آئیل اف تہیو - برو - ما ۱۳۲ گرین سبکو ملا کر بارہ سپا - زیٹری مین تقسیم کرین + اِسکے فی سپا - زیٹری مین ۳ گرین شوگر اف لیڈ اور ایک گرین افیون ہوتی ہے +

لاٹن ———— ———— انگریزی

انگو - این - ٹم پلمبائی اسے - ٹے - ٹِس ———— ائنیٹ - منٹ اف اسے - ٹیٹ اف لیڈ

اِسے - ٹیٹ اف لیڈ باریک سفوف کیا ہوا - ۱۲ گرین + بنز - ائنڈ لارڈ - ا آونس + دونون کو خوبطرح ملا لین +

لاٹن ———— ———— انگریزی

لائیکوار - پلمبائی - سب اسی - ٹے - ٹِس ———— سو - لیو - شن اف سب اسی - ٹیٹ اف لیڈ اسکو گو - لارڈ - ہیش اکسٹر اکٹ بہی بولتے ہین +

نسخہ - اسی - ٹیٹ اف لڈ ۵ آونس + اکسائیڈ اف لیڈ سفوف کیا ہوا ساڑہے تین آونس +

ڈسٹلڈ واٹر ایک پائینٹ یا حسب ضرورت ٭

اسے ۔ ٹیٹ اف لڈ اور اکسائیڈ اف لڈ کو پانی مین آدہ گہنٹہ تک جوش دیوین اور بار بار ہلاتے رہین تب چہان لین اور جب وہ عرق سرد ہو جاوے تب اُسمین اور بہی ڈسٹلڈ واٹر ملا دین جتنیک وہ سارا ۲۰ آونس ہو جاوے بعد ازان اُس صاف عرق کو شیشہ کے کاگ والی بوتلون مین بہر کر رکہہ چہوڑین ٭

خاصیت ۔ یہ ایک وزنی صاف بے رنگ عرق ہوتا ہے اثر انکلی دوا کے طور پر ۔ ذایقہ شرین اور کسیلا ہوا مین کہلا رکہنے سے گدلا ہو جاتا ہے اور گم ۔ ارابک کا میو ۔ سیلج ملانے سے سفید اور ملکہ رفالودہ کے طور پر بنجاتا ہے ٭

فائدہ اور استعمال ۔ جب کوئی مقام چہل جاوے یا موچ کہا جاوے اور اُس سے سبب یا کسی اور سبب سے بہی انفلامیشن ہو جاوے تب وسمین خوب پانی ملا کر بطور اسٹرنجنٹ اور سی ۔ ڈی ۔ ٹیو کے مقام انفلامیشن پر لگاتے ہین ۔ اس کے عرق مین کپڑا ترکر کے لگانا چاہئے ٭

نسخہ ۔ سو ۔ لیو ۔ شن اف سب ۔ اسی ۔ ٹیٹ اف لڈ نصف آونس ٭ ڈائیلیوٹ اسی ٹک ایسڈ ایک ڈرام ٭ ریکٹی ۔ فائیڈ اسپرٹ ڈیڑہ آونس ٭ عرق گلاب ۱۲ آونس ٭ سبکو ملا کر عرق تیار کر لین ۔ موچ کہائے ہوئے مقامونپر یا بالائی انفلامیشن کی جگہہ پر اسکے لگانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے ٭

اس کے تین مرکب ہین

لاٹن	انگریزی
لائیکوار ۔ پلمبای سب اسی ۔ ٹے ۔ ٹس ۔ ڈائیلوٹس	ڈائیلیوٹ سو ۔ لیوشن اف سب اسی ٹیٹ اف لڈ

نسخہ ۔ سو ۔ لیو ۔ شن اف سب اسی ۔ ٹیٹ اف لڈ ۲ ڈرام ٭ ریکٹی ۔ فائیڈ اسپرٹ ۲ ڈرام ڈسٹلڈ واٹر ساڑے ۱۹ آونس ٭ سبکو ملا کر کاغذ سے چہان کر او بس صاف

فائدہ - باہر لگانے سے کیبقہ راشی - ہیو - لنٹ اور ڈی - آبشرو - اینٹ ہو سیلو گلٹیون پر اور سوجے ہوئے جوڑون پر لگاتے ہین اور داد پر بھی لگانے سے فائدہ کرتا ہے ✤

اس کے دو مرکب ہین

لاٹن	انگریزی
امپلاسٹرم - پلمبائی آیوڈائیڈم	آیوڈائیڈ آف لیڈ پلاسٹر

نسخہ - آیوڈائیڈ آف لیڈ ۲ آؤنس ✤ لیڈ پلاسٹر ا پاونڈ ✤ ریزن ۲ آؤنس ✤ پلاسٹر اور رال کو خوب دھیمی آنچ پر پگھلا کر اُسمین آیوڈائیڈ آف لیڈ خوب باریک سفوف کرکے چھوڑ دین تب خوبطرح ملا دین ✤

لاٹن	انگریزی
انگوانٹم - پلمبائی - آیوڈائیڈم	آینٹ منٹ اف آیوڈائیڈ اف لیڈ

نسخہ - آیوڈائیڈ اف لیڈ باریک سفوف کیا ہوا ۶۲ گرین ✤ سنپل آئنیٹ منٹ ایک آؤنس ✤ دونو کو ملا لین ✤

بسمتھہ دھات

بازار مین جو بسمتھہ دھات ملتی ہے وہ میلی ہوتی ہے اُسکے صاف کرنے کی ترکیب ہی ✤

لاٹن	انگریزی
بسمتھم - پیو - ری - فی - کے - ٹم	پیوری فائیڈ بسمتھہ

بسمتھہ ۱۰ آؤنس ✤ سائی - نائیڈ اف پوٹاسیم ½ آؤنس ✤ سلفر ۲۰ گرین ✤ کاربونیٹ اف سوڈیم اور کاربونیٹ اف پوٹاسیم حال مین آگ پر پھول کیا ہوا ہر ایک کا حسب ضرورت ✤

ایک کروسی - بل مین بسمتھہ کو پگھلا دین تب سائی - نائیڈ اف پوٹاسیم اور گندھک

اسمین ملاکر دہیمی آنچپر گرم کرین - اب اوس میل مین سے صاف بسمتہہ کو علیحدہ کرکے قریب
فی صدی پانچ حصے اُسمین ہموزن خشک کاربو-نٹ آف پو-ٹاسیم اور سوڈیم ملاکر
اُسکو پہر پگہلاوین اور آنچپر رکہکر سارے کو خوب سُرخ کرین اور بار بار ہلاتے جاوین
اب کرو-سی-بل کو آنچپر سے اتار کر سرد ہونے دین اور صاف بسمتہہ کو سانچون مین
ڈہال دین +

خاصیت اور شناخت - یہ دہات چمکدار سفید مایل بسرخی ہوتی ہے اور اس
مین ایک جہلک گلابی بہی پائی جاتی ہے +

مرکبات

لاٹن ——— انگریزی

بسمتہیا سے - اکسائیڈم ——— اکسائیڈ آف بسمتہہ

نسخہ - سب نائیٹریٹ آف بسمتہہ ایک پاونڈ + سو-لیو-شن آف سوڈا ۸ پائینٹ +
دونو کو ملاکر ۵ منٹ تک جوش دیوین جب یہ عرق سرد ہو جاوے اور اکسائیڈ تہ نشین
ہو جاوے تب اوپر کے عرق کو نتہار لین اور جو شے تہ نشین ہوئی ہے اُس کو
ڈسٹلڈ واٹر سے خوبطرح دہو ڈالین بعد ازان واٹر باتہہ کی گرمی پر اُس اکسائیڈ
کو خشک کرین + **خاصیت** - یہ ایک ہلکا زردی مایل لیمو کے رنگ کا سفوف
ہوتا ہے پانی مین حل نہین ہوتا +

فائدہ اور استعمال - مانند اور مرکبات بسمتہہ کے ہے +

خوراک - ۵ گرین سے ۱۵ گرین تک +

لاٹن ——— انگریزی

بسمتہا سے - سب نائیٹراس ——— سب نائیٹریٹ آف بسمتہہ

نسخہ - صاف بسمتہہ - دہات کے ٹکڑے ۲ آونس + نائیٹرک اسڈ ۴ آونس + ڈسٹلڈ واٹر

حسب ضرورت ✤ نائیٹرک ایسڈ کو ۳ آونس پانی مین ڈائیلیوٹ کرین اُس مین تہوڑا تہوڑا کر کے بسمتہہ ملا وین اور جب جوش کہانا موقوف ہو جاوے تب ۱۰ منٹ تک اسقدر آنچ دیوین کہ کہولنے پر آجاوے تب عرق کو نتہار لین تا کہ جو کوئی ذرہ بسمتہہ کا غیر محلل ہو اُسّے وہ علیحدہ ہو جاوے بعد ازان اُس کو اُڑا دین اور جب صرف دو آونس باقی رہے تب اُسکو آدہ گیلن پانی مین ڈال دین اور جب منجمد تہ نشین ہو جاوے تب اوپر کے عرق کو نتہار لین اور منجمد مین آدہا گیلن پانی ملا کر خوب ہلا دین اور بعد ۲ گہنٹہ کے اوپر کے پانی کو نتہار لین اور کپڑے کی فلٹر پر رکہکر منجمد کو جمع کرین تب اُسکو ہاتہون سے داب کر ایک سو پچاس درجہ کی گرمی مین خشک کر لین ✤

خاصیت اِسکے ایسے چہوٹے چہوٹے چمکدار چہلکے ہوتے ہین کہ ایک ذرنی سفوف کے طور پر نظر آتا ہے پانی مین حل نہین ہوتا ✤

فائدہ ۔ سے ۔ ڈی ۔ ٹیو اور اِس ۔ ٹرن ۔ جنٹ اور انٹس ۔ پاز ۔ مو ۔ ڈک ہی لیکن بعض ایسا قیاس کرتے ہین کہ یہ دوا معدہ کے میو ۔ کس ممبرین پر چمٹ جاتی ہے اور اِسکو صدمات سے بچاتی ہے لیکن یہ قیاس غلط ہے کیونکہ اِس کے زیادہ دن تک استعمال کرنے سے پے ۔ را ۔ لے ۔ سِس ہو گیا ہے اور مسوڑے سیاہ ہو گئے ہین جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ دوا کسی قدر خون مین فرود منجذب ہو جاتی ہے ✤

استعمال ۔ اکثر اِسکو پرانی ڈس ۔ پپ ۔ شیا اور پائی ۔ روہ ۔ سِس اور کالک اور اسہال مین دیتے ہین اور مرض استسقا مین بہی کہلاتے ہین ۔ شل حوالہ کے اِس سے بہی براز کا رنگ سیاہ ہو جاتا ہے ۔ اگر اِسکو عرق کے طور پر دینا منظور ہو تو اِسمن میو ۔ سلج اف ٹرا ۔ گا ۔ کانتہہ ملانا چاہئے ۔ اگر اکا ۔ شیا کا میو ۔ سلج ملا دو گے

تو عرق منجمد ہو کر ڈلا سا بنکر بوتل مین بیٹھ جائیگا + اسکا عرق جلد کی بیماریون پر لگاتے ہی
ہین + **خوراک** - ۱ سے ۲۰ گرین تک +

ناقصات - سوڈا + پوٹاش + ایمو - نیا اور اُنکے کار - بونٹ مرکبات +

کہوٹ - بعض دفعہ اسمین کار - بو - نٹ اف لِڈ اور آر - سی - نیئس اسِڈ ملا ہوا
ہوتا ہے +

اسکا ایک مرکب ہی

لاٹن		انگریزی
ٹرا - کے - سائی - بسمتہم		بسمتہہ - لا - زنجز

نسخہ - سب - نائیٹرٹ اف بسمتہہ ۱۴۴ گرین + کار - بو - نٹ اف مگنے - شیا - ۴
آؤنس + پرے - سی - پی - ٹی - ٹیڈ کار - بو - نٹ اف کیال سیم ۲ آؤنس + قند ۲۹
آؤنس + گم - ارا - بک سفوف کیا ہوا ایک آؤنس + میو - سلج اف گم - اکاشیا ۲
آؤنس + روز واٹر حسب ضرورت +

خشک چیزون کو ملالین تب اسمین میو - سلج چہوڑ کر بذریعہ روز واٹر کے ایک لگدی
بنالین اسکو ۷۲۰ قرص بین تقسیم کر کے گرم ہوا کی کوٹہری بین اوسط درجہ کی گرمی کے
اندر خشک کر لین - اسکے فی لوزین دو گرین سب نائیٹریٹ اف بسمتہہ ہوتا ہے +

خوراک - دو سے ۶ لوزن تک +

لاٹن		انگریزی
بسمتہائے - کار - بو - ناس		کار - بو - نٹ اف بسمتہہ

نسخہ - صاف بسمتہہ کے ٹکڑے ۲ آؤنس + نائیٹرک اسِڈ ۴ آؤنس + کار - بو - نٹ اف
ایمونیا ۶ آؤنس + ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت +

نائیٹرک اسِڈ کو ۳ آؤنس ڈسٹلڈ واٹر مین ملا کر تہوڑا تہوڑا بسمتہہ چہوڑین اور جب

جوش کہانا موقوف ہو جاوے تب اُسمین اِسقدر آنچ دین کہ قریب کہولنے پر ہو جاوے
بعد اِسکے عرق کو تہارہ کر جوشس دیوین جب صرف دو آونس رہ جاوے تب اُس
عرق کو تہوڑا تہوڑا کار-بونٹ اف ایمو-نیا کے سرد عرق مین چہوڑین جو دو پائنٹ
ڈسٹلڈ واٹر مین حل کیا ہوا ہوے اور اُس مرکب کو بار بار ہلاتے رہین بعد ازان کپڑے
کی فلٹر پر ڈہالدین اور جو منجمد اُس فلٹر پر ہو اُسکو ڈسٹلڈ واٹر سے تبتک دہووین
جبتک دہوون بے ذایقہ گزرنے لگے-اب ہاتہون سے اُس منجمد کو دباکر پانی نچوڑ
ڈالین اور اخیر مین ۱۵۰ درجہ کی گرمی مین خشک کرلین ❊

خاصیت-یہ ایک سفید سفوف ہوتا ہے پانی مین حل نہین ہوتا ❊

فائدہ اور استعمال-مانند سب-نا ے-ٹریٹ کے-لیکن بہ نسبت اَور مرکبات کے
بسمتہہ کا یہ مرکب زیادہ تر فائدہ مند ہے ❊

خوراک ۵ سے ۲۰ گرین تک ❊ اِسکا یہ نسخہ پائی-روسس مین مفید ہے ❊

نسخہ-کار-بونٹ اف بسمتہہ ۲ ڈرام ❊ لایٹ-کار-بو-نٹ اف مگنیشیا ایک
ڈرام ❊ گم-ٹرا-گا کانتہہ سفوف ۲۰ گرین ❊ آرنج فلاور واٹر ۲ ڈرام ❊ آرنج فلاور-
سرپ ۲ ڈرام ❊ پانی ۶ آونس ❊ سبکو ملاکر تین یا چار ڈرام کی مقدار مین کہانے
سے تین گہنٹے پہلے پلاوین ❊ کار-بونٹ اف بسمتہہ کو مار-فیا یا افیون کے ہمراہ
بہی دے سکتے ہین چنانچہ

نسخہ-کار-بو-نٹ اف بسمتہہ ۳ ڈرام ❊ میو-سلج اف ٹرا-گا کانتہہ ڈیڑہ آونس ❊
پانی-۴-آونس ❊ سبکو ملاکر بمقدار دو ڈرام کے کہانے سے پہلے تین دفعہ پلاوین ❊

لاطین ———————— ———————— انگریزی

بسمتہائی سایٹراس ———————— **سایٹریٹ اف بسمتہہ**

سب-نائیٹریٹ اف بسمتہہ کو نائیٹرک اِسڈ مین حل کرکے اُس عرق مین بائی کار-بونٹ اف

سوڈیم اور سائیٹرک ایسڈ کا عرق ملانے سے یہ مرکب تیار ہوتا ہے ✢

لائیکوار بسمتہائی اٹ ۔ ایمو ۔ نی سائے ۔ ٹرے ۔ ٹِس بنانے مین یہ مرکب کام آتا ہی ✢

کہلانا ہو تو خوراک ۲ سے ۵ گرین تک ہی ✢

یہ مرکب سفید سفوف کی طرح ہوتا ہے ۔ ایمو ۔ نیا کے عرق مین حل ہو جاتا ہے ✢

لاٹن ———— ———— انگریزی

لائیکوار بسمتہائی اٹ ایمو ۔ نیائی ———— سو ۔ لیوشن اف سائی ۔ ٹریٹ اف
سائی ۔ ٹرے ۔ ٹِس ———— بسمتہ اینڈ ایمو ۔ نیم

نسخہ ۔ سائی ٹرٹ اف بسمتہ ۔ ۸۰۰ گرین ✢ سو ۔ لیوشن اف ایمو ۔ نیا اور ڈسٹلڈ واٹر دونو کا حسب ضرورت ✢

سائی ۔ ٹرٹ اف بسمتہ مین قدرے پانی ملا کر گہونٹ کر پئی بنا لین ۔ تب اسمین ایمو ۔ نیا کا عرق تہوڑا تہوڑا ڈالتے جاوین اور ہلاتے جاوین جبتک سائے ۔ ٹریٹ اف بسمتہ حل ہو جاوے اب اسمین اسیقدر ڈسٹلڈ واٹر ملا وین جتنے مین ایک پاینٹ پورا ہو جاوے ✢

خاصیت ۔ یہ عرق بے رنگ ہوتا ہے ۔ ذایقہ نمکین اور کسیقدر کسیلا ۔ پانی مین بالکل حل ہو جاتا ہے ✢

فائدہ اور استعمال ۔ مثل سب نائے ۔ ٹریٹ اف بسمتہ کے ہے ۔ بسمتہ کے استعمال کے لیئے یہ عمدہ مرکب ہی ✢

خوراک ۔ نصف سے ایک ڈرام تک ✢

اسکا ایک مرکب ہی چنانچہ

لاٹن ———— ———— انگریزی

بسمتہائی اِٹ ایمو ۔ نیائی سائیٹراس ———— سائیٹریٹ اف بسمتہ اینڈ ایمو ۔ نی ۔ ام

۱۰۰ درجہ کی گرمی پر سو۔ لیو۔ شن اف سائیٹرٹ اف بسمتھ اینڈ امو۔ نیم کو اڑا کر گاڑھا
کر کے شیشہ کے برتن پر ڈال دین۔ خشک ہونیکے بعد جو طبق دار ٹکڑے حاصل
ہون اُنکو رکھہ چھوڑین ✣ **خوراک**۔ ۲ سے ۵ گرین تک ✣

اِنٹی۔ مٹے۔ منی و جاہات

رنگ نقرئی۔ دبائیے تو آسانی سے ٹوٹ جاتی ہے۔ کانون مین خالص نہین ہوتی
گندہک کے ہمراہ اکثر ملا کرتی ہے جسکو بلاک سل۔ فیو۔ رٹ اف اِن۔ ٹے۔ منی یعنے
سُرمہ کہتے ہین ✣

مرکبات اِنٹی۔ مٹے۔ منی۔ وجاہات

لاٹن ———— ———— انگریزی

اکسائیڈ اف اِنٹی۔ ٹے۔ منی ———— اِن۔ ٹے۔ مونیائی۔ اکسائیڈم

نسخہ۔ سو۔ لیو۔ شن اف کلورائیڈ اف انٹی۔ مونی ۱۶ آؤنس ✣ کار۔ بو۔ نیٹ اف سوڈا
۲ آؤنس ✣ پانی دو گیالن ✣ ڈِسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ✣

انٹی۔ مو۔ نیل سو۔ لیو۔ شن کو پانی مین ڈالکر خوب ہلا کر رکھہ چھوڑین تاکہ جو منجمد پیدا ہو
وہ نیچے بیٹھہ جاوے تب اوپر کے عرق کو سائی۔ فن کے ذریعہ نکالکر اُس منجمد مین
ایک گیالن پانی چھوڑ دین اور خوب ہلا دین تب اوس منجمد کو تہ نشین ہونے دین اور
پہر اوپر کے عرق کو نتہار کر اگلی طریق پر ڈِسٹلڈ واٹر چھوڑ کر اور ہلا کر منجمد کو تہ نشین
ہونے دین تب کار۔ بو۔ نٹ اف سوڈا کو دو پانیٹ پانی مین حل کر کے اُس منجمد مین
ملا کر آدہی گہنٹہ تک رہنے دین مگر بار بار ہلاتے رہین بعد ازان اُس منجمد کو کپڑے کی
فلٹر پر رکھکر کہوتے ہوئے ڈِسٹلڈ واٹر سے دہو دین جبتک نائیٹرٹ اف سلور مین
نائیٹرک ایسڈ ملا کر اُس دہون مین چھوڑنے سے کوئی منجمد نہ بنے اخیر مین اُس کو
۲۱۲ درجہ کی گرمی مین خشک کر لین ✣

خاصیت - یہ ایک سفید سفوف ہوتا ہے وہیمی سرخ آنچپر گلجاتا ہے پانی مین حل نہین ہوتا لیکن ہائیڈرو-کلورک ایسڈ مین بہت جلد حل ہو جاتا ہے +

فائدہ - تہوڑی مقدار مین ڈا-یا-فو-رٹیک اور آکس-پکٹو-رنٹ ہے اور اگر زیادہ دن تک کہایا جاوے تو آل-ٹے-رے-ٹیو اور انٹی-فلو-جسٹک ہے اور زیادہ مقدار مین اسے-ٹک +

استعمال - فیبر ربرالکاہی-ٹس اور اکیوٹ انفلامیشن اور رو-ما-ٹیزم مین دیتے ہین

خوراک - ۲ گرین سے ۵ گرین تک +

اس کا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاطین	انگریزی
پلوس-انٹی-مونی-لس	انٹی-مونیل-پاؤڈر

اسکو جیمسیز پاؤڈر بھی کہتے ہین +

نسخہ - اکسائیڈ آف انٹی-مونی ایک آؤنس + فاس-فٹ آف کیال-سیم دو آؤنس خوب طرح ملالین +

استعمال - فائدہ اسکا ڈا-یا-فو-رٹیک ہے اور اسکو بخار اکیوٹ انفلامیشن اور رو-ما-ٹیزم مین دیا کرتے ہین اکثر ہمراہ پارہ کے مرکبات کے اور ڈو-ورس پاؤڈر کے اسکو استعمال کرتے ہین + **خوراک** - ۲ گرین سے ۹ گرین تک +

لاطین	انگریزی
ٹاٹیکو-ارانٹی-مونیائی-کلورائی-ڈائی	سو-لیو-شن کلورائیڈ آف انٹی مونی

اسکو بٹر آف انٹے-منے بہی کہتے ہین +

ایک پاؤند پیو-ری-فائیڈ بلاک انٹے-منے کو چار پائنٹ ہائیڈ-رو-کلورک ایسڈ مین

آنچ ویکر حل کرین اور جب ۲ پائینٹ رہ جاویئے تب اُتار لین ✢

خاصیت - یہ عرق وزنی اور سُرخ مائیل بزردی رنگ کا ہوتا ہی ✢

فائدہ - باہر کے لئے یہ ایک تیز کاسٹک دوا ہے اور کہلانے سے نہایت تیز زہر ہوتا ہے ✢ اسکو خاصکر انٹی-مونی وہات کے اور مرکبات بنانی کے لئے استعمال کرتے ہین دوا کے طور پر نہین استعمال ہوتا ہے ✢ مگر بعض دفعہ کنسر اور زہیلے زخمون کو اِس سے جلاتے ہین ✢

لاٹن ———— ———— انگریزی

انٹی-مو-نیم-سلفیوریٹم ———— سلفیوریٹیڈ انٹی-مونی

نسخہ - پیو-ری-فائیڈ بلاک انٹی-مونی ۱۰ آؤنس ✢ سب لائیڈ سلفر-۱۰ آؤنس ✢ سو-لیو-شن اف سوڈا ساڑہی چار پائینٹ ✢ ڈائیلیوٹ سلفیورک ایٹا حسب ضرورت ڈِسٹِلڈ واٹر حسب ضرورت ✢

بلاک انٹی-مونی کو گندہک اور سو-لیوشن اف سوڈا مین ملاکر دو گہنٹہ تک جوش دیوین اور بار بار ہلاتے جاوین اور گاہی گاہے اُسمین ڈِسٹِلڈ واٹر بہی ملاتے جاوین تاکہ پانی کا وزن کم نہ ہو جاوے اور گرم رہتے اُسمین ۹ پائینٹ کہولتا ہوا ڈِسٹِلڈ واٹر ملاوین تب اوس کو کپڑے سے چہان کر قبل از سرد ہونے کے اُس مین تہوڑا تہوڑا ڈائیلیوٹ سلفیورک ایٹا ملاوین جتنک ایٹا ایفرویسنس خارج کرنا ختم نہ ہو زیادہ ملجاوی بعد ازان منجہد کو کپڑے کی چہلنی پر جمع کرکے ڈِسٹِلڈ واٹر سے دہووین جتنک دہوون مین کلورائیڈ اف بیریم ملانے سے کوئی منجمد نہ ہو اب اُسکو ۲۱۲ درجہ کی گرمی تک خشک کرکے رکہہ چہوڑین ✢

خاصیت - یہ ایک ہلکا نارنجی رنگ کا سفوف ہوتا ہے ✢

فائدہ - آل-ٹے-رے-ٹیو اور ڈائفورٹیک اور زیادہ مقدار مین امےٹک ہی ✢

استعمال۔ اسکو خاص کر آتشک کے دوسرے درجہ مین اور گلٹیون کے بڑھجانے مین اور جگر کی پرانی بیماریون مین دیا کرتے ہین۔ مگر تنہا اسکا استعمال بہت کم کرتے ہین۔ یہ مرکب پلمرس پلس مین پڑتا ہے۔ خوراک ایک گرین سے ۵ گرین تک ◆

لاطن ———————— انگریزی

انٹی۔ مونیئم۔ ٹار۔ ٹریٹم ———————— ٹار۔ ٹرٹیٹڈ۔ انٹی۔ مونی

اسکو ٹار ٹار امے ٹک بھی بولتے ہین ◆

نسخہ۔ آکسائیڈ اف انٹی۔ مونی ۵ آؤنس ◆ اسٹ ٹار۔ ٹریٹ اف پوٹاش باریک سفوف کیا ہوا چھ آؤنس ◆ ڈسٹلڈ واٹر۔ دو پائینٹ ◆

آکسائیڈ اف انٹی۔ مونی اور اسٹ ٹار ٹریٹ اف پوٹاش مین اسقدر پانی ملاوین کہ جتنے مین ایک لئی سی بنجاوے تب اُسکو ۲۴ گھنٹے تک رکھا چھوڑین بعد ازان اُسمین باقی پانی ملاکر چوتہائی گھنٹہ تک جوش دیوین اور بار بار ہلاتے جاوین بعد ازان چھانکر اُس صاف عرق کو رکھہ دین تاکہ قلمین بنجاوین اور جو عرق باقی رہے اُسکو اُڑا دین اور جب ایک تہائی باقی رہے تب اُسکو رکھہ چھوڑین تاکہ اور بھی قلمین پیدا ہون تب اون قلمون کو جسقدر گرمی ہوا کی ہو اُسقدر گرمی مین فلٹرنگ پے۔ پر پر خشک کرلین ◆

خاصیت۔ اسکی قلمین بے رنگ اور شفاف ہوتی ہین پانی مین حل ہو جاتی ہین مگر پروف اسپرٹ مین کم ◆

اثر فائدہ اور استعمال۔ جب یہ دوا باہر لگائی جاتی ہے تب دانے مثل پیش۔ ٹیول کے (دیکھو طب رحیمی) پیدا ہوتے ہین اور فائدہ کاؤن۔ ٹر اری۔ ٹنٹ ہوتا ہے مگر یہ کاؤن۔ ٹر۔ اری۔ ٹیشنٹ اثر ایسا بے ٹھکانے ہوتا ہے

اور اِسکے دانون کے داغ چونکہ مرض کے مقام پر رہ جاتے ہین اسواسطے اِس
دوا کو کاون ۔ٹر۔ اِر ہی۔ ٹنٹ کے طور پر کم استعمال مین لاتے ہین ٭
جب یہ دوا زیادہ مقدار مین کہائی جاتی ہے تب اثر اِسکا نہایت تیز زہرونکا
سا ہوتا ہے یعنی معدہ اور رودون مین انفلامیشن ہو جاتا ہے اور مریض نہایت
نڈہال ہو جاتا ہے اور چونکہ اثر اِسکا نخاع پر ہوتا ہے تو اعصاب حسی اور محرکہ دونو
مفلوج ہو جاتے ہین + جب اِس مرکب کا استعمال دوا کے طور پر کیا جاتا ہی تب
بموجب اِسکی خوراک کی مقدار کے اِسکے اثر مین اختلاف پایا جاتا ہے مثلاً ایک
گرین کے بارہوین سے چھٹے حصہ تک یہ دوا کہلائی جاتی ہے تب اثر اِسکا آل۔
ٹے۔ رے۔ ٹیو ہوتا ہے۔ اِسصورت مین اِسکی کوئی بہی خاص علامت نہین
پیدا ہوتی بلکہ گویا کہ در پردہ یہ دوا مرض کے اثر کو بدل دیتی ہی جیسے کسی خاص
مقام کے انفلامیشن مین اکثر دیکہا جاتا ہے + جب ایک گرین کے چھٹے حصہ کے
مقدار مین یہ دوا کہلائی جاتی ہے تب اثر اِسکا ڈا۔ یا۔ فو۔ رے۔ ٹک ہوتا ہے
یعنے یہ دوا جلد کے پسینہ پیدا کرنیوالی غدودون کے اعصاب پر اپنا اثر پیدا کر کے
پسینہ لاتی ہے اور اِسی پسینے کے ذریعہ جسم سے تہوڑی بہت خارج بہی ہو جاتی ہے۔
علاوہ ازین اُسی مقدار کے استعمال سے ہوا کی نالیون سے بلغم بہی زیادہ
پیدا ہوتا ہے یعنی تب یہ دوا اکس۔ پک۔ تو۔ رنٹ اثر پیدا کرتی ہے۔ جب
یہ دوا چوتہائی سے نصف گرین تک کہلائی جاتی ہے تب جی متلاتا ہے اور
دل کی حرکت گہٹ جاتی ہے نبض سست اور کمزور ہو جاتی ہے۔ شرائین ڈہیلی
ہو جاتی ہین اور تب جسم کے کُل عضلاتی ریشے بہی ڈہیلے ہو جاتے ہین یعنے اُسوقت
اِس دوا کا اثر سے۔ ڈی۔ ٹیو ہوتا ہے اگر اِسی مقدار کو پہر کہلا دین یا یہ دوا
ایک سے تین گرین تک کہلائی جاوے تب قئے آتی ہی اور دل کی حرکت بہت

ہی گھٹ جاتی ہے اور نبض بھی نہایت سُست اور کمزور ہوجاتی ہے اور سانس کی
حرکتین بہت سست ہوجاتی ہین یعنے اُسوقت اِس دوا کا اثر اِمے-ٹک ہوتا ہے *
اور یاد رہے کہ چاہے یہ دوا کھلائی جاوے چاہے اِسکی پچکاری کسی ورید کے اندر
کیجاوے دونو صورتونمین اِس سے قے آسکتی ہے اور تجربہ سے یہ بات ثابت
ہے کہ اِمے-ٹک اثر اِس دوا کا اِس طور سے پیدا ہوتا ہے کہ اِسکے استعمال سے
نیو-مو-گِیش-ٹرِک نرؤ کے انتہائی شاخون مین خراش پیدا ہوکر منعکس حرکت
شروع ہوجاتی ہے اور قے آنے لگتی ہے *

استعمال- بخارون مین کہ جب جسم گرم اور خشک ہوتا ہے یہ دوا پسینہ لانے کے لئے
ڈا-یا-فو-رے-ٹِک کے طور پر دیجاتی ہے اور برانکائی-ٹِس کی بیماری
مین کہ جب بلغم گاڑھا اور لیسدار رہتا ہے اِس دوا کو اِکش-پِک-ٹو-رنٹ کے
طور پر دیتے ہین * اکیوٹ انفلامیشن کی بیماریون مین جیسے نیو-مو-نیا (ذات الریہ)
اور پلو-رائی-ٹِس (ذات الجنب) کہ جب نبض نہایت پر اور سخت ہو اور دل
بشدت دھڑکتا ہو اور بخار بھی تیز ہو تب یہ دوا بطور کار-ڈِیاک سے-ڈِی-ٹِو
(مضعف دل) نہایت مفید پڑتی ہے اور حنجرہ کے شدید انفلامیشن کی بیماریون
مین تو یہ دوا کار اکسیر کا کرتی ہے خاصکر کروپ اور لا-رنگس کے انفلامیشن مین
کیونکہ اِن صورتونمین اِس دوا کے استعمال سے تشنج کم ہوجاتا ہے بخار کو تخفیف
ہوجاتی ہے اور مرض کا زور صاف ٹرک جاتا ہے- غرض اِس دوا سے چونکہ اِیسی
اکیوٹ انفلامیشن کی بیماریون کو فائدہ ہوتا ہے اِسواسطے اِس کو اصطلاح مین
اِن-فلے-مو-جِسٹک کہتے ہین یعنے دافع انفلامیشن اور یہ قرین قیاس
ہے کہ اِس دوا کے استعمال سے انفلامیشن کی بیماریان اِسواسطے رفع ہوجاتی ہین
کہ دل کی حرکت سست ہوجاتی-دم کی حرکتون کا تواتر کم ہوجاتا ہے اور شراہین ڈھیلی

ہو جاتی ہین +

بچون کے برانکائی ٹِس مین اِس سے بڑھ کر کوئی اَور دوا نہین ہی - لیکن بیماری جب بڑھ جاوے اور بچہ کمزور ہو جاوے تب اِس دوا کو نہ دینا چاہیے کیونکہ اِسسے کمزوری ہو جاتی ہی - سابق مین ٹار - ٹار امے ٹِک کو ڈِس - لو - کے - شن اور ہر - نیا کے چڑھانے مین بہت استعمال کرتے تہے کیونکہ اِسکے استعمال سے عضلات ڈہیلے ہو جاتے ہین لیکن اب کلورا - فارم کے ایجاد ہونے سے یہ دوا متروک ہوگئی ہے - پہر بہی فم رحم جب سخت ہو جاتا ہے تو اُس کے پہیلانے کے لئے ٹار ٹار - امے ٹِک کہلایا کرتے ہین اور سائی - نو - وائی - ٹِس مین بہی یہ دوا مفید ہی +

بعض بیمار دن کو اِس دوا کی بہت برداشت ہوتی ہے +

زہر کا علاج - اِس - ٹمک پنپ سی معدہ کو دہو کر ٹانک اِسڈ کا استعمال خوب طرح کرین اور جو ٹانِک اسِڈ یا وہ دوائین جنمین ٹانک اِسڈ ہوتا ہے پاس نہون تو چاہ کا خیسانده پلاوین بعد ازان ہلکی اسٹی - میو - لنٹ ادویات کا استعمال کرین +

خارجی استعمال - اِس دوا کا بطور مرہم کے کیا جاتا ہے چنانچہ جب یہ مرہم جلد پر ملا جاتا ہی تب اُسمین خراش ہو کر ایک قسم کے دانے پیدا ہو جاتے ہین - ترکیب اِس مرہم کی مالش کی یہ ہے کہ قریب ایک ڈرام کے لیکر جلد پر مالش کرین - دوسری یا تیسرے دن دانے پیدا ہو جاتے ہین - خاصکر سل کی بیماری مین اِسکی مالش ہنسلی کی ہڈی کے نیچے بطور کاؤن - ٹر - اری - ٹینٹ کرتے ہین +

خوراک اور ترکیب استعمال - خشک ٹار - ٹار اِمے ٹِک کی خوراک بطور ڈا - یا - فو - ریے ٹِک اور اکِس - پک - ٹورنٹ ایک گرین کے بارہوین سے چھٹے حصہ تک + نا - شی - انٹ دجی متلانے والے) اور سے - ڈی - ٹیو چوتہائی گرین سے نصف گرین تک اور امے - ٹِک کے طور پر ایک سی ۲ گرین تک اور انٹی - فلو جِسٹک

نصف سے ایک بلکہ تین یا چار گرین تک بہی دی سکتے ہین - مگر یہ دوا خشک بہت
کم استعمال ہین آتی ہے + بعض دفعہ اسکا ایک گرین ہمراہ دس یا پندرہ گرین
اپے - کاک کے قے لانے کے لئے دیا کرتے ہین - لیکن اس دوا کو عرق کے طور پر
اکثر استعمال کرتے ہین جیسے انٹے - مو - نی - ال وائین + پانی ہین حل کر کے دینا
ہو تو کسی شیشہ کے برتن ہین کہولتے ہوے آب گرم ہین حل کرنا چاہئے + باہر
لگانا ہو تو اسکا لے - نی - منٹ یا مرہم استعمال ہین لانا چاہئے اور پانی ہین حل کر کے
بہی اس کی مالش کرتے ہین مثلاً ساٹھہ گرین ٹار - ٹار - امے - ٹک لیکر ڈیڑہ آونس
کہولتے ہوے آب گرم ہین حل کر کے جبتک سرد نہ ہوے عرق کو ٹہیرنے دین بہ نسبت
مرہم کے اس عرق کی مالش بہتر ہوتی ہے کیونکہ اس سے درد بہت کم ہوتا ہے اور
کپڑے بہی نہین میلے ہوتے ایک اور طور اسکے استعمال کرنے کا یہ بہی ہے کہ اسے
۲ گرین تک اسکا لیکر خوب باریک پیسکر برگن - ڈی پچ پلاسٹر پر چہڑک کر لگاتے ہین

ناقضات - گیالک اسڈ اور ٹانک اسڈ + کل الکلی دوائین اور سیسکے مرکبات +
نباتی کسیلی دواؤن کے انفیوژن جیسے سنکونا روبرب وغیرہ +

مانعات - اس دوا کو دماغ کی بیماریان اور پے - ری - ٹو - نائی - ٹس ہین نہ کہلانا
چاہئے + اور زہر ہین بہی نہ دینا چاہئے +

اس کے دو مرکب ہین

لاٹن	انگریزی
وائی - نم - انٹر - مونئی - لی	انٹے - مو - نیل وائین

نسخہ - ٹار - ٹرٹیڈ - انٹے - مونی - ۴ گرین + شیری شراب ایک پانیٹ + حل
کرلین - اس کے ایک آونس ہین دو گرین ٹار - ٹار امے - ٹک ہوتا ہے
اور ایک ڈرام ہین چوتہائی گرین +

خوراک - ٹادیا - فو - ری - ٹکٹ ۱۰ بوند سے ۳۰ بوند تک - ناشٹنیٹ ایک ڈرام سے ۲ دو ڈرام تک - اِسے ٹکٹ آدہی آؤنس سے ایک آؤنس تک +

لاٹن		انگریزی
انگوانیٹم - اینٹی - مونیائی - ٹار - ٹرے - ٹائی	——	اینیٹ منٹ اف ٹار - ٹرٹیٹڈ انٹی مونی

نسخہ - ٹار - ٹرٹیٹڈ انٹی - مونی باریک سفوف کیا ہوا چوتہائی آؤنس + سمپل - اینٹ منٹ ایک آؤنس + خوبطرح ملالین + اسکو کاونٹر - اری - ٹنٹ کے طور پر سُششش کے مرضون مین چہاتی پر اور پُرانی جوڑون کی بیماریون پر مالش کرتے ہین جس سے اُس جگہہ دانے پیدا ہو جاتے ہین - مگر یاد رہے کہ اُسکو صحیح جلد پر ملنا چاہئے - پس جونکون کے ڈنگ اور کپنگ کے زخمون یا کسی اَور قسم کے زخمون کی جگہہ پر نہ ملنا چاہئے ورنہ سخت انفلامیشن پیدا ہو جائیگا بلکہ وہان پر گندہ زخم بہی پیدا ہو جا سکتا ہی + ایک دفعہ مین اکثر ایک ڈرام ملا کرتے ...

لاٹن		انگریزی
انٹی - مونیم - نائیگرم پیو - ری - فی - کے - ٹم	——	پیو - ری - فائیڈ بلاک انٹی - مونی

یہ ایک معدنی چیز ہی جسکو گلا کر صاف کرکے باریک پیس لیتے ہین +

خاصیت - یہ ایک سیاہ اور کسیقدر سُرمی رنگ کا سفوف ہوتا ہی کہولتے ہوے ہائیڈرو - کلورک ایسڈ مین قریب سارے کا سارا حل ہو جاتا ہے - یہ مرکب صرف سلیفیو - رے - ٹڈ ہائیڈروجن اور سلیفیورٹ اف انٹے - منے اور سو - لیو - شن اور کلورائیڈ اف اینٹے منے بنانے مین کام آتا ہے +

ہائیڈ۔ڈرارجی۔رم
یعنی
سیماب

اِس دہات کو انگریزی مین مرکری کہتے ہین ۔ یہ دہات سیال اور خوب چمکدار ہوتا ہے آگ پر رکہنے نجار بنکر اُڑجاتا ہے ۔

عام اثر سیماب کا۔ کچا پارا زیادہ مقدار مین اگر پلایا جاوے تو اپنے وزن کے سبب سے رودون کے اندر جو کچہہ ہوتا ہے اُسکو ڈہکیلتا ہوا مبرز کے راہ خارج ہوجاتا ہے یعنو دست لاتا ہے لیکن کوئی حصّہ اُس پارے کا رودون کے خمل مین اِسقدر دیر تک پہنسا رہتا ہے کہ جس سے امعا کی رطوبتون کا اثر اُسپر پہنچ جاوے اور وہ حصّہ پارے کا حل ہوکر خون مین جذب ہوجاوے تو کُل علامات سیماب کی خون مین جذب ہوجانے کی پیدا کر دیگا ۔ پارے کا بخار سونگہا جاوے تو بہی وہی علامتین پیدا ہوجائینگی ۔ جب سیماب کا کوئی مرکب نہایت تہوڑی تہوڑی مقدار مین تہوڑے عرصہ تک کہلایا جاتا ہے تب خون کے سُرخ کیسون کی تعداد بڑہ جاتی ہے۔ خون کیحالت بہتر ہوجاتی ہے اور جسم کا وزن بہی بڑہ جاتا ہے چنانچہ جب گہریلو جانورون کو سیماب تہوڑی تہوڑی مقدار مین تہوڑے عرصہ کے لئے کہلایا جاتا ہے تب وہ فربہ اور توانا ہوجاتے ہین ۔ لیکن جب وہی تہوڑی مقدار کچہہ عرصہ دراز تک کہلائی جاتی ہے یا جب سیماب ذرہ زیادہ تعداد مین کہلایا جاتا ہے تب خون کا فائی۔ برین اور اُسکے سُرخ کیسے بہی کم ہونے لگتے ہین اور خون مین ردی مادون کی زیادتی ہوجاتی ہے۔ دہن کا ذائقہ پیتل کا سا ہوجاتا ہے۔ مسوڑہے پہول جاتے ہین اور اُن کے کنارون پہ ایک نیلا خط پیدا ہوجاتا ہے۔ دانت درد کرنے لگتے ہین تہوک زیا پیدا ہوتا اور

تنفس سے بدبو آنے لگتی ہے۔ اب مسوڑہون پر زخم پیدا ہونے لگتے ہین تہوک
پیدا کرنے والے غدود بڑہنے لگتے ہین اور سیماب جون جون جسم سے خارج ہونے
لگتا ہے جسم کے کُل غدودی نظام مین تحریک پیدا کر دیتا ہے کیونکہ انہین غدودون
کے ذریعہ پارا جسم سے خارج ہو جاتا ہے۔ پس بیرونی سطح جلد کے غدودون کی تحریک
کے سبب پسینہ زیادہ آتا ہے اور دہن کے غدودون کی تحریک کے سبب تہوک
زیادہ پیدا ہوتا اور روُدونکے غدودون کی تحریک کے باعث دست آتے ہین اور گردون
کے ذریعہ بہی سیماب جسم سے خارج ہوتا ہے تب اُنکو تحریک ہوتی ہے اور
پیشاب کثرت سے آتا ہے۔ علاوہ ازین سیماب کا اثر بد اعصاب پر یہ پیدا ہوتا
ہے کہ مریض کے ہاتہہ پاؤن کانپنے لگتے ہین اور بیمار لاغر ہو کر نہایت نڈہال ہو جاتا ہے
اور اُسی حالت ضعف مین راہی ملک عدم کا ہو جاتا ہے +

پارے کا کوئی بہی مرکب تہوڑی مقدار مین جب عرصہ دراز تک کہلایا جاتا ہے
تب وہی علامتین پیدا ہوتی ہین جنکا ذکر اوپر کیا گیا +

کیا۔ لو۔ مل اور مرکری وِد تہہ چاک اور بلو۔ پل سیماب کے ہلکے مرکبات مین سے ہین اور
جب پارہ کا اثر جسم مین پیدا کرنا ہوتا ہے تب اُنہین مرکبات کا استعمال کرتے
ہین + ریڈ۔ آئیوڈائیڈ اور کروسیو۔ سبلی۔ میٹ نہایت تیز مرکبات سیماب کے
ہین۔ اِنکا استعمال کم ہوا کرتا ہے +

سیماب کے مرکبات معدہ اور رودون مین حل ہو کر ال۔ بیو۔ مے۔ نٹ کی شکل بنکر
خون مین منجذب ہو جاتے ہین اور خاصکر دہن کے غدودون کے ذریعہ جسم سے
خارج ہو جاتے ہین اور ایسا قیاس کرتے ہین کہ بلبلہ پر بہی اِنکا اثر ہوتا ہے +
بہتون کا خیال اس دوا کی نسبت ایسا ہے کہ سیماب کا اثر جسم پر نہایت بُرا ہوتا
ہے مگر یہ خیال اُنکے دلونمین اسوجہ سے پیدا ہوا کہ اپنے بیمارون کو حد سے زیادہ

سیماب کہلایا کیونکہ تجربات وسیع سے اب ہم جان گئے کہ بیماری کے علاج مین اسقدر سیماب کے استعمال کرنے کی کچھہ بہی ضرورت نہین ہی کہ جس سے وہ خوفناک علامتین پیدا ہون جنکا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔ اور یہ تو ظاہر ہے کہ جن کو بچون کے علاج مین دست رس زیادہ ہے وہ اس بات کو خوب جانتے ہین کہ بچون کو جب کچھہ عرصہ دراز تک بہی سیماب احتیاط سے کہلایا جاتا ہے تب وہ فربہ ہو جاتے ہین اور حالت اُنکی بہتر ہو جاتی ہے *

سیماب اِن مطالب کے لئے اکثر کہلایا جاتا ہے کہ اول شدید انفلامیشن کے روکنے کے لئے۔ دوم انفلامیشن کے سبب سے جو مادے پیدا ہوتے ہین اُن کے جذب کرنے کے لئے۔ سوم آتشک کے زہر کو زایل کرنے کے لئے۔ علاوہ ازین بہتیری اَور بیماریون کے علاج مین بہی سیماب کا استعمال کرتے ہین * مثلاً بچونکا اسہال اور قئے سیماب کی تہوڑی تہوڑی مقدارین استعمال کرنے سے اکثر رُک جاتی ہے چنانچہ کیا۔لو۔مل ایک گرین کا دسوان حصہ گہنٹہ گہنٹہ بعد کہلانا چاہئے۔ اور زیادہ شراب کے پینے اور گوشت کی غذا کرنے سے جو صفرا کا غلبہ ہو جاتا ہے جسکو بے۔لے۔آس۔نِس کہتے ہین زیادہ مقدارین کیا۔لو۔مل یا بلو۔پل کے استعمال سے اِسکو آرام آجاتا ہے کیونکہ رودون سے فاسد مادہ خارج ہو جاتا ہے اور جگر سے اجتماع خونکا رفع ہو کر اُس غلبۂ صفرا کو تخفیف ہو جاتی ہے *

جگر پر کیا۔لو۔مل کا اثر کس قسم کا ہوتا ہے اِسباب مین ابتک بحث چلی آتی ہے مگر حال کے تجربون سے یہ ثابت ہے کہ اِس صورت مین اگرچہ کیا۔لو۔مل کے استعمال سے دست آتے ہین مگر وہ دست اِس سبب سے نہین آتے کہ کیا۔لو۔مل جگر کو زیادہ صفرا پیدا کرنے کی تحریک دیتا ہے بلکہ ڈیو۔ڈی۔نم یعنے معا اثنا عشر

کو اِس کیا۔ لو۔مل سے خراش ہوتی ہے اور اُس خراش کے باعث صفرا ایسی جلد نیچے کے رودون مین بہ جاتا ہے کہ امعا کی رگون کو اُسکے جذب کرنے کی فرصت نہین ملتی ٭

پس یاد رہے کہ کیا۔لو۔مل کے کسی ایک خوراک کے کہانے سے دوران خون مین بہ نسبت معمولی حالت کے صفرا کم ہوتا ہے کیونکہ اِس مقدار سے کہلکر دست آجاتے ہین اور جگر کے صفرا کو خون مین منجذب ہو جانے کا وقت نہین ملتا ٭

بجز آئی۔سائی۔ٹس کے اکیوٹ انفلامیشن مین اب بہت کم طبیب سیماب کا استعمال کرتے ہین اور سیرم کے جذب کرنے کے لئے بہی پارے کا استعمال شاذ ہی کیا کرتے ہین اگرچہ بعض طبیب مے۔نن۔جا ئی۔ٹِش (دماغ کے پردون کا انفلامیشن) مین سیماب کو مفید سمجھتے ہین اور اُس مرض کے سبب کاسہ سر مین جو پانی پیدا ہوتا ہے اُسکے جذب کرنے کے لئے پارے کا استعمال بتلاتے ہین ٭

سیماب کا اثر آتشک مین ۔ اِس امر مین بھی بعض طبیب شک کرتے ہین کہ سیماب آتشک مین مفید نہین پڑتا لیکن بڑے بڑے طبیبون کا اِس بات پر اتفاق ہے کہ سیماب آتشک کے زہر کا فادہے اور اِسکے استعمال سے زہر مذکور زائل ہو جاتا ہے اور ڈاکٹر ہچن۔سن ایک بڑے تجربہ کار طبیب اپنی کتاب مین فرماتے ہین کہ سخت شنکر کے ابتدا مین اگر پارے کا استعمال کیا جاوے تو بیماری کے دوسرے درجہ کی علامتین پیدا نہین ہونے پاتین اور پیدا ہو بھی جاوین تو اُن صورتون کی نسبت بہت ہی خفیف ہوتی ہین کہ جنمین پارے کا استعمال نہین کیا جاتا ٭

لیکن یاد رہے کہ ملایم شنکر پر سیماب کا اثر کچھہ بھی نہین ہوتا بلکہ استعمال کیا جاے مضر پڑتا ہے اور یہ کہ سخت قسم کے شنکر مین جہانتک ممکن ہو بیماری کے عین ابتدا ہی سے سیماب کا استعمال کرنا چاہئے اور جبتک زخم کی کرختگی دور نہو جاے

برابر جاری رکھنا چاہئے لیکن ہان اِسقدر زیادہ نہ کہلانا چاہئے جس سے مُنہہ آجاے
اور وہ بُری علامتین سیماب کے اثر کی پیدا ہو جایئن جنکا ذکر اِس مضمون کے
ابتدا مین کیا گیا ہے بلکہ مرکبات کا استعمال تہوڑی تہوڑی مقدار مین استقامت
کے ساتھہ کرنا چاہئے جیسے کیا - لو - مل اور گرے - پاؤڈر یا گرین - آیوڈائیڈ اف مرکری
غرض ایسے مرکبات کا استعمال کرنا چاہئے اور جب دیکہین کہ مسوڑے سُرخ ہو گئے
ہین اور لعاب دہن زیادہ پیدا ہوتا ہے تب فوراً موقوف کر دینا چاہئے مثلاً ایک
گرین کیا - لو - مل ہمراہ چوتہائی گرین افیون کے یا ایک گرین بلو - پل یا گرے - پاؤڈر
صبح و شام کہلاوین نہین تو ایک گرین کا بارہوان حصہ کرو - سیو - سب - لی - مٹ
دنمین دو دفعہ کہلادین یا ۵ گرین پلمرس پلس دنمین تین دفعہ استعمال کرین *
کہلانے سے سیماب کا اثر جسم پر پیدا نہو تو اُسکی مالش کرنی چاہئے مثلاً نصف ڈرام
مرہم سیماب کی مالش بغل یا رانون کے اندر کیجانب پر صبح و شام کرنی چاہئے - اِس سے
بعض دفعہ مرض اِگ - زی - ما کے دانے پیدا ہو جاتے ہین اور بیمار کو تکلیف ہوتی
ہے اور پارے کا بہپارا (فیو - می - گے - شن) دیتے ہین مثلاً بیمار کو کُرسی
مین بٹہا کر مرغی کے دڑبے کے طور کا بانس کی کہپچیون کا ایک ڈہانچا اتنے
اِتنے گہیر کا بنا دین کہ جس سے اِسکے نیچے کا کنارا کُرسی کے ارد گرد سے کوئی
فٹ یا ڈیڑہ فٹ فرق رہے اور اونچا اِسقدر ہو کہ بیمار کے کُرسی پر بیٹہے رہنے
کی حالت مین اُسکی گردن سے لیکر زمین تک آسکے - غرض مریض کو کرسی پر بٹہا کر
بانس کے دڑبے کو اُسپر ٹہا دین - اِس سے سر بیمار کا دڑبے سے باہر ہوتا ہے
اب اُس دڑبے کے چارون طرف کئی کمبل لپیٹ دین - جب یہ سب کچھہ ہو لے تب
اسپرٹ لمپ پر ٹین یا لوہے کا پترا رکھکر اُسپر تہوڑا سا کیا - لو - مل چہڑک دین
اِسکے کرنے سے سیماب کا بخار اُڑکر بیمار کے جسم مین نفوذ کر کے اپنا اثر پیدا کریگا *

جب پہلے ہی علامت پارے کی جسم مین سرایت کرجانے کی ظاہر ہو تب یا تو مقدار سیماب کی کم کردین یا چند روز کے لئے اِسکا استعمال ملتوی رکھین *
بعض طبیب ایسا قیاس کرتے ہین کہ آتشک کے دوسرے درجہ کو سیماب بالکل فائدہ نہین بخشتا - یہ اُنکی غلطی ہے - فائدہ ضرور بخشتا ہے لیکن بعض دفعہ اِسکی مداومت دو بلکہ تین سال تک کرنی پڑتی ہے اور تب آتشک کا زہر زائل ہو جاتا ہے *
جن بچون کے جسم مین پیدایش ہی سے آتشک کا زہر ہوتا ہے اُنکو گرے پاوڈر سے بڑا فائدہ ہوتا ہے مگر یہ مرکب حال کا بنا ہوا ہو کیونکہ دیر کا بنا ہوا جب ہوتا ہے تب اِسکے کھانے سے قے ہونے لگتی ہے - اِسکا ذکر خاص اس مرکب کے ضمن مین آئیگا *
آتشک کے زہریلے بچے باوجودیکہ نہایت لاغر اور کمزور ہوتے ہین تاہم اُنکو اِس مرکب کی بہت ہی برداشت ہوتی ہے چنانچہ تین سال کے بچہ کو تین دن تک دن مین تین دفعہ نصف گرین گرے - پاوڈر دینا چاہئے اور بعد اِس مدت کے نصف گرین ہر رات کو جبتک صورت شفا کی نظر نہ آوے کھلانا چاہئے * اِسسے اگر افاقہ نہو تو کاہے گا ہے قدرے سے مرہم سیماب کی بھی مالش کرنی چاہئے *

اشارات - پارا کھلا کر مُنہہ لانا ہو تو اِسکو افیون کے ہمراہ کھلا دین تاکہ دستون کے ذریعہ نکل نہ جاوے اور کوئی شئے تُرش یا ایسی نہ کھلا دین جس سے دست آوین * مریضکو سردی سے بچانا چاہئے اور بھیگنا نہ چاہئے *

مانعات - مرض اسکرا - فیولا تہائی - سِل طحال اور گُردے کے مرضونمین اور کمزوری اور نانے - میا مین پارا نہ کھلانا چاہئے اور اس صورت مین بھی پارہ کا استعمال نہ کرنا چاہئے جب جسم مین کوئی بڑا سا گندہ زخم ہو *

مرکبات سیماب

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

ہائیڈرار-جی-رم-کم-کرہ ٹیا ——————— مرکیوری اینڈ چاک

اسکو گرے - پاؤڈر بھی کہتے ہین *

نسخہ - سیماب وزن کیا ہوا ایک آونس * پری - پیارڈ - چاک دو آونس *
پارا اور کہڑیا مٹی کو ایک چینی کے کھرل مین پیسین جبتک دانے آنکھون سے دکھلائی نہ دین اور اُس مرکب کا رنگ بیگنی ہو جائے -

فائدہ ایک ہلکا مرکب ہے فائدہ لکسیٹو - کو - لوگاگ اور الٹریٹو اور سبب ہونے کھڑیا مٹی کے انٹاسڈ * یاد رکھو کہ جب یہ مرکب بہت پرانا ہو جاتا ہے یا بے احتیاطی سے تیار کیا جاتا ہے تب اسمین ریڈ اکسائیڈ اف مرکیوری بنجاتا ہے غرض جب اس قسم کا مرکب بچون کو کہلایا جاتا ہے تو شدت سے قے ہوتی ہے *

استعمال اسکو آتشک اسکرافیولا ڈس - پپ - شیا اور جگر کی بیماریون مین دیا کرتے ہین *

خوراک - بچون کو تین گرین سے ۵ گرین تک اور جوانون کو ۵ گرین سے ۲۰ گرین تک * اس مرکب کے ۳ گرین مین ایک گرین پارا ہوتا ہے *

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

پی - لو - لا - ہائیڈرار - جے - رائی ——————— مرکیوریل پل

اسکو بلو - پل بھی کہتے ہین *

نسخہ - کن - فک - شن اف - رو - زیز - ۳ - آونس * مرکری وزن کیا ہوا دو آونس * لکورس - روٹ باریک سفوف کیا ہوا - ایک آونس * پارے کو گلقند

لے - ٹی - منٹم اف کمفر ایک آونس *

وہیمی آیچیر اینٹ منٹ اف مرکری اور لے - ٹی - منٹ اف کمفر کو گلادین بعد اُسکے اس مین تہوڑا تہوڑا سو - لیوشن اف ایمو - نیا ڈالکر سبکو ملا کر ملا ڈالین *

فائدہ اِری - ٹنٹ اور الٹرے ٹیٹو *

استعمال - پُرانی رسولی اور جوڑون کے مرضونمین اِسکی مالش کرتے ہین - اِسکے تین حصہ مین ایک حصہ مرہم یا چہہ حصہ مین ایک حصہ پارا ہوتا ہے *

لاٹن ———————— انگریزی

امپلاسٹرم - ہائیڈرارا - جرائی ———————— مرکیوریئل پلاسٹر

نسخہ - پارا ۳ - آونس * ایوائیل ۵۶ گرین * سبلائیمڈ سلفر ۸ گرین * لڈ پلاسٹر چہہ آونس *

روغن کو آنچ دیکر اُسمین تہوڑا تہوڑا سلفر ملا کر دونو کو خوب ملالین بعد ازان اُسمین پارا ملا کر رگڑین جبتک اُسکے دانے نظر نہ آوین تب اُس مرکب مین لڈ پلاسٹر گہلا کر ڈالدیں اور سبکو خوب طرح ملادین *

فائدہ اور استعمال - الٹرے ٹیٹو کے طور پر گلیٹون کے بڑہ جانے اور جگر کے مرضون مین اِسکو لگایا کرتے ہین - اِسکے ۳ حصہ مین ایک حصہ سیماب ہوتا ہے *

لاٹن ———————— انگریزی

امپلاسٹرم ایمونئی - سائی کم ہائیڈراجی رو ———— ایمونیک اینڈ مرکیوریئل پلاسٹر

نسخہ - ایمونیاک ۱۲ - آونس * پارا ۳ - آونس * ایوائیل ۵۶ گرین * سبلائیمڈ سلفر ۸ گرین * روغن کو گرم کرکے اُسمین آہستہ آہستہ سلفر چہوڑکر خوب گہوٹین تاکہ ملجاوے تب اِس مرکب کے ساتہہ پارا رگڑین جبتک اُسکے دانے نظر نہ آوین بعد اُسکے ایمو - نیاک گلا کر اُسمین ڈالدین اور تب سبکو خوب طرح ملالین *

فائدہ اور استعمال مانند اوپر کے مرکب کے لیکن بہ نسبت اُسکے یہ زیادہ تر تیز ہے اِسکے ۵ حصہ مین قریب ایک حصہ سیماب ہوتا ہے ⁂

لاٹین ———— ———— انگریزی

ہائیڈرار - جرائی - اکسائیڈم - روبرم ———— ریڈ - اکسائیڈ اف مرکری

نسخہ - مرکری وزن کیا ہوا ۱۰ آونس ⁂ نائیٹرک اِسڈ ساڑھے چار آونس ⁂ پانی دو آونس ⁂

نائیٹرک اِسڈ مین پانی ملاکر آدھے پارے کو گلا لین تب اُس عرق کو اُڑا کر خشک کرین اور جو خشک نمک حاصل ہو اُسکے ساتھ باقی پارہ ملا کر تبتک دونو خوب ملجاوین تب اُس مرکب کو ایک چینی کے برتن مین پکاوین اور بار بار ہلاوین جبتک ترش دہوئہ اُس اُڑنا موقوف ہوجاوے اور جب سرد ہوجاوے تب بوتل مین بند کردین ⁂

خاصیت - یہ نارنجی رنگ کا سفوف ہوتا ہے - ہائیڈرو - کلورک اِسڈ مین جلد حل ہوجاتا ہے ⁂

فائدہ باہر کے لئے کاسٹک اور ارہی - ٹنٹ ہی کہلانے سے بہت عمدہ اثر پیدا کرتا ہے اور سایا - لو - گا گ ہی - لیکن اِسکو اکثر آتشک کے زخمون پر باہر ہی لگایا کرتے ہین **خوراک** - چوتہائی گرین سے ایک گرین تک بطور گولی کے افیون کے ہمراہ دیتے ہین ⁂

اِسکا ایک مرکب ہی

لاٹین ———— ———— انگریزی

انگمنٹ - ہائیڈرار - جرائی اکسائیڈائی روبری ———— انیٹ مینٹ اف ریڈ اکسائیڈ اف مرکری

نسخہ - ریڈ اکسائیڈ الف مرکری خوب باریک سفوف کیا ہوا ۶۲ گرین ⁂ ہارڈ - پے - را - فائین ½ آونس ⁂ سا - فٹ پے - را - فائین ½ آونس ⁂

دو تولے - را - فائین کو پگہلا دین اور جب سرد ہوکر گاڑہا ہونے لگے تب اکسائیڈ اف مرکری ڈالکر سارے کو خوب ملا ڈالین - اِسکے ۸ حصہ مین ایک حصہ سیماب ہوتا ہے *

فائدہ اور استعمال - اِسکو شست زخمون پر اور گرانیولر لِڈ اف تہالمیا مین لگایا کرتے ہین *

لاٹن		انگریزی
ہائیڈرار - بجرائی اکسائیڈم - فلیے - وَم		یلو - اکسائیڈ اف مرکری

نسخہ - پر - کلورائیڈ اف مرکری ۴ آونس * سولیوشن اف سوڈا - ۴ پائینٹ * ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت *

پر - کلورائیڈ اف مرکری کو ۴ پائینٹ پانی مین بذریعہ آنچ کے حل کرین اور اس عرق کو سولیوشن اف سوڈا مین ملاکر ملاوین اور زرد منجمد کو تہ نشین ہونے دین پہلا زائد اوپر کے عرق کو نتہار کر جو منجمد تہ نشین ہوگیا ہو اُسکو کپڑے کی فلٹر پر رکھکر خوب طرح دہو ڈالین اب اُسکو واٹر باتھ کی گرمی پر خشک کرکے رکھہ چھوڑین *

خاصیت یہ ایک زرد رنگ کا سفوف ہوتا ہے جو ہائیڈرو کلورک اسڈ مین حل ہوجاتا ہے *

اسکا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن		انگریزی
او - لی - ایٹم ہائیڈرار - جرائی		او - لی - اٹ اف مرکری

نسخہ - یلو - اکسائیڈ اف مرکری - ایک آونس * او - لی - اِک اِسڈ ۹ آونس * دونو کو خوب طرح ہلا ہلا کر ملا ڈالین *

فائدہ اور استعمال - بعوض پارے کے لے - نی - منٹ اور پارہ کی مرہمون کے اِس مرکب کی مالش کو اِسواسطے زیادہ پسند کرتے ہین کہ اِسکی مالش سے کپڑے میلے

نہین ہوتے - کسی برش کے ذریعہ جہان لگانا ہو اُسکو صرف پہیر دینا کافی ہے مثلاً جوڑون کے کرانک انفلامیشن پر یا کسی جلد کی بیماری کے مقام پر ٭ اور آتشک مین جب پارے کا اثر جسم پر پیدا کرنا ہو تو بعوض پارے کے مرہم کے اِس مرکب کو لگا سکتے ہین - اِسکے لگانے سے اُس مقام پر ایک روغن چڑہ جاتا ہے ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ہائیڈرار جرائی - آیوڈائیڈم روبرم ——————— ریڈ آئیوڈائیڈ اف مرکری

نسخہ - پر کلورائیڈ اف مرکری ۴ آونس + ایوڈائیڈ اف پوٹاسیم ۵ آونس + کہولتا ہوا ڈسٹلڈ ۴ پائنٹ +

کرو - سیو - سب - لی مٹ کو تین پائنٹ پانی مین حل کرلین اور باقی مین آئیوڈائیڈ اف پوٹاسیم کو حل کرکے دونو عرقون کو ملادین جب اِس عرق کی گرمی باہر کی ہوا کی گرمی کے برابر ہو جائے تب عرق کو تہار کر منجمد کو علیحدہ کر ڈالین اب اُس منجمد کو فلٹر پر رکہکر پہر ڈسٹلڈ واٹر سے دہو کر ۲۱۲ درجہ کی گرمی تک خشک کرلین ٭

خاصیت چمکدار سُرخ رنگ کا سفوف ہوتا ہے لیکن کاغذ پر رکہکر تبی پر تہوڑا گرم کرنے سے زرد ہو جاتا ہے - پانی مین قریب حل نہین ہوتا اور الکحال مین بھی کم لیکن ایتہر اور آئیوڈائیڈ اف پوٹاسیم کے پانی کے عرق مین خوب حل ہو جاتا ہے ٭

فائدہ باہر لگانے سے اِسکا فائدہ اِرٹی ٹنٹ اور کاسٹک - کہلانے سے الٹریٹو اور سایلو - گاگ ہے ٭

استعمال - اِسکو خاصکر آتشک کے زخمون مین اور جلدی بیماریون مین استعمال کرتے ہین ٭

خوراک ایک گرین کے بتیسوین حصہ سے آٹہوین حصہ تک - اِس مرکب کو ہمیشہ

آیوڈائیڈ اف پوٹاسیم کے ساتھ عرق کے طور پر دینا چاہیے *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن	انگریزی
انگو-اینٹم ہائیڈرارجیرائی آیوڈائی-ڈائی روبرائی	اینٹ منٹ اف ریڈ آیوڈائیڈ اف مرکری

نسخہ-سمپل آینٹ منٹ ایک آونس * ریڈ-آیوڈائیڈ اف مرکری خوب باریک سفوف کیا ہوا-۱۶ گرین * دونو کو خوب ملالین *

یہ مرہم برانکو سیل یعنے گھیگ کی بیماری مین نہایت مفید ہے-اور آتشک کے نوڈس اور واٹرٹش پر لگانے سے فائدہ ہوتا ہے * ترکیب اِسکے لگانے کی یہ ہے کہ ایک ڈرام اِسکو مریضکو دہوپ مین بٹھا کر اُسکے گھیگ پر خوب رگڑین-اِس سے چھالے پیدا ہو جاتے ہین اور گھیگ کی رسولی حل ہو جاتی ہے *

لاٹن	انگریزی
ہائیڈرارجیرائی سب-کلورائیڈم	سب-کلورائیڈ اف مرکری

(اِسکو کیا-لو-مل بہی کہتے ہین)

نسخہ-سل-فٹ اف مرکری ۱۰ آونس * پارا وزن کیا ہوا-۷ آونس * کلورائیڈ اف سوڈیم خشک ۵ آونس * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت *

سلفٹ اف مرکری کو پانی سے تر کرکے اُسمین پارا ملا کر رگڑین جبتک پارے کے دانے نظر نہ آوین تب اُسمین کلورائیڈ اف سوڈیم ملا کر رگڑ کر خوب ملا دین اب کسی موزون آلہ مین بہر کر ایسے موقع کے مکان کے اندر سبلائم کرین جسمین کیا-لو-مل ٹکڑے ٹکڑے بنکر اُس آلہ کے کنارون پر نہ جم کر اُسکے صحن پر سفوف کے طور گرتا جاوے تب اُس سفوف کو کہولتے ہوئے ڈسٹلڈ واٹر سے دہو دین جبتک اُسکے دہوون مین

ایک بوند ہایڈرو-سلفیورٹ اف ایمو-نیا ملانے سے سیاہ ہوجاوے اخیر مین ۲۱۲ درجہ کی گرمی تک خشک کرکے ایک بوتام یا ایسی بوتل مین بہرکر رکہین جسمین روشنی کا گزر نہو سکے ٭

خاصیت ایک مانند سفید رنگ کا وزنی سفوف ہوتا ہے اور اُسمین قریب کچہہ ذایقہ نہین ہوتا کہرل مین رگڑنے سے زردی مایل ہوجاتا ہے-پانی اسپرٹ اور ایتھر مین حل نہین ہوتا-سو-لیو-شن اف پوٹاش ملاکر دہیمی آنچپر ہنگو رکہنے سے سیاہ ہوجاتا ہے اور جو صاف عرق رہ جاتا ہے اُسمین نایٹرک اسڈ ملاکر نایٹریٹ اف سلور ملانے سے بہت سا ایک سفید منجمد پیدا ہوتا ہے ٭

شناخت کافی آنچ پہ بالکل اُڑ جاتا ہے-گرم ایتھر مین گیا-لو-مل ملاکر ایک شیشہ کے اندر نہر کرکہ جلانے سے بی-الیوا-پو-ریشن کے کچہہ بہی باقی نہین رہتا ٭

مقدار تہوڑی مقدار مین الٹرے-ٹیو اور ساہی-لے-گاگ اور ہلکا ان-ٹے-فلو-جسٹک اس سے زیادہ مقدار مین پر-گے-ٹیو اور کو-لے-گاگ اور بہت زیادہ مقدار مین تیز زہر ہے ٭

استعمال الٹرے-ٹیو کے طور پر آتشک اور پُرانی جلدی بیماریون اور اسکرا-فیو-لا مین دیتے ہین ٭ اور ہے-پا-ٹامنی-ٹِس اور یرقان مین بہی یہ دوا مفید ہے ٭ دردسر ٭ مے-لینا ٭ دماغ کے انفلامیشن اور اِ-پو-پلیکسی کی بیماری مین ہوڑاپ سی مین جب یہ مرض جگر کی خرابی کے سبب پیدا ہو یہ دوا مفید ہے ٭

انٹے-فلو-جسٹک کے طور پر دو گرین گیا-لو-مل چوتہائی گرین افیون کے ہمراہ چار چار گہنٹہ بعد کہلانے سے سی-رس-ممبرین کے انفلامیشن کو فایدہ ہوتا ہے جیسے آئی-رائٹس-رٹس ٭ پلو-ری-سی اور پے-ری-ٹو-نائی-ٹس ٭ یہ چیز بے ذایقہ ہے اسواسطے بچون کو اکثر دیا کرتے ہین ٭

استعمال خارجی - اسکا ہلاس یا غرغرہ گلو کے مرض مین کراتے ہین جب یہ بیماری آتشک کے سبب پیدا ہو + بلے - نو - ریا مین اسکی پچکاری کرتے ہین اور آتشک کی بیماری مین اسکا پھاہا رادیتے ہین جسکی ترکیب پیچھے بیان کی گئی ہے +

خوراک - الٹرے - ٹو آدھی گرین سے ۴ گرین تک اور پر - گے - ٹو ۲ گرین سے ۵ گرین تک +

اسکے تین مرکب ہین

لاٹن ———— ———— انگریزی

پی - لولا ہائیڈرار جرائی سب کلورائیڈای کمپازیٹا — کمپاؤنڈ پل اف سب کلورائیڈاف مرکری اسکو پلمرزش - پل بھی کہتے ہین +

نسخہ - سب - کلورائیڈاف مر - کری ایک آونس + سلفیو رٹیڈ - انٹی - مونی ایک آونس + گوا - کم - ریزن سفوف کیا ہوا دو آونس + کسٹر ائیل ایک آونس یا حسب ضرورت +

پہلے کیا - لو - مل کو انٹی - مو - نی کے ساتھ رگڑ ین تب اسمین گوا کم اور کسٹر ائیل ملاکر سب کو کوٹ کر لگدی بنالین - اسکے ۵ گرین مین ایک گرین کیا - لو - مل ہوتا ہے +

فائدہ اور استعمال - بطور الٹرٹیو کے اسکو آتشک اور پرانی جلدی بیماریون اور جگر کے مرضو نمین دیا کرتے ہین **خوراک** ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک +

لاٹن ———— ———— انگریزی

انگو - اینٹم ہائیڈار جرائی سب کلورائی ڈائی ———— اینٹمنٹ اف سب کلورائیڈاف مرکری

نسخہ - سب - کلورائیڈ اف مرکری ۸۰ گرین + بن - زائیٹیڈ لارڈ - ایک آونس + دونو کو خوب ملالین - اسکے ساڑھے چھہ حصہ مین ایک حصہ سب - کلورائیڈاف مرکری ہے - اسمین سفید مرہم ملاکر لگانے سے مقعد اور عورت کی اندام نہانی کی خارش کو بہت فائدہ ہوتا ہے +

لاٹن ــــــــــــ ــــــــــــ انگریزی

نوشیبو-ہائیڈرار جرائی نائیگرا ــــــــــــ بلاک-مرکیوریئل لوشن

نسخہ-سب-کلورائیڈ اف مرکری-۲۴ گرین + سولیوشن اف لایم ۱۰ آونس +
دونوںکو خوب ملالین + اِسکے ایک آونس مین تین گرین سب-کلورائیڈ اف مرکری ہوتا ہیز +

استعمال اِس عرق کو آتشک کے زخم اور کانڈہی-لو-ما پر لگاتے ہین چنانچہ اس
عرق مین ململ یا لِنٹ کا ٹکڑا تر کرکے زخم پر لگانا چاہئے اور دنہین دو یا تین دفعہ
اِسکو بدل دینا چاہئے +

لاٹن ــــــــــــ ــــــــــــ انگریزی

ہائیڈرار-جرائی-رائی-پر-کلورائیڈم ــــــــــــ پرسکلورائیڈ اف مرکری
اِسکو کرو-سیو-سب-لی-مٹ بھی کہتے ہین +

نسخہ-سلفٹ اف مرکری ۲۰ آونس + کلورائیڈ اف سوڈیم خشک ۱۶-آونس +
بلاک اکسائیڈ اف منگے-نیز باریک سفوف کیا ہوا ایک آونس +

سلفٹ اف مرکری اور کلورائیڈ اف سوڈیم کو علیحدہ علیحدہ خوب پیسین تب انکو اور
اکسائیڈ اف منگے-نیز کو کہرل مین خوب پیسکر سبلی-مے-شن کے آلہ کے اندر چھوڑدین
تب بقدر آنچ دیوین کہ جسمین پر-کلورائیڈ اف مرکری کے بخارات آلہ کے کم گرم حصّہ
مین اُڑکر جم جاوین اور اِسکو سینڈ باتھ پر حسب اندازہ آنچ دیکر کرو-سیو-سبلی-مٹ
کو سبلایم کرلین-جب سبلایم ہوچکے تب اُس مٹر اس کو توڑ کر دوا کو نکال لین اور
مرتبان یا ایسی بوتلون مین بھرکر رکھہ چھوڑین کہ جنمین ہوا کا گزر نہو سکے +

خاصیت-اِسکے وزنی اور بے رنگ ٹکڑے ہوتے ہین جنمین چمکدار قلمین ہوا کرتی
ہین-ذائقہ نہایت تیز کسیلا بہ نسبت پانی کے الکحال مین زیادہ اور اس سے زیادہ ایتھر مین

حل ہو جاتا ہے *

فائدہ باہر لگانے سے کاسٹک اور ارہی ٹینٹ اور تہوڑی مقدار مین کہلانے سے الٹرے ٹیو سیابیا۔ نو گاگ اور انیٹے۔ فلوجسٹک اور بہت زیادہ مقدار مین کہانے سے یہ ایک تیز زہر ہے جسکی علامتین مانند سنکہیا کے زہر کی ہین لیکن ذایقہ اسکا نہایت تیز اور حلق مین نہایت خراش پیدا ہوتی ہے اور اکثر خون کی قے بہی آتی ہے *

استعمال۔ باہر اسکو کاسٹک کے طور پر او۔فی۔کیا مین لگاتے ہین اور الٹر ٹیو کے طور پر آتشک اور رو۔ما۔ٹیزم پُرانی جلد کی بیماریون مین اسکو کہلاتے ہین *

خوراک ایک گرین کے سولہوین حصہ سے آٹھوین حصہ تک *

زہر کا علاج انڈے امید اٹانک اسڈ سبز چاریا کتھہ لوہا اور جست کا بُرادا *

ناقصات۔ جتنے الکلی دودا کے نمک ہین اور سارے نباتی اور حیوانی انفیوژن *

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن	انگریزی
لائیکوار۔ہائیڈرار۔جرائی۔پرکلوراید ڈائی	سو۔لیوشن اف پرکلوراید اف مرکری

نسخہ۔ پر۔کلوراید اف مرکری ۱۰ گرین * کلوراید اف امو۔نیم ۱۰ گرین * ڈسٹلڈ واٹر ایک پاینٹ * حل کرلین *

خوراک آدہی ڈرام سے دو ڈرام تک۔ اسکے ایک آونس مین آدہا گرین کلوراید اف مرکری ہوتا ہے اور ایک ڈرام مین ایک گرین کا سولہوان حصہ *

لاٹن	انگریزی
لوشیو۔ہائیڈرار۔جرائی۔فلے۔وا	یلو مر۔کیوریئل لوشن

نسخہ۔ پر۔کلوراید اف مر۔کری ۱۸ گرین * سو۔لیوشن اف لایم ۱۰ آونس *

دونو کو ملاوین * اِسکے ۱۰ آونس مین ۸ گرین پر - کلورائیڈ اف مرکری ہوتا ہے *

استعمال اسکو بھی آتشک کے زخمون پر لگاتے ہین *

لاٹن ——————— ——————— **انگریزی**

ہائیڈرار جرم - ایموِنئی ٹم ——————— **ایمونئیٹڈ - مرکری**

نسخہ - پر - کلورائیڈ اف مرکری ۳ آونس * سو - لیو - شن اف ایمو - نیا ۴ آونس *
ڈسٹلڈ واٹر ۳ پائینٹ *

کروسیو سبلی - مِٹ کو پانی مین ملاکر دہیمی آنچپر گلالین تب اُسمین ایمو - نیا ملاکر بار بار ہلاوین جو منجمد ہے اُسکو فلٹر پر رکہکر سرد ڈسٹلڈ واٹر سے دہووین جبتک نایٹریٹ اف سلور مین نایٹرک اسڈ ملاکر اُس دہوون مین ملانے سے کوئی شے تہ نشین ہنو بعد ازان اُس منجمد کو دوسو بارہ درجہ کی گرمی مین خشک کرلین *

خاصیت یہ ایک مکدر سفید - خوف ہوتا ہے جسپر سرد پانی الکحال اور ایتہر کا کچہہ اثر ہنین پیدا ہوتا ہے - اِس مرکب کو وہائیٹ پری - سی - پِے - ٹیٹ بہی کہتے ہین *

فائدہ باہر لگانے سے کاسٹک اور اری - ٹنٹ ہے اور تہوڑی مقدار مین کہلانے سے الٹرینٹ اور زیادہ مقدار مین زہر ہے *

استعمال اِسکو کہلاتے ہنین - اِسکا مرہم بطور اسٹی - میو - لنٹ کے پُرانی جلدی بیماریون مین لگاتے ہین جیسے لو - رائی - کو * اِم - پے - ٹائی - گو * ہر - پیز * اور بعض دفعہ اسکے - بیز مین * اِسکا مرہم جوئین مارنے کے لئے لگایا کرتے ہین - لیکن صرف اِسکا سفوف یا اِسکو عرق گلاب مین ملاکر لگانا بہتر ہے کیونکہ مرہم سے کپڑے میلے ہوتے ہین *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

انگو انیٹم - ہائیڈرار - جرائی امونیئ - ٹائی ——————— اینٹ منٹ اف امونیئ ٹڈ مرکری

نسخہ - امونیئ - ٹڈ مرکری ۰ ۵ گرین + سپیل آینٹ منٹ ۰ ۵ ہم گرین + دونوکو خوب ملالین - اِسکے آٹھہ حصہ مین ایک حصّہ امونیئ - ٹڈ مرکری ہے +

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

ہائیڈرار - جرائی - پر - سلفاس ——————— پر - سلفٹ اف مرکری

نسخہ - پارا وزن کیا ہوا ۲۰ آونس + سلفیورک اسڈ - ۲ ۱ - آونس +

ایک چینی کے برتن مین پارے کو سلفیورک اسڈ مین پکاوین اور بار بار ہلاتے جاوین تاکہ پارا نظر نہ آوے بعد ازان آنچ کو جاری رکھین جبتک ایک خشک سفید نمک رہ جاوے +

خاصیت یہ ایک سفید چمکدار وزنی سفوف ہوتا ہے پانی کے چھینٹے پڑنے سے زرد ہو جاتا ہے - آنچپر رکھنے سے بالکل اُڑ جاتا ہے کیا - بومل اور کرو ھسپو - سب - لی - میٹ بنانے مین کام آتا ہے +

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

لائیکور - ہائیڈرار جرائی نائیٹریٹس اسڈس ——————— اسڈ سولیوشن اف نائیٹریٹ مرکری

نسخہ - پارا ۴ آونس + نائیٹرک اسڈ ۵ آونس + ڈسٹلڈ واٹر ڈیڑہ آونس +

ایک فلاسک مین نائیٹرک اسڈ اور پانی ملا کر پارا چھوڑ دین اور ہلکی آنچ کے گلالین تب ۱۵ منٹ تک آہستہ آہستہ جوش دین اور سرد کرکے اُس عرق کو شیشہ کے کاگ والی

بوتل مین بہر کر رکہہ چہوڑین * کل عرق کو تریب ۴۸ آونس وزن مین ہونا چاہئے *

خاصیت یہ بے رنگ اور نہایت ترش عرق ہوتا ہے جسمین زیادہ سوڈ-یلوشن اف پوٹاشر ملانے سے ایک زرد منجمد پیدا ہو جاتا ہے *

فائدہ نہایت تیز کاشٹک اور ارہی-ٹنٹ ہے *

استعمال اسکو کہلاتے نہین ہین لیکن وارٹس اور رسولیون اور کنسر اور لوپس پر لگاتے ہین - ایک آونس پانی مین اسکا ایک یا دو قطرے ملاکر غرغرہ کراتے ہین اور ایک آونس پانی مین اسکا ایک یا دو قطرے ملاکر سوزاک مین پچکاری کرتے ہین *

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن ———————— انگریزی

انگو-اینٹم ہائیڈرار-جرائی نائیٹریٹس ———— اینٹ منٹ اف نائیٹریٹ اف مرکری

اسکو سٹرن آینٹ منٹ بہی بولتے ہین -

نسخہ - پارا وزن کیا ہوا ۴-آونس + نائیٹرک ایسڈ ۱۲-آونس + یہی-پیارڈ-لارڈ ۵-آونس + الیوائیل ۳۲-آونس *

پارے کو نائیٹرک ایسڈ مین ملاکر دہیمی آنچ پر گلالین اور چربی کو تیل مین ملاکر گرم پانی کی بہاپ یا واٹر باتھ پر چینی کے ایک اتنے بڑے برتن مین پگہلالین جسمین اُس مقدار کا چہہ گنا آسکے اور جب یہ مرکب گرم ہو تب پارے کے عرق کو بہی گرم گرم اُس عرق مین ڈالین اور خوب طرح ملالین - ملاتے وقت اگر وہ مرکب نہ کہولے تو آنچ کو زیادہ کردین تاکہ کہولنے لگے *

فائدہ ارہی-ٹنٹ اور کاسٹک *

استعمال - اس مرہم کو پُرانے زخمون اور داد-تہال-میا اور جلد کی بیماری پر خاصکر جب آتشک کے سبب سے پیدا ہوئی ہو لگایا کرتے ہین *

لاطین ———————— انگریزی

اِنگوائینٹم ہائیڈرار-جرائی نائی-ٹری-ٹس ———— ڈائیلو-ٹڈ اینٹ منٹ اف ڈاہی-لوشم نائیٹریٹ اف مرکری

نسخہ-نائیٹرٹ اف مرکری اینٹ منٹ-ایک آونس + سا-فٹ پے-را-فائن-دو آونس + دونو کو ملالین +

ار-سی-نک

یہ دہات وہ ہے جس سے ار-سی-نے-ئس اسڈ یعنے سنکہیا حاصل ہوتا ہے + یہہ دہات سُرمئی رنگ کی اور نہایت چمکدار ہوتی ہے-دبایئے تو آسانی سے ٹوٹ جاتی ہے اور ہوا لگے تو جلد مکدر ہوجاتی ہے-آنچ دیجیئے تو اڑجاتی ہے اور اُڑتے وقت اس سے جو بخار پیدا ہوتا ہے اُسکی بو لہسن کی سی ہوتی ہے-بازار مین سنکہیا تین قسم کا ملتا ہے ایک زرد سنکہیا جسکو ہرتال کہتے ہین دوسری سُرخ سنکہیا جسکو منسل بولتے ہین تیسری سفید سنکہیا جسکو سم الفار کہتے ہین اور اسکو انگریزی مین وہائیٹ ارسنک یا ار-سی-نے-ئس اسڈ بولتے ہین دوا مین اسیکا استعمال ہوتا ہے چنانچہ

لاطین ———————— انگریزی

اسیڈم ار-سی-نیوزم ———————— ار-سی-نیئس اسڈ

معدنی ارسنک کو آنچ پر تصعید کرکر صاف کرنے سے یہ اسڈ ملتا ہے-

خاصیت-یہ ایک وزنی سفید سفوف ہوتا ہے شیشہ کے ٹیوب مین بہر کر آہستہ آہستہ گرم کرنے سے اُس ٹیوب کے اوپر اسکے چہوٹے چہوٹے چمکدار شفاف ہشت پہلو قلمین جم جاتے ہین پانی مین کم حل ہوتا ہے اور اس عرق مین ایمو-نیو-نائی-ٹریٹ اف سلور ملانے سے ایک زرد منجمد پیدا ہوتا ہے جو پانی مین حل نہین ہوتا لیکن ایمونیا اور نائیٹرک اسڈ مین بہت جلد حل ہوجاتا ہے +

شناخت - آنچ دینے سے بالکل اُڑ جاتا ہے *

فائدہ تہوڑی مقدار مین الٹریٹو اور انٹے - پے - ریاٹوک اور ٹانک ہی - اگر تہوڑی
مقدار مین اُز - یسی - نیس - ایشہ بہت دن تک کہایا جاوے ہے تو مریض کمزور ہوجاتا -
معدہ مین درد ہوتا - آنکہین سُرخ ہوجاتی ہین - اور بعض دفعہ جسم پر ایک قسم کے
دانے نکل آتے ہین اور بعد تہوڑے دن کے دست اور قے - زیادہ مقدار مین
سنکہیا زہر قاتل ہے جسکے کہانے سے معدہ مین انفلامیشن اور درد سا تہہ جلن کے
ہوتا ہے - جی متلاتا قے ہوتی ہے - دست آتے ہین - پیشاب بند ہوجاتا -
نبض پہلے جلد اور بعد ازان سست چلتی ہے جسم سرد - اور تب کنول - شن ہو کر
بیمار مرجاتا ہے - اکثر دو گرین سے تین گرین تک کہانے سے مریض مرجاتا ہے - اُسکی
کی لاش کے امتحان سے معدہ اور روودن مین آثار انفلامیشن کے پائے جاتے
ہین اور سُرخ نظر آتے ہین اور اُنپر سنکہیا کے دانے بہی پائے جاتے ہین اور
بعض دفعہ انمین زخم بہی پڑجاتے ہین *

استعمال - باری کے بخار اور اُن بیماریون مین جو - لے - ریا کے باعث
پیدا ہوتے ہین اِس دوا کو بہت استعمال کرتے ہین اور نہایت پُرانی جلدی
بیماریون خاصکر جنمین چہلکے اور چٹین پیدا ہوتی ہین مثلاً سو - را ای - سِس اور
لیپرا مین اور پُرانے یم - فے - گس کی بیماری مین بہی - اور کہتے ہین کہ سل کی بیماری
مین بہی یہ دوا فائدہ مند ہے - اور نر - وائین ٹانک کے طور پر اِسکو مرض نیو - رلجیا
اور اپے - لپ - سی اور کوریا مین دیا کرتے ہین اور سانپ کاٹے ہوئے کو بہی
یہ دوا مفید پڑتی ہے * باہر اِسکو بعض دفعہ کینسر پر لگاتے ہین لیکن اِسمین خطرہ
ہے اور دانت کے درد مین بہی اِسکو لگاتے ہین *

احتیاطین - خلو معدہ مین اِس دوا کو نہ کہلانا چاہئے اور جب اِس کے

استعمال کرنے سے معدہ مین درد اور جلن - آنکہین سرخ اور جسم پر دانے نکل آوین تب فوراً موقوف کر دینا چاہیئے اِسکو ہمیشہ کہانے کے درمیان یا بعد غذا کے کہانا چاہیئے ❊

خوراک ایک گرین کے ساٹہوین حصہ سے بارہوین حصہ تک ❊

زہر کا علاج - اگر قے نہو تو بذریعہ اِمے - ٹِک کے قے کراوین اور اسٹمک - پمپ سے زہر کو نکالین تب یا تو حیوانی کوئلا کہلاوین یا ہائیڈریٹڈ - پرس کوئی اکسائیڈ اف آیرن یا لائیٹ مگنیشیا کا استعمال کرین بعد ازان پر - گے - ٹیو یا ڈا - یا - رے - ٹِک دوا دین تا کہ خون سے یہ زہر خارج ہو جاوے - مریض اگر بہت کمزور ہو تو اِسٹی - میو - لنٹ دوا کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے اور جو معدہ مین التہاب ہو تو جونکین لگا دین ❊

ناقضات مرکبات فولاد ❊ مگنیشیا ❊ چونے کا پانی ❊ اور کسیلی چیزین ❊

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹین ———————— ———————— انگریزی

لائیکر - آرس - نی - کے - لس ———————— آرسی - نی - کل سو - لیوشنز

اِسکو فاؤ - لرز سو - لیوشن بھی کہتے ہین ❊

نسخہ - آر - سی - نس اِسڈ ۸۰ گرین ❊ کار - بونٹ اف پو - ٹاش ۸۰ - گرین ❊ کمپاؤنڈ - ٹنکچر اف لاونڈر ۵ ڈرام ❊ ڈسٹلڈ حسب ضرورت ❊

ایک فلا - سک مین ۱۰ - آونس پانی بہر کر اُسمین آرسی - نس اسڈ اور کاربونٹ اف پوٹاش چہوڑ دین تب آنچ دیوین جبتک ایک صاف عرق پیدا ہو اور جب وہ سرد ہو جاوے تب اُسمین کمپاونڈ - ٹنکچر آف لاونڈر ملا کر اتنا ڈسٹلڈ واٹر ملا دین جتنے مین ایک پائنٹ پورا ہو جاوے ❊

فائدہ اور استعمال مانند ار-سی-نس اسڈ کے ٭
خوراک ۱ بوند سے ۸ بوند تک - جلد میں ایک دفعہ کی پچکاری کے لئے اسکے دس منیم چاہئین ٭ اسکے دس منیم مین قریب ایک گرین کا بارہوان حصہ ہی ٭

لاٹن	انگریزی
لائیکوار ار-سی نی سائی - ہائیڈرو - کلوری کس	ہائیڈرو کلورک سولیوشن اف ارسنک

نسخہ ار-سی-نیئس اسڈ سفوف کیا ہوا ۸۰ گرین ٭ ہائیڈرو-کلورک اسڈ ۲ ڈرام ٭ ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ٭ ار-سی-نیئس اسڈ اور ہائیڈرو-کلورک اسڈ مین چار آونس پانی ملاکر جوش دیوین جبتک وہ حل ہوجاوے تب اسقدر ڈسٹلڈ واٹر ملادین جتنے مین ایک پائینٹ پورا ہوجاوے ٭
خاصیت - یہ ایک صاف ترش عرق ہوتا ہے سلفیوریٹڈ ہائیڈروجن کے ملانے سے فوراً ایک چمکیلا زرد رنگ کا منجمد تہ نشین ہوجاتا ہے - اسکے فی آونس مین قریب ۴ - گرین سنکھیا ہوتا ہے **خوراک** ۲ بوند سے ۸ بوند تک ٭

لاٹن	انگریزی
ار-سی-نیائی آیوڈائیڈم	آیوڈائیڈ اف ار-سے-نیئم

آیوڈین اور ار-سی-نک دھات کے ملجانے سے یہ مرکب بنجاتا ہے ٭
خاصیت - یہ مرکب نارنجی رنگ کے سفوف یا نارنجی رنگ کے قلمون کی شکل پر ملتی ہے - پانی اور ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ مین حل ہوجاتا ہے ٭
فائدہ اور استعمال - یہ مرکب گاہے گاہے پرانی جلد کی بیماریون مین دیا جاتا ہے جیسے سو-رائی-یسس اور کرانک اگزیما اور ذیل کا مرکب ڈو-نو-ونس سو-لیو-شن مین پڑتا ہے ٭

خوراک ⅛ حصہ گرین *

انگریزی		لاٹن
سو-لیوشن اف آیو-ڈائیڈ اف ار-سی-نیم انڈ مرکری		لائیکار-ار-سی-نیاسی-اٹ ہائیڈرار-جرائی آیو-ڈائی-ڈاتی

اسکو ڈو-نو-وَنٹس سو-لیوشن بہی کہتے ہین *

نسخہ - آیوڈائیڈ اف ار-سی-نیم - ۵ ۴ گرین * ریڈ آیوڈائیڈ اف مرکری ۵ ۴ گرین * ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت *

قریب ڈیڑھ آونس ڈسٹلڈ واٹر مین دونو آیوڈائیڈ مرکب کو کہرل کرین جتبک قریب حل ہو جاوین - اب اسکو فلٹر کرین اور جو عرق حاصل ہو اسمین اسقدر ڈسٹلڈ واٹر ملادین جسمین کل عرق ۱۰- آونس ہو جاوے *

خاصیت یہ عرق خفیف زرد رنگ کا ہوتا ہے - بے بو - مگر ذائقہ تیز ہوتا ہے *

فائدہ اور استعمال - پرانی جلد کی بیماریون مین مگر خاصکر اُنمین جو آتشک کے سبب پیدا ہون یہ مرکب استعمال مین آتا ہے * خوب پانی ملاکر باہر بہی اسکو انہی بیماریون پر لگاتے ہین *

خوراک ۱- بوند سے ۵- بوند تک * انہی احتیاطون کے ساتھ اسکا بہی استعمال کرنا چاہیے جنکا ذکر سنکہیا کے باب مین کیا گیا ہے * ار-سی-نٹ اف سوڈیم اور ار-سی-نے-اٹ اف ایرن کا ذکر پیچہے ہو گیا ہے *

ار جن - ٹم

انگریزی مین اسکو سلور اور ہندی مین چاندی کہتے ہین *

مرکباتِ سِلوَر

لاٹین ———————— انگریزی

ارجنٹی نائٹراس ———————— نائیٹریٹ اف سلور

نسخہ - صاف چاندی ۳ - آونس ٭ نائیٹرک اسڈ اڑہائی آونس ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۵ - آونس ٭

ایک فلاسک مین چاندی بھر کر اسپر نائٹرک اسڈ اور پانی ڈہالدین اور نرم آنچ دیتے جاوین جبتک چاندی گلجاوے تب صاف عرق کو چینی کے برتن مین نتہار لین تاکہ اگر کوئی سیاہ سفوف اسمین ہو تو اس سے علیحدہ ہوجائے بعد ازان اُڑا کر رکہہ چہوڑین تاکہ قلمین بنجاوین اور جو عرق رہ جاوے اسکو ڈہال کر پہر اُڑا کر پہر قلمین بنالین - تب ان قلمون کو ایک شیشے کے قفل مین رکہہ وین تاکہ سارا پانی نُچڑ جاوے بعد ازان انکو ہوا مین خشک کرلین لیکن اِسبات کی احتیاط رکہین کہ نباتی یا حیوانی کوئی چیز اُسمین نہ لگنے پاوے - اگر اِس دوا کی بتیان بنانی ہون تو اُن قلمون کو پلاٹنم یا چینی کے پتلے کپ - شیول مین بہر کر اندہیرے کمرے مین گلا کر سانچون مین ڈہالدین - نائیٹریٹ اف سلور کو ایسی بوتلو نمین رکہنا چاہیے جنکے شیشہ کے کاگ خوب ٹہیک لگے ہون اور رنگ جنکا سیاہ ہو نہین تو اُنپر سیاہ کاغذ مڑہ دین ٭

خاصیت بے رنگ چوڑی چوڑی قلمین ہوا کرتے ہین یا یہ چیز سفید رنگ کی بتیون مین ملتی ہے ڈسٹلڈ واٹر اور رکٹی - فائیڈ اسپرٹ مین حل ہو جاتی ہے ہائیڈرو - کلورک اسڈ کے ملانے سے سفید دہی کے طور پر گاڑہا مینجمد پیدا ہوتا ہے جو روشنی مین کہلا رکہنے سے سیاہ ہو جاتا ہے ٭

نائیٹرک جلد پر لگانے سے ایک سیاہ داغ پڑجاتا ہے اور کبہی کبہی اُسکو بالون کے

سیاہ کرنے کے لیئے لگاتے ہین اگر اسکو زخم پر لگایا جاوے تو پہلے ایک سفید چہلکا سا پیدا ہوجاتا ہے پر تہوڑے عرصہ بعد سیاہ ہوجاتا ہے اور کہلانے سے اسٹرنجنٹ سی - ڈی - ٹیو اور نزرا ہین ٹانک اور انٹس - پاز - موڈرک ہے لیکن بہت روز تک کہلانے سے سارا جسم نیلا پڑجاتا ہے اور جو بہت زیادہ مقدار مین کہلایا جاوے تو یہ تیز زہر ہے *

استعمال اسکو مرض اپے - لپسی اور کو - ریا اور بعض دفعہ معدہ کی پرانے مرضون مین بھی دیتے ہین چنانچہ خاصکر کنسر ٹوس - پپ - شیا اور پرانی ڈا - یا - ریا اور ڈی - سنٹری مین * باہر اسکو بطور کاسٹک کے سُست اور آتشک کے اور زہر دار زخمون پر لگایا کرتے ہین مثلاً سانپ کا یا دیوانہ کُتے کا زخم - انفلامیشن روکنے کے لیئے مثلاً اری - سپلس مین اور اف - تہال - میا کی بیماری مین بھی بہت لگاتے ہین - لب یا پستان کی ہٹنی پہٹ جانے مین اور حلق کے زخم مین بھی اسکو لگاتے ہین - اسکی پچکاری سوزاک لیو - کو - ریا اور بعض دفعہ ڈا - یا - ریا اور ڈی - سنٹری مین کرتے ہین *

ناقضات - الکلی دوائین اور انکے کار - بونٹ اور کل مرکبات از قسم کلورائیڈ جیسے کہانے کا نمک * کُل اسڈ بجز نائیٹرک اور اسیٹک اسڈ کے * ایوڈائیڈ اف پو - ٹاسیم * عرق سنکہیا اور کُل کسیلے انفیوژن *

خوراک ایک گرین کے چہٹے حصہ سے تیسرے حصہ تک بطور گولیون کے دیتے ہین *

زہر کا علاج نمک گہولکر خوب پلاوین بعد ازان انڈے کی سفیدی اور دودہ پلاوین *

اسکا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن	انگریزی
آر - جن - ٹائی - اٹ پو - ٹاسیائی نائیٹراس ———	نائیٹریٹ اف سلور اینڈ پو - ٹاسیم

ایک آونس نایٹریٹ اف سلور اور دو آونس نایٹریٹ اف پوٹاسیم دونو کو آنچپر پگہلا کر سانچون مین ڈہالکر بتیان بنالین ٭

فائدہ یہ مرکب ہلکا کاسٹک ہی - کحال اکثر اسکا استعمال کرتے ہین ٭

لاٹن ——————— انگریزی

آرجنٹائی - اکسایڈم ——————— اکسائیڈ اف سلور

نسخہ - نائیٹرٹ اف سلور کی قلمین آدہے آونس ٭ سو-لیوشن اف لائیم ساڑہے تین پائینٹ ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس ٭

نائیٹریٹ اف سلور کو ۴ آونس پانی مین حل کرلین اور ایک بوتل مین سو-لیوشن اف لائیم بہرکر نائیٹرٹ اف سلور کے عرق کو اُسمین ڈالدین تب خوب ملاکر رکہہ دین تاکہ ہنجمد تہ نشین ہوجاوے بعدازان اوپر کے عرق کو علیحدہ کرکے ہنجمد کو ایک فلٹر پر رکہین تب اُسکو باقی ڈسٹلڈ واٹر سے دہوکر ۲۱۲ درجہ کی گرمی تک خشک کرلین اور ایک شیشہ کے کاگ والی بوتل مین بھرکر رکہہ چھوڑین ٭

خاصیت یہ ایک بہورے رنگ کا سفوف ہوتا ہے جسکو ہیمی سُرخ آنچپر جلانے سے آکسی-جن ہوا نکلتی ہے تب وہ دہات بنجاتا ہے - نائیٹرک اسڈ مین بالکل حل ہوجاتا ہی اور کوئی ہوا نہین پیدا ہوتی اور اس سے جو عرق بنتا ہے اُس کی خاصیتین نایٹرٹ اف سلور کے طور پر ہوتی ہین ٭

شناخت ۲۹ گرین کو آنچ دیکر خشک کرنے سے ۲۷ گرین چاندی نکلتی ہے -

فائدہ الٹریٹو نروائین ٹانک اور ہلکا اسٹرنجنٹ ہے اور بہت روز تک کہلانے سے جلد کی رنگت نیلی پڑجاتی ہے ٭

استعمال پُرانی ٹوس - پیپ - شیابین اور مرض اپلے - لپ - سی اور

دریا مین اس دوا کو کہلاتے ہین ؞

خوراک آدہے گرین سے ۲ گرین تک گولی بنا کر دیتے ہین ؞

اشارہ - اگر اسکی گولی کریو- زوٹ یا کسی کلورائیڈ مرکب کے ہمراہ بنانی منظور ہو تو آکسائیڈ اف سلور کو پہلے کسی ہلکے سفوف مین اچھی طرح ملا لینا چاہئے نہین تو اسقدر گرمی پیدا ہوگی کہ گولی کی ٹکڑہ ہی یا تو گرم ہو کر سُرخ ہو جائیگی یا بہک سی اُڑ جائیگی ؞

کڈ-میم دہات

اس دہات کا ذکر فار-ما-کو-پیا مین نہین ہے ؞

یہ دہات سفید رنگ کی مثل ٹین کے ہوتی ہے اور اسکے ٹکڑے کو اگر موڑئے تو اس سے ویسی ہی آواز نکلتی ہے جیسے ٹین سے نکلا کرتی ہے - ہمراہ جست اور گندہک کے ملا ہوا کانون مین پایا جاتا ہے ؞

مرکب

لاٹن	انگریزی
کڈ-مائی-آیو-ڈائیڈم	آیوڈائیڈ اف کڈ میم

کڈ میم دہات اور آیو-ڈین کو پانی مین ملانے سے یہ مرکب حاصل ہوتا ہے ؞

خاصیت - اسکی تلیان چوڑی مثل ابرق کے ہوتی ہین رنگ انکا سفید چمکدار مانند موتی کے دہیمی آنچ پر رکہنے سے سوسنی رنگ کا دہوان اُڑتا ہے ؞

فائدہ اسکا مثل آیوڈائیڈ اف لڈ کے الٹرٹیو اور ڈی-اپسٹر-وینٹ ہے - اسکو بطور مرہم کے ورمون اور گلیٹون پر لگایا کرتے ہین ؞

مرکب

لاٹن ـــــــــــ ـــــــــــ انگریزی

انگو - اینٹم - کڈ - مائی - آیوڈائی - ڈائی ـــــــ آینٹمنٹ اف آیوڈائیڈ اف کڈمیم

نسخہ - آیوڈائیڈ اف کڈمیم باریک سفوف کیا ہوا - ۶۲ گرین * سمپل آینٹمنٹ ایک آونس * دونو کو ملالین * اسکے آٹھہ حصہ مین ایک حصہ آیوڈائیڈ اف کڈمیم ہوتا ہے *

سی - ری - ام دہات

یہ دہات بہت ہی شاذ ملتا ہے اسکا ایک مرکب مستعمل ہے چنانچہ

لاٹن ـــــــــــ ـــــــــــ انگریزی

سی - ریائی - اگزی - لس ـــــــــ اگزی - لٹ اف سی - ریئم

سی - ریئم کے کسی مرکب مین سو - لیوشن اف اگزالٹ اف ایمو - نیا ملانے سے یہ مرکب بطور نتیجہ کے حاصل ہو سکتا ہے *

خاصیت - یہ ایک سفید دانہ دار سفوف ہوتا ہے پانی مین حل نہین ہوتا *

فائدہ اور استعمال اِس مرکب کو قے رد کرنے کے لئے دیتے ہین خاصکر جب ایام حمل مین اور سل کی بیماری مین قے ہوتی ہے - اور بعض دفعہ مرگی اور کو - ریا مین کہ جب معدہ بھی بگڑا ہو اِس مرکب کا استعمال بطور سے - ڈی - ٹو اور نروائن ٹانک کے کرتے ہین *

خوراک ایک گرین سے ۲ بلکہ ۴ گرین تک *

اکسٹراکٹ اف جن - شن یا گلقند کے ہمراہ گولی بنا کر دنمین تین دفعہ کہلانا چاہئے

باب دوم

ذکر اُن مرکبات کا جنکی ترکیب مین ایتھر اور الکحل شامل ہین اور کلورا - فارم وغیرہ

ایتھر

لاٹن ———————— انگریزی

ایتھر ———————— ایتھر

سابق مین اسکو سلفیورک - ایتھر بولتے تھے ✢

نسخہ - ریکٹی - فایڈ اسپرٹ ۵۰ آونس ✢ سلفیورک اسڈ ۱۰ - آونس ✢ کلورایڈ اف کیپال - سی - ام ۰ آونس ✢ بُجھایا ہوا چونہ آدھا آونس ✢ ڈسٹلڈ واٹر ۱۳ - آونس ✢

سلفیورک اسڈ مین بارہ آونس اسپرٹ ملاکر ایسے شیشہ کے مٹراس مین ڈالدین جسکے اندر کم سے کم دو پاینٹ آسکے - اس عرق کو سرد ہونے سے پیشتر مٹراس کو ایک خمدار شیشہ کی نلی کے وسیلہ سے لے - بکس - کنڈنسر کے ساتھ جوڑ کر اتنی آنچپر مقطر کرین جتنے مین وہ عرق خوب کھولتا رہے - جب ایتھر کا عرق گزرنے لگے تب ایک نلی کے وسیلہ سے مٹراس کے اندر فوراً ایک دھار سی اسقدر اسپرٹ چھوڑین جسمین وہ عرق مقطر عرق کے برابر ہو جاوے اس ٹھیک مقدار اسپرٹ کے ڈالنے کی نہایت عمدہ

ترکیب یہ ہی کہ ایک برتن مین اسقدر اسپرٹ بھرین جسمین وہ مٹر اس کی سطح سے اونچا ہو تب ایسی ایک نلی جس مین اسٹاپ کاگ لگا ہو لیکر اُسکا ایک سرا اسپرٹ کے برتن مین لگادین اور دوسرے کو کاگ کے وسیلہ سے مٹر اس کے اندر داخل کرین جب سارا اسپرٹ ملا دیا جاوے اور ۴۳ آونس عرق مقطر ہوجاوے تب ترکیب کو موقوف کر دے سکتے ہین بعد ازان کلورائیڈ اف کیالسی - ام کو پانی مین حل کرکے چونا ملادیں اب اُس عرق کو میلی ایتھر کے ساتھ ایک بوتل کے اندر ملا کر ہلاوین اور ۱۰ منٹ تک ٹہیرنے دین بعد ازان اوپر کے ہلکے عرق کو نتہار کر دہیمی آنچ پر مقطر کرین جبتک ایک شیشہ کی گولی جسکی اسپسی - فک - گراوٹی ۰،۸۳۵ ہو لیپور کے اندر ڈالنے سے تیرنے لگے ❊ ہر ڈیسٹلی - شن کے بعد جو شئے باقی رہ جاوے اُسمین اور کلورائیڈ اف کیالسی ام کے اندر جو اسپرٹ اور ایتھر منجذب ہوجاوے اُسکو ڈیسٹی - لے - شن کی ترکیب سے حاصل کرکے ایتھر بنانے کی ترکیب مین استعمال کر سکتے ہین ❊

خاصیت - یہ عرق بے رنگ ہوتا ہے اور جلد اُڑ جاتا ہے اور آگ دینے سے جل اُٹھتا ہے اسمین ایک خاص قسم کی تیز بو ہوتی ہے ❊ ۵۰ درجہ گرمی سے کم ہیز کھولنے لگتا ہے - تھوڑا سا ہاتھ پر ڈالکر کھلا رکھنے سے جلد اُڑ جاتا ہے اور وہ مقام سرد ہوجاتا ہے ❊

شناخت - اسپسی - فک - گراوٹی ۰،۷۳۵ ❊ اسکا ۵۰ حصہ ہموزن پانی کے ساتھ ملا کر ہلانے سے ۴۱ حصہ رہ جاتا ہے اس حساب سے ۱۰۰ حصہ سے ۱۸ حصے جذب ہوجاتا ہے یا بالکل اُڑ جاتا ہے اور کچھ بھی باقی نہین رہتا ❊

خوراک ۲۰ بوند سے ۶۰ بوند تک ❊

اِسکے تین مرکب ہین چنانچہ

لاٹن ——————— انگریزی

اسپرٹیس - ایتھرس ——————— اسپرٹ اف ایتھر

نسخہ - ایتھر ۱۰ آونس * ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ ایک پائنٹ * دونو کو ملالین *

شناخت اسپسی - فکِ - گراوٹی ۰۰۸۰۹ *

خوراک ½ ڈرام سے ڈیڑہ ڈرام تک *

لاٹن ——————— انگریزی

ایتھر - پیورس ——————— پیور - ایتھر

نسخہ ایتھر ۲ پائنٹ * لائیم تازہ جلایا ہوا - ایک آونس * ڈسٹلڈ واٹر ۲ پائنٹ *

کلورائیڈ اف کلیشم ۴ آونس *

ایتھر کو ہمراہ ایک پائنٹ پانی کے بوتل کے اندر بھر کر ہلا دین اور چند منٹ تک ٹہیرتے دین جب دونو عرق علیحدہ ہو جاوین تب ایتھر کو نتہار کر پانی ملا دین اور بعد علیحدہ ہونے کے پہر نتہار لین اب اُس دہوئے ہوئے ایتھر کو چونہ اور کلورائیڈ اف کلیشم کے ہمراہ ایک ریٹارٹ کے اندر بہر دین اور اُسمین ایک ریسیور مضبوط لگا کر ۲۴ گہنٹہ تک ٹہیرنے دین بعد اُسکے دہیمی آنچ پر ٹپکا لین * یہ ایتھر خالص ہوتا ہے اور نہ اسمین الکحال اور نہ پانی ہوتا ہے * کسی خاص مقام کا حس زائیل کرنے کے لئے باہر لگایا جاتا ہے *

لاٹن ——————— انگریزی

اسپے - رِٹی - ٹس ایتھے - رِس کنپا زیٹس ——— کنپاونڈ اسپرٹ اف ایتھر

اِسکو ہاف مِنش اِنو - ڈائین بہی بولتے ہین *

۴۰ - آونس ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ مین ۳۶ - آونس سلفیورک ایسڈ تہوڑا تہوڑا ملاتے جاوین تب اِس مرکب کو ۲۴ گہنٹہ تک ٹہیرنے دین - بعد ازان مقطر کرین جب تک

ریٹارٹ کا عرق سیاہ ہونے لگے - جو کچھہ مقطر ہووے اُسمین لائیم واٹر ملا کر ہلادین
تاکہ ترشی دور ہو جاوے - اب اوپر کے عرق کو نتھار کر بارہ گھنٹہ تک ہوا مین کھلا رکھین
جو عرق حاصل ہو اُسمین سے تین ڈرام لیکر ایسے مکسچر مین ملاوین جسمین آٹھہ آونس ایتھر
اور ۱۲ - آونس ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ہو -

خوراک ۔ ۳۰ منم سے ۲ ڈرام تک ٭

فائدہ اور استعمال ایتھر کا - ایتھر خاصکر ایسی بیماریون مین مفید پڑتا ہی جنمین
درد اور تشنج ہوتا ہے اور بیمار کی نبض کمزور اور جلد سرد اور ریلی ہوتی ہے ٭
جب یہ دوا دمہ کی نوبت کیوقت دیجاتی ہے تو اُس نوبت کو اکثر تخفیف ہو جاتی ہی
لیکن اُسکا دوبارہ ہو جانا اِس دوا سے نہین رُکتا - شکم مین جب نفخ اور درد ہوتا
ہی تب بھی ایتھر کے استعمال سے بڑا فائدہ ہوتا ہے - بعض دفعہ مرض انجائی - نا - پکٹورس
مین یہ دوا نہایت مفید پڑتی ہے اور مجری بول اور مجری صفرا سے جب پتھری کا گذر ہوتا
ہی اُسوقت درد شدید کے رفع کرنے کے لئے ایتھر کو ہمراہ افیون کے دینے سے نہایت
فائدہ ہوتا ہے گن سلٹ - ٹیوڈو فیور کے درجہ ردی مین جب بیمار کو ہچکیان ستاتی
ہین اور اُسکے ہاتھون کی اُنگلیان کانپتی ہین تب ایتھر بعض دفعہ استعمال کیا جاتا ہی
اور اس قسم کا درد سر جو بسبب تیزی خون کے پیدا نہو بلکہ اُس قسم کا ہو جسکو نروس ہڈ ایک
بولتے ہین - ایتھر کے استعمال سے رفع ہو جاتا ہے - حالت غشی مین اور جسوقت بیمار
کا دل ڈوبنے لگتا ہے ایتھر مفید پڑتا ہے - غرضیکہ یہ دوا نہایت عمدہ اسٹی - میولنٹ
اور انٹس - پازم - موڈک ہے ٭

استعمال خارجی - ایتھر کو اکثر سردی پیدا کرنے کے لئے باہر لگایا کرتے ہین.
چنانچہ جب رودہ فوطہ مین آکر پھنس جاتا ہے اُسوقت ایتھر کو فوطہ پر ڈالدینے
سے اسقدر سردی پیدا ہوتی ہے کہ فوطہ سکڑ جاتا ہے اور رودہ بآسانی شکم کے

اندر چلا جاتا ہے ٭ اور درد سر اور دماغ مین جب اجتماع خون کا ہوتا ہے اُسوقت سر پر ایتھر کے لگانے سے بسبب ایوا - پو - ری - شن کے نہایت سردی پیدا ہوتی ہے اور اس سبب سے اُن بیمارین کو فائدہ ہوتا ہے - جلے ہوئے اور جھلسے ہوئے مقامون پر بھی سردی پیدا کرنے کے لئے ایتھر لگایا کرتے ہین ٭ جب ایتھر ڈاکٹر رچی - چارڈسن کے آلہ سے جسم کے کسی حصہ پر چھڑکا جاتا ہے تب اسقدر سردی پیدا ہوتی ہے کہ وہ مقام بے حس ہوجاتا ہے کہ جس فائدہ کو جراحی کے چھوٹے چھوٹے عملونمین کام مین لاتے ہین مثلاً کسی چھوٹی رسولی کو کاٹ کر نکالنے کے لئے یا دانت اُکھاڑنے کے لئے وغیرہ اور بیمار کو بیہوش کرنے کے لئے بھی ایتھر کا بخار سنگھاتے ہین ٭ **خوراک** ۳۰ بوند سے ۹۰ بوند تک ٭

لاٹن —————— —————— انگریزی

اسپرٹس - ایتھرس - نائیٹرو - سائی —————— اسپرٹ اف نائیٹرس ایتھر سابق مین اسکو نائیٹرک ایتھر بولتے تھے - اور اسکا دوسرا نام سوئیٹ اسپرٹ اف نائے - ٹر بھی ہے ٭

نسخہ - نائیٹرک اسڈ - ۳ - آونس ٭ سلفیورک اسڈ - ۲ آونس ٭ باریک تانبے کا تار (قریب ۵ ۲ نمبر) ۲ آونس ٭ ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ حسب ضرورت ٭

ایک پائنٹ اسپرٹ مین تھوڑا تھوڑا سلفیورک اسڈ ملاتے جاوین اور دونو کو ہلاتے جاوین - بعدازان اسیطور پر ڈہائی آونس نائیٹرک اسڈ بھی ملاکر ایک ایسے ریٹارٹ یا کسی اَور موزون برتن مین بھردین کہ جسمین پہلے تانبے کا تار چھوڑ دیا ہو اور ایک تھر - ما - میٹر بھی لگا ہو تب اُس برتن مین ریسیور لگاکر دھیمی آنچ پر مقطر کرین مگر پہلے ۷۰ درجہ کی گرمی سے شروع کرکے ۱۷۵ درجہ تک بڑھا دین لیکن آنچ کو ۱۸۰ سے

زیادہ تیز نہ کرین غرض جب بارہ آونس مقطر ہو جاوے تب اُسکو سرد کی ہوئی بوتل مین
داگر ضرورت ہو برف سے سرد کرلین) پھر کر آنچ ہٹالین اور ریٹارٹ مین جو کچھ ہو جب وہ
سرد ہو جاوے تب باقی نصف آونس نائیٹرک ایسڈ اُسمین چھوڑ کر پھر مقطر کرنا شروع
کرین اور جب ۱۵ - آونس مقطر ہو جاوے تب اُسمین دو پاینٹ یا اسقدر ریکٹی فائیڈ اسپرٹ
ملاوین جتنے مین نائیٹرس ایتھر پورے وزن کا تیار ہو جاوے اسکو خوب بند بوتل مین
رکھنا چاہیے ٭

خاصیت یہ عرق شفاف اور قریب بے رنگ ہوتا ہے مگر نہایت خفیف زردی لئے
ہوئے - ڈھال دینے سے جلد بہ جاتا ہے اور آگ لگانے سے جلجاتا ہے اور اسمین
سے ایک خاص بو مثل سیب کے آتی ہے - ذایقہ تیز سرد اور کسیقدر شیرین ٭

فائدہ ری - فری - جرنٹ اور ڈا - یو - ریٹک اور ڈا - یا - فو - ریٹک ٭

استعمال بخار اور زکام مین بطور ڈا - یا - فو - ریٹک کے اسکو دیتے ہین اور
ڈراپ - سی کی بیماری مین ہمراہ اسے - ٹٹ آف پوٹاشس اور اسکوئیل اور
ڈی - جی - ٹے - لِس کے ڈا - یو - ریٹک فائدہ کے لئے دیا کرتے ہین ٭

خوراک بطور ڈا - یا - فو - ریٹک اور ری - فری - جے - رنٹ کے بخارون مین
آدھی ڈرام سے ایک ڈرام تک اور ڈا - یا - فو - ریٹک کے طور پر دو ڈرام
سے ۳ ڈرام تک ٭

لاٹن ــــــــــــــــ ــــــــــــــــ انگریزی

ایتھر - اسے - ٹے - کس ــــــــــــــــ اسے - ٹک ایتھر

نسخہ - ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ $\frac{1}{2}$ ۲۲ آونس ٭ سلفیورک ایسڈ $\frac{1}{2}$ ۲۲ آونس ٭
اسے - ٹٹ آف سوڈیم ۲۰ - آونس ٭ تازہ خشک کیا ہوا کاربونیٹ آف پوٹاسیم ۲ آونس ٭

اسپرٹ مین ایسڈ آہستہ آہستہ ملاوین اور اُس عرق کو سرد رکھین - جب یہ عرق سرد
ہوجاوے تب اُسمین اسے - ٹرٹ اف سوڈیم چھوڑکر سارے کو خوب طرح ملاوین
اب اُسمین سے ۵ ۸ - آونس مقطر کرلین اور مقطر شدہ عرق کو ہمراہ کاربونٹ اف پوٹاسیم
کے ایک شیشہ کے ڈانٹ والی بوتل مین بہرکر تین روز تک بھگو رکھین - اب
ایتھر کے عرق کو علیحدہ کرکے پھر مقطر کرین جبتک ۸ - آونس مقطر ہوجاوے
اسکو خوب بند بوتل مین بہرکر سرد جگہہ مین رکھہ چھوڑین ٭

خوراک ۲۰ سے ۶۰ منم تک ٭

فائدہ اور استعمال - مثل ایتھر کے یہ بہی مرکب اسٹی - میو - لنٹ اور انٹس پاز - موڈک
ہی مگر اسکی نسبت کسیقدر کمزور ہی - لیکن بہ نسبت ایتھر کے یہ مرکب خوش مزہ اور
خوشبودار ہے - اسکا استعمال انٹی - تھے - ٹک کے طور پر نہین کیا جاتا ٭ یہ ایتھر
لائیکوار ایپش - پاس - نے - کس مین پڑتا ہے ٭

اِ - مائیل - نا ئے - ٹرٹ

لاٹن	انگریزی
اِ - مائیل - نائے - ٹرس	نائی ٹرایٹ اف اِ - مائیل

امے - لک - الکحال پر جب نائیٹرک یا نائے - ٹرس ایسڈ کا اثر پیدا کیا جاتا ہی تب
یہ مرکب تیار ہوتا ہے ٭

خاصیت - یہ شے پانی مین حل نہین ہوتی لیکن ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ مین حل
ہوجاتی ہے - یہ ایک قسم کا زردی مایل عرق ہیتا ہے بو خاص مگر بد نہین ہوتی
اسکو احتیاط سے بند کرکے سرد جگہہ مین رکھنا چاہیے ٭

پہلے پہل ڈاکٹر برنٹن اِس دوا کی ماہیت کو تحقیق کرکے استعمال مین لائے - اور مرض ان - جائنی - نا - پک - ٹو - رس مین نہایت مفید پائی - اِس دوا کو سنگھائے جاہے جلد کے اندر اِسکی پچکاری کھینچئے یا پلائے اِسکے استعمال سے ۳۰ یا ۴۰ سکنڈ کے بعد مریض کا چہرہ سُرخ سر گرم اور سر چہرہ اور گردن پر پسینہ آجاتا ہے اور بعض دفعہ سارا بدن گرم اور پسینہ سے نہاجاتا ہے - مگر بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ مریض کا سارا جسم تو گرم ہوجاتا ہے مگر ہاتھ پاؤن نہایت سرد رہتے ہین - نبض تیز ہوجاتی ہے اور دل اور گلو کی شرائین نہایت زور زور سے تڑپتی ہین - سر نہایت بہاری اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا سارے بدن کا خون سر کے اندر آگیا ہے - اِس دوا کے استعمال سے اکثر سر گہومتا ہے عقل مختل ہوجاتی ہے اور بیمار نیم خواب مین ہوجاتا ہے *

ڈاکٹر اِلش - ٹی - نے بھی اِس دوا کو ان جائنی نا - پک - ٹو - رس مین نہایت فائدہ مند پایا چنانچہ جب اِس بیماری مین دیجاتی ہے تب بیمار کا چہرہ سُرخ ہوجاتا ہے اور سر بہاری معلوم ہوتا ہے اور دل دفعتہً زور سے دہڑک کر اپنی اصلی حالت پر آجاتا ہی تب مریض کا درد و دُکہہ سب دور ہوجاتا ہے اور رات کو آرام سے سو بھی رہتا ہے -

دمہ کی بیماری مین بھی یہ دوا فائدہ کرتی ہے مگر جبتک اِسکا اثر رہتا ہے تبھی تک وہ فائدہ بھی رہتا ہے اور بعد رفع ہوجانے اثر کے نوبت دمہ کی پھر آن موجود ہوتی ہے *

ڈاکٹر برنٹن یہ بھی فرماتے ہین کہ اِس دوا کے سونگھنے سے جسقدر فائدہ ہوتا ہی اُسقدر اِسکے پینے سے نہین ہوتا اور یہ یاد رکھنا چاہئے کہ کسی آدمی مین یہ دوا زیادہ موثر ہوتی ہے اور کسی پر اِسکا اثر کم ہوتا ہے *

یہ دوا ایسی سریع الاثر اور پُرخطر ہے کہ اِسکے استعمال مین نہایت احتیاط درکار ہے۔ پہلے ایک دو قطرے سُنگہانا چاہئے اور اِسکے اثر کو خوب طرح ملاحظہ کرکے مقدار کو بڑہانا چاہئے اور یہ کہ پہلے پہل طبیب کو اپنے ہاتھ سے سُنگہانا چاہئے اور تب بیمار آپ ہی سونگھہ سکتا ہے ٭

علاوہ ان - جا بجی - نما - پکِٹ - ٹو - رِش اور دمہ کے یہ دوا عصبی دردِ سر اور سی - سِک - نِس مین اور جب دم رُک رُک کر آتا ہے اور بعد کلورا - فارم سُنگہانے کے دل کی حرکت جب گہٹ جاتی ہے اور اسٹر - کینا کے زہر مین بھی اِس دوا کا استعمال کرتے ہین ٭

مقدار - ۲ بوند سے ۵ بوند تک بطور بخار کے نہایت احتیاط سے سُنگہانا چاہئے ٭

ترکیب اِس دوا کے سُنگہانے کی - کسی رومال مین یا ہاتھہ کی ہتھیلی مین تین سے چھہ قطرہ تک لیکر اِسکا بخار سُنگہانا چاہئے اور بعض دفعہ اِسکی شیشی کو بھی سُنگھتے ہین ٭

الکحل
یعنی روح الخمر

الکحل ایک لطیف جلنے والا عرق ہے - شکر مین خمیر اُٹھنے سے پیدا ہوتا ہے اور شراب کی قسم سے جتنے عرقیات ہین اُن سب مین ہوتا ہے - اِسکے پیدا ہونے کی ترکیب کے تین درجے ہین ٭

درجہ اوّل مین ایسا ہوتا ہے کہ جب شکر پانی اور خمیر مناسب درجہ حرارت مین ملائے جاتے ہین تب وہ عرق پہولنے لگتا ہے اور اُس مین تاثیر شراب کی پیدا ہو جاتی ہے ٭

درجہ دوم اُس عرق کو مقطر کرنے سے آر - ڈنٹ - اسپرٹ حاصل ہوتا ہے ٭

درجہ سوم آر - ڈنٹ - اسپرٹ کو بار بار مقطر کرنے سے یکٹی - فائیڈ - اسپرٹ

حاصل ہوتا ہے *
شراب دو قسم کی ہوتی ہے ایک وائین یعنے ہلکی شراب * دوسری اسپرٹ یعنے تیز شراب *

اول وائین

اس شراب کو لاٹن مین وائی۔نم کہتے ہین۔ وائین شراب کئی قسم کی ہوتی ہے مثلاً شیری وائین * پورٹ وائین * شمپین * کلارٹ وغیرہ * شیری وائین جسکو لاٹن مین وائی۔نم ذیری۔کم بولتے ہین ہلکے بہورے رنگ کی ہوتی ہے اور اِسکے سو حصہ مین ۱۷ یا ۲۰ حصہ الکحل ہوتا ہے * بہت ہلکی پورٹ وائین مین ۵ احصہ اور تیز مین ۱۷ حصہ * کلارٹ مین ۷ حصہ الکحل ہوتا ہے * فار۔ما۔کو۔پیا کے مرکبات ذیل مین شیری وائین پڑتی ہے اور انکو وائی۔نم کہتے ہین چنانچہ وائی۔نم الوز * وائی۔نم انٹے۔مو۔نئی۔رِش * وائی۔نم کال۔چی۔سائی * وائی نم فرائی * وائی۔نم اپے۔کے۔کوانا * وائی۔نم او۔پیائی * وائی۔نم ریائی *

اثر۔ اپنی مختلف تصنیفات مین اِس بات کو اچھی طرح لکھہ چکا ہون کہ جیسے اَور زہر مین ویسی شراب بھی ایک زہر ہے اور یہ کہ جیسے سمیات کا استعمال بیماری کیحالت مین نہایت احتیاط سے کرتے ہین ویسے ہی شراب کا استعمال بھی بعض بیماری مین لگا ہے گا ہے نہایت احتیاط سے کرنا چاہئے اور یہ کہ تندرستی کیحالت مین جیسے سنکھیا کا کہانا ویسے شراب کا پینا بھی اپنی جان پر کہیلنا ہے اور یہ کہ دنیا مین جتنی بُرائیان ہین شراب اُن ساروں کی ما ہے۔ اگر اِس امر مین زیادہ علم حاصل کرنا چاہو تو میری کتاب **طب رحیمی** باب حفظ صحت کو دیکھو *

جب وائین شراب اوسط مقدار مین پی جاتی ہے تو نظام عصبی اور دموی اور غددی کو تحریک ہوتی ہے۔ دل اور شرائین کی حرکت تیز ہو جاتی ہے۔ سارے بدن مین

گرمی آجاتی ہے - رطوبات زیادہ پیدا ہوتی ہین - عضلونمین طاقت زیادہ پائی جاتی ہے - حواس باطنی تیز ہوجاتے ہین اور سرور حاصل ہوکر طبیعت مین ایسی کیفیت پیدا ہوجاتی ہے جس سے غم غلط ہوجاتا ہے - البتہ جب وائین شراب زیادہ پیجاتے ہے تب نشہ ہوجاتا ہے - یہ بات قابل یادرکہنے کے ہے کہ وائین کا اثر اُس الکحل کے سبب سے پیدا ہوتا ہے جو اُسکا جزو اعظم ہے - پہر بہی دونو قسم کی شرابون کے اثر مین (وائین اور اسپرٹ جو حقیقت مین پانی ملا ہوا الکحل ہے) فرق ہے چنانچہ وائین کے پینے کے بعد طاقت معلوم ہوتی ہے مگر اسپرٹ شراب مین یہ بات نہین ہے - علاوہ برین وائین شراب کے پینے سے تفریح بتدریج ہوتی ہے اور عرصہ تک رہتی ہے مگر اسپرٹ کے پینے سے یہ بات نہین ہوتی اور اسپرٹ شراب کے پینے کی عادت ڈالنے سے جگر کی بیماری پیدا ہوتی ہے - مگر وائین شراب مین یہ بات نہین ہوتی *

استعمال - تہکان کے رفع کرنے کے لئے وائین عمدہ اسٹی یمو - لنٹ ہے اور جب ضعف معدہ کے سبب ہاضمہ بگڑ جاتا ہے تب بہی اسکا استعمال کرسکتے ہین - اب وائین کا استعمال ٹامی - فِش اور ٹائی - فائیڈ فیور مین کثرت سے کرتے ہین خاصکر جب بیمار نڈہال ہوجاتا ہے نبض اُسکی کمزور اور بدن سرد ہوجاتا ہے اور ان امراض مین بہی وائین کے استعمال سے نہایت فائدہ ہوتا ہے جیسے اسکار - لے - ٹے - نا * اری - سے - پلے - لَس * ڈف - تھے - ریا * ان - فلو - ان - زا * انے - میا * ام - یائی - ای - میا * سل کے دوسرے اور تیسرے درجون مین * بڑے زخمون میں * اطراف کے گنگرین مین * ضرب شدید مین * بڑے عمل جراحے مین کثرت جریان خون مین * مزمن برانکائی - ٹِس اور نیو - مو - نیا مین کہ جب یہ مرض کمزور اور بڈہون کو ہوجاوے *

دوم اسپرٹ شراب

یہ شراب کئی قسم کی ہوتی ہے مثلاً ایک تو برانڈی جو پینے مین آتی ہے اورجسکو لاٹن مین اس - پے - ری - ٹش وائی - نائی - گے - لے - سائی بولتے ہین * دوسری اس - پے - ری - ٹش رکٹی - فے - کے - ٹش جس سے عرقیات از قسم ٹنکچر بنتے ہین * تیسری اس - پے - ری - ٹش لٹے - نیوریہ بھی ٹنکچر وغیرہ مین پڑتی ہی * چوتھی خالص الکحل جسکا استعمال کیمیاوی ترکیبون مین ہوتا ہے * ان سارون کا الگ الگ بیان کرکے الکحل کے فائدہ اور استعمال کا ذکر کیا جائیگا *

اوّل

لاٹن ———— ———— انگریزی

اسپے - ری - ٹش وائی - نائی گیا - لے - سائی ———— اسپرٹ اف فرنچ وائین

اسکو برانڈی بھی کہتے ہین *

اسکے ۱۰۰ حصہ مین ۴۸ سے ۵۶ حصہ خالص الکحل ہوتا ہے *

فائدہ ڈی - فیو - زبل اسٹی - میو - لنٹ *

مرکب

لاٹن ———— ———— انگریزی

میٹیورا اسپے - ری - ٹش وائے نائی گیالی سائی ———— برانڈی مکسچر

نسخہ - برانڈی - ۴ آونس * سی - نی - من واٹر - ۴ آونس * زردی بیضہ دو عدد * قند - نصف آونس * سبکو ملالین - نہایت عمدہ اسٹی - میو - لنٹ ہی *

خوراک ایک سے دو آونس تک *

دوم

لاٹین	انگریزی
اسپے-ری-ٹش رکٹی-فی-کے-ٹس	رکٹی-فائیڈ-اسپرٹ

یہ شراب بے-رنگ شفاف اور آگ دینے سے جلتی ہے * اِسکے ۱۰۰ حصہ مین ۱۶ حصہ پانی اور ۸۴ حصہ الکحل ہوتا ہے *

ریکٹی فائیڈ-اسپرٹ اِن ٹنکچر مین پڑتی ہے

ٹنکچورا اِکو-نائی-ٹائی
" ار-نے-کا
" اسا-فی-ٹے-ڈا
" بن-زائی-نی کنپازیٹا
" کے-نے-بِس انڈی-سی
" کیپ-سی-سائی
" کیو-بے-بے
" فرائی-پیر-کلو-رائی-ڈائی
" فرائی-اسے-ٹائی
" آئیو-ڈائی
" سم-بل
" آرِن-شیائی-ری-بِشن-ٹِس
" کا-ے-نو

ٹنکچورا لا-ری-بِسن
" لے-ون-ڈیو-لے کمپازیٹا
" مر ہے
" نیو-بِش وا-مے-بِش
" او-پیائی امو-نیے-ٹا
" پائی-ری-تہرائی
" ٹوٹ-لو-لیے-بنا
" وی-را-ٹرائی وی-ری-ڈِش
" زنجے-برس
" " فارشیار
" یو-ڈو-فا-رے-لا-ے
" سے-نے-مو-مائی

سوم

لاٹن ——————— انگریزی

اسپے-ری-ٹِس ٹے-نیوبر ——————— پروف-اسپرٹ

لنسخہ - ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ۵ - پاینٹ ÷ ڈسٹلڈ واٹر ۳ پاینٹ ÷ دونو کو ملالین ÷ اسکے ۱۰۰ احصہ مین ۷۵ حصہ الکحل ہوتا ہے ÷ اور یہ شراب مفصلۂ ذیل ٹنکچر مین پڑتی ہے ÷

ٹنکچورا اِلوز
〃 اِرن-شیائی
〃 بلا-ڈونا
〃 بیو-کیو
〃 کے-لنبے
〃 کمفر کنپا-زیٹا
〃 کس-کریلا
〃 کے-ئے ٹ-کیو
〃 چے-را-لٹے
〃 سن-کو-نی
〃 〃 کنپا زیٹا
〃 کاک-سائی
〃 کال-چی-سائی-سے-مے-نِش
〃 کو-نائی
〃 کرد-سائی

ٹنکچورا ڈی-جے-لٹے-نِش
〃 ار-گو-لٹے
〃 گے-لے
〃 جن-شیانے کنپا زیٹا
〃 ہائیسو-سئے-مائی
〃 جے-لا-پے
〃 کرا-مے-ری
〃 لائی-مو-رِنس
〃 لو-بے-لی
〃 لیو-پیو-لائی
〃 او-پیائی
〃 کوا-شیا
〃 کوئی-نے
〃 〃 〃 امو-نیئے-ٹا
〃 ریائی

ٹنکچورا سے - بائی - نی	ٹنکچورا سرپین - ٹے - ری
" سلی	" جل - سے - میاتی
" سے - مے - فیو - گے	" اس - ٹرا - مو - نیاتی
" سے - نے - گے	" کن - تھے - ری - ڈیش
" کار - ڈی - مو - مائی کنپا زیٹا	" وے - لے - ریا - نے
" سے - نے	" جے - بو - ران - ڈائی
" سے - مے - فیو - گے	

چھارم

لاٹین		انگریزی
الکحل	اب - سو - لیوٹ الکحل	

یہ شراب کا جوہر ہے + اسکو اِتھے - لِک الکحل بھی کہتے ہین +

نسخہ - ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ایک پائینٹ + کار - بونٹ اف پوٹاشس دو آونس کلورائیڈ - کیال - سیم حسب ضرورت +

ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ مین کار - بونٹ اف پوٹا - سیم ملاوین اور ایک بند کرو - سیبل مین کلورائیڈ اف کیال - سیم کو آنچ پر شوخ کرین - اب آنچ سے اُتار کر اُسکے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر ڈالین اسمین سے ایک پاؤنڈ لیکہ فلاسک مین بھر دین - اگلے اسپرٹ سے کار - بونٹ اف پو - ٹا - سیم کے پانی کے عرق کو علیحدہ کر کے اُس اسپرٹ کو اوپر کے فلاسک مین چھوڑ دین اور ۲۴ گھنٹہ تک رہنے دین تب اُسکو دھیمی آنچ پر دو آونس عرق مقطر کرین - اسکو پھر اُس فلاسک مین ڈالکر ۱۵ - آونس تک مقطر کرلین +

یہ شے دوا کے کام مین نہین آتی بلکہ بعض اشیا جیسے روغن آیو - ڈین - نباتات کے

جوہر وغیرہ ہین انکے حل کرنے کے لئے کام آتی ہے اور اس سے کلورا-فارم اور
ڈائیکوار سو-ڈی اتھے-لے-ٹش بھی تیار ہوتا ہے *

فائن اسپرٹ کے قسم کی تیز شرابین جیسے برانڈی* رم اور وہسکی اور ویسی تھرا*
الکحل یا ریکٹی-فائیڈ-اسپرٹ جب جسم کے کسی مقام پر لگائے جاتے ہین تب اُس مقام کے
ریشے سُکڑ کر جم جاتے ہین اور وہان پر چارون علامتین انفلامیشن کی پیدا ہوجاتی ہین*
اسپرٹ کے قسم کی تیز شراب جب پی جاتی ہے تب اُسکا اثر تین درجہ پر پیدا ہوتا ہے
چنانچہ

درجہ اول مین نظام دموی اور عصبی کو صرف تحریک ہوتی ہے مثلاً نبض سریع ہوجاتی
ہے-چہرہ اور آنکھین سرخ-حواس باطنی کو نہایت تحریک ہوتی ہے-غم دین و دنیا
فراموش ہوجاتا ہے-خیالات خوش پیدا ہوتے ہین*

دوسرے درجہ مین آدمی بہک جاتا اور لڑکھڑانے لگ جاتا ہے-دوران خون نہایت
تیز ہوجاتا ہے-جی متلاتا اور قے ہونے لگتی ہے تب نیند آتی ہے اور بیمار کئی
گھنٹے برابر سوتا رہتا ہے اور پسینہ مین نہاجاتا ہے-بعد جاگنے کے درد سر کی شکایت
کرتا ہے-بھوک جاتی رہتی ہے-مگر پیاس کی شکایت کرتا ہے-زبان میلی ہوجاتی
ہے-مُنہ پھیکا ہوجاتا ہے اور مریض نہایت ناتوان ہوجاتا ہے*

تیسرے درجہ مین مریض بیہوش (کو-ما یعنے ا-پو-پلکسی) ہوجاتا ہے یہ کوما اکثر
اُسوقت پیدا ہوتا ہے کہ جب کوئی شخص تھوڑے ہی عرصہ مین بہت زیادہ اسپرٹ
شراب پی جاتا ہے اس حالت مین نبض اکثر بطی ہوجاتی ہے-پتلیان اکثر پھیل
جاتی ہین-دم آہستہ آہستہ لیا جاتا ہے اور تنفس کے عضلون کے مفلوج ہوجانے کے
سبب سے بائگلاٹس کے بند ہوجانے کے باعث بیمار مرجاتا ہے*

بہت باتون مین اسپرٹ اور دوائین کا اثر مطابق ہے پھر بھی چند باتون مین فرق ہے

چنانچہ بہ نسبت وائن کے اسپرٹ جلد تر تحریک پیدا کرتا ہے مگر یہ تھوڑے سے ہی
عرصہ تک رہتی ہے اور بعد رفع ہو جانے تحریک کے یا تو جلد حالت ردی
طاری ہو جاتی ہے یا مریض نہایت کمزور اور نڈھال ہو جاتا ہے - اور اسپرٹ
کے پینے سے جب بہت نشہ ہو جاتا ہے تب بیمار اکثر مرجاتا ہے - افیون کے
کھانے سے بھی کو - ما کی حالت پیدا ہوتی ہے لیکن اسمین نتو ہذیان ہوتا ہے
نہ آواز بھاری ہو جاتی ہے اور نہ تکلم مین فرق پڑتا ہے جیسے اسپرٹ کے پینے
سے ہوتا ہے لیکن شراب کے کو - ما مین بیمار کے مُنھہ سے شراب کی بو آتی ہے
علاوہ ازین شرابی کی آنکھون کی پتلیان اکثر پھیلی ہوئی ہوتی ہین مگر افیونی کی
سکڑی *

استعمال اسپرٹ شراب کا استعمال داخلی اور خارجی دونو طور پر کیا جاتا ہے *

داخلی - یہ بات یاد رہے کہ بیماری کی حالت مین ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ نہیں
پلاتے بلکہ برانڈی جِن یا وِہسکی شراب کا استعمال کرتے ہین اور ان تینون مین
سے برانڈی ہی کا استعمال اکثر کیا جاتا ہے پس اسٹو - ما - کک کے طور پر درد
اور نفخ شکم اور قئے مین اور دیگر اقسام کی بدہضمی مین برانڈی پلاتے ہین * بخار واز
کے درجہ ردی مین بطور اسٹی - میو - لنٹ اِسکا استعمال کرتے ہین اور حالت غشی
اور جراحی کے عملون کے درمیان جب بیمار نہایت کمزور ہو جاتا ہے تب بھی
برانڈی کارآمد ہوتی ہے -

خارجی - کسی کمزور مقام سے خون جاری ہو تو اسپر ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ لگانے
سے وہ خون بند ہو جاتا ہے کیونکہ اسپرٹ خون کے البیو - من کو منجمد کر دیتی ہے
اور رگون کے دہانون کو سُکیڑ دیتی ہے - پس ان صورتون مین اسپرٹ کا فائدہ
اس - ٹپ - ٹک ہے اور اس - ٹرن - جنٹ ہے - نازک مقامون کی جلد سخت کرنے

کے لیئے بہی اسپرٹ لگایا کرتے ہین مثلاً ایسی عورتون مین جنکے پستانون کی ٹہنیان
نہایت نازک ہوتی ہین کہ بچہ کے دودہ پینے سے اُنکے زخمی ہوجانے کا اندیشہ ہے
وضع حمل کے کئی ہفتے پہلے سے اُنپر برانڈی کی مالش کرتے ہین تاکہ جلد سخت ہوجاوے
بعض دفعہ زیادہ چلنے پہرنے سے پاون مین چہالے پڑجاتے ہین تو اُنپر اسپرٹ
لگانے سے پاؤن کی جلد سخت ہوجاتی ہے + ٹانسل جب انفلامیشن کے سبب
پہول جاتے ہین تو اسپرٹ شراب کے غرغرہ سے بہت فائدہ ہوتا ہے - اسپرٹ
مین پانی ملاکر دہونے سے بعض جلد کی بیماریون اور بڑہے سور کو فائدہ ہوتا ہے -
وضع حمل کے وقت شکم پر اسپرٹ کی مالش کرنے سے بہی فائدہ ہوتا ہے +
مثانہ کے ضعف یا فالج کے سبب جب پیشاب بند ہوجاتا ہے تب زیر ناف اسکی
مالش کرنے سے پیشاب کہل جاتا ہے + سردی پیدا کرنے کے لئے اسپرٹ مین
پانی ملاکر اسمین کپڑا تر کرکے لگاتے ہین + اسکو اصطلاح مین اسپرٹ - لوشن کہتے
ہین - اکثر اس لوشن مین ایک حصہ رکٹی - فائیڈ - اسپرٹ اور تین حصے پانی
ہوتا ہے + ترکیب اس لوشن کے لگانے کی یہ ہے کہ اسمین لنٹ تر کرکے
مرض کے مقام پر لگا دینا چاہئے - اگر وہان سردی پیدا کرنی ہو تو لنٹ کو کہلا چہوڑ دین
تاکہ اسپرٹ کا بخار اچہی طرح اُڑتا رہے اور مرض کے مقام پر سردی پیدا ہوجاوے
چنانچہ اس ترکیب سے اسپرٹ - لوشن کو انفلامیشن کے مقام پر لگایا کرتے ہین تاکہ
مرض کے مقام کی حرارت دور ہوجائے اور انفلامیشن کو تخفیف ہوجائے +
لیکن جب اس عرق مین لنٹ تر کرکے مرض کے مقام پر لگا کر گٹا پرچہ سے ڈہانپ
دیتے ہین تاکہ شراب کا بخار اُڑنے نہ پاوے تب اثر اسکا پولٹس کی طرح ہوتا ہی
اور فائدہ انٹی - سپ - ٹک +
دواسازی مین الکحل اور رکٹی - فائیڈ - اسپرٹ اور پروف - اسپرٹ کا استعمال ہوتا ہی

چنانچہ کیمیاوی ترکیبون مین توالکحل کا استعمال اور نباتات کے جوہر کہینچنے کے لئے ٹنکچر + اسپرٹ اور ایتھر بنانے کے لئے باقی دونو قسمون کے اسپرٹ کا استعمال کیاجاتا ہے +

شراب کے زہر کا علاج - شراب کے پینے سے اگر بہت نشہ ہوجائے تو دو دو آونس کی مقدار مین لائی - کوار - ایمو - نیا اسے - لے - ٹیس کئی بار پلانا چاہئے اور جو یہ مرکب پاس نہو توچار یا چھہ آونس سرکہ مین ایک ڈرام کاربونٹ اف ایمو - نیا حل کرکے پلاوین + اگر شراب کے سبب سے کو - ما کی حالت ہوجائے تو فوراً آلہ اسٹمک - پنپ داخل کرکے معدہ سے شراب کو کہینچ لین بعد ازان سرپر کسیقدر بلندی سے آب سرد کا تڑاڑا چھوڑین اور جسم کے مختلف مقامات پر چوڑی چوڑی رائی کی پٹیان لگاوین اور کافی کا کڑا خیساندہ گرم گرم اور اسمین قدرے لائی - کوار ایمو - نیا ملاکر ریکٹم مین پچکاری کرین اور تار برقی لگاوین +

بیو - ٹائیل کلورل ہائیڈراس

لاٹن		انگریزی
بیو - ٹائیل کلورل ہائیڈراس	———	ہائیڈریٹ اف بیوٹائیل کلو - رل

اِس مرکب کو سابق مین غلطی سے کرو - ٹن کلورل ہائیڈریٹ کہتے تھے -

خشک کلورین ہوا سرد کئے ہوئے ال - ڈہی - ہائیڈ مین ملانے سے یہ مرکب بنجاتا ہے - ڈیسٹی - لیشن کی ترکیب سے اسکو علیحدہ کرکے پانی ملاکر منجمد کرلیتے ہین -

فائدہ اور استعمال - اِس مرکب کا اثر اگرچہ کلورل - ہائیڈریٹ کے طور پر ہے پہر بھی تین باتو نمین فرق ہے ایک تو یہ کہ بہ نسبت کلورل - ہائیڈریٹ کے یہ مرکب

کم ہیٹ - نا ٹیک (منوم) ہے + دوم بہ نسبت کلو-رل - ہائیڈرٹ کے یہ مرکب کم مضعف دل ہے + سوم خاصکر پانچوین جوڑے عصب کی شاخون پر یہ مرکب انو-ڈاین اور اِنش - تھے ٹیک اثر پیدا کرتا ہے + بموجب ڈاکٹر رنگر کے مشاہدون کے یہ دوا درد چہرہ اور پس سر اور گردن اور بگرین کے عصبی دردون کو نہایت فائدہ کرتی ہے - کس مقدار مین اِس دوا کو استعمال کرنا چاہئے - اِس بات پر مختلف طبیبون کی رائے مین اختلاف ہے مگر بہتر ترکیب اِسکے استعمال کرنے کی یہ ہے کہ پہلے خوراک - اگرین کی دیکر پانچ پانچ گرین کی تین چار خوراکین دو دو گہنٹہ بعد دیوین اور تب پانچ پانچ گرین دنمین تین چار دفعہ دینا چاہئے نہایت عمدہ طریقہ اِسکے کہلانے کا گولیون کے طور پر ہے چنانچہ قدرے گلقند اور تہوڑا سا میو-سلج ملاکر پانچ پانچ گرین کی گولیان بخوبی بن سکتی ہین + کہلاتے وقت تازی گولیان بناتی چاہئین ورنہ آپسمین ایسی جُڑ جائینگی کہ اُنکو علیحدہ کرنا مشکل ہوجائیگا +

سر-وی-سے فر-من-ٹم

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

سر-وی-سے فر-من-ٹم ——————— بیارہ - ایسٹ

یہ خمیر ہے جو بیر شراب بناتے وقت نکلتا ہے +

خاصیت - سیدار گاڑہا اور کف دار ہوتا ہے خردبین سے دیکھنے سے اِسمین بیشمار گول اور بیضوی شکل کی ایک قسم کی کائی کے دانے نظر آتے ہین +

فائدہ اور استعمال - یہ چیز ٹانک اور اسٹی-میو-لنٹ ہے - پہٹون کی کمزوری مین اور پہوڑے اور دنبل کے پیدا ہونا موقوف کرنے کے لئے اِسکو دی سکتے ہین

یہ خمیر بدبو کو بھی رفع کر دیتی ہے ٭

خوراک اگر تازہ ہو تو آدھے آونس سے ایک آونس تک دو دو گھنٹہ بعد دے سکتے ہین٭

اسکا ایک مرکب ہی

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

کے-ٹا-پلازما فرمن-ٹائی ——————— ایسٹ پولٹس

نسخہ - بیار ایسٹ ۲ آونس ٭ گیہون کا آٹا ۱۴ - آونس + پانی ۱۰۰ درجہ گرم ۶ آونس ٭ ایسٹ کو پانی مین ملا کر آٹے مین چھوڑ کر ملا دین بعد ازان آگ کے سامنے رکھین جبتک وہ پھولے ٭

استعمال۔ بودار اور مسلغنگ - السر پر اسکو لگایا کرتے ہین ٭

کلو - را - فا - رم

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

کلورا - فارم ——————— کلورا - فارم

نسخہ - کلوری - نے - ٹد - لائم - ۱۰ پاؤنڈ + ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ۳۰ آونس + سلکڈ - لائم حسب ضرورت + پانی ۳ گیالن + سلفیورک ایسڈ - حسب ضرورت + کلورائیڈ آف کیلسی ام کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ۲ - آونس + ڈسٹلڈ واٹر ۹ - آونس + ای - تھے - لک الکحل حسب ضرورت ٭

پانی اور اسپرٹ کو ایک چوڑے آلہ اسٹل کے اندر بھر کر آنچ کو ۱۰۰ درجہ تک بڑھا دین تب کلو - ری - نے - ٹڈ - لائم اور ۵ پاؤنڈ سلکڈ - لائم اسمین چھوڑ کر خوب ملا دین اب اُس اسٹل کو ایک آلہ درم کے ساتھ جوڑ کر (جسکے چارون طرف سرد پانی ہو اور جس کے اخیر مین ایک کم چوڑی گردن کا رسیور لگا ہو) آنچ دیوین تاکہ ڈسٹی - لیشن شروع

ہوجاوے - جب ڈیسٹی - لیشن اچھے طور پر ہونے لگے تب فوراً آنچ ہٹا لین اور جب
عرق مقطر ۵۰ آونس ہوجاوے تب اُس ریسیور کو ہٹا لین اور اُسمین جو کچھہ ہو
اُسکو ایک گیالن کی بوتل مین نصف پانی بھر کر ڈالدین اور خوب ہلا دین بعد اسکے
چند منٹ تک اُسکو ٹھیرنے دین کہ جتنے عرق مختلف وزن کے دو طبق مین علیحدہ
ہوجاوے گا نیچے کے طبق کو رکہ جو میلا کلورافارم ہے) ایک بوتل مین ہمراہ تین آونس
ڈسٹلڈ واٹر کے بہر کر خوب ہلا کر دہو ڈالین - تب کلو-را-فا-رم کو نیچے بیٹھنے دین
اور پانی کو علیحدہ کر ڈالین اسیطور پر تین تین آونس ڈسٹلڈ واٹر سے اور بہی
دو مرتبہ دہو ڈالین بعد اسکے اُس دہوئے کلو-را-فارم کو ہمراہ اسکے برابر
سلفیورک اسڈ کے ایک بوتل مین بھر کر ۵ منٹ تک ہلا کر اُس عرق کو ٹھیرنے دین
اوپر کے طبق کو ایک فلاسک کے اندر کہ جسمین قدرے کہارا پانی ہو ڈالدین
اور بعد ہلانے کے اُس کلو-را-فارم کو ایک خشک بوتل مین بہر دین کہ جس مین
کلورائیڈ اف کیال-سی-ام ہمراہ آدہے آونس خوب خشک سلکڈ-لائم کے ہو
اب خوب ہلا ہلا کر ملا ڈالین - اور بعد ایک گہنٹہ کے اُس فلاسک کو لے - بگمس
گنڈن - مین لگا کر واٹر باتھ کے ذریعہ خالص کلو-را-فارم مقطر کر لین اور اُس
مین اسقدر اتھے-لک الکحل ملا دین کہ جو کلو-را-فا-رم کے ۱۰۰ حصہ مین ایک
سو حصہ ہو - اب اُس کلو-را-فا-رم کو بند بوتل کے اندر سرد جگہہ مین رکھہ دین *
واضح ہو کہ میلے کلو-را-فا-رم کو پانی مین ملا کر ہلانے کے بعد جو ہلکا عرق اوپر ہو
اُسکو اور ڈسٹلڈ واٹر سے جو دہوون نکلے اُسکو بھی بحفاظت رکھہ چھوڑین تاکہ
دوسری مرتبہ کلو-را-فا-رم بنانے کے وقت کام مین لا سکین *

خاصیت یہ ایک صاف بے رنگ عرق ہوتا ہے کہ جس سے ایتھر کی خوشبو
آتی ہے - اور جسکا ذائقہ شیرین ہوتا ہے - الکحال اور ایتھر کے ساتھہ ہر مقدار مین

ملجاتا ہے اور پانی مین کسیقدر حل ہو جاتا ہے اور اس پانی مین مٹھاس آجاتی ہے
جلتے وقت (اگرچہ دیر سے جلتا ہے) شعلہ سبز اور دھوان دہار ہوتا ہے ٭

شناخت - اسپسی - فک - گراوٹی ۹۶ء۱ سلفیورک اسڈ مین ملا کر ہلایا جاوے
تو اسمین رنگت نہین آتی - بعد اڑجانے کے نتو کوئی شے باقی رہتی اور نہ بدبو پیدا ہوتی
ہے اور جب پوٹاسیم دہات اسمین چہوڑا جاتا ہے تو کوئی ہوا نہین پیدا ہوتی ٭
کلورا - فارم پانی مین فوراً ڈوب جاتا ہے ٭ روغن تارپین مین فوراً حل ہو جاتا ہے
یہ شے لطیف روغنون کو اور دال اور کافور کو حل کر دیتی ہے ٭ پانی مین رکہا جاوے
تو بلا کسی قسم کے تغیر کے عرصہ تک پڑا رہتا ہے ٭

کہوٹ - خالص کلورا - فارم جب پانی مین ڈالا جاتا ہے تب قطرہ قطرہ ہو کر ڈوب
جاتا ہے اور اُس عرق کا رنگ گدلا نہین ہوتا ٭ اگر گدلا ہو جاوے تو جاننا چاہیے
کہ اسمین الکحل ملا ہوا ہے کیونکہ جب کلورا - فارم مین تہوڑا بہی الکحل ملا ہوا ہوتا
ہی تب ایسلے قطرات مذکورہ بالا کے چارون طرف باریک مکدر ایک پردہ سا
بنجاتا ہے ٭

یاد رہے کہ کلورا - فارم چونکہ پانی مین فوراً ڈوب جاتا ہے تو اِس خاصیت سے
یہ فائدہ اُٹہاتے ہین کہ جب کلورا - فارم کو کچہہ عرصہ دراز تک رکہنا منظور ہو تو اس
مین پانی ملا دینا چاہیے تاکہ اُڑانے نہ پاوے کیونکہ جب کلورا - فارم مین پانی ملایا جاتا
ہے تو وہ نیچے ہو جاتا ہے اور پانی کا طبق اوپر کہ جس سے اُڑنے نہین پاتا ٭

فائدہ اور استعمال کلورا - فارم بطور سی - ڈٹی - ٹیو کے ان امراض مین بلایا
کرتے ہین جیسے دمہ اور ہوپنگ کاف اور کنسر و دیگر امراض دردناک اور جب تھے
عرصہ دراز تک آتی ہو اور مختلف قسم درد معدہ مین اور قولنج اور تشنج اور عصبی امراض
جیسے ٹٹ - نے - نس اور ہائیڈرو - فو - بیا اور ڈے - لے - ریم ٹرے - منس میں

کلورا-فارم ایک نہایت مفید دوا ہے اور کلورا فارم درد اور خراش موقوف کرنے
کے لئے بہی لگایا جاتا ہے چنانچہ بطور روغن یا مرہم کے عصبی یا گوشت کے دردون پر
لگاتے ہین اور جلد ہی بیماریون مین کہجلی رفع کرنے کے لئے بہی یہ دوا نہایت مفید ہے
جیسے پرو-رائی-گو اور کرانک اگ-زی-ما اور ار-ٹی-کے-ریا اور لائی-کن
مین - لیکن کلورا-فارم خاصکر سنگہانے ہی مین اکثر آتا ہے چنانچہ جب کلورا-فارم
بمقدار نصف ڈرام کے سنگہایا جاتا ہے تو سر بہاری اور گہومنے لگتا ہے اور
عقل و ہوش مین بہی کسیقدر فرق پڑ جاتا ہے اور بیمار کی طبیعت خوش ہوتی ہے
اور مریض تہوڑا بہت نشہ مین ہوجاتا ہے* لیکن بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ بیہوشی
ایسے بے معلوم طور پر طاری ہوتی ہے کہ سنگہانے والون کو ذرا بہی تکلیف نہین
ہوتی لیکن اکثر اوقات اور خاصکر جب مریض طاقتور ہوتا ہے تو بیہوش ہونے
سے پہلے طبیعت مین اُسکے جوش پیدا ہوجاتا ہے جس سبب سے بیمار ہاتہہ پاؤن
مارتا اور بکنے اور ہنسنے لگتا ہے - حالت بیہوشی مین بیمار دم خراٹے سے لیتا ہے
گوشت اُسکے ڈہیلے ہوجاتے ہین آنکہین اُسکی اوپر چڑہ جاتی ہین اور پتلیان کسیقدر سکڑ جاتی
ہین لیکن جب اس حالت مین کلورا-فارم جاری رکہا جاتا ہے تب البتہ پتلیان پہیل جاتی
ہین اب اگر سونگہنا موقوف کیا جاوے تو پانچ چہہ منٹ کے اندر بیمار ہوش مین آجاتا
ہے حالت بیہوشی مین جو کچہہ کہا سُنا تہا وہ سب بہول جاتا ہے اور اکثر بعد ہوش
مین آنے کے کسی طرح کی تکلیف نہین رہتی لیکن گاہے گاہے ایسا بہی ہوتا ہے کہ
بیمار جب ہوش مین آجاتا ہے تب بہی کسیقدر درد سر اور غشی رہتی ہے مگر یہ باتین
جلد رفع ہوجاتی ہین * بیہوش ہونے کے وقت مریض کے دوران خون مین کسیقدر
اثر پیدا ہوجاتا ہے مثلاً ابتدا سونگہنے مین نبض پُر اور سریع ہوجاتی ہے لیکن جون
جون اثر کلورا-فارم کا پیدا ہوتا جاتا ہے نبض اکثر کمزور ہوتی جاتی ہے مگر سرعت

* اگر بمقدار زیادہ بہی سنگہا دیا جاوے تو مریض فوراً بیہوش ہوجاتا ہے

اسکی کسیقدر بڑھ جاتی ہے * کلورا-فارم احتیاط سے سنگھا کر بیہوشی کی حالت
کو گھنٹون تک جاری رکھہ سکتے ہین * پس کلورا-فارم کے سُنگھانے سے یہی
اثر پیدا ہوتا ہے کہ جسکا ذکر اوپر کیا گیا اب جن مطالب کے واسطے سُنگھاتے ہین
اُنکا ذکر کیا جاتا ہے *

یاد رہے کہ کلورا-فارم تین مطالب کیلئے سُنگھاتے ہین - اول اِسلئے کہ بوقت عمل
جراحی درد نہو - دوم نوبتی بیماریون کی نوبت کے وقت جو درد ہوتا ہے اُسکے رفع کرنے
کے لئے اور سوم بوقت وضع حمل *

۱۸۴۶ع اور ۱۸۴۷ع مین کہ جب ڈاکٹر سمسن صاحب نے کلورا-فارم پہلے ایجاد کیا
تھا لوگون کو عمل جراحی کے وقت اِسکے استعمال کرنے مین نہایت تامل تھا بلکہ اکثر
حکما اِسکو بُرا جانتے تھے لیکن اِسکے سُنگھانے سے مریض کو اِسقدر آرام معلوم دیتا ہے اور
چونکہ خطر بھی اسمین بہت ہی تھوڑا ہے تو اب ساری دنیا کے جراح اِس دوا کو کام مین لاتے
ہین اور بعض تو ایک ادنی سے عمل مین بھی اپنے بیمار کو کلورا-فارم سنگھا دیتے ہین لیکن
یہ بات اچھی نہین کیونکہ ایسا دیکھا گیا ہے کہ اکثر جو بیمار کلورا-فارم سونگھنے سے مرے
ہین تو اِس دوا کو ادنی سی بات کے لئے سونگھنے سے تلف ہوئے ہین چنانچہ دانت
نکالتے وقت وغیرہ - وجہ اِسکی یہ معلوم ہوتی ہے کہ عمل جب خفیف ہوتا ہے تو جراح
اکثر بے پرواہ ہو جاتے ہین اور اُسحالت بے پرواہی مین جب کلورا-فارم سنگھاتے
ہین تو بالکل اِسبات کا خیال نہین رکھتے کہ بیمار کو چت لٹا رکھیئے بلکہ حالت بیہوشی
مین اُسکو بٹھا رکھتے ہین * جب کسی مقام کا جوڑ اُکھڑ جاتا ہے تو اُسکے بٹھانے کے
لئے کلورا-فارم سنگھاتے ہین - اِس سے ایسا ہوتا ہے کہ گوشت ڈھیلا ہو جاتا ہے
اور بلا درد یا تکلیف کے نہایت آسانی سے جوڑ اپنی جگہہ مین آجاتا ہے اور فتق
کے چڑھانے کے لئے بھی اِس دوا کو سُنگھاتے ہین اور نیز جب بسبب تشنج کے

تنگ ہوجاتا ہے تب بہی کلورا-فارم سنگہاکر سلائی داخل کرتے ہین اور جب
ناک یا دہن کے اندر کسی عمل جراحی کے کرنے کی ضرورت پڑتی ہے تو اکثر کلورا فارم
نہین سنگہاتے کیونکہ اسمین یہ اندیشہ ہے کہ خون ہوا کی نالی کے اندر گزرکر مریض کو
ہلاک کرسکتا ہے لیکن احتیاط سے سنگہایا جاوے تو مضایقہ نہین ٭ اکثر امراض
کے علاج مین بہی اِس دوا کو سنگہاکر بیمار کو بیہوش کرتے ہین چنانچہ
ٹے ٹے-نس اور ڈے-لے-ریئم ٹری-مینس اور ہس-ٹے-ریا اور کو-ریا
اور نیو-رل-جیا اور اسی قسم کے دیگر امراض و دناک مین اور مرض ہیڈ درد-فوبیا مین بہی اِسکو
سنگہاتے ہین لیکن اگرچہ حالت بیہوشی مین تشنج اور درد موقوف ہوجاتا ہے
پھر بھی جب مریض ہوش مین آجاتا ہے تو بیماری بدستور ظاہر ہو پڑتی ہے اور
ٹے-ٹے-نس کے مرض مین تو ایسا دیکہا گیا ہے کہ جب بیمار ہوش مین آگیا ہے
تو فوراً زیادہ تر شدت سے تشنج شروع ہوگیا ہے ٭ علاج و معالجہ مین بعض دفعہ ایسے
بیمار بہی آئے ہین جنکو نہایت شدت سے درد ہوتا تہا اور مخدرات کا استعمال ان مین
کیا تہا لیکن درد کی ایسی شدت تہی کہ جس سے اُن ادویات انو-ڈائین کا اثر پیدا ہونے
نہین پاتا-غرض اِس صورت مین کلورا-فارم کے سُنگہانے سے درد موقوف ہوجاتا
ہے اور ادویاتِ انو-ڈائین کو اپنا اثر پیدا کرنے کا موقع ملجاتا ہے پس ایسی حالت
مین مناسب ہی کہ پہلے پوری خوراک افیون کی دیکر کلورا-فارم سنگہاوین تاکہ درد
رُک جاوے اور افیون اپنا اثر پیدا کرسکے اور صفرا اور گردون کی کنکریون کے خارج
ہونے مین یہ درد شدید ہوتا ہے اُسکو کسی دوا سے اِسقدر فائدہ نہین ہوتا جیسے
کلورا-فارم کے سُنگہانے سے ہوتا ہے ٭ اور ہو-پنگ کاف اور مارن-جس مس
اسٹرائی-ڈیو-لس مین کلورا-فارم کے سُنگہانے سے بڑا فائدہ ہوتا ہے جسکی
ترکیب یہ ہے کہ دائی کے ہاتہہ پر چند قطرے کلورا-فارم کے چھوڑکر بچہ کو سنگہادیں

تہوڑے عرصہ کے اندر فائدہ ظہور مین آجاتا ہے ٭

وضع حمل کے وقت کلورا - فارم سنگھانے کے باب مین حکمار کی راے مین اختلاف ہی
بعض کہتے ہین کہ ہر حالت مین سنگھانا چاہئے اور بعض کی راے یہ ہے کہ وضع حمل
کے وقت کسی حالت مین ایسی دوا نہ سنگھانی چاہئے لیکن ہماری راے اِن دونو کے
خلاف ہی - جب حمل طبیعی طور پر وضع ہونے والا ہو تو ہرگز کلورا - فارم نہ سنگھانا چاہئے
لیکن جب بچہ غیر طبیعی طور پر پیدا ہونیوالا ہو اور اُسوقت کسی عمل کے کرنے کی ضرورت
بہی ہو تو حاملہ کو ضرور کلورا - فارم سُنگھا کر بیہوش کرین اور تب اُس عمل کو کرین - ہمنے
ایسا بارہا کیا ہے اور کرتے بہی دیکہا ہے لیکن بجز فائدہ کے اِسمین کسی طرح کا نقصان
نہین دیکہا اور جب کلورا - فارم وضع حمل کے وقت سنگھایا جاتا ہے تب ایک بات
یہ عجیب پائی جاتی ہے کہ حاملہ بالکل بیہوش ہو جاتی ہے اور سارے جسم کے
عضلے اُس کے ڈہیلے ہو جاتے ہین لیکن رحم کے عضلاتی ریشے بدستور سکڑتے
اور پہیلتے ہین ٭

کلورا - فارم کے اثر کا کم یا زیادہ ہونا بیمار کی عمر طاقت اور مرض کے قسم پر منحصر
ہے چنانچہ ایسا دیکہا گیا ہے کہ بیمار جسقدر کم سن یا بوڑہا ہوتا ہے اُسیقدر کلورا - فارم
کی بُرائیون سے محفوظ رہتا ہے اور ایسا بہت کم دیکہا گیا ہے کہ اِن عمر دون کے بیمار
کلورا - فارم سونگہنے سے مرگئے ہین اور کمزور بیمارون کو بہ نسبت طاقتور کے اِس دوا
کی برداشت بہت ہوتی ہے ٭ قبل از سنگھانے کلورا - فارم کے بیمار کے قلب
شش اور دماغ کو ضرور امتحان کرین اور اِن اعضاے مین اگر کوئی بیماری ہو تو اِس
دوا کا سنگھانا ملتوی رکہین لیکن اگر قلب کمزور ہو تو اِس دوا کے سنگھانے سے پیشتر
مریض کو کسیقدر خمر پلا دین ٭ اگر کلورا - فارم کے پلانے سے زہر کی علامتین پیدا ہون
کہ جو شاذ و نادر ہوا کرتی ہین تو فوراً تے کرا کر ادویات اسٹی - لیو - لنٹ کا استعمال

کرین لیکن علامات زہر کی اُسوقت اکثر پیدا ہوتی ہین کہ جب بیہوشی پیدا کرنے کے لئے کلورا۔فارم سُنگھاتے ہین چنانچہ ایسا ہوتا ہے کہ جب بیمار کلورا۔فارم بہت زیادہ سونگھہ لیتا ہے تو دم رُک رُک کر اور بہ تکلیف آتا ہے اور چہرہ اُسکا نیلگون ہوجاتا ہے اور نبض گھٹنے لگتی ہے غرض جب یہ علامتین پیدا ہون تو کلورا۔فارم فوراً موقوف کردین اور ار۔ٹری۔فار مینس سے زبان کو باہر کھینچکر سر اور چہرہ پر آب سرد چھڑکین اور بیمار کو ہوا ے سرد مین رکھین ایمو۔نیا کی ہوا سُنگھادین اور اگر ضرورت ہو تو مصنوعی ترکیب سے تنفس کو قائم رکھین اور تار۔بجلی لگادین *

خوراک اور ترکیب کلورا۔فارم استعمال کرنے کی - خوراک اِسکی ۵ سے ٣٠ بوند تک ہمراہ میو۔سلیج کے دینا چاہئے اور بیہوشی پیدا کرنے کے لئے نصف ڈرام سے ۲ ڈرام تک کافی ہے اور بچون کو ۱۰ یا ۱۵ قطرے سے شروع کرنا چاہئے * نہایت عمدہ ترکیب اِسکے سُنگھانے کی یہ ہے کہ ایک رومال کا دونا بنا کر اُسمین پہلے ٣٠ قطرے کلورا۔فارم چھڑک کر بیمار کو سُنگھادین اِس ترکیب سے مریض کلورا۔فارم کے بخار کو باہر کی ہوا کے ہمراہ سونگھتا ہے کہ جو رومال کے سوراخون سے داخل ہوتی ہے * بوقت سُنگھانے کے ان باتون کی احتیاط لینی چاہئے *

اول ایک شخص خاص اور ہوشیار کو کلورا۔فارم سنگھانا چاہئے *

دوم - کلو۔را۔فا۔رم سنگھاتے وقت سنگھانے والے کا ایک ہاتھ مریض کے ٹم۔پو۔رل آر۔ٹری کی شاخون پر ہونا چاہئے تاکہ اُس کو نبض کی طاقت معلوم ہوتی رہے *

سوم - بیمار کے گلے مین کسی قسم کا بند یا ڈورہ وغیرہ ہو تو اُسکو دور کردین *

چہارم - کلورا۔فارم سُنگھاتے وقت سُنگھانے والے کی توجہ ان باتون پر ہونی چاہئے (الف) بیمار کی نبض پر (ب) بیمار کی آنکھون پر (ت) بیمار کے سانس پر *

پنجم - بیمار کو لیٹے لیٹے کلورا - فارم سونگھنا چاہیئے اور جب کوئی عمل ایسا ہو کہ جسمین مریض کو بیٹھنے کی ضرورت ہو تو پہلے اُسکو لٹا کر بیہوش کر کے تب بٹھا دین ٭
ششم - جب بیمار بیہوش ہو جاوے اور خفیف خراٹے کے ساتھہ دم لینے لگے تو اُسیوقت کلورا - فارم ہٹا لینا چاہیئے ٭

ہفتم - کلورا - فارم سونگھتے وقت بیمار کا معدہ خالی ہونا چاہیئے ورنہ قے ہونے کا اندیشہ ہے - پس اسلیئے کہ قے نہونے پاوے کلورا - فارم سونگھنے سے چار یا ۵ گھنٹہ پہلے مریضکو کہانا کہلا دینا چاہیئے - لیکن بر تقدیر کلورا - فارم سونگھتے وقت قے شروع ہو جاوے تو مریض کو کروٹ پر لٹا کر منہہ کو کسیقدر نیچے جہکا دین تاکہ قے کا مادہ ہوا کی نالی مین نہ جانے پاوے جس سے مریض کے دم بند ہو کر مرجانے کا اندیشہ ہے ٭

اِسکے ۵ مرکب ہین

لاٹن ———— ———— انگریزی

لے - نی مینٹم کلورا - فار - مائی ———— لے - نی منٹ اف کلورا - فارم

نسخہ - کلورا - فارم ۲ آونس ٭ لے - نی - منٹ اف کمفر ۲ آونس ٭ ملا لیں ٭
یو - رلجیا اور اور قسم کے دردون پر اسکی مالش کرتے ہین ٭

لاٹن ———— ———— انگریزی

اسپری - ٹس کلورا - فار - مائی ———— اسپرٹ اف کلورا - فارم

اسکو کلو - رک ایتھر بہی کہتے ہین ٭

نسخہ - کلورا - فارم ایک آونس ٭ ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ۱۹ - آونس ٭ حل کر لین ٭

فائدہ مثل ایتھر کے اِسکا فائدہ بہی اسٹی - میو - لنٹ اور انٹی - اسپاز - موڈک ہے ٭

خوراک ۱۰ منم سے ۶۰ منم تک - عرقیات کو شیرین کرنے اور اُنکے بدو ذایقہ کو

منع کرنے کے لئے اِس مرکب کو ۱۰ بوند سے ۲۰ بوند تک فی خوراک مین ملا دیتے ہین ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچورا ۔ کلورا ۔ فار ۔ مائی کمپازیٹا ——————— کمپاونڈ ٹنکچر اف کلورا ۔ فارم

نسخہ کلورا ۔ فارم دو آونس ٭ ریکٹی ۔ فائیڈ ۔ اسپرٹ ۸ آونس ٭ کمپاونڈ ٹنکچر اف کارڈممس ۱۰ ۔ آونس ٭ سبکو ملا دین ۔ خوراک ۲۰ بوند سے ۶۰ بوند تک ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

اکوا ۔ کلورا ۔ فار مائی ——————— کلورا ۔ فارم واٹر

نسخہ ۔ کلورا ۔ فارم ۔ ایک ڈرام ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۲۵ ۔ آونس ٭

ایک اتنے بڑے شیشے کے کاگ والی بوتل مین اِن دونو چیزون کو بھر دین کہ جس میز دو پاینٹ آسکے بعد ازان اِنکو تبتک ملا وین جبتک کلورا ۔ فارم اُس پانی مین بالکل حل ہوجاوے ۔ خوراک ½ ۱ آونس سے ۲ آونس تک ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچورا کلورا ۔ فار ۔ مائی اٹ ۔ مار ۔ فائی نے ——— ٹنکچر اف کلورا ۔ فارم انڈ ۔ مارفائین

نسخہ ۔ کلورا ۔ فارم ایک آونس ٭ ایتھر ۲ ڈرام ٭ ریکٹی ۔ فائیڈ ۔ اسپرٹ ایک آونس ٭ ہائیڈرو ۔ کلورٹ اف مار ۔ فائین ۸ گرین ٭ ڈائیلوٹ ہائیڈرو ۔ سیانک ایسڈ ½ آونس ٭ آئیل اف پپے ۔ پر ۔ منٹ ۔ ۴ قطرے ٭ لیکوئیڈ اکسٹراکٹ اف لے ۔ کورس ایک آونس ٭ ٹریکل ۔ ایک آونس ٭ سیرپ ۔ حسب ضرورت ٭

اسپرٹ مین مار ۔ فیا اور آئیل اف پپے ۔ پر ۔ منٹ کو حل کرکے اُسمین کلورا ۔ فارم اور ایتھر چھوڑ دین ۔ اب ۴ ۔ آونس سیرپ مین لے ۔ کوئیڈ اکسٹراکٹ اف لے ۔ کورس اور ٹریکل ملا کر اگلے عرق مین چھوڑ دین اور اُس عرق کو خوب طرح ملا کر اُسمین ہائیڈرو ۔ سیانک ایسڈ چھوڑ دین اور اب اُسمین اُوسقدر سیرپ ملا وین جسمین سارا

درق آٹھہ آونس ہوجاوے ❊

خوراک ۵ سے ۱۰ منم تک ❊ یہ مرکب بجاے اُس مرکب کے مرتب کیا گیا ہے جسکو نو-ما-ڈایسن کہتے ہین - اِسکا فائدہ نہایت عمدہ انو-ڈاینن اور انٹس پاز موڈک ہے

کلورل - ہائیڈرٹ

لاٹن ——— ——— انگریزی

کلورل - ہائیڈراس ——— ہائیڈرٹ اف کلورل

خشک کلورین گیاس بغیر پانی ملے ہوئے الکحل مین ملاتے ہین اِس ترکیب سے جو کلورل حاصل ہوتا ہے اُسکو پہلے خالص سلفیورک ایسڈ سے بعد ازان قدرے چونہ سے صاف کر لیتے ہین اخیر مین اُس کلورل مین پانی ملاکر ہائیڈرٹ اف کلورل بنا لیتے ہین ❊

خاصیت - اِسکی قلمین بے رنگ ہوتی ہین - ہوا لگنے سے گل نہین جاتین - بو اسکی چرپری مثل مرچ کے مگر تیز نہین ہوتی - ذائقہ چرپرا اور قدرے تلخ ❊ اِسکے وزن کے کم پانی مین حل ہو جاتا ہے **خوراک** ۵ سے ۳۰ گرین تک ❊

اثر اور استعمال - معدہ مین داخل ہوتے ہی کلورل فوراً جذب ہو جاتا ہے اور دماغ کا خون کم کر دیتا ہے اُسوقت ایسی نیند آجاتی ہے جیسے تندرستی کیحالت مین آیا کرتی ہے یعنے بیمار پانچ چھہ یا آٹھہ گھنٹہ تک بے خبر سوتا رہتا ہے نہ تو خواب دیکھتا اور نہ اُسکو نشہ یا بیہوشی ہوتی ہے اور خواب سے جاگنے کے بعد معدہ یا کسی اَور مقام جسم مین کسی طرح کی بے چینی یا تکلیف معلوم نہین ہوتی ❊ کلورل سے درد نہین رفع ہوتا اور نہ اسکا اثر حس کے اعصاب پر ہوتا ہے پس درد شدید مین اِس دوا کے استعمال سے بالکل فائدہ نہین ہوتا جیسے افیون ہو ہوا کرتا ہے

بلکہ درد کی حالت مین جب یہ دوا کہائی جاتی ہے تب اس سے نیند بہی نہین آتی *
یہ دوا جب بہت زیادہ مقدار مین کہائی جاتی ہے تب جسم کے کُل عضلے نہایت
ڈہیلے ہوجاتے ہین - جسم سُن معلوم ہوتا ہے اور کامل بیہوشی طاری ہوجاتی ہے
تب دم بند ہوکر یا قلب کی حرکت موقوف ہوکر بیمار راہی ملک عدم کا ہوجاتا ہے
اِس دوا کے استعمال سے بدن کی حرارت کم ہوجاتی ہے اور پہلے پہل آنکہون کی
پتلیان تہوڑی سُکڑجاتی ہین اور تب پہیل جاتین *
زیادہ تہکان یا تردد اور افکار کے سبب جب نیند نہین آتی ہے تب کلورل سے نہایت
جلد آجاتی ہے لیکن ڈے - لے - رِی - ام ٹرِی - منس بین یہ دوا نہایت مفید ہے
چنانچہ ۳۰ یا ۴۰ گرین کے کہلانے سے بیمار فوراً سوجاتا ہے مگر اِس مرض کے شروع
مین اِس دوا سے بہت ہی فائدہ ہوتا ہے * پیور - پے - رل کن - ولشن اور
کوریا اور ہو - پنگ کاف اور آسما اور اکیوٹ مے - نیا مین یہ دوا استعمال کی گئی
ہے اور مفید پائی گئی ہے اور ٹے - ٹے - نس کی بیماری مین بہی نہایت فائدہ مند
ہے * جن مریضون کے دل کی ساخت چربی مین بدل جاوے یا جنکے خون کی گون
مین ارضی مادہ جمع ہوجاوے اُنکو کلورل نہایت احتیاط سے دینا چاہئے *
چونکہ اِس دوا سے نیند بہت جلد آجاتی ہے اور جلد ٹوٹ بہی جاتی ہے تو اِسکے
کہانے سے اگر ایک گہنٹہ کے اندر نیند نہ آوے تو پہر کہلانا چاہئے اور اِس دوا کے
پیتے ہی بیمار کو لیٹ جانا چاہئے * جب یہ دوا باہر لگائی جاتی ہے تب اِسکا
اثر اِنٹی - سپ - ٹک ہوتا ہے چنانچہ جب اِسکا ۸ گرین ایک آونس پانی
مین حل کرکے بدبودار زخمون پر لگایا جاتا ہے تب وہ زخم بعض دفعہ خشک
ہوجاتا ہے *
کلورل - ہائیڈریٹ جب برو - مائیڈ اف پوٹاسیم کے ساتہہ دیا جاتا ہے تب

اثر اسکا تیز ہو جاتا ہے چنانچہ لنسخہ ذیل بہت عمدہ ترکیب اسکے دینے کی ہے -

لنسخہ - کلورل - ہائیڈرٹ ڈیڑہ ڈرام ٭ برو - مائیڈ اف پو - ٹاسیم ۲ ڈرام ٭ سرپ آف آرینج فلاور ایک آونس ٭ پے - پرمنٹ واٹر - ۵ آونس ٭ سبکو ملاکر بمقدار ایک آونس کے سوتے وقت پلا دین یا بمقدار نصف آونس کے جبتک نیند نہ آوے گہنٹہ گہنٹہ بعد پلا دین ٭

جب ہموزن کلورل اور سفوف کافور کہرل کیا جاتا ہے تب شہد کے طور کا ایک گاڑہا عرق حاصل ہوتا ہے - نیو - رل - جیا کے درد پر اسکو لگانے سے یا آہستہ آہستہ ملنے سے اکثر فائدہ ہوتا ہے جیسے یلو - رو - ڈی - نیا اور کن - پٹی کا عصبی درد اور پانچوین جوڑے کے اِن - فے - رہی - ار - ڈِن - ٹِل نروسکے درد مین اور دانت کے درد مین بھی اِس عرق کے باہر ملنے سے فائدہ ہوتا ہے اور زخمی دانت کے خول مین اسکو بھر دینے سے درد رفع ہوجاتا ہے ٭

زہر کا علاج - اشمک - پنپ کا استعمال کرکے ادویات اسٹی - میو - لنٹ دیوین اور تب جلد کے اندر اسٹرکنیا کی پچکاری کرین اور کہتے ہین کہ یک - رو - ٹاک بسین کی ایک گرین کا بیسوان حصہ بہی اس زہر کو مفید ہے ٭

استعمال کے لئے کلورل کا یہ عرق بہت کارآمد ہے چنانچہ ۳ - آونس کلورل ایک آونس پانی مین حل ہو جاتا ہے اور وہ عرق دو آونس اور ساڑہے پانچ ڈرام وزن مین ہوتا ہے - اب اس مین ۱۳ منم پانی اور ملا دین تو اس عرق کے ہر یک منم مین کلورل کا ایک گرین آجاتا ہے ٭

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن		انگریزی
سرایس کلورل		سرپ اف کلورل

کلورل ۸۰ گرین ÷ ڈسٹلڈ واٹر ڈیڑہ ڈرام حل کرکے اُسمین اسقدر سرپ ملادین جس
مین ایک آونس پورا ہوجاوے ÷ اِسکے ایک ڈرام مین ۱۰ گرین کلورل ہوتا ہے ÷
خوراک آدہے ڈرام سے ۲ ڈرام تک ÷

نائٹرو-گلائی-سی-رین

لاٹن ———— ———— انگریزی

نائی-ٹرو-گلائی-سے-رائی-نا ———— نائی-ٹرو گلائی-سی-رین

سلفیورک اور نائیٹرک ایسڈ ملاکر اُس مرکب کو برف کے پانی مین سرد رکہین اور تب
اُسمین خالص گلائی-سی-رئین قطرہ قطرہ چہوڑین اور اُس مرکب کو خوب زیادہ
سرد پانی مین ڈہالدین - اِس ترکیب سے نائے-ٹرو-گلائی-سی-رئین علیحدہ ہوجاےگا
اب اُسکو خوب طرح دہوڈالین بعد ازان گرم جگہہ مین اِسکو اچہی طرح خشک کرلین -
خاصیت - یہ عرق بے رنگ اور شفاف ہوتا ہے - ذائقہ میٹہا اور خوشبودار
مگر بو کچہہ بہی نہین ÷ کسیقدر لطیف ہوتا ہے پانی مین کم مگر خالص الکحل اور ایتہر
اور روغن اور چربی مین بہی خوب حل ہوجاتا ہے ÷

اِسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ———— ———— انگریزی

ٹے-بے-لے نائٹرو گلائی-سی-رائی-نائی- ٹیب-لٹس اف نائیٹرو گلائی-سی-رئین
ان ٹکیون کو جنکے ہر ایک مین ایک گرین کا ۱/۱۰۰ حصہ نائے-ٹرو-گلائی-سی-رئین ہوتا ہے
چاکو-لٹ سے بناتے ہین - وزن اِنکا ڈہائی ڈہائی گرین کا ہوتا ہے ÷
خوراک ایک یا دو ٹکیہ ÷

فائدہ اور استعمال - نائیٹرو - گلائی - سی - رین جو ان ٹکیون مین پڑتا ہے ایک
نہایت خوفناک ایک دم مین بہک سے اُڑا دینیوالی چیز ہے مگر دوا کے طور پر
ان - جائی - نا - یک - ٹو - رس کی بیماری مین نہایت فائدہ مند ہے ٭ اسکی ایک
یا دو ٹکیہ جب کہائی جاتی ہین تو تین ہی منٹ کے اندر سرپہاری ہو جاتا ہے اور اُس
کی رگین تڑپنے لگتی ہین اور یہ کیفیتین سارے جسم مین جلد سرایت کر جاتی ہین - اگرچہ
اِسکے اور نائیٹرٹ اف امائیل کے اثر مین بہت ہی مشابہت ہے پہر بہی ان دونو
دواؤن مین یہ فرق ہے کہ اِس دوا کا اثر زیادہ دیر تک رہتا ہے اور یہ کہ جسقدر
نبض کی سُرعت اور چہرہ کی سُرخی امائیل کے استعمال سے پیدا ہوتی ہے اُسقدر
اِس دوا سے نہین ہوتی ٭ ڈواکٹر میو - رِل کا تجربہ اسبات کا ہے کہ یہ دوا
اِن - جائی - نا - یک - ٹو - رس مین بہت مفید ہے اگرچہ مثل امائیل کے وہ فائدہ
جلد ظہور مین نہین آتا تاہم زیادہ عرصہ تک قائم رہتا ہے ٭ ایک ایک ٹکیہ تین تین
یا چار چار گہنٹہ بعد کہلا سکتے ہین اور مقدار کو بتدریج بڑہا سکتے ہین چنانچہ مرض
مذکور کے حملہ کے ایام مین تین یا چار بلکہ چہہ ٹکیہ تک دے سکتے ہین ٭ علاوہ
اِن - جائی - نا - یک - ٹو - رِس کے اِس دوا کو مرگی اور نیو - رلجیا اور دمہ اور
مگ - رئین اور برانشٹس ڈینرینہ اور پیور پے - رِل کرِ - وِل - شن مین بہی مفید
پائی گئی ہے ٭ اور سی - سک - نس مین بہی اِس دوا کی ٹکیہ مفید ہین ٭

باب سوم

ذکر اُن مرکبات کا جن مین اجزا ہائیڈرو-کاربن کے ہوتے ہین

کار-بالک اسڈ

لاطین ——————— انگریزی

ایسڈم کار-با-لی-کم ——————— کار-با-لک اسڈ

اسکے کئی نام ہین چنانچہ فے-نک اسڈ ∴ فے-نول ∴ ہائیڈریٹ اف فے-نائیل ∴ فے-نے-لک الکحل ∴ کول ٹار کے روغن کو معقطر کرکے صاف کرنے سے یہ تیزاب ملتا ہے ∴

شناخت - اسکی قلمین باریک بے رنگ ہوتی ہین ۹۵ درجہ کی گرمی مین گلکر روغن کے طور پر ہوجاتی ہین - بو اور ذائقہ تیز مثل کریو-زوٹ کے - یہ تیزاب پانی مین کم حل ہوتا ہے مگر الکحل ایتھر اور گلائی-سی-رئین مین خوب -

اثر فائدہ اور استعمال - کار-با-لک ایسڈ ایک نہایت سریع الاثر انٹی سپ ٹک دوا ہے جس سے حیوانی اور نباتی مادے ہلاک ہوجاتے ہین اور اشیا مین خمیر اُٹھنے نہین پاتا - چنانچہ انہین اثرون کے سبب سے اِس دوا کے پینے سے فائدہ ہوتا ہے مثلاً معدہ کی پُرانی بیماریون مین جب یہ دوا پلائی جاتی ہے تو بدبودار ڈکار نہین آتے سار-سی-نے (دیکھو طب رحیمی حصہ اول) ہلاک ہوجاتے ہین غذا متعفن

ہونے نہین پاتے اور معدہ پر چونکہ اسکا اثر سے ۔ڈی۔ٹیو بھی ہوتا ہے تو اسکے
استعمال سے غثیان اور قے رُک جاتی ہے اور بعض دفعہ اسہال بھی اس دوا سے
رُک جاتا ہے ٭ کار۔با۔لک اِسڈ کا بخار جب سُنگھایا جاتا ہے تو کرانک برانکائیٹس
مین بلغم کی کمی ہوجاتی ہے اور بخار اسکا گنگرین اف دی۔لنگس مین بہت ہی فائدہ
کرتا ہے ٭ جب اِسکا غرغرہ (ایک ڈرام ایک پائنٹ پانی مین) مختلف قسم کے حلق کی بیماریون
مین کیا جاتا ہے تب اُس مقام کا میو۔کس پردہ بے حس ہوجاتا ہے جس سبب سے
تالو کے عضلے عصبی منعکس خراش سے محفوظ رہتے ہین اور بیمار کو نگلنے مین زیادہ تکلیف
نہین ہوتی اور اسی وجہ سے اکیوٹ ٹان۔سی۔لائی۔ٹِس کی بیماری بڑھنے نہین پاتی۔
اور ثے۔رن۔جائی۔ٹِس کے مرض کو بھی بہت تخفیف ہوجاتی ہے ٭ لیکن جراحون
کے کام مین خارجی استعمال کے واسطے یہ دوا بہت کثرت سے استعمال ہوتی ہے مثلاً
جب جلد پر لگائی جاتی ہے تب اِس سے وہ مقام جلجاتا ہے مگر درد نہین ہوتا۔پیر
اِسکو بے موقع بڑھے ہوئے انگورون پر لگاتے ہین۔اِسکا لو۔شن (ایک آونس ایک
کوارٹ پانی مین) زخمون پر جب لگایا جاتا ہے تو بدبو دور ہوجاتی ہے اور اندمال
شروع ہوجاتا ہے۔کسی آلہ کے تازہ زخم پر جب یہ عرق لگایا جاتا ہے اسمین بہت
پیپ نہین پڑنے پاتی چنانچہ اسیواسطے ام۔پیو۔ٹے۔شن کے عملون کے بعد زخم پر
کار۔با۔لک اِسڈ لگایا کرتے ہین ٭ ڈاکٹر لِسٹر ایسا قیاس کرتے ہین کہ زخم اور جسم
کے جوفون کے اندر جو پیپ پیدا ہوتی ہے تو اکثر اِسواسطے ہوتی ہے کہ ہوا کے ہمراہ
ایک قسم کے جاندار مادے اُن زخمون اور جوفون کے اندر سرایت کرجاتے ہین اور
پیپ پیدا کردیتے ہین اور کار۔با۔لک اِسڈ کے لگنے سے وہ مادے ہلاک ہوجاتے
ہین اسواسطے صاحبِ موصوف ایسا کرتے ہین کہ اُن زخمون مین کرم داخل ہونے
سے پہلے آلہ کے وزریعہ اُس ہوا مین کار۔با۔لک اِسڈ کا بخار ملادیتے ہین چنانچہ

اِن - ٹے - سِپ - ٹک ترکیب سے علاج کا یہی حصول ہے جسکا ذکر اوپر کیا گیا اور جراحان حال ہر جراحی عمل مین اِسی ترکیب کو کام مین لاتے ہین اور اکثر اِس سے فائدہ ہوتا ہی جب اِسکا تیز عرق جلد یا زخم پر لگایا جاتا ہے تب اُس مقام کا حس جاتا رہتا ہے مثلاً کار - با - لک اِسڈ کی شیشی کی ڈانٹ جلد کے کسی مقام پر لگائی جاوے تو اُس جگہہ کا حس اِسقدر کم ہو جاتا ہے کہ ہا - یو - ڈر - مک پچکاری یا اس - پائی - رے - ٹر کے سوئین کی طرح تیز نوک وہان پر چبہائی جاوے تو درد قریب کچہہ بہی نہین ہوتا ؞

پے - ری - سائیٹ قسم کی جلد کی بیماریون پر جب یہ دوا لگائی جاتی ہے تب اکثر فائدہ ہو جاتا ہے اور رحم کے اندر کے زخمون پر خالص کار - با - لک اِسڈ سے بہتر کوئی اُڈر کاسٹک دوا نہین ہے ؞ کسی بڑے زخم پر جب تیز عرق کار - با - لک اِسڈ کا لگایا جاتا ہے تب وہ خون مین جذب ہو کر ویسی زہر کی علامتین پیدا کرتا ہے جیسے کسی زیادہ مقدار مین پینے سے ہوا کرتا ہے مثلاً معدہ اور امعا مین شدت کا خراش ہوتا ہے اور بیہوشی اور تشنج ہونے لگتا ہے - پس یاد رہے کہ جب جسم کے کسی وسیع حصہ پر اِس دوا کو لگانا ہو تو اسکے اثر کو نہایت احتیاط سے ملاحظہ کرنا چاہیے اور بیمار کے پیشاب کو دیکہنا چاہیے کیونکہ یہ دوا پیشاب کے ذریعہ جسم سے خارج ہوتی ہے اور اِسکو سیاہ کر دیتی ہے - پس اِسصورت مین اِسکا لگانا موقوف کر دینا چاہیے کیونکہ بعد موقوف کر دینے کے ساری تکلیفین رفع ہو جاتی ہین ؞

زہر کا علاج - اِس تیزاب کے زہر کے علاج مین آلہ اشمک پنپ کو احتیاط سے استعمال کرنا چاہیے ؞ اِس تیزاب کے زہر کا کوئی بہی اِن - ٹے - دوٹ نہین ہے مگر ایک مریض کا حال لکہا ہے کہ شراب کے نشہ مین اُس نے آدہا پیالہ خالص تیزاب کا پی لیا تہا - احتیاط سے اُسکے معدہ مین آلہ اشمک پنپ داخل کر کے کئی بار اُسکے معدہ کو گلائی - سی - رین سے دہو ڈالا کہ جسمین چار پاینٹ گلائی - سی - رین خرچ ہو گیا -

بیمار کی جان بچ رہی ÷ ایسا معلوم ہوتا ہی کہ جسقدر کار - با - لک ایسڈ معدہ کے
میو-کس پردہ پر لگا تہا گلا ئی - سی - رئین نے اُسکو حل کرکے باہر نکال دیا ÷
کہلانا ہو تو گولیون کے طور پر کار - با - لِک ایسڈ کو دینا چاہیے - لگانے کے لئے
علے العموم اِس طاقت کا عرق استعمال مین آیا کرتا ہے کہ ۲۰ حصہ پانی مین
ایک حصہ تیزاب کا حل کر لین - اور کار - با - لِک - آئیل اِس طاقت کا ہوتا ہے
کہ ۱۰ حصہ السی کے تیل مین ایک حصہ تیزاب ملاتے ہین ÷

کہلانے کے لئے کار - با - لِک ایسڈ کا یہ نسخہ اچھا ہے - **نسخہ** کار - با لِک ایسڈ
۲۴ قطرے ÷ مُلہٹی کی جڑ کا سفوف - ۴ گرین ÷ سبکو ملاکر سولہ گولیون مین
تقسیم کرکے ایک ایک گولی دنمین تین مرتبہ کہلا دین ÷

خوراک وغیرہ - حلق مین اگر زخم ہو اور تنفس سے بدبو آتی ہو تو ایک آونس پانی
مین دو گرین کار - با - لِک ایسڈ حل کرکے غرغرہ کرا دین ÷ اِسکا بخار سُنگہانا ہو تو
ایک پائینٹ پانی مین ۵ گرین ایسڈ حل کرکے سُنگہا دین ÷ عورت کی اندام نہانی یا
مثانہ مین بدبو پیدا ہو تو چار آونس پانی مین اس ایسڈ کا ایک گرین حل کرکے اِس کی
پچکاری کرین ÷ آتشک کے بدبودار زخمون پر یا کار - بنکل پر یا گیلی کہجلی یا کوڑہ
کے زخمون پر اِس دوا کا عرق لگانا ہو تو ۱۵ سے ۳۰ گرین تک اِس ایسڈ کا لیکر
ایک آونس پانی مین حل کرکے لگا دین ÷

اِکث - زی - ما یا کوئی اَور جلد کی بیماری مین اگر بہت خارش ہو تو اِس ایسڈ کا ۵ گرین
لیکر ایک آونس پانی مین حل کرکے لگانے سے خارش کو اکثر آرام آجاتا ہے
اور اِن بیماریون پر مرہم لگانا ہو تو ایسڈ کا ۳۰ سے ۶۰ گرین لیکر ایک آونس سفید
مرہم مین ملا کر لگا دین ÷ لے - سی - رے - ٹیڈ وُونڈ یا جلے ہوئے یا جہلے ہوئے مقام پر اِس
عرق کی پٹی جب لگائی جاتی ہے تب اکثر آرام آجاتا ہے یعنے ایک حصہ اِس

اسٹڈ کا ۰ ۲ حصہ پانی یا گلائی - سی - ریئن مین حل کر لین * جلد کے اندر اس اسٹڈ کی پچکاری کرتی ہو تو یون گرین اسٹڈ ۲۰ قطرے آب سرد مین حل کر کے پچکاری کریو*

اسکے چار مرکب ہین

لاٹن ——— ——— انگریزی

گلائی - سی - رائی نم اسٹڈائی - کار - بولی سائی ——— گلائی - سی - ریئن اف کار بولک اسٹڈ

لسنخہ - کار - بو - لک اسٹڈ ایک آونس * گلائی - سی - ریئن ۴ آونس *

دونو کو کہرل مین گہونٹین جبتک اسٹڈ حل ہوجاوے * ٹانسل غارد پہولکہ سخت ہوجاوین یا منہہ سے بدبو آوے تب اسمین ہموزن پانی ملا کر لگانے سے فائدہ ہوتا ہے اور ڈنت - پھے - ریا کی بیماری مین بہی اسکو لگاتے ہین *

لاٹن ——— ——— انگریزی

سپازی - ٹوریائی اسٹڈائی - کاربولی سائی کم سی پونی ——— کار - بو - لک اسٹڈ سپازی ٹوری

لسنخہ - کار - بو - لک اسٹڈ ۱۲ گرین * کریو - سوپ سفوف کیا ہوا ۱۸۰ گرین *

گلائی - سی - ریئن اف اسٹارچ ۴۰ گرین یا حسب ضرورت *

کار - بو - لک اسٹڈ اور صابون ملا کر اسمین اسقدر اسٹارچ ڈالین کہ جسمین وہ مرکب حسب مناسب گاڑہا لیئی کے طور پہ ہوجاوے تب اس لگدی کو بارہ حصہ برابر مین تقسیم کر کے گاؤدم یا کسی اور شکل کی گولیان بنا لین * ایک سپا - زی - ٹری مین ایک گرین کار - با - لک اسٹڈ ہوتا ہے *

لاٹن ——— ——— انگریزی

انگو - انٹم اسٹڈائی کار - بالی - سائی ——— اینٹ منٹ اف کار - با - لک اسٹڈ

لسنخہ - کار - با - لک اسٹڈ ۶۰ گرین * سافٹ - پے - را - فائین ۲۰۰ گرین *

ہارڈ - پے - را - فائین ۳۶۰ گرین * سبکو پگہلا کر خوب طرح گہونٹ کر مرہم کر لین *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

اسیڈم-کار-با-لی کم ای-کوئی-نک-ٹم ——————— لے-کوئی-نایڈ کار-بالک اسڈ

کار-بالک اسڈ مین فیصدی بیس حصہ کے حساب سے پانی ملاکر رقیق کرلین ٭

خوراک ایک سے ۴ منم تک ٭

کریو-زوٹ

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

کریو-زوٹم ——————— کریو-زوٹ

لکڑی کے قطار کو متقطر کرنے سے یہ شے حاصل ہوتی ہے ٭

خاصیت-یہ ایک بے رنگ عرق ہوتا ہے جس سے نہایت تیز بو آتی ہے پانی میز کم حل ہوتا ہے لیکن الکحال ایتھر اور ایسیٹک اسڈ مین خوب اسمین ال-بیو-مین جم جاتا ہے ٭

فائدہ اور استعمال-دوا کے طور پر جب یہ شے پلائی جاتی ہے تب معدہ پر اسکا اثر سے-ڈی-یٹو ہوتا ہے اسلئے یہ دوا بعض قسم کی قے آنے مین مفید پڑتی ہے اور ڈا-ریا-بے-ٹیز کے مرض مین بھی کسیقدر فائدہ مند ہے بعض دفعہ اسہال مین بھی یہ دوا مفید پڑتی ہے-باہر اسکو دانتون کے زخم پر لگایا کرتے ہین اور زخمون اور جلد کے امراض مین بھی واسطے اسٹی-میو-لنٹ فائدہ کے لگایا کرتے ہین مثلاً پو-رائی-گو وغیرہ اور خون بند کرنے کو یہ دوا لگائی بھی جاتی ہے اور اسکا بھاپ ہمراہ پانی کے بخار کے سونگھنے سے مرض برانکائی-ٹس مین جب نہایت کثرت سے بلغم آتا ہے وہ کم ہو جاتا ہے گنگرین آف دی لنگس اور پھیپھڑے کے دُبل مین اسکے استعمال سے بلغم کی بدبو دفع ہوجاتی ہے ٭

خوراک ایک بوند سے ۳ بوند تک بطور گولی کے یا ہمراہ میو - سلیج یا کہی قطرے اسیٹک ایسڈ کے ساتہہ کہلاتے ہین - گولیون کے طور پر کہلانا ہو تو یہ نسخہ اچہا ہے -

نسخہ - کریو - زوٹ ۲ منم + ہارڈ سوپ ۱۵ گرین + ردبی ۲ کا گودا - ۳۰ گرین +

سب کی بارہ گولیان بنا دین اور اینمین سے ایک تین دفعہ دن کو کہلا دین +

اسکی کلی کرانی ہو تو آدہا ڈرام کریو - زوٹ ایک پاینٹ پانی مین ملالین +

ناقصات - کریو - زوٹ کو ہمراہ اکسائیڈ اف سلور اگر ملایا جاوے تو نہایت گرمی پیدا ہوتی ہے اور آگ بہی لگ جاتی ہے - پس ان دونو دوا کو ملا کر نہ استعمال کرنا چاہئے +

زہر کا علاج اسٹمک - پنپ کا استعمال کرین - اور گلائی - سی - ریئن سے معدہ کو دہو کر خوب طرح ڈی - مل - سنٹ عرقیات پلادین +

اسکے تین مرکب ہین

لاطین	انگریزی
مسٹورا - کریو - زو - ٹائی	کریو - زوٹ مکسچر

نسخہ - کریو - زوٹ ۱۵ بوند + گلے - شیل - اسیٹک ایسڈ ۱۵ بوند + اسپرٹ اف جونی پر آدہا ڈرام + سرپ - ایک آونس + ڈسٹلڈ واٹر ۱۵ - آونس +

کریو - زوٹ اور اسیٹک ایسڈ ملا کر اسمین آہستہ آہستہ پانی چہوڑین اور اخیر مین سرپ اور اسپرٹ اف جونی - پر ملاوین +

خوراک - ایک آونس سے دو آونس تک + کریو - زوٹ کے استعمال کے لئے یہ نہایت عمدہ [illegible]

لاطین	انگریزی
انگو - اینٹم کریو [illegible]	اینٹمنٹ اف کریو - زوٹ

نسخہ - کریو - زوٹ - ایک ڈرام + سمپل - آینٹ منٹ - ایک آونس + دونوکو خوب ملائین + اس مرہم کو داد اور پوراے گوپر لگاتے ہین +

لاٹن ———— ———— انگریزی

وی - پر - کریو - زو - ٹائی ———— اِن ہی - لیشن اف کریو - زوٹ

نسخہ - کریو - زوٹ ۲۰ بوند + کہولتا ہوا پانی - ۸ آونس +

ایک ایسے آلہ مین کریو - زوٹ اور پانی ملاکر ڈالدین کہ جس سے عرق کے اندر سے ہوا گزر سکے بعد ازان اُسکو سنگہا دین +

سے - لی - سی - لک ایسڈ

لاٹن ———— ———— انگریزی

ایسڈم سا - لی - سی - لی - کم ———— سے - لی - سی - لک ایسڈ

یہ ایسڈ قلمون کی شکل پر ہوتا ہے اور کار - با - لک ایسڈ اور کار - بانک ایسڈ کے اجزا کے آپسمین ملنے سے پیدا ہو سکتا ہے بعد ازان اسکو صاف کر لیتے ہین +

اثر اور استعمال یہ دوا نہایت عمدہ انٹی - سپٹ ٹک ہے اسلئے زخمون پر لگانے سے جلد خشک ہو جاتے ہین چنانچہ کبہی تو اسکے عرق مین لنٹ ترکرکے روئی ترکرکے یا چربی مین ملاکر اسکا مرہم لگایا جاتا ہے طاقت جنکی ۲۷ حصہ مین ایک حصہ ہوتی ہے - کبہی اسکا عرق بھی لگایا جاتا ہے مثلاً ۱۰۰ حصہ پانی مین اسکا ۱ حصہ اور سوہاگہ ۲۰ حصہ ملا لیتے ہین اور روغن مین بھی اسکو حل کر کے لگاتے ہین مثلاً پچاس حصہ مین اسکا ایک حصہ + اگرچہ یہ دوا نہایت عمدہ انٹی - سپٹ ٹک ہے مگر اسمین ایک قباحت یہ ہے کہ یہ چیز لطیف نہین ہے یعنے جہان لگائی

مین لگی رہتی ہے اُٹھ نہین جاتی - اِسکا عرق ٹوٹ - تھے - ریا پر لگاتے ہین اوسکو ٹیبی از
مین حل کرکے جب کارن یعنے گٹے ن اور وُارٹس پر لگایا جاتا ہے تب وہ جلد
دور ہو جاتے ہین *

استعمال داخلی - اگرچہ مختلف قسم کے بخارون مین سی - لی - سے - یک اسڈ
مفید ہے پھر بھی اکیوٹ رو - ماٹیزم مین بہت ہی زیادہ فائدہ کرتا ہے * جب
سے - لی - سے - لک اسڈ ۱۵ یا ۲۰ گرین کی مقدار مین دو دو یا تین تین گھنٹہ بعد کھلایا
جاتا ہے تب تندرست آدمی مین جلد ویسا ہی اثر پیدا کرتا ہے جیسا کونین کے کھانے
سے ہوا کرتا ہے مثلاً سر بھاری ہو جاتا کانون مین باجے بجتے سے سُنائی دیتے
ہین - بینائی مین خرابی پیدا ہوتی ہے اور اسڈ مذکور کی مقدار بہت ہی زیادہ
بڑھائی جاوے اور جلد جلد کھلائی جاوے تو مذکورۂ بالا علامتون کی نسبت
زیادہ تر خطرناک علامتین ظاہر ہونے لگتی ہین یعنے بیمار بہرا اور احول ہو جاتا دم
آہستہ آہستہ لیتا ہے - بےچینی اور ہذیان ہو جاتا ہے - پیشاب کی رنگت سیاہی مایل
ہو جاتی ہے اور اسیمین البیومن بھی پایا جاتا ہے - بول و براز بے معلوم نکل جاتے
ہین اور تب کن - ول - شن شروع ہو جاتا ہے اور اِسی حالت مین بیمار مر بھی جا سکتا
ہے جسم سے سے - لی - سی - لک اسڈ تھوک اور پسینہ کے ذریعہ خارج ہوتا ہے اور
تھوڑے عرصہ بعد کھلانے کے اِسکی موجودگی پیشاب مین پائی جاتی ہے - بیماریون مین
استعمال کرنے کے لئے بہت عمدہ مرکب اِسکا سے - لی - سی - لٹ آف سوڈا ہے *
رو - ما - ٹک فیور یعنے اکیوٹ رو - ماٹیزم مین سے - لی - سی - لٹ آف سوڈا ایسا مفید
پڑتا ہے کہ ۴۸ گھنٹہ کے اندر بخار کی حرارت کم ہو جاتی ہے اور اِسکے استعمال کے
بارہ ہی گھنٹہ کے بعد درد اور حرارت کم ہونے لگتی ہے * ۲۰ بلکہ ۳۰ گرین
سی - لی - سی - لک اسڈ یا سے - لی - سی - لٹ آف سوڈا تین تین چار چار یا چھہ چھہ

گہنٹہ بعد بموجب بخار اور درد کی شدت کے اگر کہلایا جاوے تو نہایت فایدہ ہوتا ہے ۔ ہر یک خوراک کے بعد کثرت سے پسینہ آجاتا ہے ؛ پہلی یا دوسری ہی خوراک کے بعد بیمار کو افاقہ معلوم ہونے لگتا ہے اور ۲۴ یا ۴۸ گہنٹہ بعد حرارت یا تو تین سے پانچ درجہ تک گہٹ جاتی ہے یا بیماری مذکور کی کل علامتین رفع ہو جاتی ہین ۔ بعض طبیب کی یہ راے ہے کہ اس دوا کے استعمال سے رو ۔ ما ۔ ٹیزم کی بیماری مین جو قلب مبتلا ہو جاتا ہے وہ نہین ہونے پاتا مگر اس امر کے ثابت کرنے کے لئے زیادہ تجربہ درکار ہے ۔ یہ دوا انٹے ۔ پے ۔ ریا ۔ ٹِک بھی ہے اور اسکے استعمال سے صفرا زیادہ خارج ہوتا ہے اور رقیق بھی ہو جاتا ہے پس اسواسطے گال اِس ۔ ٹون مین یہ دوا مفید ہو سکتی ہے ۔ تہوڑی تہوڑی مقدار مین یہ دوا درد سر کو فایدہ کرتی ہے اور قدرے زیادہ مقدار مین فلِک ۔ مے ۔ رشیا ڈالئنس کو مفید ہے ؛

خوراک ۵ سے ۲۰ گرین تک ؛

اسکا ایک مرکب ہی ہے چنانچہ

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

انگوِ انٹم ایسِڈائی ۔ سائی ۔ سی ۔ لی ۔ سائی ——————— آینٹ ڈانِ سا ۔ لی ۔ سی ۔ لک ایسڈ

نسخہ ۔ سی ۔ لی ۔ سی ۔ لک ایسڈ ۶۰ گرین ؛ ملائم پے ۔ را ۔ فاین ۴۸۰ گرین ؛ سخت پے ۔ را ۔ فائین ۴۸۰ گرین ؛ سبکو پگہلا کر جبتک سرد نہو جاوے گہونٹتے جاوین ؛

پا ۔ را ۔ فایِن

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

پا ۔ را ۔ فائی ۔ نم ڈیورم ——————— ہارڈ پارا ۔ فاین

شیل ایک قسم کا پتہر ہوتا ہے جو پتہر کے کوئلہ کی کان مین اکثر پایا جاتا ہے ۔ غرض اس شیل

پتھر سے بترکیب ڈیسٹی - لیشن یہ شے حاصل ہوتی ہے * پتلے سو غنوں کو علیحدہ کر لیتے ہین اور جو سخت یا - را - فایئن رہ جاتی ہے اُسکو سرد کر کے صاف کر لیتے ہین + یہ شے بے بو اور بے ذایقہ اور بے رنگ اور نیم شفاف ہوتی ہے پانی مین حل نہین ہوتی مگر ایتھر مین خوب + سخت یا - را - فاین مرکبات ذیل مین پڑتی ہے -

انگو - اینٹم ایسڈائی یو - ری - سائی
" " کار - بالی - سائی
" " سال - سی - لی - سائی
" " یو - کا - لپ - ٹائی
" " گلائی - سی - رائی - نائی پلمبائی پبابسر ٹے - ٹش

انگو - انٹم ہائیڈرار - جرائی
" " اکسائی - ڈائی رو - برائی
" " پوٹاسی سلفیو - رئی - ٹی
" " سلفیورس آیئو - ڈائی - ڈائی
" " دمی - درا - ٹرائی - لنے

لاٹن ______ ______ انگریزی

پادا - فائی نم ما - لی ______ سافٹ پا - را - فائین

پٹ - رو - لی - ام یعنے مٹی کے تیل مین جو کم لطیف چیزین ہوتی ہین اُنکو صاف کر لینے سے یہ شے حاصل ہوتی ہے *

یہ چیز سفید یا زردی مایل ملایم اور روغنی ہوتی ہے اور نہ تو بد بودار اور نہ بد مزہ ہوتی ہے - پانی مین حل نہین ہوتی مگر ایتھر مین خوب *

یہ چیز مرکبات ذیل مین پڑتی ہے -

انگو - انٹم اسے - ڈائی بو - ری - سائی
" " کار - بو - لی - سائی
" " سے - لی - سی - لی - سائی
" " یو - کا - لپ - ٹائی

انگو-انٹم گلائی-سی-رائی-نائی پلمبائی-بیب-اسے-لے ٹ-بٹس

" " ہائیڈرار-جرائی اکسائی-ڈائی-رو-برائی

" " ہائیڈرار-جرائی نائے-ٹری-ٹس ڈائی-لیہ-ڈم

" " پو-ٹاسی سلفیو-ری-ٹ

" " سلفیورس آیو-ڈائی-ڈائی

" " ویرا-ٹرائی-لے

" " ذن-سائی او-لی-ایٹ

حصّۂ دوم

ادویات نباتاتی

اس حصّہ کی دواؤن کے بیان سے پہلے یہ بتلانا پڑ ضرور ہے کہ نباتات کے کون کون سے حصے دوا مین استمال ہوتے ہین۔ انکے جمع کرنے اور سنبھال رکھنے کی ترکیبین کیا ہین اور انھین کس کس قسم کے اجزا ہوا کرتے ہین ہو اس بارے مین کہ نباتات کے کون کونسے حصے دوا مین کام آتے ہین شیخ سعدی رحمۃ اللہ کا شعر مد نظر رکھنا چاہیے ؂

بیت

برگ درختان سبز در نظر ہوشیار
ہر ورقے دفتر یست معرفت کردگار

واقعی مین باغبان حقیقی نے نباتات کا کوئی بھی حصہ ایسا نہین بنایا ہے جو فائدہ سے خالی ہو۔ پھل پھول پتے چھال لکڑی وغیرہ وغیرہ۔ سب مین کچھہ نہ کچھہ اثر موجود ہی طبیب کو صرف انکے اثر اور استمال ہی سے واقفیت پیدا کرنی نچاہیے بلکہ تاوقتیکہ یہ بھی نہ جانین کہ ان نباتاتی دواؤن کو کونسے موسم مین اور کس ترکیب سے جمع کرنا چاہیے اور کس درخت کا کونسا حصہ کام مین لانا چاہیے وغیرہ تبتک اپنے

فن مین وہ شخص کامل نہین گنا جا سکتا *

پس واضح ہو کہ انگریزی قرابادین مین دوائین تین قسم کی ہوا کرتی ہین - ایک معدنی - دوسری نباتاتی اور تیسری کاوہ جو حیوانات سے حاصل ہوتی ہین اور دنیا کے ہر ملک کے دوائین کام مین آتی ہین اور چونکہ اکثر دوائین قدرتی حالت مین استعمال کے قابل نہین ہوتین اسواسطے کیمیائی اور دوا سازی کی ترکیبون سے پہلے انکو تیار کرنا پڑتا ہے مثلاً درخت کی جڑون اور چھالون وغیرہ کو پہلے خشک کرنا پڑتا ہے گندھک اور کھریا مٹی وغیرہ کو دوا سازی اور کیمیائی ترکیبون سے پہلے صاف کرنا پڑتا ہے وغیرہ * مگر قرابادین کی اکثر دوائین نباتات سے حاصل ہوتی ہین - پس طبیب کو علاوہ اُن نباتات کے نامون کے اِسبات سے بھی واقفیت پیدا کرنی چاہئے کہ دنیا کے کس حصہ مین وہ نباتات پیدا ہوتے ہین - چنانچہ انگریزی قرابادین کی دوائین یورپ + ایشیا + افریقہ اور امریکہ سے آتی ہین ہر ایک دوا کے بیان مین اُس درخت کی پیدایش کی جگہہ بتلائی جائیگی - اور تاکہ دواؤن کے پہچاننے مین بسہولت ہو اُنکی شکل ذائقہ اور بو اور رنگ و روپ اور انکا وزن وغیرہ بھی بتلایا جائیگا - اور تاکہ نباتاتی دواؤنکا پورا پورا اثر حاصل ہوجاوے طبیب کو انکی سینتنے سینبھالنے اور فراہم کرنے کی ترکیب سے بھی واقفیت کما ینبغی پیدا کرنی چاہئے - پس

نباتاتی دواؤن کے جمع کرنے اور سینتنے سنبھالنے کی ترکیبین

اول - پودون کو اُسوقت اُکھاڑکر جمع کرنا چاہئے کہ جب وہ اچھے بھرپور زور مین ہون *

دوم - جڑون کو اُسوقت کھودنا چاہئے کہ جب پتے کمہلاکر جھڑنے لگین + دو سالہ درختون کی جڑون کو درخت کے پہلے سال کے اخیر مین جمع کرنا چاہئے اور اُکھاڑنے

کے بعد احتیاط سے سایہ مین یا ضرورت ہو تو دہیمی حرارت پر خشک کر لینا چاہئے +
بعض جڑین سابوت سکہلائی جاتی ہین اور بعضون کو ٹکڑا کر لیتے ہین تاکہ آسانی سے خشک
ہو جائین - جن جڑون کو تازہ برتتے ہین خشک ریت مین داب کر رکہہ چہوڑنے سے
عرصہ تک وہ تازہ رہ سکتی ہین +
سوم - چہالون کو اُسوقت چہیلنا چاہئے کہ جب وہ درخت سے بآسانی علیحدہ ہو سکین
یعنے سرد ملکون مین بسنت کے موسم کے ابتدا مین اور گرم ملکون مین برسات کے شروع مین
اور جو اُن موسم مین درخت پہول پر ہو تو پہولون کے نکلنے سے پہلے چہال
کو چہیلنا چاہئے +
چہارم - چوب - جن درختون کے پتے ہر سال جہڑ جایا کرتے ہین اُنکی لکڑی اُسوقت پر
اثر ہوتی ہے کہ جب پتے جہڑنے والے ہوتے ہین یا حال مین جہڑ گئے ہون اور
یہ قاعدہ ہے کہ تنہ کے بیچ کی لکڑی بہ نسبت گرد کی لکڑی کے زیادہ تر پُر اثر ہوتی ہے
پنجم پتے - پتون کے جمع کرنے کا وقت نہایت عمدہ ہوتا ہے کہ جب پہول
کہلنے لگتے ہین - بعد جمع کرنے کے اُنکو اندہیرے کمرے مین ۱۳۰ سے ۱۴۰
درجہ کی گرمی پر خشک کر لینا چاہئے کیونکہ اس ترکیب سے نہ تو اُنکی سبز رنگت اور
نہ خاصیت مین فرق پڑتا ہے - بلکہ جب پتے دیر سے اور روشنی مین سکہلائے
جاتے ہین تب البتہ اِن دونو باتون مین فرق پڑجاتا ہے +
ششم پہول - پہولون کو اُسوقت جمع کرنا چاہئے کہ جب تہوڑے یا بالکل
کہل گئے ہون لیکن روزا گے - لے - کا کے (یعنے گلاب) غنچہ ہی توڑ لیا کرتے
ہین + سورج کی تمازت سے پہولون کی خوشبو کم ہوجاتی ہے تو اُنکو صبح کیوقت
توڑنا چاہئے اِلا بارش یا شبنم سے بہیگے ہون تو خشک ہونے کے بعد توڑنا چاہئے -
پہولون کو سایہ مین جلد خشک کر لینا چاہئے مگر بعض کو اندہیرے مین سکہلانا پڑتا ہے -

ہفتم پھل - پھلون کو اگر اُسیوقت برتنا ہو تو پکّا توڑنا چاہیے اور سینہالکر رکھہ چھوڑنا ہو تو پختہ ہونے سے تھوڑے پہلے توڑکر بحفاظت رکھہ چھوڑین ◆

ہشتم تخم - جب پھل بالکل پک جائے تب اُس سے بیجون کو نکالکر جمع کرلین ◆

فار - ما - کو پیا مین اِن دواؤن کی جڑین برتی جاتی ہین

اِکو - نائٹ - یم	اِمکا - منے
کلمبا	گرا - نے - ٹائی رے - ڈیکس
پریرا	وے - لے - ری - اَنْ
آر - مو - را - شیا	آر - نے - کا
سے - نی - گا	ہے - مے - ڈس - مش
کرا - مے - ریا	بلا - ڈو - نا
گلائی - سے - رائی - زا	رو - برب
اپے - کے - کوا - نا	سا - سا - فراس
لے - راگ - ذی - کم	سار - سا
جن - شن	

فار - ما - کو - پیا مین اِن دواؤن کی گانٹھین یا زمین کے نیچے کے ٹہنی برتی جاتی ہے

کر - کیو - ما یعنے ہلدی	پو - ڈو - فا - لم
جلپ	جل - سی - مے - ام
جنجر یعنے سونٹھہ	اِس - کو - ئل
مہر - پن - ٹری	کال - چی - کم
نے - لکش - ماس	سے - مے - نیو - گا

فار۔ما۔کو۔پیا مین ان دواؤن کی چھال برتی جاتی ہے

کس۔کریلا
سنکو۔نا
〃 رو بیرا
سے۔نی۔من یعنے دال چینی
کس۔پے۔ریا
لے۔رِکس

نگِ۔ٹان۔ڈرا
ال۔مَش
کو۔ار۔گنس
کے۔نے۔لا
رم۔نائی۔فرانگیو۔لی
〃 〃 پرو۔ستیا۔نا

فار۔ما۔کو۔پیا مین اِن دواؤن کی لکڑی برتی جاتی ہے

ہے۔ما۔ٹاگ زا۔ے۔لن
لے۔رو۔کار۔بائی۔نگٹ۔نم

گوا۔یکم
کواسِیا

فار۔ما۔کو۔پیا مین اِن دواؤن کے پتے اور کونپلین وغیرہ استعمال مین آتے ہین

ایکو۔نائٹ۔ئم
اسکو۔پے۔ری۔اس
سے۔بائی۔نا
کے۔نے۔بِش
چرایتا
ہائے۔اور۔سَی۔مَش
کو۔نا۔ام
کے۔جے۔پٹ
ایلو
مے۔ٹے۔کو

بیو۔کیو
جے۔بو۔ران۔ڈائی
سنا
لا۔رو۔سے۔ری۔سَش
یو۔وا۔ار۔سائی
بلا۔ڈو۔نا
اس۔ٹرا۔مو۔نی۔اَم
ڈی۔جی۔ٹے۔لِش
رو۔ٹا
اَن۔کے۔ریا

ہِش - تہا پائی - پاریٹا
" " ری سوی - ڈس
سِٹ - را - ریا

کے - سے - لا تھیا یعنے چارکا درخت
کودکا
یو - کا - لِپٹ - ٹس

فار - ما - کو - پیا مین ان دواؤن کے پھول یا غنچے برتتے ہین

ری - ڈس
کرو - کس یعنے زعفران
رو - زا سن - نے ٹ - فو - لیا
رو - زا گے - لے - کا
کے - ریو - فائے - لم یعنے لونگ
کُٹسو
سم - بیو - کس

سن - ٹو - نے - کا
ان - تھے - مِش
لیو - پیو - کش
آرنِ - کشی - ام
کے - نے - بِش - انڈیکا
رنوز - سے - ری
لا سوِن - ڈر

فار ما - کو - پیامین ان دواؤن کے پہل استعمال ہین آتے ہین

کیا - لو - سِنتھِہ یعنے حنظل
پائی - من - ٹو
روزا - کے - نائی - نا
کے - شیا یعنے املتاس
ٹے - ما - رِنڈ یعنے املی
پرو - نم یعنے آلوبخارا
انے - سم یعنے سونف
فے - نے - کیو - لم
کوری - اَن - ڈرم یعنے دہنیا

کو - نائم
کے - رم یعنے اجوائن
لائی - مو - نم یعنے نیبو
آرنِ - کشی - ام
پے - پے - وَر یعنے پوست
اِگ - لے - لم یعنے ایلا - لاسٹے - ری - ام
انے - تھم یعنے سوا
جونے - پر
بے - لا یعنے بیل پہل

پا - پر یعنے سیاہ مرچ	سو - رس یعنے شہتوت
کبو - بب یعنے کباب چینی	سے - با - ٹولا
کپ - سی - کم یعنے لال مرچ	یو - وی - کشمش
فائی - کس یعنے انجیر	

فار - ما - کو - پیا مین ان دواؤن کے بیج استعمال مین آتے ہین

کرو - ٹن یعنے جمال گوٹہ	کے - فیا ارا - بے - کا
کسٹر یعنے ارنڈ	اسٹا - فی - سا - گرا

نباتاتی دواؤن کے سریع الاثر اجزا

عناصر مین سے یہ چند بہاری عناصر نباتات مین ہوا کرتے ہین جیسے کار - بن ÷ ہائے - ڈرو جن ÷ نائے - ٹرو جن ÷ اکسے - جن ÷ فاس - فو - رش ÷ اور سلفر یعنے گندہک ÷ آپسمین یہ عناصر مختلف مقدار مین ایک دوسرے سے ملکر مختلف قسم کے مرکبات بناتے ہین ÷ علاوہ اُن عنصر ون کے درختون مین یہ بھی اشیاء ہوتی ہین جیسے پو - ٹا - سی - ام ÷ کیال - سی - ام ÷ مگ - نے - شی - ام ÷ ایرن اور اکثر یہ بھی چیزین درختون مین پائی جاتی ہین جیسے سو - ڈی - ام ÷ منگے - نیز ÷ سی - لی - کن ÷ اور کلو رین ÷ درختون کے سریع الاثر اجزا مین یہ عناصر ہوا کرتے ہین جیسے کار - بن ÷ ہائے - ڈرو - جن ÷ اکسے - جن ÷ نائے - ٹرو - جن ÷ نباتات کے ال - کے - لائیڈ اور حموضات اور لطیف روغن بھی سریع الاثر کہلاتے ہین - پس یاد رہے کہ نباتات کے جوہر یعنے سریع الاثر اجزا اتنے قسم کے ہوتے ہین یعنے ال - کے - لائیڈ ÷ نباتی حموضات ÷ لطیف روغن گم یعنے گوند ÷ ریزن یعنے رال ÷ غلیظ روغن ÷ نباتی چربی ÷ شکر ÷ نشاستہ وغیرہ

تگمر اُنمین سے جو اہم ہین اُنکا ذکر کیا جائیگا - چنانچہ

اِل - کے - لائیڈ - اِس لفظ کے معنی ہین مثل الکلی کے اِ یعنی بناتی اِل - کے - لائیڈ کی کیمیائی خاصیت مثل معدنی الکلی دوا کے ہوتی ہے یعنے مثل معدنی الکلی دوا کے بناتی اِل - کے - لائیڈ بہی منجمد اور قلمون کی شکل کے ہوا کرتے ہین اور حموضات کے ساتہہ ملکر طرح طرح کے مرکبات پیدا کر سکتے ہین اور مثل معدنی الکلی دوا کے ان اِل - کے - لائیڈ کے لگانے سے بہی لِٹ - مَس کا غذ کا وہ نیلا رنگ لوٹ سکتا ہے جو ترشی کے لگنے سے بدل کر سرخ ہوجاتا ہے ٭

جو سریع الاثر نباتی دوائین ہین خاصکر وہ جو سمیات کے قسم کی ہین اُنمین ایک نباتی اِل - کے - لائیڈ کسی ترش چیز مین کیمیائی ترکیب سے ملا ہوا ہوتا ہے مثلاً کوئی - نا اور سنکو - نا بارک کے دیگر اِل - کے - لائیڈ کائی - نک اِسڈ کے ہمراہ ملکر سِنکل کائی - نٹ کے اُس چھال مین ہوا کرتے ہین ٭ نباتی اِل - کے - لائیڈ پانی مین آسانی سے حل نہین ہوتے لیکن ڈائیکوٹ تیزابون اور ایتھر اور کلورا - فارم مین فوراً حل ہوجاتے ہین ٭

نباتات کے جو بڑے بڑے اِل - کے - لائیڈ ہین اُنکی فہرست ذیل مین درج کیجاتی ہے ٭

اِکو - نے - ٹیا - یہ اِل - کے - لائیڈ اِکو - نائیٹ یعنے میٹھا تیلیا کے درخت سے حاصل ہوتا ہے ٭

اٹ - رو - پیا - درخت اِٹرو - پا بلا - ڈو - نا سے حاصل ہوتا ہے ٭

ڈا - ٹو - ریا - دہتورے کے درخت سے حاصل ہوتا ہے ٭

بے - بے برین - درخت نکِٹ - ٹان - ڈرا رو - ڈیاہی سے حاصل ہوتا ہے ٭

کونین
سنکونین } یہ تینون اِل ۔ کے ۔ لائیڈ سنکونا ۔ بارک سے حاصل ہوتے ہین *
کوئی ۔ نے ۔ ڈین

مار ۔ فیا ۔ افیون سے حاصل ہوتا ہے *

اس ۔ ٹرک ۔ نیا ۔ نکس ۔ وا ۔ میکا یعنے کچلے کے پہل سے *

وی ۔ را ۔ ٹریا ۔ درخت آسے ۔ گے ۔ ریا اور فے ۔ سی ۔ نے ۔ لش سے *

ایو ۔ این ۔ الوا سے حاصل ہوتا ہے *

ار ۔ گوٹین ۔ ار ۔ گٹ سے ۔

اپو ۔ مار ۔ فائین ۔ افیون سے ۔

کے ۔ فین ۔ کافی سے

کو ۔ کین ۔ کو ۔ کا سے

ایلا ۔ ٹرین ۔ ایلا ۔ ٹے ۔ ری ۔ ام سے

پے ۔ لو ۔ کار ۔ بین ۔ جے ۔ بو ۔ ران ۔ ڈائی سے

فائی ۔ ساس ۔ ٹگ ۔ مین ۔ کے ۔ لے ۔ بار ۔ بین سے

ان ال ۔ کے ۔ لائیڈ کے زیادہ مقدار مین کہانے سے زہر کی علامتین اسقدر جلد پیدا ہو جاتے ہین کہ فوراً علاج نہ کیا جاوے تو بیمار مر جاتا ہے ۔ اور یہ قاعدہ ہی کہ اِل ۔ کے ۔ لائیڈ کے زہر کے علاج مین کیمیائی انٹے ۔ ڈوٹ پر اعتماد نہ کرنا چاہیئے بلکہ اِس ۔ ٹرن جنٹ عرقیات اور ٹانک اِسڈ کے کہلانے سے فائدہ ہوتا ہے کیونکہ اِن کے استعمال سے اِل ۔ کے ۔ لائیڈ جم جاتے ہین اور تب انمے ۔ ٹک کہلا کر قے کروانے سے خارج ہو جا سکتے ہین *

اِسڈ ۔ نباتات کے اِسڈ اکثر اِل ۔ کے ۔ لائیڈ یا پو ۔ ٹاشس اور لائیم یا ہمراہ

سوڈا کے ملے ہوئے ہوتے ہین اور فار - ما - کو - پیا کے نباتی حموضات اکثر منجمد
شکل پر ہوتے ہین اور پانی اور الکحل مین حل ہو جاتے ہین ✤

نباتات کے فِکسڈ آئیل یعنے روغن غلیظا اور فیٹ یعنے چربے - ان

دونو چیزون کا اثر طرح طرح پر ہوتا ہے مثلاً بعض انمین سے پر - گے - نیٹو اور بعض
اِمو - لی - اِنٹ یا ڈیمل - سنٹ ہین اور انکو کاغذ پر لگانے سے ایک چکنا دھبا پڑ
جاتا ہے کہ جو آنچ پر رکہنے سے دور نہین ہو سکتا ✤ نباتات کے فِکسڈ آئیل بیجون یا
پہلون سے بہ ترکیب اِکسپر - ے - شن حاصل ہوتے ہین ✤
نباتات کے چربے یہ ہین مثلاً اِکس - پَرِ - سڈ آئیل اف نٹ - مگ ✤ آئیل اف تہیو
برو - ما ✤
نباتات کے فِکسڈ آئیل یہ ہین مثلاً السی کا تیل ✤ بادام کا تیل ✤ جمال گوٹہ کا تیل ✤
الیو آئیل ✤ ارنڈ کا تیل ✤ آئیل اف سیل فرن ✤ نارئیل کا تیل ✤

نباتات کے وا - لے - ٹائیل آئیل یعنی لطیف روغن

اِنکو بعض دفعہ اِسن - شے - اِل آئیل اف بہی کہتے ہین اور انمین اور فکسڈ آئیل مین یہ
فرق ہے کہ انکی بو نرالی ہوتی ہے اور انکے لگانے سے کاغذ پر جو دہبا پڑجاتا ہے
آنچ پر رکہنے سے وہ دور ہو جاتا ہے ✤ اس قسم کے روغن درختون کے پتے اور
پہولون اور چہالون مین ہوتے ہین اور پانی کے ہمراہ بہ ترکیب ڈِ - سٹی - لیشن نکالے
جاتے ہین کیونکہ آنچ اگر کڑہی لگ جائیگی تو روغن کی بو اور رنگت مین فرق آجائیگا ✤
یہ قاعدہ ہے کہ اِس قسم کا روغن پانی مین تیرتا ہے لیکن روغن لونگ بہی اگرچہ لطیف
روغن ہے مگر بسبب وزنی ہونے کے پانی مین ڈوب جاتا ہے ✤ اِن روغنون کو عمدہ
طور پر شیشہ کے ڈاٹ والی بوتلونمین بند رکہنا چاہئے کیونکہ ہوا کے لگنے سے بگڑجانے

ہین * دوا کے طور پر اِن روغنون کو بطور ران ۔ٹِش ۔پاز ۔موڈک * کار ۔می ۔نے ۔ٹو
اور اِسٹی میو ۔لنٹ وغیرہ فائدون کے لئے استعمال کرتے ہین * فار ۔ما ۔کوپیا
کے واسطے ۔ٹایئل آئیل یہ ہین مثلاً او ۔لی ۔ام انی ۔تہائی (روغن سوا) *
او ۔لی ۔ام انی ۔سائی (روغن سونف) * کمفر (کافور) * او ۔لی ۔ام
کے ۔ری ۔وی (روغن زیرہ) * او ۔لی ۔ام کے ریو ۔فائی ۔لائی (روغن لونگ) *
او ۔لی ۔ام سے ۔نے ۔مو ۔مائی (روغن دال چینی) * او ۔لی ۔ام کو ۔پے ۔وا *
او ۔لی ۔ام کو ۔ری ۔ان ۔ڈرائی (روغن کشنیز) * او ۔لی ۔ام کیو ۔بے ۔بے
(روغن کباب چینی) * او ۔لی ۔ام جو ۔نی ۔پر * او ۔لی ۔ام لا ۔وِن ڈیو ۔لی *
او ۔لی ۔ام لائی ۔مو ۔نس (روغن لیمو) * او ۔لی ۔ام مِنتھ ۔تھے ۔پائے
پے ۔ری ۔ٹائے (روغن پودینہ) * او ۔لی ۔ام مِنتھ ۔تھے وی ۔ری ۔ڈس *
او ۔لی ۔ام مائی ۔رِسٹ ۔کے ۔سی (روغن جائے پہل) * او ۔لی ۔ام
پائی ۔منٹ ۔ٹو * او ۔لی ۔ام روز ۔مے ۔رائی ۔نے * او ۔لی ۔ام رو ۔ٹی *
او ۔لی ۔ام سے ۔بائی ۔نی * او ۔لی ۔ام سے ۔نے ۔پِس * او ۔لی ۔ام
ٹے ۔ری ۔بِن ۔تھے ۔نے * او ۔لی ۔ام یو ۔کے ۔لپ ۔ٹائی *

گم یعنی گوند گوند اکثر درختون سے نکلتی ہے مثلاً درخت کی چھال کو پاچھنہ
دینے سے گوند کے قطرات ٹپک کر ہوا لگنے سے جم جاتے ہین اور بعض دفعہ چھال کے
شگوق سے از خود بھی ٹپک کر جم جاتی ہے * بعض گوند جیسے ببول کے پانی مین
حل ہو جاتی ہے مگر بعض جیسے گم ۔ٹرا ۔گا ۔کانتھ حل نہین ہوتی بلکہ پانی مین پہولکر
اُسکا ڈلا بنجاتا ہے *

رے ۔زِنز (رال) * گم ۔رے ۔زنز (جنمین گوند اور رال دونو کی خاصتین موجود

ہون) * او ۔لیو ۔رے ۔زنز (جنمین روغن اور رال دونو کی خاصیتین موجود ہون)

اور بال سم یعنے بلسان ٭

اِن کُل چیزون مین آپسکے اندر تہوڑی بہت شابہت پائی جاتی ہے اور یہ چیزین نباتات مین بکثرت ہوتی ہین ٭

ریزن یعنے رال - درختون مین رال اکثر لطیف روغنون کے ساتھ ملی ہوئی ہوتی ہے اور ڈیسٹی - لے شن کی ترکیب سے علیحدہ کیجاتی ہے یا صرف ہوا مین کہلا رکہنے سے الگ ہوجاتی ہے جیسے پگش برگن - ڈینگا اور ریزن یعنے رال روغن تاربین کو ڈیسٹی - لیشن کی ترکیب سے مقطر کرنے سے علیحدہ ہوجاتی ہے ٭ رال خشک ہوا کرتی ہے - دبانے سے باسانی ٹوٹ جاتی ہے اور اسکی ٹوٹی ہوئی سطح اکثر چمکدار ہوتی ہے - پانی مین بالکل حل نہین ہوتی مگر الکحل اور ایتہر اور غلیظ یا لطیف روغنون مین تہوڑی بہت حل ہوجاتی ہے ٭ رال کے قسم کی دوائین ایمل شن کے طور پر استعمال کیجاتی ہین ٭

او - لیو ریزن کے قسم کی چیزونمین ایک تو ریزن اور دوسرے لطیف روغن ملا ہوا ہوتا ہے جیسے کو - پے - وا اور گم ریزن اُسکو کہتے ہین جسمین ریزن یا او - لیو ریزن کسی گوند یعنے گم کے ساتھ ملا ہوا ہوتا ہے جیسے ہینگ ٭

بال سم کے قسم کے چیزون کے اجزا کو علیحدہ کیجئے تو اِن سے بن - زا - اِک یا سے - نا - مِک ایسڈ حاصل ہوتا ہے -

ریزن - ریزن یعنے رال کے قسم کی اشیا یہ ہین مثلاً ریزینا ٭ گوا - کم ریزن ٭ میش - ریٹچ ٭ برگن - ڈی پیچ ٭ پو - ڈو - فائی - لم ریزن ٭ گوا - کم ٭

او - لیو ریزن - اس قسم کی اشیا یہ ہین - مثلاً کو - پے - وا ٭ السے - مائی ٭ پکش لے - کوبی - ڈا ٭ کے - نے - ڈا ٹر - پن - ٹاین ٭ ہانس امو - ری - کے نم

گم ریزن - اِس قسم کی چیزین یہ ہین مثلاً امو - نائی - کم ٭ اسا - فی ٹے - ڈا (ہینگ) ٭ گم - بوج (عصارہ ریوند) ٭ گیال - بے - نم ٭ مُر ٭ اس - کا - منے

(سقمونیا) *

بال سم - یہ چیزین بال سم کے قسم کی ہین مثلاً بن - زا - ان * بال سم اف پیرو * پیرے - پیارڈ اسڈ - راکس *

مفردات اور مرکبات نباتی

افیون

لاٹن ______ ______ انگریزی

او - پیم ______ او پیم

اسکے درخت کا نام پے - پے - ور - صا منیے - فوم ہے اشیا مائی - نر اور ہندوستان مین پیدا ہوتا ہے - اس درخت کے پھل کی گاڑہی رس کو افیون کہتے ہین *

ترکیب افیون نکالنے کی - چند روز بعد جہڑ جانے پھول کے پکہریون کے سہ پہر کے وقت لوگ کہیت مین جاکر تیز چہریون سے پوست کے پھل کو پاپنچے مین چیر سے پوست کی رس کے قطرے نکل کر شگاف پر جم جاتے ہین - صبح جاکر اُس منجمد رس کو چہری سے کہرچ کر ایک بڑا سا پوست کا پتا لیکر اُسپر رکھتے جاتے ہین - جب وہ پتا بہر گیا تب اُور پتے پر اسکو کہرچ کر رکہتے ہین - جب سارے کہیت کی افیون جمع ہو گئی تب اُسکو سایہ مین خشک کر لیتے ہین * رات کو اوس پڑ جائے تو شگافون سے افیون بہت نکلتی ہے اور رنگ بہی اُسکا گہرا ہوتا ہے - لیکن اوس جب کم یا بالکل نہین پڑتی تب افیون کم نکلتی ہے اور اُسکا رنگ بہی ہلکا ہوتا ہے *

خاصیت اسکے ٹہیڑے بنیگے ۴ آونس سے دو یا ڈیڈہ ٹنک کے ڈلے ہوا کرتے ہین اور پوست کے پتے سے ملفوف ہوتے ہین * تازہ ہو تو ملایم ہوتی ہے اور چیرنے سے اُسکی سطح ٹہیڑی بنیگی کسیقدر مرطوب اور بہورے رنگ کی نکلتی ہے اور

اُنگلیون سے رگڑنے سے چمکتی ہے - بو عجیب زبان پر رکہنے سے تلخ معلوم ہوتی ہے اور جی متلاتا ہے ؞

شناخت - افیون ۱۰۰ گرین لیوین بُجہایا ہوا چونہ ۱۰۰ گرین اور ڈسٹلڈ واٹر ۸ آونس ؞ افیون کو توڑ کر ایک آونس پانی مین ۲۴ گہنٹہ تک بہگو رکہین اُس عرق کو بار بار ہلاتے رہین بعد ازان پر - کو - لے - ٹر مین بہر کر اُسمین پانی تہوڑا تہوڑا چہوڑ دین تا کہ افیون پر - کو - لے - شن کی ترکیب سے حاصل ہو اُسکو ایک فلاسک کے اندر بہر کر چونہ ملا کر ۱۰ منٹ تک جوش دیوین اور جو جز وحل نہو اُسکو فلٹر پر رکہکر ایک آونس کہولتے ہوئے پانی سے دہو دین تب چہنے ہوئے عرق مین تہوڑا سا ڈائیکبوٹ - ہائیڈرو - کلو - رک ایسڈ ملا کر پکا دین اور جب آدہا آونس رہجاوے تب اُسکو اُتار کر سرد کر دین بعد ازان ٹہیک مقدار سو - لیو - شن اف ایمو - نیا کی ملا کر اُسکو نیوٹرل کرین اور جو بہورے رنگ کی شے جدا ہو اُسکو چہانکر علیحدہ کر کے ایک آونس گرم پانی سے دہو ڈالین اور سارے دہون کو چہنے ہوئے عرق کے ساتہہ ملا کر آنچ دیوین جب آدہا آونس رہ جاوے تب اُسمین کسیقدر زیادہ سو - لیو - شن اف ایمونیا ملا کر ۲۴ گہنٹہ بعد جو مار - فیا منجمد ہو جاوے اُسکو ایک وزن کئے ہوئے فلٹر پر رکہکر سرد پانی سے دہو ڈالین - ۲۱۲ درجہ کی گرمی مین خشک کرنے سے اُسکا وزن کم سے کم ۱۰ گرین سے ساڑہے دس گرین تک ہونا چاہئے ؞

اجزا - بہت اچہی افیون کے ۱۰۰ حصہ مین ۹ سے ۱۱ حصہ مار - فیا ہمراہ ان اجزا کے ہوتا ہے - کو - ڈا - یا ؞ نار - کو - ٹے - نا ؞ پے - پے - رین ؞ تہے - بے - اِیکا ؞ نار - سین ؞ مے - کو - نین ؞ مے - کا - نِک اِسڈ ؞ او - پیا - نین ؞ ایک قسم کا عطر ؞ اجزا روغنی ؞ اِیو - مار - فائین ؞

مار - فیا کی قلمین سفید چٹی شش پہلو ہوتی ہین - ذائقہ نہایت کڑوا ہوتا ہے - کو - ڈا - یا ڈا - یا - بے - ٹیز کی بیماری مین اسکا ایک گرین تین دفعہ کہلایا گیا - کہتے ہین اِستے فائدہ ہوا *

نار - کو - ٹے - نا - کونین کے عوض بطور انٹے - پے - ریا - ڈک پانچ پانچ گرین کے مقدار مین سفید پڑتا ہے *

پپے - وے - رین کی قلمین سفید باریک سوئین کے طور ہوتی ہین اور یہ ہیپٹ ہٹا - نک ہے *

تہے - بے - ایکا - اِسکو پے - را - مار - فیا بھی کہتے ہین - قلمین اِسکی سفید باریک سوئین کے طور ہوتی ہین - اِسکے ایک گرین کے کہلانے سے ٹے - ٹے - نس کے طور پر تشنج پیدا ہوتا ہے -

نار - سین - اِسکی قلمین سفید ریشم کے طور پر باریک ہوتی ہین جسم پر اِسکا اثر کچھہ بہی نہین ہوتا *

مے - کونین کی قلمین سفید اور باریک ہوتی ہین *

مے - کو - نک اِسڈ تنہا اِسکا اثر کچھہ بہی نہین ہوتا *

او - پیا - نین - اِسکی قلمین لمبی لمبی ہوتی ہین *

اِپو - مار - فیا - یہ شے سریع الاثر امے - ٹک ہے *

خوراک ایک گرین کا دسوان حصہ *

اثر فائدہ اور استعمال افیون اور مار - فیا کا - افیون اور اِسکا جوہر مار - فائین ان دونو کے اثر مین چونکہ نہایت مشابہت ہے تو بیان مفصلہ ذیل دونو کے لئے کافی سمجھنا چاہئے *

پس واضح ہو کہ افیون جب تہوڑی مقدار مین کہائی جاتی ہے تو اثر اِسکا دہن سے

لیکہ مبرزنمک ہوجاتا ہے جس سبب سے تہوڑے عرصہ بعد لب زبان اور حلق
خشک ہوجاتے ہین - معدہ کی رطوبت ہاضم دگنگترک - جوس ام رک جاتی ہے انہضام کا
فعل ملتوی رہتا ہے اور بہوک جاتی رہتی ہے - علی ہذا القیاس امعا کی رطوبت بہی
مثل سابق کے نہین پیدا ہوتی اسواسطے کچہہ عرصہ بعد تستبض ہوجاتا ہے - شرائین
کی دیوارین ہا کہچ جاتی ہین پُتلیان آنکہون کی سکڑ جاتی ہین اور عصبی نظام بہی متاثر
ہوجاتا ہے جس سبب سے طبیعت بشاش ہوجاتی اور دل مین خیالات خوش
جلد جلد پیدا ہونے لگتے ہین اور کسیقدر سرور ہوجاتا ہے اور اب غنودگی طاری ہوکر
نیند آجاتی ہے * مگر بعد جاگنے کے کچہہ عرصہ تک خیالات اکثر منتشر رہتے ہین -
طبیعت کسلمند رہتی ہے اور ہاضمہ بہی بگڑا رہتا ہے *

جب پوری مقدار افیون کی کہائی جاتی ہے تب بہی وہی علامتین پیدا ہوتی ہین
جنکا ذکر اوپر کیا گیا ہے مگر کسیقدر زیادہ شدید ہوتی ہین اور یہ کہ اسٹی - میو - لنٹ
اثر تہوڑے ہی عرصہ تک رہ کر گذر جاتا ہے اور غنودگی جلد طاری ہوکر نیند جلد آجاتی
ہے - دم آہستہ اور بے قاعدہ لیا جاتا ہے * اور مقدار افیون کی فورا اور بہی زیادہ
کہائی جاوے تو کو - ما یعنے بیہوشی طاری ہوجاتی ہے * اور زہر کی مقدار مین جب
افیون کہائی جاتی ہے تب نیند اسقدر جلد آجاتی ہے کہ اثر اس - ٹی - میو - لنٹ
معلوم نہین ہوتا * افیون کے کہانے سے بجز دو رطوبتون کے جسم کی کل رطوبات
رُک جاتی ہین یعنے ایک تو پسینہ دوسرے شیر - یہ دو رطوبتین زیادہ پیدا ہوتی ہین *
افیون جب پوری مقدار مین کہائی جاتی ہے تب دماغ کا حصہ سی - ری - برم متاثر ہوتا
ہے لیکن اسی مقدار کو دوبارہ کہانے سے سے - ری - برم کا اثر بتدریج نیچے اُتر کر
دماغ کے پیندے کے حصہ نلم کو مبتلا کرلیتا ہے اور تب دل اور تنفس کی حرکتون کے
رُک جانے سے مریض دم بند ہوکر مرجاتا ہے - نخاع پر بہی افیون کا اثر ہوجاتا ہے

کیونکہ افیون کے زیادہ مقدار مین کہانے سے پیشاب اکثر رک جاتا ہے اور کل جسم کے لمس کے اعصاب کا حس بہی تہوڑا بہت جاتا رہتا ہے اسواسطے قوت لامسہ گہیٹ جاتی ہے کیونکہ اعصاب مذکور محسسات بیرونی کو دماغ تک اچھی طرح نہین پہنچا سکتے اسواسطے بیمار کو اُن محسسات کا علم اچھی طرح نہین ہوتا ؞

افیون کے یہ دونو اثر یعنے ایک تو پہلے پہل دماغ کی تحریک اور بعد ازان نیند مختلف آدمیون مین مختلف درجہ کے پیدا ہوتے ہین علاوہ ازین ان دونو اثرون کا پیدا ہونا اس دوا کے استعمال کرنے کی ترکیب پر بہی منحصر ہے۔ مثلاً عورت کا مزاج چڑچڑا ہو تو اسمین افیون کا پہلا ہی اثر یہ پیدا ہوگا کہ نیند نہین آئیگی اور بہت زیادہ خوراک کے کہانے سے بلا تحریک پیدا ہونے کے نیند فوراً آجائیگی ؞

افیونی کو اسبات کا تجربہ حاصل ہوجاتا ہے جس سے افیون کی مقدار کو اُسی حد تک رکھتا ہے کہ جس سے نیند نہین آتی بلکہ طبیعت مین برابر تحریک ہی رہتی ہے ؞

پس یاد رہے کہ پہلا اثر افیون کا اِس۔ٹی۔میو۔لنٹ ہوتا ہے اور تب اُس سے نیند آتی ہے جس کو اصطلاح مین ہپٹ۔نا۔ٹِک کہتے ہین اور اوپر یہ بہی بتلایا گیا ہے کہ افیون کے استعمال سے اعصاب حس کے حق مین بہی فرق پڑجاتا ہے تو اسواسطے درد کو آرام آجاتا ہے جس اثر کو اصطلاح مین اِنو۔ڈائین کہتے ہین اور افیون سے نشہ بہی ہوجاتا ہے تب اِس اثر کو نار۔کاٹِک بولتے ہین ؞

استعمال۔ فار۔ما۔کو۔پیا مین افیون سے بڑہ کر ہپٹ۔نا۔ٹِک اور اِنو۔ڈائین دوا کوئی اَور نہین ہے اور انہین دونو فائدون کے لئے اس دوا کو اتنی بیماریون مین استعمال کرتے ہین کہ ان ساروں کا ذکر کیا جاوے تو یہ کتاب ختم نہو۔ پس مجمل طور پر یہ بتلایا جاتا ہے کہ جن حالتون مین مناسب ہوتا ہے افیون واسطے نیند لانے کے دیجاتی ہے مثلاً بخار کے ہذیان کی حالت مین اور اعصاب کے ضعف مین افیون سے بہتر کوئی اَور

جب سی۔ رتھ۔ پو۔ رے اُن بیماریون مین مبتلا ہو جاوین ہیکٹے طور پر افیون کے استعمال کرنے
سے بیمار کی جان اکثر بچ جاتی ہے * ڈاکٹر بر۔ن۔ٹن اپنے تجربات سے یہ ثابت کرتے
ہین کہ افیون کے استعمال سے چونکہ اعصاب محسہ کا حس کُند ہو جاتا اور اس وجہ سے
انبر تحریک کا اثر نہین پیدا ہوتا تو عضو ماؤف مین خون کم پہنچتا ہے۔ پس اس صورت مین
افیون کا اثر مثل فصد کے ہو جاتا ہی اور چونکہ افیون کے استعمال سے رودون کی
معمولی حرکت بہی کم پیدا ہوتی ہی اسواسطے پردہ پے۔ ری۔ ٹو۔ نی۔ ام کے انفلامیشن
مین یہ دوا دونا فائدہ بخشتی ہے یعنے ایک تو فصد کا اور دوسرے قبض کا *
ہی۔ ما پ۔ ٹے۔ سس (نفث الدم یعنے سینے سے خون آنا) اور سیلان خون کے
دیگر اقسام مین بہی افیون بہت مفید پڑتی ہی کیونکہ اسکے استعمال سے خونکا دورہ دہیما
ہو جاتا ہی * افیون جب تہوڑی مقدار (ایک گرین کا دسوان حصہ) مین کہلائی جاتی
ہے تب اُس قسم کی بدہضمی کو فائدہ ہوتا ہے جو معدہ مین خراش کے سبب سے پیدا
ہوتی ہی اور امعا کی کُل بیماریون مین جنمین دست بار بار یا رقیق آتے ہین امعدون مین
خراش پیدا کرنے والے مادون کو جلاب کے ذریعہ خارج کر کے جب افیون کہلائی جاتی
ہے تب فائدہ ہوتا ہے جیسے ڈی۔ سن۔ ٹری اور انٹے۔ رائی۔ ٹس وغیرہ *
شکم مین جب کوئی عمل جراحی کیا جاوے تب مار۔ فیا کی سپا۔ زی۔ ٹری کے استعمال
سے بہت ہی فائدہ ہوتا ہے اور نائزہ کے ضرب و زخم مین چاہے وہ کسی سبب سے پیدا
ہوا ہو افیون کے کہلانے سے لرزہ نہین ہونے پاتا * عورتون کو بہ نسبت مردون
کے افیون یا مار۔ فیا کی برداشت بہت کم ہوتی ہے اور بچون کو ان دونو کی برداشت
بہت ہی کم ہوتی ہے * طبیب اگر تجربہ کار ہو تو ایک سال کے کم عمر کے بچے کو افیون
کا کوئی بہی مرکب ہرگز نہ دیگا۔ گردون کی بیماری مین افیون کو مضر سمجھتے تھے مگر حال
کے تجربہ سے ثابت ہے کہ یو۔ ری۔ مک کن۔ ول۔ شن (پیشاب کے اجزا کے

خون مین رو کے نہ بہنے سے جو تشنج ہو جاتا ہے) مین مار۔فیا کی پچکاری سے
اکثر فائدہ ہوتا ہے + مختلف طبیعت پر افیون کا اثر مختلف طور پر ہوتا ہے مثلاً
بعض طبیعت کو نہایت تہوڑی مقدار سے ہی بہت ضرر ہوتا ہے اور بعض کو اس
کے کہانے سے درد سر غثیان اور خارش بہت زیادہ اور بعض کو بہت ہی
کم ہوتی ہے *

افیون کے مختلف جوہر مختلف اثر پیدا کرتے ہین مثلاً مار۔فیا اور نار۔سین اور
پے۔پے۔وے۔رین نہایت منوم ہین اور تہے۔بے۔یا اور کو۔ڈا۔یا طبیعت
مین تحریک پیدا کرتے ہین اور نار۔کو۔ٹین باری کے بُخار مین مفید ہے اور
اپو۔مار۔فیا نہایت سریع الاثر امے ٹک دوا ہے لیکن طبیب کے استعمال مین
مار۔فیا ہی زیادہ آیا کرتا ہے۔پس مار۔فیا اور افیون کے اثر مین فرق بتلانا ضرور
چاہئے چنانچہ یہ فرق ہین کہ

اول مار۔فیا بہ نسبت افیون کے کم اثر تخنث اور قبض نہین کرتا ہے *

دوم اور ڈا۔یا۔فو۔رے ٹک بہی کم ہے *

سوم افیون کی نسبت مار۔فیا کا اثر اکیوٹ انفلامیشن خاصکر شکم کے اکیوٹ
انفلامیشن پر کم ہوتا ہے *

چہارم اس سے طبیعت مین جوش اور درد سر اور غثیان اسقدر نہین پیدا ہوتا
کہ جسقدر افیون سے ہوا کرتا ہے *

پنجم بہ نسبت افیون کے مار۔فیا بہتر ہپ۔نا۔ٹک (منوم) اور انو۔ڈائین
(دافع درد) ہے *

ششم۔بہ نسبت افیون کے مار۔فیا سے بدن پر کہجلی زیادہ پیدا ہو سکتی ہے
اور پیشاب بہی اکثر بند ہو جاتا ہے *

مار-فیا کی پچکاری جلد کے اندر کرنے سے خوفناک علامتیں اکثر پیدا ہو جاتی ہیں لیکن اسکے ایک پچکاری کی مقدار میں اٹ-رو-پیا (بلا-ڈو-نا کا جوہر) کی ایک گرین کا ساٹھواں (۱/۶۰) حصہ ملا دیا جاوے تو علامات مذکور کم پیدا ہوتی ہیں اور ان دونو دوا کو ملا کر پچکاری کرنے سے فائدہ بھی اچھا ہوتا ہے ٭ پہلے پہل ایک گرین کے چھٹے یا چوتھائی گرین تک کی پچکاری کرنی چاہیئے ٭ افیون کے جتنے مرکبات ہیں اُن سب سے بہتر خالص افیون کی گولی ہے کیونکہ اسکے اثر پر اعتماد کیا جا سکتا ہے - افیون جب شوق کیجاتی ہے تب بہ نسبت افیون کے ڈلے کے آٹھواں حصہ تیز تر اثر پیدا کرتی ہے ٭ خالص افیون سے اُتر کر اسکے ٹنکچر (لاڈ-نم) پر اعتماد کیا جا سکتا ہے ٭ مار-فیا کے ایک گرین کا اثر قریب ۶ گرین افیون کے برابر ہے ٭

باہر بطور اسٹی-میو-لنٹ اور انو-ڈائین کے زخموں پر اور مرض اف-تہال-میا میں لگاتے ہیں اور دانت کے درد میں بھی اسکا استعمال کرتے ہیں افیون کی پچکاری یا سپا-زی-ٹری کا استعمال بہت سے امراض میں کرتے ہیں چنانچہ ڈی-سن-ٹری ڈایا-ریا گو-نو-ریا اور جب ریکٹم کے اندر زخم ہوتا ہے یا اُسکا میو-کس ممبرین پھٹ جاتا ہے یا عورت کی اندام نہانی اور رحم کے اندر جب زخم ہوتا ہے ٭

خوراک کم سے کم ایک گرین کے آٹھویں سے آدھی گرین تک - معمولی خوراک آدھی گرین سے ۲ گرین تک اور سب سے زیادہ خوراک ۲ گرین سے ۵ گرین تک ٭

احتیاطیں - دماغ کی بیماری اور قبض میں افیون اکثر نہ کھلانی چاہیئے اور سینہ کے امراض میں بھی نہایت احتیاط سے دینی چاہیئے خاصکر جب مریض مسن ہو ٭ واضح ہو کہ بچوں کو نہایت کم تعداد افیون سے بھی زہر ہو جایا کرتا ہے اسلیئے ان کو افیون نہایت احتیاط سے کھلانی چاہیئے - بچوں کی بیماری میں جب افیون کی پچکاری کرنی ہو تو تین مہینے کی عمر میں ایک ڈرام پانی کے اندر صرف ایک بوند لاڈ-نم ملا دیں اور چھ مہینے

دو پاینٹ پانی مین افیون کو ۲۴ گہنٹہ تک بہگو کر نتہار لین اور جو باقی رہے اُسکو اُور دو پاینٹ
پانی مین ۱۲ گہنٹہ تک بہگو کر نتہار لین پہر اسیقدر پانی ملا کر اُور ایک مرتبہ اسیطرح کرین
اور جو باقی رہے اُسکو خوب نچوڑین بعد ازان سارے عرقون کو واٹر باتہہ پر اُڑا دین اور
جب ایک پاینٹ باقی ہو تب کپڑے سے چہان لیں اب کلمہ ایڈ اف کیا - لسی - ام
۴ آونس ڈسٹلڈ واٹر مین حل کر کے اُس عرق مین ڈہالدین تب آنچ دیکر اسقدر گاڑہا کرین
کہ سرد ہونے سے جم جاوے اب اُس ڈلے کو مضبوط دوہرے کپڑے مین لپیٹ کر
خوب زور سے دبا دین اور جو میلے رنگ کا عرق ٹپکے اُسکو سنبہال رکہین بعد ازان اُس
نچوڑے ہوئے ڈلے کو آدہے پاینٹ کہولتے ہوئے ڈسٹلڈ واٹر مین ملا کر رگڑ ڈالین
اب سارے کو ایک کاغذ کی فلٹر پر رکہہ دین اور جو کچہہ اُس فلٹر پر باقی رہے اُسکو کہولتے
ہوئے ڈسٹلڈ واٹر سے خوب دہو دین بعد ازان اُن چہانے ہوئے عرقون کو اگلے طور پر
اُڑا دین اور جب سرد ہو کر جم جاوے تب پہر اُس ڈلے کو دبا دین اور تیسر بہی اُسمین
بہت رنگت پائی جاوے تو اِسی ترکیب کو تیسری مرتبہ کرین اور جو عرق دبانے کے
وقت ٹپکے اُسکو ہمیشہ سنبہال رکہین اب اُس نچوڑے ہوے ڈلے کو چہہ آونس
کہولتے ہوے ڈسٹلڈ واٹر مین حل کر کے حیوانی کوئلا ملا کر ۲۰ منٹ تک بہگو رکہین
تب چہان لین فلٹر اور کوئلے کو کہولتے ہوئے ڈسٹلڈ واٹر سے دہو ڈالین - اِن
ترکیبون سے جو عرق حاصل ہو اُسمین کسیقدر زیادہ سولیوشن اف ایمو - نیا ملا دین
اِسکے کرنے سے جون جون عرق سرد ہوتا جاویگا مار - فائین کی قلمین علیحدہ ہوتی
جاوینگی انکو کاغذ کی فلٹر پر رکہکر پانی سے دہو دین جبتک دہوون مین نائیٹریٹ اف سلور
مین نایٹرک اسڈ ملا کر ڈالنے سے کوئی منجمد نہ بنے + اگلی سیاہ رنگ کے عرق جو کئی
مرتبہ دبانے سے حاصل ہوئے تہے اُمنین ڈسٹلڈ واٹر ملا کر اور بہت زیادہ سو - لیوشن
اف پوٹاش ڈالکر چہان ڈالین اور جو عرق حاصل ہو اُس مین زیادہ ہائیڈرو - کلورک اسڈ

ملانے سے مار - فیا کی اَور بہی قلمین حاصل ہو سکتی ہین چنانچہ اُس ہائیڈرو - کلورک اِسڈ
ملے ہوئے تُرش عرق مین تہوڑا سا حیوانی کوئلا ملا کر بہگو رکہنے سے اور اُس عرق
کو بہر چہانکر ایمو - نیا ملانے سے تہوڑا سا خالص مار - فائین حاصل ہوتا ہے ✣
اب چینی کا پیالہ آنچ پر رکہکر اُسمین دو آونس کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر رکہدین اور
اُس پانی مین وہ مار - فائین جو اوپر کی ترکیبون سے حاصل ہوا تہا چہڑک دین بعد
ازان اُسمین ہائیڈرو - کلورک اِسڈ ملاتے جاوین اور بار بار ہلاتے جاوین اور
اِس بات کی احتیاط رکہین کہ سارا مار - فائین بخوبی حل ہو جاوے اور ایک
نیو - ٹرل عرق حاصل ہو تب اُسکو علیحدہ رکہدین تاکہ قلمین بنجاوین بعد ازان اُن
قلمون کو علیحدہ کر کے فلٹرنگ پیپر پر خشک کر لین اور جو عرق باقی ہو اُسکو پہر
جوش دیکر سرد کرنے سے اَور بہی قلمین حاصل ہو سکتی ہین ✣

خاصیت - اِسکی قلمین سفید ملائم باریک ریشم کے طور پر چمکدار ہوتی ہین ہوا میز
کہلا رکہنے سے اِسمین کسی طرح کا تغیر نہین پیدا ہوتا اور پانی اور اسپرٹ مین
حل ہو جاتا ہے ✣

فائدہ اور استعمال مانند افیون کے - صرف یہ فرق ہے کہ مار - فیا کے کہانے
سے قبض نہین ہوتا اور یہ کہ بہ نسبت افیون کے اَنٹی - میسو - لنٹ بہی کم ہے
پس جب صرف انو - ڈائین فائدہ حاصل کرنا منظور ہوتا ہے تو بجاے افیون
کے مار - فیا کو استعمال کر سکتے ہین اور جب نہایت تہوڑی خوراک مدنظر ہوتی ہے
تب بہی مار - فائین کہلاتے ہین -

خوراک چوتہائے گرین سے ایک گرین تک - چار سے پانچ گرین
تک زہر ہے ✣

اسکے چھ مرکب ہین

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

لائیکوار-مار-فائی-نے ہائیڈرو- ———————— سولیوشن اف ہائیڈرو کلورٹ اف

کلو-ری-ڈس مار-فائین

نسخہ - ہائیڈرو-کلورٹ اف مار-فائین ۹ گرین * ڈایلیوٹ ہائیڈرو کلوریک اسڈ

۱۸-بوند * ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ۲ ڈرام * ڈسٹلڈ واٹر-ڈیڑھ آونس *

ہائیڈرو-کلوریک اسڈ اسپرٹ اور پانی ملاکر اُسمین مار-فیا کو حل کرلین *

اسکے ایک ڈرام مین قریب آدھ گرین ہائیڈرو کلورٹ اف مار-فیا ہوتا ہے اور

پانچ قطرے مین قریب ایک گرین کا چوبیسوان حصہ *

خوراک ۱۰ بوند سے ۲۰ بوند تک *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

سپازی-ٹو-ریا-مار-فائی-نے ———————— مار-فائین سپا-زی-ٹری

نسخہ - ہائیڈرو کلورٹ اف مار-فائین - ۶ گرین * آئیل اف تھیو-برو ما ۱۸۰ گرین *

قدرے گرم کھرل مین ۴۴ گرین آئیل اف تھیو-برو-ما مین ہائیڈرو کلورٹ اف

مار-فائین ملاکر رگڑین اور باقی کے آئیل اف تھیو-برو-ما دھیمی آنچ پر پگھلاکر اگلے میز

ملاوین اب سارے کو خوب طرح ملا کر پتلا رہتے ایسے سانچون مین ڈھال دین جنمین پندرہ

پندرہ گرین آ سکے یا اُس مرکب کو سرد کرکے بارہ حصہ برابر پہ تقسیم کرین اور گاؤدم یا

کسی اور مناسب شکل کی گولیان بنا لین *

اسکے نی سپا-زی-ٹری مین آدھ گرین ہائیڈرو-کلو-رٹ اف مار-فائین

ہوتا ہے *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

سپا-زی-ٹو-ریا مار-فائی-نے ——————— مار-فائین سپا-زی-ٹیریز وینھ کم-سپو-نے

لسنخہ-ہائیڈرو-کلو-ریٹ اف مار-فائین-۶ گرین ٭ گلائی-سی-رئین اف سٹارچ ۳۰-گرین ٭ کروڈ-سوپ سفوف کیا ہوا ۱۰۰ گرین ٭ سٹارچ سفوف کیا ہوا حسب ضرورت ٭ ہائیڈرو-کلو ریٹ اف مار-فائین کو گلائی-سی-رئین اف سٹارچ اور صابون مین ملا کر اسقدر اسٹارچ ڈالین کہ جسمین حسب مناسب گاڑھا لئی کے طور پیدا ہوجاوے بعد ازان اُس لگدی کو بارہ حصہ برابر مین تقسیم کرکے ہر ایک حصہ کی گاؤدم یا کسی اور مناسب شکل کی گولیان بنا کر رکھہ چھوڑین ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ٹر-و-کے-سائی مار-فائی-نے ——————— مار-فائین لازنجز

لسنخہ-ہائیڈرو-کلورٹ اف مار-فیا ۲۰ گرین ٭ ٹنکچر ٹو-لو-آدھا آونس ٭ قند سفوف کیا ہوا-۲۴-آونس ٭ گم-اراپک سفوف کیا ہوا-ایک آونس ٭ میو-سلج اف گم اراپک-حسب ضرورت ٭ ڈسٹلڈ واٹر آدھا آونس ٭

ہائیڈرو-کلورٹ اف مار-فیا کو پانی مین حل کرین اور ٹنکچر آف ٹولو کو میو-سلج مین ملا کر اگلے عرق کو اِس عرق مین ملا دین تب گوند اور چینی کو خوب طرح آمیز کرکے اُسمین ملا کر ایک لگدی بنا دین-اِسکو ۷۲۰ قرص مین تقسیم کرکے ایک گرم ہوا کی کوٹھری مین اوسط درجہ کی گرمی کے اندر خشک کرلین ٭

اِسکے فی لوزین ایک گرین کا ۳۶ حصہ ($\frac{1}{36}$) ہائیڈرو-کلورٹ اف مار-فائین ہے ٭

خوراک ایک سے ۶ لوزنگ-اِسکو اکثر کھانسی مین کھلایا کرتے ہین ٭

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

ٹرا-کے-سائی مار-فائی-نے ——————— مار-فائین اینڈ اپی-کے-کوانا-لازنجیز

یٹ اپے-کے-کوانئے

نسخہ-ہائیڈرو-کلورٹ اف مار-فیا ۲۰ گرین * اپے-کے-کوانا باریک سفوف کیا ہوا ۶۰ گرین * ٹنکچر آف ٹولو-آدھا آونس * قند سفوف کیا ہوا-۴۴-آونس * میو-سلیج اف گم ارابک حسب ضرورت * گم ارابک سفوف کیا ہوا-ایک آونس * ڈسٹلڈ واٹر-آدھا آونس *

ہائیڈرو-کلورٹ آف مار-فیا کو پانی مین حل کرلین اور ٹنکچر آف ٹولو کو میو-سلیج مین ملاکر اگلے عرق مین ملاوین تب اپے-کے-کوانا اور چینی کو خوب طرح ملاکر سب کی ایک لگدہی بنالین اور اسکو ۷۲۰ قرص مین تقسیم کرکے گرم ہوا کی کوٹھری مین اوسط درجہ کی گرمی کے اندر خشک کرلین *

اسکے فی قرص مین ایک گرین کا ۳۶ حصہ ہائیڈرو-کلورٹ اف مار-فائین اور بارہواں حصہ اپے-کے-کوانا ہوتا ہے *

خوراک ایک سے ۶ قرص تک-انکو بھی کھانسی مین کہلایا کرتے ہین *

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

لائیکوار مار-فائی-نے ——————— سو-لیوشن اف بائی-مے-کو-نیٹ

بائی-مے-کو-نے-ٹش اف مار-فائین

نسخہ-ہائیڈرو-کلورٹ اف مار-فائین-۹ گرین * سو-لیوشن اف ایمو-نیا حسب ضرورت * مے-کا-نک ایسڈ-۶ گرین * ریکٹی-فایڈ-اسپرٹ ۱/۴ آونس * ڈسٹلڈ واٹر-حسب ضرورت *

دو یا تین ڈرام ڈسٹلڈ واٹر مین ہائیڈرو-کلورٹ اف مار-فائین کو آنچ پر حل کرکے

اسمین سو-لیو-شن اف ایمو-نیا تبتک ڈالین جتبک مار-فایئن تہ نشین تہونے لگے - اب اسکو سہر دکر کے فلٹر کرین اور منجمد کو ڈسٹلڈ واٹر سے تبتک دہرئین جتبک دہون مین نایٹریٹ اف سلور کا عرق ملانے سے کوئی منجمد نہ نبے - اب اس سے پانی کو تہارلین اور منجمد مین اسقدر پانی ملادین جتنے مین ڈیڑہ آونس عرق حاصل ہو بعدازان اسمین ریکٹی-فایئڈ-اسپرٹ ادرمے-کانک اسڈ ملاکر حل کرلین *

خوراک ۵ سے ۲۰ منم تک *

ب - مار-فائی-نے اسیٹاس

لاٹین		انگریزی
مار-فائی-نے اسیٹاس		اسیٹٹ اف مار-فایئن

نسخہ - ہایڈرو-کلورٹ اف مار-فایئن - ۲ آونس * سو-لیوشن اف ایمو-نیا اور اسے ٹک اسڈ اور ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت *

ہایڈرو-کلورٹ اف مار-فایئن کو ایک پاینٹ ڈسٹلڈ واٹر مین حل کرکے سولیوشن اف ایمو-نیا تبتک ملاتے جاوین جتبک مار-فایئن پہر منجمد ہوجاوے اور وہ عرق سیقدر کہارا ہوجاوے تب اس منجمد کو فلٹر پر رکہکر ڈسٹلڈ واٹر سے دہوڈالین - ایک چینی کی رکابی مین ڈالکر اس منجمد مین ۴ آونس ڈسٹلڈ واٹر اور اسقدر اسیٹک اسڈ ملادین کہ جسمین وہ حل ہوجاوے اور نیو-ٹرل بنجاوے تب اس عرق کو واٹر باتھ پر اڑاوین تاکہ سرد ہونے سے جم جاوے اخیر مین دہیمی آنچ پر خشک کرکے پیس لین *

خاصیت یہ ایک سفید سفوف ہوتا ہے - اسپرٹ اور پانی مین حل ہوجاتا ہے *

خوراک ایک گرین کے آٹھوین حصہ سے آدہی گرین تک *

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

لائیکوار - مار - فائی - نے اسے - ٹے - ٹِش ——— سو - لیو - شن اف ایسی ٹیٹ اف مار - فایئن

نسخہ - اسے - ٹیٹ اف مار - فایئن - ۹ گرین + ڈائیلیوٹ اسے ٹک اِسڈ ۱۸ منم - ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ آدہا آونس + ڈسٹلڈ واٹر - ڈیڑہ آونس +

اسڈ اسپرٹ اور پانی ملاکر اسمین مار - فیا حل کرلین -

خوراک - ۱۰ بوند سے ۶۰ بوند تک + اِسکے فی ڈرام مین قریب آدہا گرین مار - فائین ہوتا ہے +

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

انجکشیو مار - فائی - نے ہائپو - ڈرمیکا ——— ہائپو - ڈرمک انجکشن اف مار - فایئن

نسخہ - ہائیڈرو - کلورٹ اف مار - فایئن ۹۲ گرین + سو - لیو - شن اف امو - نیا اور اسٹیک اِسڈ اور ڈسٹلڈ - واٹر حسب ضرورت +

ہائیڈرو - کلورٹ اف مار - فیا کو دو آونس پانی مین بذریعہ آنچ کے حل کرکے اُسمین امونیا ملاوین تاکہ مار - فایئن منجمد ہوجاوے اور وہ عرق کسیقدر کہارا ہوجاوے بعد ازان اُسکو سرد ہونے دین تب منجمد کو فلٹر پر جمع کرکے ڈسٹلڈ واٹر سے دہودین اور نتہرنے دین بعد ازان مار - فایئن کو ایک آونس ڈسٹلڈ واٹر کے ہمراہ چینی کی چہوٹی رکابی یا ڈش مین ڈالدین اور اُس برتن کو دہیمی آنچپر رکہدین اور احتیاط سے اُسمین اسیٹک اِسڈ تبتک ملاوین جبتک مار - فایئن حل ہوجاوے اور ایک خفیف تُرش عرق بنجاوے - اب اُس عرق مین اِسقدر ڈسٹلڈ واٹر ملاوین جسمین سارا ملکر دو آونس ہوجاوے - تب اُس عرق کو چہانکر ایک شیشہ کے کاگ والی بوتل مین اِس ترکیب سے جلد رکہہ دین جسمین اُسکے اندر روشنی کا گزر نہو سکے +

خاصیت - یہ ایک صاف عرق ہوتا ہے کہ جسمین منجمد اجزا نہین ہوتے - اس مین ٹسٹ - پیپر کے ڈالنے سے کسیقدر ترشی پائی جاتی ہے - جلد مین اس عرق کی پچکاری کرتے ہین مقدار جسکی ایک منم سے ۵ منم تک ہے * اِسکے ۱۰ منم مین ایک گرین اِسے - ٹ اف مار - فیا ہوتا ہے *

پ - سل - فٹ اف مار - فایئن

لاٹن ــــــــــــــــ ــــــــــــــــ انگریزی

مار - فامی نے سلفاس ــــــــــــــــ سلفٹ اف مار - فایئن

یہ مرکب مار - فایئن کا اس ترکیب سے تیار ہوتا ہے کہ ہائیڈرو - کلورٹ اف مار - فایئن بناتے وقت جو مار - فایئن حاصل ہوا تہا اسکو ہلکی دگنی وزن کے کہہ لیتے ہوئے ڈسٹلڈ واٹر مین چہڑک دین اور اس عرق کے گرم رہتے اسمین تہوڑا تہوڑا ڈائیلیوٹ سلفیورک اسڈ ملاتے جاوین اور برابر ہلاتے جاوین تاکہ مار - فایئن بالکل حل ہو جاوے اور ایک نیوٹ - رل عرق حاصل ہو - اب اسکو سرد ہوتے دین تاکہ قلمین بن جاوین - ان قلمون کو نتہار کر جاذب کاغذ مین خشک کر لین *

خاصیت - اِسکی قلمین رشیم کی طرح بے رنگ باریک باریک ہوتی ہین * چوبیس حصہ پانی مین حل ہو جاتی ہین مگر ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ مین کم *

خوراک - ۱/۱۲ سے ۱/۳ گرین تک *

دوم ہائیڈرو - کلورٹ اف اِ - پو - مار - فایئن

لاٹن ــــــــــــــــ ــــــــــــــــ انگریزی

اِ - پو - مار - فامے - نے ہائیڈرو - کلوراس ــــ ہائیڈرو - کلورٹ اف اپو - مار - فایئن

مار - فائین یا کو - ڈا - یا کو شیشہ کی بند نلیون مین ہمراہ ہائیڈرو - کلورک اسڈ کے
بہر کر آنچ دینے سے یہ مرکب حاصل ہوتا ہے *

خاصیت اسکی قلمین چہوٹی چہوٹی باریک چمکدار سفید مائل بہ نیلگون ہوتی ہین سات
حصہ پانی مین حل ہوجاتی ہین *

فائدہ اور استعمال - یہ مرکب نتو نار - کاٹک اور نہ ہپ - ناٹک ہے مگر
نہایت سریع الاثر امے ٹک ہے - چنانچہ زہر خورانی مین اور جب ہوا کی نالی یا غذا
کی نالی مین کوئی شے پہنس جائے تو اِس مرکب کے عرق کی پچکاری جلد کے اندر
کرنے سے فوراً قئے ہوجاتی ہے اور قئے کے ذریعہ وہ شے خارج ہوجاتی ہی یکیم
کہلاتے ہین ہین *

اسکا ایک مرکب ہی چنانچہ

لاطین	انگریزی
انجک ٹیشو اپو - مار - فائی - ئے	ہائی - پو - ڈر - مک انجکشن اف
ہائے - پو - ڈر - می کا	اپو - مار - فائین

نسخہ ہائیڈرو - کلورٹ اف اپو - مار - فائین - ۲ گرین * کمفر واٹر ۱۰۰ - منم *
حل کر کے چہان لین - استعمال کے وقت تازہ تیار کرنا چاہئے *

سوم کو - ڈین

لاطین	انگریزی
کو - ڈا - ای - نا	کو - ڈین

یہ جوہر افیون مین ہوتا ہے * ہائیڈرو - کلورٹ اف مار - فائین بناتے وقت جو
مار - فائین حاصل ہوا تہا اور اُسکو علیحدہ کرنے کے بعد جو امر - نیا کا عرق باقی رہ گیا تہا

اُس عرق میں کو-ڈین ہوتا ہے - پس اُس عرق سے یہ جوہر اس ترکیب سے حاصل ہوتا ہے
کہ اُس عرق کو آنچ پر اڑاتے ہین اور جو شے باقی رہ جاتی ہے اُسمین پانی ملاتے ہین
بعد ازان اسمین کاسٹک پوٹاش ملاتے ہین - ایسے کرنے سے کو-ڈین تہ نشین
ہوجاتا ہے - مگر یہ میلا ہوتا ہے - تو اسمین ایتھر ملاکر دوبارہ صاف قلمین حاصل
کرتے ہین ٭

خاصیت - اسکی قلمین قریب بے رنگ اور ہشت پہلو ہوتی ہین اسپرٹ اور
ڈائیلیوٹ تیزابون مین فوراً حل ہوجاتی ہین ٭

خوراک چوتہائی سے دو گرین تک ٭

فائدہ اور استعمال - اسکے استعمال سے ڈا-یا-بے-ٹیز کی بیماری مین پیشاب
مین شکر کی مقدار کم ہوجاتی ہے اور جب تہوڑی مقدار مین کہلائی جاتی ہے تب سل
کی بیماری کی کہانسی کو آرام آجاتا ہے ٭ ڈا-یا-بے-ٹیز کی بیماری مین کو-ڈین
کی ان گولیون کا نسخہ بہت عمدہ ہے چنانچہ

نسخہ - کو-ڈین ½ گرین (ضرورت ہو تو دو گرین تک بھی بڑہا سکتے ہین) ٭
اکسٹراکٹ اف نکس-وا-می-کا ½ گرین ٭ اکسٹراکٹ اف لے-ٹوس ۳ گرین
سبکو ملاکر ایک گولی بناوین اور ایسے ایک ایک گولی دن مین دو یا تین دفعہ کہلاوین ٭

مرکبات خاص افیون کے

لاٹن		انگریزی
اکسٹراکٹم-او-پیائی		اکسٹراکٹ اف اوپیم

نسخہ - افیون باریک کتری ہوئی ایک پاؤنڈ ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۷ پائنٹ ٭
افیون کو دو پائنٹ پانی مین ۲۴ گہنٹہ تک بہگو کر عرق کو نچوڑ لین اور جو افیون باقی رہے

اسکو گودے کے طور پر بنا کر پھر دو پائینٹ پانی مین ۲۴ گھنٹہ تک بھگو کر نچوڑلین اور
تیسری مرتبہ ایسا ہی کر کے سارے عرقون کو ملا کر فلالین کی چھلنی سے چھانکر واٹر باتھ
پر آنچ دیکر حسب مناسب گاڑھا کر لین ٭

کہتے ہین کہ یہ مرکب بہ نسبت افیون کے کم اسٹی-میولنٹ ہے ٭

خوراک آدھی گرین سے دو گرین تک ٭ ۱۰۰ گرین افیون سے ۵۰ گرین اکسٹراکٹ
حاصل ہوتا ہے ٭

لاٹن ———— ———— انگریزی

اکسٹراکٹم او-پیائی-لی-کوئیڈم ———— لی-کوئیڈ اکسٹراکٹ اف اوپیم

نسخہ - اکسٹراکٹ اف او-پیم ایک آونس ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۱۶ - آونس ٭
ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ۴ آونس ٭

افیون کو پانی مین ایک گھنٹہ تک بھگو رکھین اور بار بار ہلاتے رہین بعد ازان چھانکر
اُسمین اسپرٹ ملا دین - سب ملکر ایک پائینٹ ہونا چاہیے -

یہ مرکب لائیکر او-پیائی-سی-ڈی-ٹائی-وس کے عوض برتا جاتا ہے ٭

خوراک ۱۰ - بوند سے ۴۰ بوند تک ٭ اِسکے ایک آونس مین قریب ۲۲ - گرین
اکسٹراکٹ اف او-پیم ہوتا ہے ٭

لاٹن ———— ———— انگریزی

امپلاسٹرم - او - پیائی ———— او-پیم-پلاسٹر

نسخہ افیون خوب باریک سفوف کی ہوئی ایک آونس ٭ ریزن پلاسٹر ۹ آونس ٭
ریزن پلاسٹر کو گرم پانی کی بھاپ یا واٹر باتھ پر گلا کر اُسمین آہستہ آہستہ افیون
چھوڑ کر ملا لین ٭

فائدہ اور استعمال - بطور انو-ڈائین کے نیو-رلجیا اور رو-ماٹیزم کے

دردِ دل مین لگایا کرتے ہین - اِسکے ۱۰ حصہ مین ایک حصہ اَفیون ہے ÷

لاٹین ———— ———— انگریزی

ٹنکچورا - اوپیائی ———— ٹنکچر اف اوپیم

اِسکو لاڈنم بھی کہتے ہین ÷

نسخہ افیون کوٹی ہوئی - ڈیڑہ آونس ÷ پروف اسپرٹ ایک پاینٹ ÷

افیون کو سات روز تک بھگو کر چھان لین بعد ازان نچوڑ کر فلٹر کر کے اُس مین اتنا

پروف اسپرٹ ملادین جتنے مین ایک پاینٹ پورا ہو جاوے اِسکے ساڑھے چودہ

بوند یا پندرہ بوند مین ایک گرین افیون ہے یا ایک فلوئیڈ آونس مین تقریبًا

۳۳ گرین اوپیم ہے -

فائدہ نہایت عمدہ انو-ڈایئن ہے ÷

خوراک ۵ بوند سے ۴۰ بوند تک - لیکن بچون کے لئے یہ مرکب نہایت تیز ہے ÷

لاٹین ———— ———— انگریزی

ٹنکچورا - اوپیائی - ایمونئی - ٹا ———— ایمونئیٹڈ ٹنکچر اف اوپیم

نسخہ - افیون کوٹی ہوئی ۱۰۰ گرین ÷ زعفران کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کئے

ہوئے ۱۸۰ گرین ÷ بن-زائیک ایسڈ ۱۸۰ گرین ÷ روغن سونف ایک ڈرام ÷

اسٹرانگ سولیوشن اف ایمونیا ۴ آونس ÷ ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ۱۲ آونس ÷

سب کو ملا کر بند برتن مین سات روز تک بھگو رکھین اور گاہے گاہے ہلا دیا کرین بعد

ازان چھانکر نچوڑ ڈالین اور تب فلٹر کر کے اُسمین اِسقدر ریکٹی-فائیڈ - اسپرٹ

ملادین جتنے مین ایک پاینٹ پورا ہو جاوے ÷

خوراک آدھی ڈرام سے ایک ڈرام تک - اِسکے ایک آونس مین ۵ گرین افیون

ہے یا ۹۶ منم مین ایک گرین سفوف اوپیم ہے ÷

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

اینما-او-پیائی ——————— اینما اف اوپیم

نسخہ ٹنکچر اف اوپیم آدہا ڈرام * میوسیلج اسٹارچ ۲ آونس * دونو کو ملالین * فائدہ اور استعمال ڈائیاریا اور ڈیسنٹری اور ٹینسم اور عورت کی اندام نہانی کے مرضونمین اسکی پچکاری کرتے ہین *

لاٹین ——————— انگریزی

لے-نی مینٹم-اوپیائی ——————— لے-نی منٹ اف اوپیم

نسخہ ٹنکچر اف اوپیم ۲ آونس * لے-نی مینٹ اف سوپ ۲ آونس * دونو کو ملالین * کچلے ہوئے اور پیچ کہائے ہوئے مقام پر اور درد-ساٹیزم کے درد پر مالش کرتے ہین اسکی دو حصہ مین ایک حصہ افیون ہے *

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

وائی نم-او-پیائی ——————— وائین اف او-پیم

نسخہ اکسٹراکٹ اف اوپیم ۱ آونس * سنامن بارک کوٹا ہوا ۵ ، گرین * لونگ کوٹی ہوئی ۵ ، گرین * شیری شراب ایک پائنٹ * ایک بند برتن مین سات روز تک بہگو رکہین اور گاہی گاہی ہلا دیا کرین تب فلٹر کرین اسکی ایک آونس مین ۲۲ گرین اکسٹراکٹ اف اوپیم ہوتا ہی خوراک ۱۰ بوند سے ۴۰ بوند تک *

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

ٹراکے-سائی اوپیائی ——————— اوپیم-لازنجز

نسخہ اکسٹراکٹ اف اوپیم ۲ ، گرین * ٹنکچر اف ٹولو آدہا آونس * قند سفوف کیا ہوا ۱۶ آونس * گم-اکاشیا سفوف کیا ہوا ۲ آونس * اکسٹراکٹ اف لی-کو-رس ۶ آونس * ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت * اکسٹراکٹ اف اوپیم مین قدرے پانی ملا کر ملایم کرین تب اسکو اور ٹنکچر اف ٹو-لو کو اکسٹراکٹ اف لی کو رس مین ملا کر واٹر باتہ کی آنچ پر رکہہ دین اور جب وہ مرکب حسب مناسب گاڑہا ہو جاوے تب تہرکی سل پر ڈہالکر شکر اور گوند کو رگڑکر اسمین ملاوین اور ساری کی ایک لگدی بنا کر ۲۰ ، قرص مین تقسیم کر کے ایک گرم ہوا کی کوٹہری

مین اوسط درجہ کی گرمی مین خشک کرلین ÷

اسکے فی قرص مین ایک گرین کا دسوان حصہ اکسٹراکٹ اف او۔پیم ہوتا ہے ÷

خوراک ایک قرص سے ۶ قرص تک ÷

لاٹن ــــــــــــــــ ــــــــــــــــ انگریزی

پلوس۔او۔پیائی۔کمپا زیٹس ــــــــــــــــ کمپاؤنڈ پاؤڈر اف او۔پیم

نسخہ افیون سفوف کی ہوئی ڈیڑھ آونس ÷ سیاہ مرچ سفوف کی ہوئی ۳ آونس ÷ سونٹھ سفوف کی ہوئی ۵ آونس ÷ زیرہ سفوف کیا ہوا ۲ آونس ÷ گوندکتیرا سفوف کی ہوئی آدہی آونس ÷ سارے کو خوب ملاکر باریک چھلنی سے چھان ڈالین اور تب ایک کہرل مین آہستہ آہستہ پیسکر شیشہ کے کاگ والی بوتل مین بند کردین ÷

خوراک ۲ گرین سے ۵ گرین تک۔ اسکے ۱۰ حصہ مین ایک حصہ افیون ہے ÷

لاٹن ــــــــــــــــ ــــــــــــــــ انگریزی

کن۔فکشیو۔او۔پیائی ــــــــــــــــ کن۔فکشن اف او۔پیم

نسخہ۔کمپاؤنڈ پاؤڈر اف او۔پیم ۱۰۰ گرین ÷ سرپ ۳۰۰ گرین ÷ دونوکو ملالین ÷

اسکے ۴۰ حصہ مین ایک گرین افیون ہے ÷

خوراک ۵ سے ۲۰ گرین تک ÷

فہرست اُن مرکبات کے طاقتون کی جنمین مار۔فائین پڑتا ہے

ا۔مرکبات اسی ٹیٹ اف مار۔فائین

لائیکوار ملہ۔فائی۔نے اسے۔لیٹ۔ٹس ÷ اسکے ۱۰۰ حصہ مین ایک گرین اسی ٹیٹ اف مار۔فائین ہے ÷

انجکس شیو مار۔فائی سرنے ہائی۔پو۔ڈر۔میکا ÷ اسکے ۱۰۰ حصہ مین ایک گرین

اسے ۔ٹیٹ اف مار۔فایئن ہے ٭

۲۔بائی۔مے۔کو۔نیٹ اف مار۔فایئن

ہائیکوار مار۔فائی۔نے بائی۔مے۔کو۔نے۔ٹیش ٭ اسکے ۱۰۰ حصہ مین ایک حصہ بائی۔مے۔کو۔نیٹ اف مار۔فایئن ہوتا ہے ٭

۳۔ہائیڈرو کلوریٹ اف مار۔فایئن

لائیکوار مار۔فائی۔نے۔ہائیڈ۔رو۔کلو۔ری۔ٹیش ٭ اسکے ۱۰۰ حصہ مین ایک حصہ ہائیڈرو۔کلوریٹ اف مار۔فایئن ہوتا ہے ٭

ٹنکچورا کلورو۔فار۔مائی اٹ مار۔فائی۔نے ٭ اسکے ایک آونس مین ایک گرین ہائیڈرو۔کلوریٹ اف مار۔فایئن ہوتا ہے ٭

مار۔فایئن لازنجز ٭ انکے ۳۶ لازنجز مین ایک گرین ہائیڈرو کلوریٹ اف مار۔فایئن ہوتا ہے ٭

مار۔فایئن اینڈ اپے۔کک لازنجز ٭ اسکے ۱۴۴ لازنجز مین ایک گرین ہائیڈرو کلوریٹ اف مار۔فایئن ہوتا ہے ٭

مار۔فایئن سپازی۔ٹریز ٭ اسکی ایک سپازی۔ٹری مین آدھ گرین ہائیڈرو۔کلوریٹ اف مار۔فایئن ہوتا ہے ٭

مار۔فایئن سپازی۔ٹری وتھ سوپ ٭ اسکی ایک سپازی۔ٹری مین آدھ گرین ہائیڈرو۔کلوریٹ اف مار۔فایئن ہوتا ہے ٭

فہرست اُن مرکبات کی طاقتون کی جنمین افیون پڑتی ہے

کمن ؛ نکشیو - او - پیائی ٭ اِسکے قریب ۴۰ حصہ مین ایک حصہ ٭

امپلاسٹرم - او - پیائی ٭ اِسکے ۱۰ حصہ مین ایک حصہ ٭

اینما - او - پیائی ٭ اِسکے دو آونس مین آدہا ڈرام ٹنکچر او - پیم ہے ٭

اکسٹراکٹم - او - پیائی ٭ دو حصہ سے قریب ایک حصہ نکلتا ہے ٭

اکسٹراکٹم - او - پیائی لی - کوئیڈم ٭ قریب ایک آونس مین ۲۲ گرین اکسٹراکٹ ہے یعنے ۲۲ بوند مین ایک گرین اکسٹراکٹ اف او - پیم ہے ٭

لے - نی - منٹم - او - پیائی ٭ اِسکے دو حصہ مین ایک حصہ ٹنکچر ہے ٭

پی - لو - لا اپے - کے - کوانے کم - سلی ٭ قریب ۲۳ حصہ مین ایک حصہ ٭

〃 پلمبائی - کم - او - پیو ٭ ۸ حصہ مین ایک حصہ ٭

〃 سی - پو - لنس - کمپا - زیٹا ٭ قریب ۶ حصہ مین ایک حصہ ٭

پلوس - کریٹی - ارو - ما - ٹیکس - کم - او - پیو ٭ ۴۰ حصہ مین ایک حصہ ٭

〃 اپے - کے - کوانے - کمپازیٹا - ۱۰ حصہ مین ایک حصہ ٭

〃 کائی - نو - کمپازیٹس ۲۰ حصہ مین ایک حصہ ٭

〃 او - پیائی - کمپازیٹس - اِسکے ۱۰ حصہ مین ایک حصہ ٭

کمپونڈ - لیڈ سپا - زیٹوری کے ہر ایک سپازیٹوری مین ایک گرین او - پیم ہے ٭

ٹنکچورا - کمفوری - کمپازیٹا ایک اونس مین دو گرین ٭

〃 او - پیائی قریب ایک آونس مین ۳۳ گرین یعنے ساڑہے چودہ بوند مین ایک گرین افیون ہے ٭

〃 ایمو - نی آٹا ایک آونس مین ۵ گرین یعنے قریب ۹۶ بوند مین ایک

گرین افیون ہے *
ٹرا کے - سا ئی - او - پیا ئی - ایک قرص مین ایک گرین کا دسوان حصہ ($\frac{1}{10}$) اکسٹراکٹ
اف او پیم ہے یعنے دس قرص مین ایک گرین افیون ہے *
انگو - انیٹم گے - لے - کم - او - پیو ایک آونس مین ۴۳۰ گرین یعنے $\frac{1}{2}$ ۴۳ گرین مین ایک
گرین افیون *
وائی - نم - او - پیائی قریب ایک آونس مین ۲۲ گرین اکسٹراکٹ *

لاٹن	ہندی	انگریزی
پی پی - ورش - کپ - شیو - لی	پوست کا پھل	پاپی - کپ - شیول

اسکے درخت کا نام پی پی - ور - سامنی - فرم ہے جب پھل قریب پختہ ہونے پر ہوتا ہے تب اسکو خشک کرکے بیج نکالکر استعمال کرتے ہین *

خاصیت - پوست کا پھل گول اور دو یا تین انچ گولائی مین ہوتا ہے اور اسکے اوپر سورج کے کرنون کی شکل کا ایک تاج ہوتا ہے *

اسکے تین مرکب ہین

لاٹن		انگریزی
سی - رپ - پس پے - پے - وی - رس		سرپ اف پاپیز

نسخہ پوست کا پھل جو کوب اور بیج نکالا ہوا - ۳۶ آونس * کھولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت * ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ۱۶ آونس * قند ۴ پاونڈ *
چار یا پینٹ پا سلے مین پوست چھوڑ کر ۱۲ گھنٹہ تک بھگو رکھین اور بار بار ہلا دیا کرین ٹب پر کو لے - ٹرین بھر کر اور بھی پانی چھوڑ دین اور عرق کو ٹپکنے دین جبتک دو گیالن مقطر ہو جاوے یا جبتک پھلو نکا سا جوہر کچھ جا رہے تب اس

عرق کو واٹر باتھ پر اُڑا دین جتبک تین پاینٹ رہ جاوے اور جب بالکل سرد ہو جاوے تب اُسمین اسپرٹ ملا وین اور بارہ گھنٹہ بعد عرق کو فلٹر کر کے اسپرٹ مقطر کرلین اور جو عرق باقی رہے اُسکو دو پاینٹ تک اُڑا کر شکر ملا وین - اِس مرکب کو ساڑھے چھ پاونڈ ہونا چاہیے ٭

خوراک ایک ڈرام - اِسکے قریب تین حصہ مین ایک حصہ ہی ٭

لاٹن	انگریزی
ڈی - کاکٹم پے - پے - وری - رس	ڈی - کاکشن اف پاپیز

لسنخہ - پوست کچلا ہوا - ۳ آونس ٭ ڈسٹلڈ واٹر - ڈیڑہ پاینٹ ٭

ایک بند برتن مین ۱۰ منٹ تک جوش دیکر چھان لین اور تب چھلنی پر اتنا پانی اُور چھوڑ دین کہ چھنے مین سارا عرق ایک پاینٹ ہو جاوے ٭

فائدہ بطور ڈیمل سنٹ اور اینو - ڈائین کے اِسکو انفلامیشن اور بچون کی بیماریون مین استعمال کرتے ہین ٭

خوراک ایک آونس سے دو آونس تک - اِسکے ایک پاینٹ مین دو آونس ہے ٭

لاٹن	انگریزی
اکسٹراکٹم - پا - پے - وارس	اکسٹراکٹ اف پاپیز

لسنخہ - پوست جو کوب اور بیج نکالے ہوئے ایک پاونڈ ٭ ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ۳ آونس کھولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ٭

دو پاینٹ پانی مین پوست چھوڑ کر ۲۴ گھنٹہ تک بھگو رکھین اور بار بار ہلا دیا کرین تب پر - کو - لے - ٹر مین بھر کر اُور بھی پانی ملا دین اور عرق کو ٹپکنے دین جتبک ایک گیلن مقطر ہو جاوے یا جتبک پھلون کا سارا جوہر کھنچ آوے بعد ازان عرق کو واٹر باتھ پر اُڑا دین جتبک ایک پاینٹ رہ جاوے اور جب سرد ہو جاوے تب اُسمین اسپرٹ

چھوڑ دین اور عرق کو ۴۸ گھنٹہ تک ٹھہرنے دین بعد ازان صاف عرق کو فلٹر کرکے واٹر باتھ پر اڑا کر اسقدر گاڑھا کرین جسمین گولیان بن سکین *

**خوراک ۲ - گرین سے ۵ گرین تک * اِسکے قریب تین حصہ سے ایک حصہ نکلتا ہی *

اِکو - نائیٹ

انگریزی	لاٹن
اِکو - نائیٹ	اِکو - نائی - ٹم

اِکو - نائیٹ کا درخت کئی قسم کا ہوتا ہے لیکن دوا مین صرف ایک ہی قسم کا درخت استعمال مین آتا ہے جسکو اِکو - نائی - ٹم نے - پے - لس بولتے ہین مگر ہندوستان مین اُسکے عوض اکثر اِکو - نائی - ٹم فے - را - کس برتا کرتے ہین جسکو ہندی مین میٹھا تیلیا یا تیلیا بکھہ یا میٹھا زہر بھی کہتے ہین اِکو - نائی - ٹم نے - پے - لس کی جڑ اور پتے دوا مین استعمال ہوتے ہین *

اول اِکو - نائیٹ کی جڑ - خشک جڑ اِس دوا کی یا تو ملک جرمنی سے آتی ہے یا انگلستان مین پیدا ہوتی ہے اور جاڑے مہینے مین جمع کرتے ہین یا بسنت کے شروع مین پتون کے نکلنے سے پیشتر *

خاصیت - جڑ اسکی ایک انچ سے ۳ انچ تک لمبی اور نوک اُنگلی سے موٹی نہین ہوتی شکل گاؤدم پُرشکن - رنگ بھورا مایل بسیاہی - اندر کا رنگ سفیدی مایل اگر کوئی چھوٹا سا ٹکڑا احتیاط سے چبایا جاوے تو زبان بہت دیر تک شل رہتی اور اسمین جھنجناہٹ معلوم ہوتی ہے - جڑ سے جوہر اِکو - نے - ٹیا نکلتا ہے اور ایک ٹنکچر اور ایک ایکسٹرکٹ بنتا ہے *

دوم اِکو - نائیٹ کے پتے - تازہ پتے اور غنچے دوا مین استعمال کرتے ہین

اِنکو اُسوقت جمع کرتے ہین کہ جب پہول ایک تہائی کہل جاتے ہین اور اِن درختون سے

جو انگلستان مین پیدا ہوتے ہین +

خاصیت - پتے چکنے اور ہتہیلی کے طور پر چوڑے ہوتے ہین اور اِنمین پانچ گہرے

گہرے شگاف ہوتے ہین چبانے سے چنچناہٹ پیدا ہوتی ہے اِسکے پہولون

کی چہڑیان ہوا کرتی ہین جن مین بے حساب پہول لگے ہوتے ہین - رنگ اِنکا

گہرا نیلا ہوتا ہے + پتون کا ایک ہی مرکب ہے یعنے اکسٹراکٹ +

اجزا - جوہر اکو - نے - ٹیا +

اثر اور استعمال - یہ ایک نہایت زود اثر دوا ہے جسکے زیادہ کہانے سے

تنفس اور دل کی حرکتین مفلوج ہو کر بیمار مر جاتا ہے - ہوش و حواس مین

چندان فرق نہین پڑتا لیکن موت سے پہلے کل عصبی نظام نہایت پست ہو جاتے

ہین مگر بڑا بہاری اثر اکو - نایٹ کا دل پر ہوتا ہے یعنے اِسکے کہانے سے دل

کی حرکت پست ہو جاتی ہے چنانچہ اوسط مقدار مین جب یہ دوا کہلائی جاتی ہے

تب قلب پر اِسکا سے - ڈیٹو اثر ہونے کے سبب سے نبض کی حرکت اِسقدر

گہٹ جاتی ہے کہ ایک منٹ کے اندر ۴۰ دفعہ چلنے لگتی ہے اور تنفس کی حرکتین

بہی کمزور ہو جاتی ہین جسم کی حرارت کم ہو جاتی اور پسینہ آنے لگتا ہے - پس

اکو - نائیٹ کے اِنہین اثرون کے سبب سے طبیب اِس دوا کو انفلامیشن کی بیماریون

مین استعمال کرنا بتلاتے ہین جیسے نیو - مونیا اور پے - ری - ٹو - نا ئی - ٹس اور

رو - ما - ٹیزم اور رار ہی - سے - پے - لس + یہ دوا اُن بیماریون مین بہی بہت مفید پڑتی

ہے جنمین درد کی علامتین پائی جاتی ہین گو وہ درد انفلامیشن کا کیون نہو مثلاً

شدید رو - ما - ٹیزم اور نیو - رلجیا مین یہ دوا فائدہ مند ہے اور جب اِسکا اکسٹراکٹ

نصف گرین سے ڈیڑہ گرین تک کہلایا جاتا ہے تب شدید رو - ما - ٹیزم کو نہایت

فائدہ ہوتا ہے اور اسکا ٹنکچر معدہ کے دردناک امراض کو بہت فائدہ بخشتا ہے
چاہے معدہ کے فعل کے بگڑجانے سے وہ درد ہو یا اُس عضو کے ساخت کی کسی
بیماری کے سبب سے پیدا ہو چنانچہ بعض دفعہ گسٹرو۔ ڈی۔نیا کے درد کو اِس
دوا سے اِسقدر فائدہ ہوتا ہے کہ کسی اَور دوا کے برسون کے استعمال سے بھی نہین
ہوتا اور اِسکی مداومت سے درد مذکور بالکل رفع بھی ہو جاتا ہے ÷ نیو۔ رلجیا کے
دردون پر جیسے ٹک۔ ڈو۔ لو۔ رو وغیرہ ہین جب اِسکا ٹنکچر یا اکسٹراکٹ لگایا جاتا ہے
تو وہ جگہہ فوراً سُن ہو جاتی ہے اور اکثر اوقات وہ مرض بھی دور ہو جاتا ہے لیکن
سائی۔ ای۔ٹیکا (عرق النسا) اور لم۔ بے۔ گو (درد کمر) کے دردون کو اِس دوا سے
چندان فائدہ نہین ہوتا ÷

زہر کا علاج – پہلے اسٹمک۔ پنپ سے معدہ کو خوب طرح دہو ڈالین اور تب
دال کہول کر اسٹی۔ میو۔لنٹ دواؤن کا استعمال کرین ÷ اگرچہ کلو۔ رال اور ڈیجی ٹےلیس
وغیرہ کو اِس زہر کا فادیتا تے ہین مگر اِن سے کچہہ بھی فائدہ نہین ہوتا ÷
اِکو۔نایٹ کے پتون کا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹین	انگریزی
اکسٹراکٹم اکو۔نائی۔ٹائی	اکسٹراکٹ آف اِکو۔نایٹ

اِکو۔نایٹ کے تازہ پتے اور ہری کونپلین ۱۱۲ پاؤنڈ ÷ اِنکو پتھر کے کہرل مین کوٹ کر رس
نچوڑلین تب آہستہ آہستہ ۱۳۰ درجہ کی گرمی تک آنچ دیوین بعد ازان کپڑے کی چھلنی سے
چھان کر سبز رنگ کے جزو کو علیحدہ کر ڈالین اب اُس چھانے ہوئے عرق کو ۲۰۰ درجہ
کی گرمی تک آنچ دیوین تاکہ ال۔ بیو۔ من منجمد ہو جاوے بعد اُسکے پھر چھان لین ÷
تب اُس چھانے ہوئے عرق کو واٹر باتھ پر اُڑا کر پتلے شیرہ کے طور پر گاڑھا کر کے
اُسمین وہ اگلے سبز رنگ کے جزو کو ملا دین بعد اُسکے ۱۴۰ درجہ کی گرمی تک پکا دین اور

خوب طرح ہلاتے جاوین جبتک اکسٹراکٹ حسب مناسب گاڑہا ہوجاوے +

فائدہ اور استعمال مانند جڑ کے + **خوراک** چوتہائی گرین سے ایک گرین تک

مرکبات اِکو-نایٹ کی جڑ کے

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچورا اِکو-نائی-ٹائی ——————— ٹنکچر اف اکو-نائیٹ

نسخہ - اِکو-نائیٹ کی جڑ کوٹی ہوئی - ڈہائی آونس + ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ایک پاینٹ +

اِکو-نائیٹ کی جڑ اور پندرہ آونس اسپرٹ اِن دونو کو کسی بند برتن مین ۴۸ گہنٹہ تک بہگو رکہین

اور گاہے گاہے ہلا دیا کرین - بعد اُس مدت کے سارے کو پر-کو-لے-ٹر مین چہوڑ دین

تاکہ ٹنکچر ٹپکتا رہے - جب ٹپک چکے تب باقی ۵ - آونس اسپرٹ اُسمین چہوڑ دین اور

جب یہ بہی ٹپک چکے تب اُس پر-کو-لے-ٹر مین جو کچہ ہو اُسکو نکالکر شکنجہ مین خوب طرح

دبا دین اِس ترکیب سے جو ٹنکچر نکلے اُسکو کاغذ سے فلٹر کرکے اگلے ٹنکچر مین ملاکر دیکہین -

اگر ایک پاینٹ پورا نہو تو اُسمین اِسقدر ریکٹی-فائیڈ-اسپرٹ اَور ملادین جسمین پورا ایک

پاینٹ ہوجاوے +

خوراک ۳ بوند سے - ۱۰ بوند تک ہوشیاری سے بڑہا دین - اِسکے قریب ۹ قطرہ مین

ایک گرین اکو-نایٹ کی خشک جڑ ہوتی ہے +

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

لے-نی-منٹم اِکو-نائی-ٹائی ——————— لے-نی منٹ اف اِکو-نائیٹ

نسخہ - اِکو-نائیٹ کی جڑ کوٹی ہوئی ۲۰ آونس + کافور - ایک آونس +

ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ اسقدر جتنے مین ۳۰ - آونس پورا ہوجاوے +

تہوڑے سے اسپرٹ مین اِکو-نائیٹ کی جڑ تین روز تک بہگو رکہین تب باقی اسپرٹ

ملاکر ریسیور مین جسمین کا فور ہو پر۔کو۔لٹ کرین جتبک ۳۰ آونس پیدا ہوجاوے *

استعمال - اسکو نیو۔ رلجیا اور رو۔ما۔ٹیزم کے درد پر لگایا کرتے ہین - بہ نسبت

ٹنکچر اف اکو۔نائیٹ کے یہ آٹھہ درجہ تیز ہے *

لاٹن	انگریزی
اکو۔نے۔ٹیا	اکو۔نے۔ٹیا

یہ اکو۔نائیٹ کی جڑ کا جوہر ہے *

نسخہ - اکو۔نائیٹ کی جڑ کوٹی ہوئی - جسقدر ضرورت ہو * ریکٹی۔فائیڈ اسپرٹ

ڈسٹلڈ واٹر * سو۔لیوشن اف ایمو۔نیا * خالص ایتھر * ڈائیلیوٹ سلفیورک ایسڈ

ہریک کا حسب ضرورت *

اکو۔نائیٹ کی جڑ مین تین گیلن اسپرٹ ڈالکر خوب طرح ملاکر آنچ دیوین جتبک کہولنا شروع ہو تب سرد کر کے چار روز تک بہگو رکہین اب پر۔کو۔لے۔ٹر مین بہر کر پر۔کو۔لٹ کرتے جاوین ضرورت ہو تو اَور بہی اسپرٹ چہوڑتے جاوین جتبک ساری جڑ کا جوہر کہچ آوے بعد ازان اُس ٹنکچر سے زیادہ حصہ سپرٹ کا مقطر کرلین اور باقی کو ایک واٹر باتہہ پر رکہکر آنچ دیوین جتبک سارا الکحال اُڑجاوے جو اکسٹراکٹ رہ جاوے اُسمین اُسکے وزن کا دونا کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر خوب طرح ملاوین اور جب وہ ہوا کے درجہ تک سرد ہوجاوے تب کاغذ سے چہان لین - اُس چہانے ہوئے عرق مین کسیقدر زیادہ سو۔لیوشن اف ایمو۔نیا ملاکر واٹر باتہہ کی دہیمی آنچ پر پکاوین جو منجمد بنجاوے اُسکو علیحدہ کر کے خشک کرلین بعد ازان اسکو سفوف کر کے تہوڑا تہوڑا علیحدہ علیحدہ حصہ ایتہر مین بہگو رکہین اور بار بار ہلاتے جاوین تب اُس عرق کو نتہار کر ملا دیوین اور ایتہر کو مقطر کرین جتبک وہ اکسٹراکٹ خشک ہوجاوے اب ڈسٹلڈ واٹر مین سلفیورک ایسڈ ملاکر اُس خشک اکسٹراکٹ کو اُسمین حل کرین اور جب عرق سرد ہوجاوے تب

سو-لیو-شن اف ایمو-نیا مین چار حصہ ڈسٹلڈ واٹر ملا کر اُس عرق مین نہایت احتیاط سے ڈہالدین اور جو منجمد شے اُسکو فلٹر پر رکہکر تہوڑے عرصہ تک معر وڈسٹلڈ واٹر سے دہو ڈالین بعد ازان فلٹرنگ پیپر کے تہون مین رکہکر تہوڑا سا دبا کر خشک کرلین +

خاصیت یہ سفید رنگ کا منجمد ہوتا ہے ۱۵۰ حصہ سرد ۵ حصہ گرم پانی مین حل ہوجاتا ہے الکحال اور ایتھر مین زیادہ تر حل ہوتا ہے +

فائدہ جب یہ دوا کسی مقام پر لگائی جاتی ہے تو وہ جگہہ شل ہو جاتی ہے اور کہلانے سے یہ ایک زود اثر زہر ہے +

استعمال نیو-رلجیا اور ایکوٹ رو-ما-ٹیزم مین اسکو لگایا کرتے ہین چنانچہ یہ نسخہ نہایت فائدہ مند ہے -

نسخہ -اکو-نے-ٹیا-ایک گرین + ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ-ایک ڈرام + گلائی-سی-رین ۴ ڈرام + ڈسٹلڈ واٹر ایک آونس + سبکو ملا کر تیار کرلین درد کے مقام پر اسکو لگانا چاہیئے +

فار-ما-کو-پیا کے اکو-نائیٹ لے-نی-منٹ کی نسبت اوپر کا نسخہ زیادہ تر فائدہ مند ہے +

اسکا ایک مرکب ہے

لاطن ——————— انگریزی

انگو-اینٹم اکو-نائی-ٹائی ——————— آینٹمنٹ اف اکو-نی-ٹیا

نسخہ -اکو-نے-ٹیا ۸ گرین + ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ آدہا ڈرام + بین زائیٹڈ لارڈ ایک آونس +

اکو-نے-ٹیا کو اسپرٹ مین حل کرکے چربی ڈالکر خوب ملالین - اس ہم کے ایک اونس

مین ۸ گرین اکو۔ لنے۔ ٹیا ہوتا ہے ؛

اسی۔ ٹم

لاٹن	ہندی	انگریزی
اسی۔ ٹم	سرکہ	دی۔ نے۔ گر

جن عرقون سے شراب پیدا ہوتی ہے اُنہین سے سرکہ بہی پیدا ہو سکتا ہے اسمین شکر کا ہونا ضرور چاہئے جو پہلے شراب مین بدل جاتی ہے اور بعد ازان اُسکا سرکہ بنجاتا ہے گہر کے خرچ کے لئے چینی سے سرکہ بخوبی بن سکتا ہے چنانچہ ایک گیالن پانی اور سوا پاؤنڈ چینی کا شیرہ بناکر اُسمین ایک پاینٹ اچھا خمیر ملادین تب اُس عرق کو ایسی جگہہ رکہہ دین جہان ۷۵ سے ۸۰ درجہ تک کی گرمی ہو دو یا تین دن کے بعد اُس مین سرکہ پیدا ہو جاویگا۔ اب پیپے مین نتہار کر اُسمین ایک آونس کریم اف ٹارٹار اور ایک آونس کشمش کچلکر ملادین جب اُسکا شیرین پن بالکل جاتا رہے تب چہان کر بوتلون مین بہر کر مضبوط کاگ مار کر رکہہ چہوڑین۔ علاوہ اِس ترکیب کے اَور بہی ترکیبین سرکہ بنانے کی ہین مثلاً لکڑی جلاکر ٹپکانے سے بہی سرکہ پیدا ہوتا ہے اور ملک فرانس مین شراب سے سرکہ بنتا ہے جسکا استعمال برٹش فار ما کوپیا مین بتلایا ہے حقیقت مین یہ اسی۔ ٹک ایسڈ میلا اور پانی ملا ہوا ہوتا ہے ؛

خاصیت۔ شراب سے جو سرکہ بنتا ہے رنگ اُسکا بچالی گہاس کے طور پر ہوتا ہے اور بو اِس سے سرکہ کی آتی ہے اگر اسمین کسیقدر زیادہ ایمونیا ملایا جاوے تو اکثر تہوڑا سا گدلا ہو جاتا ہے اور رنگ بہی تہوڑا بہت سرخ ہو جاتا ہے ؛

شناخت۔ اسیسی ٹک۔ گراوٹی ۱۰۰۸ سے ۱۰۲۲۔ اِسمین کلورائیڈ ت بے۔ ریئم یا اگزالٹ اف ایمونیا ملانے سے کسیقدر اثر پیدا ہوتا ہے لیکن

سلفیوررٹیڈ - ہائیڈروجن کے ملانے سے کچھ بھی فائدہ نہین ٭ سرکہ امپلاسٹرم سپو - نِس - ٹ شکم مین پڑتا ہے ٭

سرکے کے دو تیزاب مستعمل ہین

لاٹن ———— ———— انگریزی

اسیٹڈم - اسٹیکم ———— اسیٹک اِسڈ

یہ تیزاب لکڑیون کو جلاکر مقطر کرنے سے پیدا ہوتا ہے اِسکو صاف کر لیتے ہین ٭

خاصیت یہ بے رنگ عرق ہوتا ہے اثر نہایت تیز تیزاب کا اور بو سرکہ کی -

شناخت - اسپیسی فک - گراوٹی ۱۰۴۴ - آنچ دینے سے بالکل اُڑجاتا ہے اور کچھ باقی نہین رہتا ٭

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن ———— ———— انگریزی

اسیٹڈم - اسٹیکم - ڈائی - لوٹم ———— ڈائی - لوٹ اسیٹک اِسڈ

نسخہ اسیٹک اِسڈ ایک پاینٹ ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۷ پاینٹ ٭ دونو کو ملالین ٭ اِسکی اسپیسی فک - گراوٹی ۱۰۰۶ ٭

خوراک ایک ڈرام سے ۸ ڈرام تک ٭ ڈائیلیوٹ اسے ٹک پڑتا ہو اسے ٹم ستی اور لائیکوار مار - فائی - بے نے اسے - سے ٹ - ٹِش مین ٭

لاٹن ———— فارسی ———— انگریزی

اگزامِل ———— سکنجبین ———— اگزامِل

نسخہ صاف کیا ہوا شہد ۴۰ آونس ٭ اسے ٹک اِسڈ ۵ آونس ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۵ - آونس ٭ آنچ دیکر شہد کو پگھلا کر اُسمین اسیٹک اِسڈ اور پانی ملا دین ٭

فائدہ اور استعمال اکسپکٹورنٹ اور ڈا - یا - فو - رے - ٹک *
خوراک ایک ڈرام سے دو ڈرام تک ہمراہ اَور کہانسی کی دوا کے دیا کرتے ہین *

سرکہ کا دوسرا تیزاب

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

اسیڈم - اسیٹکم - گلے - شیئیلی ——————— گلےشئیل اسیٹک اسڈ

یہ ایک کڑا تیزاب سرکہ کا ہے جسکے ۱۰۰ حصہ مین کم سے کم ۹۹ حصہ خالص اسیٹک اِسڈ ہوتا ہے *

یہ مرکب پڑتا ہے اسے - ٹم - کن - تھے - ری - ڈس اور سیٹو - را کر د - زد - ٹاٹی اور لے - نی د منٹم لے ٹ - ری بن - تھے - نی اسے - لے ٹ - کم مین *

خاصیت - یہ ایک صاف عرق ہوتا ہے جس سے بو سرکہ کی آتی ہے تھر - ما - مٹر کے قریب ۳۴ درجہ تک سرد کرنے سے اِسکی صاف چمکدار قلمین بنجاتی ہین *

فائدہ اور استعمال - یہ دوا کاسٹک ہی - اِسکو داد اور وارٹس پر لگاتے ہین اور بعض دفعہ پانی ملاکر غرغرہ بہی کراتے ہین *

عام فائدہ و استعمال سرکہ اور اُسکے مرکبات کا

سرکہ مین پانی ملاکر اگر بخار کے مریض کا جسم پونچ دیا جاوے تو حرارت اور درد کم ہو جاتا ہی اور سرکہ کا شربت بہی بخار کی بیماریون کے لئے نہایت مفید ری - فری - جرنٹ ہی *
بیمار کے مکان مین سرکہ چھڑک دینے سے نہایت تفریح ہوتی ہے اور اِسکا بہاپ گلے کے اکثر مرضو نمین سنگہایا کرتے ہین - بغیر پانی ملا ہوا سرکہ نہایت تیز اسٹی میولنٹ ہے - پانی ملاکر زیادہ مقدار مین روز پیا جاوے تو نہایت بیقراری اور معدہ مین تشنج

اور قولنج کا درد ہوتا ہے اور ہاضمہ بالکل خراب ہوجاتا ہے جس باعث بیمار نہایت دُبلا
ہوجاتا ہے - جریان خون مین سرکہ اور پانی باہر لگانے سے فائدہ ہوتا ہے اور دماغ
کے انفلامیشن مین سرکہ اور پانی سے سرکو تر رکہنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے -
نار - کاٹک زہرون مین اور خاصکر الکلی دوا کے زہر مین سرکہ نہایت فائدہ مند چیز ہے
خالص اسے ٹک اسڈ اور گلے - شیئل اسیٹک اسڈ نہایت تیز کاسٹک ہے انکو
بطور رو - بی - فی - شیئنٹ اور دی - سی - کنٹ اور اس - کا - رو - ٹک ش کے باہر لگایا
کرتے ہین اور پانی ملاکر سرکہ کے طور پر استعمال کر سکتے ہین گلے شیئل اسیٹک اسڈ
کو عکس کی تصویر کہینچنے مین بہی استعمال کرتے ہین - علاوہ ازین خالص اسیٹک اسڈ
مختلف قسم کے پو - رائی - گو یعنے گنج مین سر پر بہی لگاتے ہین اور رنگ - وِرم
یعنے داد پر جب یہ دوا لگتی ہے تو فائدہ ہوتا ہے - ترکیب اسکے لگانے کی یہ ہے
کہ ایک لکڑی مین لنٹ لپیٹ کر اسے ٹک اسڈ مین تر کرکے مقام ماؤف پر لگاوین -
اسکے لگانے سے شدت کا درد ہوتا ہے لیکن وہ درد جلد رفع ہوجاتا ہے جلد وہاں
کی پہلے سُرخ ہوجاتی ہے اور تب وہ مقام سفید پڑجاتا ہے - اُنگلیون پر جو گٹے پڑجاتے
ہین اُنکو اور وارٹش کو جلانے کے لئے بہی خالص اسیٹک اسڈ لگاتے ہین -
اسکر - وی کی بیماری مین یہ تیزاب مفید پایا گیا ہے اور بطور اسٹی - میو - لنٹ
اور انٹی - سپٹک اور ڈرش - ان - فک ٹنٹ کے ڈائیلوٹ اسے - ٹک اسڈ
بدبودار زخمون پر لگاتے ہین ٭ حلق کے زخم اور اسکار - لٹ - ٹا کی بیماری
مین اسیٹک اسڈ کا غرغرہ بہت مفید ہے ٭

زہر کا علاج - کہڑیا مٹی اور کار - بو - نٹ اف سوڈا کا استعمال کرتے
ہین ٭

امنڈ یعنے بادام

بادام دو قسم کا ہوتا ہے ایک تلخ جسکو لاٹن مین اِ-مگ-ڈلا اِمے-را اور انگریزی مین بے-ٹر-اِمنڈ بولتے ہین - یہ بادام شہر مگنی ڈور سے آتا ہے شکل اسکی شیرین بادام کے طور پر ہوتی ہے مگر اُس سے زیادہ ترچوڑا اور کسیقدر چھوٹا ہوتا ہے - ذائقہ تلخ اور پیڑنے سے روغن نکلتا ہے * یاد رہے کہ تلخ بادام مین ایک جزو ہائیڈ رو-سیانک اِسڈ کا ہوتا ہے *

قسم دوم شیرین بادام جسکو لاٹن مین اِمگِ-ڈلا-ڈلسِس اور انگریزی مین سوئیٹ اِمنڈ بولتے ہین - یہ شہر می-لیگا سے آتا ہے اور کشمیر اور افغانستان مین بھی بہت پیدا ہوتا ہے *

خاصیت - میٹھا بادام ایک انچ کے اوپر لمبا - شکل اسکی بہالے کے پہل کے طور پر نوکدار - گری کے اوپر جو چھلکا ہوتا ہے وہ صاف اور رنگت اسکی دارچینی کے طور پر ہوتی ہے - ذائقہ بادام کا ساکسیقدر شیرین *

شناخت - تلخ نہین ہوتا پانی ملاکر کوٹنی سی اس سے کڑوے بادام کی بو نہین آتی ہے *

اجزا - روغن * البیومن * شکر اور گوند *

فائدہ یہ ایک غذا ہے ڈی-مل-سنٹ اور ایمو-لنٹ *

اسکے تین مرکب ہین

لاٹن	فارسی	انگریزی
الویئم اِمگِ-ڈلی	روغن بادام	امنڈ ائیل

یہ روغن تلخ یا شیرین باداموں سے اکس-پری-شن کی ترکیب سے نکلتا ہے *

خاصیت - رنگ ہلکا زرد قریب بے بو - اِس سے بادام کی بو آتی ہے - ذائقہ پہیکا روغن کا * یہ روغن مرکباتِ ذیل مین پڑتا ہے *

اِنگو - اینیٹم - سی - لے ٹ - شیائی *

ایضاً ریزی - نے

ایضاً سمپلکس اور وہ جن مرکبات مین پڑتا ہے *

او - لی - ام خاس - فو - رے - ٹم *

فائدہ ایمو - لنٹ اور ڈی - مل - سنٹ *

استعمال - اکثر اِسکو باہر لگایا کرتے ہین لیکن بعض وقت کہانسی مین پلاتے ہین * اور قبض دائمی مین روغن بادام نہایت فائدہ کرتا ہے - مصنف کا قاعدہ ہے کہ جب بڑہاپے مین یا خفیف قولنج کی بیماری مین قبض ہو جاتا ہے تب ہر روز تولہ دو تولہ خانہ کشید روغن بادام پلایا کرتا ہے - اِس سے قبض کہل جاتا ہے اور اجابت بافراغت معمولی طور پر آنے لگتی ہے *

خوراک ۲ ڈرام سے ۴ ڈرام تک *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

مسٹیورا - اِمگ - ڈلی ———————— امینڈ مکسچر

نسخہ کمپاونڈ - پاوڈر اف اِمنڈس دو آونس * ڈسٹلڈ واٹر ۱۶ - آونس * سفوف مین پہلے تہوڑا پانی ملا کر لئی کے طور پر کرکے باقی پانی ملا کر کپڑے سے چہان ڈالین *

فائدہ ڈی - مل - سنٹ اور ایمو - لنٹ * **خوراک** ایک آونس سے ۲ آونس تک *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

پلوس - اِمگ - ڈلی - کمپا زی - ٹس ———————— کمپاونڈ پاوڈر اف امنڈس

اِس مرکب کو سابق مین کن-نکشیو-اِمگڈ-لے کہتے تھے *

نسخہ شیرین بادام ۸ آونس * قند سغوف کیا ہوا ۴ آونس * گم-ارا-بک سفوف کیا ہوا ایک آونس *

بادامون کو گرم پانی مین بھگو رکھین جبتک چھیلنے سے چھلکا نکل آوے تب نرم کپڑے سے پونچھ کر خوب خشک کر ڈالین اور ہاون دستہ مین آہستہ آہستہ کوٹ کر باریک گودے کے طور پر کر ڈالین بعد ازان چینی اور گوند ملا دین اب سفوف کو تھوڑا تھوڑا اُس گودے مین ملا کر کوٹ ڈالین تاکہ سارا موٹے سفوف کے طور پر ہو جاوے اسکو ایک بوتل مین بھر کر ڈھیلا کاگ لگا کر رکھ چھوڑین *

خوراک ۶۰ گرین سے ۱۲۰ گرین تک *

الوزلینے صبر

فار-ما-کو-پیا مین صرف دوہی قسم کے مصبر کا ذکر ہے-ایک وہ جو بار-بے-ڈوز کے ٹاپو سے آتا ہے-دوسرا سو-کو-ٹرا کے جزیرہ مین پیدا ہوتا ہے اور عربی مین جس کو صبر سقوطری کہتے ہین-مگر بازار مین ایک اور قسم کا صبر بھی بکتا ہے جو عرب اور ایران سے آتا ہے *

مصبر تین ترکیبون سے تیار ہوتا ہے-پہلی ترکیب یہ ہے کہ اِسکے درخت کے پتون کو پانچھنے سے جو رس نکلتا ہے اُسکو جمع کر لیتے ہین-یہ سب سے اعلی قسم کا مصبر کہلاتا ہے * درجہ دوم کا مصبر پتون کو شکنجہ مین دبا کر رس کو نکالنے سے حاصل ہوتا ہے اِس ترکیب سے علاوہ دست آور جز کے پتون کا لعاب بھی نکل آتا ہے اِسواسطے یہ قسم مصبر کی گھٹیا ہوتی ہے *تیسری ترکیب یہ ہے کہ جن پتون سے دست آور جز و نکال لیا جاتا ہے اُنکو قیمہ کر کے پانی مین پکاتے ہین اور اُس جوشاندہ کو آنچ پر اُڑا کر گاڑھا

کر لیتے ہین - مصبر کی یہ قسم سب سے گہٹیا ہوتی ہے - بازار مین یہ چیز الوا کے نام سے مشہور ہے *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

الو بار - بی - ڈن - سِس ——————— بار - بی - ڈوز الوا

اِسکے درخت کا نام الو - دل - گے - رس ہے - صبر اِسی درخت کے پتے کا گاڑہا رس ہوتا ہی اور بار - بی - ڈوز کے جزیرے سے آتا ہے *

خاصیت - بہورا یا پل ترزردی یا میلا اور بہورے رنگ کے ٹکڑون مین ہوا کرتا ہے - ذایقہ تلخ جس سے جی متلاتا ہے - بو نہایت بد - پروف اِسپرٹ مین قریب سارے کا سارا حل ہوجاتا ہے - اِس قسم کا الوز اکثر کدو کے تونبون مین آیا کرتا ہے *

اجزا - صبر مین دو اصل جزو ہوتے ہین - ایک اِسکا جوہر جسکو الو - اِن کہتے ہین اور دوسرا جزو ایک تلخ شے * یہ الوز بہ نسبت سو - کو - ٹراین الوز کے زیادہ تر دست آور ہے یعنے اِسکا دو گرین برابر ہے سو - کو - ٹراین الوز کے ۳ گرین کے *

خوراک دو گرین سے چہہ گرین تک *

یہ الوز مرکبات ذیل مین پڑتا ہے

انیما الوز - ۴ گرین ایک آونس مین *

الو - اِن

اکسٹراکٹم الوز بار - بی - ڈنسس قریب ۱۰ حصہ سے ۸ حصہ نکلتا ہے *

پی - لولا الوز بار - بی - ڈنسس قریب ۶ حصہ مین ایک حصہ ہوتا ہے *

پی - لولا الوزیٹ - نزائی سوا ۵ حصہ مین ایک حصہ *

پی - لولا کم - بو - جی کمپا زیٹا قریب ۶ حصہ مین ایک حصہ *

پی - لولا کالو - سن - تہو - ڈس کمپازیٹا قریب ۳ حصہ مین ایک حصہ +

پی - لولا کالو - سن - تہو - ڈس یٹ - ہائیڈو - سی - ائی قریب ساڑہے چار حصہ مین ایک حصہ +

دوسری قسم کا ایلوز

لاٹن	انگریزی
الو - سو - کو - ٹرائی - نا	سو - کو - ٹرا یئن ایلوز

یہ صبر کئی قسم کے درختون سے پیدا ہوتا ہے جنکا حال معلوم نہین اور یہ انہین درختون کے پتے کا گاڑہا رس ہے اکثر سو - کو - ٹرا کے ٹاپو مین پیدا ہوتا ہے اور بمبئی کے رستہ یوروپ مین جاتا ہے ۰

خاصیت ۔ اسکے ٹکڑے بہورے مائل بسرخی ہوا کرتے ہین اور کنارے اُنکے کندر یا کسیقدر چمکدار ہوتے ہین توڑنے سے ٹہیڑا بنیکا ٹوٹتا ہے اور جو سطح نکلتی وہ چکنی اور چمکیلی ہوتی ہے ۔ ذائقہ تلخ اور بو تیز مگر خوش ۔ پروف اسپرٹ مین بالکل حل ہوجاتا ہے خوراک دو سے ۶ گرین تک ۰

اِس قسم کا ایلوز مرکبات ذیل مین پڑتا ہے چنانچہ

ڈی - کاکٹم - ایلوز - کمپازیٹم (اکسٹراکٹ) ایک آونس مین ۴ گرین ۰

اینما - ایلوز ایک آونس مین ۴ گرین ۰

ایلو - این

اکسٹراکٹم - ایلوز سو - کو - ٹرائی - نی قریب دو حصہ مین ایک حصہ ۰

ایضاً کو - لو - سن - تہے - ڈس - کمپازیٹم (اکسٹراکٹ) قریب سوا دو حصہ مین ایک حصہ

پی - لو - لا - الوزیٹ - اسا - فی - ٹیڈا ۴ حصہ مین ایک حصہ +

پی - لونا - الوزیٹ - مرہی ۳ حصہ مین ایک حصہ ۰

پی - لولا - ایلوز سو - کو - ٹرائی - نی قریب ۲ حصہ مین ایک حصہ *

پی - لولا - ریائی - کمپا زیٹا ۶ حصہ مین ایک حصہ *

ٹنکچورا - ایلوز ایک آونس مین ۱۱ گرین *

ٹنکچورا - بن - زائی - نی - کمپا زیٹا ایک آونس مین ۸ گرین *

وائی - نم - ایلوز ایک آونس مین ساڑہے ۱۶ گرین *

اثر فائدہ اور استعمال دونو قسم کے ایلوا کا - ایک گرین سے ۴ گرین تک جب یہ دوا کہلائی جاتی ہے تب اثر اسکا بڑے رودون پر مگر خاصکر اُسکے نیچے کے حصہ یعنے ریکٹم پر ہوتا ہے اور قریب ۱۰ گہنٹہ بعد کسیقدر ریحچش کے ساتہہ بہت سا ملائم پاخانہ آجاتا ہے - بلسٹر کے زخم پہ چہڑکہ دین یا خون کے اندر اسکی پچکاری کرین تب بہی اس سے دست آتے ہین چنانچہ اسواسطے ڈاکٹر ہڈ - لنڈ فرماتے ہین کہ جبتک دوا کہلائی جاتی ہے تب خون مین جذب ہوکر کو - لن رودہ کے میو - کس پردہ کو تحریک دیکر اسی پردہ کے ذریعہ جسم سے خارج ہوجاتی ہے - علاوہ ازین جگر کو بہی یہ دوا تحریک کردیتی ہے جس سبب سے صفرا زیادہ خارج ہوتا ہے اور اسی وقت رودہ ڈیو - ڈنی - نم کو بہی تحریک ہوجاتی ہے - جب یہ دوا بہت زیادہ مقدار مین کہائی جاتی ہے تب رودہ کی رطوبت زیادہ پیدا ہوتی ہے اور پانی کی طرح زیادہ رقیق دست آنے لگتے ہین * نہایت تہوڑی مقدار مین کہانے سے جیسے ایک گرین کا آٹہوان یا چوتہا حصہ اشتہا تیز اور معدہ کو طاقت آتی ہے - لیکن ایلوا کا استعمال عادتی قبض کے رفع کرنے ہی کے لئے اکثر کیا جاتا ہے - نو - ریا مین بہی یہ دوا بہت فائدہ بخشتی ہے - اس صورت مین ایسا کرتے ہین کہ ایلوا کے استعمال سے چونکہ ریکٹم رودہ کو تحریک ہوتی ہے تو اثر اُس تحریک کا بسبب قرب کے رحم پر بہی ہوجاتا ہے جس سے رحم متحرک ہوکر حیض لاتا ہے لیکن اس مطلب کے

حاصل کرنے کے لیے اسکو فولاد کے ہمراہ اُسوقت دینا چاہیے کہ جب حیض کے آنیکا زمانہ قریب ہو چنانچہ

نسخہ - اکسٹراکٹ اف الوز ۲ گرین * سل - فٹ اف ایرن نصف گرین * اکسٹراکٹ اف کو اشیا ۲ گرین * سبکو ملاکر ایک گولی بناوین اور دن مین دو یا تین دفعہ کہلاوین *

مفصلہ ذیل گولیان بہت عمدہ مقوی معدہ اور قبض کشا ہین -

نسخہ - اکسٹراکٹ اف سو - کوٹراین الوز ½ گرین * اکسٹراکٹ نکس - وا - میکا ½ گرین * سلفٹ اف ایرن ڈہائی گرین * سفوف جن - شن ۲ گرین * سبکو ملا کر ایک گولی بناوین اور صبح وشام کہلاوین *

کرم چنہنے یا تہریڈ وَرم مین الوا کی پچکاری ریکٹم رودہ مین کرتے ہین اور جان - ڈس یعنے یرقان اور کلو - رو - سِس کی بیماری مین اسکا جلاب مفید پڑتا ہے *

خوراک ۲ گرین سے ۶ گرین تک *

احتیاطین - حالات مفصلہ ذیل مین صبر احتیاط سے استعمال کرنا چاہئے * (۱) عورات حاملہ مین (۲) اُن عورتون مین جنکو حیض تکلیف سے آتا ہو یا زیادہ آتا ہو جن کو جسم کی کوئی بیماری ہو (۳) بواسیر کے مرض مین (۴) حالاتِ حیض مین *

مرکبات بار - بی - ڈوز - الوز

لاٹن		انگریزی
اکسٹراکٹم - الوز - بار - بی - ڈن - سِس		اکسٹراکٹ اف بار - بی - ڈوز - الوز

نسخہ - بار - بی - ڈوز - الوز کے چہوٹے چہوٹے ٹکڑے ایک پاونڈ * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر

ایک گیلن ۞ ایلوز کو پانی مین ڈالکر ہلاتے رہین تاکہ خوب ملجاوے تب بارہ گہنٹہ تک رکہہ چہوڑین بعد ازان شفاف عرق کو نتہار نے سے جو باقی رہے اُسکو چہان ڈالین اور ان دونو عرقون کو ملاکر واٹر باتھ یا گرم ہوا پر اُڑا کر حسب مناسب گاڑھا کر ڈالین ۞

خوراک دو گرین سے چہہ گرین تک ۞

لاٹین ———————— ———————— انگریزی

پِل اف بار-بی-ڈوز-ایلوز ———————— پِی-لولا-ایلوز بار-بی-ڈِنسِس

نسخہ- بار-بی-ڈوز-ایلوز سفوف کیا ہوا -۲ آونس ۞ سخت صابون سفوف کیا ہوا ایک آونس ۞ آئیل-اف کے-ری-وِی ایک ڈرام ۞ کن فکشن اف روزیز ایک آونس ۞ سب کو کوٹ کر خوب ملالین ۞

خوراک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک ۞

لاٹین ———————— ———————— انگریزی

پِل اف ایلوز-آنڈ-ایرن ———————— پِی-لولا-الوزیٹ-فرایئ

نسخہ- سلفٹ اف ایرن ڈیڑہ آونس ۞ سفوف بار-بی-ڈوز-ایلوز دو آونس ۞ کمپاؤنڈ-پاؤوڈر اف سی-نی-من ۳ آونس ۞ گلقند ۴ آونس ۞ سلفٹ اف ایرن کو پیسکر ایلوز اور کمپاؤنڈ پاؤوڈر اف سی-نی-من ملاوین اور تب گلقند ڈالکر سارے کی ایک لگدی بنالین ۞

خوراک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک ۞

(۳) مرکبات بار-بی-ڈوز یا سو-کو-ٹرائین-ایلوز کے -

لاٹین ———————— ———————— انگریزی

اِلو-اِتھ ———————— اِلو-اِتھ

الوز کا یہ جوہر دونو قسم کے مصبر سے حاصل ہو سکتا ہے - کیمیائی ترکیب سے اسکو علیحدہ کر کے دوبارہ قلمین باندہ لیتے ہین *

خاصیت - قلمین اسکی باریک باریک زرد رنگ کی اور بے بو ہوتی ہین مگر ذایقہ مصبر کا ہوتا ہے - سرد پانی مین کم حل ہوتا ہے اور سرد ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ مین کسیقدر زیادہ مگر گرم پانی اور گرم اسپرٹ مین خوب حل ہوجاتا ہے - ایتہر مین حل نہین ہوتا *

فائدہ اور استعمال - پرگے - ٹیو مثل الوز کے مگر اسکے استعمال سے پیچش کم ہوتی ہے *

خوراک ½ سے ۲ گرین تک -

لاٹن	انگریزی
اینما - الوز	اینما اف الوز

لسنخہ صبر کسی قسم کا ۴۰ گرین * کار - بونٹ اف پوٹاشس ۱۵ گرین * میو - سلج اف اسٹارچ ۱۰ آونس * سکو ملا کر گہونٹ لین * اسکی پچکاری بطور جلاب کے اور تہریڈ ورم مین کرتے ہین *

(۴۴) مرکبات سو - کو - ٹرائین الوز کے -

لاٹن	انگریزی
ڈی - کاکٹم - الوز - کمپاؤنڈیم	کمپاؤنڈ ڈیکاکشن اف الوز

لسنخہ - اکسٹراکٹ اف سو - کو - ٹرائین - الوز آدہا آونس * گم - مرچوتہائی آونس * زعفران چوتہائی آونس * کار - بونٹ اف پوٹاش چوتہائی آونس * اکسٹراکٹ اف لی - کو - رس ۲ آونس * کمپاؤنڈ ٹنکچر اف کار - ڈی - مجش ۱۵ آونس * ڈسٹلڈ واٹر اتنا جتنے مین ۵۰ آونس ہو جاوے *

اکسٹراکٹ اف اِلوز اور گم - مرکوکوٹ کر کار - بونٹ اف پوٹاش اور اکسٹراکٹ اف لی کو - رس کے ساتھہ ایک بند برتن مین کہ جسمین ایک پاینٹ ڈسٹلڈ واٹر ہو بہر کر ۵ منٹ تک جوش دیوین تب اُسمین زعفران ملاکر مرکب کو سرد ہونے دین اب اُسمین ٹنکچر اف کار - ڈمی - مم چھوڑکر برتن کو خوب بند کردین اور دو گہنٹہ تک بہیگنے دین اخیر مین فلالین سے چہانکر جو کچھہ فلالین پر رہو اُسپر اسقدر ڈسٹلڈ واٹر چھوڑین کہ جتنے مین سارا چھانا ہوا عرق ۸۰ آونس ہو جاوے *

خوراک آدہے آونس سے دو آونس تک *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

اکسٹراکٹم - الوز - سو - کو - ٹرائی - نی ——————— اکسٹراکٹ اف سو - کو - ٹرائن اِلوز

نسخہ - سو - کو - ٹرائن - اِلوز کے چہوٹے چہوٹے ٹکڑے ایک پاونڈ * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ایک گیالن *

ترکیب مانند اوپر کے اکسٹراکٹ کے * **خوراک** دو گرین سے چھہ گرین تک *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

پی - لولا - الوز - سو - کو - ٹرائی - نی ——————— پل اف سو - کو - ٹراین الوز

نسخہ - سو - کو - ٹراین اِلوز سفوف کیا ہوا - ۲ آونس * سخت صابون سفوف کیا ہوا ایک آونس * والی - ٹایئل - آئیل اف نیٹ - مگ ایک ڈرام * کن - فکشن - رو - زینہ ایک آونس * سبکو کوٹ کر خوب ملالین *

خوراک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

پی - لولا - الوزیٹ اسا - فی - ٹیڈی ——————— پل آف اِلوز - انڈ - اسافی - ٹیڈا

نسخہ - سو - کو ٹراین اِلوز سفوف کیا ہوا - ایک آونس * اسا - فی - ٹیڈا - ایک آونس *

سخت صابن سفوف کیا ہوا ایک آونس * کن - فکشن اف رو - زیز قریب ایک آونس *
سب کو کوٹ کر خوب ملا لین *

فائدے - تہار - ٹک اور اِنِ - رٹِش - پاز - مو - ڈِک *

خوراک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک *

لاٹن		انگریزی
پِلی - لولا - اِلوزیٹ - مرہی		پِل آف اِلوز اینڈ مر

نسخہ - سو - کو - ٹرائین اِلوز ۲ آونس * مَر ایک آونس * زعفران خشک کی ہوئی آدہی آونس * ٹریکل - ایک آونس * گلائی - سی - رین حسب ضرورت *

اِلوز زعفران اور مَر پیسکر اسمین ٹریکل اور حسب ضرورت گلائی - سی - رین ملا کر کوٹکر ایک لگدی بنا لین *

فائدے تہار - ٹک اور امنی - گاگ *

خوراک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک *

سابق مین اِس مرکب کو پی - لولا روفائی بولتے تھے *

لاٹن		انگریزی
ٹنکچورا - اِلوزیہ		ٹنکچر آف اِلوز

نسخہ سو - کو - ٹرائین اِلوز کوٹا ہوا آدہا آونس * اکسٹراکٹ اف لی - کورس ڈیڑہ آونس * پروف اسپرٹ حسب ضرورت *

سات روز تک بہگو کر عرق کو چہان لین بعد ازان اسمین اتنا پروف اسپرٹ ملا دین جتنے مین ایک پاینٹ پورا ہو جاوے *

فائدے - تہار - ٹک *

خوراک ایک ڈرام سے دو ڈرام تک *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

وائنیم - الوز ——————— وائین اف الوز

نسخہ - سوکو - ٹرائین الوز ڈیڑہ آونس ٭ الایچی کوٹی ہوئی - ۸۰ گرین ٭ سونٹہہ کوٹی ہوئی ۸۰ گرین ٭ شیری شراب ۲ پاینٹ ٭ سات روز تک بہگو کر کپڑے سے چہان لیں ٭ **فائدہ** کے - تہارٹ تک **خوراک** ایک ڈرام سے دو ڈرام تک ٭ اِسکے ایک ڈرام مین قریب دو گرین ہے ٭

اپے - کے - کوانا

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

اپے - کے - کوانا ——————— اپے - کے - کوانا

اِسکو ہیتُو بھی کہتے ہین ٭

اِسکے درخت کا نام سی - فائی - لس اپے - کے - کوانا ہے - اسکی خشک جڑ ملک برازیل سے آتی ہے ٭

خاصیت - جڑ کے ٹکڑے تین یا چار انچ لمبے اور موٹے مانند چہوٹے پر کی نلی کے ہوتی ہین ٹہیڑے بینگے اور گہنڈی دار مانند تسبیح کے - رنگ بہورا - جڑ کے دو حصے ہوتے ہین - ایک تو چہلکا جسمین اثر اِس دوا کا ہوتا ہے اور جو دبانے سے جلد ٹوٹ جاتی ہے - اور دوسرا اور میانہ حصہ جو پتلا سخت اور سفید چوبی مادہ کا ہوتا ہے - سفوف اِسکا ہلکا بہورے رنگ کا جسکی بو سے کسیقدر جی متلاتا ہے اور ذائقہ جسکا کسیقدر تیز اور تلخ ٭

اجزا - ایک جوہر جسکو امے - ٹے - نا بولتے ہین ٭ لطیف روغن اور ایک کسیلی تُرش شے ٭

اثر فائدہ اور استعمال - اِسکا جوہر اِمے - ٹے - نا سخت زہر ہے ٭ اِپیکے کوانا کی جڑ کا سفوف جب زیادہ مقدار مین کہلایا جاتا ہے تب نخاع کے اُس حصہ کو تحریک ہو کر تے آنے لگتی ہے جسکے عصبی شاخون کے متعلق تے کا فعل ہوتا ہے - مگر زہر خوران مین اِس دوا سے تے اسواسطے نہین کراتے کہ اثر اِسکا دیر سے ہوتا ہے - لیکن بچون کے کروپ اور برانکائی - ٹِس کی بیماری مین یہ دوا نہایت عمدہ مقئی ہے - تہوڑی مقدار مین یعنے نصف گرین کی مقدار کے کہلانے سے اِسکا سیدھا اثر معدہ پر یہ ہوتا ہے کہ اُس عضو مین خون زیادہ آتا ہے اور گیاس - ٹرک جوس کثرت پیدا ہوتا ہے جس سے اشتہا تیز ہو جاتی ہے یعنے اُس مقدار مین یہ دوا عمدہ اس - ٹو - ما - کِک ہے ٭ اور جب نصف گرین اِپے - کے - کوانا مین نصف گرین آیوڈائیڈ اف پوٹاسی - اَم ملا کر کہلایا جاتا ہے تب اُس بدہضمی کو نہایت فائدہ ہوتا ہے جو بسبب کمزوری کے لاحق ہوتی ہے اور جب ڈاکٹر رنگر کے اِس سے بہی کم مقدار مین کہلانے سے مختلف حالتون کی تے کو بہت فائدہ کرتا ہے جیسے حمل اور شراب خواری اور برِگٹ - رین وغیرہ (دیکہو طب جیمی) چنانچہ اِسکے وائی - نم کا ایک قطرہ گہنٹہ گہنٹہ بعد پلانا بتلاتے ہین - لیکن مصنف نے اِسکو آزمایا مفید نہ پایا ٭ جب یہ دوا تین سے ۵ گرین کی مقدار مین کہلائی جاتی ہے تب فائدہ اِسکا ڈائیا - فو - رِسے - ٹِک ہوتا ہے لیکن جبتک افیون کے ہمراہ نہین دیجاتی تبتک اِس سے کہلکر پسینہ نہین آتا مثلاً بطور ڈو - ورش پاوڈر کے - اور اِسی مقدار مین اِس دوا کا اثر ہوا کی نالیون کے میو - کس پردہ پر ایسا ہوتا ہے کہ جس سے رقیق بلغم کثرت سے پیدا ہوتا ہے - پس یہ ایک نہایت عمدہ اِکس - پک - ٹو - رِنٹ دوا ایہی ہے کہ جسکے کہانے سے کرانک برانکائی - ٹِس کا سخت بلغم پتلا ہو جاتا ہے اور بیمار کہانس کر اِسکو آسانی سے خارج کر دیتا ہے اور جب اکیوٹ درجہ مین یہ دوا پوری مقدار مین کہلائی جاتی ہے تب ہوا کی نالیون کا خشک میو - کس پردہ رقیق بلغم سے مرطوب

ہو جاتا ہی۔ اس دوا کے کہانے سے جگر کو ہی خوب ہی تحریک ہوتی ہے اور امعا کی
رطوبت بہی اسکے استعمال سے کسیقدر زیادہ پیدا ہوتی ہی۔ ڈحی۔ سنٹری کی بیماری کے
اکیوٹ درجہ مین یہ دوا ایسی مفید پڑتی ہی جیسے کونین تپ نوبتی مین۔ لیکن ۲۰ سے
۴۰ گرین کی مقدار دن مین چار چار گہنٹہ بعد کہلانا چاہیے۔ مصنف اِس دوا کو مرض
مذکور مین اِس طرح پر استعمال کرتا ہے کہ مریض کو پہلے ۲ گرین افیون کہلا کر فم معدہ پر ایک
چہوٹا سا رائی کا پولٹس لگاتا ہے تاکہ کاون۔ ٹر۔ اری۔ ٹنٹ اثر پیدا ہو کر معدہ کو
اپے۔ کے۔ کوانا کی برداشت ہو جاوے لیکن اس دوا کو کہلا کر بیمار کو آرام سے
رہنا چاہی اور عرقیات کے قسم کی تیلی چیزین بہت کم پینی چاہیئین۔ دمہ کی بیماری کی نوبت
کے وقت قے لانے کے لئے جب یہ دوا دیجاتی ہے تب نوبت جلد موکر جاتی ہے
مگر بعض دفعہ بوض قے کے اِس سے دست آجاتے ہین۔ ہو۔ پنگ کاف مین اِمے۔ تِک
کے طور پر اِس دوا کا وائی۔ نم ایک سال کے بچہ کو ایک ایک ڈرام کی مقدار مین پندرہ
پندرہ منٹ بعد پلا سکتے ہین اور برانکائی۔ ٹِس مین پانچ پانچ بوند کی مقدار مین گہنٹہ گہنٹہ
بعد دینا چاہیے۔ ہاضمہ کو تیز کرنے کے لئے اپے۔ کے۔ کوانا کی یہ گولیان نہایت مفید
ہین چنانچہ

نسخہ ۔ سفوف اپے۔ کے۔ کوانا۔ ایک گرین۔ سنکہیا ایک گرین کا بیسوان حصہ۔
سفوف مرچ سیاہ ۲ گرین۔ بلو۔ لا اونزیٹ مرہ ڈہائی گرین۔
سکو ملا کر ایک گولی بنا دین اور غذا سے پہلے کہلا دین۔ سنکہیا کے عوض اِسی مقدار مین
اسٹرک۔ نیا اگر ملا دین تو مضایقہ نہین۔

خوراک اِمے۔ ٹِک ۵ اگرین سے ۲۰ یا ۳۰ گرین تک۔
ٹانک سنیٹ ۲ گرین اکس۔ پکٹ۔ ٹورنٹ اور ڈا۔ یا۔ فو۔ رے ٹِک ایک گرین سے ۵ گرین
تک اور ڈوس۔ پپ۔ سیا مین بطور اسٹو۔ ما۔ کِک نصف گرین۔

مرکبات

لاٹین ——— انگریزی

پلوس اپے-کے-کوانی-کم-پازٹیس ——— کمپاؤنڈ پاوڈر اف اپے-کے-کوان

ڈسکوڈ رش پاوڈر بہی کہتے ہیں ٭

نسخہ- اپے-کے-کوانا مسفوف آدہا آونس ٭ افیون سفوف کی ہوئی آدہی آونس ٭

سلفٹ اف پوٹاش ۴ آونس ٭

انکو خوب رگڑکر باریک چھلنی سے چھان کر ایک شیشہ کے کاگ والی بوتل مین بہرکر رکہہ

چہوڑین- اسکے ۱۰ گرین مین ایک گرین افیون ہوتی ہے ٭

فائدہ اور استعمال- یہ مرکب نہایت عمدہ ڈایافورےٹک اور انوڈائین

ہے اور پیچش اور اسہال مین فائدہ مند ہے اور تین یا چار گرین کی مقدار مین کلیجہ جلنے

کو بہت فائدہ کرتا ہے ٭

خوراک ۵ گرین سے ۱۵ گرین تک ٭

لاٹین ——— انگریزی

وائی نم اپے-کے-کوانے ——— وائین اف اپے-کے-کوانا

نسخہ اپے-کے-کوانا کوٹا ہوا- ایک آونس ٭ شیری شراب- ایک پائنٹ ٭

اپے-کے-کوانا کو اسے ٹنکٹ اسٹنڈ مین ۲۴ گہنٹہ تک بہگو کر پرکولیٹر مین بہر دین اور

اوپر سے اسقدر رکٹیفائیڈ اسپرٹ یا ڈسٹلڈ واٹر چہوڑین جس سے ایک پائنٹ عرق ٹپک جائے- اب اس عرق

کو واٹر باتھ پر اڑاکر خشک کرین بعد ازان اس خشک منجمد کو سفوف کر کے شیری شراب مین

۲۴ گہنٹہ تک بہگو رکہین اور گاہے گاہے ہلا دیا کرین اور تب فلٹر کر لین ٭

خوراک اکسپکٹورنٹ ۵ سے ۴۰ منم اور وامیٹک ۳ سے ۶ ڈرام تک ٭

اور بچون کو قے کرانے کے لئے ۲۰ پونڈ سے ایک ڈرام تک دیتے ہین ٭

لاٹن ———— ———— انگریزی

پی - لولا اپے - کے - کوانے کم پسلاتا ———— پل اف اپے - کے - کوانا ویتھہ اسکویل

نسخہ - کمپاونڈ - پاوڈر اف اپے - کے - کوانا ۳ آونس ٭ اسکویل سفوف ایک آونس ٭ - خوف ایمو - نائیکم ایک آونس ٭ ٹریکل حسب ضرورت ٭ ساری کو ملا کر لگدی بنالیں

خوراک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک ٭

طاقت اسکے سات حصہ مین تین حصہ ڈوورش پاوڈر ہے یا ۳۴ حصہ مین ایک حصہ افیون ہے ٭

لاٹن ———— ———— انگریزی

ٹراکے - ساٹی اپے - کے - کوانے ———— اپے - کے - کوالا لازینجز

نسخہ - سفوف اپے - کے - کوانا ۸۰ گرین ٭ قند سفوف کیا ہوا ۲۵ آونس ٭ سفوف گم - اکاشیا ایک آونس ٭ میو - سلج گم - اکاشیا ۲ آونس ٭ ڈسٹلڈ واٹر ایک آونس یا حسب ضرورت ٭

سب کو ملا کر لگدی بنا کر اسکو ۷۲۰ قرص مین تقسیم کر کے گرم ہوا کی کوٹھری مین اوسط درجہ کی گرمی مین خشک کر لین ٭

خوراک ایک سے تین قرص تک ٭ اسکے فی قرص مین چوتھائی گرین اپے - کے - کوانا ہوتا ہے - اسکو کھانسی مین دیتے ہین ٭

آر - گٹ

لاٹن ———— ———— انگریزی

ار - گوٹا ———— آر - گٹ

اِسکے درخت کو سی - کے - لی سی - رئی - بی بولتے ہین - رائی کے دانون پرجب ایک قِسم کی کائی پیدا ہوجاتی ہے تب وہ بیمار ہوجاتے ہین - غرض اُنہین بیمار رائی کے دانون کو آر - گٹ بولتے ہین -

واضح ہو کہ رائی لفظ انگریزی ہے اور یہ ایک قسم کا اناج ہوتا ہے جو لوگون کے کہانے مین آتا ہے علاوہ رائی کے گندم کے دانے بہی جب اِس مرض مین مبتلا ہوتے ہین تب آر - گٹ بنجاتے ہین *

خاصیت - اِسکے دانے ایک اِنچ کی تہائی سے ڈیڑہ اِنچ تک لمبی خمدار ہوتے ہین خم کے نیچے کیطرف دیکہنے سے مثلث کے طور پر نظر آتا ہے اور وہان پر لمبائی سے ایک خط ہوتا ہے دونوجانب نوکیلی نہین ہوتین - اوپر سے رنگ اِسکا بہورا اور نیلگون اور اندر سے زردی مایل آر - گٹ کا دانہ ٹہوس اور دبانے سے جلد ٹوٹ جاتا ہی اور بہت دور تک چرنہین جاتا بو لسبائین *

اجزا - ایک تو اِسکا جوہر جسکو ار - گو - ٹین کہتے ہین * دوسرا روغن * ۹ گرین ار - گو - ٹین کا اثر ڈیڑہ آونس ار - گٹ کے سفوف کے برابر ہے *

اثر اور استعمال - کہلانے کے بعد جب یہ دوا خون مین منجذب ہو جاتی ہے تب سارے جسم کے اُن عضلات کے ریشون کو سُکیڑ دیتی ہے جنکو ہم اپنے ارادہ سے حرکت مین نہین لاسکتے (ان - وا - لِن - ٹے - رِ ی - مسل) چنانچہ شراین اور وریدون کا منفذ جلد تنگ ہوجاتا ہے مگر نخاع کی رگین خاصکر سُکڑ جاتی ہین - چنانچہ اسیواسطے بعض قسم کی پے - را - پلیجیا کی بیماری مین یہ دوا فائدہ کرتی ہے * دل کے عضلہ پر اِسکا اثر بہت ہی کم ہوتا ہے مگر رحم کے عضلاتی ریشون پر نہایت شدت کا اثر پیدا ہوتا ہے اور گردون کے اجسام مل - فے - جیا ئی (مل - پے - گے - ان با - ڈیز) کی رگین اِسکے استعمال سے چونکہ تن جاتے ہین اور اِس وجہ سے اُنہین خون زیادہ آتا ہے

تو ار-گٹ اپنا اثر ڈا-یو-رے-ٹک کے طور پر پیدا کرتا ہے - اور اُسیوقت کمزور
مثانہ بھی اِسکے استعمال سے حرکت مین آکر سُکڑنے اور پھیلنے لگتا ہے * جب کسی
اندرونی عضو سے خون جاری ہوتا ہے تب ار-گٹ نہایت ہی مفید پڑتا ہے مثلاً
ہے-ماپ-ٹے-سِس (نفث الدم) مین اِسکالی-کوئید اکسٹراکٹ بمقدار ۲۰ قطرے
کے تین تین گھنٹہ بعد پلانے سے خون کی چھوٹی رگین سُکڑ جاتی ہین اور وہ خون بند ہوجاتا
ہے - غرض ہر قسم کے سیلان خون مین یہ دوا مفید ہے اور بعض دفعہ رگون کے
عضلاتی ریشے بھی اِس سے سُکڑ جاتے ہین اسواسطے ڈا-یا-ریا کے دست رُک جاتے
ہین * اینو-ری-زم کی بیماری مین جب ار-گو-ٹین (ار-گٹ کا جوہر) کی پچکاری
اینو-ریزم کی تھیلی کے اردگرد کی ساخت مین کی جاتی ہے تب فائدہ ہوتا
ہے اور اِسی طور پر رحم کی فائی-برائیڈ ٹیو-مر کو بھی وہی پچکاری فائدہ کرتی
ہے اور ار-گو-ٹین کو پر-پیو-را کی بیماری اور کثرت سے پسینہ آنے مین بھی بتلاتے
ہین * لیکن یہ دوا قابلہ کے استعمال ہی مین سب سے زیادہ آتی ہے مثلاً رحم کے عضلاتی
ریشون کو یہ دوا چونکہ اچھی طرح سُکیڑ دیتی ہے تو حمل کے وضع کرنے مین اِسکو بہت کام
مین لاتے ہین چنانچہ ار-گٹ کا سفوف بمقدار نصف ڈرام کے تین چار آونس کھولتے
ہوئے پانی مین ۱۰ منٹ تک بھگو کر بلا چھانے پلا دینے سے یا ۱۰ منٹ کے
اندر رحم مین تشنج ہونے لگتا ہے مگر اِس مطلب کے لئے اِسکے استعمال کرنے
مین احتیاط چاہیے جسکا ذکر نیچے کیا جائیگا *
لیکن یاد رہے کہ اِسکے استعمال سے رحم مین اِس شدت سے بے قاعدہ تابڑ توڑ تشنج
ہونے لگتا ہے کہ اکثر اوقات آنول رحم ہی کے اندر رُکی رہتی ہے خارج نہین ہونے
پاتی - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ رحم کی مقدار کے بموجب اِس دوا کے اثر مین بھی اختلاف
ہوتا ہے یعنے حمل کے ابتدا مین اِس دوا کا اثر رحم پر نہین ہوتا لیکن ہر مہینے رحم محمولہ

جون جون بڑہتا جاتا ہے ارگٹ کا اثر بہی زیادہ ہوتا جاتا ہے ٭ بعد وضع حمل کے رحم کے اچہی طرح نہ سکڑنے سے جب خون جاری ہو پڑتا ہے تب یہ دوا نہایت ہی فائدہ کرتی ہے مثلاً ایک ایک ڈرام کی مقدار مین اسکو دینا چاہیے یا اس کی پچکاری جلد کے اندر کرنی چاہیے ٭ اگرچہ بر سر موقع اس دوا کے انفیوژن کے تیار کرنے مین گونہ دقت ہوتی ہے مگر تیار کر کے پلانا ہی چاہیے کیونکہ انفیوژن سے بہتر ارگٹ کے کوئی اور مرکب نہین ہے گو اسکا فلوئیڈ اکسٹراکٹ بہی برا نہین ہے

مے-نو-را-جیا کی بیماری مین بہی یہ دوا فائدہ کرتی ہے خاصکر جب ٹنکچر اف ڈی-جے-ٹے-لس کے ہمراہ دیجاتی ہے ٭ جب یہ دوا بہت زیادہ مقدار مین کہائی جاتی ہے تب اس سے دست و قے جاری ہو جاتے ہین اور بیمار مر بہی جاسکتا ہے اور جب یہ دوا کچہہ عرصہ دراز تک کہائی جاتی ہے تب ڈرائی گنگرین ہو جاتا اور عضلات مین شدت کا تشنج ہونے لگتا ہے ٭

لیو-کو-ریا اور گو-نو-ریا اور کرانک ڈا-یا-ریا اور ڈہی-سنٹری مین بہی ار-گٹ مفید پڑتا ہے اور ال-بیو-مے-نو-ریا اور ہے-ماپ-ٹے-سس مین بہی یہ دوا فائدہ مند ہے ٭ حیض کے بند ہونے مین تین ہفتہ تک اگر فولاد کا استعمال کیا جاوے اور چوتہے ہفتہ لی-کوئیڈ-اکسٹراکٹ اف ارگٹ پندرہ پندرہ قطرے دن مین تین مرتبہ پلایا جاوے تو جن عورتون مین خون حیض اکثر جاری ہو پڑتا ہے-حیض اگر درد اور تکلیف سے آتا ہو تو ۱۵ منم اکسٹراکٹ مذکور کا ہمراہ ۱۵ منم ٹنکچر اف ہین-بن کے پلانے سے خون حیض بلا تکلیف جاری ہو جاتا ہے ٭ نکسیر کا خون لائیکوار-فرائی ایر-کلو-رائی-ڈائی کے لگانے سے اور ناک کے اندر پلگ کے دینے سے جب بند نہین ہوا ہے تب اکسٹراکٹ مذکور کا پندرہ پندرہ قطرے ہر دو یا دو گہنٹہ بعد پلانے سے وہ خون بند ہو گیا ہے ٭

حالات مفصلہ ذیل مین ارگٹ اف رائی کہلا سکتے ہین

(۱) جب وضع حمل کا درد کسی خاص سبب سے کم ہوجاوے اور جب وہ درد کمزور ہوجاوے *

(۲) اگر رحم کا منہہ ملائم اور پہیلنے کے قابل ہو *

(۳) اگر حمل کے طبعی طور پر وضع ہونے مین کوئی رروک نہو *

(۴) اگر بچہ سر یا چوتڑ کے بل پیدا ہونے والا ہو اور خوب نیچے آجاوے *

(۵) اگر دماغ کی کوئی علامت یا حاملہ بہت کمزور نہو *

مالنعات - ارگٹ حالات مفصلہ ذیل مین نہ کہلانی چاہئے *

(۱) اگر رحم کا منہہ سخت اور کہچا ہوا نہو *

(۲) اگر انگلی داخل کرنے سے یہ بات معلوم ہو کہ بچہ کونسے بل پیدا ہونیوالا ہے

(۳) اگر بچہ ہاتہہ یا پانو کے بل پیدا ہونیوالا ہو *

(۴) اگر پلوس کی ہڈی کہین سے اونچی اور کہین سے دب گئی ہو یا کسی اور طور سے بدڈول پیدا ہوئی ہو *

(۵) اگر اندام نہانی یا پلوس کے اندر کوئی رسولی یا مثانہ کے اندر پتہری ہونے کی جہت سے وضع حمل مین روک ہو *

(۶) اگر دماغ کی علامتین موجود ہون *

خوراک اور ترکیب ارگٹ کے استعمال کرنے کی - سفوف کے

خوراک ۲۰ گرین سے ۴۰ گرین تک - نہایت عمدہ ترکیب اسکے استعمال کرنے کی بطور انفیوژن کے ہے چنانچہ ۳۰ گرین ارگٹ کا سفوف لیکر اسکو تین اونس کہولتے ہوئے پانی مین ۱۰ منٹ تک بہگو رکہین بعد اسکے بلا چہانے پلا دین - اسی خوراک کو

اور اسی ترکیب سے ارگٹ کو وضع حمل کے وقت آدہ آدہ گہنٹہ بعد تین مرتبہ پلانا چاہئے اور دیگر حالات مین خوراک اسکی ۵ سے ۱۰ اگرین تک تین دفعہ *

اسکے چار مرکب ہین

لاٹن ——— انگریزی

اکسٹراکٹم آر۔گو۔ٹی کی۔کوئیڈم ——— لی۔کوئیڈ اکسٹراکٹ اف ار۔گٹ

لنسخہ۔ار۔گٹ کوٹا ہو۔ایک پاؤنڈ * ڈسٹلڈ واٹر ۲ پائینٹ * ریکٹی۔فائیڈ اسپرٹ ۶۔آونس *

ار۔گٹ کو چار پائینٹ پانی مین بارہ گہنٹہ تک بہگو کر انفیوژن کو ڈہال لین اور باقی پانی مین پہر بہگو کر انفیوژن کو علیحدہ کر کے ثفل کو نچوڑ کر چہان لین۔اب سارے عرقون کو ملاکر واٹر باتھہ کی آنچ پر پکا وین جبتک ۱۱ آونس رہ جاوے۔جب گاڑہا عرق سرد ہو جاوے تب اسمین اسپرٹ چہوڑ کر ایک گہنٹہ ٹہیرنے دین تاکہ جو کچھہ جمنے والا ہو وہ جم جاوے تب فلٹر کرین۔کل اکسٹراکٹ کو ۱۶ آونس ہونا چاہیے *

خوراک ۱۰ سے ۳۰ منم تک *

لاٹن ——— انگریزی

انفیوژم آر۔گو۔ٹی ——— انفیوژن اف آر۔گٹ

لنسخہ۔آر۔گٹ جو کوب چوتہائی آونس * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ ۱۰ آونس * ایک بند برتن مین آدہے گہنٹہ تک بہگو کر چہان لین *

خوراک ایک آونس سے ۲ آونس تک *

مرض گلیٹ مین اسکی پچکاری بہی کرتے ہین *

لاٹن ——— انگریزی

ٹنکچرا۔ار۔گوٹی ——— ٹنکچر اف ارگٹ

نسخہ-ار-گٹ کوٹا ہوا-۵ آونس + پروف اسپرٹ ایک پاینٹ +
ترکیب مثل ٹنکچر اف اکو-نائیٹ کے (جسکو دیکھو)
خوراک ۱۰ بوند سے ایک ڈرام تک +

لاٹن		انگریزی
ار-گو-لٹے-نم		ار-گو-ٹین

اسکو بان-جینٹس ار-گو-ٹین بھی کہتے ہین +

نسخہ لے-کوئیڈ اکسٹراکٹ اف ار-گٹ ۴ آونس + ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ۴ آونس
فلوئیڈ اکسٹراکٹ کو واٹر باتھ پر اُڑا کر مثل شیرہ کے گاڑھا کرلین-جب سرد ہو جاوے
تب اُسمین اسپرٹ ملا کر ایک گھنٹہ تک ٹھیرنے دین تب چھان کر اُس عرق کو اُڑا دین
جبتک قوام اسکا ملائم اکسٹراکٹ کے طور پر ہو جاوے +
خوراک-۱ سے ۵ گرین تک +

اسکا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن		انگریزی
انجک-ٹیشو ار-گو-ٹے-نے		ہائے-پو-ڈر-مک
ہائی-پو-ڈر-مے-کا		انجکشن اف ار-گو-ٹین

نسخہ-ار-گوٹین-۱۰۰ گرین + کمفر واٹر ۲۰۰ گرین +
دونو کو ملا کر حل کرلین-اسکو استعمال کے وقت تازہ تیار کرنا چاہئے +
تعداد جلد کے اندر پچکاری کی-۳ سے ۱۰ منم تک +

ایلا - ٹے - ریئم

لاٹن ______ ______ انگریزی

ایلائیٹریم ______ ایلائیٹریم

اِسکے درخت کو اِکٹ - بی - لیئم اور - فی - سی - نی - رم بولتے ہین - اِس درخت کے پہل کو لمبائی سے تراشش کرکے گودے کو نچوڑلین - اِس عرق کے ٹہیرنے سے جو دُردتہ نشین ہوتا ہے اُسی دُرد کو ایلائیٹرم کہتے ہین ٭

خاصیت اِسکے ٹکرے کسیقدر اندر کیطرف خم کہائے ہوئے ہوتے ہین دبانے سے جلد ٹوٹ جاتے ہین قریب ایک لائن کے موٹے - رنگت مایل بسبزی - ذائقہ تیز اور تلخ - توڑنے سے وہ سطح باریک دانہ دار نظر آتی ہے ٭

اجزا - جوہر ایلا - ٹے - ریئن ٭ ملائم سبز رنگ کا ریزن ٭ کڑوا اجزو اسٹارچ ٭

فائدہ نہایت تیز ہائیڈروگاگ کے - تہار جیٹک ہے - اِسکے کہانے سے جی متلاتا ہے اور قے بہی ہوسکتی ہے - زیادہ مقدار مین یہ تیز زہر ہے جسکے کہانے سے معدہ اور رودون مین التہاب ہوتا ہے ٭

استعمال ڈراپ - سی ورابو - پلکسی اور دیگر دماغی بیماریون مین یہ دوا نہایت مفید پڑتی ہی

خوراک اگر ایلائیٹریم اچہا ہو تو ایک گرین کے آٹھوین حصہ بلکہ سولہوین حصہ سے بہی فائدہ ہوسکتا ہے لیکن چونکہ یہ اکثر اچہا نہین ملتا تو آدہی گرین سے ایک گرین بلکہ زیادہ بہی ہمراہ کسی کڑوے اکسٹراکٹ کے جیسے جن - شن اور تاکہ اِس سے قے نہو ہمراہ اکسٹراکٹ اف ہن - بن کے گولی بناکر ہر دوسرے روز کہلایا کرتے ہین ٭

زہر کا علاج - ڈی - مل - سنٹ چیزین جیسے السی کا جوشاندہ انڈا امید ابانی مین گہولکر پلاوین اور پچکاری کرین افیون کہلاوین پیٹ پر فو - من - ٹے - شن کرین ٭

نبضہ اگر بہت کمزور ہو جاوے تو ایمو-نیا اور برانڈی کا استعمال کرین ؞

جوہر ایلا-ٹرین

لاٹن ______ ______ انگریزی

ایلا-ٹرائی-نم ______ ایلا-ٹرین

ایلا-ٹے-ری-ام مین کلورا-فارم ملاکر حل کرین اب اسمین ایتہر چہوڑین اور جو منجمد پیدا ہو اسکو ایتہر سے دہوکر صاف کر کے قلمین باندہ لین ؞

خاصیت - اسکی قلمین بے رنگ چہوٹی چہوٹی ہوتی ہین - پانی مین حل نہین ہوتین اور ریکٹی-فایئڈ-اسپرٹ مین بھی کم - ذائقہ تلخ ؞

خوراک ۱/۴۰ حصہ سے ۱/۲۰ حصہ گرین تک ؞

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ______ ______ انگریزی

پلوس ایلا-ٹرائی-نائی کمپازی-ٹا ______ کمپونڈ پاوڈر آف ایلا-ٹرین

نسخہ - ایلا-ٹرین ۵ گرین ؞ شوگر آف ملک ۱۹۵ گرین ؞ دونو کو ایک کہرل مین باریک پیسین اور ملاوین ؞

خوراک ۱/۲ گرین سے ۵ گرین تک - اس سفوف کے ۴۰ گرین مین ایک گرین ایلا-ٹرین ہوتا ہے ؞

اسکا-منے
یعنے
سقمو-نیا

لاٹن ______ ______ انگریزی

اسکا-مو-نی-رڈکس ______ اسکا-مونی روٹ

اِسکے درخت کا نام کنوالویولش اسکا-مو-نی ہے-اِس درخت کی خشک جڑ ملک سیریا سے آتی ہے *

خاصیت جڑ گاؤدم بعض دفعہ اِسکی نوک کی گولائی ۳-اِنچ تک ہوتی ہے باہر سے رنگ بہورا اور اندر سے سفید-بو خفیف لیکن ذایقہ کچھہ نہین-جڑ کے سفوف مین ایتھر ملاکر ہلاکر اُڑانے سے جو باقی رہ جاتا ہے اُسمین تاثیر اِسکا-مونی ریزن کی ہوتی ہے-اِسی جڑ سے اسکا-مو-نی ریزن ملتا ہے *

اجزا-خشک جڑ کے ۱۰۰ حصہ مین ریزن ۱۰٫۴۰ * گوند ۵٫۸ شکر اور نشاستہ و فضلات ۸٫۴۰ و ۲٫۴ -اور باقی نمک اور چوبی مادہ * جڑ مین ریزن کی متعدار اُسوقت بہت زیادہ ہوتی ہے کہ جب درخت پہولنے پر ہوتا ہے * پس ریزن کے حاصل کرنے کے لئے جڑون کو اِسی موسم مین جمع کرنا چاہیے * چنانچہ ریزن کے حاصل کرنے کی ترکیب نیچے بیان کیجاتی ہے *

لاٹن ———————— انگریزی
اسکا-مو-نی ریزینا ———————— ریزن اف اسکا-مونی

نسخہ-اِسکا مو-نی کی جڑ کوٹی ہوئی - ۸ آونس * ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ حسب ضرورت ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت *

کسی بند برتن کے اندر اِسکا-مو-نی روٹ کو ۱۶ آونس اسپرٹ مین دہیمی آنچ پر ۲۴ گھنٹہ تک بہگو رکہین تب پر-کو-لے-ٹر مین بہردین کل ٹنکچر جب مقطر ہولے تب پر-کو-لے-ٹر مین تہوڑا تہوڑا اسپرٹ ڈہالتے جادین جبتک جڑ کا سارا جوہر نکل آوے اب اُس ٹنکچر مین ۴ آونس پانی ملادین اور واٹر باتھہ پر رکہکر اسپرٹ مقطر کرلیں جو شے باقی رہے اُسکو گرم گرم ایک چوڑی رکابی مین رکہکر سرد ہونے دین بعد ازان اوپر کے پانی کو نتہار کر ریزن کو گرم پانی سے دو یا تین مرتبہ دہو ڈالین اور تب

ایک چینی کے برتن مین اُسکو رکھکر انگیٹھی یا واٹر باتھ پر خشک کرلین *

خاصیت - اسکے ٹکڑے بہورے اور کسیقدر شفاف ہوتے ہین دبانے سے جلد ٹوٹ جاتے ہین اور ٹوٹی ہوئی سطح رال کے طور پر دکھلائی دیتی ہے * یہ ریزن ایتھر مین بالکل حل ہوجاتی ہے *

کہوٹ - بعض دفعہ اس ریزن مین جلپ کا ریزن ملا دیتے ہین کیونکہ یہ ارزان ہوتا ہے یہ فریب اسطور پر گرفت مین آسکتا ہے کہ مشکوک ریزن مین ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ملادین اس مین ریزن اف جلپ حل نہین ہوتا ہے - مگر ریزن اف اسکامنی بالکل حل ہوجاتا ہے * بعض دفعہ اسمین گوا - کم ریزن بہی بطور کہوٹ کے ملا دیتے ہین *

فائدہ اسکا پرگیٹو مثل اسکا - مو - نی کے *

خوراک ۳ گرین سے ۸ گرین تک *

اسکے تین مرکب ہین چنانچہ

لاٹن ————————— انگریزی

کن - فکشیو اسکا - مو - نیائی ————— کن - فکشن اف اسکامنی

نسخہ - ریزن اف اسکامنی سفوف کیا ہوا - ۶ آونس * سفوف جنجر خوب باریک سفوف کیا ہوا - ۳ - آونس * آئیل اف کے - ری - وی ½ آونس * روغن لونگ ½ آونس * سیرپ ۶ آونس * صاف کیا ہوا شہد - ۳ آونس *

سفوفون کو شہد اور سیرپ مین ملادین اور تب روغنون کو ڈال کر سب کو خوب طرح آمیز کر ڈالین

خوراک ۱۰ سے ۳۰ گرین تک *

لاٹن ————————— انگریزی

پی - لولا اسکا - مو - نیائی کمپا - زیٹا ————— کمپاونڈ اسکامنی پل

نسخہ - ریزن اسکا - مو - نی اور ریزن جلپ اور کرڈ سوپ سفوف کیا ہوا - ایک ایک

آونس * سٹرانگ ٹنکچر اف جنجر ایک آونس * ریکٹی-فایڈ اسپرٹ ۲ آونس *

ترکیب کرڈ سوپ اور دونو ریزن اور اسپرٹ اور ٹنکچر جنجر ملاکر بذریعہ دھیمی آنچ کے حل کرلین تب اسپرٹ کو آنچ کے ذریعہ اُڑا دین جتبک ایک لگدی گولی بنانے کے قابل بنجاوے *

خوراک ۵ سے ۱۵ گرین تک *

لاٹن ________ ________ انگریزی

پلوس اسکا-مو-نیائی کنپا-زیٹس ______ کنپاونڈ پاوڈر اف اسکا-منی

نسخہ-ریزن اف اسکا-منی سفوف کیاہوا ۴ آونس * سفوف جلپ ۳ آونس * سفوف جنجر ایک آونس * سبکو خوب طرح ملاکر باریک چھلنی سے چھان لین *

خوراک ۱۰ سے ۲۰ گرین *

لاٹن ________ ________ انگریزی

اِسکا-مو-نی-اَم ________ اِسکا-مونی

ملک سریا مین اِسکا-مو-نی کے درخت کی تازی جڑ کو پاچھنے سے یہ گم-ریزن ملتا ہے *

خاصیت اندر کھردرا اور خاکی رنگت کا ہوتا ہے اِسکو توڑکر فوراً دیکھنے سے رال کے طور پر نظر آتا ہے اور کرچین نکلی ہوئی ہوتی ہین چمکدار اور خشک ہونے سے سیاہ-بو اور ذائقہ پنیر کا اِسکے چبانے سے گلے کے پیچھے کوئی شے چُبھتی ہوئی سی محسوس ہوتی ہے -

اجزا-اِسمین ریزن اور گوند اور پانی ہوتا ہے *

استعمال-یہ ایک سخت جلاب ہے بہ نسبت جلپ کے یہ سریع الاثر ہے-یہ جلاب بچون کو اکثر اِسواسطے دیتے ہین کہ مقدار اِسکی کم ہوتی ہے اور ذائقہ بد نہین ہوتا

ناقضات - سوڈا اور پوٹاش شل بلاسٹ ڈونا کے ٭

فائدہ تہوڑی تعداد مین کہانے سے اینوڈاین اور انٹس - پاز - موٹرک ہے اور زہر کی تعداد مین کہانے سے چہرہ سُرخ - آنکہین سُرخ اور اُنکی پتلیان پہیلجاتی ہین بیمار نہایت جلد جلد حرکت کرتا ہے اور اُسکو ہذیان بھی ہو جاتا ہے - دہن اور حلق خشک ہو جاتا ہے - آواز بیٹہہ جاتی ہے نگلنا دشواری سے ہوتا ہے آخر کار تشنج ہوکر مریض مسافر راہ عدم کا ہو جاتا ہے ٭

علاج اِسکے زہر کا یہ ہے کہ مریض کو قے کراوین اور اسٹمک - پنپ سے زہر کو نکالین تین چار مشکین سرد پانی کی اُسکے سر پر چہوڑین اور گردن پر بلسٹر لگا دین - اگر مریض کمزور ہو جائے تو ادویات اسٹی - میو - لنٹ کا استعمال کرین ٭

استعمال دمہ کی بیماری مین دہتورے کے پتے کا چُرٹ یا اُسکو تمباکو کے ساتھ پلانے سے فائدہ ہوتا ہے اور نیو - رلجیا کے درد مین دہتورے کا اکسٹراکٹ کہلانے سے کبھی کبھی فائدہ ہوتا ہے - مرگی اور کو - ریا کے مرض مین کہلاتے ہین آتشک کے باعث جب گہٹیا ہو جاتا ہے اور اُسمین جب ہڈیان پہول جاتی ہین تو اُن پہولے ہوئے مقاموں پر دہتورے کا پتا اسپرٹ شراب مین بہگو کر باندہنے سے درد کو بڑا فائدہ ہوتا ہے - اور اِسکا پول - ٹس بہی ان باتون کو نافع ہے ٭

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹن		انگریزی
اکسٹراکٹم اسٹرا - مو - نیاہی		اکسٹراکٹ اف اسٹرا - مو - نیم

نسخہ - دہتورے کا بیج کوٹا ہوا ایک پاونڈ ٭ ایتہر ایک پائنٹ یا حسب ضرورت ٭ ڈسٹلڈ واٹر اور پروف اسپرٹ - ہر ایک حسب ضرورت ٭

ایک بوتل مین آدھا پائینٹ بہر کر اُسمین ایتہر چھوڑ کر ملاوین جب ایتہر علیحدہ ہو جاوے
تب نتہار کر اسٹرامونیئم کو پر-کو-لے-ٹر کے اندر بہر دین اوپر سے آہستہ آہستہ
دہوئے ہوئے ایتہر کو چھوڑ دین تاکہ بیجون مین جسقدر روغن ہو وہ علیحدہ ہو جاوے
ایتہر کا عرق جو پر-کو-لے-ٹر سے ٹپکے اُسکو پہینک دین تب پر-کو-لے-ٹر
مین اسپرٹ ڈالین اور آہستہ آہستہ مقطر ہونے دین تاکہ سفوف کا سارا جوہر کہنچ آوے
اب زیادہ حصہ اسپرٹ کا اُس ٹنکچر سے مقطر کر کے جو کچھہ باقی ہے اُسکو واٹر باتھہ
پہ اُڑا کر اسقدر گاڑھا کر لین جسمین گولیان بن سکین ✤

فائدہ انو-ڈائین اور انٹس-پاز-موڈک ✤

خوراک انٹس پاز-موڈک چوتہائی گرین سے ½ گرین تک جسم پر اسکا لیپ بہی کرتے ہین ✤

لاٹین ــــــــــــــــ ــــــــــــــــ انگریزی

ٹنکچرا-اسٹرامو-نیائی ــــــــــــــــ ٹنکچر اف اسٹرا-مونیم

نسخہ - دہتورے کے بیج کچلے ہوئے - ڈہائی آونس ✤ پروف اسپرٹ ایک پائینٹ

ترکیب مثل ٹنکچر آف اکو-نائیٹ کے (جسکو دیکھو)

خوراک ۱۰ بوند سے ۳۰ منم تک ✤

ناقضات - مرکبات سوڈا اور پوٹاش کیونکہ جب یہ چیزین دہتورے کے
ساتھہ ملتی ہین تو اُسکے جوہر کا اثر زائل ہو جاتا ہے ✤

لاٹین ــــــــــــــــ ــــــــــــــــ انگریزی

اِنکو-پے-ریائی کے-کیو-می-نا ــــــــــــــــ بروم ٹاپس

اِسکے درخت کا نام سی-رو-تہم-نش اِسکو پے-ریئس ہے - یہ درخت انگلنڈ مین
پیدا ہوتا ہے - اِسکی تازہ اور خشک کونپلین دوا مین مستعمل ہین ✤

خاصیت - اسکی ٹہنیان لمبی خمدار چکنی سخت اور گہری سبز رنگ کی ہوتی ہین ذائقہ تلخ اور ایسا جس سے جی متلاتا ہے انکو ملنے سے ایک عجیب بو آتی ہے *

اجزا - ایک اسکا جوہر جسکو اشکو - پے - رین کہتے ہین اور جسکا فائدہ ڈائیو - ریٹک ہے * دوسرا اسپارٹیا اسکا فائدہ نار - کو - ٹک ہے *

اثر فائدہ اور استعمال - مثل ہیو - کو اور پیریا کے - یہ دوا نہایت عمدہ گرم ڈائیو - ریٹک ہے - زیادہ مقدار مین استعمال کرنے سے معدہ اور روده کے میو - کس پردہ مین خراش پیدا ہوکر دست وقے آتے ہین - دوا کی مقدار مین یہ دوا مدر ہے اور کسیقدر ملین بھی ہے اور خاصکر ڈراپ - سی کے قسم کی بیماریون مین فائدہ مند ہے - لیکن جسم سے خارج ہوتے وقت چونکہ یہ دوا گردون کو تحریک دیتی ہے تو اُن اعضا کے انفلامیشن یا کن جشن - جن کی حالت مین ہوشیاری سے استعمال کرنا چاہیئے * ڈی - کاک - شن اف بروم کو ڈی - جے - لے ٹ - ہش - یا کریم اف ٹارٹار کے ہمراہ بخوبی استعمال کر سکتے ہین *

خوراک - سفوف کے ۱۰ سے ۳۰ گرین *

ذیل کے دو نسخے نہایت عمدہ مدر ہین *

نسخہ - جوس اف بروم ۸ ڈرام * ۱ سے - ٹٹ اف پوٹاش ۸۰ گرین * اسپرٹ اف جو - نی - پر ۲ ڈرام * اسے ٹم سلی ۸ ڈرام * ڈی - کاک - شن اف بروم ۸ آونس * سبکو ملاکر مقدار ایک آونس کے چار چار گھنٹہ بعد پلاوین *

نسخہ جوس اف بروم ۴ آونس * ٹنکچر ڈی - جی - ٹے - لش ۴ ڈرام * نائٹرس ایتھر ۶ ڈرام *

سبکو ملاکر مقدار ایک ڈرام کے چھہ چھہ گھنٹہ بعد پلاوین *

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن	انگریزی
ڈیکاکٹم اِسکو-پے-ریائی	ڈیکاکشن اف بروم

نسخہ - بروم کی کونپلین خشک کی ہوئین ایک آونس + ڈسٹلڈ واٹر ایک پائینٹ + ایک بند برتن مین ۱۰ منٹ تک جوش دیکر چہان لین اور تب اُس چہلنی مین اسقدر ڈسٹلڈ واٹر چہوڑین جتنے مین سارا چہنا ہوا عرق ایک پائینٹ ہو جاوے +

خوراک ۲ آونس سے ۴ آونس تک +

لاٹن	انگریزی
سکس اِسکو-پے-ریائی	جوس اف بروم

نسخہ بروم کی تازہ کونپلین ۲ پاونڈ + ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ - حسب ضرورت + پتہر کے کہرل مین پتون کو کوٹکر عرق نچوڑلین اور عرق کے ہر تین حصہ مین ایک حصہ اسپرٹ ملاکر سات روز تک رکہہ چہوڑین بعدازان اُسکو چہان کر ایک سرد جگہہ مین رکہہ دین +

خوراک - ایک ڈرام سے ۲ ڈرام تک +

اسٹاہی-راکس

یہ ایک قسم کا بالسم ہے جسکے درخت کا نام لے-کوئیڈ اِمبر اہ-ری-اِن-ٹے-لی ہے- ایشیا-مائی-نرمین یہ شے اسی درخت کی چہال سے پیدا ہوتی ہے ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ملاکر چہانکر صاف کر لیتے ہین اور اسیکو دوا مین برتتے ہین +

اجزا - ایک لطیف روغن + سے-نامک اسڈ + اسٹار ہی-سی-ریزین + دو ریزن ایک سخت دوسرا نرم +

لاٹن	انگریزی
اسٹائی-راکس پری-با-رٹیس	پری-بیارڈو اسٹو-راکس

خاصیت - یہ ایک شے گاڑہی شہد کے طور پر اور کسیقدر شفاف زرد اور کسیقدر بہورے رنگ کی ہوتی ہے - نہایت خوشبودار اور ذائقہ اُسکا پہیکا اور خوشبودار ہوتا ہے *

فائدہ اور استعمال - اسٹی میو-لنٹ اکس-پکٹ-ٹو-رنٹ ہے اسکو پرانی کہانسی مین دیا کرتے ہین اور سوزاک اور لیو-کو-ریا مین بھی بجاے کو-پیا-با کے استعمال کرتے ہین اور یہ دوا کمپا ؤنڈ ٹنکچر اف بن-زائین مین پڑتی ہے *

خوراک ۱۰ سے ۲۰ گرین تک *

لاٹن	انگریزی
ا-مائی-لم	اسٹارچ

گیہون کے درخت کو ٹرائی-ٹی-کم ول-گے-رس بولتے ہین - اسٹارچ گیہون سے ملتا ہے جسکی ترکیب یہ ہے کہ گیہون کے آٹے کو عرصہ تک پانی مین بہگو رکھتے ہین اس ترکیب سے اُسمین جو چینی گوند اور نمک ہوتا ہے وہ حل ہو جاتا ہے اور جو عرق رہ جاتا ہے وہ لاکٹک اسڈ کے پیدا ہونے سے ترش ہو جاتا ہے اور گلو-ٹین یعنی نشاستہ جو اسٹارچ کے ساتھ نہایت مضبوطی سے چمٹا رہتا ہے بہت سا اُسکا اُس لکٹک اسڈ مین حل ہو جاتا ہے تب اسٹارچ کو بآسانی علیحدہ کر لیتے ہین بعد ازان اُس کا پانی نتہار کر نچوڑ کر خشک کر لیتے ہین *

خاصیت یہ شے سفید تبی کے طور کی ٹکڑونمین ملتی ہے جو سو-لیو-شن اف آیوڈائین کے ملانے سے نیلا ہو جاتا ہے *

علاوہ اسٹارچ کے گندم کا آٹا ہوتا ہے اور پولٹس کے کام آتا ہے اور گندم کے آٹے سے نان پاؤ بھی تیار ہوتا ہے اور نان پاؤ کا گود اگولیون مین پڑتا ہے اسکو لاٹن مین مائی۔کا۔پے۔نس اور انگریزی مین بریڈ۔کرم کہتے ہین۔

فائدہ اور استعمال۔ یہ چیز نیو۔ٹری۔انٹ ہے لیکن چونکہ اس سے خراش ہنیز پیدا ہوتی ہے اسلئے اسکو باہر لگاتے ہین اور اسیواسطے اسکی پچکاری بھی کرتے ہین۔جب اسکا سفوف اری۔سی۔پے۔لس یا کسی چھلے ہوئے مقام پر چھڑکا جاتا ہے تب اُس مقام کو آرام آجاتا ہے اور اُسپر ایک یہ دہ سا بنجاتا ہے جس سبب سے ہوا یا اُس مقام کی تیز رطوبت سے وہ جگہہ محفوظ رہتی ہے اور اسٹارچ آیو۔ڈین کا فادزہر ہے ٭

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن	انگریزی
میو۔سی۔لی۔گو۔امائی۔لی	میو۔سیلج اف اسٹارچ

نسخہ اسٹارچ ۱۲۰ گرین ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس ٭

اسٹارچ مین تھوڑا تھوڑا پانی ملاکر مگر ڈالین تب اُسکو چند منٹ تک جوش دیوین اور بار بار ہلاتے جاوین ٭ **فائدہ** ڈی۔مل۔سینٹ ٭

استعمال۔ ڈی۔سنٹری اور پیشاب کے مرضونمین اسکی پچکاری کرتے ہین آیو۔ڈین اور تیز زہرون مین بھی اسکو پلایا کرتے ہین ٭ ان چار انے۔مامین یہ مرکب پڑتا ہے چنانچہ انے۔ما الوز ٭ انے۔ما اف سلفٹ اف مگنے۔شیا ٭ انے۔ما او۔پیائی اور انے۔ما اف ٹر۔پن۔ٹائین ٭

لاٹن	انگریزی
گلائی۔سی۔رائی۔نم امائی۔لی	گلائی۔سی۔رین اف اسٹارچ

نسخہ - اسٹارچ ایک آونس ٭ گلائی - سی - رین ۵ آونس ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۳ آونس ٭ سبکو گہونٹین جبتک کہ خوب ملجاوین تب اِس مرکب کو ایک چینی کے برتن مین رکہکر ۱۴۴ درجہ تک آنچ دیوین اور بار بار ہلاتے جاوین تاکہ اسٹارچ کے دانے بالکل ٹوٹ جاوین اور وہ مرکب فالودہ کے طور پر ہوجاوے ٭

گلائی - سی - رین مع اسٹارچ اِن مرکبات مین پڑتا ہے چنانچہ

سپا - زی - ٹو - ریائی اسیڈائی - کار - با - لی سائی کم سپونے ٭ اور

سپا - زی - ٹو - ریائی مار - فائی - نے کم سپا - پو - نے ٭ اور

سپا - زی - ٹو - ریائی اسیڈائی ٹے - نے - سائی ٭

آر - نے - کا

لاٹن ———————— انگریزی

آر - نے - سی رائی - زو - ما ———————— آر - نی - کا رائی - زوم

اِسکے درخت کو آر - نی - کا مَن - ٹا - نا بولتے ہین - اِس درخت کے جڑ کی گانٹہین اور اُن پر جو باریک جڑین لگی رہتی ہین خشک کرکے دوامین برتتے ہین اور یوروپ درمیانہ اور جنوبی مین اِسکو فراہم کرتے ہین ٭

خاصیت جڑ کی گانٹہین بیلن کے شکل کے اور گہرے بہورے رنگ کی بلدار ہوتی ہین ایک انچ سے تین انچ تک لمبی - قطر ایک انچ کے چھٹے حصہ چوتہائی تک ہوتا ہے - سخت پتون کے جہڑ جانے سے جو داغ رہ جاتے ہین اُس باعث کُہردری ہوتی ہین - اور اُنپر بہت سی لمبی اور باریک سوت کے طور پر لپٹے لگے ہوے ہوتے ہین - ذائقہ تیز اور کسیقدر تلخ ٭

اجزا - لطیف روغن ٭ تلخ ریزن اور ایک جوہر جسکو آر - نی - سی - نا کہتے ہین ٭

فائدہ اِس درخت کے پتے اور پہولون کا فائدہ نار-کا-ٹک اسٹی-میو-لنٹ اور ڈا-یا-فو-ر-ے-ٹک ہے اور زیادہ مقدار مین امے-ٹک اور کے-تہار-ٹک اور گا نٹہون کا فائدہ ارد-ما-ٹک ور اسٹی-میو-لنٹ لیکن زیادہ مقدار مین یہ بہی زہر ہے اِسکا ٹنکچر باہر لگایا جاتا ہے تو فائدہ سی-ڈی-ٹیو اڑدیا-بسٹر ونٹ ہوتا ہے ٭

استعمال پے-را-لے-سِش اور پٹہون کی بیماری مین اِسکو کہلاتے ہین اور کرانک ڈی-سن-ٹری اور ٹائی-فس نیوز مین بھی یہ دوا مفید پڑتی ہے اور جب کوئی مقام کچل جاوے یا موچ کہاجاوے تب اُور رو-ما-ٹیزم کے دردون پر اسکے ٹنکچر کو لگانے سے نہایت جلد افاقہ ہوتا ہے ٭

خوراک اِسکے سفوف کی ۸ گرین سے ۱۰ گرین تک اور ٹنکچر کی ۱۰ بوند سے ۳۰ بوند تک ٭

اسکا ایک مرکب ہے

لاطین ———————— **انگریزی**

ٹنکچورا-آر-نی-سی ———————— ٹنکچر آف آر-نی-کا

نسخہ -آر-نی-کی جڑ کی گانٹہین کوٹی ہوئی ایک اونس ٭ ریکٹی فائیڈ اسپرٹ-ایک پائنٹ ٭ ترکیب مانند ٹنکچر آف اکو-نائیٹ کے (جسکو دیکہو)

خوراک ½ ڈرام سے ایک ڈرام تک - اِسمین گرم پانی ملاکر کچلے اور موچ کہائے ہوئے مقامونپر لگایا کرتے ہین ٭

لاطین ———————— **انگریزی**

اِ-لی-مائی ———————— اِ-لی-مائی

اسباب مین شک ہو کہ یہ چیز کس درخت سے پیدا ہوتی ہے لیکن گمان ایسا ہوتا ہے کہ جس درخت سے یہ چیز پیدا ہوتی ہے اُسکو کے۔نے۔ریم کیٹونی بولتے ہین۔ ای۔مائی اِس درخت کی گوند کو بولتے ہین۔ یہ دوا خاصکر مے۔نیلا کے ٹاپو سے آتی ہے ÷

خاصیت یہ چیز لیسدار چکنی اور ملائم ٹکڑونمین ملتی ہے بہت دنون تک رہنے سے سخت مثل رال کے ہوجاتی ہے۔رنگت سفید مایل بہ زردی ہوتی ہے اور بو اسکی خوش اور سوئے کے طور پر ہوتی ہے۔ریکٹی۔فائیڈ اسپرٹ مین قریب سارے کے گھلجاتی ہے ÷

اجـــزا۔ایک لطیف روغن اور دو ریزن ہوتے ہین ÷

فائدہ اور استعمال اسکا مرہم بطور رسٹی۔میو۔لنٹ کے صرف پُرانے اور بدبودار زخمون پر لگایا کرتے ہین اور بعض دفعہ سی۔ٹن سے مواد جاری رکھنے کے لئے بھی اسکا مرہم لگاتے ہین ÷

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن		انگریزی
انگو۔اینٹم اِ۔لی۔مائی		اینٹ منٹ اف اِ۔لی۔مائی

نسخہ اِ۔لی۔مائی چوتہائی آونس ÷ سپنل آئینٹ منٹ ایک آونس ÷

دونو کو پگہلاوین اور فلالین سے چہان کر ہلاتے رہین جبتک یہ مرہم جم جاوے ÷ اِی۔پشیو اور سی۔ٹن سے مواد جاری رکھنے کے لئے اِس مرہم کو لگایا کرتے ہین ÷

لاٹن	فارسی	انگریزی
اِن۔تہے۔مے۔ڈس۔فلو۔رس	گل بابونہ	کے مو۔مایل فلاورش

اِسکے درخت کو ان - تھے - مس - نو - بی - لیش بولتے ہین - اِس درخت کے پہولون
کے گچھے اکہرے اور دوہرے خشک کرکے دوا مین استعمال کرتے ہین یہ درخت
انگلستان مین از خود بہی پیدا ہوتا ہے اور اِسکو بوتے بہی ہین ؀

خاصیت جو اکہرے گچھے ہوتے ہین اُنمین دو قسم کے پہول لگے ہوتے ہین
ایک زرد اور خولدار اور دوسرے سفید فیتے کے طور پر - جو دوہرے گچھے
ہوتے ہین اُنمین صرف فیتے کی شکل کے پھول لگے ہوتے ہین - یہ دونو قسم کے
پھول ایک پتلے گاؤدُم شکل کے خانہ سے نکلتے ہین اور یہ دو قسم کے گچھے لیکن
خاصکر اکہرے کا ذایقہ تلخ اور نہایت خوشبودار انو - ڈاین ہوتا ہے ؀

اجزا - ایک روغن لطیف ؀ ایک شے تلخ ؀ قدرے ٹے ٹے - نک اسڈ ؀
ریزن ؀ لطیف تیزاب مثل وے - لے - ریا - نک اسڈ کے ؀

فائدہ اِن پہولون کا فائدہ ارو - ما - ٹِک اور ٹانک اور کسیقدر انو - ڈائن ہے
اور اِسکا انفیوژن اگر گرم پیا جاوے تو قے ہوتی ہے چنانچہ قے کی مدد کے
لئے اِسکو پلایا کرتے ہین - اِس درخت کے پتون کا شگوفہ مشہور انتھل - منٹک ہے

استعمال مرض ڈس - پپ - شیا اور کمزوری ورحیں - لے - ٹ - ریا اور اُن
امراض مین جنمین ہاضمہ بگڑجاتا ہے اور مریض کمزور ہوجاتا ہے انفیوژن اف
کے - مو - مائل مفید پڑتا ہے - پیٹ مین نفخ ہونے سے اور قولنج کے مرض مین اسکا
روغن یا انفیوژن پلانے سے بڑا فائدہ ہوتا ہے ؀

اِسکے تین مرکب ہین

لاٹن		انگریزی
اکسٹراکٹم انتھے - می - ڈس		اکسٹراکٹ اف کے - مو - مائل

نسخہ کے - مو - مایل کے پھول ایک پاؤنڈ ؀ آئیل اف کے - مو - مایل ۱۵ بوند ؀

ڈسٹلڈ واٹر ایک گیالن *

پہولون کو پانی مین جوش دیوین اورجب نصف رہ جاوے تب چہان لین اور نچوڑکر فلٹر کرین - اب عرق کو واٹر باتھہ پر اڑا کر اسقدر گاڑہا کرین جسمین گولیان بن سکین روغن کو ترکیب کے اخیر مین ملانا چاہئے *

خوراک ۲ گرین سے ۱۰ گرین تک - اِس ایکسٹراکٹ کو ہاضمہ یا کسی اَور گولیون کے ساتھہ اکثر ملایا کرتے ہین *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

انفیوژن انتھے - میڈس ——————— انفیوژن اف کے - موبایل

نسخہ کے - مو - بایل کے پھول آدہا آونس * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر - ۱۰ آونس * ایک بند برتن مین بہردین اور ۱۵ منٹ کے بعد چہان لین *

خوراک ایک آونس سے ۴ آونس تک *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

اولیئم - انتھے - میڈس ——————— انگلش آیئل اف کے - مو - بایل

یہ روغن انگلنڈ مین کے - مو - بایل کے پہولون سے ڈیسٹی - لیشن کی ترکیب سے نکالا جاتا ہے *

خاصیت رنگت اِسکی خفیف نیلی یا نیلی یا سبزی ہوتی ہے لیکن بتدریج زرد ہوجاتے ہے - خوشبودار ذایقہ اور بو اسکی خاص پہولون کی سی ہوتی ہے *

فائدہ اسٹی - میو - لنٹ اور کارمے - نی - ٹیو اکثر اسکو پیرے - گے - ٹیو دوا کے ہمراہ دیا کرتے ہین اور ایکسٹراکٹ اف کے - مو - بایل مین پڑتا ہے *

خوراک ایک بوند سے ۴ بوند تک *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

آر - مو - راشیا - ری - ٹڈکس ——————— ہارس - ری - ڈش روٹ

اِسکے درخت کا نام کاک لے - ریا آر - مو - راشیا ہے - یہ درخت برٹن مین پیدا ہوتا ہے
اسکی تازہ جڑ دوا مین مستعمل ہے ٭

خاصیت - جڑ اسکی لمبی اور گول بیلن کی طرح ہوتی ہے - باہر سے رنگ اِس کا
سفید یا خفیف زردی مائل اور اندر سے سفیدی مایل - ذایقہ نہایت چرپرا اور کسیقدر
میٹھا یا بعض دفعہ قدرے کڑوا - جڑ کو کوٹنے یا چھری سے کُھرچنے تو بو ایسی تیز نکلتی ہے
کہ اکثر چھینکین آتی ہین اور آنکھون سے آنسو ٹپکتے ہین ٭

واضح ہو کہ باغون مین اِسکے درخت اکثر ہوا کرتے ہین کیونکہ اسکی جڑ کی چٹنی بہت
مزیدار اور چرپری بنتی ہے اور اکو - نایٹ کا درخت بھی باغونمین اکثر ہوا کرتا ہے
کیونکہ پھول اکو - نایٹ کے بہت خوبصورت ہوتے ہین - اور ایسا کئی دفعہ ہوا ہے
کہ باغبان آر - مو - راشیا کی جڑ کے بدلے اکو - نایٹ کی جڑ غلطی سے تُوڑ لیون
مین سجا کر مالک کے باورچی خانہ مین لے گئے ہین اور باورچی نے اُس جڑ کی چٹنی
پیس کر مالک کو کھلائی ہے جس سے زہر ہو گیا ہے ٭

پس اِس موقع پر اِن دونو جڑون مین فرق بتلانا مناسب معلوم ہوتا ہے تا کہ غلطی نہونے
پاوے ٭

فرق درمیان آر - مو - راشیا
اور اکو - نایٹ کی جڑ کے

شکل - جڑ کا پیندا کسیقدر مخروطی - بعد ازان گول بیلن کی طرح اور وہ گولائی کئی انچ تک برابر چلی آتی ہے -

رنگ باہر سفید یا خفیف زردی مایل -

بو کھرچنے سے نہایت تیز بو پیدا ہوتی ہے

ذائقہ نہایت چرپرا اور گاہے تلخ گاہے کسیقدر میٹھا

شکل - شکل گاؤ دم پیندے سے لیکر نوک تک -

رنگ باہر سے بھورا -

بو جیسی مٹی کی ہوتی ہے -

ذائقہ - پہلے تو تلخ بعد ازان زبان مین چنچناہٹ پیدا ہوتی ہے اور زبان شل ہوجاتی ہے -

اجزا - مائی - مدسبین - مائی - رونیکش ایسڈ اور قدرے پانی ہوتا ہے لیکن یہ تینون ملکر ایک لطیف روغن بنجاتا ہے رنگ جسکا زردی مایل اور بو نہایت تیز

ہوتی ہے اور ذائقہ اس روغن کا پہلے تو قدرے شیرین لیکن بعد ازان نہایت تیز اور تلخ ہوتا ہے *

فائدہ تیز اشتہی۔میو۔لنٹ زیادہ مقدار مین کہانے سے قے ہوتی ہے اور تہوڑی مقدار مین بطور مصالحہ کے ہاضمہ کو مدد ہوتی ہے *

اسکا ایک مرکب ہی

لاٹن ــــــــــــــــــــ ــــــــــــــــــــ انگریزی

اسپے۔رمی۔ٹس آرموراشی کمپازیٹس ــــــ کمپاونڈ اسپرٹ آف ہارس راڈش

نسخہ ہارس راڈش کہرچا ہوا ۲۰ آونس * کرٹوے لیمو کا چہلکا ٹکڑے کیا ہوا اور کوٹا ہوا ۲۰ آونس * جا ے پہل کوٹا ہوا آدہا آونس * پروف اسپرٹ ایک گیلن پانی ۳ پائنٹ *

سبکو ملاکر اوسط درجہ کی گرمی مین ایک گیالن مقطر کرلین۔اسکو ڈس۔پپ۔شیا مین اور بطور رڈا۔یا۔فو۔ریڈنگ کے پرانی رو۔ماٹیزم کے مرض مین دیا کرتے ہین *

خوراک ایک سے ۲ ڈرام تک *

لاٹن ــــــــــــ ہندی ــــــــــــ انگریزی

انے۔تہائی۔فرکلس ــــــــ سوا ــــــــ ڈل۔فروٹ

اسکے درخت کو انی۔تہم گرادیو لنس بوتے ہین اسکے پہل دوا مین مستعمل ہوتے ہین جو انگلنڈ مین پیدا ہوتے ہین یا درمیانہ یا دکہنی یوروپ سے آتے ہین اور یہ چیز ہندوستان مین بہی کثرت سے پیدا ہوتی ہے *

خاصیت پہل اسکے لمبے قریب ایک انچ کے آٹھوین حصہ تک ہوتے ہین اور کنارہ انکا باریک سفیدی مائل ہوتا ہے۔بوخوش ذائقہ گرم اور کسیقدر تلخ *

اجـزا - ایک لطیف روغن ٭

فائدہ اور استعمال اسٹی - میو - لنٹ اور - مانٹک اور کارمے - نی - ٹیو خاصکر اسکو بچون کے نفخ شکم مین استعمال کرتے ہین جب نیند نہین آتی تو کہتے ہین کہ بیمار کے تکیہ کے نیچے سوے کے پتون کے رکہنے سے نیند آجاتی ہے ٭

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

او - لیم - انی - تہائی ——————— آئیل اف ڈل

انگلنڈ کے اندر یہ روغن ڈل کے پہولون سے ڈیسٹی - لیشن کی ترکیب سے نکالا جاتا ہے ٭

خاصیت رنگ خفیف زرد - بو تیز - ذائقہ تیز اور کسیقدر شیرین ٭

خوراک ایک بوند سے ۴ بوند تک ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

اکوا - انی - تہائی ——————— ڈل واٹر

لسنخہ ڈل کے پہل کچلے ہوئے ایک پاؤنڈ ٭ پانی ۲ گیلن ٭ ایک گیلن مقطر کرلین ٭

خوراک ایک آونس سے ۲ آونس تک اور بچون کے لئے ایک ڈرام سے ۲ ڈرام تک ٭

اشارہ - واضح ہو کہ ایک نہایت عمدہ اور نہایت آسان ترکیب ڈل واٹر بنانے کی یہ ہی کہ فی آونس عرق مین جتنے قطرے ڈل کے روغن کے ڈالنے ہون اُتنے قطرے روغن کے لیکر اُسمین حسب مناسب کار - بونٹ اف مگنے - شیا چہوڑ کر کہرل مین خشک ملالین اب اُس روغن آلودہ مگنے - شیا کے سفوف کو کاغذ کے فلٹر پر رکہکر اُسپر حسب ضرورت ڈسٹلڈ واٹر چہوڑ کر مقطر کرلین - اِس ترکیب سے نہایت عمدہ صاف اور شفاف ڈل واٹر تیار ہو جاتا ہے اور اِسی ترکیب سے عرق سولف عرق پودینہ عرق دال چینی وغیرہ عرقیات بہی تیار ہو سکتے ہین ٭

لاٹن ———— ہندی ———— انگریزی

انی سَم ———— سونف ———— انِس سِیڈ

سونف ایک مشہور چیز ہے

اُسکے دو مرکب ہین چنانچہ

لاٹن ———— ———— انگریزی

او - لیم - انی - سائی ———— آئیل اف انِس

یہ روغن دو قسم کے درخت سے پیدا ہوتا ہے ایک کو پمپی - نیلا انی سَم بولتے ہین یہ یورپ مین پیدا ہوتا ہے اور جس سے یہ روغن ڈسٹی - لیشن کی ترکیب سے بنتا ہے دوسری قسم کے درخت کو اہی - لی - شیم انی - سی - ٹم بولتے ہین جو ملک چین مین پیدا ہوتا ہے - اسکے پہل سے بہی یہ روغن ڈسٹی - لیشن کی ترکیب سے بنتا ہے - مگر ہندوستان مین بہی سونف کثرت سے اور نہایت عمدہ پیدا ہوتی ہے *

خاصیت یہ روغن یا تو بے رنگ یا خفیف زرد رنگ کا ہوتا ہے جس سے بو سونف کی آتی ہے اور ذایقہ جسکا گرم اور کسیقدر شیرین ہوتا ہے *

فائدہ اور استعمال - اسٹی - میو - لنٹ ارو - ماٹک اور کار - می - نے - ٹو ہے اور اسکو شکم کے نفخ مین اور حلاب کی دوا سے جو مروڑا پیدا ہوتا ہے اُس کے کم کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین *

خوراک ایک بوند سے چار بوند تک *

لاٹن ———— ———— انگریزی

اِسن - شیا انی - سائی ———— السنس اف انِش

نسخہ آئیل اف انِش ایک آونس * ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ۴ آونس * ملالین *

خوراک ۱۰ بوند سے ۳۰ بوند تک + اگر انی سہائی یعنے عرق سولف تیار کرنا ہو تو ڈِل - واٹر کی ترکیبون کو پیچھے دیکھو +

لاٹن	ہندی	انگریزی
اسا - فی - ٹیڈا	ہنگ	اسا - فی - ٹیڈا

اِسکے درخت کو نار - تھکس اسا - فی - ٹیڈا بولتے ہین - افغانستان اور پنجاب کے اندر اِس درخت کی تازہ جڑ کو پانچنے سے جو گوند نکلتی ہے وہ دوا مین برتی جاتی ہے *

خاصیت اِسکے ٹہیرے بینگے ڈلے ہوتے ہین جو کسیقدر اِس گوند کے خشک یا مرطوب دانون سے بنتے ہین - تازہ تراشا ہوا یا توڑا ہوا اُسکے ٹکڑے کا رنگ ملکہ سفید ہوتا ہے لیکن رفتہ رفتہ سرخی مایل یا بھورا سرخی مایل ہو جاتا ہے - ذایقہ تیز اور تلخ بابدبو مثل پیاز کے اور بہت دیر تک رہتی ہے - ریکٹی فائیڈ اسپرٹ مین قریب سارے کا سارا حل ہو جاتا ہے *

اجزا - لطیف روغن ریزن اور گوند +

فائدہ اور استعمال ہنگ کا اثر نروس سسٹم پر سٹی میولنٹ اور ینٹر امس پاز - موڈ ہوتا ہے - یہ دوا خاصکر ہیس - ٹے - ریا کے تشنجی امراض مین مفید پڑتی ہے اور ہو پنگ کاف دمہ اور دیگر امراض عصبی مین بھی فائدہ مند ہے *ہم* - بے - نا ٹیس یعنے شکم کے نفخ مین اِسکی پچکاری کر سکتے ہین اور چونکہ اِسکا فائدہ اکش - پک - ٹورنٹ بھی ہے اِسلیئے یہ دوا پرانی برانکا ئیٹس مین فائدہ کرتی ہے +

خوراک ۵ گرین سے ۲۰ گرین تک + ہنگ کا استعمال داخلی طور پر کرنا ہو تو اِسکا وہ مرکب بہت عمدہ ہے جسکو فے - ٹیڈ اسپرٹ اف امو - نیا کہتے ہین اور جسکی خوراک نصف ڈرام ہے *

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

اینما - اسے - فی - ٹیڈہی ———————— اینما اف اسا - فی - ٹیڈا

لنسخہ اسا - فی - ٹیڈا ۰۰ ۴ گرین * ڈسٹلڈ واٹر ۴ آونس *

ہینگ مین تہوڑا تہوڑا پانی ملاکر ایک کہرل مین گہونٹتے جاوین جبتک وہ خوب ملجاوے *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

پی - لولی اسافی - ٹیڈہی کیپا زیٹا ———————— کمپاونڈ پل اف اسافی ٹیڈا

سابق مین ایسکو پی - لولا گیال - بی - نائی کیپا زیٹا بولتے تہے *

لنسخہ - ہینگ ۲ آونس * گیال بی سنم ۲ آونس * گم - مر ۲ آونس * ٹرایکل وزن کیا ہوا - ایک آونس *

سب کو ایک کپشیول کے اندر رکہکر پانی کی بہاپ یا واٹر باتہہ پر گلالین لعدازان جبتک وہ ڈلا گلاڑا نہو گہونٹتے جاوین *

خوراک ۵ سے ۱۰ گرین تک *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

ٹنکچورا اسا - فی - ٹیڈا ———————— ٹنکچر اف اسا - فی - ٹیڈا

لنسخہ ہینگ کے چہوٹے چہوٹے ٹکڑے ڈہائی آونس * ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ حسب ضرورت * ایک بند برتن مین اسا - فی - ٹیڈا کو ۱۵ آونس اسپرٹ مین سات روز تک بہگو رکہین اور گاہے گاہے ہلا دیا کرین تب چہانکر اسمین اسقدر ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ملاوین جتنے مین ایک پائینٹ پورا ہو جاوے *

خوراک آدہی ڈرام سے ایک ڈرام تک *

لاٹن ——————— ہندی ——————— انگریزی

اکاسشیا گمائی ——————— ببول کی گوند ——————— گم - اراربک

یہ گوند افریقہ مین ایک یا کئی قسم کے اکاشیا درخت سے پیدا ہوتی ہے ٭

خاصیت اسکے دانے قریب گول آدہے سے ایک انچ تک لمبے اور قریب سفید ہوتے ہین - ذائقہ لعابدار اور پہیکا پانی مین حل ہوجاتی ہے ٭

فائدہ اور استعمال ڈی - مل - سنٹ اسکو بعض دفعہ کہانسی مین اور معدہ کے میو - کس ممبرین کی خراش رفع کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین اور جب وہائیٹ بسمتھ اور اکسائیڈ ان زنک وغیرہ کو عرق کے طور پر استعمال کرنا منظور رہوتا ہے تو ہمین اس گوند کا لعاب ملادیتے ہین تاکہ وہ نیچے نہ بیٹھ جائین اور لوزات بنانے مین بہی یہ شے برتی جاتی ہے - چونکہ یہ گوند شکر مین مبدل نہین ہوتی اسلئے اسکو ڈایا - بے - ٹیز مے - لے - ٹس مین بہی دیا کرتے ہین لیکن اس سے کچہہ فائدہ نہین ہوتا اور مثانہ اور ناریزہ مین جب خراش ہوتی ہے تب بہی اسکو دیتے ہین خوراک جسقدر بیمار کہا سکے ٭

فہرست ان مرکبات کی جنمین گم - اکاشیا پڑتا ہے معہ اسکی مقدار کے

مسچورا کریٹی کے ۴۴ حصہ مین ایک حصہ ٭

مسچورا گوا - سائی کے ۵۸ حصہ مین ایک حصہ ٭

میو - سلیج اف اکاشیا کے ڈہائی حصہ مین ایک حصہ ٭

پوس ام گڈ لے کمپا زیٹس کے ۱۳ حصہ مین ایک حصہ ٭

پلوس ٹرمی۔گا۔کا بتے کمپانڈیس کے پہہ حصہ مین ایک حصہ
اور تمام ٹرا۔کے۔سائی مین یہ گوند پڑتی ہے

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹین ———— ———— انگریزی

میوسی۔لی۔گواکاشی ———— میوسلیج اف گم اراپک

نسخہ گم۔اراپک کے چہوٹے چہوٹے ٹکڑے ۴ آونس ڈسٹلڈ واٹر ۴ آونس
ایک بند مٹی کے برتن مین گوند اور پانی بھر کر بار بار ہلا وین جبتک گوند حل ہوجاوے
اور اگر ضرورت ہو تو اس عرق کو کپڑے سے چہان لین

خوراک جسقدر بیمار پی سکے

یہ میوسلیج مرکبات ذیل مین پڑتا ہے
ٹرا۔کے۔سائی۔اسی۔ڈائی۔ٹینی۔سائی

ایضاً	بسمتھائی
ایضاً	کے۔ٹی۔کیو
ایضاً	فیرائی۔ریڈ کٹائی
ایضاً	سان۔ٹو۔نائی۔نم
ایضاً	اپے۔کے۔کوانے
ایضاً	مار۔فی
ایضاً	ایضاً ایٹ اپے۔کے۔کوالے
ایضاً	پوٹاسی کلوری۔ٹس
ایضاً	سوڈی بائی۔کار۔بو۔نی۔ٹس

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ایمو-نائیکم ——————— ایمو-نائیک

اِسکے درخت کو ڈورہی -سا- ایمونائیکم بولتے ہین -یہ درخت ایران اور پنجاب مین پیدا ہوتا ہی
اِس سے یہ گوند از خود ٹپکتی ہے ؂

خاصیت اِسکے دانے یا ٹکڑے ہوا کرتے ہین رنگ جنکا ہلکا بہورا اور چینی کے طور
پر ہوتا ہے - بو کم اور ذائقہ تیز تلخ اور ایسا کہ جس سے جی متلاتا ہے پانی مین گہولنے
سے دودہ کے طور پر ایک گاڑہا عرق بنجاتا ہے ؂

اجزا - اِسمین ایک لطیف روغن اور ریزن اور گوند ہوتی ہے ؂

فائدہ اور استعمال ہینگ کی نسبت یہ کم انٹس-پاز-موڈک ہی پر اُس سے یہ
زیادہ ترا کس-پک-ٹو-رنٹ ہی اسکو خاصکر پُرانی برانکائیٹس مین دیا کرتے ہین اور
باہر بطور ڈس-کیو-شنٹ کے پُرانی رسولی پہ لگاتے ہین ؂

خوراک ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک ؂

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

امپلاسٹرم-ایمونئی-سائی-کم ہائیڈرارجی رو ——— ایمو-نائیک انڈ مرکیوری پلاسٹر

(دیکہو سیماب کے مرکبات مین)

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

مسٹورا-ایمونئی-سائی ——————— ایمونائیک مکسچر

نسخہ - ایمو-نائیک کوٹا ہوا چوتہائی آونس + ڈسٹلڈ واٹر ۸ آونس ؂

ایمونائیک مین تہوڑا تہوڑا پانی چہڑتے جاوین اور رگڑتے جاوین جبتک وہ عرق
دودہ کے طور پر ہوجاوے بعد ازان اُسکو کپڑے سے چہان لین ؂

خوراک آدہے آونس سے ایک آونس تک بطور اکس-پک-ٹو-رنٹ کے اسکو ہمراہ ٹنکچر اف اسکوئیل کے دے سکتے ہین ❊

علاوہ اُن دو مرکبات کے یہ گوند مرکبات ذیل مین بہی پڑتی ہے چنانچہ امپلا سٹرم گیال-بے-نائی ❊ پلو-لا-سلی کنپازیٹا ❊ اور پلو-لا اپے-کے-کوانسے کم-ستلا ❊

ارو-روٹ

درخت مے-رن-ٹا آرن-ڈے-سی کی جڑ کی گانٹھون سے یہ نشاستہ نکالا جاتا ہے ❊

ترکیب اسکے نکالنے کی یہ ہے کہ گانٹھون کو کھود کر پانی سے خوب دہو ڈالتے ہین تب انکو اُکھلی مین کوٹ کر گودے کے طور پر بنا لیتے ہین - اب بڑے سے لکڑی کے کٹہرے مین جسمین خوب صاف پانی ہوتا ہے اُس گودے کو چہوڑ دیتے ہین اور ہاتہون سے خوب ہلا ہلا کر ریشون کو علیحدہ کر ڈالتے ہین اور جو دودہ کے طور پر عرق ہوتا ہے اُسکو کپڑے یا بال کی چہلنی سے چہانکر ٹہیرنے دیتے ہین جو آب زلال اوپر ہوتا ہے اُسکو نتہار لیتے ہین ❊ نیچے جو سفید منجمد رہ جاتا ہے اسکو پھر صاف پانی مین ملاکر نتہار لیتے ہین - آخر کار اُس سفید منجمد کو دہوپ مین خشک کر کے ٹین کے کے-نسٹر دن مین بہر لیتے ہین ❊ یہ چیز سفید سفوف کے طور پر ہوتی ہے بعض دفعہ اسمین آلو یا چاولون کا آٹا ملا دیتے ہین ❊

ارا-روٹ پکانے کی ترکیب - جسقدر پکانا منظور ہو اُسکو ایک چینی کے پیالہ مین رکھکر قدرے سرد پانی مین خوب گھول لین بعد ازان اُسپر خوب کھولتا ہوا آب گرم چہوڑتے جاوین اور جلد جلد خوب گھونٹتے جاوین جب مثل انڈے کی سفیدی

کے خوب لیسدار ہوجاوے اور اسمین گٹھلا نرہے تب جانین کہ اراروٹ خوب پک گیا ہے اور جو گٹھلے رہ جاوین تو خام ہے * اگر منضم ہو تو بعوض پانی کے ارا روٹ کو دودہ مین پکا دین * اگر مریض بہت کمزور ہو تو اسمین کسی قسم کی شراب اور گرم مصالحہ مثل جاے پہل دارچینی وغیرہ ملاوین *

فائدہ اور استعمال یہ ایک ہلکی غذا ہے - مگر بعض بیمار وتمین کہاتے ہی کہٹی ہوجاتی ہے اسصورت مین چونہ کے پانی کے ہمراہ اسکو کہلانا چاہیے *

الیو

اسکو عربی مین زیتون اور ہندی مین جلپائی بولتے ہین اسکا صرف تیل برٹش فارماکوپیا مین مستعمل ہے - اسکے درخت کو اولیا یو-رو-پیا بولتے ہین *

لاٹن	انگریزی
او-لیم او-لی-وی	آلیو ائیل

یوروپ جنوبی مین جلپائی کو پیڑکر یہ روغن نکالتے ہین *

خاصیت رنگت خفیف زرد قریب بے بو ہوتا ہے اور ذائقہ بہی پہیکا روغن کے طور پر ۳۶ درجہ گرمی مین کسیقدر منجمد ہوجاتا ہے *

فائدہ اور استعمال - اس روغن کو بطور ڈیمل سنٹ کے پلاتے ہین اور اسکی پچکاری بہی کرتے ہین اور زیادہ مقدار مین کہایا جاوے تو اس سے دست آتے ہین - باہر بطور لے-نی-منٹ کے مالش کرتے ہین *

خوراک بطور ڈیمل سنٹ اور لکسٹیٹو کے ایک ڈرام سے ایک آونس یا زیادہ تک * اس روغن کے عوض السی یا تلون کا تیل کام مین لاسکتے ہین

یہ تیل مرکبات مندرجۂ ذیل مین پڑتا ہے *

چار۔ٹا۔ایس پاس۔لے۔کا۔

امپلاسٹرم امونیئے۔سائی کم ہائیڈرار۔جے۔رائی۔

" ۔سپو۔نِش فسکم

" ہائیڈار۔جے۔رائی

" پائی۔سِش

" پلمبائی

اینا۔گنیے۔شی سل۔فے۔ٹش۔

لے۔نی۔من۔ٹم اموسٹے

" کیلسِش

" کمفوری

انگو۔انٹم کن۔تھے۔ری۔ری۔ڈِش

" ہائیڈرار۔جرائی کمپازیٹم

" ہائیڈرا۔جرائی نیٹریٹیش

" وی۔را۔ٹری

لاطین ———— ———— انگریزی

او۔لیئم یو۔کا۔لپ۔ٹائی ———— آئیل اف یو۔کا۔لپ۔ٹس

درخت یو۔کا۔لپ۔ٹس گلا۔بیو۔لَس اور یو۔کا۔لپ۔ٹس ا۔مگ۔ڈلے۔نا

کے تازہ پتوں سے یہ روغن ڈسٹیلیشن کی ترکیب سے نکالا جاتا ہے۔

خاصیت۔یہ روغن بے رنگ یا پھیکی گہاس کے رنگ کا ہوتا ہے مگر کہلا رہنے

سے میلا اور گاڑھا ہوجاتا ہے۔بوخوش۔ذائقہ گرم مصالحہ کا سا + ال۔کو۔ہل میں

حل ہوجاتا ہے *

فائدہ اور استعمال یہ روغن نہایت عمدہ انٹے۔سپ۔ٹک ہے اس سے جاندار مادہ ہلاک ہوجاتے ہین - بعض امور مین اسکا عمل کونین کے طور پر ہوتا ہے کیونکہ خون کے سفید کیسون کی حرکت کو یہ روغن روک دیتا ہے اور طحال کو سکیڑ دیتا ہے * زیادہ مقدار مین دماغ اور نخاع کو مفلوج کردیتا ہے اور تنفس کی حرکت کو روک دیتا ہے جس سے مریض ہلاک ہوجاتا ہے * باہر لگایا جاوے تو جلد سُرخ ہوجاتی ہے اور لگا کر اس مقام پر موم جامہ باندہ دیا جاوے تو چھالے بہی پیدا ہوجاتے ہین * ایسے زہریلے بخارون مین مفید پڑتا ہے جنمین کونین فائدہ کرتی ہے اور پانچ پانچ قطرون کی مقدار دن مین پیور۔پے۔رل فیور اور پائی۔اہی میا اور سپ۔ٹے۔سی۔میا مین بہت مفید ہے - یہ روغن جسم کی حرارت کو کم کردیتا ہے اور تپ نوبتی مین مفید ہے * چونکہ یہ دوا ہوا کی نالیون اور اعضاے بول کی میو۔کس سطحون سے جسم سے خارج ہوتی ہے اسواسطے اکسپکٹورنٹ کے طور پر اور تہائی۔سس اور برانکائی۔ٹس مین اور ڈش۔ان۔فک۔ٹنٹ کے طور پر سس۔ٹائی۔ٹس اور سوزاک مین نہایت مفید ہے * ٹائی۔فائیڈ فیور مین نسخہ ذیل کے استعمال کرنے سے نبض کی سُرعت اور طاقت گہٹ جاتی ہے حرارت جسم کی کم ہوجاتی ہے - اور جلد کی گرمی اور زبان کی خشکی مین بہت ہی کمی ہوجاتی ہے *

خوراک ایک سے چار منم *

نسخہ روغن یو۔کا۔لپ۔ٹس ۰۰ منم * اسپرٹ اف کلورا۔فارم ۲ ڈرام * ارو۔ما۔ٹک اسپرٹ اف ایمو۔نیا ۲ ڈرام * گلائی۔سی۔رئین ۲ ڈرام * میو۔سلج ڈیڑہ آونس * پانی ۸ آونس *

سبکو ملاکر بمقدار ایک ایک آونس کے چار چار گھنٹہ بعد پلادین *

پھیپڑے کی گنگرین مین اور تہائی سیسش مین اور ام زی نامین اور ڈف تھیریا مین اس روغن کا بخارات گھاتے ہین اور بدبودار زخمون کو اسکے عرق سے دہوتے ہین + اسکے پے سی ری بناکر رحم اور ریکٹم کے سرطان مین رکھہ دیتے ہین +

اسکا ایک مرکب ہی چنانچہ

لاٹن ———————— انگریزی

انگو انٹم یو کا لپ ٹائی ———— اینٹمنٹ اف یو کا لپ ٹس

نسخہ روغن یو کا لپ ٹس وزن کیا ہوا ایک آونس + نرم اور سخت پارا فین دونو کا دو دو آونس + دونو پارا فین کو آنچ پر پگھلا کر روغن ملاوین اور جبتک سرد ہو گھوٹتے جاوین +

اسٹاوی سگریا سیڈس

اسکے درخت کو ڈل فائی نم اسٹا وی ساگر یا اسٹا وی سے گرم کہتے ہین اس درخت کا بیج دوا مین استعمال ہوتا ہے اور یہ درخت یوروپ جنوبی مین پیدا ہوتا ہے +

خاصیت بیج کی شکل بے قاعدہ مثلث کی طرح ہوتی ہے رنگ سیاہ بے بو مگر ذائقہ تیز +

اجزا دو جوہر ایک ڈل فائی نین دوسرا اسٹا وی ساگرین + رال چربی موم اور چوبی مادہ وغیرہ +

فائدہ اور استعمال جوہر اسٹا وی ساگرین اعصاب محرکہ کو مفلوج کر دیتا ہے اور جوہر ڈل فائی نین مثل اکو نے ٹیا کے نبض او تنفس کے حرکتون کو پست کر دیتا ہے اور نخاع کو مفلوج کرکے دم کی حرکت کو بند کر دیتا ہے تب مریض ہلاک

ہوجاتا ہے * اِسکے باہر لگانے سے جوئین مرجاتی ہین * سفوف یا مرہم کے طور پر اِسکو استعمال کر سکتے ہین *

خوراک - سفوف کی ۳۰ سے ۶۰ گرین تک - مگر اِسکو کم ہی کھلاتے ہین *

اِسکا ایک مرکب ہی چنانچہ

لاطین		انگریزی
انگو - انٹم اسٹا - وِس - ساگری		اینٹ منٹ اف اسٹا - وِس سے - گر

نسخہ اسٹا - وِس - سے - گر کے بیج - ۴ آونس * ہنر ایپٹڈ لارڈ - ۸ آونس * بیجون کو کوٹ کر چربی مین چھوڑ کر دو گھنٹہ تک واٹر باتھ کی آنچ پر رہنے دین اور تب کپڑے سے چھان کر سرد ہونے دین *

جوئین مارنے کے لئے اِسکو لگاتے ہین *

لاطین		انگریزی
بالسی مم پے - رو - وئی - نم		بال سم اف پے - رو

جس درخت سے یہ چیز ملتی ہے اُسکا نام مائی - راگ - زائی - لن پے - ری - را ہے - یہ روغن اِس درخت کی شاخ کو چیرنے سے ملتا ہے اور شہر سال - وِس - ڈور جو ملک گواٹی مالا مین ہے وہان سے یہ روغن آتا ہے *

اجزا - ایک لطیف روغن * سے - نا - مک اِسڈ اور رال *

خاصیت - یہ شے پتلی رنگ اِسکا بہورا مایل بسرخی یا قریب سیاہ ہوتا ہے گاڑہی مثل شیرہ کے ہوتی ہے اور اِس سے خوشبو آتی ہے اور ذائقہ اِسکا تیز اور کسیقدر تلخ ہوتا ہے اور ۵ حصے ریکٹی فائیڈ اسپرٹ مین یہ حل ہو جاتی ہے مگر پانی مین حل نہین ہوتی *

فائدہ اور استعمال یہ دوا اسٹی-میو-لنٹ اور اِکسپکٹو رنٹ ہے اور خاصکر اسکو کرانک-برانکائیٹس اور رو-ماٹیزم کے مرض مین دیا کرتے ہین اور چونکہ اسکا اثر میوکسِ ممبرین پر بہی ہوتا ہے اِسلئے اِسکو گلیٹ اور لیو-کو-ریا مین بہی دے سکتے ہین-باہر لگانے سے بہی فائدہ اِسکا اسٹی-میو-لنٹ ہے اِسکو بدسور اور بدبو دار زخمون پر لگایا کرتے ہین*

خوراک ۱۰ بوند سے ۱۵ بوند تک ہمراہ میو-سلیج یا انڈے کی زردی کے ملادیا کرتے ہین*

لاٹن		انگریزی
بالسی-مم ٹو-لو-ٹی-نم		بالسم اف ٹو-لو

اِسکے درخت کا نام مائی-رواگ-زای-لن ٹو-لوی-فرم ہے-اِسی درخت کے باچہنے سے یہ روغن ملتا ہے اور ملک نیو-گرانی-ڈا مین جو شہر ٹو-لو ہے اُس کے پہاڑون سے یہ دوا آتی ہے* **اجزا**-مثل بالسم اف پے-رو کے*

خاصیت یہ شے منجمد ملائم اور لسا رہوتی ہے-بوخوش اور ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ مین حل ہوجاتی ہے*

فائدہ اور استعمال مانند بالسم اف پرو کے ہے-

خوراک ۱۰ گرین سے ۲۰ گرین تک* یال-سم اف ٹو-لو اِن دو مرکبات مین پڑتا ہے ایک خاس-فرس پلس-دوسرا کنپاونڈ ٹنکچر اف بنزائین مین*

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن		انگریزی
سی-راپس ٹو-لو-ٹی-نس		سرپ اف ٹو-لو

نسخہ بال سم اف ٹو-لو سوا آونس * قند ۲ پاؤنڈ * ڈسٹلڈ واٹر ایک پائنٹ
یا حسب ضرورت *

ایک بند برتن مین بالسم کو پانی مین ملا کر آدہے گھنٹہ تک جوش دیوین اور گاہے گاہے
ہلاتے رہین تب چولہے سے اُتار کر اگر ضرورت ہو تو اُسمین اَور بھی ڈسٹلڈ واٹر ملاوین
تا کہ سارا عرق سولہ آونس پورا ہو جاوے اور جب وہ عرق سرد ہو جاوے تب اُسکو
چہانکر شکر ملاوین اور بذریعہ بہاپ یا واٹر باتھ کے اُس شکر کو حل کر لین سارے
سرپ کو تین پاؤنڈ وزن مین ہونا چاہئے اور اُسکی اسپسی-فک گراوٹی ۱.۳۳ وا
ہونی چاہئے *

خوراک اِسکی ایک سے ۳ ڈرام تک *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

ٹنکچرا ٹو-لو-ٹے-نا ———————— ٹنکچر اف ٹو-لو

نسخہ-بال سم اف ٹو-لو ڈہائی آونس * ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ حسب ضرورت *

ایک بند برتن مین بالسم اف ٹو-لو کو ہمراہ ۱۵ آونس اسپرٹ کے ۶ گھنٹہ یا جبتک بالسم
حل ہو جائے بہگو رکہین تب چہانکر اُسمین اِسقدر ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ملاوین چہننے مین
ایک پائنٹ پورا ہو جاوے *

خوراک ۲۰ بوند سے ۴۰ بوند تک *

ٹنکچر اف ٹولو ان مرکبات مین پڑتا ہے *

لاک-سائی اسیڈای-ٹے-نے-سائی

" " مار-فائی-نے

" " " " " اٹ-اپے-کے-کوانے

" " او-پیائی

لاٹین ——————— ہندی ——————— انگریزی

بی-لی-فرک-ٹس ——————— بیل پہل ——————— بیل فروٹ

بیل پہل کے درخت کو ایگل-مار-می-لش بولتے ہین-دوا مین نیم پختہ بیل پہل خشک کیا ہوا استعمال کرتے ہین می-لی-بار اور کورو-منڈل مین یہ میوہ بکثرت ملتا ہے ⁂

خاصیت بیل پہل کی شکل گول سی ہوتی ہے قریب بڑے رنگترے کے برابر چہلکا اسکا سخت مانند لکڑی کے ہوتا ہے اکثر یہ آتا ہے خشک قاشون مین یا ٹکڑونمین جنمین چہلکا ہمراہ گودے کے اور بیج کے ہوتا ہے چہلکا اسکا قریب ڈیڑہ لاین کے موٹا جسپر باریک اور چکنا ہلکا بہورے یا سُرخی رنگ کا ایک پردہ ہوتا ہے اور اُس چہلکے کے اندر کی سطح اور خشک گودے کی رنگت نارنجی مایل بہ بہورا یا سُرخ ہوتی ہے گودے کو بہگونے سے ایک لعابدار عرق نکلتا ہے ⁂

اجزائے-ٹن جس سبب سے بیل پہل قابض ہے ⁂

فائدہ اور استعمال پہل کو مرض ڈا-یا-ریا اور ڈہی-سنٹری مین دیا کرتے ہین اور پختہ پہل کے شربت کا فائدہ ملین ہے ⁂

اِسکا ایک مرکب ہے

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

ا کسٹر اکٹم بیلی لی-کوئی-ڈم ——————— لی-کوئیڈ اکسٹر اکٹ اف بیل

نسخہ بیل پہل ایک پاونڈ ڈسٹلڈ واٹر ۱۲ پاینٹ + ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ۲ آونس ⁂ بیل کو ایک تہائی پانی مین ۱۲ گہنٹہ تک بہگو رکہین تب اوپر کے صاف عرق کو نتہار لین-بعد ازان باقی دو تہائی پانی مین ایک ایک گہنٹہ تک اسیطرح بہگو کر نتہار لین اور تب گودے کو نچوڑ لین بعد ازان سارے عرقون کو ملا کر فلالین سے چہانکر آنچ دیوین

جبتک چودہ آونس باقی رہے اور بعد سرد ہونے کے اُسمین ریکٹی فایبڈ اسپرٹ ملادین

خوراک ایک ڈرام سے ۲ ڈرام تک ٭

لاٹن		انگریزی
بے - لا - ڈو - نا ری - ڈِکس		بے - لا - ڈو - نا روٹ

اِسکے درخت کو اٹرو - پا بے - لا - ڈو - نا بولتے ہین - دوا مین اِسکی کونپلین اور وہ ٹہنیان جنمین دو کونپلین لگی رہتی ہین اور جڑ بہی استعمال ہوتی ہے اِسکا درخت انگلنڈ مین یا تو خودرو ہوتا ہے یا بویا جاتا ہے اور جب یہ درخت پہل پہ آتا ہے تب اِس سے توڑ کر پتے جمع کرتے ہین ٭

خاصیت - اِس درخت کے پتے ۳ انچ سے ۶ انچ لنبے اور شکل انکی بیضوی یا نوکدار ہوتی ہے اور پتے سابوت اور چکنے بہی ہوتے ہین سب سے اوپر کے پتے ناہموار اور جفت ہوتے ہین اِسکا نچوڑا ہوا عرق یا انفیوژن اگر آنکہون مین ڈالا جاوے تو پُتلیان پہیلجاتی ہین اِسکی جڑ کو لاٹن مین بے - لا - ڈو - نا ریڈِکس اور انگریزی مین بے - لا - ڈو - نا روٹ بولتے ہین - یہ جڑ خشک ہوتی ہے اور ملک جرمنی سے آتی ہے ایک انچ سے ۳ انچ تک لمبی اور آدہے سے ۳ انچ تک موٹی شاخدار اور پُر شکن ہوتی ہے - رنگ اِسکا سفید اور کسیقدر بہورا ہوتا ہے اِسکا انفیوژن اگر آنکہون مین ڈالا جاوے تو پُتلیان پہیل جاتی ہین ٭

اجزا - جوہر اٹ - رو - پیا ٭

اثر اور استعمال بلا - ڈو - نا تندرستی کیحالت مین اِس دوا کا اثر کس قسم کا پیدا ہوتا ہے - یہ بات محققین نے اِسطور پر دریافت کی ہے کہ حیوانات کو کہلایا ہے اور نیز اُس صورت مین بہی اِسکے اثر کو ملاحظہ کیا ہے کہ جب اتفاق سے کسی آدمی نے

اِس چیز کو زیادہ مقدار مین کہالیا ہے اور اُسکو زہر ہو گیا ہے * مثلاً جب کوئی شخص
اِس دوا کی زیادہ مقدار کہالیتا ہے تب اُسکے دماغ کو نہایت تحریک ہوتی ہے -
خیالات خوش پیدا ہوتے ہین آنکہون کے سامنے طرح طرح کی خوش نما شکلین نظر
آتی ہین آخر کار نیند آجاتی ہے - علی ہذا القیاس دل کی حرکت بہی تیز ہو جاتی ہے
اور کُل نظام دموی کو تحریک ہوتی ہے - عروق شعریہ سُکڑ جاتی ہین اور شرائین کبہکم
تن جاتی ہین جس سے خون کا دورہ تیز ہو جاتا ہے - تہوک اور پسینہ رُک جاتا ہے
اور مُنہہ اور جلد خشک ہو جاتی ہے اور جلد پر اکثر ایک قسم کے بخارات پیدا ہو جاتے
ہین - مثانہ کسیقدر مفلوج ہو جاتا ہے - پیشاب اور یو - ریا کی مقدار بڑہ جاتی ہے
اور آنکہون کی پُتلیان بہت ہی پہیل جاتی ہین + یہ کُل علامات مذکورۂ بالا کیونکر
پیدا ہوتی ہین اِسباب مین ابتک بحث چلی آتی ہے مگر ڈاکٹر ہارلی کی راے
کو غلبہ ہے چنانچہ وہ فرماتے ہین کہ بلا - ڈو - نا کا اثر سید ہا سم - پے - بہتی - ٹک
نظام کے اعصاب پر ہوتا ہے یعنے اِسکے استعمال سے نظام مذکور کو نہایت درجہ
کی تحریک ہوتی ہے جس سبب سے اِس دوا کے استعمال سے دل کی حرکت تیز اور
پُتلیان آنکہون کی پہیل جاتی ہین لیکن اَور بہتیرے اچہے اچہے محققین کی یہ راے
ہے کہ اِس دوا کے استعمال سے نیو - مو - گیسٹرک نرؤ مفلوج ہو جاتا ہے مگر
سم - پے - تہے - ٹک نرؤ کو تحریک نہین ہوتی بلکہ نیو - مو - گیس - ٹرک نرؤ کے
مفلوج ہو جانے سے دل کی حرکت بالکل سم - پے - تہے - ٹک نرؤ کے متعلق
ہو جاتی ہے - اِسیطرح پُتلیون پر اِس دوا کے اثر کی نسبت بہی محققین کی راے مین
اختلاف ہے چنانچہ بعض کہتے ہین کہ اِسکے استعمال سے تیسرے جوڑ ہی عصب کے
ریشے مفلوج ہو جاتے ہین اور بردہ آئی - رِش کے ریشون پر سم - پے - تہے - ٹک
عصب بالکل حکمران ہو جاتا ہے - اور بعض طبیب یہ فرماتے ہین کہ نہین تیسرے

جوڑے عصب پر اس دوا کا کچھہ بھی اثر نہین ہوتا بلکہ اس سے سم-پے-تھے-ٹک عصب کو تحریک ہوتی ہے - مگر آیندہ کی تحقیقات سے شاید یہ ثابت ہو کہ طریقز کی راے کچھہ کچھہ درست ہے - اب تھوڑا ہی عرصہ ہوا کہ ڈاکٹر وارٹن-جو-نش نے اپنی تحقیقات سے ثابت کیا ہے کہ آئی-رس مین کوی جزو لچکدار ہوتا ہے جس سبب سے آنکھہ کے مو-ٹر آکیو-لائی عصب کے مفلوج ہو جانے سے وہ لچکدار جزو پتلیون کو پہیلنے نہین دیتا ٭ اس غرض سے کہ نظام عصبی کے بعض حصص کی چہوٹی چہوٹی خونز کی رگین سکڑ جاوین ڈاکٹر براؤن سے-کارڈ نے اس دوا کو نخاعی فالج کے بعض اقسام مین استعمال کرنا تجویز کیا ہے مثلاً اس قسم کی پے-را-پلیجیا مین جو بسبب اسپائی-نل مے-نِن-جائی-ٹِس یا مائی-لائی-ٹِس کے پیدا ہو کہ جب نخاع یا اُسکے اعصاب کی جڑون یا نخاع کے پردون مین اجتماع خون کا ہو جاتا ہے - لیکن جب نخاع کی ساخت نرم پڑ جاوے یا گل جاوے تب یہ دوا مضر پڑتی ہے اور اسی غرض سے یعنے چہوٹی-گون سے خون ہٹ جاوے مختلف قسم کے انفلامیشن کی بیماریون مین بہی اس دوا کو دینا بتلاتے ہین اور چونکہ بلا-ڈو-نا کے استعمال سے دودہ اور پسینہ کا پیدا ہونا رک جاتا ہے تو ان صورتون مین یہ دوا مفید پڑتی ہے کہ جب کثرت سے پسینہ آتا ہے اور دودہ کے جمع ہو جانے سے پستانون مین انفلامیشن ہو جاتا ہے - غرض ان حالتون مین اس دوا کو کہلانا اور باہر لگانا ہی چاہئے ٭

بعض طبیب ایسا قیاس کرتے ہین کہ بلا-ڈو-نا کے استعمال سے رودون کے مدور عضلاتی ریشے کمزور ہو جاتے ہین جس سے لنبے ریشون کو تحریک ہوتی ہے غرض اس صورت مین جب بلا-ڈو-نا جلاب کے ہمراہ دیا جاتا ہے تب کہلکر دست آجاتے مین پس اسی سبب سے یہ دوا شدت کی تشنج اور صفرا کی پتہری یا گردہ کی پتہری کے

پہنس جانے مین مفید پڑتی ہے اور اسی وجہ سے دمہ کی بیماری کو بھی یہ دوا فائدہ کرتی ہے ٭ ڈاکٹر ہار-لی اس دوا کو گردہ کی بیماریون مین بہت مفید جانتے ہین کیونکہ خون کی چہوٹی چہوٹی رگین اِسکے استعمال سے چونکہ سکڑ جاتی ہین اسواسطے گردون مین اجتماع خون کا کم ہوجاتا ہے جن بیماریون مین پیشاب کے نہ پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے اُنمین جب بلا-ڈو-نا بطور ڈا-یو-ر-ے-ٹک کے استعمال کیا جاتا ہے تب یو-ریا کی مقدار خاصکر زیادہ ہوجاتی ہے اور چونکہ بلا-ڈو-نا کا اثر انو-ڈائین بھی ہے اسواسطے نیو-رلجیا کے دردون مین مفید ہے چنانچہ اسیواسطے ڈاکٹر انسٹے لم-بے-گو (دردکمر) اور سا-یا-ٹے-کا (عرق النسا) اور پل-وِش کے اندر جو اعضا ہوتے ہین اُنکے عصبی دردون مین اِس دوا کی پچکاری کرتی بتلاتے ہین اور جب یہ دوا اسقدر زیادہ دیجاتی ہے کہ جس سے زہر کی علامتون کے ظاہر ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے تب ہو-پنگ کا ف کی بیماری کو بہت ہی فائدہ ہوتا ہے کیونکہ بچون کو اِس دوا کی بہت ہی برداشت ہوتی ہے اور اسکے استعمال سے مثانہ کے عضلاتی ریشے تہوڑے بہت مفلوج ہوجاتے ہین تو بچون کے سلسلبول کی بیماری کو بلا-ڈو-نا بہت ہی مفید پڑتا ہے ٭ یاد رہے کہ جسم سے بلا-ڈو-نا بذریعہ پیشاب کے خارج ہوجاتا ہے ٭ انو-ڈائین کے طور پر نیو-رلجیا کے دردون پر اور تاکہ پیپ نہ پڑنی پاوے اِس دوا کو باہر لگاتے ہین ٭ اِسکا اکسٹراکٹ جب کسی مرہم یا روغن مین اچھی طرح ملا کر لوا سیر کے مسّون پر لگایا جاتا ہے تب درد کی تکلیف نہایت جلد رفع ہوجاتی ہے ٭

زہر کا علاج - جب بلا-ڈو-نا یا اُسکے جوہر اٹرو-پیا سے زہر ہوجائے تب بیمار کو قے کرادین اور ٹا-نِک-ایسڈ-ٹنچر-آیو-ڈین یا پو-ٹاسی-یم آیو-ڈائڈ سے ... ٹاسی پلادیز اور معدہ کو آب بھرد سے تر رکھین اور جلاب دین - بیمار بیہوش ہوجاوے تو مفرحات کا استعمال کرین - یہ معمولی علاج بلا-ڈو-نا کے زہر کا ہے لیکن حال مین اب نیا علاج

یہ نکلا ہے کہ افیون سے چونکہ پتلیان آنکھون کی سکڑ جاتی ہین اور بلا-ڈو-نا سے پہیلتی ہین تو ایسا قیاس کرتے ہین کہ اِن دونو کے اندر آپسمین ضرور ضد ہوگا چنانچہ اسی خیال سے افیون کے زہر مین بلا-ڈو-نا کو اور بلا-ڈو-نا کے زہر مین افیون کام مین لاتے ہین اور یہ کہ یہ خیال درست ہے بڑے بڑے مشہور اور معروف اطبا کے تجربون سے ثابت ہے - پس - بلا - ڈو-نا کے زہر مین افیون کا استعمال کرنا چاہئے لیکن خوراک افیون کی مریض کی عمر اور بلا-ڈو-نا کی مقدار پر منحصر ہے اور ہر حالت مین آنکھون کی پتلیون کو اچہے طور پر ملاحظہ کرنا چاہئے اور افیون کے دینے سے پہلے مریض کو سلفٹ اف زنک یا سلفٹ اف کاپر (طوطیا) سے ضرور قے کرانی چاہئے * نگلنے کی طاقت نہو تو مار-فیا کی پچکاری کرین *

نسخہ جات ذیل اِس دوا کے استعمال کے لئے اچہے ہین *

نسخہ - ٹنکچر آف بلا-ڈونا ۴ ڈرام * سرپ آف آرنج فلا-ور ۴ ڈرام * پانی ۴ آونس * سبکو ملاکر بمقدار دو ڈرام کے دو دفعہ دن کو اور ایک مرتبہ رات کو سوتے وقت پلانا چاہئے * یہ نسخہ دو سال کے بچہ کے لئے موزون ہے اور سلسلبول کی بیماری مین مفید ہے *

نسخہ اکسٹراکٹ اف بلا-ڈو-نا ایک آونس * گلائی-سی-رین جسقدر درکار ہو * دونو کو ملاکر تہوڑا سا لنٹ پر بچہا کر دودہ کی پستان پر لگاوین اور اوپر سے ہوج پتر یا موم جامہ جماکر باندہ دیوین * یہ نسخہ پستان کے انفلامیشن مین مفید ہے *

مرکبات بلا-ڈو-نا

اول مرکبات بلا-ڈو-نا کے پتون کے

لاٹین	انگریزی
سکس بلا-ڈو-نی	جوس اف بلا-ڈو-نا

نسخہ بلا-ڈو-نا کے تازہ پتے اور نہی شاخین ۲ پونڈ۔ ریکٹی-فائینڈ اسپرٹ حسب ضرورت۔ بلا-ڈو-نا کو پتہر کے کہرل مین کوٹ کر نچوڑ ڈالین تب ہر سہ حصہ مین ایک حصہ ریکٹی-فائینڈ اسپرٹ ملا کر سات روز تک ٹہیرنے دین بعد ازان چہانکر سرد جگہہ مین رکہہ دین۔

خوراک ۵ منم سے ۱۵ منم تک۔

لاٹین		انگریزی
عطنکچورا-بلا-ڈونی		ٹنکچراف بلا-ڈو-نا

نسخہ بلا-ڈو-نا کے پتے کوٹے ہوئے-ایک آونس۔ پروف اسپرٹ ایک پائینٹ۔
ترکیب مانند ٹنکچراف اکونائیٹ کے **خوراک** ۵ بوند سے ۲۰ بوند تک۔
طاقت- اِسکے ۶۰ قطرے برابر ہین قریب ایک گرین اکسٹراکٹ کے۔

لاٹین		انگریزی
اکسٹراکٹم-بلا-ڈو-نے		اکسٹراکٹ اف بلا-ڈو-نا

نسخہ بلا-ڈو-نا کے تازہ پتے اور نہی شاخین ۱۱۲ پونڈ۔

بلا-ڈو-نا کو پتہر کے کہرل مین کوٹ کر نچوڑ ڈالین اور جو عرق نکلے اُسکو آہستہ آہستہ ۱۳۰ درجہ کی گرمی تک پکا دین بعد ازان کپڑے کی چہلنی سے چہانکر سبزی اُسکی علیحدہ کر دین اور تب اُس چہانے ہوئے عرق کو ۲۰۰ درجہ کی گرمی تک جوش دیوین تاکہ سارا البیومن منجمد ہو جاوے تب پھر چہانین اور جو عرق حاصل ہو اُسکو واٹر باتھ پر پکا کر پتلے شیرہ کے طور پر گاڑہا کرین اب وہ سبزی جو پہلے علیحدہ کی گئی تہی اُس مین ملا کر سارے کو خوب گھونٹین اور ۱۲۰ درجہ کی گرمی تک پکاتے جاوین جبتک اکسٹراکٹ حسب ضرورت گاڑہا ہو جاوے۔

خوراک ایک گرین کے چہٹے حصہ سے ایک گرین تک۔

دوم مرکبات بلا-ڈو-نا کی جڑکے

لاٹن ———— ———— انگریزی

لے-نی-منٹم بلا-ڈو-نے ———— لے-نی منٹ اف بلا-ڈو-نا

نسخہ - بلا-ڈو-نا کی جڑ جو کوب ۲۰ آونس * کافور ایک آونس * ریکٹی فائیڈ اسپرٹ اسقدر کہ چھنے مین ۳۰ آونس پورا ہو جاوے *

جڑ کو تہوڑے اسپرٹ مین مرطوب کر کے سات روز تک بہگو رکہین بعد ازان ایک پیسیور مین کافور ڈالکر اسکو پر-کو لٹ کرین جبتک ۳۰ آونس پورا ہو جاوے *

لاٹن ———— ———— انگریزی

اکسٹراکٹم بلا-ڈو-نی ال-کو-ہا-لی-کم ——— ال-کو-ہا-لک اکسٹراکٹ اف بلا-ڈو-نا

نسخہ بلا-ڈو-نا کی جڑ جو کوب-ایک پاؤنڈ * ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ-حسب ضرورت * ڈسٹالڈ واٹر-حسب ضرورت *

بلا-ڈو-نا کو دو پاینٹ اسپرٹ مین ملاکر ایک بند برتن مین ۴۸ گہنٹہ تک بہگو رکہین اور تب پر-کو-لے-ٹر مین بہر کر مقطر کرلین اور جب عرق ٹپکنا موقوف ہو جاوے تب پانی چہوڑ کر عرق ٹپکاتے جاوین جبتک دو پاینٹ عرق جمع ہو جاوے - اب اُس عرق کو واٹر باتہہ پر ارم اکر حسب مناسب گاڑہا کرلین *

خوراک ایک گرین کے سولہوین حصہ سے چوتہائی تک *

لاٹن ———— ———— انگریزی

اسپلاسٹرم بلا-ڈو-نے ———— بلا-ڈو-نا پلاسٹر

نسخہ ال-کو-ہا-لک اکسٹراکٹ اف بلا-ڈو-نا ۴ آونس * ریزن پلاسٹر ۸-آونس * سوپ پلاسٹر ۸ آونس *

دونو پلاسٹر کو واٹر باتھہ پر گھپلا کر اکسٹراکٹ ملا دین اور سارے کو خوب طرح گھونٹ ڈالین

لاٹن ———— ———— انگریزی

اِن-گو-ان-ٹم بلا-ڈونے ———— اینٹ-منٹ اف بلا-ڈو-نا

نسخہ-ال-کو-نا-اِکٹ اکسٹراکٹ اف بلا-ڈو-نا ۷۰ گرین + بنزاَیٹیڈ لارڈ

ایک آونس + دونو کو خوب طرح ملا لین +

بلا-ڈو-نا کا جوہر اٹروپیا

لاٹن ———— ———— انگریزی

اٹرو-پیا ———— اٹیروپیا

نسخہ-بلا-ڈو-نا کی جڑ حال مین خشک کی ہوئی اور جوکوب ۲ پاونڈ + ریکٹی فائیڈ اسپرٹ

۱۰ پاینٹ + سلکڈ-لائم ایک آونس + ڈائیلیوٹ سلیفورک ایڈ حسب ضرورت +

کار-بونٹ اف پوٹاش-حسب ضرورت + کلورا-فارم ۳ آونس + ڈسٹلڈ واٹر

۱۰ آونس + صاف کیا ہوا حیوانی کوئلا حسب ضرورت +

جڑ کو چار پاینٹ اِسپرٹ مین ۲۴ گھنٹہ تک بہگو رکہین اور بار بار ہلاتے رہین بعد از ان

اُسمین باقی اسپرٹ ملا کر پر-کو-لے-ٹر کے اندر بہر دین اور آہستہ آہستہ پر-کو-لٹ

کرین اِس ترکیب سے جو ٹنکچر حاصل ہو اُسکو ایک بوتل کے اندر بہر کر اُسمین چونہ چہوڑ دین

اور گاہے گاہے کئی مرتبہ ہلا دوین تب چہانکر اُسمین ڈائیلیوٹ سلیفورک ایڈ کسیقدر

زیادہ ملا کر پہر چہان لین بعد ازان تین حصہ اسپرٹ کا مقطر کر ڈالین اور جو باقی رہے

اُسمین ڈسٹلڈ واٹر ملا کر دہیمی آنچپر خوب جلد پکا دین جبتک اُس عرق کا صرف ایک تہائی

باقی رہ جاوے اور اُس سے الکحال کی بو نہ آوے تب اُسکو سرد ہونے دین بعد ازان

نہایت احتیاط سے خوب ہلا کر اُسمین کار-بونٹ اف پوٹاش کا عرق ملا دوین تاکہ اُسکی

ساری تریشی ترسیب ہو جاتی رہے - پر اس بات کی ہوشیاری چاہیے کہ سو-لیوشن مذکورہ
زیادہ نہ گرجاوے تب اُسکو چھہ گھنٹہ تک رکھہ چھوڑین اور تب چھان ڈالین بعد ازان
اُسمین اِسقدر کار-بو-نٹ اف پوٹاش ملاوین کہ جسمین وہ عرق خوب کھارا ہو جاوے
اب اُسکو ایک بوتل مین ہمراہ کلورا-فارم کے بھرکہ کئی مرتبہ خوب ہلا ہلا کر دونو کو ملاوین
بعد ازان اُس کلورا فارم ملے ہوئے عرق کو ایسی قیف کے اندر ڈھالدین جسمین ایک
شیشہ کا اسٹاپ کاک لگا ہو اور جب کلو-را-فارم جدا ہو کر نیچے آجاوے تب اُسکو
اُس اسٹاپ کاک کے ذریعہ علیحدہ کرکے ایک ریٹارٹ کے اندر بھرکہ جسمین ریسیور
لگا ہو واٹر باتھہ پر مقطر کرین اور جو شے باقی ہو اُسکو ریکٹی-فایئڈ اسپرٹ مین حل کرکے
تھوڑے حیوانی کوئلہ مین ہیگوررکہین بعد ازان چھانکر اُڑاکر سرد ہونے دین تاکہ صاف
قلمین بندہ جاوین ٭

خاصیت یہ جوہر ہے بلا-ڈو-نا کی جڑ کا قلمین اِسکی بے رنگ اور باریک ہوتی
ہین پانی مین کسیقدر حل ہو جاتی ہین لیکن ایتھر اور الکحال مین زیادہ ٭

استعمال اِس دوا کو ہرگز نہ کھلانا چاہیے کیونکہ یہ نہایت تند دواثر زہر ہے
پُتلیان پھیلانے کے لئے کحال-اِسکے عرق کو آنکھون مین ڈالا کرتے ہین اور
بلا-ڈو-نا کے اکسٹراکٹ اور آئنٹ منٹ کا بھی اِسی مطلب کے لئے آنکھون
کے گرد لیپ کرتے ہین ٭

اُسکے چار مرکب ہین

لاطین ——————— ——————— انگریزی

انگو-اینٹم-ایٹرو-پی ——————— اینٹ منٹ اف ایٹرو-پیا

نسخہ-ایٹرو-پیا ۸ گرین ٭ ریکٹی-فایئڈ اسپرٹ آدھ ڈرام ٭ بنزائیڈ لارڈ ایک
آونس ٭ ایٹرو-پیا کو اسپرٹ مین حل کرکے اُسمین چربی ڈالکر خوب ملالین ٭

ناقضات - مرکبات بلاڈونا یا ایٹرو۔پیا کے ساتھ سوڈا یا پوٹاش استعمال نہ کرنا چاہئے کیونکہ اسمین جو ایٹرو۔پیا ہوتا ہے ان دوا کے ساتھ ملنے سے اسکی تیزی جاتی رہتی ہے ÷

لاٹین		انگریزی
ایٹرو۔پی۔سلفاس		سلفٹ اف ایٹروپیا

لنسخہ - ایٹرو۔پیا ۱۲۰ گرین ÷ ڈسٹلڈ واٹر ۴ ڈرام ÷ ڈائیلیوٹ سلفیورک اسڈ حسب ضرورت ÷ ایٹرو۔پیا کو پانی مین ملاکر اسمین تہوڑا تہوڑا اسڈ چہوڑتے جاوین اور ملاتے جاوین جبتک ایٹرو۔پیا حل ہوجاوے اور وہ عرق نیو۔ٹرل بنجاوے تب اسکو ۱۰۰ درجہ کی گرمی تک اڑا کر خشک کر ڈالین ÷

خاصیت یہ ایک صاف سفوف ہوتا ہے پانی مین حل ہوجاتا ہے اسکا عرق اگر آنکھ مین ڈالا جاوے تو پتلیان پہیلجاتی ہین - یہ ایک نہایت زود اثر زہر ہے ÷

لاٹین		انگریزی
لے۔مے۔لی اٹرو۔پائی۔نے		ڈسکس اف اٹرو۔پائین

جے - لاٹین اور گلائی۔سی۔ریئن سے یہ ٹکیہ بنتی ہین - ہر ایک ٹکیہ کا وزن ایک گرین کا پچاسوان حصہ ہوتا ہے اور اسمین ایک گرین کا $\frac{1}{۵۰۰۰}$ حصہ سلفٹ اف اٹروپیا ہوتا ہے ÷

لاٹین		انگریزی
لائیکوار - ایٹرو۔پی۔سلفی۔ٹس		سولیوشن اف سلفٹ اف ایٹروپیا

لنسخہ - ایٹرو۔پیا سلفٹ ۹ گرین ÷ کمفر واٹر - ½ ۱۶ ڈرام ÷ حل کرین ÷

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

بکو ———————————————— بیو۔کو

یہ خشک پتے ہوتے ہین جو کیپ اف گوڈہوپ سے آتے ہین اور یہ تین قسم کے درخت سے ملتے ہین ۔

اول۔ بے۔راس۔ما بی۔ٹیو۔لائی۔نا ٭ دوم بے۔راس۔ما کرے۔ینو۔لی۔ٹا ٭ سوم بے۔راس۔ما سی۔را۔ٹی۔فو۔لیا ٭

خاصیت اِن تینون قسم کے درخت کے پتے چکنے ہوتے ہین اور انکی نوکون اور کنارون پر جو آرہی کے طور پر دانت ہوتے ہین اُنپر شفاف نقوط پاے جاتے ہین بو انکی تیز اور ذائقہ کافوری ہوتا ہے ٭

اول بے۔راس۔ما بی۔ٹیو۔لائی۔نا کے پتے قریب پون انچ لمبے اور سخت ہوتے ہین اور کم چوڑی جانب نیچے کیطرف ہوتی ہے نوک انکی خمدار اور چھوٹی ہوتی ہے اور آرہی کے طور پر تیز اور سخت چھترے ہوئے دانت ہوتے ہین ٭

دوم بے۔راس۔ما کرے۔ینو۔لے۔ٹا کے پتے قریب ایک انچ لمبے شکل بیضوی اور نوک کی جانب کم چوڑی ہوتی ہے نوک انکی بھونٹی دانت چھوٹے چھوٹے اور انمین پانچ رگین ہوا کرتی ہین ٭

سوم بے۔راس۔ما سی۔را۔ٹی۔فو۔لیا کے پتے ایک انچ سے ڈیڑہ انچ تک لمبے اور دونو جانب گاؤدم۔ دانت اِنکے تیز اور باریک ہوتے ہین اور رگین اِنمین تین ہوتی ہین ٭

اجزا۔ نہایت تیز بو کا ایک لطیف روغن اور ایک تلخ جوہر جسکو بے۔راس مین کہتے ہین ٭

فائدہ اور استعمال فائدہ اِسکا کسیقدر ٹانک اور اسٹو۔مے۔کک ہے

لیکن خاص اثر اسکا اعضاے بول پر ہوتا ہے اِسکو یُرانی سسٹائی ٹس مین اور اعضاے بول کی بیماریبین دیا کرتے ہین اور اسکا فائدہ ڈا-یو-رے ٹک اور کبھی کبھی ڈا-یا-فو-رے ٹک بہی ہوتا ہے ٭

خوراک سفوف کے ۲۰ گرین سے ۶۰ گرین تک ٭

لاٹن	انگریزی
انفیوزم بکو	انفیوژن اف بیو-کو

نسخہ بیو-کو کچلا ہوا-آدہا آونس ٭ کہولتا ہوا ڈسٹلڈ ۱۰ آونس ٭ بند برتن مین آدہے گہنٹہ تک بہگو کر چہان لین ٭

خوراک ایک آونس سے ۴ آونس تک ٭

لاٹن	انگریزی
ٹنکچورا-بوکو	ٹنکچر اف بیو-کو

نسخہ بیو-کو کوٹا ہوا ڈہائی آونس ٭ پروف اسپرٹ ایک پاینٹ ٭

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکونایٹ کے **خوراک** ایک ڈرام سے ۲ ڈرام تک ٭

لاٹن	انگریزی
بن-زائی-نم	بن-زائن

اِسکے درخت کو اسٹائی-رَاکس بن-زائین بولتے مین یہ شے رال کے طور پر اسی درخت سے نکلتی ہے اور سائم اور سوما-ٹرا کے ٹاپو سے آتی ہے ٭

خاصیت-بہت سے دانے آپس مین جڑکر ٹکڑے بنتے ہین یا یہ چیز قریب بہورے رنگ کے ڈونمین ملتی ہے جنمین اِسکے سفید سفید دانے ہوتے ہین اور بعض اوقات نہین بہی ہوتے-ذائقہ کم بو خوش گرم کرنے سے اِس سے بن-زائیک ایسڈ کا

دہوان اُٹھتا ہے اور ریکٹی- فائیڈ اسپرٹ اور سو- لیوشن اف پوٹاش مین یہ چیز گلجاتی ہی*

اجزا - اِسکے ۱۰۰ حصہ مین ۱۵ سے ۲۰ حصہ بن- زائنک اِسڈ ہوتا ہے اور ۸۰ حصہ رال*

فائدہ اور استعمال فائدہ اسٹی- میو- لنٹ اکسپکٹورنٹ ہے سابق مین اسکو کرانک برانکائیٹس مین دیا کرتے تھے اسکا ٹنکچر بطور اسٹی- میو- لنٹ کے زخمون پر لگایا کرتے ہین بن- زائنک اِسڈ جب کہایا جاتا ہے تو جسم کے اندر ہائی- پیورک اِسڈ مین بدل جاتا ہے چنانچہ اسیطور پر پیشاب کے ساتھ نکل آتا ہے کہ جس سے پیشاب تُرش ہوجاتا ہے بعض دفعہ جب کہ- ٹارس و سے- سے مین پیشاب کہارا ہوجاتا ہے تب یہ دوا مفید پڑتی ہے*

خوراک - ۱۰ سے ۳۰ گرین تک*

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹن	انگریزی
اسیڈم- بن- زائنکم	بن- زائنک اسڈ

یہ اِسڈ- بن- زائین سکو بترکیب سبلی- میشن حاصل ہوتا ہے*

خاصیت - اِس چیز کے قلمدار ہلکے پرون کے طور پر فرد ہوتے ہین اور اِسکی قلمین باریک سوزون کے طور پر بہی ہوتی ہین- بونیز مثل بن- زائن کے پانی مین کم حل ہوتی مگر ریکٹی- فائیڈ اسپرٹ مین فوراً آنچ دینے سے سارے کا سارا اُڑجاتا ہے*

فائدہ اسٹی- میو- لنٹ اور اکسپکٹورنٹ کہتے ہین کہ نیند مین جب پیشاب از خود نکل جاتا ہے تو اُسکو یہ دوا فائدہ کرتی ہے اور مرض کے- ٹارس وے- سی- سی مین جب پیشاب کہارا ہوجاتا ہے تب بہی یہ دوا مفید پڑتی ہے*

خوراک ۱۰ سے ۱۵ گرین تک- یہ اِسڈ مفصلہ ذیل مرکبات مین پڑتا ہے-

ایموٹی - بن - بزواس ٹنکچورا - کمفوری کمپازیٹا اسکے ایک آونس مین دوگرین -
ٹنکچورا - اوپیائی - ایموٹا اسکے ایک آونس مین ۹ گرین *

لاٹن	انگریزی
ٹنکچورا - بن - زائی - نے کمپازیٹا	کمپاؤنڈ ٹنکچر اف بن - زائین

نسخہ بن - زائن کوٹا ہوا ۲ آونس * پری - پیارڈ - اسٹوراکس - ڈیڑہ آونس * بالسم اف ٹولو - آدہا آونس * سوکوٹرائن - الوز ۱۲۰ گرین * ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ایک پاینٹ * سات روز تک بہگوکر چہان کر اسمین اسقدر ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ملادین جتنے مین ایک پاینٹ پورا ہوجاوے *

خوراک آدہے سے ایک ڈرام تک *

فائدہ اور استعمال - یہ مرکب عمدہ اکسپکٹو رینٹ ہے اسکو کہانسی مین دیا کرتے ہین - بعض دفعہ کمزور زخمون پر اسکو لگایا بہی کرتے ہین کورٹ - پلاسٹر یہ سیاہ رنگ کی پٹی ہوتی ہے چہرہ یا ہاتہون پر جب کوئی پہنسی پیدا ہوتی ہے تو بدصورتی کو چہپانے کے لئے اس پٹی کو لگا دیتے ہین - اسکے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ ایک ٹکڑا ابلدریک سیاہ ریشمی کپڑے کا لیکر پہلے اُسپر جے - لا - ٹین کے عرق کا پچارا پہیر دیتے ہین بعدازان بن - زائین کو اسپرٹ مین حل کرکے اُسپر پہیر دیتے ہین

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن	انگریزی
ٹراگی - سائی - ایسڈائی بن - زائی - سائی	بنزاک ایسڈ لا - زنجز

نسخہ بنزاک ایسڈ - ۳۶۰ گرین * قند سفوف کیا ہوا - ۲۵ - آونس * گم اکاشیا سفوف کیا ہوا - ایک آونس * میو - سیلج اف گم اکاشیا ۲ - آونس * ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت *

ترکیب مثل دیگر لائیکر کے اسکو فی لائیج مین نصف گرین نیز ایک اسٹڈ ہوتا ہے ٭٭

خوراک ایک سے ۵ لائیج تک ٭

لاٹین ــــــــــــ ــــــــــــ انگریزی

پائی - منیٹا ــــــــــــ پائی منٹو

اِسکے درخت کو یو - جی - نیا پائی - منیٹا بولتے ہین - اسی درخت کے کچے خشک کئے ہوئے

پہل جو وسٹ انڈیا کے ٹاپو سے آتے ہین دوا مین ہوتے جاتے ہین ٭

خاصیت - پہل اِسکے چہوٹے مٹر کے برابر ہوتے ہین رنگ اِنکا بہورا ہوتا ہے نیچے

کیجانب پر تاج کے طور پر دانت ہوتے ہین اندر کا رنگ زردی مایل اور انہین گہرے

بہورے رنگ کے دو بیج ہوتے ہین اور ذایقہ خوش گرم اور خاص ٭

اجزا - لطیف روغن اور سبز روغن اور ریے - ثن ٭

فائدہ امیو - لنٹ مدارد - ماٹنک ٭ اسٹو - ما - گک ٭

استعمال اس دوا کو بدہضمی مین اور ایام حمل مین جو قے ہوا کرتی ہے اُسکے روکنے

کے لئے اور شکم کا نفخ دور کرنے کے واسطے دیا کرتے ہین ٭

خوراک سفوف کے ۵ گرین سے ۲۰ گرین یا زیادہ تک ٭

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹین ــــــــــــ ــــــــــــ انگریزی

او - لیئم - پائی - منٹی ــــــــــــ آئیل اف پائی - منٹو

انگلنڈ کے اندر یہ روغن پائی - منٹو سی - ڈیسٹی - لیشن کی ترکیب سے نکالا جاتا ہے ٭

خاصیت بالکل بے رنگ یا کسیقدر سُرخی مایل جب تازہ نکلا ہوا ہوتا ہے لیکن

پُرانا ہونے سے بہورا ہو جاتا ہے - بو اور ذایقہ پائی - منٹو کا - یہ روغن پانی مین

ڈوب جاتا ہے ✦

استعمال- اِس روغن کو جلاب کے ہمراہ کہلایا کرتے ہین یا زخمی دانتون مین واسطے درد موقوف کرنے کے لگایا کرتے ہین ✦

خوراک ایک بوند سے ۵ بوند تک ✦

لاٹن ——————— انگریزی

اکوا - پائی - منٹی ——————— پائی - منٹو - واٹر

نسخہ - پاتی - منٹو کوٹا ہوا ۱۴ - آونس ✦ پانی ۲ گیالن ✦ ایک گیالن معطر کرلین ✦

خوراک ایک آونس سے ۲ آونس تک ✦

لاٹن ——————— انگریزی

پی - رہی - را - ڈکس ——————— پی - را - روٹ

اِسکے درخت کا نام کان - ڈرو - ڈن - ڈرم ٹو - من - ٹو - زا ہے - خشک جڑ اس درخت کی جو ملک برازیل سے آتی ہے دوا مین برتی جاتی ہے ✦

خاصیت اِسکی جڑ لمبی لمبی قریب بیلن کی شکل کے تہوڑی بہت بلدار ٹکڑون مین ملتی ہے - یہ ٹکڑے پون اِنچ سے دو یا زیادہ اِنچ تک موٹی اور اُنپر باریک بہورا سیاہی مایل چہلکا ہوتا ہے - باہر کی جانب لمبی لمبی جہریان اور آڑی آڑی دہاریان اور شقوق ہوتے ہین - اندر کا رنگ زردی مایل یا سُرمئی بہورا مایل اور ہم مرکز چکرین ہوتی ہین - بے بو مگر ذایقہ تلخ ✦

اجزا - رال ✦ نشاستہ اور ایک تلخ جوہر جسکو سے - سام - پے - لیا یا پے - لو - سیا بھی بولتے ہین ✦

فائدہ اِسکا ٹبر ٹانک لیکن اِس فائدہ کے لئے اِسکو استعمال نہین کرتے اِسکا اصل

فائدہ ڈا-یو-ریٹک ہے - اثر اسکا مثانہ کے میو-کس ممبرین پر ہوتا ہے *

استعمال اس دوا کو پرانی سسٹائی-ٹس کے مرض مین واسطے خراش رفع کرنے اور کم کرنے میو-کس رطوبت کے دیا کرتے ہین - پیشاب ترش یا کہارا ہو اوس بموجب اس دوا کو ہمراہ نائٹرک ایسڈ یا الکلی کے دے سکتے ہین اور پرانی گردہ کی سوزش مین بھی دیا کرتے ہین *

خوراک اسکے سفوف کی ۳۰ گرین سے ۶۰ گرین تک *

اسکے تین مرکب ہین

لاٹن ———— ———— انگریزی

ڈی-کاکٹم-پریرا-ری ———— ڈی-کاکشن اف پریرا

نسخہ - پریرا کی جڑ کوٹی ہوئی سوا آونس * ڈسٹلڈ واٹر ایک پائنٹ * پندرہ منٹ تک جوش دیکر چہان لین - سارے عرق کو ایک پائنٹ ہونا چاہئے *

خوراک ایک آونس سے دو آونس تک *

لاٹن ———— ———— انگریزی

اکسٹراکٹم پریری ———— اکسٹراکٹ اف پریرا

نسخہ - پریرا کی جڑ کوٹی ہوئی ایک پاؤنڈ * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت * ایک پائنٹ پانی مین پریرا کو ۲۴ گہنٹہ تک بہگو رکہین تب ایک پر-کو-لے-ٹر مین بہر کر اوپر سے پانی چہوڑین اور عرق کو آہستہ آہستہ مقطر ہونے دین جبتک ایک گیالن مقطر ہو جاوے یا جبتک پریرا کا سارا جوہر کہچ آوے اب عرق کو واٹر باتہ پر اڑا کر اسقدر گاڑھا کرین جسمین گولیان بن سکین *

خوراک ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک *

لاٹین ——————— انگریزی

اکسٹراکٹم پریری اے۔کوئیڈم ——————— لے۔کوئیڈ اکسٹراکٹ اف پیریرا

نسخہ۔ اکسٹراکٹ اف پیریرا حسب ضرورت ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت + ریکٹی فائیڈ حسب ضرورت
ایک حصہ ریکٹی فائیڈ اسپرٹ اور تین حصہ پانی ملاکر ایک مکسچر اسقدر تیار کرین کہ جسمین چار حصہ
اکسٹراکٹ کا حل کرنے سے کل لے۔کوئیڈ اکسٹراکٹ سولہ حصہ ہوجاوے ضرورت
ہوتو اسکو چہان لین +

خوراک ½ سے ۲ ڈرام تک +

لاٹین ——————— ہندی ——————— انگریزی

پائپر۔نائیگرم ——————— کالی مرچ ——————— بلاک پیپر

اِسکے درخت کو پائی۔پر۔نائیگرم بولتے ہین۔اِس درخت کے کچے پہل خشک کئے ہوئے
جو ایسٹ انڈیا کے ٹاپو سے آتے ہین دوا مین برتے جاتے ہین +

خاصیت۔ سیاہ مرچ چہوٹی چہوٹی گول سی اور پُر شکن ہوتی ہے چہلکا اِسکا سیاہ
اور کسیقدر بہورا ہوتا ہے جسکے اندر ایک زرد اور کسیقدر سُرمئی رنگ کی گول
گری ہوتی ہے بوخوش اور ذایقہ چرپرا اور کسیقدر تلخ ہوتا ہے +

اجزا۔ تیز ملایم رال + لطیف روغن اور پائی۔پرین +

فائدہ اور استعمال۔ کالی مرچ اکثر مصالحہ کے طور پر برتی جاتی ہے فائدہ اِس کا
اِسٹی۔میو۔لنٹ اسٹو۔ما۔کک ہے اور اثر اِسکا ریکٹم کے میو۔کس ممبرین پر ہوتا
ہے اسواسطے بواسیر کی بیماری مین کالی مرچ مفید پڑتی ہے اور اِسکا اثر یوری۔تہرا
کے پردہ پر بہی ہوتا ہے پس اِسکو بجاے کباب چینی کے سوزاک مین دے سکتے
ہین۔کالی مرچ مین ایک جوہر ہوتا ہی جسکو پائی۔پارین بولتے ہین۔فائدہ اِس جوہر کا

انٹے - پے - ریا - ٹوک ہے کہتے ہین کہ باری کے بخار مین ایسواسطے سیاہ مرچ مفید ہے - کالی مرچ یا اسکے روغن کو باہر بطور رو - بی - فی - شنیٹ کے لگاتے ہین اور روغن کو بعض دفعہ گلے کے اندر بھی لگاتے ہین جبکہ گلا آجاتا ہے اور اُس باعث ڈھیلا ہوجاتا ہے ؛

خوراک ٥ گرین سے ٢٠ گرین تک ؛ مرکبات جنمین کالی مرچ پڑتی ہے مع اُسکی مقدار کے کن فکشیو - او - پیپائی کے ١٣ حصہ مین ایک حصہ - کنفکشیو - پائی - پرس دس حصہ مین ایک حصہ - پلس - او - پیپائی کمپازیٹس ٧ ½ حصہ مین ایک حصہ ۔

اِسکا ایک مرکب ہی

لاٹن	انگریزی
کنفکشیو - پائی - پارس	کنفکشن اف پیپر

نسخہ کالی مرچ باریک سفوف کی ہوئی ٢ آونس ؛ کے - ری - دی - باریک سفوف کیا ہوا ٣ آونس ؛ صاف کیا ہوا شہد ١٥ آونس ؛ سبکو ایک کھرل مین خوب رگڑ ڈالین -

خوراک ٦٠ گرین سے ١٢٠ گرین یا زیادہ تک ۔

لاٹن	انگریزی
پو - ڈو - فائی - لائی - راڈکس	پوڈو فائی لم روٹ

اِسکے درخت کا نام پو - ڈو - فائی - لم پل - ٹی - ٹم ہے - اِس درخت کی خشک جڑ جو امریکا شمالی سے آتی ہے دوا مین برتی جاتی ہے ۔

خاصیت جڑ مختلف لمبائی کی ہوا کرتی ہے اور قریب دو لائن موٹی اور اکثر ٹکڑون مین لمبائی سے شکن ہوا کرتا ہے باہر کا رنگ گہرا بھورا مائل بسرخی ہوتا ہے اور

اندر کیجانب سفیدی مایل - اسکو توڑنے سے تہوڑاہی چرجاتا ہے اور اسمین ہلکے بہورے رنگ کی باریک باریک جڑین لگی رہتی ہین سفوف اسکا سُرخی مایل بزرد ہوتا ہے - بوکسیقدر ریشہ رہین - ذایقہ کسیقدر تلخ اور تیز اور اس سے جی متلاتا ہے اس جڑ کا ایک جوہر ہے جسکو پو - ڈو - فائی - لائی ریزینا بولتے ہین ؛

اجزا - پو - ڈو - فائی - لم ریزن ؛

لاٹین ———————— انگریزی

پو - ڈا - فائی - لائی ریزینا ———————— ریزن اف پو - ڈو - فائی - لم

لنسخہ - پو - ڈو - فائی - لم کی جڑ کوٹی ہوئی ایک پاونڈ ؛ ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ ۳ پائنٹ یا حسب ضرورت ؛ ڈسٹلڈ واٹر - حسب ضرورت ؛

جڑ کے سفوف مین اسپرٹ ملاکر پر - کو - لِٹ کرین اور جو ٹنکچر حاصل ہو اُسکو آلہ اشتل مین بہر کر بہت سا حصہ اُس اسپرٹ کا کہنیچ لین ؛ ٹنکچر کے مقطر کرنے کے بعد جو رقم رہ جاوے اُسکو اسکے تگنا پانی مین آہستہ آہستہ چہوڑتے جاوین اور بار بار ہلاتے جاوین - اب اُس مکسچر کو ۲۴ گہنٹہ تک ٹہیرنے دین تاکہ ریزن نیچے بیٹھہ جاوے - اب اُس ریزن کو فلٹر پر رکہکر ڈسٹلڈ واٹر سے دہو ڈالین بعد ازان اسکو انگیٹھی مین خشک کرلین ؛

خاصیت باریک سفوف ہوتا ہے رنگ خفیف زردی سے لیکر گہرا نارنجی ہوتا ہے ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ اور امو - نیا مین حل ہوجاتا ہے ؛

خوراک ۱/۴ گرین سے ایک گرین تک ؛

اسکا ایک مرکب ہی چنانچہ

لاٹین ———————— انگریزی

ٹنکچورا - پو - ڈو - فائی - لائی ———————— ٹنکچر اف پو - ڈو - فائی - لم

نسخہ پو-ڈو-فائی-لم ریزن ۱۶۰ گرین * ریکٹی فائیڈ اسپرٹ - ایک پائنٹ *
حل کرکے چہان لین * اِسکے ایک ڈرام مین ایک گرین ریزن ہوتا ہے *
خوراک ۵ ا قطرے سے ایک ڈرام ہے *

اثر اور استعمال پو-ڈا-فلین ریزن کا - اِسکی جڑ اور ریزن دونو تیز مسہل
ہین لیکن اکثر اِسکا ریزن ہی دوا کے طور پر استعمال مین آتا ہے * بدن پر لگایا جائے
تو اِس سے خراش ہوتا ہے - کوٹتے اور پیستے وقت سفوف اِسکا جسم پر لگ جاوے
تو زخم پیدا ہوتے ہین اور اُڑکر آنکھون مین پڑجاوے تو عرصہ تک آشوب جاری
رہتا ہے * کہلاتے وقت دہن کے اندر کچھ عرصہ تک رکھی رہے تو زبان اور
حلق مین انفلامیشن ہوجاتا ہے لیکن معمولی ترکیب سے یعنے گولیون کے طور پر جب کہلائی
جاتی ہے تب یہ باتین نہین ہونے پاتین * اِس دوا کے کہلانے سے رودہ کے
میو-کس پردہ اور غدودون کو شدت سے تحریک ہوکر کہلے طور پر رقیق دست
آنے لگتے ہین - اِسکے اثر کا بہت ساحصہ ڈیو-ڈی-نم رودہ پر ہوتا ہے جس سے
جو کچھ اِس رودہ مین ہوتا ہے یہ دوا اُسکو جلد بہاکر نیچے کے رودون مین لا ڈالتی
ہے - اور یہ اثر اِسکا چونکہ کیا-لو-مل کیطرح پر ہوتا ہے اِسواسطے اِس دوا کو
وے-جی-ٹے-بل مرکری (یعنے نباتی سیماب) کہتے ہین * لیکن کیا لو-مل
کے طور پر اِسکا اثر الٹرے-ٹیو نہین ہے *
اثر پو-ڈا-فلین کا جلپ کے نہایت مشابہ ہوتا ہے مگر اِسکے معمولی پر-گے-ٹیو مقدارون کا
(۱/۴ یا ۱/۲ گرین) اثر دیر سے پیدا ہوتا ہے اور یہ اثر مختلف انسان مین مختلف طور پر
نمایان ہوتا ہے یعنے بعض دفعہ ریزن کی چوتہائی گرین سے چند گھنٹہ کے اندر دست
آنے لگ جاتے ہین اور بعض دفعہ نصف گرین کے استعمال سے ۱۰ یا ۱۲ گھنٹہ تک
بہی دست نہین آتے اور بعض اوقات اُس مقدار سے دست آتے ہی نہین ہین -

بعض دفعہ اِس دوا سے نہایت شدت سے پیچش اور غثیان ہوتا ہے *

علاوہ رودون کے غدودون اور ڈیو-ڈی-نم کے اسکا اثر جگر پر بھی ہوتا ہے یعنے اُس عضو کو تحریک ہوتی ہے اور بکثرت صفرا خارج ہونے لگتا ہے * صفرا اِس دوا کو حل کر دیتا ہے مگر جب زیادہ مقدار مین کہلائی جاتی ہے تب صفرا اسکو حل نہین کر سکتا کیونکہ اِس صورت مین پو-ڈا-فلین نہایت تیزی سے رودون مین گزر جاتا ہے اور اِس صورت مین جگر کو بھی اُسقدر تحریک نہین ہوتی جسقدر اِس کی تہوڑی مقدار کے استعمال کرنے سے ہوا کرتی ہے * پس چونکہ پو-ڈا-فلین کا اثر رودون اور جگر پر ہوتا ہے اسواسطے اُن اعضا کی مختلف بیماریون مین اِس دوا کو بکثرت استعمال کرتے ہین مثلاً جب جگر مین کسیقدر اجتماع خون کا ہوتا ہے یا جگر سست پڑا رہتا ہے اور اچھی طرح صفرا پیدا نہین کر سکتا تب چوتہائی گرین کی مقدار مین ریزن کے کہلانے سے پور-ٹل سر-کیو-لے-شن تیز ہو جاتا ہے - اگر اِس سے پیچش ہو تو اکسٹراکٹ اف بلا-ڈو-نا یا ہایو-سئی-مس کے ملانے سے وہ بات نہین ہونے پاتی - لیکن یہ قاعدہ یاد رہے کہ جب اِس دوا کو جلاب کے طور پر دینا ہو تو کسی عمدہ کے-تہار-ٹک پِل کے ہمراہ کہلانا چاہئے جیسے اِلوز یا کا-لو-سِنتھ تاکہ اثر اسکا اچہے طور پر ہو جاوے * نہایت عمدہ ترکیب اِس دوا کے دینے کی گولیون کے طور پر ہے *

یہ چند نسخے پو-ڈا-فلین کے استعمال کے لئے اچہے ہین -

نسخہ پو-ڈا-فلین ریزن ۱/۴ گرین * اکسٹراکٹ اف ہایو-سئی-مس ۱/۲ ۲ گرین * اکسٹراکٹ اف بار-بے-ڈوز اِلوز ڈیڑہ گرین * سبکو ملاکر ایک گولے بنا دین اور حسب ضرورت سوتے وقت کہلا دین *

نسخہ - پو-ڈا-فلین ریزن ۱/۲ گرین * اکسٹراکٹ اف بلا-ڈو-نا ۱/۲ گرین *

کمپاونڈ- رو-بربب پل ۳۰ گرین + سبکو ملاکر آٹھہ گولیون مین تقسیم کرین اور اِنمین سے ایک ہر تیسری شب کہلاوین +

پو-ڈا-فلین کو عرق کے طور پر دینا ہو تو یہ نسخے اچھے ہین +

نسخہ- پو-ڈا-فلین ریزن ۳ گرین + ریکٹی-فائیڈ- اسپرٹ ۴ ڈرام + حل کرلین اور اسمین سے ۱۰ قطرے ہمراہ پانی کے دنمین دو دفعہ پلاوین +

نسخہ- پو-ڈا-فلین ریزن ۴ گرین + ٹنکچر اف جنجر ۳ آونس + حل کر کے بمقدار ایک ڈرام کے ہمراہ دو آونس پانی کے رات کو سوتے وقت پلاوین +

خوراک پو-ڈا-فلین کے جڑ کی سفوف کی ۱۰ سے ۳۰ گرین تک- اِسکے ریزن کی چوتہائی سے ایک گرین تک +

لاٹن	فارسی	انگریزی
پرو-نم	آلو بخارا	پرون

اِسکے درخت کو پرو-نس ڈو-مس-ٹیکا بولتے ہین - یہ درخت یوروپ جنوبی مین بویا جاتا ہے - اسکا پہل خشک کیا ہوا دوا مین برتا جاتا ہے + پنجاب مین بہی یہ میوہ بکثرت پیدا ہوتا ہے +

خاصیت یہ پہل ایک انچ لمبا اور بیضوی شکل کا ہوتا ہے - پُرشکن اور رنگت اسکی سیاہ ہوتی ہے - ذایقہ شیرین اور کسیقدر تیز کن زکشیو-سنی مین یہ میوہ پڑتا ہی

اجزا- شکر + مے-لِک اسڈ + گوند اور پک-ٹین +

فائدہ اور استعمال دوا مین شاذ ہی یہ برتا جاتا ہے پر اکثر اسکو بطور لکیٹی-ٹیو کے کہایا کرتے ہین لیکن اِسکے کہانے سے نفخ اور پیچش ہو جایا کرتی ہے +

خوراک دو آونس سے زیادہ +

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

پائی-ری-تہرائی-ری-ڈکس ——————— پی-لی-ٹری-روٹ

اسکے درخت کو ا-نا-سائی-کلس پائی-ری-تہرم بولتے ہین-یہ دوا لی-ونٹ سے آتی ہے *

خاصیت اسکے ٹکڑے چہوٹے انگلی کے برابر لمبے اور موٹے ہوتے ہین اپر بہورے رنگ کا موٹا چہلکا ہوتا ہے اور جابجا کالے رنگ کے چمکیلے داغ ہوتے ہین چبانے سے لبون اور زبان پر چنچناہٹ اور گرمی پیدا ہوتی ہے *

اجزا-ایک تیز چرپرا جزو جسکو پائی-ری-تہرین کہتے ہین *

فائدہ اور استعمال-اری ٹنٹ اور سائی-لی-گاگ بعض دفعہ دانتون کے درد مین اسکو لگاتے ہین اور جب حلق کا کوا ڈہیلا ہوجاتا ہے یا زبان مفلوج ہوجاتی ہے تب اسکو چباتے ہین *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچرا-پائی-ری-تہرائی ——————— ٹنکچراف پی-لی-ٹری

نسخہ-پی-لی-ٹری کی جڑ جو کوب ہو-۴ آونس * ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ایک پائنٹ *

ترکیب مانند ٹنکچراف اکو-نائیٹ کے (جسکو دیکھو)

فائدہ قدرے ردئی مین اسکے دوچار قطرے ڈالکر دانت پر لگانے سے درد کو تخفیف ہوتی ہے اور پانی مین ملاکر اسکا غرغرہ بہی کراتے ہین *

لاطین ———————— ———————— انگریزی

تھس اے - ری - کے - نم ———————— کا - من فرانکِن سینس

یہ چیز دو قسم کے درخت سے پیدا ہوتی ہے ایک کو بائی - ئنش لٹے - ڈا اور دوسرے کو بائی - ئنش پے - ئش - ٹرس کہتے ہین - اصل مین یہ منجمد تار پین ہے ۔

خاصیت یہ شے منجمد ملائم مکدر اور گہرے زرد رنگ کی رال کے طور پر سخت ہوتی ہے ۔ یہ دوا ام - پلاس - ٹرم پائی - سِنس مین پڑتی ہے ۔

تھیو - برو - ما کو - کا

اِس درخت کے بیجون کو کوٹ کر گرم کر کے اکسپرشین کی ترکیب سے ایک روغن حاصل ہوتا ہے چنانچہ

لاٹین ———————— ———————— انگریزی

او - لی - ام تھیو - برو - مے - ٹیش ———————— آئیل اف تھیو - برو - ما

یہ روغن چربی کے طور پر سخت اور زرد مائل ہوتا ہے - ہوا لگنے سے گندہ نہین ہوجاتا اسیواسطے یہ روغن اکثر سپا - زی - ٹری مین پڑا کرتا ہے ۔ مثلاً اِن سپا - زی - ٹریز مین یہ شے پڑتی ہے ۔

سپا - زی - ٹو - ریائی اسیڈاسی - ٹے - ٹی - سائی

" " " ہائیڈرار - جرائی

" " " آئیو - ڈو - فار - مائی

" " " مار - فائی - نے

" " پلمبائی - کمپازیٹا ۔

تھائی - مال

تامی - مش ول - گے - رش اور مو - نار - ڈا پنک - لے ڈ - نا اور اجوائین کے روغنون مین کاسٹک پوٹاش ملا کر صابون بناتے ہین - اس صابون مین ہائیڈرو - کلورک اسڈ ملانے سے تہائی - مال کی بڑی بڑی خوشبودار قلمین پیدا ہو جاتی ہین انہی روغنون کو خوب سرد کرنے سے بہی تہائی - مال حاصل ہو سکتا ہے ❊

فائدہ اور استعمال تہائی - مال خفیف کاسٹک مگر نہایت سریع الاثر انٹی - سپ - ٹک ہے چنانچہ ایک گرین اسکا دو آونس پانی مین حل کر کے کسی عرق مین ڈالا جاوے تو فوراً ایسا اثر پیدا کرتا ہے کہ اس مین نتو خمیر اُٹھنے پاتا اور نہ سڑاند شروع ہونے پاتی ہے - پس بہ نسبت کار - با - لک اسڈ یا ہے - ی - سی - لک اسڈ کے تہائی مال زیادہ سریع الاثر انٹی - سپ - ٹک دوا ہے ❊ پے - را - سائی - ٹک قسم کی جلد کی بیماریون مین (دیکھو طب رحیمی) اسکا مرہم نہایت مفید ہے چنانچہ ایک حصہ تہائی - مال اور آٹھ حصہ پارا - فین ❊ ڈاڑھی مین چہ سائی - کو - سس (بال چھڑ) اور سر پر جو ٹے - نیا سر - سی - نے - ٹا (یعنے گنج) کی بیماری ہو جاتی ہے - انمین ان مقامات مین سے کسی کے لگانے سے نہایت فائدہ ہوتا ہے چنانچہ ایک حصہ تہائی - مال ۸۰ حصہ پٹ - رو - لی - ام یا ایک حصہ تہائی مال پندرہ حصہ ایتھر مین حل کر لین ❊ یہ دونو عرق جب ملجاتے ہین تب بالون کی جڑون مین نفوذ کر جاتے ہین ❊ لا - رن - جائی - ٹس اور برانکائی - ٹس مین اس نسخہ کا بخار سنگھاتے ہین ❊

نسخہ تہائی مال ۴۰ گرین ❊ اسپرٹ ۳ ڈرام ❊ کاربو - نٹ اف مگنے - شیا ۱۰ گرین ❊ پانی اسقدر جتنے مین تین آونس ہو جاوے ❊ اس عرق کا ایک ڈرام

ایک سو پچاس درجہ گرم پانی مین ملاکر اسکا بخار سنگہا دین ٭ جو مقام جل جائے پہلے اُسکو اس عرق سے دہو دین جسکے ایک آونس پانی مین نصف گرین تہائی - مال ہو اور تب اُس مقام پر اس روغن کو بہر دین جسکے ایک آونس السی کے تیل مین نصف گرین تہائی مل ہو - اسکے کرنے سے جلد آرام آجاتا ہے ٭ یو - کو - رپا مین ایسے عرق کی پچکاری کرتے ہین جسکے ہزار حصہ مین ایک گرین تہائی - مال ہو اور جراحت پر اور اگزی - ما پر اور ناک کے اندر او - زی - نا مین اور حلق کے زخم پر اور سو - رائی - سِس کی بیماری پر اسی عرق مذکورہ بالا کو بطور لو - شن لگاتے ہین ٭

داخلی استعمال اس دوا کا ٹائی - فائیڈ فیور اور پلیوری - سی اور نیو - مو - نیا مین کیا گیا ہے اور کرانک سِس - ٹائی - سِس کہ جسمین رطوبت بکثرت جاری ہوتی ہے - اس دوا کے کہلانے سے بہت ہی فائدہ ہوتا ہے اور ڈا - یا - بے - ٹیز مین بہی دینا بتلاتے ہین ٭ بعض طبیب اس دوا کو ہیضہ مین نہایت فائدہ مند سمجہتے ہین ٭ اس دوا کو عرق کے طور پر ہرگز نہ دینا چاہئے ورنہ منہہ اور گلو مین جلن پیدا ہوگی ٭

خوراک نصف گرین سے دو گرین تک گولی کے طور پر ٭

لاٹن ——— فارسی ——— انگریزی

ٹی - رو - کار - پائی - لگ - نم ——— سُرخ صندل ——— ریڈ - سنڈل - ووڈ

اسکے درخت کو ٹی - رو - کا - پس سن - ٹی - لائی - نس بولتے ہین اس درخت کی لکڑی جو کو - رو - منڈل اور سی - لون سے آتی ہے دوا مین برتی جاتی ہے ٭

خاصیت یہ لکڑی سخت اور وزنی ٹکڑون مین ہوتی ہے باہر کا رنگ اسکا گہرا بہورا اور ٹکڑون کو اگر آڑا تراشا جاوے تو اندر کیطرف گہری اور ہلکے سرخ رنگ کی چکنی تہین

پائی جاتی ہین سفوف کا رنگ خون کے طور پر سرخ ہوتا ہے - بو کم لیکن عجیب - اور ذائقہ خفیف کسیلا - دوا مین اِس لکڑی کی کرچین بہی استعمال ہوتی ہین *

اجزا - ایک جزو رنگین جسکو سان - ٹے - لین بولتے ہین اور گیا - لک ایسڈ *

فائدہ اور استعمال فائدہ اِسکا کچھہ بہی نہین صرف رنگت کیلئے اِسکو استعمال کرتے ہین چنانچہ ٹنکچو رہی - لاونڈ یو - لی - کمپا زیٹا کو اِسی سے رنگتے ہین *

انگریزی	ہندی	لاٹین
ٹو - با - کو لیف	تماکو	ٹی - بی - سائی - فو - لیو

اِسکے درخت کو نی - کو - ٹیا - نا ٹی - با - کم بولتے ہین - یہ درخت امریکا مین پیدا ہوتا ہے اور ہندوستان مین بہی کثرت سے بویا جاتا ہے * اسیکا خشک پتا دوامین استعمال ہوتا ہے *

خاصیت پتے اِسکے بڑے بڑے اور بیضوی یا نوکدار ہوتے ہین اور انپر جا بجا بہورے رنگ کے داغ ہوا کرتے ہین - ان داغون پر بے شمار پشم لگے ہوتے ہین - بو تیز اور عجیب - ذائقہ تلخ اور تیز کہ جس سے جی متلاتا ہے *

اجزا - جوہر نی - کو - ٹیا *

فائدہ تماکو کے کہانے سے سی - ڈو ی - ٹیو فائدہ ہوتا ہے اور اثر اِسکا خاصکر قلب پر ہوتا ہے اور اِسکے کہانے سے اکثر پیشاب بہی زیادہ پیدا ہوتا ہے اسیواسطے اِسکو ڈراپ - سی کی بیماری مین دیا کرتے ہین اِسکا داخلی استعمال بہت کم ہوتا ہی کسلئے کہ اِس سے اکثر نہایت ضعف پیدا ہوتا ہے - سابق مین کہ جب کلورا - فارم ایجاد نہین ہوا تہا اسٹرانگیو - لی - ٹڈ ہر - نیا اور قولنج وغیرہ کی بیماری مین واسطے ڈہیلا کرنے عضلون کے تماکو کی پچکاری کرتے تھے باہر لگانے سی تماکو کا

فائدہ تیز اری - ٹنٹ ہوتا ہے اور بعض دفعہ واسطے ای - رائین فائدہ کے سر کی
بیماریون مین تماکو کا نسوار لیا کرتے ہین اور بعض قسم کے دمہ کے مرض مین سی - ڈی ٹیو
اور اسپکٹو رنٹ فائدہ کے لئے تماکو پلاتے بھی ہین اور اسٹرکینا کے زہر مین بھی
اِسکو استعمال کرتے ہین ٭

تماکو کہایا جاوے یا ریکٹم مین اِسکی پچکاری کیجاوے تو قے آتی ہے - جب اثر
اِسکا خون مین پُہنچ جاتا ہے تب اِسکے زیادہ مقدار مین پتلیان آنکھون کی سُکڑ
جاتی ہین جسم کے کُل عضلے ڈہیلے ہوجاتے ہین - بیمار نہایت نڈہال ہوجاتا ہے
بدن سرد پیشاب جاری اور دست وقے آنے لگتے ہین - دل کی حرکت پست ہوجاتی
ہے اور تنفس کے عضلات مفلوج ہوکر بیمار ہلاک ہوجاتا ہے ٭

زہر کا علاج - قے کراوین اور اسٹمک - پنپ کا استعمال کرین بعد ازان
ادویات اسٹی - میو - لنٹ پلاوین - جلد کے اندر اس - ٹرک - نیا کی پچکاری بھی کرتے
ہین اور مصنوعی ترکیب سے تنفس کو قائم کرین ٭

لاطین	ہندی	انگریزی
ٹی - ما - رنڈس	اِملی	ٹی - مارنڈ

اِسکے درخت کو ٹی - ما - رنڈس انڈیکا بولتے ہین - اِس درخت کے پہل کا تیار کیا
ہوا گودا جو ویسٹ انڈیا کے ٹاپو سے آتا ہے دوا مین برتا جاتا ہے ٭

خاصیت گودا اِسکا چینی مین ملا ہوا ہوتا ہے رنگ اِسکا بہورا اور ذائقہ مے خوش
ہوتا ہے اور اِسمین مضبوط ریشے اور بیج اِسکے چمکدار بہورے رنگ کے علیحدہ
علیحدہ پردون مین ملفوف ہوتے ہین ٭

شناخت ایک ٹکڑا خوب چمکدار لوہے کا اگر اِس گودے مین ایک گھنٹہ تک

لگاکر - کہا جاوے تو اُسپر تانبے کی قلعی نہین چڑہتی - یہ چیز کنفکشیو - سنی مین پڑتی ہی *

اجزا - املی کے گودے مین یہ اجزا ہوتے ہین یعنے شکر * پک ٹہین * سائٹرک اسڈ * ٹار - ٹارک اسڈ * مے - لک اسڈ اور اسڈ ٹار - ٹریٹ اف پوٹاش *

فائدہ اور استعمال - کسیتو - رلکسی ٹیو اور ریفری - ج - رنٹ ہے بخار و غیرہ مین اسکا شربت پلاتے ہین *

خوراک نصف آونس سے زیادہ *

ٹر - پن - ٹائین
یعنی تارپین

یہ شے کئی قسم کے جہاؤ کے درخت سے حاصل ہوتی ہے جنکے اصطلاحی نام یہ ہین - پائی - نَس پے - نَس - ٹرس * پائی - نَس ٹے - وا * پائی - نَس پے - ناسٹر وغیرہ - اگرچہ یورپ اور ہمالیا کے پہاڑون پر بہی یہ درخت پیدا ہوتے ہین مگر تارپین خاصکر امریکا سے آتی ہے *

چیڑ یعنی جہاؤ کے درختون سے اشیاء ذیل حاصل ہوتی ہین

اول تار - پین - یہ شے اُن درختون سے یا تو از خود ٹپکتی رہتی ہے یا ٹہنیون کو پانچہنے سے نکلتی ہے *

دوم آئیل اف ٹر - پن - ٹائین یعنے روغن تارپین - جو درخت کے تار - پین کو مقطر کرنے سے حاصل ہوتا ہے *

سوم ریزن یعنے رال - تارپین یعنے چیڑ کے درخت کے رس کے مقطر ہوجانیکے

بعد مال برتن مین رہ جاتی ہے *

چہارم ٹار یعنے القطرہ اور پچ - چیڑ کے درخت کی جڑ اور لکڑی کو کسی بند جگہہ مین داب کر مقطر کرنے سے یہ دونو چیزین حاصل ہوتی ہین -

اشیاء مذکورہ بالا کا مفصل بیان ذیل مین کیا جاتا ہے *

اول تارپین

چیڑ کے درخت سے جو رس ٹپکتا ہے اُسکو تارپین کہتے ہین - جب یہ شے کچھہ عرصہ تک ہوا مین کہلی رہتی ہے تب اسکا لطیف روغن اُڑ جاتا ہے اور گاڑھا رس رہ جاتا ہے جسکو بازار مین گندہ بیروزہ کہتے ہین * تارپین چار قسم کا ہوتا ہے - ایک تو وہ جو عام تارپین ہوتا ہے - دوسرے وے - نس ٹرپین ٹائین تیسرے کے - نے - ڈا بال - سم * چوتھے فران - کن - سس یعنے لوبان یہ منجمد تارپین ہوتا ہے *

دوم آئیل اف ٹرپن - ٹائین

یعنی

روغن تارپین چنانچہ

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

ٹے - رب - بن - تہے - نی - اولیم ——————— آئیل اف ٹرپن - ٹائین

یہ روغن ڈیسٹی - لیشن کی ترکیب سے تین قسم کے درخت سے حاصل ہوتا ہے -

اول پائی - نس پلے - کس - ٹرس * دوم پائی - نس ٹے - ڈا * سوم پائی - نس پے - نا سٹر * اور یہ آتا ہے امریکا اور فرانس سے - اس روغن کے مقطر ہو جانیکے بعد

برتن مین رال رہ جاتی ہے*

خاصیت شفاف بے رنگ - بو تیز اور عجیب - ذائقہ تیز اور تلخ *

اثر اور استعمال کاؤنٹر اری ٹیٹنٹ کے طور پر اس روغن کا استعمال کثرت سے کرتے ہین - مثلاً انفلامیشن کے مقام پر ٹرپن ٹائن اِسٹوپ (اسکو ٹرپن ٹائن فو - مین - ٹے - شن بھی کہتے ہین) کا استعمال اکثر کیا کرتے ہین جس کی ترکیب یہ ہو کہ فلالین کو آب گرم مین تر کرکے خوب طرح نچوڑ کر اور اوسپر روغن تارپین چھڑک کر مرض کے مقام پر فوراً لگا دیتے ہین * جب یہ روغن پیا جاتا ہے تب اِسکا اثر اسٹی میولنٹ ہوتا ہے اور زیادہ مقدار مین پیا جاوے اور دستون کے راہ نکل نہ جاوے تو جذب ہو کر شراب کی طرح نشہ لاتا ہے * اثر اِسکا اِس - ٹرن - جنٹ بھی ہوتا ہے کیونکہ اِسکے استعمال سے چھوٹی رگین اور عروق شعریہ سکڑ جاتی ہین - جب جذب ہو کر خون کے ساتھ دورہ کرنے لگتا ہے تب یہ روغن جلد کے ذریعہ اور ہوا کی نالیون کے میو - کس پردہ اور گردون کے وسیلہ جسم سے خارج ہوتا ہے یعنے اِسکا فائدہ ڈا - یا - فو - رے - ٹِک اور اِکس - پک - ٹو - رنٹ اور ڈا - یو - رے - ٹِک ہے اور اسیواسطے برانکائی - ٹِس اور اُس قسم کی ڈراپ - سی مین مفید ہے جو جگر کی خرابی کے سبب سے پیدا ہوتی ہے مگر اِسکے استعمال سے پیشاب خون آمیز اور جلکر آسکتا ہے تو اِسکو اُس حالت مین نہ استعمال کرنا چاہیئے کہ جب گردے بیمار ہون *

روغن تارپین نہایت عمدہ کرم کُش دوا بھی ہے مگر اِسکو زیادہ مقدار اور ہمراہ کسٹر ائیل کے دینا چاہیئے ورنہ تنہا زیادہ مقدار مین استعمال کرنے سے پیشاب مین جلن پیدا ہو جاتی ہے ہر - ماس - ٹے - ٹِک کے طور پر اِسکو ہے - ماپ - ٹے سِس کے بیماری مین بہت استعمال کرتے ہین - چنانچہ اِس فائدہ کے واسطے نہایت عمدہ

ترکیب اِسکے استعمال کرنے کی یہ ہے کہ مٹی کی رکابیون مین قدرے آب گرم رکھکر اِنمین تہوڑا تہوڑا روغن تارپین چہوڑ دین - اِس ترکیب سے تارپین کا بخار پیدا ہوجاتا ہے اور وہ بخار مریض کے چارون طرف پہیل جاتا ہے اور جن رگون سے خون آتا ہے اُس بخار کا قابض اثر سیدھا اُنپر ہو جاتا ہے جس سے خون بند ہو جاتا ہے اور اِسی ترکیب سے روغن تارپین کی پچکاری جب نفخ شکم میز کیجاتی ہے تب رودے یکسان سُکڑنے لگتے ہین جس سے شکم کی ہوا خارج ہوجاتی ہے ٭ اِس دوا کو کن شکشن کی شکل پر کہلانا چاہیے کیونکہ وہ مرکب مزیدار ہوتا ہے مثلاً آئی - رائی - ٹش اور ہس - لے - ریا اور پر - پیو - را ہے - مو - را - جیکا مین اِس مرکب کو کہلاتے ہین اور تارپین کے امل - شن کا یہ نسخہ بھی اچہا ہے ٭

نسخہ روغن تارپین ۴ آونس ٭ سفوف اکا - سیا ڈہائی ڈرام ٭ مربہ اف آرنج ایک آونس ٭ امنڈ مکسچر ۸ آونس ٭ سبکو ملاکر ضرورت کے بموجب بمقدار ایک آونس کے دن مین دو دفعہ پلادین ٭

خوراک اِسکی بطور اسٹی - میو - لنٹ اور انٹس - پاز - مو - ڈک یا ڈایو - ریٹک کے ۱۰ بوند سے ۳۰ بوند تک اور بطور ان - تہل مِن - ٹک اور پر - گے - ٹیو کے ۲ ڈرام سے ۴ ڈرام تک اور خون بند کرنے کے لئے ۲۰ بوند سے ۳۰ بوند تک ہمراہ میو - سلج کے دیتے ہین ٭

اِسکے پانچ مرکب ہین

لاٹن ———————— انگریزی

کنفکشیوٹی - رہی - بن - تھے - نی ———————— کنفکشن اف ٹرپن - ٹائین

نسخہ آئیل اف ٹرپن - ٹائین ایک آونس ٭ لے - کورس - روٹ سفوف کی ہوئی

ایک آونس * شہد صاف ۲ آونس *

پہلے ٹر-پن-ٹاین اور لی-کورس کو خوب رگڑ ڈالین بعد اُسکے اسمین شہد ڈالکر سبکو خوب طرح ملالین *

خوراک ۶۰ سے ۱۲۰ گرین تک *

لاٹن ———————— انگریزی

اینما-ٹے-ری-بن-تھے-نی ———————— اینما اف ٹرپن-ٹاین

نسخہ-آئیل اف ٹرپن-ٹاین ایک آونس * میو-سلج اف اسٹارچ ۱۵ آونس *

دونوکو ملالین *

استعمال بطور استھل-من-ٹاک راونڈ ورم مین * اور انٹس-پاز-مو-ڈک اور پر-گے-ٹیو کے طور پر قولنج اور قبضیت اور نفخ شکم اور مرض ہس-ٹے-ریا مین پچکاری کرتے ہین *

لاٹن ———————— انگریزی

لے-نی-منٹم ٹے-ری-بن-تھے-نی ———————— لے-نی-منٹ اف ٹرپن-ٹاین

نسخہ نرم صابون ۲ آونس * آئیل اف ٹرپن-ٹاین ۱۶ آونس * کافور ایک آونس *

ڈسٹلڈ واٹر دو آونس *

پہلے صاف صابون کو پانی مین حل کرین اور تب آئیل اف ٹرپن-ٹاین مین کافور حل کرکے سارے کو خوب رگڑ کر ملا ڈالین *

استعمال اس مرکب کو جلے ہوئے مقام پر اور بطور کاون-ٹر-ار-ی-ٹنٹ کے ملا کرتے ہین *

لاٹن ———————— انگریزی

لے-نی منٹم-ٹے-ری-بن-تھی-نی اسٹیکم ——— لے-نی منٹ اف ٹرپن-ٹاین اینڈ اسٹیک اسڈ

نسخہ آئیل اف ٹرپن ٹائین ۴ آونس + گلے شی رال اسپٹک اسڈ ایک آونس + یعنی منٹ اف کمفر ۴ آونس + سبکو ملالین + یہ نہایت عمدہ کاون ٹر ارینٹ ہے

لاٹن ———— ———— انگریزی

انگو اینٹم ٹے ری بن تھے نی ———— آینٹمنٹ اف ٹرپن ٹائیز

نسخہ آئیل اف ٹرپن ٹائین ایک آونس + رال کوٹی ہوئی ۴۵ گرین + زرد موم آدھا آونس + تیار کی ہوئی چربی آدھی آونس +

سب چیزون کو پانی کی بہانپ یا واٹر باتھ کی گرمی پر آنچ دیوین اور جب پگھل جاوین تب برتن کو آنچ سے اتار کر تبتک گھونٹین جبتک وہ مرکب نہ جم جاوے - اِس مرہم کو جلے ہوئے مقامون پر لگایا کرتے ہین +

سوم ریزن یعنی رال

لاٹن	ہندی	انگریزی
ری زینا	رال	ری زن

مختلف قسمون کے جہاؤ کے درختون سے جب ٹرپن ٹائین مقطر کرلیا جاتا ہے تب جو شے باقی رہتی ہے اسیکو ریزن بولتے ہین +

خاصیت - یہ شے نیم شفاف کسیقدر زرد وبانے سے جلد ٹوٹ جاتی ہے اور پیسنے سے سفوف ہوجاتی ہے ٹوٹی ہوئی سطح چمکیلی ہوتی ہے - ذایقہ اور بو کسیقدر ٹرپن ٹائین کا - گرم کرنے سے آسانی سے گلجاتی ہے اور جلتے وقت اس سے زرد رنگ کا شعلہ اور کثرت سے دہوان پیدا ہوتا ہے +

یہ دوا مرکبات ذیل مین پڑتی ہے چنانچہ

چار ٹا ایس پا سٹیکا -

امپلاسٹرم کے-لی-فی-شنس

" کنہا وڈ ڈس

" پلمبائی آئیو-ڈائی-وڈائی

" پائی-سنس

" ریزی-نے

" سی-پونس

انگو-اینٹم ریزِ نے

" " لے ڈ-ری-بن-تھے-نی

اجزا- رال مرکب ہوتی ہے ان چیزون سے پائی-نک اسڈ * کو-لو-فا-نِک ش اسڈ * اور سِل-وِک اسڈ *

فائدہ اور استعمال اس سے ہمیشہ مرہم بنایا کرتے ہین اور کبھی کھلاتے ہنین *

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹین		انگریزی
امپلاسٹرم ریزِی-نی		ریزن-پلاسٹر

نسخہ- رال ۴ آونس * لڈ پلاسٹر ۲ پاونڈ * سخت صابون سفوف کیا ہوا دو آونس لے- تھارج کو دھیمی آنچپر گلالین بعدازان رال اور صابون گلا کر اُس مین ملا دین اور سب کو آنچ دیوین جبتک وے خوب ملجاوین *

یہ پلاسٹر مرکبات ذیل مین پڑتا ہے *

امپلاسٹرم بلا-ڈو-نی

" کیا-لی-فی شنس

" اوپیائی

لاطین	انگریزی
انگو-انیٹم ریزی-نی	آئینٹ منٹ اف ریزن

نسخہ - رال کوٹی ہوئی ۸ آونس ٭ زرد موم ۴ آونس ٭ سمپل آئینٹ منٹ ۱۶ آونس ٭ روغن بادام ۳ آونس ٭ سب کو نرم آنچ پر گلا کر اس مرکب کو گرم رہتے فلالین سے چھان لین اور جبتک سرد نہو خوب ہلاتے رہین ٭

فائدہ اور استعمال یہ مرہم اسٹی میو-لنٹ ہے اور اسکی ٹٹی کمزور زخمون پر لگایا کرتے ہین ٭

چہارم تار یعنی القطرہ

لاطین	انگریزی
پکس لے-کوئی-ڈا	ٹار

اسکو عربی مین القطرہ کہتے ہین - یہ ایک گاڑھا عرق ہوتا ہے اور پائی-نس سلوس ٹرس اور دوسری قسم کے جھاؤ کے درختون کی لکڑی کو جلا کر ٹپکانے سے یہ حاصل ہوتا ہے ٭

خاصیت یہ ایک گاڑھا سدرا اور سیاہ اور کسیقدر بھورے رنگ کا عرق ہوتا ہے اور اس مین ایک عجیب خوشبو ہوتی ہے پانی ملاکر ہلانے سے رنگ اس پانی کا ہلکا بھورا ہوجاتا ہے - ذائقہ اسکا تیز اور خوش اور اثر تیزاب کے طور پر ٭

اجزا - ریزن ٭ روغن ٭ اسیٹک ایسڈ ٭ پانی ٭ روغن تارپین ٭

فائدہ اور استعمال باہر لگانے سے فائدہ اسکا اسٹی-میو-لنٹ ہوتا ہو چنانچہ اسیواسطے جلدی بیماریون مین مثلاً لپرا اور سو-رائی-سِس اور اکتھیو-سِس مین مفید پڑتا ہے اور تار کا بھاپ پرانی برانکائی-ٹس مین سُنگھانے سے فائدہ ہوتا ہو

اور اِسکو اوپر کی جلدی بیماریون مین اور تھاپٔی سِپسِس مین کہلاتے بھی ہین *
خوراک ۲۰ بوند سے ایک ڈرام تک آٹے مین گولی بناکر کہلاتے ہین یا پانی مین ملاکر
ایک آونس سے ۴ آونس تک پلاتے ہین -

اِسکا ایک مرکب ہے

لاٹین ——————— ——————— انگریزی
انگو - انیٹم پائی سِپِس لی - کوئی - ڈی ——————— آئینٹمنٹ اف ٹار

نسخہ ٹار ۵ آونس * زرد موم ۲ آونس * دھیمی آنچ پر موم کو پگھلاکر اسمین ٹار
چھوڑ دین اور سرد ہونے تک خوب گھونٹتے جاوین *

لاٹین — ——————— ——————— انگریزی
پکس - برگوں - ڈیکا ——————— برگن ڈی پیچ

اِسکے درخت کا نام ابیز اکسل - سا ہے - یہ دوا اِس درخت سے مانند گوند کے نکلتی
ہے اِسکو گلا کر چہان لیتے ہین - یہ چیز ملک سوئیٹ زرلنڈ سے آتی ہے *

خاصیت اگرچہ یہ چیز سخت اور دبانے سے جلد ٹوٹ جاتی ہے تاہم جس برتن
مین اِسکو رکہا جاتا ہے اُسکی شکل پکڑ لیتی ہے یہ دوا مکدّر اور مختلف رنگ کی ہوتی
ہے پر اکثر رنگت اِسکی ہلکی بھوری اور مایل بسرخی ہوتی ہے اور بو اِسکی خاص اور
ایک قسم کے روغن کے طور پر خوش ہوتی ہے - ذایقہ خوشبودار *

اجزا - اِسمین خاصکر ریزن ہوتا ہے اور تھوڑا سا لطیف روغن *

فائدہ برگن - ڈی پیچ کو ہمیشہ بطور پلاسٹر کے استعمال کرتے ہین کہ جس سے
فائدہ اسٹی - میو - لنٹ اور رو - بی - فی - شینٹ ہوتا ہے *

استعمال - پُرانی کہانسی اور سینے کے اَور اَور امراض مین بر - گنڈی پیچ بطور
رو - بی - فی - شینٹ اور کاؤن - ٹر - ارّی - ٹنٹ کے اکثر مفید پڑتا ہے اور

لمبی - گو اور پُرانی رو - ما - ٹیزم مین اِسکا پلاسٹر لگانے سے درد کو اکثر بڑا افاقہ ہوتا ہے - یہ دوا امپلاسٹرم - فرائی کے گیارہ حصہ مین دو حصہ اور امپلاسٹرم پائی سِس مین قریب دو حصہ مین ایک حصہ پڑتی ہے *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹین		انگریزی
امپلاسٹرم پائی سِس		پِچ پلاسٹر

نسخہ بر - گنڈی - پِچ ۲۶ آونس * فران - کن - سِنس ۱۳ آونس * رال سا ڑہی چار آونس * زرد موم ساڑہے چار آونس * روغن جا ے پہل پیڑا ہوا ایک آونس * او - لیو ایل ۲ آونس * پانی ۲ آونس *

فران - کن - سِنس اور بر - گنڈی پِچ اور رال اور موم کو پہلے گلاکر اسمین روغنون او پانی کو ملاوین بعد ازان خوب طرح ہلاکر آنچ دیکر حسب مناسب گاڑہا کرلین - سُشش کی بیماریون مین اسکی - میو - لنٹ کے طور پر سینہ پر لگاتے ہین *

لاٹین		انگریزی
ٹے - ری - بن - تھی - نے کے - نے - ڈن - سِس		کے - نے - ڈا ٹر - پن - ٹائن

جس درخت سے یہ شے پیدا ہوتی ہے اِسکو پائی - نس بال سے - میا کہتے ہین *

خاصیت یہ ایک او - لیو - ریزن ہے - رنگ اِسکا ہلکا زرد اور خفیف سبزی مائل ہوتا ہے - اور یہ شے شفاف اور گاڑہی مثل شہد کے ہوتی ہے - بو خوش ذائقہ قدرے

فائدہ اور استعمال مثل تارپین کے *

خوراک ۲۰ سے ۴۰ گرین تک - یہ چیز دو مرکب مین پڑتی ہی ایک چارٹا ایش پاس سیکا اور دوسرا فلگزا یس کلو - ڈیئم مین *

ایک اور قسم کا درخت جہاؤ ہوتا ہے جس سے مرکب ذیل حاصل ہوتا ہے چنانچہ

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

او-لی-اُم پائی-نائی ہیل-وش-ٹرس ——————— فر-وُوْل آئیل

درخت پائی-نس سل-وِش-ٹرس کے تازہ پتون سے یہ روغن بہ ترکیب ڈیسٹی-لیشن نکالا جاتا ہے ٭

خاصیت-رنگ کچھہ بھی نہین ہوتا ٭ خوشبو مثل لاون-ڈر کے-ذائقہ خوش اور چپال

فائدہ اور استعمال فائدہ مثل تار-پین کے-کرانک رو-ماٹیزم اور جوڑون کے دیگر دردناک بیماریون مین اِس روغن کی مالش کرتے ہین اور اِسکا بخار چونکہ اشٹرنجنٹ اور اسٹی-میو-لنٹ ہوتے-رن-جائی-ٹس اور برانکائی ٹِس اور تھائی-سِس مین سُنگھایا کرتے ہین اور رو-ماٹیزم مین بیمار کو اِس سے غسل بھی دیتے ہین چنانچہ ۸۰ گیالن آب گرم مین نصف آونس اس روغن کا ملالین ٭

اِسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

وی-پر اولیائی پائی نائی سِل-وش-ٹرس ——— ان-ہی-لیشن اف فر-وُوْل آئیل

نسخہ فر-وُوْل-آئیل ۴۰ منم ٭ لایٹ-کار-بونیٹ اف مگ-نے-شیا ۲۰ گرین ٭ پانی حسب ضرورت ٭

روغن اور کار-بونیٹ اف مگ-نے-شیا کو کھرل کرین بعد ازان آہستہ آہستہ اُسمین اِسقدر پانی ملادین جسمین ایک آونس پورا ہوجاوے-اب اِس مرکب کا ایک ڈرام لیکر آدھا پاینٹ سرد پانی اور آدھا پاینٹ کھولتا ہوا پانی ملاکر ایک ایسے آلہ کے اندر رکھہ دین جس سے اُس عرق کے اندر سے ہوا گذر کر مریض کے سونگھنے مین آجاوے ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ٹی-راگ-زی-سائی-رہی-ڈکش ——————— ڈنڈی-لیئن-روٹ

اِسکے درخت کو ٹی-راگ-زی-کم ڈنس-لی-اونس بولتے ہین برٹن کے میدانون مین یہ درخت پیدا ہوتا ہے اور اسکی تازہ جڑ جو درمیان ماہ ستمبر اور فروری کے جمع کرتے ہین دوا مین برتی جاتی ہے *

خاصیت شکل اِس جڑ کی گاؤ دُم ہوتی ہے باہر سے چکنی اور رنگ اِسکا گہرا بہورا ہوتا ہے اور اندر کی رنگت سفید جلد ٹوٹ جاتی ہے تب اِس سے بے بو اور تلخ دودہ کے طور پر رس نکلتا ہے جو ہوا لگنے سے ہلکے بہورے رنگ کا ہو جاتا ہے

شناخت باہر کیطرف یہ جڑ پُر شکن نہین ہوتی اور نہ رنگ اِسکا پہیکا ہوتا ہے اور نہ رس اِسکا پانی کے طور پر ہوتا ہے *

اجزا-اِس جڑ کے دودہ کے طور پر رس مین یہ اجزا ہوتے ہین-ایک چیز کڑوی-کاؤ-چک * گوند * البیو-من * موم * شکر *

فائدہ اور استعمال-ایسا قیاس کرتے ہین کہ اثر اِس دوا کا جگر پر یہ ہوتا ہے کہ اِسکے کہانے سے اُس عضو کی خاص رطوبت یعنے صفرا زیادہ پیدا ہوتا ہے اور اُسکی خاصیت بدل جاتی ہے یہ بات اُسوقت خاصکر ہوتی ہے کہ جب جگر کی رگین خون سے پُر ہوتی ہین اور بہت روز تک کہلانے سے جگر پر اسکا فائدہ الٹرے-ٹیو ہوتا ہے ڈراپ-سی کی بیماری جب جگر کی رُکاوٹ کے باعث پیدا ہو تب اِس دوا کو ہمراہ کسی جلاب کے کہلاتے ہین *

اِسکے چار مرکب ہین

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ڈی-کاکٹم ٹی-راگ-زی-سائی ——————— ڈی-کاکشن اف ٹی-راگ-زی-کم

نسخہ - خشک ٹی - راگ - زی - کم کی جڑ قتلا کی ہوئی اور کوٹی ہوئی ایک آونس *
ڈسٹلڈ واٹر - ایک پائنٹ * ۱۰ منٹ تک جوش دیکر چھان لین - سارے جوشاندہ
کو ایک پائنٹ ہونا چاہیے *
فائدہ ۱ - پلے - رمی - انٹ اور ٹانک * خوراک ۲ آونس سے ۴ آونس تک *

لاطین ——————— ——————— انگریزی

اکسٹراکٹم ٹی - راگ - زی - سائی لی - کوئیڈم — لی - کوئیڈ اکسٹراکٹ اف ٹی راگ - زی کم
نسخہ ڈنڈی - لی - ان کی خشک جڑ کوٹی ہوئی ۲۰ آونس * پروف اسپرٹ ۴ پائنٹ *
ڈسٹلڈ واٹر - حسب ضرورت *
ایک بند برتن مین اسپرٹ کو چھوڑکر اسمین جڑ کو ۴۸ گہنٹہ تک بھگو رکھین بعد ازان نچوڑکر
۲۰ آونس عرق حاصل کر کے علیحدہ رکھہ دین - اب ثفل کو پانی مین چھوڑ کر ۴۸ گہنٹہ تک
بھگو رکھین تب نچوڑکر جو عرق حاصل ہو اسکو چھان لین اور واٹر باتھہ پر آنچ دین جبتک
۱۸ آونس رہ جاوے اب اگلے اور اس عرق کو ملاکر اسمین اسقدر ڈسٹلڈ واٹر
شامل کر دین جسمین ۴۰ آونس پورا ہو جاوے *
خوراک ½ ڈرام سے ۲ ڈرام تک *

لاطین ——————— ——————— انگریزی

اکسٹراکٹم ٹی - راگ - زی - سائی ——————— اکسٹراکٹ اف ٹی راگ - زی کم
نسخہ - ٹی - راگ - زی - کم کی جڑ تازہ - ۴ پاؤنڈ *
جڑ کو کوٹ کر اسکا رس نچوڑ ڈالین بعد اسکے اس رس کو ٹھہرنے دین تب جو صاف عرق
اوپر ہو اسکو ۱۳۰ درجہ کی گرمی تک پکا دین اور اسی درجہ کی گرمی پر اسکو ۱۰ منٹ تک
رہنے دین تب چھانکر واٹر باتھہ پر ۱۶۰ درجہ کی گرمی تک پکا کر حسب مناسب گاڑھا کر لین *
خوراک ۵ گرین سے ۳۰ گرین یا زیادہ تک *

لاٹین ———— ———— انگریزی

سکس لی‌ٹ-راگ-زی-سائی ———— جوس اف ٹی-راگ-زیح کم

لسنخہ - لی‌ٹ-راگ-زی-کم کی جڑ تازہ ۔ ۲ پاؤنڈ + ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ جسب ضرورت +

جڑ کو ایک پتھر کے کہرل مین کوٹ کر رس نچوڑ ڈالین تب ہر تین حصہ رس مین ایک حصہ

اسپرٹ ملاکر سات روز تک رکہہ چہوڑین بعد ازان اُسکو چہان کر ایک سرد جگہہ مین کہہ دین

خوراک ایک ڈرام سے دو ڈرام یا زیادہ تک ÷

لاٹین ———— ہندی ———— انگریزی

ٹراگا-کان-تہا ———— کتیرا گوند ———— ٹراگا-کانتہہ

یہ ایک قسم کی گوند ہوتی ہے اِسکے درخت کو اسٹرا-گے-لس وی-رس بولتے ہین

یہ گوند اِس درخت سے ازخود ٹپکتی ہے اور ایشیا-مائی-نر سے آتی ہے ÷

خاصیت اِسکی چوڑی اور رسیق۔ رخدار سفید یا زردی مایل سخت اور لچکدار چکیتا از

ہوتی ہین - سرد پانی مین کم حل ہوتی ہے مگر پہول کر ایک لعابدار ڈلا بنجاتا ہے ÷

اجزا - اِسمین دو قسم کی گوند ہوتی ہے ایک ٹرا-کان-تہین جو حل ہونے والی گوند

ہوتی ہے اور دوسری با-سو-رین جو غیر حل ہونیوالی گوند ہوتی ہے ÷

مرکبات جنمین کتیرا گوند پڑتی ہے معہ اُسکی مقدار کے - کن-فکشیو-او-پیائی کے

قریب ۱۲۰ حصہ مین ایک حصہ + کن-فکشیو سلیفو-رس جسکے ۲۴۲ حصہ مین ایک

حصہ ہے + میو-سی لی-گو-ٹرا-گا-کان-تہے کے ۱۰ فلوئیڈ آونس مین ۶۰

گرین + پلوس او-پیائی کنپا زیٹس کے ۴۰ حصہ مین ایک حصہ + پلوس ٹراگا-کانتہی

کنپا زیٹس کے چھہ حصہ مین ایک حصہ + میو-سی-لی-گو ٹرا-گان-تہے ÷

فائدہ ڈیمی-مل-سنٹ اور استعمال مانند گم-ارا-بک کے + **خوراک** ۲۰ گرین ÷

اِسکے تین مرکب ہین

لاٹن ______ ______ انگریزی

پلویس ٹراگا-کانتھے کمپازیٹا ______ کمپاونڈ پاوڈر اف ٹراگا-کانتھہ

نسخہ-سفوف ٹراگا-کانتھہ ایک آونس + سفوف گم اکاشیا ایک آونس + سفوف اسٹارچ ایک آونس + سفوف قند ۳ آونس + سبکو اچھے طور پر ملالین +

خوراک ۲۰ گرین سے ۶۰ گرین تک +

لاٹن ______ ______ انگریزی

میو-سی-لی-گو ٹراگا-کان-تھے ______ میو-سیلج اف ٹراگا-کانتھہ

نسخہ سفوف ٹراگا-کانتھہ ۶۰ گرین + ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس + ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ۲ ڈرام +

گوندکو اسپرٹ مین ملاوین تب اُسمین پانی شامل کرکے خوب ہلاوین +

جل-سی-مے-ام

لاٹن ______ ______ انگریزی

جل-سی-مے-ام ______ یلو-جس-مین

اِسکے درخت کو جل-سی-مے-ام نے-ٹے-ڈم بولتے ہین-اِسکی خشک گانٹھین اور باریک جڑین دوا مین کام آتی ہین-یہ دوا امریکا شمالی سے آتی ہے +

خاصیت خشک گانٹھین بیلن کی شکل کی ہوتی ہین-رنگ اُنکا بھورا مائل بزردی ہوتا ہے-آدہے انچ سے چھہ یا زیادہ انچ تک لمبی اور اکثر چوتھائی انچ سے پون انچ تک موٹی ہوتی ہین اور بڑے ٹکڑون پر چھوٹی باریک باریک جڑین لگی ہوتی

ہین - بدبو خوش مگر ذایقہ تلخ *

فائدہ اور استعمال - یہ دوا لگٹ - ریئن ورینو - ریجیا مین نہایت مفید ہے اور پانچوین جوڑے عصب کے دردون مین خاصکر اُن شاخون کی جو نیچے کے جبڑے پر پہیلتی ہین بہت فائدہ کرتی ہے - اور تہائی رسِمِس مین جو بلغم کے ہمراہ خون آتا ہے اور سخت رحم کے مُنہہ کو پہیلانے کے لیئے بہی اِس دوا کو برتتے ہین *

زہر کی مقدار مین جب یہ دوا کہائی جاتی ہے تب بیمار بات چیت نہین کر سکتا اور چل پہر بہی نہین سکتا * ہاتہہ کانپتے ہین - بدن کا حس کم ہو جاتا ہے - نبض پہلے تو سریع اور تب محسوس نہین ہوتی - دم آہستہ لیاجاتا ہے - جسم کی حرارت کم ہوجاتی ہے اور مریض تشنج کیحالت مین مرجاتا ہے *

خوراک ۵ سے ۳۰ گرین تک *

اسکے دو مرکب ہین

لاٹین	انگریزی
اکسٹراکٹم جل سی مے ام	ال کو ہالک کم — ال کو ہالک اکسٹراکٹ آف جل سی مے ام

جل سی مے ام کی گانٹہون کا سفوف ایک پاونڈ اور ریکٹی فائیڈ اسپرٹ اور ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت * پر کو لیشن کی ترکیب سے ٹینکچر تیار کر کے اُسکو اُڑا کر گاڑہا اکسٹراکٹ بنالین *

خوراک نصف گرین سے ۲ گرین تک گولیان بنا کر دینی چاہیئین *

لاٹین	انگریزی
ٹینکچورا جل سی مے آئی	ٹنکچر آف جل سی مے ام

نسخہ - جل سی مے ام کی گانٹہون کا سفوف ڈہائی اونس * پروف اسپرٹ ایک پائینٹ *

ترکیب پر-کو-لیشن کی خوراک ۵ سے ۲۰ منم تک ٭

لاٹین	انگریزی
جی-بو-ران-ڈائی	جی-بو-ران-ڈائی

اِسکے درخت کو پائی-لو-کار-پَس پے-نا-ٹے-فو-لی-اُٹس بولتے ہین - یہ درخت برازیل مین پیدا ہوتا ہے - اسکی خشک کی ہوئی پتیان دوا مین استعمال ہوتی ہین ٭

خاصیت پتیان اکثر چار پانچ یا زیادہ لنبی اور شکل قریب بیضوی ملنے سے خوشبو آتی ہے - چبانے سے پہلے تو ذائقہ کسیقدر تلخ اور خوشبودار ہوتا ہے لیکن زبان چرپرا اور مُنہہ سے رال بہنے لگتی ہے ٭ اسکے جوہر کو پے-لو-کار-پین کہتے ہین

فائدہ اور استعمال جے-بو-ران-ڈائی اور اُسکا جوہر پائی-لو-کار-پین بڑا لُعاب سائی-لے-گاگ اور معرق ہین - چنانچہ جوہر کے نائی-ٹریٹ کے ایک گرین کا تیسرا حصہ جب جلد کے اندر پچکاری کے ذریعہ داخل کیا جاتا ہے تب چند منٹ کے اندر یہ علامتین ظاہر ہوتی ہین کہ چہرہ اور گلا سُرخ ہو جاتا ہے اور اُسپر کثرت سے پسینہ آکر سارا بدن معرق ہو جاتا ہے یہانتک کہ کئی گھنٹے برابر پسینہ آتا رہتا ہے اور مریض کی پوشاک اور بستر تر بتر ہو جاتا ہے اور اسی اثنا مین مُنہہ سے رال بھی بکثرت بہنے لگتی ہے اور جسم کی دیگر رطوبات بھی کثرت سے خارج ہونے لگتی ہین جیسے آنکھون سے آنسو ن ہوائی نالیان اور ناک سے بلغم - معدہ اور امعا سے رطوبت اور کانون کی رطوبت اور پیشاب اور عورت کے پستانون سے شیر اور رحم اور عورت کی اندام نہانی سے بھی بکثرت رطوبت خارج ہونے لگتی ہے ٭ خون کی رگین پھیل جاتی ہین - نبض سریع ہو جاتی ہے اور مریض کا جسم گرم ہو جاتا ہے اور جب پسینہ کھلکر آنے لگتا ہے تب مریض کو سردی معلوم ہوتی ہے اور لرزہ ہونے لگتا ہے - نبض

کیفیت ربطی ہوجاتی ہے - آنکھون کی پُتلیان پہیل جاتی ہین - قے ہونے لگتی ہے
اور پیشاب بہ تکلیف آتا ہے + جون جون اثر دوا کا رفع ہوتا جاتا ہے آنکھون کی پتلیان
پہیل جاسکتی ہین اور مریض تہک کر سونا چاہتا ہے + اِس دوا سے صفرا زیادہ
مقدار مین نہین خارج ہوتا اور یہ دوا گردون سے پیشاب کے ذریعہ جسم سے خارج ہوتی
ہے جلد کے ذریعہ نہین +

اٹ - رو - پین اِس دوا کا ضد ہے (بلا - ڈو - نا کا جوہر) کیونکہ پائی - لو - کار - پین کے
استعمال سے پہلے اگر اٹ - رو - پین کا استعمال کیا جاوے تو اِس سے نہ تہوک
زیادہ پیدا ہوتا اور نہ پسینہ آتا ہے - پس جے - بو - ران - ڈائی یا پائی - لو - کار - پینز
کے استعمال سے زہر کی علامتین پیدا ہون تو فوراً اٹ - رو - پین کی پچکاری
کرنی چاہیے +

آنکہہ کی بیماریان گلا - کو - ما اور آئی - رائی - ٹس اور رے - ٹے - نائی - ٹس مین
پائی - لو - کار - پین آنکھون مین ڈالتے ہین اور چونکہ اِسکے استعمال سے پسینہ اور پیشاب
بکثرت آتا ہے تو اِسکو بہتیری بیماریون مین استعمال کرتے ہین مثلاً یو - ری مک
کو - ما اور کن - ول - شن مین چوتہائی گرین پائی - لو - کار - پین کی پچکاری سے
بعض دفعہ مریض کی جان بچ جاتی ہے کیونکہ پسینہ سے خون کا یوریا خارج ہوجاتا
ہے اور برائیٹس ڈیزیز مین جب پائی - لو - کار - پین کی پچکاری کیجاتی ہے یا
جے - بو - ران - ڈائی کی اکسٹراکٹ کا پانچ گرین کہلایا جاتا ہے یا اُسکے انفیوژن کا
ایک آونس پلایا جاتا ہے تب پیشاب سے خون اور ال - بیو - من کم خارج ہوتا ہے
اور یوریا کی مقدار زیادہ ہوجاتی ہے اور انا - سار - کا بہی کم ہوجاتا ہے اور پیشاب
کے زیادہ آنے سے ہائڈ - را اور پلے - ری - ٹو - نائی - اٹم کا پانی کم ہوجاتا ہے +
ہوا کی نالیون کی بیماریون مین بہی یہ دوا مفید پائی گئی ہے چنانچہ آسما اور ہو - پنگ کاف

اور برانکائی ٹس اور ٹان سی - لائی - ٹس اور لا - رن - جائی - ٹس اور ڈف تھیریا
مین اور ڈا - یا - بے - ٹیز اور اِمے - نو - ریا اور رحم کی بیماریون اور آتشک
مین بہی یہ دوا زیادہ فائدہ کرتی ہے * اٹ - رو - پین کے زہر مین اور آیو - ڈین
اور سنکہیا اور لڈ یعنی سیسہ اور پارا کے کرانک پائینٹر - ننگ اور جلد کی بیماریون
مین جیسے ار - ٹے - کے - ریا اور پرو - رائی - گو مین بہی فائدہ مند ہے * اور
اِسکے اثنا سے استعمال مین چونکہ سر کے بال خوب بڑہتے ہین اِسلئے اِسکو گنج کی
بیماری مین بہی دیتے ہین * دانت کا درد اِسکی پچکاری سے جاتا رہتا ہے *
ایک گرین کے پچیسوین حصہ کی پچکاری جب تہائی - رسنس مین کیجاتی ہے تب فائدہ
ہوتا ہے اور نصف گرین کی پچکاری سے رحم مین تشنج ہونے لگتا ہے تو وضع
حمل کا درد پیدا کرنے کے لئے استعمال کرسکتے ہین - بعض دفعہ ہائیڈرو - فوبیا
کی بیماری کو اِس دوا کی پچکاری سے آرام ہوگیا ہے *

خوراک اِسکے پتون کے سفوف کی ۵ گرین سے ۲۰ گرین تک اور اِسکے جوہر
پے - لو - کار - پین کی ایک گرین کے بیسوین حصہ سے نصف گرین تک *

اِسکے چار مرکب ہین

لاٹن ———————— انگریزی

پی - لو - کار - پائی - نے نائی - ٹراس —— نائیٹریٹ اف پائی - لو - کار - پین
اکسٹراکٹ اف جے - بو - ران - ڈائی مین کلورا - فارم اور قدرے الکحل ملا کر ملانے
سے اور اُس عرق کو اُڑا کر اور نائیٹرک اِسڈ سے اِسکی کہاریت کو دور کرنے سے
اِسکی قلمین حاصل ہوسکتی ہین - اِس جوہر کی نہایت باریک باریک قلمین ہوتی
ہین اور سفوف کے طور پر بہی یہ دوا ہوتی ہے *

خوراک ایک گرین کے بیسوین حصہ سے نصف گرین تک بطور گولی یا عرق کے

پلا سکتے ہین ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

اکسٹراکٹم جے-بو-ران-ڈائی ——— اکسٹراکٹ اف جے-بو-ران-ڈائی

لنسخہ - جے-بو-ران-ڈائی کے پتے سفوف کئے ہوئے ایک پائونڈ٭ پروف اسپرٹ اور ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ٭

پر-کو-لیشن کی ترکیب سے پہلے ٹنکچر حاصل کرین بعد ازان اُس ٹنکچر کو اُڑا کر گاڑھا اکسٹراکٹ بنالین ٭

خوراک ۲ سے ۱۰ گرین تک ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

انفیوزم جے-بو-ران-ڈائی ——— انفیوژن اف جے-بو-ران-ڈائی

لنسخہ - جے-بو-ران-ڈائی کے پتے کترے ہوئے نصف آونس ٭ کھولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس ٭ نصف گھنٹہ تک بھگو کر چھان لین ٭

خوراک ایک سے ۲ آونس تک ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچورا جے-بو-ران-ڈائی ——— ٹنکچر اف جے-بو-ران-ڈائی

لنسخہ جے-بو-ران-ڈائی ۵ آونس ٭ پروف اسپرٹ ایک پائینٹ ٭

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکو-نایٹ کے ٭

خوراک ½ ڈرام سے ایک ڈرام تک ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

جن-شیبانی-ریڈکس ——————— جن-شن-روٹ

اِسکے درخت کو جن-شیانی لوٹیا بولتے ہین - اِس درخت کی خشک کی ہوئی جڑ دوا مین برتی جاتی ہے یہ جڑ یوروپ کے ممالک کوہستانی سے آتی ہے مثلاً کوہ الپس اور اپے - نائیٹس وغیرہ + اور کوہ ہمالیا اور افغانستان کے سرحد مین بھی یہ درخت پیدا ہوتا ہے +

خاصیت یہ جڑ آدہے اِنچ سے ایک اِنچ تک موٹی اور کئی اِنچ لمبی اور اکثر بلدار اور پُر شکن ہوتی ہے یا اسکے اڑای سے گہنی گہنی چکر مین ہوا کرتی ہین باہر کیطرف رنگ اِسکا بہورا اور اندر زرد ہوتا ہے سخت اور مسامدار ہوتی ہے - ذایقہ پہلے کسیقدر شیرین بعد ازان نہایت تلخ ٭

اجزا - جن-ے-ٹ-سِک اِسڈ ٭ ایک تلخ جوہر جسکو جن-ٹیا-نایٹ بولتے ہین + گوند + شکر - موم ٭ زرد رنگت ٭ چربی مادہ ٭

فائدہ اسٹو-ما-کک ٹانک جسکے کہانے سے اشتہا تیز ہوتی ہے اور معدہ کو تقویت ہوتی ہے ٭

استعمال بعد شدید امراض کے جب بیمار کو رفتہ رفتہ صحت ہوتی ہے تب اور بسبب کم طاقتی معدہ کے جب بدہضمی ہوتی ہے اُسوقت اِس دوا کو کہلاتے ہین ٭

خوراک اِسکی جڑ کی سفوف کی ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک + اِسکا بدل چرایتا ہے ٭

اِسکے تین مرکبات ہین

لاٹن		انگریزی
اکسٹرکٹم جن-شیانی		اکسٹراکٹ اف جن-شن

نسخہ - جن-شن کی جڑ قتلا کی ہوئی - ایک پونڈ ٭ کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر - ایک گیالن + جن-شن کو پانی مین دو گہنٹہ تک بہگو کر ۵ امنٹ تک جوش دین بعد ازان نچوڑ کر چہان لین تب واٹر باتھ پر اُڑا کر حسب مناسب گاڑھا کرلین ٭

خوراک ۲ گرین سے ۱۰ گرین + گولیان بنانے مین یہ مرکب نہایت کارآمد ہی *

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچورا جن-شیانی کمپازیٹا ——————— کمپاونڈ ٹنکچراف جن شن

نسخہ - جن-شن کی جڑ جو کوب ڈیڑہ آونس * بڑ آرینج پیل چہوٹے چہوٹے

ٹکڑے کرکے کوٹا ہوا پون آونس * الایچی دانہ کوٹا ہوا - چوتہائی آونس *

پروف اسپرٹ ایک پاینٹ *

ترکیب مانند ٹنکچراف ایکو-نایٹ کے * خوراک اسکی آدہی ڈرام سے دو

ڈرام تک *

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

انفیوزم جن-شیانی کمپازیٹا ——————— کمپاونڈ انفیوژن اف جن شن

نسخہ - جن-شن کی جڑ قتلا کی ہوئی ۵۵ گرین * بڑ آرینج پیل کے ٹکڑے ۵۵

گرین * تازہ لیموں کے چہلکوں کے ٹکڑے چوتہائی آونس * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ

واٹر ۱۰ آونس * ایک بند برتن مین آدہے گہنٹہ تک بہگو کر چہان لین *

خوراک ایک آونس سے ۲ آونس تک *

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

جالی-پا ——————— جلپ

اسکے درخت کو اکسو-گو-نیم پر-گا بولتے ہین - اس درخت کی جڑ کی خشک کی ہوئی

گانٹھین سوپیاری سے لیکر نگترے کے برابر ہوتی ہین اور شکل انکی بیضوی ہوتی

ہے - جو بڑی بڑی گانٹھین ہوتی ہین وہ اکثر تراشی ہوئی ہوتی ہین اور انپر ایک

باریک پُر شکن بہورے رنگ کا پردہ چسپان رہتا ہے انکو تراشنے سے رنگ

ہوئی مایل بزردی نکل آتا ہے اور گہرے بہورے رنگ کی ہم مرکز حلقے مین نظر آتی ہین - یہ جڑین ملک مکسی کو سے آتی ہین ٭ **اجزا** - اسکے ۱۰۰ حصہ مین ۱۸ حصہ

فایدہ یہ ایک تیز جلاب ہے جسکے کہانے سے پانی کے طور پر پتلے دست آتے ہین ٭

استعمال - اِس جلاب کو قبضیت اور انفلامیشن کی بیماریون مین ہمراہ خوشبو دار چیزون کے ملا کر تاکہ پیچش اور درد نہونے پاوے کہلایا کرتے ہین اور ڈراپ سی کے مرضون مین بطور ہایڈرو گاگ کے بھی کہلاتے ہین اور واسطے اِنہتل مِنتک فایدہ کے اِسٹڈ ٹار - ٹریٹ اف پوٹاشس یا کیالو مل کے ساتھ اِسکو دیتے ہین ٭

خوراک اِسکے سفوف کی ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک ٭

اِسکے چار مرکب ہین

لاٹن ــــــــــــــــ ــــــــــــــــ انگریزی

اکسٹرا کٹم - جلاپی ــــــــــــــــ اکسٹراک آف جلپ

لنسخہ جلپ کوٹا ہوا ایک پاونڈ ٭ ریکٹی - فایڈ - اسپرٹ ۴ پاینٹ ٭ ڈسٹلڈ واٹر ایک گیالن ٭ اسپرٹ مین جلپ کو سات روز تک بہگو کر ٹنکچر کو نچوڑ ڈالین تب چہان کر اسپرٹ کو مقطر کرنے سے ایک ملایم اکسٹراکٹ رہ جاویگا - جو جلپ باقی ہو اُسکو پہر پانی مین ۴ گہنٹہ تک بہگو کر نچوڑین اب اِسکو فلالین سے چہان کر واٹر باتھ پر اڑا کر ملایم اکسٹراکٹ بنالین بعد ازان اِن دونو اکسٹراکٹ کو ملا کر ۱۴۰ درجہ کی گرمی تک اڑا کر حسب مناسب گاڑھا کرلین ٭ **خوراک** ۵ گرین سے ۱۵ گرین تک -

لاٹن ــــــــــــــــ ــــــــــــــــ انگریزی

پلوس جلاپی - کنپا - زٹس ــــــــــــــــ کنپاونڈ پاوڈر اف جلپ

لنسخہ - جلپ سفوف کیا ہوا - ۵ آونس ٭ اسڈ ٹار - ٹریٹ اف پوٹاش - ۹ آونس ٭

جنجر سغوف کیا ہوا - ایک آونس * سبکو خوب سغوف کرکے باریک چھلنی سے چہان ڈالین *

خوراک ۲۰ گرین سے ایک ڈرام تک *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

چلا - پی - رنیزینا ———————— ریزن اف جلپ

نسخہ - جلپ کوٹا ہوا - ۸ آونس * ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ - حسب ضرورت - ڈسٹلڈ واٹر - حسب ضرورت *

ایک بند برتن مین جلپ کو ہمراہ ۱۶ آونس اسپرٹ کے دہیمی آنچ پر ۲۴ گہنٹہ تک بہگو رکہین بعد ازان پر - کو - لے - ٹر مین چہوڑ کر جب ٹنکچر کا ٹپکنا موقوف ہو جاوے تہوڑا تہوڑا اسپرٹ اُڈر بہی ڈہالتے جاوین اور پر - کو - لٹ کرتے جاوین جب تک کوئی شے غیر محلل نہ رہ جاوے - بعد ازان اُس ٹنکچر مین ۴ آونس پانی ملا کر واٹر باتھ پر اسپرٹ کو متقطر کر ڈالین اور جو کچہہ باقی رہے اُسکو ایک جوڑے پانی مین ڈہالکر سرد کرین اور جو عرق اوپر ہو اُسکو نتہار کر ریزن کو ۲ یا ۳ مرتبہ گرم پانی سے دہو ڈالین اور چینی کے برتن مین رکہکر واٹر باتھ پر خشک کرلین *

خاصیت اِسکے ٹکڑے گہرے بہورے رنگ کے اور کدر ہوتے ہین - دبانے سے جلد ٹوٹ جاتے ہین - ذایقہ تیز - بو خوش - ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ مین بالکل نہین حل ہوتا

خوراک ۲ گرین سے ۵ گرین تک * ریزن اف جلپ کمپاونڈ پل اف اسکا - منی مین پڑتا ہے *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

ٹنکچورا - جلاپی ———————— ٹنکچر اف جلپ

نسخہ - جلپ کوٹا ہوا ڈہائی آونس * پروف اسپرٹ ایک پاینٹ *

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکونایٹ کے خوراک آدہی ڈرام سے ایک ڈیڑہ ڈرام تک *

جو - نی - پر

یہ درخت تین قسم کا ہوتا ہے ایک کو جو - نی - پے - رس کم - میو - نس دوسرے کو جو - نی - پے - رس ـــــ سے - بائی - نا اور تیسرے کو جو - نی - پے - رس اکسے - سڈ - رس بولتے ہین *

اول جو - نی - پے - رس کم - میو - نس

یہ ایک قسم کی جھاڑی ہوتی ہے جسکے پتے کم چوڑے اور کانٹون کی شکل کے ہوتے ہین شمالی یوروپ مین پہاڑون پر یہ جھاڑی پیدا ہوتی ہے *

اسکے خشک پھل جو بازار مین بکا کرتے ہین مٹر برابر اودے سیاہی مائل ہوتے ہین اور اپر چھوٹے چھوٹے چھلکے ہوا کرتے ہین *

اجزا - لطیف روغن * ریزن * شکر * گوند * پانی *

اثر اور استعمال - اثر اسکا اعضاے بول پر ہوتا ہے جس سبب سے پیشاب زیادہ آتا ہے یعنے یہ دوا ڈا - یو - رے - ٹک ہے - اگر زیادہ مقدار مین کھائی جاوے تو مثانہ اور ناڑہ مین جلن اور گرمی پیدا ہوتی ہے - علاوہ ازین اس دوا کے استعمال سے پسینہ آتا ہے - شکم کا نفخ دور ہوجاتا ہے اور حیض بھی کھلکر آجاتا ہے - پھلون مین جو لطیف روغن ہوتا ہے اُسیمین یہ کل تاثیرین موجود ہین *

اُن ڈراپ - سی کے مرضون مین یہ پھل یا اسکا روغن استعمال کیا جاسکتا ہے جن مین گردون کو تحریک دینے کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ یہ دوا محرک گردہ ہے - علاوہ ازین یہ دوا گو - نو ریا اور گلیٹ اور لیو - کو - ریا اور سسٹ - ٹے - ریا مین بھی اُسی ترکیب سے استعمال کیجاتی ہے جس سے کو - پی - با کا استعمال کرتے ہین *

خوراک پہلون کے ۶۰ گرین سے ۱۲۰ گرین تک شکر مین رگڑ کر پلانا چاہیے - مگر انکا روغن ہی پلانا بہتر ہے چنانچہ

لاٹن		انگریزی
او - لی - ام جو - نی پے - رائی	———————	آئیل اف جو - نی - پر

انگلنڈ مین جو - نی - پر کے خام پہلون سے یہ روغن ڈیسٹی لیشن کی ترکیب سے نکالا جاتا ہے شیرین اور گرم خوشبودار - بالکل شفاف - بو اِسمین پہلون کی آتی ہے * فائدہ اور استعمال مثل پہلون کے جسکا بیان اوپر ہوا ہے *

خوراک روغن کی ۲ سے ۴ قطرہ تک یا تو گولیان بنا کر یا اسپرٹ اف جو - نی - پر کے شکل پر پلاتے ہین *

جن شراب مین ہی آئیل اف جو - نی - پر ہوتا ہے جس سبب سے اُس شراب کے پینے سے پیشاب زیادہ آتا ہے - اِس روغن کا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن		انگریزی
اسپے - رمی - ٹس جو - نی - پے رائی	———————	اسپرٹ اف جو - نی - پر

نسخہ آئیل اف جو - نی - پر ایک آونس * ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ - ۴۹ - آونس * حل کر لین *

خوراک آدہی سے ایک ڈرام تک * ہمراہ اَور ڈایو - رے - ٹک دواؤن کے استعمال کرتے ہین اور یہ مرکب کرپو زوٹ مکسچر مین ہی پڑتا ہے -

دوم جو - نی - پے - رَس سے - بائی - نا

- یہ ہی چہوٹی جہاڑی ہوتی ہے - اِسکی ٹہنیان نہایت چہوٹی چہوٹی پتیون سے لدی ہوئی

ہوتی ہین - یہ جہاڑی یوروپ جنوبی اور ایشیا کے روسی حصہ مین پیدا ہوتی ہے +
اسکی پتیان اور کونپلین دوا مین استعمال ہوتی ہین +
اجزا - ایک لطیف روغن + رال - گیا - لک ایسڈ +
اثر اور استعمال سے - ون کا روغن جب جلد پر لگایا جاتا ہے تب وہ مقام
سُرخ ہو جاتا ہے اور اُسپر چہالے بہی پیدا ہو جاتے ہین + زیادہ مقدار مین پیا جاوے
تو معدہ اور رودون مین انفلامیشن پیدا ہوتا ہے اور شدت سے دست وقے جاری
ہو جاتے ہین + اگرچہ اس روغن کے استعمال سے پیشاب بہی کثرت سے آتا ہے
پہر بہی اس سے امے - نے - گاگ فائدہ ہی سب سے بڑھکر ہوتا ہے چنانچہ
اسیواسطے اسکو امے - نو - ریا مین دیا کرتے ہین کہ جب رحم کے سست پڑے
رہنے کے سبب سے حیض کہلکر نہین آتا کیونکہ یہ دوا نہایت محرک رحم ہے مگر اُس
حالت مین اُسکو نہ دینا چاہیے کہ جب رحم یا اُسکے متصل کے اعضا مین خراش ہو
یا جب عورت حمل سے ہو +
بعض دفعہ سا - ون مجرمانہ طور پر حمل گرانے کے لئے بہی استعمال کرتے ہین مگر جبتک
اسکو اسقدر نہین دیا جاتا جس سے جان کا خطرہ ہو تبتک حمل نہین اسقاط ہوتا اور
جب اسقدر زیادہ کہلایا جاتا ہے تب شدت سے دست وقے جاری ہو جاتے
ہین اور مریضہ نہایت ردی حالت مین ہوکر مر جاتی ہے + امے - نو - ریا کی بیماری
مین جب فولاد اور ار - گٹ کے استعمال سے فائدہ نہین ہوتا ہے تب اسکے روغن
کے تین تین قطرون کی مقدار مین استعمال کرنے سے حیض کہلکر آجاتا ہے چنانچہ یہ نسخہ
اچہا ہے نسخہ آئیل اف سی - ون ایک ڈرام + میو - سیلج اف اکا - شیا ۲ آونس
ٹنکچر اف سے - نی - گا ڈیڑہ ڈرام + سرپ ایک آونس + عرق کافور ۶ آونس +
سبکو ملاکر بمقدار دو ڈرام کے غذا سے پہلے دن مین تین دفعہ پلاوین +

مرکبات

لاٹن ———— ———— انگریزی

ٹنکچورا سے۔بائی۔نی ———— ٹنکچراف سی۔وِن

نسخہ سی۔وِن کی کونپلین خشک کر کے کوٹی ہوئین۔ڈہائی آونس + پروف اسپرٹ ایک پائینٹ + **ترکیب** مثل ٹنکچراف اکو۔نائٹ کے +

خوراک انے۔نے۔گاگ ۲۰ قطرہ سے ایک ڈرام تک مگر روغن اِسّے بہتر ہے +

لاٹن ———— ———— انگریزی

انگو اِنٹم سے۔بائی۔نی ———— سا۔وِن آینٹ مینٹ

نسخہ سا۔وِن کی تازہ کونپلین کوٹی ہوئین ۸ آونس + زرد موم ۳ آونس + چربی ۱۶ آونس +

واٹر باتھ پہ چربی اور موم پگھلا کر سا۔وِن چھوڑ دین اور ۲۰ منٹ تک دہیمی آنچ پر رہنے دین بعد ازان اُس مرکب کو کپڑے سے چھان لین + یہ مرہم خوبصورت سبز رنگ کا ہوتا ہے اور بو اِس سے سا۔وِن کی آتی ہے + اِس کو باٹٹر کے زخمون کو ہرا رکھنے کے لئے لگاتے ہین + کن۔تھے۔رِی۔ڈِش کے مرہم سے یہ بہتر ہے کیونکہ اِس سے پیشاب مین جلن پیدا ہونے کا اندیشہ نہین ہے اور سی۔ٹن کے ڈور مین بھی اِس مرہم کو مل دیتے ہین تاکہ زخم سے مواد جاری رہے +

لاٹن ———— ———— انگریزی

او۔لی۔ام سے۔بائی۔نی ———— آئیل اف سی۔وِن

سا۔وِن کی تازہ کونپلون کو پانی کے ہمراہ معطر کرنے سے یہ روغن حاصل ہوتا ہی یہ روغن یا تو بے رنگ یا خفیف زرد رنگ کا ہوتا ہے۔بو بد۔ذائقہ تلخ اور تیز +

فائدہ اور استعمال دیکھو اوپر خوراک ایک سے چار قطرہ تک مطابق نسخہ بالا ٭

سوم سے - بائی تنے اکسے - سڈ - رش

فار - ما - کو - پیا مین اسکا ذکر نہین ہے - اِس درخت کی لکڑی سے فرانس اور جرمنی مین ڈیسٹی - لیشن کی ترکیب سے ایک روغن حاصل ہوتا ہے جسکو لاٹن مین او - لی - ام کے - ڈی - نم اور انگریزی مین آئیل اف کیڈ کہتے ہین ٭

خاصیت یہ روغن عرق کے طور پر پتلا قریب بہورے رنگ کا ہوتا ہے - ذائقہ تیز - بو اِس سے رال کی سی آتی ہے ٭

فائدہ اور استعمال - حیوانات کے علاج مین اسکا استعمال کرتے ہین مثلاً گھوڑون کے زخمون پر اسکو لگاتے ہین اور سابق مین بھیڑیون کی کھجلی پر بھی اسکو لگاتے تھے ٭ انسان مین اِسکو لگاتے اور پلاتے بھی ہین مثلاً سرکش جلدی بیماریون پر اِسکو لگاتے ہین اور اِسکے لگانے سے دانت کے درد کو بھی فائدہ ہوتا ہے ٭

خوراک چند قطرے ٭ مرہم کے طور پر اِسکو لگانا چاہئے چنانچہ ہموزن سفید مرہم مین اِسکو ملالین ٭

لاٹن	ہندی	انگریزی
چریٹا	چریتا	چیراپیٹا

اِسکے درخت کا نام او - فے - لیا - چریٹا ہے - یہ درخت سارا دوا مین استعمال ہوتا ہے - اِسکو ہندوستان شمالی مین اُسوقت جمع کرتے ہین کہ جب پھل لگنے شروع ہوتے ہین ٭

خاصیت ٹہنیان قریب تین فٹ لمبی اور ایک ہنش کے پر کے برابر موٹی گول اور چکنی ہوتی ہین اور شاخ دار ہلکی بہورے رنگ کی ہوتی ہین - شاخین ایک دوسری کے مقابل پر لگی ہوتی ہین - پہول چہوٹے اور بیشمار ہوتے ہین - ذائقہ ہر حصہ درخت کا کڑوا ہوتا ہے * **اجزا** - ایک تلخ جوہر *

فائدہ اور استعمال بعینہٖ جن شن کے طور پر *

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن ______ ______ انگریزی

انفیوزم چے - راٹی ______ انفیوزن اف چریتا

نسخہ - چریتا کے ٹکڑے چوتہائی آونس * ڈسٹلڈ واٹر ۱۲۰ درجہ گرم ۱۰ آونس * ایک بند برتن مین آدہے گہنٹہ تک بہگو کر چہان لین *

خوراک ایک آونس سے ۲ آونس تک *

لاٹن ______ ______ انگریزی

ٹنکچورا - چراٹی ______ ٹنکچر اف چریتا

نسخہ - چریتا کوٹا ہوا ڈہائی آونس * پروف اسپرٹ ایک پائنٹ *

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکو - نائیٹ کے **خوراک** آدہی ڈرام سے دو فلوئیڈ ڈرام تک *

لاٹن ______ ______ انگریزی

ڈی - جی - ٹے - رِش ______ ڈی - جی - نے ٹے - رِش

اسکے درخت کو ڈی - جی - ٹے - رِش - پر - پیو - رابولتے ہین - اس درخت کا خشک

کیا ہوا پتا دوا مین مستعمل ہے - یہ پتا اُن درختون سے لیا جاتا ہے جو خود رو جنگل مین پیدا ہوتے ہین اور اُسوقت جمع کیا جاتا ہے کہ جب پھول قریب دو تہائی کے کہل جاتا ہے *

خاصیت یہ پتا پُرشکن ہوتا ہے اور اسپر روئین لگے ہوتے ہین اور شکل اس کی بیضوی اور اِسکی ڈنٹھی چھوٹی ہوتی ہے نیچے کیجانب پتے کا رنگ پھیکا ہوتا ہے کنارے کٹے ہوئے تنگا فون کی شکل گول ہوتی ہے *

اجزا - جوہر - ڈی - جی - ٹے - لین *

اثر اور استعمال ڈی - جی - ٹے - لِش - اِس دوا کا اثر دل پر کس قسم کا ہوتا ہے - اسباب مین محققین کے راے مین بہت اختلاف ہے - اِس موقع پر ہم اُن کل راوں کا خلاصہ درج کرتے ہین - چنانچہ تحقیقات سے ثابت ہے کہ یہ دوا محرک دل (کارڈیاک اِسٹی میو - لنٹ) اور مقوی دل (کارڈیاک ٹانک) ہے کہ جسکے استعمال سے دل کی حرکتون کو طاقت آتی ہے اور دل کے بطنون کو بھی قوت آتی ہے اور بطن مذکور آہستہ سُکڑتے ہین اور نبض کا تواتر گھٹ جاتا ہے اور شرائین کی دیوارین کھچکر تن جاتی ہین لیکن یاد رہے کہ اِس دوا کے یہ اثر اُس حالت مین اچھی طرح نمایان ہوتے ہین کہ جب دل کمزور یا بیمار ہوتا ہے مگر جب یہ دوا کسی تندرست طاقتور آدمی کو کھلائی جاتی ہے تب وہ اثر صاف طور پر پیدا نہین ہوتے چنانچہ اسی سبب سے ڈاکٹر ٹمار - لی یہ فرماتے ہین کہ جب معمولی مقدار مین یہ دوا کسی تندرست آدمی کو کھائی جائے تو دل اُسکا کمزور ہو جاتا ہے * جب یہ دوا زیادہ مقدار مین استعمال کیجاتی ہے تب دل کی حرکتین بے قاعدہ اور کمزور ہو جاتی ہین اور جو اس سے بھی زیادہ کھلائی جاوے تو دل نہایت جلد جلد اور بہت ہی آہستہ آہستہ حرکت کر کے بند ہو جاتا ہے اور مریض تلف ہو جاتا ہے - لیکن ڈی جی - ٹے - لِش کا اسٹی - میو - لنٹ اور ٹا - نک اثر بیمار کے دل پر کیونکر پیدا ہوتا ہی

یہ بات اچھے طور پر سمجھ میں نہیں آتی ہے - بعض کہتے ہیں کہ وی-گس- نرو پر اس دوا
کا اثر ہوتا ہے اور تب یہ بات ہوتی ہے اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ اس دوا کی از بسط
مقدار کے استعمال سے وی-گس نرو اور کارڈیاک گینگ-لیا دونو کو تحریک
ہوتی ہے - اور ڈاکٹر ڈب-کوک-سی کہتے ہیں کہ اثر اس دوا کا صرف کارڈیاک گینگ لیا
پر ہوتا ہے مگر کئی محققین یہ فرماتے ہیں کہ خود دل کے عضلاتی ریشوں پر اسکا اثر ہوتا ہے
جس سے دل کو طاقت آتی ہے ٭

ڈی-جی-ٹے-لس کے مقوی دل ہونے کے سبب سے اس دوا کو بجز ایک کے اور
کل وا ؤ کی بیما-یون مین جن مین دل بسبب کمزور ہونے کے اچھی طرح سکڑ نہین سکتا دے
سکتے ہیں ٭ بموجب ڈاکٹر فاسٹر کے وا ؤ کی بیماریون مین ڈی-جی-ٹے-لس اسطور
سے مفید پڑتی ہے کہ اس دوا سے چھوٹی شراین سکڑ جاتی ہین اور انکے سکڑنے سے
دل آہستہ آہستہ حرکت کرتا ہے کیونکہ جب دل زور سے حرکت کرنے چاہتا ہے تب وہ
سکڑی ہوئی شرائین اسکی حرکت کو روکتی ہیں پس اس ترکیب سے ڈی-جی-ٹے-لس
کے استعمال سے جب دل آہستہ حرکت کرتا ہے تب خون سے بھرے ہوے دل کی آریکل
یا ونٹریکل کو سکڑنے کے لئے زیادہ وقت ملجاتا ہے جس سے آریکل یا ونٹریکل مذکور
دل کے سکڑے ہوئے دہانہ سے دلجمعی کے ساتھہ خون کو دھکا دیکر نکال سکتے ہین
(اس مضمون کے سمجھنے کے لئے طب رحیمی مین دل کی وا ؤ کی بیماریونکا باب دیکھو)
مثلاً مائی-ٹرل ابسٹرک-شن کی بیماری مین ایسا ہوتا ہے کہ بایان آریکل خون سے
پُر رہتا ہے مگر اس دوا کے استعمال سے جب دل آہستہ حرکت کرتا ہے تب اُس بھرے
ہوئے آریکل کو بائین طرف کی تنگ اری-کیو-لو ونٹ-ری-کیو-لر اوپ-ننگ سے
بائین ون-ٹری-کل مین خون پُہنچانے کے لئے زیادہ وقت ملجاتا ہے پس جب
آریکل مذکور سکڑتا ہے تب اسکو خون کم خارج کرنا پڑتا ہے کیونکہ زیادہ وقت ملجانے کے

سبب سے دلجمعی سے اپنے اندر کا سارا خون نکال دیتا ہے اور اِس وجہ سے اپنا کام خاطر خواہ کر سکتا ہے ٭

اوپر یہ بتلایا گیا ہے کہ بجز ایک ڈائلو کی بیماری کے اور کل وال۔وِیُو۔لر ڈیزیز مین ڈی۔جی۔ٹے۔لِس کا استعمال کر سکتے ہین۔پس وہ مستثنا ڈائلو کی بیماری جس مین اِس دوا کو نہ استعمال کرنا چاہئے یہ ہے کہ ایار۔ٹک ری۔گر۔جی۔ٹے۔شن کے ابتدائی درجہ مین اِس دوا سے نقصان ہوتا ہے کیونکہ اِس بیماری مین ایسا ہوتا ہی کہ بائین ون۔ٹر۔ی۔کل کے سکڑنے کے وقت جس خون کو ایار۔ٹا مین گزر جانا چاہئے تہا وہ لوٹ کر پہر اُس ون۔ٹر۔ی۔کل مین آجاتا ہے جس سے اُس تہکے ہوئی ونٹریکل کے استراحت مین فرق پڑجاتا ہے۔غرض اِس صورت مین اگر ڈی۔جی۔ٹے۔لِس کا استعمال کیا جاوے تو بایان ون۔ٹر۔ی۔کل عرصہ تک پہیلا رہیگا (ڈائیا۔ٹو۔لی) کیونکہ جیسا کہ اوپر بتلایا گیا ہے اِس دوا سے دل آہستہ سکڑتا اور پہیلتا ہے۔پس زیادہ عرصہ تک پہیلے رہنے کے سبب سے ایارٹا سے خون دیر تک اُس ونٹریکل مین گرتا رہیگا جس سے اُسکے استراحت مین زیادہ تر خلل واقع ہوگا اور بیماری بڑہ جائیگی ٭ لیکن اِس مرض کے اخیر مین کہ جب کشش کے دوران خون کے ذریعہ دل کا دہنا ون۔ٹر۔ی۔کل مرض مین مبتلا ہوجاتا ہے تب اِس دوا سے اُس مرض کو افاقہ ہوسکتا ہے ٭ ڈی۔جی۔ٹے۔لِس اُس صورت مین بہی نہ دینا چاہئے کہ جب رگون مین ارضی مادہ بہت جمع ہوجائے یا جب دل کی عضلاتی ساخت مین بہت سا چربی کا مادہ پیدا ہوجائے ٭

ڈاکٹر رِنگر یہ بتلاتے ہین کہ جب نبض بے قاعدہ حرکت کرتی ہو تب ڈی۔جی۔ٹے۔لِس کا استعمال بخوبی کر سکتے ہین۔اور جب بلا ڈائلو کی بیماری کے دل بہت دہڑکتا ہو اور بے قاعدہ حرکت کرتا ہو تب بہی یہ دوا اکثر فائدہ کرتی ہے ٭

اس دوا کا ٹنکچر مقدار نصف آونس کے ڈی۔ لے۔ ری۔ ام ٹرے مینس کی بیماری
مین بہت مفید بتلاتے ہین۔ اس صورت مین اسکا اثر سی۔ ڈی۔ ٹیو ہوتا ہے۔ لیکن
اسقدر زیادہ مقدار کے استعمال کرنے مین اندیشہ ہے۔ بعض انفلامیشن کی بیماریون
اور بخارون مین اسکے استعمال سے حرارت بدن کی کم ہوجاتی ہے ٭ جب کسی اندرونی
عضو سے خون آتا ہے تب بہی اس دوا سے فائدہ ہوتا ہے کیونکہ اسکے استعمال سے
چہوٹی رگین سکڑجاتی ہین اور چونکہ رحم کے عضلاتی ریشے بہی اس دوا کے استعمال سے
سکڑتے ہین تو اسکو مے۔ نو۔ را۔ جیا کی بیماری مین بخوبی استعمال کرسکتے ہین (دیکہو
امراض النسوان) ڈی۔ جے۔ ٹے۔ لِس عمدہ ڈایو۔ رے۔ ٹک بہی ہے مگر اس سے
پیشاب پیدا نہین ہوتا اسکے استعمال سے صرف اتنا ہوتا ہے کہ گردون مین جو اجسام
مل۔ فے۔ جیائی ہین اُنمین اجتماع خون کا ہوجاتا ہے جس سے پیشاب زیادہ بہنے
لگتا ہے ٭ بیماری کی حالت مین اس دوا کا ڈا۔ یو۔ رے۔ ٹک اثر نہایت اچہا ہوتا
ہے چنانچہ جب دل کے دوران خون مین رکاوٹ ہوتی ہے اور اس سبب سے سینہ
یا شکم مین پانی بہر جاتا ہے اور گردے اپنا کام اچہی طرح پر نہین کرسکتے تب
ڈی۔ جے۔ لٹے۔ لِس کے استعمال سے نہایت کہلکر پیشاب آنے لگتا ہے سبب
اسکا یہ ہے کہ ایسی حالت مین یہ دوا ڈراپ۔ سی کے خاص سبب کو (یعنے دل کی بیماری
کو) دور کردیتی ہے۔ یہ بات یاد رہے کہ جب اسکے استعمال سے ڈراپ۔ سی
دور ہوجاتی ہے تب اس دوا کا ڈا۔ یو۔ رے۔ ٹک اثر بہی نہین پیدا ہوتا اور
تب نتو پیشاب کی مقدار زیادہ ہوتی ہے اور نہ گردون سے یو۔ ریا اخراج
ہوتا ہے ٭

بدن کے زیادہ حصہ پر اس دوا کا انفیوژن لگایا جاوے تو فوراً جذب ہوکر
ڈا۔ یو۔ رے۔ ٹک اثر پیدا کردیتا ہے اور دل کی بیماری کے سبب سے دم لینے مین

بہت تکلیف یا زیادہ کہانسی ہو تو اسکو تخفیف ہو جاتی ہے *

اس دوا مین یہ خاصہ ہے کہ عرصہ تک استعمال کرنے سے اثر اسکا جسم کے اندر جمع ہوتا جاتا ہے اور کسیوقت دفعتاً ظاہر ہوکر زہر کی علامتین پیدا کر دیتا ہے *

نہایت عمدہ ترکیب اس دوا کے دینے کی انفیوژن کے طور پر ہے اور جہان یہ مناسب ہو ٹنکچر کا استعمال کر سکتے ہین اور دل کی بیماری کے سبب سے جب ڈراپ سی ہو جاتی ہے تب نسخہ ذیل ڈاکٹر گائی کی گو یہ لکا بہت مفید پڑتا ہے - کہتے ہین کہ ٹنکچر اف ایرن اور ٹنکچر اف ڈی-جی-ٹے-لِس مین آپس کے اندر ضد ہے پھر بھی جب یہ دونو دوائین ملاکر استعمال مین آتی ہین دل کی اُن بیماریون مین فائدہ کرتی ہین جنمین انیمیا کے علامتین پائی جاتی ہین چنانچہ ڈاکٹر فادر-گل کا یہ نسخہ اچھا ہے -

نسخہ ڈاکٹر گائی کا - سفوف برگ ڈی-جی-ٹے-لِس ایک گرین * سفوف اس-کوئیل ایک گرین * بلو-پل ایک گرین * سب کی ایک گولی بناوین اور دن مین تین دفعہ کہلاوین *

نسخہ ڈاکٹر فا-ور-گل کا - سفوف برگ ڈی-جی-ٹے-لِس ½ گرین * ڈرایڈ سل-فٹ اف ایرن ½ گرین * سفوف سُرخ مرچ ¼ گرین * پلولا الوزیٹ مرہے ۲ گرین * سب کی ایک گولی بناوین اور دن مین دو دفعہ کہلاوین -

زہر کی علامات - جب ڈی-جی-ٹے-لِس زیادہ مقدار مین کہاتی جاتی ہی تو بیمار کا سر گہومتا ہے بیا- کمزور اور بیہوش ہوجاتا ہے - نبض کمزور اور بطی اور بے قاعدہ چلتی ہے - کثرت سے رال بہتی ہے - بیمار کا بدن سرد پسینہ سے عرق ہو جاتا ہے اور تشنج ہو کر بیہوشی کیحالت مین بیمار ملک بقا کو کوچ کر جاتا ہے *

علاج - ڈی-جی-ٹے-لِس یا اُس کے جوہر کے علاج مین یہ دیکھنا چاہیے کہ علامات زہر کی اِس دوا کے صرف ایک ہی دفعہ زیادہ کہانے سے پیدا ہوئی ہین یا بمقدار

دوا عرصۂ دراز تک کہلائی گئی ہے تو اثر اسکا جسم مین جمع رہ کر دفعتاً زہر ہوگیا ہے
پس اگر صرف ایک ہی مرتبہ کے زیادہ کہانے سے زہر کی علامتین پیدا ہو گئی ہون
تو فوراً اسٹمک - پنپ داخل کرکے زہر کو معدہ سے نکال دین اور بیمار کو قے کرا کر
زود اثر اسٹی - میو - لنٹ ادویات کہلا دین اور باہر لگا دین جیسے کافی برانڈی اور
آب مہردکا ٹرا ٹرا وغیرہ ٭
اور جب یہ چیز دوسرے طور سے زہر بنجاوے تو فوراً بیمار کو لٹا دین اور ہرگز بیٹھنے
اُٹھنے نہ دین کیونکہ ذرا ہی حرکت کرنے سے اُسکے مرجانے کا اندیشہ ہے - امیو - نیا
اور برانڈی کا خوب طرح استعمال کرین اور اُسکو سر دہوا مین رکھین اور بعد چند گہنٹہ کے
کسی ملین دوا سے تنقیہ شکم کرین ٭

خوراک اور ترکیب اِسکے استعمال کرنے کی - بطور رسی - ڈجی - ٹیلو کے
اِسکے سفوف کی خوراک نصف گرین سے ۲ گرین تک ہے اور بطور ڈرا - یو - رسے تک
نصف گرین چھہ چھہ گہنٹہ بعد اور اِسکو جلد پر بھی لگاتے ہین جسکی ترکیب یہ ہے
کہ قلب کے مقام پر پہلے ایک پلسٹر لگا دین اور اِسکے چہالے کو گا لکر بار یک فرد
جلد کو چہیل ڈالین اور جو ہری جگہہ نکلے اُسپر ڈجی - جی - ٹے - لس کو سفید مرہم
مین ملاکر لگا دین یا اُسپر اِس دوا کے سفوف کو چہڑک دین - اِس ترکیب سے اکثر
قلب کی حرکت اور طاقت گہٹ جاتی ہے ٭

اِسکے دو مرکب ہین چنانچہ

لاٹن	انگریزی
الفیوزم ڈجی جی - ٹے - لس	الفیوژن اف ڈجی - جی - ٹے - لس

نسخہ - ڈجی - جی - ٹے - لس کے خشک پتے ۳۰ گرین - کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر

۱۰ آونس * ایک بند برتن مین ۵۱ منٹ تک بہگو کر چہان لین *

خوراک ۱۰ ڈرام سے آدہے آونس تک *

لاطن ———————————— انگریزی

ٹنکچورا ڈی جی ٹے لِس ———————— ٹنکچر اف ڈی جی ٹے لس

نسخہ ڈی جی ٹے لِس کے پتے کوٹے ہوئے ڈہائی آونس + پروف اسپرٹ ایک پاینٹ *

ترکیب مانند ٹنکچر اف اِکو نایٹ کے **خوراک** ۵ بوند سے ۳۰ بوند تک *

لاطن ———————————— انگریزی

رم نائی پرشیانی کارٹکس ———————— سیک رٹیڈ بارک

عام نام اسکا کسکے را سیک را ڈا ہے * یہ چہال ہوتی ہے درخت رام نس پروشیا نس کے * ایک انچ کے پچیسوین حصہ سے آٹھوین حصہ تک موٹی اور پر کی قلم کے طور پر مڑی ہوتی ہے - اِس چہال پر داغ دار کائی جمی ہوئی ہوتی ہے اور اُسپر ایک زرد سفید بہر متی رنگ کا ہوتا ہے جسکو آسانی سے علیحدہ کر سکتے ہین *

فائدہ اور استعمال کس کے را سیک را ڈا زیادہ مقدار مین معدہ اور رودون مین خراشش پیدا کرتا ہے - اوسط مقدار مین جیسے لیکوئیڈ اکسٹراکٹ کا نصف ڈرام کل رودون کے غدودون کو تحریک دیتا ہے جس سبب سے رودون کی رطوبت زیادہ پیدا ہوتی ہے اور اس سے انکے عضلاتی ریشون کو بھی تحریک ہوتی ہے جس سبب سے رودون کی ذاتی حرکت تیز ہو جاتی ہے اور کہلکر دست آجاتے ہین *

اکسٹراکٹ مذکورہ سے - انہم کی مقدار مین جب پیا جاتا ہے تب مثل دیگر تلخ بناتی دواؤن کے اِس سے بھی معدہ کو طاقت آتی ہے اشتہا تیز ہو جاتی ہے اور جگر کو

ہی تحریک ہوتی ہے درحقیقت کس - کے - را نہایت عمدہ دوا ہے دائمی قبض کے لئے + مریض کو پیتے پیتے جب تجربہ حاصل ہو جاتا ہے تب اِسکی کسی خاص مقدار کو ایسے قائم کر سکتا ہے جس سے بلا تکلیف ہر روز ایک اجابت بافراغت آسکتی ہے گرچہ برسون سے کیون نہ قبض مین مبتلا ہو اور رفتہ رفتہ مقدار اگر گھٹائی جاوے تاہم دوا کا اثر قائم رہتا ہے یعنے قبض نہین ہوتا +

اِس دوا مین بعض دفعہ یہ خرابی پائی جاتی ہے کہ شدت سے پیچش ہو کر دست آتے ہین اِسکا ---- یہ ہے کو یڈ اکسٹراکٹ بمقدار نصف یا ایک ڈرام کے چار یا چھ روز تک صبح وشام پلاکر صبح کی مقدار نصف کر دے سکتے ہین اور جو صبح کو نہ پیا جاوے تو کچھ مضایقہ نہین اور بعد چند روز کے دوا کو بالکل موقوف کر دین پھر بھی اثر اِسکا قائم رہیگا + یہ نسخہ اِسکا بہت اچھا ہے +

نسخہ ۔ لیکویڈ اکسٹراکٹ اف کس - کے - را سگٹ - را - ڈرام ۳ آونس +
ٹنکچر اف نکس - وا - میکا ۳ ڈرام + گلا - سی - رین اور پانی ۴ آونس تک +
سب کو ملاکر بمقدار ایک ڈرام کے صبح وشام چار روز تک پینا چاہئے بعد ازان دس روز تک صرف رات کو پیکر موقوف کر دین +

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹن ———— انگریزی

اکسٹراکٹم کس کے - ری سگاٹ - را - ڈی ———— اکسٹراکٹ اف کس کے - را سگٹ - ریڈا

کس - کے - را سگٹ - را - ڈا کی چھال ایک پاؤنڈ + پروف اسپرٹ اور ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت + پر - کو - لے - شن کی ترکیب سے ٹنکچر حاصل کر کے اِس کو اڑا کر گاڑھا اکسٹراکٹ بنالین +

خوراک ۲ سے ۶ گرین تک بطور گولی کے دینا چاہئے ⁂

لاٹن		انگریزی
اکسٹرا کٹم کسن کے -رہی سگ -راڈی	————	لی-کوئیڈ اکسٹراکٹ اف کسکے -را
		لی-کوئیڈم سگٹ-را-ڈا

نسخہ کسکے-را سگٹ -را-ڈا کی چھال کوٹی ہوئی ایک پاؤنڈ ⁂ ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ۴ آونس ⁂ ڈسٹلڈ واٹر-حسب ضرورت ⁂

چھال کو پانی مین تین چار دفعہ جوش دین تاکہ اسکا سارا جوہر کھچ آوے تب اُس ڈی-کاک-شن کے عرقون کو چھانکر واٹر باتھ پر اُڑا دین جبتک بارہ آونس رہ جاوے جب سرد ہو جاوے تب اُسمین اسپرٹ ملا دین اور چند گھنٹہ تک رکھہ چھوڑین بعد ازان چھانکر اُسمین اسقدر ڈسٹلڈ واٹر ملا دین جتنے مین ۱۶ آونس پورا ہو جاوے

خوراک نصف ڈرام سے ۲ ڈرام تک ⁂

لاٹن		انگریزی
رام-نس فرانگیو-لے کارٹکس	————	فرانگیو-لے-بارک

اِسکے درخت کو رام-نس فرانگیو-لا کہتے ہین - اِس درخت کی چھال جو ملک لنڈ سے آتی ہے وہ دوا مین استعمال ہوتی ہے ⁂ اِس چھال کو چھوٹے درخت کے تنہ سے یا اوسط مقدار کی شاخون سے چھیلتے ہین ⁂ یہ چھال کم سے کم جبتک ایک سال کی پُرانی نہو جائے استعمال نہ کرنا چاہئے ⁂

خاصیت ایک اِنچ کا پچیسوان حصہ یا کسیقدر موٹی ہوتی ہے اسپر بھورے قرمزی رنگ یا بھورے سیاہی مایل رنگ کا ایک نرم فرد ہوتا ہے ⁂ بو کوئی خاص نہین ہوتی - ذائقہ خوش قدرے شیرین اور بہت ہی کم تلخ ہوتا ہے ⁂

فائدہ اور استعمال - اگر تازی جرڑ کا استعمال کیا جاوے تو معدہ اور رودون کے میو-کس پردہ مین شدت کا خراش ہوتا ہے اور نہایت شدت سے دست ڈتے جاری ہوجاتے ہین اور بیمار مر بہی جاسکتا ہے لیکن جب یہ جڑ برس دو برس کی پُرانی ہوجاتی ہے تب اسکا عمل معتدل ہوجاتا ہے یعنے تب اثر اسکا ہلکا مسہل مثل کس - کے - را سیگٹ - را - ڈا کے ہوتا ہے اور عادتی قبض اور بواسیر مین مفید ہے *

اسکے دو مرکب ہین

لاٹین ———— ———— انگریزی

اکسٹراکٹم رام - نائی فرانگیو - لی ———— اکسٹراکٹ آف رام - نَس فرانگیو - لا

نسخہ - فرانگیو - لا کی چھال ایک پاؤنڈ * ڈسٹلڈ واٹر اور پروف اسپرٹ حسب ضرورت لیکہ پر - کو - لیشن کی ترکیب سے ٹنیکچر تیار کرکے اُسکو واٹر باتھ پر اُڑا کر اکسٹراکٹ بنالیوین *

خوراک ١٥ سے ٦٠ گرین تک *

لاٹین ———— ———— انگریزی

اکسٹراکٹم رام - نائی - فرانگیو - لی ———— لی - کوئیڈ اکسٹراکٹ اف
لی - کوئیڈم رام - نَس فرانگیو - لا

نسخہ فرانگیو - لا کی چھال ایک پاؤنڈ * ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ ۴ آونس * ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت * پانی مین چھال کو تین چار دفعہ جوش دیوین - جوڈیکاکشن نیے اُسکو واٹر باتھ پر بارہ آونس تک اُڑا دین بعد ازان اسپرٹ ملاکر ١٦ آونس پورا کردین **خوراک** ایک سے ۴ ڈرام تک *

لاٹین ———— فارسی ———— انگریزی

رہی - آئی - ریڈیس ———— ریوچینی ———— رو - برب روٹ

اِسکے درخت کو ری - رم پال - مے - ٹم بولتے ہین - یہ کئی قسم کا ہوتا ہے اِنہی درختون کی جڑ خشک کی ہوئی اور مقشر جو تبت اور تاتار سے آتی ہے دوا مین مستعمل ہے ٭

خاصیت - اِسکے ٹکڑے گول سے اور لمبی یا چوڑے ہوتے ہین اور اِنمین اکثر ایک سوراخ ہوتا ہے باہر کیجانب زرد اور اندر کیطرف سُرمئی اور کسیقدر سرخ رنگ کی لکیرین ہوا کرتی ہین چبانے سے کسیقدر کرکراپن پایا جاتا ہے - ذائقہ تلخ اور کسیقدر کسیلا اور خوشبودار - بو تیز اور عجیب ٭

اجزا - ایک جزو خوشبودار ٭ کرائی - سو - فی - نِک اِسڈ ٭ ٹے - نِک اِسڈ ٭ گیا - لِک اِسڈ ٭ رال ٭ ایک تلخ جزو ٭ اسٹارچ ٭ اگزالٹ اف لائم ٭

فائدہ تہوڑی مقدار مین یہ دوا اسٹو - ما - کِک اور کسیقدر اس - ٹرن - جنٹ ہے اور زیادہ مین پر - گے - ٹِو لیکن بعد دستون کے اِس سے اکثر قبض ہوجایا کرتا ہے اور ہیلایون مین اور اِسمین یہ فرق ہے کہ اِسکے کہانے سے روودون مین خراش نہین پیدا ہوتی پیشاب اِس سے زرد ہوجاتا ہے اور بعض دفعہ پسینہ اور دودہ بہی زرد رنگ کا پیدا ہوتا ہے ٭

استعمال روودون مین کسی مواد فاسدہ کے جمع ہوجانے کے باعث جب اسہال ہوتا ہے تب مرض کے شروع مین رو - برب بطور پر - گے - ٹِو کے کہلایا کرتے ہین تاکہ وہ مواد نکل جاوے اور بعد ازان قبض ہوجاوے ٭ بچون کو رو - برب اکثر ہمراہ مگنے - شیا کے دیتے ہین چنانچہ گرگیو - ریز - پاوڈر کے طور پر بعض قسم کی ڈسپپسیا کی بیماری مین جب کسی کمزور آدمی کو ہوجاوے اور اُسکو کسیقدر قبض بہی ہو تب یہ دوا نہایت مفید پڑتی ہے لیکن جب کسی شخص کو ہمیشہ قبض ہو اور رو - برب کہلانا منظور ہو تو کسی اَور ملین دوا کے ہمراہ کہلانا چاہئے ٭ اسکرا - فیو - لس مزاج کے بچون کو بہی یہ دوا بعض دفعہ مفید پڑتی ہے ٭ جب اِسکو ہمراہ کسی مرکب پارہ کے

الٹرے - یٹھو فائدہ کے لئے دیا جاتا ہے تو معدہ کو طاقت آتی ہے اور ہاضمہ درست ہوتا ہے * باہر اس دوا کو سست زخموں پر لگایا کرتے ہین *

خوراک سفوف کی بطور اسٹو - ما - گک ایک گرین سے ۵ گرین تک اور پر - گے - یٹھو طور پر ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک *

اسکے سات مرکب ہین

لاٹین ———————— انگریزی

اکسٹرکٹم - رہی - یائی ———————— اکسٹراکٹ اف رو - برب

نسخہ - رو - برب روٹ قتلا کیا ہوا اور جو کوب ایک پاؤنڈ * پروف اسپرٹ اور ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت *

تین پاینٹ اسپرٹ مین رو - بارب ملاوین اور سارے کو ایک بند برتن مین بھر کر ۴۸ گہنٹہ تک بھگو رکہین تب پر - کو - لے - ٹرمین ڈالکر مقطر کرین جب سارا عرق ٹپک جاوے تب پر - کو - لے - ٹرمین پانی چہوڑ کر مقطر کرین جبتک ۵ پاینٹ عرق مقطر ہوجاوے یا جبتک رو - بارب کا سارا جوہر کہچ آوے اب سارے عرق کو واٹر باتھ پر پکادین جبتک گاڑھا اکسٹراکٹ گولی بنانے کے قابل ہوجاوے

خوراک ۵ سے ۱۵ گرین *

لاٹین ———————— انگریزی

انفیوزم رہی - یائی ———————— انفیوژن اف رو - برب

نسخہ رو - برب کی پتلی پتلی قاشین - چوتہائی آونس * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس ایک بند برتن مین آدہے گہنٹہ تک بھگو کر چھان لین *

خوراک ایک آونس سے دو آونس تک *

لاٹن ـــــــــ ـــــــــ انگریزی

پی-لو-لا-رہی-یائی کمپازیٹا ـــــــــ کمپاونڈ روبرب پل

نسخہ- رو-برب رُوٹ خوب باریک سفوف کیا ہوا ۳ آونس ٭ سو-کو-ٹرا ین-الوز خوب باریک سفوف کیا ہوا سوا دو آونس ٭ گم-مر خوب باریک سفوف کیا ہوا ڈیڑھ آونس ٭ سخت صابون سفوف کیا ہوا ڈیڑھ آونس ٭ آئیل اف پے-پر-منٹ ڈیڑھ ڈرام ٭ ٹری-کل وزن کیا ہوا ۳ آونس ٭ گلائی-سی-رئین ایک آونس ٭ صابون کو خوب باریک سفوف کر کے رو-برب الوز اور مر کے ساتھ خوب رگڑین بعد ازان اسمین ٹری-کل اور آئیل اف پے-پر-منٹ اور گلائی-سی-رئین ملا کر سب کی ایک لگدی بنالین ٭ **خوراک** - ۵ سے ۱۰ گرین تک ٭

لاٹن ـــــــــ ـــــــــ انگریزی

پلوس رہی-یائی کمپا-زیٹس ـــــــــ کمپاونڈ پاوڈر اف رو-برب

اِس مرکب کو گرے-گو-ریز پاوڈر بھی کہتے ہین -

نسخہ- رو-برب روٹ سفوف کیا ہوا ۲ آونس ٭ لائیٹ مگنے-شیا ۶ آونس ٭ جنجر سفوف کیا ہوا ایک آونس ٭ سبکو خوب طرح ملا کر باریک چھلنی سے چھان لین ٭ **خوراک** بچون کے لئے ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک اور جوان کے واسطے ۲۰ گرین سے ۶۰ گرین تک ٭

لاٹن ـــــــــ ـــــــــ انگریزی

ٹنکچورا رہی-یائی ـــــــــ ٹنکچراف رو-برب

نسخہ رو-برب روٹ کوٹی ہوئی-۲ آونس ٭ الایچی کوٹی ہوئی-چوتھائی آونس ٭ دھنیا کوٹا ہوا چوتھائی آونس ٭ زعفران چوتھائی آونس ٭ پروف سپرٹ ایک پائنٹ **ترکیب** مانند ٹنکچر اف اکو-نایٹ کے ٭

خوراک بطور اسٹو-ما-کک ایک ڈرام سے دو ڈرام تک-بطور پر-گے-ٹیو آدہے آونس سے ایک آونس تک ٭

لاٹن ——— ——— انگریزی

سر-پس-ریای ——— سرپ اف روبرب

لسنخہ-رو-برب روٹ سفوف کیا ہوا ۲ آونس ٭ دہنیا کوٹا ہوا ۲ آونس ٭ قند ۲۴ آونس ٭ ریکٹی-فائیڈ-اسپرٹ ۸ آونس ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۲۴ -آونس ٭

رو-برب اور دہنیا ملاکر پر-کو-لے-ٹر کے اندر بہر دین اور اسپرٹ اور پانی ملاکر اُسمین چہوڑ دین اور آہستہ آہستہ ٹپکنے دین تب عرق مقطر کو اُڑا دین جبتک ۵ اآدنس رہ جاوے-اِس عرق کو فلٹر کرکے اور اُسمین شکر ڈال کر دہیمی آنچ پر حل کرلین ٭

خوراک ایک ڈرام سے ۴ ڈرام تک ٭

لاٹن ——— ——— انگریزی

وائی-نم-ریائی ——— رو-برب وائین

لسنخہ-رو-برب روٹ کوٹا ہوا ڈیڑہ آونس ٭ کے-ینلا-الیا-بارک کوٹا ہوا ۶۰ گریز شیری شراب ایک پاینٹ ٭

ایک بند برتن مین سات روز تک بھگو رکھین اور گاہے گاہے ہلا دیا کرین بعد ازان جہانکر نچوڑ ڈالین اور تب فلٹر کرکے اُسمین اِتنی شیری شراب اَور ملادین جتنے مین ایک پاینٹ پورا ہوجاوے ٭

خوراک ایک ڈرام سے ۲ ڈرام تک ٭

لاٹن ——— ——— انگریزی

ری-وڑس-پے-ٹے-ا ——— ریڈ-پاپی-پے-ٹل

اِسکے درخت کو با۔پی۔در رہی۔پاس بولتے ہین۔یہ درخت انگلنڈ مین پیدا ہوتا ہے۔اِسکے پہولون کی پکہریان خشک کی ہوئی دوا مین مستعمل ہین ٭

خاصیت تازہ پہولون کی رنگت خوب سرخ ہوتی ہے اور اِن سے ایک تیز بو پوست کی آتی ہے لیکن خشک پہول بے بو ہوتے ہین اور رنگ اِنکا ہلکا سُرخ ہوتا ہے ٭

اجزا۔اِسکے ۱۰۰ حصہ مین ۴۰ حصہ سُرخ رنگ کا ایک جزو ہوتا ہے اور اِسمین کسیقدر رمار۔فیا بھی ہے ٭

فائدہ کسیقدر افیون کے طور پر ہے لیکن اس چیز کو خاصکر رنگت کے لئے استعمال کرتے ہین ٭

اسکا ایک مرکب ہی

لاٹن	انگریزی
سیرپ۔رہی۔ڈس	سرپ اف ریڈ۔پاپی

نسخہ۔ریڈ۔پاپی کے تازہ پھولون کی پکہریان ۱۳ آونس ٭ صاف چینی۔سوا دو پاؤنڈ ٭ ڈسٹلڈ واٹر ایک پائنٹ یا حسب ضرورت ٭ ریکٹی۔فائیڈ۔اسپرٹ ڈھائی آونس ٭

پانی کو واٹر باتھہ پر گرم کرکے اُسمین تہوڑی تہوڑی پہول کی پکہریان ڈالین اور بار بار ہلاتے جاوین بعد ازان برتن کو آنچ سے اُتار کر اُس مرکب کو بارہ گھنٹہ تک بہگو رکھین اور تب عرق کو نچوڑ کر اور چھان کر اُسمین چینی ملا دین اور بذریعہ آنچ کے حل کرلین جب قریب سرد ہونے پر ہو تب اُسمین اسپرٹ اور اِسقدر ڈسٹلڈ واٹر ملا دین جسقدر ضرورت ہو تاکہ جتنا پانی اُس ترکیب مین اُڑ گیا ہو وہ پورا ہوجاوے اور یہ سارا مرکب ۳ پاونڈ اور ۱۰ آونس وزن مین ہوجاوے۔اِسکی اسپسی۔فک گراوٹی ۱.۳۳ ہونی چاہیے

خوراک ایک ڈرام تک ٭

لاطینی	ہندی	انگریزی
ری-سی-نی او-لیم	ارنڈ کا تیل	کسٹر ائیل

اِسکے درخت کو ری-سی-نس کمیونس بولتے ہین - ارنڈ کے بیج کو کولون مین پیڑنے
سے یہ روغن ملتا ہے اور کلکتہ مین کثرت سے تیار ہوتا ہے ❊

خاصیت - لسدار بے رنگ یا بیجانی گہاس کے طور پر ہلکے زرد رنگ کا ہوتا ہے
اِسکی بو سے کسیقدر جی متلاتا ہے اور ذایقہ اِسکا کسیقدر تیز ہوتا ہے -

شناخت الکحال کے ایک حصہ مین اور ریکٹی- فائیڈ اسپرٹ کے دو حصہ مین
یہ روغن بالکل حل ہوجاتا ہے ❊

اجزا - اسمین روغنی ترش چیزین ہوتی ہین چنانچہ ری-سی-نک - اِسڈ ❊
ری-سی- نومار-گے رسے-ٹک اِسڈ ❊ اور ری-سی-نو-اسٹیارک اِسڈ ❊

فائدے یہ ایک ہلکا اور سریع الاثر جلاب ہے خاصکر اُسصورت مین نہایت مفید پڑتا ہے
کہ جب بسبب جمع ہونے سخت سُدّون کے قبض ہوجایا کرتا ہے اور اُس حالت
مین کہ جب مریض کوئی تیز شے کہا گیا ہو یا اُسکے شکم مین تیز رطوبتین جمع ہون ❊

استعمال - اِس روغن کو اُن بیماریون مین استعمال کرتے ہین جنمین رودون کے
اندر خراشش یا انفلامیشن ہوتا ہے مثلاً کا-لک ❊ ڈا-یا-ریا ❊ ڈی-سنٹری ❊
اور اِن-لے-رائی-ٹس ❊ بچون کے لئے یہ جلاب نہایت عمدہ ہے ❊

خوراک آدہے آونس سے ایک آونس تک جوان کے لئے اور ایک ڈرام سے
۱۲ ڈرام تک بچون کے لئے - عمدہ ترکیب اِسکے پینے کی یہ ہے کہ یا تو اِسکو کسی
خوشبودار عرق پر تیرتا ہوا پلا دین یا ایک پیالہ گرم اور شیرین کافی مین ملا کر دیوین
اور جو معدہ نازک ہو تو انڈے کی زردی شکر اور خوشبودار عرق مین پہینٹ کر پلا دین

مرکبات جنمین کسٹرائیل پڑتا ہی معہ اُسکی مقدار کے

کلوڈیم فلکزائیل کے ۲ آونس مین ایک ڈرام * لے - نی - منٹم سی - ناپس کمپازیٹم کے ایک فلوئیڈ آونس مین ایک فلوئیڈ ڈرام * پلمرس - پل *

لاٹن ———— انگریزی

روزہی کے - نائی - نا فرک - ٹس ———— ہپس

اِسکے درخت کا نام روزا کے - نائی - نا ہے اور یہ انگلنڈ مین پیدا ہوتا ہے اِس کے پختہ پھل بغیر ریشم دار بیجون کے دوا مین استعمال ہوتے ہین *

خاصیت ایک انچ یا اِس سے زیادہ لمبے بیضوی شکل کے چکنے چمکیلے اور خوب سُرخ رنگ کے ہوتے ہین *

اجزا - سائے - ٹرک اِسڈ * ما - لک اِسڈ * شکر * کسیقدر ٹے - نن *

فائدہ اور استعمال - کسیقدر رہی - فری - جی - رنٹ اور اس - ٹرن - جنٹ ہے اِسکو خاصکر کن - فکشن بنانے کے لئے استعمال کرتے ہین اور گولیون کے بنانے مین بھی اِسکو استعمال کرتے ہین *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ———— انگریزی

کن - فکشیو روزہی کے - نائی - نے ———— کن - فکشن اف ہپس

نسخہ - ہپس جسکے تخم باحتیاط نکالے گئے ہون ایک پاؤنڈ * صاف کی ہوئی شکر ۲ پاؤنڈ * ہپس کو پتھر کے کھرل مین کوٹ کر گودے کے طور بنالین بعد ازان اسمین شکر ملاکر سب کو خوب رگڑ ڈالین * **خوراک** ایک ڈرام یا زیادہ *

یہ دوا پلو لا - کو ئی - نے کے چار حصہ مین ایک حصہ پڑتی ہے ٭

لاٹن ـــــــــ ـــــــــ انگریزی

روزا سن ـ ٹے ـ فو ـ لیا پے ـ لٹے ـ لا ـــــــــ کے ـ بج ـ روز ـ پی ـ ٹلس

اسکے درخت کو روزا سن ـ لٹے ـ فو ـ لیا بولتے ہین - یہ درخت برٹن مین بویا جاتا ہے - اسکے خوب کہلے ہوئے پہولون کی تازی پکہریان دوا مین مستعمل ہین ٭

خاصیت ذایقہ کسیقدر شیرین اور تلخ اور کسیقدر کسیلا - بو گلاب کی - ذایقہ اور بو دونو پانی مین بخوبی جذب ہو جاتے ہین ٭

اجزا - عطر - کسیقدر شیرینی ٭ کسیقدر قابض جزو ٭

فائدہ اور استعمال کسیقدر کسی - ٹو لیکن خاصکر اسکو گلاب بنانے مین استعمال کرتے ہین ٭

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ـــــــــ فارسی ـــــــــ انگریزی

اکوا ـ روزی ـــــــــ عرق گلاب ـــــــــ روز واٹر

نسخہ روزی سن ـ ٹے ـ فو ـ لیا کے پہولون کی تازہ پکہریان ۱۰ پاؤنڈ ٭ پانی ۲ گیلن ٭ ایک گیلن متقطر کرلین ٭

یہ عرق گلاب سیٹو ـ فرائی کمپا زیٹا مین پڑتا ہے ٭

استعمال واسطے خوشبو کے عرقیات مین اسکو اکثر ملا دیا کرتے ہین اور اس سے عرقیات باہر لگانے کے لئے بہی بناتے ہین ٭

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

روزا ۔ گے ۔ لی ۔ سی ۔ پی ۔ ڈی ۔ لا ———————— ریڈ ۔ روز پے ٹیلس

اِسکے درخت کو روزا ۔ گے ۔ لیکا بولتے ہین ۔ یہ درخت برٹن مین بویا جاتا ہے ۔ اِس درخت کی کلیون کی پکہریان تازہ اور خشک کی ہوئین دوا مین برتی جاتی ہین *

خاصیت رنگ خوب صورت سُرخ جو بعد خشک ہونے کے بھی قایم رہتا ہے ۔ ذایقہ کسیقدر تلخ اور خفیف ترش اور اِس ۔ ٹرن ۔ جنٹ ۔ بو گلاب کی جو بعد خشک ہونے کے پیدا ہوتی ہے *

اجزا ۔ سُرخ رنگت * ٹا ۔ نک اِسڈ * گیا ۔ لک اِسڈ * قدرے عطر *

فائدہ اور استعمال اس ۔ ٹرن ۔ جنٹ اکثر اِسکو رنگت کے لئے استعمال کرتے ہین *

اِسکے تین مرکب ہین

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

کنفکشیو ۔ روزی ۔ گیا ۔ لی ۔ سی ———————— کنفکشن اف روز

نسخہ ریڈ ۔ روز کے پھولون کی تازہ پکہڑیان ایک پاؤنڈ * قند ۳ پاؤنڈ *

پکہریون کو پتہر کے کہرل مین کوٹ کر گودے کے طور پر بناوین تب اُسمین شکر ملاکر اسکو خوب رگڑ ڈالین * یہ مرکب مرکبات ذیل مین پڑتا ہے *

پلو ۔ لا ۔ الوز بار ۔ بی ۔ ڈن ۔ سِس * پلو ۔ لا الوزیٹ اسا ۔ فی ۔ ٹیڈا * پلو ۔ لا الوزیٹ فرائی * پلولا الوزیٹ سو ۔ کو ۔ ٹرائی ۔ نی * پلولا ۔ فرائی ۔ کار ۔ بونے ۔ ٹس * پلولا ۔ ہائیڈرار ۔ جرائی * پلولا ۔ پلیبائی ۔ کم اور پیپو *

استعمال گولیان بنانے مین اِسکا استعمال کرتے ہین اور منہہ کے اندر جب چھالے پڑجاتے ہین تب بھی اِسکو لگاتے ہین *

خوراک - ۳ گرین سے ۱۰ گرین تک ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

انفیوژم روزہی - اسیڈم ——————— اسٹڈ انفیوژن اف - روزیز

نسخہ - خشک ریڈ - روز کی پکھریان چوتہائی آونس ٭ ڈائیلیوٹ سلفیورک ایسڈ ایک ڈرام ٭ کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس ٭

پانی مین ایسڈ ملاکر پکھریون کے ہمراہ ایک بند برتن مین آدہی گہنٹہ تک بہگو کر چہان لین ٭

فائدہ اور استعمال اِس - ٹرن - جنٹ تیزہ واؤن کے بدرقہ کے لئے یہ عرق نہایت عمدہ ہے اور اس سے کلّی بہی کرالتے ہین اور ہے - مایپ - لے ٹریسش مین بھی اسکو پلاتے ہین ٭ **خوراک** ایک آونس سے ۲ آونس تک ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

سرپس - روزہی گیالی - سی ——————— سرپ اف ریڈ - روز

نسخہ - ریڈ - روز کی پکھریان خشک کی ہوئین ۲ آونس ٭ قند ۳۰ آونس ٭ کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ایک پائنٹ ٭

پکھریون کو پانی مین دو گہنٹہ تک بہگو کر کپڑے مین رکہکر نچوڑ کر چہان لین تب عرق مین شکر ملا کر بذریعہ آنچ کے حل کرلین سارے عرق کو ۲ پاؤنڈ اور ۱۴ آونس ہونا چاہئے اور اسکی اسپیسی - فک گراوٹی ۱.۳۳۵ ہونی چاہیے ٭

فائدہ اور استعمال - کسیقدر اِس - ٹرن - جنٹ ہے - اسکو عرقیات مین واسطے رنگت کے ملایا کرتے ہین ٭ **خوراک** ایک ڈرام ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

روز مے - رائی - نی او - لیم ——————— آئیل اف روز - میری

اسکے درخت کو روز می ماری نس اور فی سی نی لس بولتے ہین انگلنڈ مین
اسی درخت کے پھول کی کلیون سے ڈسٹلیشن کی ترکیب سے یہ روغن نکالا جاتا ہے۔
خاصیت یہ روغن بے رنگ ہوتا ہے اور اس سے روز میری کے پھولون کی بو
آتی ہے۔ ذائقہ گرم اور خشک۔
خوراک ۲ سے ۵ قطرے تک *
فائدہ اور استعمال۔ پیا جاوے تو تیز اسٹی میولنٹ ہی چنانچہ مرض ہسٹیریا
اور درد سر مین پلاتے ہین * باہر لگایا جاوے تو جلد اُس مقام کی سرخ ہو جاتی ہے۔
سر کے بال جب جھڑ جاتے ہین تو سر کی جلد پر اسکی مالش کرنے سے بال اکثر اُگ آتے
ہین چنانچہ بالون کے اُگنے کے لئے یہ نسخہ نہایت مفید ہے۔
نسخہ۔ آئیل اف روز میری ۲ ڈرام * لائیکوار ایس یاس لٹکس ۲ ڈرام *
روغن بادام ڈیڑھ آونس * اسپرٹ اف کمفر ۲ آونس * گلائی سی ریئن اف
بوراکس ایک آونس * عطر گلاب ۸ قطرے * ٹنکچر اف جبوران ڈائی
ایک آونس * سبکو ملالین *
ترکیب استعمال شیشی کو ہلا کر اسمین سے تھوڑا عرق لیکر ہر روز رات کے وقت بالون کے
جڑون مین خوب طرح مل دیا کرین اس سے بال بڑھنے لگتے ہین *

یہ روغن مرکبات ذیل مین پڑتا ہے

لے نی منٹم سے پونیس کے قریب ۲ آونس مین ایک ڈرام *
اسپے ریٹس روز میرائی نے کے ۵۰ حصہ مین ایک حصہ *
ٹنکچرا لے وینڈولے کمپا زیٹا کے ایک پائنٹ مین ۵ قطرے *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

اسپری-ٹس روز-میرای-نی ——————— اسپرٹ اف روز-میری

نسخہ -آئیل اف روز-میری ایک آونس * ریکٹی-فائیڈ-اسپرٹ ۴۹ آونس * حل کرلین - **خوراک** ½ ڈرام سے ایک ڈرام تک *

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

رو-ٹی او-لیم ——————— انگلش آئیل اف رو

اِسکے درخت کو روٹا-گراویو-لنس بولتے ہین - انگلنڈ مین اِس درخت کے تازہ پتے اور خام پہلون سے ڈیسٹی-لیشن کی ترکیب سے یہ روغن نکالا جاتا ہے *

خاصیت ہلکے زرد-بدبو-ذائقہ تلخ تیز *

اجزا - ایک روغن لطیف * ایک شے تلخ *

فائدہ اور استعمال - اسٹی-میو-لنٹ اور انٹس-پاز-موڈک-اِسکو مرض ہسٹیریا کن-ولشن اور اے-نو-ریا مین دیتے ہین *

خوراک ۲ بوند سے ۴ بوند تک *

لاٹین ——————— ہندی ——————— انگریزی

زن-جی-بر ——————— سونٹھہ ——————— جن-جر

اِسکے درخت کو زن-جی-بر اد-فی-سے-نی-لِس بولتے ہین - یہ درخت وسٹ انڈیا کے ٹاپو ہندوستان اور دیگر ممالک مین پیدا ہوتا ہے - اسی درخت کی جڑکی گانٹھون کو کہرچ کر خشک کرکے دوا مین برتتے ہین *

اجزا - لطیف روغن * رال * گوند *

خاصیت اسکے ٹکڑے ٹھیڑے بینگے گوشہ دار تقشیر مین یا چار انچ لمبے اور چپٹے ہوتے ہین سفید مایل بہ زردی اور سطح اسکی کہڑیا مٹی کے طور نہین ہوتی اور اسمین ایک چھوٹا سا شگاف ہوتا ہے - ذایقہ گرم خوش اور لذیذ - سفوف اسکا سفید مایل بہ زردی ہوتا ہے *

یہ دوا مرکبات ذیل مین حسب مقدار تحریر کے پڑتی ہے چنانچہ

کنفکشیو - اورینیائی کے قریب بارہ حصہ مین ایک حصہ *

کنفکشیو - اسکا - مو - نیائی چھہ حصہ مین قریب ایک حصہ *

انفیوزم - سنی ایک پاینٹ مین ۵۶ گرین *

پلو - لا سلی - کمپا - زیٹا کے سوا چھہ حصہ مین قریب ایک حصہ *

پلوس - سنی - مو - مائی کمپازیٹس کے ۳ حصہ مین ایک حصہ *

پلوس - جلا - پی کمپازیٹس کے ۵ حصہ مین ایک حصہ *

پلوس - او - پیائی کمپازیٹس کے ۳ حصہ مین ایک حصہ *

پلوس - ریائی کمپازیٹس کے ۹ حصہ مین ایک حصہ *

پلوس - اسکا - مو - نیائی کمپازیٹس کے ۸ حصہ مین ایک حصہ *

سیرپس - زنجیبرس * ٹنکچورا زنجیبرس کے ایک پاینٹ مین اڑہائی آونس *

ٹنکچورا زنجیبرس فارشیار کے ایک پاینٹ مین ۱۰ آونس *

وائی - نم الوز کے ایک پاینٹ مین ۴۰ گرین *

فائدہ اور استعمال - اسٹی - میو - لنٹ اور کاورمے - نے - ٹیو اسکو بدہضمی اور شکم کے نفخ مین اور جلاب کے ہمراہ ملاکر تاکہ پیچش ہونے یا دے دیا کرتے ہین اور جب منہہ کا کوا ڈھیلا ہوجاتا ہے اور ٹانسل گلانڈ بڑہ جاتے ہین تب اسکی کلی کراتے ہین *

خوراک ۱۰ گرین سے ۲۰ گرین تک *

اِسکے تین مرکب ہین

لاٹن ——— ——— انگریزی

سی-ماپس-زن-جی-برس ——— سرپ اف جنجر

نسخہ-اسٹرانگ ٹنکچر اف جنجر ۶ ڈرام * سرپ ۱۹ آونس * ملاکر ملالین *

خوراک ایک ڈرام *

لاٹن ——— ——— انگریزی

ٹنکچورا زن-جی-برس ——— ٹنکچر اف جنجر

نسخہ-جنجر کوٹی ہوئی ڈہائی آونس * ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ایک پائینٹ *

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکو-نائیٹ کے *

خوراک ۱۵ منم سے ایک ڈرام تک *

لاٹن ——— ——— انگریزی

ٹنکچورا زنجیبرس-فورشیور ——— اسٹرانگ ٹنکچر اف جنجر

اِسکو اِسنس اف جنجر بہی بولتے ہین *

نسخہ-سونٹہہ باریک سفوف کی ہوئی ۱۰ آونس * ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ-حسب ضرورت*
سونٹہہ کو پر-کو-لے-ٹر مین خوب داب کر بہر دین اور تب اسپر اختیاط سے آدہا پائینٹ
اسپرٹ ڈہالدین اور بعد ۲ گہنٹہ کے اوپر بہی اسپرٹ ڈہالین اور اُسکو ٹپکنے دین جبتک
ایک پائینٹ ٹنکچر ٹپک جاوے *

خوراک ۵ بوند سے ۲۰ بوند تک *

اسٹرانگ ٹنکچر اف جنجر مرکبات ذیل مین پڑتا ہی

اور-ما-ٹک-ٹِک سلفیورک ایسڈ * کنپاؤنڈ پل اف اسکا-منی * سرپ اف جنجر *

سائی - مے - فیو - گا

لاٹن		انگریزی
سائی - مے - فیو - گا	رائی - زوم سائی - مے - فیو - جی	سائی - مے - فیو - گا

درخت سائی - مے - فیو - گا را - سی - مو - زا کی جڑ کی گانٹھین اور باریک باریک جڑین دوا مین مستعمل ہین ✢

خاصیت گانٹھین ۲ سے ۶ انچ تک لمبی اور نصف سے ایک انچ تک موٹی سخت اور چپٹی گاؤدم شکل کی ہوتی ہین ✢ گانٹھون اور باریک جڑون کی رنگت سیاہی مایل ہوتی ہے - بو انمین قریب کچھ بھی نہین ہوتی مگر ذائقہ تلخ اور کسیقدر تیز ✢

تاثیر اور استعمال یہ دوا اکیوٹ اور کرانک رو - ماٹیزم مین بعض دفعہ مفید ہے اور مس - کیو - لر رو - ماٹیزم اور لم - بے - گو اور سائی - ٹیکا وغیرہ مین اسکو اکثر استعمال کرتے ہین اور اکسپکٹورنٹ کے طور پر برانکائی - ٹس اور اکیوٹ کٹار اور سل مین اور بعض قسم کے پیور - پے - رل (یعنی بچہ جننے کے بعد) ہائپو - کان - ڈرائی - سِز اور کوریا کی بیماری مین مفید ہے ✢ تھوڑی مقدار مین مثل ڈی - جی - ٹے - لِس کے یہ دوا اکار - ڈیاک ٹانک (مقوی دل) اور زیادہ مقدار مین مثل ہے - لی - بور اور اکو - نائیٹ کے مضعف دل ہے ✢ اور مثل ار - گٹ کے اسکا اثر رحم پر بھی خوب ہوتا ہے

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن		انگریزی
اکسٹراکٹم سائی - مے - فیو - گے لی کوئیڈم		لی کوئیڈ اکسٹراکٹ اف سائی - مے - فیو - گا

نسخہ - سفوف سائی - مے - فیو - گا ۲۰ آونس ✢ ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ حسب ضرورت ✢ پر - کو - لیشن کی ترکیب سے اسکا ٹنکچر بنا کر اڑادین - جو اکسٹراکٹ حاصل ہو اسکو ریکٹی فائیڈ اسپرٹ

مین حل کرین - خوراک ۳ سے ۳۰ گرین تک ٭

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

ٹنکچورا سائی - مے - فیو - گا ———————— ٹنکچراف سائی - مے - فیو - گا

نسخہ - سفوف سائی - مے - فیو - گا ڈہائی آونس ٭ پروف اسپرٹ ایک پاینٹ ٭

ترکیب مثل ٹنکچراف اکو - نایئٹ کے (جسکو دیکہو) خوراک ۱۵ سے ۶۰ منم تک ٭

سنکونا

سنکونا کا درخت پہلے تو صرف امریکا ہی مین پیدا ہوتا تہا مگراب ہندوستان اور سیلون کے جزیرہ مین بہی پیدا ہوتا ہے ٭ یہ درخت کئی قسم کا ہوتا ہے مگر برٹش فارماکوپیا مین صرف ریڈ سنکونا کی چہال کے استعمال کی اجازت ہے چنانچہ

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

سنکونی روب - ری کار - ٹکس ———————— ریڈ سنکونا بارک

اسکے درخت کو سنکونا سک - سی - رو - برا کہتے ہین ٭

خاصیت یہ چہال یا تو پرکی قلمون کی شکل کی ہوتی ہین - یا دونو کنارے اسکے اندر کی طرف کم و بیش مڑے ہوئے ہوتے ہین اور چہال کے ٹکڑون پر ایک باریک پردہ لگا ہوا ہوتا ہے - یہ ٹکڑے کئی انچ سے ایک فٹ بلکہ اس سے زیادہ بہی لمبے ہوتے ہین اور خود چہال ایک انچ کے دسوین حصہ سے لیکر چوتہائی انچ تک موٹے ہوتے ہین - باہر کیجانب پر لمبائی سے جہریان یا اونچے اونچے خط ہوتے ہین یا آڑے آڑے تڑخنے کے نشان ہوتے ہین - رنگ انکا ہلکا بہورا یا بہور مایل بسرخی ہوتا ہے - بو کچہہ بہی نہین مگر ذایقہ تلخ اور کسیقدر کسیلا ٭

اجزا - تین جوہر ایک کونین - دوسرا سنکونین - تیسرا سنکو - نی - ڈین - علاوہ

اِن تین جوہرون کے سنکونا کی چہال مین یہ چیزین بہی ہوتی ہین چنانچہ
کوئی-نِک اِسڈ * ٹے-نِک اِسڈ * سنکو-نا-رِیڈ * کوئی-نو-وِک اِسڈ *

فائدہ اور استعمال سنکونا کے جوہر کا

اول-کونین - اِس جوہر مین خاص بات یہ پائی جاتی ہے کہ یہ نہایت درجہ کا انٹے-سِپ-ٹِک ہے چنانچہ اِسکے استعمال سے حیوانی مادہ (جیسے خرد خرد کرم) اور نباتی مادہ بہی ہلاک ہوجاتا ہے * جب کونین زیادہ مقدار مین استعمال کیجاتی ہے تب دل بے حس ہوجاتا ہے اور تشنج ہوکر بیمار مرجاتا ہے * دماغ اور نخاع پر اِسکا اثر نہایت درجہ کا سی-ڈِی-ٹِو ہوتا ہے * اور جسم کی حرارت بہی اِس سے کم ہوجاتی ہے *

دوا کے طور پر کونین جب تہوڑی تہوڑی مقدار مین کہلائی جاتی ہے تب اِسکا فائدہ ٹانک ہوتا ہے - اشتہا تیز ہوجاتی ہے خاصکر جب بیمار کمزور ہوتا ہے - اور کمزوری کی حالت مین جو سرد پسینہ آتا ہے وہ بہی رُک جاتا ہے * علاوہ ازین کونین نہایت عمدہ اِنٹے-پے-ریا-ٹِک بہی ہے چنانچہ مے-لے-ریا زہر کے سبب سے جتنی بیماریان نوبت بنوبت کسی خاص وقت پر ظاہر ہوتی ہین کونین کے استعمال سے اُنکی نوبت رُک جاتی ہے مثلاً ان-ٹر-مے-ٹنٹ اور رِی-مے-ٹنٹ قسم کے بخار * نوبتی جہکین * نوبتی دردِ سر * نوبتی دردِ ابرو * نوبتی ہچکیان - چنانچہ حال مین ایک مریضہ مصنف کے علاج مین آئی جسکو ہر روز قریب شام ہچکیان بہی جلد جلد آیا کرتی تہین کہ بیچاری بے تاب اور نہایت نڈھال ہوجاتی تہی - یہی حال اِسکا ہر روز دو گہنٹہ تک رہتا تہا - دو نیچے دن کے - اگرچہ کونین کہلائی - ایک ہی دفعہ کے کہانے سے نوبت ہچکیون کی رُک گئی

پہر نہین ہوئی - دوسرے ایک بیمار کو ہر روز سورج نکلنے سے پہلے چھینکون کی نوبت شروع ہوجایا کرتی تھی ۸ بجے دن تک برابر اس زور و شور سے ہوتی تہین کہ بیمار بے تاب ہوجاتا تہا - چھینکتے چھینکتے بیمار ادہ موا ہوجاتا تہا - اس شخص کو بارہ بجے شب کے پندرہ گرین کونین کہلائی - دوسری دفعہ چار بجے صبح ۱۰ گرین اور کہلائی - ایک ہی دن کے کہاتے ہی چھینکین پھر نہ آئین ÷ جگر اور طحال مین جب اجتماع خون کا ہوتا ہے تب اسکو بھی کونین سے فائدہ ہوتا ہے ÷

کونین کا فائدہ انٹے - پائی - رے ٹک ہی ہے ÷ بخار چاہے جسمی قسم کا ہو کونین جب پانچ سے بیس گرین کی متعدار مین کہلائی جاتی ہے تب جسم کی حرارت گہٹ جاتی ہے - اور جسم کی حرارت کے کم کر دینے کے علاوہ کونین جب مختلف اعضاے اور بافت کے انفلامیشن مین کہلائی تب پیپ پڑنے نہین دیتے ÷ خون مین جب کوئی زہریلا مادہ سرایت کرجاتا ہے تب زیادہ متعدار کونین کے کہلانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے جیسے سیپ - ٹے - سی - میا کی بیماری مین جو بعد پیدا ہونے بچہ کے یا کسی عمل جراحی کے بعد بعض دفعہ ہوجایا کرتی ہے ÷ خارجی طور پر کونین کو اسٹی - میو - لنٹ اور انٹے - سیپ - ٹک فائدہ کے لئے بدبودار زخمون پر لگاتے ہین اور گلو کے اندر جب زخم پیدا ہو کر بدبودار پیپ پڑجاتی ہے تب اسکی کُلّی بہی کراتے ہین اور مسوڑے جب سوج کے درد کرنے لگتے ہین تب کونین کی منجن کرتے ہین ÷

کونین جب بہت زیادہ متعدار مین کہائی جاتی ہے تب ایک حالت پیدا ہوتی ہے جسکو اصطلاح مین کوئی - نے - نیزم یا سنکونی - نیزم کہتے ہین - اسکی علامتین یہ ہین چنانچہ کانون مین باجے بجنے سے سنائی دیتے ہین ÷ بیمار بہرا ہوجاتا ہی سر گھومتا ہے ÷ بے خوابی ستاتی ہے ÷ بعض دفعہ جی متلاتا اور قے ہوتی ہی

اور بہوک بالکل مرجاتی ہے - لیکن جب کونین ہائیڈرو - برو - مٹ ایسڈ کے ہمراہ
کہلائی جاتی ہے تب علامات مذکورۂ بالا اکثر نہین پیدا ہوتین *
نوبتی بیماریون کی نوبت روکنی ہو تو نوبت سے دو چار گہنٹے پہلے کونین کہلانی چاہئے -
نوبت کے وقت اگر کہلاؤ گے تو نوبت طول پکڑ جائیگی اور بیمار کو تکلیف ہوگی اور جلاب
کے ذریعہ شکم کی صفائی کر کے کونین کہلانی چاہئے - چنانچہ اپنا قاعدہ یہ ہے کہ
کو - ئے ٹـ - ڈی - ان بخارمین بارہ بجے سے پہلے ۰ ایا ۵ اگرین کونین کہلا دیتا ہون
کیونکہ اس بخار کی نوبت اکثر بارہ بجے بعد شروع ہوا کرتی ہے *
ٹر - شئے - اَن بخارمین بارہ بجے رات کو ۰ ایا ۵ اگرین کونین کہلاتا ہون اور ۵ بجے
صبح سورج نکلنے سے پہلے ۰ اگرین اَور کہلاتا ہون کیونکہ اس قسم کے بخارمین طلوع
آفتاب سے پہلے ہی بیمار کے ہاتہہ پاؤن ٹوٹنے لگتے ہین پہر پہریری چڑہنے لگتی ہے
انگڑائیان اور جمائیان آتی ہین اور تب جاڑا چڑہ آتا ہے *
کوار - ٹن بخارمین بارہ بجے دن کے ۰ ایا ۵ اگرین کونین کہلاتا ہون اور چار یا پانچ
بجے شام کے پہر ۰ اگرین کہلا دیتا ہون کیونکہ یہ بخار اکثر چراغ بتی جلتے ہی شروع
ہوجاتا ہے * مگر ہان ایک بات اَور بتلانی ضرور چاہئے جو اپنے تجربہ مین آئی
ہے وہ یہ ہے کہ حمل کے ایام مین حاملہ کو نوبتی بخار ہو جائے تو کونین کہلانے مین
احتیاط چاہئے ورنہ حمل اسقاط ہو جاتا ہے - وہ احتیاط یہ ہے کہ حاملہ کو ہرگز
زیادہ مقدار مین کونین نہ کہلانی چاہئے بلکہ اپنا قاعدہ یہ ہے کہ دو گرین کونین
اور چوتہائی یا نصف گرین افیون کی ایک گولی بنا کر دو دو گہنٹہ بعد کہلاتا ہون -
اس سے بخار رک جاتا ہے * دوسری بات قابل یاد رکہنے کے یہ ہے کہ حیض
کے ایام مین بہی کونین کہلانے مین احتیاط درکار ہے کیونکہ ایسا ہوتا ہے کہ عورت
کو حیض آتا ہے اور تم نے کونین کہلائی تو نہایت کثرت سے خون آنے لگے گا

اور جو حیض بند ہوگیا ہے اور عورت نے غسل کرلیا ہے تو تم نے کونین کہلادی تو حیض فوراً جاری ہوجاویگا - پس اس صورت مین بہی مثل ایام حمل کے کونین تہوڑی تہوڑی مقدار مین کہلانی چاہئے ٭

ترکیب کونین کہلانے کی - نوبتی بیماریون کی نوبت روکنے کے لئے کونین دوطور سے کہلائی جاتی ہے یا تو نوبت سے دوچار گہنٹے پہلے زیادہ مقدار مین کہلاتے ہین یا بعد رفع ہوجانے نوبت کے قلیل قلیل عرصہ بعد تہوڑی مقدار مین کہلاتے ہین یہ دونو ترکیبین اچہی ہین مگر پہلی ترکیب مین کونین کا خرچ زیادہ ہوتا ہے ٭ نوبت کے روکنے کے لئے جلد کے اندر کونین کی پچکاری بہی کرتے ہین - اسمین مقدار کونین کی بہت کم ہوتی ہے اور اس سے نوبت بہی عمدہ طور پر رک جاتی ہے ٭ پچکاری کرنی ہو تو ہائیڈرو - کلورٹ اف کونین پانی مین حل کرکے پچکاری کرنی چاہئے ٭ گولیون کی شکل پر بہی کونین کہلائی جاسکتی ہے اور سفوف کے طور پر بہی کہلاتے ہین مگر ہائیڈرو - برو - مٹ یا سلفیورک یا ہائیڈرو - کلورک اسڈ مین حل کرکے کہلانا بہتر ہے کیونکہ کونین کا عرق معدہ مین داخل ہوتے ہی خون مین جذب ہوجاتا ہے اور اثر جلد پیدا کرتا ہے ٭

خوراک سلفٹ اف کونین بطور ٹانک ایک سے ۲ یا ۳ گرین ٭ بطور انٹی - پے - ریا - ٹرک ۵ سے ۱۰ یا ۱۵ گرین تک ٭ اور ہائیڈرو کلورٹ اف کونین کی خوراک بہی اسیقدر ہے ٭

دوم اور سوم - سنکو - نین اور سنکو - نے - ڈین بہی اگرچہ مثل کونین کے ٹانک اور انٹی - پے - ریا - ٹرک ہین مگر بہ نسبت کونین کے مرتبہ مین کم ہین ٭

فائدہ اور استعمال سنکونا کی چھال کا

چھال کا بھی فائدہ مثل سنکونا کے جوہرون کے ٹانک اور انٹے - پے - ریاء ڈک ہے
مگر چونکہ چھال مین ٹے - ناکٹ اسڈ اور سنکو - نا ریڈ موجود ہے اسلئے یہ اس ٹرنجنٹ
بھی ہے - پس اسکو ایسی حالت مین دیتے ہین جنمین جسم سے کوئی رطوبت بکثرت خارج
ہوتی ہے ؛ مگر نوبتی بیماریون کی نوبت روکنے کے لئے جوہرون کا استعمال ہی بہتر ہے
کیونکہ ایسی صورت مین مقدار چھال کی بہت ہونی چاہئے اور جب زیادہ مقدار مین چھال
کا سفوف کہلایا جاتا ہے تب قئے ہوجانے کا اندیشہ ہے ؛

مرکبات سنکونا

اول سنکو - نا کے جوہرن کے مرکبات

(الف) مرکبات کونین کے دو ہین چنانچہ

لاٹن ———————— انگریزی

کوئی - نے - سلفاس ———————— سلفٹ اف کونین

چھال کے سفوف مین چونہ ملاکر اتہر کے ذریعہ کونین حاصل کرتے ہین یا ترش عرق مین چھال
کو بھگو کر اسمین کوئی کہار چھوڑنے سے بھی کونین الگ ہوجاتی ہے اب اسمین سلفیورک
اسڈ چھوڑنے سے سلفٹ اف کونین کی قلمین پیدا ہوجاتی ہین - انکا رنگ اڑا کر صاف
کرلیتے ہین ؛

لاٹن ———————— انگریزی

کوئی - نے ہائیڈرو کلوراس ———————— ہائیڈرو کلورٹ اف کونین

اِسکے بھی حاصل کرنے کی ترکیب مثل سلفٹ اف کونین کے ہے مگر یہ فرق ہے کہ اوپر کی ترکیب سے کونین کا جوہر جب علیحدہ ہو جائے تب بعوض سلفیورک اسڈ کے اسمین ہائیڈرو۔کلورک اسڈ ملانا چاہئے * اِس مرکب کی قلمین بھی مثل سلفٹ اف کونین کی قلمون کے ہوتی ہین مگر کسیقدر بڑی بڑی ہوتی ہین اور یہ کہ زیادہ تر آسانی سے حل ہو جاتی ہین *

مرکبات سلفٹ اف کونین کے دو ہین چنانچہ

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچورا کوئی۔نے امو۔نئی۔ٹا ——————— امو۔نیے۔ٹڈ ٹنکچر اف کونین

نسخہ۔سلفٹ اف کونین ۲۰۰ گرین * سو۔لیو۔شن اف امو۔نیا ½ ۲ آونس * پروف اسپرٹ ½ ۷ آونس *

قدرے آنچ کے ذریعہ سلفٹ اف کونین کو اسپرٹ مین حل کر کے سو۔لیو۔شن اف امو۔نیا ملاوین * **خوراک** ½ سے ۲ ڈرام تک *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

وائی۔نم کوئی۔نے ——————— وائین اف کو۔نین

نسخہ۔سلفٹ اف کو۔نین۔۲۰ گرین * سائے۔ٹرک اسڈ ۳۰ گرین * اورنج وائین ایک پائینٹ *

شراب مین پہلے سائٹرک اسڈ کو اور تب سلفٹ اف کونین کو حل کرین۔اب اُس عرق کو کسی بند برتن مین بھر کر تین روز تک رہنے دین مگر گاہے گاہے ہلا دیا کرین بعد ازان فلٹر کرین * اِسکے فی آونس مین ایک گرین سلفٹ اف کونین ہوتا ہے *

خوراک ½ سے ایک آونس تک *

مرکب ہائیڈرو-کلورٹ اف کونین کا ایک ہی چنانچہ

لاٹن	انگریزی
ٹنکچورا کوئی-نے	ٹنکچر اف-کونین

نسخہ-ہائیڈرو-کلورٹ اف کونین ۱۶۰ گرین * ٹنکچر اف آرنج پیل ایک پائنٹ *

قدرے آنچ پر کونین کو ٹنکچر مین حل کرکے ایک بند برتن مین تین روز تک ہفتے دین

مگر گاہے گاہے ہلا دیا کرین اور تب چہان لین *

خوراک ½ سے ۲ ڈرام تک *

(ب) مرکب سنکو-نین کا ایک ہی چنانچہ

لاٹن	انگریزی
سنکو-نائی-نے سلفاس	سلفٹ اف سنکو-نین

جس عرق سے سلفٹ اف کونین اور سلفٹ اف سنکو-نی-ڈین کی قلمین حاصل ہوچکی ہین

اسمین کاسٹک سوڈا ملانے سے سنکو-نین تہ نشین ہوجاتا ہے -اِس منجمد کو اتنا

سے تبتک دہونا چاہیے جبتک خالص سنکو-نین باقی رہ جاوے -اب اُس مین

سلفیورک ایسڈ ملاوین تاکہ حل ہوجاوے -بعد ازان اِس سلفٹ اف سنکونین

کے عرق مین جیوانی کوئلہ ملاکر صاف کرلین اور تب رکہہ چہوڑین تاکہ قلمین پیدا ہوجاوین

خاصیت-قلمین اِسکی سخت بے رنگ اور چہوٹی چہوٹی شیشہ کے طور پر چمکدار

ہوتی ہین * پانی اور تیزابون مین فوراً حل ہوجاتی ہین اور اُس عرق کا ذائقہ کڑوا

ہوتا ہے-خوراک-ایک سے-۱۰ گرین تک *

(ت) مرکب جوہر سنکو-نے-ڈین کا ایک ہی-

لاٹن	انگریزی
سنکونے-ڈائی-نے سلفاس	سلفٹ اف سنکو-نے-ڈین

سلفٹ اف کوینین جس عرق سے حاصل ہوا تھا اُسکو اُڑ گاڑھا کرکے پہلے الکحل کے ذریعہ قلمیں بندھ لیں اور تب گرم
پانی کے ذریعہ قلمیں حاصل کریں **خاصیت** - اسکی قلمیں بیرنگ ریشم کیطرح باریک باریک ہوتی ہیں * پانی
اور تیزابونمیں آسانی سے حل ہو جاتی ہیں ذائقہ تلخ **خوراک** ایک گرین سے ۱۰ گرین تک - اسکا کوئی بھی ہومیوپیتھک نہیں ہے

دوم مرکبات سنکونا کی چھال کے پانچ ہیں چنانچہ

لاٹن ———— ———— انگریزی

ڈیکاکٹم سنکونی ———— ڈیکاکشن اف سنکونا

نسخہ سفوف ریڈ سنکونا بارک سوا آونس * ڈسٹلڈ واٹر ایک پائنٹ * بند برتن میں ۱۰ منٹ تک
جوش دیں اور جب سرد ہو جاوے تب چھانکر اُس چھلنی پر اسقدر ڈسٹلڈ واٹر چھوڑیں کہ جس سے
سارا عرق ملکر ایک پائنٹ ہو جاوے **خوراک** ایک آونس سے ۲ آونس تک *

لاٹن ———— ———— انگریزی

اکسٹراکٹم سنکونی لی کوئیڈم ———— لیکوئیڈ اکسٹراکٹ اف سنکونا

نسخہ ریڈ سنکونا کی چھال سفوف کی ہوئی ۲۰ آونس * ہائیڈروکلورک ایسڈ ۵ ڈرام * گلائی سی رین
ڈھائی آونس * ریکٹی فائیڈ اسپرٹ اور ڈسٹلڈ واٹر - حسب ضرورت *
پانچ پائنٹ پانی میں ایسڈ اور گلائی سی رین ملاکر اُسمیں چھال کے سفوف کو بھگو دیں
اب اسکو پر کو لٹ کرکے اُڑاویں جتنبک ۲۰ آونس رہ جاوے - اب دریافت
کریں کہ اسمیں سنکونا بارک کی جوہرون کی مقدار کس قدر ہے - جب یہ دریافت
ہو جاوے کہ اُس عرق کے ہر یک حصہ میں ۵ گرین جوہرون کا ہے تب اُڑا کر
اسقدر گاڑھا کریں جسمیں ہر یک حصہ میں ۵ء۸ گرین جوہرونکا آجاوے اور ضرورت
ہو تو بعوض اُڑانے کے پانی ملاکر اُسکو رقیق کرلیں - بعدازان اُسمیں ۵ و ۲ء گرین
ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ملاویں - اب اُسمیں اسقدر ڈسٹلڈ واٹر ملادیں جسمیں اُس سارے
اکسٹراکٹ میں ایک سو گرین جوہرونکا آجاوے *

طاقت اس اکسٹراکٹ کے ایک سو گرین مین چہال کے جوہر دکنا ۵ گرین ہوتا ہے -

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

انفیوزم سنکونے اسیڈم ——————— اسڈ انفیوژن اف سنکونا

نسخہ - ریڈ سنکونا بارک کوٹا ہوا - $\frac{1}{2}$ آونس ✣ ارو ماٹک سلفیورک اسڈ ایک ڈرام ✣ کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر - ۱۰ آونس ✣

ایک گہنٹہ تک بہگہ کر چہان لین ✣ **خوراک** ایک آونس سے ۲ آونس تک ✣

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچورا سنکو-نے ——————— ٹنکچر اف سنکونا

نسخہ - ریڈ سنکونا بارک ۴ آونس ✣ پروف اسپرٹ - ایک پاینٹ ✣

ترکیب پر-کو-لیشن کے **خوراک** $\frac{1}{2}$ سے ۲ ڈرام ✣

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچورا سنکو-نی کنپا-زیٹا ——————— کنپاونڈ ٹنکچر اف سنکونا

نسخہ - ریڈ سنکونا بارک کوٹا ہوا - ۲ آونس ✣ بٹہر انیج پیل کتر کے کوٹا ہوا ایک آونس ✣ سرپین-ٹری کی گانہٹین کوٹی ہوئین $\frac{1}{2}$ آونس ✣ زعفران ۵۵-گرین ✣ کو-چی-نیل مسفوف - ۲۸ گرین ✣ پروف اسپرٹ ایک پاینٹ ✣

ترکیب پر-کو-لے-شن کی ✣ **خوراک** $\frac{1}{2}$ سے ۲ ڈرام ✣

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

سے-لی-سی-نم ——————— سے-لی-سین

یہ شے سے-لکس البا درخت کا جوہر ہے جسکو کیمیائی ترکیب سے حاصل کرتے ہین ✣

خاصیت قلمین اسکی بے رنگ چمکیلی اور نہایت کڑوی ہوتی ہین - اِس کے اٹھایئسوین حصہ پانی مین یہ شے حل ہوجاتی ہے ٭

فائدہ اور استعمال - سے - لی - سین کا فائدہ بخار ٹانک اور انٹی - پے - ریاٹک ہے مگر نوبتی بیماریون کی نوبت جیسے کونین سے رُک جاتی ہے ایسی اِس دوا سے نہین رُکتی مگر یہ مرکب مثل سے - لی - سنی - لک ایسڈ اور سے - لی - سی - لٹ اف سوڈا اکیوٹ رو - ما - ٹیزم مین بہت ہی مفید ہے مگر اُن دونو مرکبات سے یہ دوا اسبات مین بڑھ کر ہے کہ اِسمین کہوٹ کے ہونے کا کم اندیشہ ہی - اور اسکا ذایقہ انکی نسبت بہتر ہے اور اِسکے استعمال سے مریض اِسقدر کمزور نہین ہوتا اور نہ بعد مین انئے میا کے ہوجانے کا اندیشہ ہے ٭ پس رو - ما - ٹیزم جب ایسے شخص کو ہوجاوے جسکا دل بسبب چربی مین بدل جانے کے کمزور ہوگیا ہو تب سے - لی - سین کا استعمال بہتر ہے ٭

خوراک ۱۰ سے ۲۰ گرین تک ٭ اکیوٹ رو - ما - ٹیزم مین ۱۰ گرین یا زیادہ پانی مین حل کرکے دو دو یا تین تین یا چار چار گہنٹہ بعد پلا سکتے ہین ٭

لاٹن ——— انگریزی

سی - با - ڈی - لا ——— سی - وا - ڈی لا

اِسکے درخت کو اِسا - گریا او - فی - سی - نی - لس بولتے ہین - اِس درخت کا خشک کیا ہوا پُختہ پہل جو ملک دی - را - کروز اور مکسی - کو سے آتا ہے دوا مین مستعمل ہے ٭

خاصیت - پہل قریب آدھ ہے اِنچ کے لمبے اور اِنمین ہلکے بہورے رنگ کے تین خانے ہوتے ہین اِن خانون مین ایک سے تین تین تک بیج ہوتے ہین - یہ بیج قریب چوتہائی اِنچ لمبے - رنگ اِنکا بہورا مائل لسیاہی ہوتا ہے اور یہ چمکیلے ہوتے

طور پر تہ نشین ہونے دین - جو عرق اوپر رہ جاوے اُسکو نتہار لین اور منجمد کو فلٹر پر
جمع کر کے ڈسٹلڈ واٹر سے تبتک دہوویں جبتک عرق بے رنگ نکلنے لگے تب
اُس مرطوب منجمد کو ۱۰ - آونس ڈسٹلڈ واٹر مین چہتر اگر اُسمین آہستہ آہستہ اور خوب
ہلا ہلا کر اسقدر ہائیڈرو کلورک ایسڈ ملاوین جسمین وہ عرق کسیقدر تُرش ہوجاوے
اور وہ تُرشی قائم رہے بعد ازان اُسمین جسیدانی کو تنا ملا کر دہیمی آنچپر ۲۰ منٹ
تک بھگو رکھین - اب اسکو چہان کر رکہہ چہوڑین تاکہ سرد ہوجاوے بعد ازان اُس
مین کسیقدر زیادہ ایمو - نیا ملاوین اور جب منجمد بالکل تہ نشین ہوجاوے تب
اوپر کے عرق کو نتہار لین اور منجمد کو فلٹر پر جمع کر کے سرد ڈسٹلڈ واٹر سے تبتک
دہوویں جبتک نائٹریٹ سلور کو نائیٹرک ایسڈ سے ترش کر کے اُس دہوون
مین ملانے سے کوئی اثر پیدا نہو بعد ازان اُسی منجمد کو فلٹرنگ پیپر پر رکہکر اُسکی
رطوبت کو جذب کر کے پانی کی بہانپ پر خشک کرلین ؎

خاصیت - یہ شے میڈ - ولا کا جوہر ہے لیکن بالکل خالص نہین ہوتی - یہ ہلکے
بُھرمئی رنگ کا باریک سفوف ہوتا ہے بے بو نہایت کم مقدار سے بہی ناک مین
خراشس پیدا ہوتی ہے نہایت تلخ اور تیز اور تلخی اسکی بہت دیر تک قائم رہتی
ہے پانی مین حل نہین ہوتا اور اسپرٹ اور ایتہر یان کم لیکن ڈایکلیوٹ تیز ابون
مین فوراً حل ہوجاتا ہے - پہ اُس عرق مین ایک شے رال کے طور پر بہورے رنگ
کی غیر محلل تہوڑی سی رہ جاتی ہے - یہ شے نہایت تیز زہر ہے ؎

اِسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ———— ———— انگریزی

انگو اینٹم وی - را ٹرائی - نے ———— آئنیٹ منٹ اف وی راٹریز

نسخہ- وی-راٹریا ۸ گرین * نارڈ- پے-را-فایئن ۱/۵ آونس * نشاپے-را-فایئن ۳/۵ آونس * الیوائیل ایک ڈرام *

وی-را-ٹریا اور روغن کو پہلے رگڑلین تب دونو پے-را-فایئن کو پگہلاکر جب سرد ہوکر وہ گاڑہے ہونے لگین تب سارے کو کہرل مین ڈالکر سرد ہونے تک خوب ملاتے جاوین *

فایدہ اور استعمال وی-را-ٹرین کا- ناک مین لگاتے ہی شدت سے چہینکین چہڑ پڑتی ہین * پہٹی ہوئی جلد پر لگانے سے کوئی شے چہبتی ہوئی محسوس ہوتی ہے اور وہان پر گرمی بہی معلوم ہوتی ہے * یہ شے کہائی جاوے توجی متلاتا اور قے ہوتی ہے اور دست آتے ہین اور ہاتہہ پاؤن مین چینٹیان رینگتی سی محسوس ہوتی ہین- نبض پہلے تو کمزور اور اخیر مین بے قاعدہ حرکت کرتی ہے جسم کی حرارت گہٹ جاتی ہے * عضلات کمزور ہوکر پہڑکنے لگتے ہین اور تب تشنج ہونے لگتا ہے اور حالت روی طاری ہوکہ بیمار تلف ہوجاتا ہے * اِس دوا کا اثر دل پر اِس قسم کا ہوتا ہے کہ پہلے تو تہوڑے عرصہ کے لئے حرکت دل کی سریع ہوجاتی ہے اور تب آہستہ آہستہ چلتی ہے * اِس دوا کا سیدہا اثر نتو دماغ اور نہ نخاع پر ہوتا ہے * نبض کی تیزی اور جسم کی حرارت کم کرنے کے لئے یہ دوا اری-سے-پے-لس اور لو-بر نیو-مو-نیا مین دی گئی ہے لیکن اِسکو نہ کہلانا ہی بہتر ہے کیونکہ اِس سے بشدت دست وقے آتے ہین * باہر اِسکا مرہم پانچوین جوڑے عصب کے درد ون پر لگاتے ہین اور پرو-رائی-ٹس یعنے شدت کی خارش مین بہی لگانا بتاتے ہین-

خوراک ایک گرین ۱/۲ حصہ سے ۱/۱۶ حصہ تک- لیکن اِسکو نہ کہلانا ہی بہتر ہے

لاٹن ——— ہندی ——— انگریزی

سی-نی-مو-مائی کارٹیکس ——— دال چینی ——— سی-نی مَن بارک

اِسکے درخت کو سی-نی-مو-مم زی-لانیکم بولتے ہین - موٹی شاخ سے جو پتلی ٹہنیان نکلتی ہین اُنکے اندر کی چھال دوا مین برتی جاتی ہے - دال چینی سی-لون کے ٹاپو سے آتی ہے اسیواسطے اِسکو سی-لون سی-نی-مَن بولتے ہین *

خاصیت - ایک لائن کے قریب پانچوان حصہ موٹی اور خمدار مانند ہنس کے پر کے ہوتے ہے گھیر اِسکا قریب چار لائن کے اور ایک کے اندر کئی خمدار ٹکڑے ہوا کرتے ہین رنگ اِنکا ہلکا بھورا مایل بزردی ہوتا ہے - بو خوش اور ذائقہ گرم خوشبودار اور شیرین جب توڑی جاتی ہے تو اِسکی کرچین نکلتی ہین *

اجزا - لطیف روغن اور ٹے-ناک اِسڈ *

فائدہ اور استعمال اسٹو-ماٹک کار-مے-نے-ٹیو اور اِس-ٹرن جینٹ ہے خاصکر اِسکو اَور دوا کے ہمراہ استعمال کرتے ہین اور ہمراہ کھریا مٹی کے اِسکو ڈا-یار یا کی بیماری مین بہت دیتے ہین *

خوراک سفوف کی ۱ گرین سے ۲۰ گرین تک *

یہ دوا مرکبات ذیل مین پڑتی ہے

اکوا-سنی-مو-مائی کے ایک گیلن کے لئے ۲۰ آونس * ٹنکچر ہے مار ٹاک زائی-لانی کے ایک پائنٹ مین ۵ ۵ گرین * الغیوزم-کے-ٹی-کیو کے ایک پائنٹ مین ۶۰ گرین اور لیم-سنی-مو-مائی * پلوس-کے-مے-ٹے-کیو کمپا-زیٹی کے ۱ حصہ مین ایک حصہ پلوس-سنی-مو-مائی کمپا-زیٹس کے ۳ حصہ مین ایک حصہ * پلوس-کریٹی ایرومیٹکس کے ۱۱ حصہ مین ایک حصہ * پلوس-کاینو کمپا-زیٹس کے ۵ حصہ مین ایک حصہ ٹنکچورا-کارڈی-مو-مائی کمپا-زیٹا کے ایک پائنٹ مین آدھا آونس *

ٹنکچرا-کے-ٹے-کیو کے ایک پائنٹ مین ایک آونس ٭ ٹنکچرا-سی-نی-مو-مائی کے ایک پائنٹ مین ڈہائی آونس ٭ ٹنکچرا-لیونڈیو-لی کمپا-زیٹا کے ایک پائنٹ مین ۵،۷ گرین ٭ وائی-نم-او-پیائی کے ایک پائنٹ مین ۵،۷ گرین یہ دوا پڑتی ہے ٭

اسکے پانچ مرکب ہین

لاٹن ——————— انگریزی

اولیئم-سی-نا مو-مائی ——————— آئیل اف سی-نی-من

یہ روغن دال چینی سے ڈیسٹی-لے-شن کی ترکیب سے نکلتا ہی اور سیلون کے ٹاپو سے آتا ہے ٭

خاصیت-جب یہ روغن تازہ ہوتا ہے تب رنگ اسکا زرد ہوتا ہے لیکن تدریج سُرخ ہوتا ہے-بو اور ذائقہ اسکا دال چینی کے طور-پانی مین بیٹھہ جاتا ہی ٭

خوراک ایک بوند سے ۴ بوند تک-سہارا فائدہ دال چینی کے طور پر لیکن یہہ اس-ٹرن-جنٹ نہین ہے ٭

لاٹن ——————— انگریزی

اکوا-سی-نی-مو-مائی ——————— سی-نی-من واٹر

نسخہ دال چینی کوٹی ہوئی ۲۰ آونس ٭ پانی ۲ گیالن ٭ ایک گیالن معطر کرلین ٭

خوراک ایک آونس سے ۲ آونس تک ٭

یہ دوا مرکبات ذیل مین پڑتی ہی

مسٹیورا-کریٹی ٭ مسٹیورا-گوا-سائی ٭ مسٹیورا-اسپرٹیس وا-نائی-گیالی سائی ٭

لاٹن ——————— انگریزی

پلوس-سی-نی-مو-مائی کمپا-زیٹس ——————— کمپاونڈ پاؤڈر اف سی-نی-من

نسخہ سفوف دال چینی ایک آونس * الائچی کا سفوف کی ہوئی ایک آونس * سفوف سونٹھہ ایک آونس * سبکو اچھے طور پر ملاکر باریک چھلنی سے چھان لین اور اِس سفوف کو شیشہ کے کاگ والی بوتل مین بند کر کے رکھہ چھوڑین *

خوراک ۳ گرین سے ۱۰ گرین تک *

یہ مرکب اِن مرکبات مین پڑتا ہے چنانچہ

پِل اف الوز اینڈ - ایرن * کمپاؤنڈ پل اف گیمبوج *

لاٹن ——— انگریزی

ٹنکچورا - سی - نی مو - مائی ——— ٹنکچر اف سی - نی - مَن

نسخہ دال چینی کوٹی ہوئی ڈھائی آونس * پروف اسپرٹ ایک پاینٹ *

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکو - نایٹ کے **خوراک** آدہی ڈرام سے ۲ ڈرام تک *

لاٹن ——— انگریزی

اسپے - ری - ٹس سے - نا - مو - مائی ——— اسپرٹ اف سی - نے - مَن

نسخہ روغن دال چینی ایک آونس * ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ۴۹ آونس * حل کرلین *

خوراک ½ سے ایک ڈرام تک *

یہ مرکب پڑتا ہے اروما ٹک سلفیورک ایسڈ مین *

لاٹن ——— فارسی ——— انگریزی

سیکے - رم پیوری - فے - کے - ٹم ——— قند ——— ریفائینڈ - شوگر

جس درخت سے یہ چیز پیدا ہوتی ہے اُسکو سی - کے - رم اُفی - سی - نی رم بولتے ہین - یہ گنّے کا رس ہے جسکو صاف کر کے قلم باندہ لیتے ہین - یہ درخت ویسٹ انڈیا کے ٹاپو اور دیگر ممالک گرم مین بوئے جاتے ہین *

خاصیت - اِسکے ڈلے گاؤدُم شکل کے ٹھوس دانہ دار برف کے طور پر سفید خشک بے بو ہوتے ہین اور ذائقہ نہایت شیرین ہوتا ہے *

فائدے - مل - سنٹ اور اِسکو بڑ کام کے مرضون مین کہلایا کرتے ہین اور دہنون کو پانی مین ملانے کے لئے بہی اِسکو ڈالتے ہین * اور کہئی عرقون اور گولیون مین بھی یہ چیز پڑتی ہے *

قند مرکبات ذیل مین پڑتا ہے چنانچہ

کن - فکشیو روزی - کے - نائی - نے * کن - فکشیو روزی گیا - لی - سی *
کن - فکشیو سے - نی * لی - کوئیڈ اکسٹراکٹ اف سار - سا * سے - کے مدی - ٹڈ کا - بونٹ اف ایرن * سے - کے - رہی - ٹڈ سو - لیو - یشن اف لائیم * کمپاونڈ مکسچر اف ایرن * گوائم مکسچر * برانڈی مکسچر * آیوڈائیڈ اف ایرن پل * کمپاونڈ پاوڈر اف امنڈ * کمپاونڈ پاوڈر اف لے - کو - رش * کمپاونڈ پاوڈر اف ٹراگا - کا نتھہ * سوڈی سائی - ٹرو - ٹار - ٹراس ایفر - دے - سنس * کُل صرپ اور کل لازنج مین بہی قند پڑتا ہے *

اِسکے دوم مرکب ہین

لاٹن ———————— انگریزی

تھی - ری - یا - کا ———————— ٹرہی کل

قند تیار کرنے کے وقت جو شیرہ بغیر قلم بند ہونے کے رہ جاتی ہے اُسکو ٹرہی - کل بولتے ہین *

خاصیت - یہ ایک گاڑہا بہورے رنگ کا نہایت شیرین شیرہ ہوتا ہے اور آنچ دینے سے یا رکہہ چہوڑنے سے اِسکی قلمین نہین بندہتی ہین *

شناخت اِسمین پتہر کے روغن کے طور پر قریب نتو بو اور نہ ذائقہ ہوتا ہے *

فائدہ اور استعمال۔ڈی۔ل۔سنٹ اور نیو۔ٹری۔ہنٹ ٭ اسکو گولیون مین ڈالا کرتے ہین تاکہ وہ تر رہین چنانچہ

پلو۔لا۔ اسا۔فی۔ لے۔ڈی کپنا۔زیبا۔

" اوز۔یٹ ۔مرہے۔

" کو۔ناہی کپنا۔زیٹا۔

" پے۔کا۔کوانی کم سلا

" ریاہی کپنا۔زیٹا۔

" سلی کپنا۔زیٹا۔

ٹنکچورا کلورا فار۔مائی اٹ۔مار۔فائی۔نے

لاٹن ———— ہندی ———— انگریزی

سرالپس ———— شیرہ ———— سرپ

نسخہ صاف قند ۵ پاونڈ ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۲ پانیٹ ٭ بذریعہ آنچ کے حل کرلین اور بعد سرد ہونے کے اسمین اتنا ڈسٹلڈ واٹر ملادین کہ کلّی مین سارا ساڑھے سات پاونڈ ہوجاوے ٭

سرپ مرکبات ذیل مین پڑتا ہے چنانچہ

کن۔فکشیو اور۔پیاہی ٭ کن۔فکشیو اسکے۔مو۔نیاہی ٭مسٹورا کریٹے ٭ مسٹورا کریو۔زو۔ٹائی ٭ پلو۔لا۔کم۔بو۔جے کپنا۔زیٹا ٭سو۔راپس۔اسٹیلائی سرا۔پس کلو۔رل ٭ سرالپس زنجبیرس ٭ٹنکچورا کلورا۔فار۔مائی اٹ۔مارفائی۔نے ٭

لاٹن ———— ہندی ———— انگریزی

پٹ۔ٹے۔لم ال۔بم ———— صندل سفید ———— وہائٹ سنڈل ووڈ

سفید صندل کا درخت چھوٹا ہوتا ہے شاذ ہی ۲۵ فٹ سے زیادہ اونچا ہوتا ہے
میسور کے علاقہ مین پہاڑون پر پیدا ہوتا ہے - ۱۰ سے ۲۵ سال کی عمر مین یہ
درخت کاٹنے کے قابل ہوجاتا ہے - اسکے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے باہر
کی لکڑی کو چھیل ڈالتے ہین اور اندر کی لکڑی جس مین کثرت سے روغن ہوتا
ہے فروخت کے لئے جمع کرتے ہین + اس لکڑی سے ڈیسٹی - لیشن کی ترکیب
سے روغن صندل حاصل ہوتا ہے - چنانچہ من بھر اچھی لکڑی سے ۱۰ آونس روغن
نکلتا ہے - روغن صندل بجاے کو-پی-وا کے سوزاک مین نہایت مفید پڑتا ہے +
خوراک اسکی ۳۰ سے ۴۰ قطرے تین دفعہ دن کو + اسکو تین حصہ ریکٹی فائیڈ اسپرٹ
مین حل کرکے خوشبو کے لئے قدرے دال چینی ملاکر پلانا چاہئے +

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

سم-بیو-سائی-فلو-ریس ———————— الڈر فلاورس

اسکے درخت کو سم-بیو-کس-نائی-گرا بولتے ہین - اسکے تازہ پھول دوامین استعمال
کرتے ہین - یہ درخت انگلنڈ مین پیدا ہوتا ہے +

خاصیت پھول اسکے چھوٹے سفید خوشبودار اور خوشون مین لگے ہوئے ہوتے ہین +
اجزا - ایک لطیف روغن +

فائدہ اور استعمال - ہلکا اسٹی - میو - لنٹ ڈیبکیوشینٹ فائدہ کے لئے اسکو
پولٹس فومن ٹیشن اور اینٹ منٹ کے طور پر باہر لگاتے ہین -

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

اکوا سم-بیو-سائی ———————— الڈر فلاور واٹر

نسخہ تازہ الڈر - فلا - ورس کی ٹہنیان کنکا لکر ۱ پاونڈ * پانی ۲ گیالن * ایک گیالن مقطر کرلین * اسکو صرف خوشبو کے لئے استعمال کرتے ہین *

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

سنٹا - نیکا ——————— بسنٹم - نیکا

آرڈ - ٹی - می - شیا مے - رہی - ٹائی - ما درخت کے غنچے دوا مین استعمال ہوتے ہین اور ملکِ روس سے آتے ہین *

خاصیت غنچہ ایک لاین سے زیادہ لمبا اور قریب آدہے لائین موٹا اور گاؤدم شکل دونو جانب بھونٹی ہلکا بہورا مایل بسبزی رنگ کا اور چکنا ہوتا ہے ظاہر مین تو بیج کے طور پر نظر آتا ہے لیکن اسمین کئی خم کہائے ہوئے زرد ہوتے ہین اور انکے بیچ مین ایک سبز اور کسیقدر زرد رنگ کی رگ ہوتی ہے - ان فردوں کے اندر بہو یا لہ بھول ہوتے ہین - بو تیز اور ذایقہ تلخ اور کافوری - اسکا ایک جوہر ہے جسکو سنٹونین کہتے ہین *

شناخت - کلیان نتو گول اور نہ ریشمی ہوتی ہین *

اجزا - لطیف روغن اور جوہر سان - ٹو - نین *

خوراک ۱۰ گرین سے ۶۰ گرین تک *

جوہر سن - ٹو - نین

لاٹین ——————— ——————— انگریزی

سنٹو - نائی - نم ——————— سنٹو - نین

سن - ٹو - نین اس ترکیب سے تیار ہوتا ہے کہ کلیون کو کوٹ کر چونہ اور پانی مین کچھہ

عرصہ تک جوش دیتے ہین تب جہان کہ اُس عرق کی مقدار کو اُڑا کر کم کر دیتے ہین - اِس
عرق مین گرم رہتے ہائیڈرو - کلورک ایسڈ ملا دیتے ہین جتبک وہ عرق کسیقدر ترش
ہو جاوے اور اُسکی ترشی قائم رہے - اب اِسکو رکھہ چھوڑتے ہین تاکہ سن - ٹو - نین
نیچے بیٹھہ جائے - جو روغن اوپر تیرتا ہو اُسکو کفگیر سے علیحدہ کر لیتے ہین اور اوپر
کے عرق کو نتہار کر منجمد کو کاغذ کے فلٹر پر جمع کر کے پہلے سرد ڈسٹلڈ واٹر سے بعد ازان
عرق ایمو - نیا سے اور پہر صرف پانی سے تبتک دہوتے ہین کہ جتبک دہوون بے رنگ
گزرے - اب اُس منجمد کو دہیمی آنچپر خشک کر کے کہولتے ہوئے اسپرٹ مین قدرے
حیوانی کوئلا ملا کر اُسمین اُس منجمد کو دوبارہ حل کر کے عرق کو اندہیری جگہہ مین رکہہ
دیتے ہین تاکہ سن - ٹو - نین کی قلمین بنتی جاوین - اِن قلمون کو اندہیری جگہہ مین جاذب
کاغذ پر خشک کر کے ایسی شیشی مین رکہنا چاہیے جسمین روشنی کا گزر نہو سکے ٭

خاصیت - اِسکی قلمین بے رنگ چپٹی اور پہلدار ہوتی ہین - ذایقہ کسیقدر تلخ - اوسط
درجہ کی آنچ مین پگہلکر اُڑ جاتی ہین - سرد پانی مین قریب حل نہین ہوتین اور کہولتے
ہوئے پانی مین کم لیکن کلورا - فارم اور کہولتے ہوئے اسپرٹ مین خوب حل ہو جاتی ہین
اور سورج کی روشنی سے یہ چیز زرد ہو جاتی ہے ٭

اثر اور استعمال - یہ دوا شکم کے کرمون کے مارنے کے لئے مفید ہے مگر خاصکر
کیچوے جنکو پنجابی زبان مین ملپ اور اصطلاح مین اس کے - رس لم بری - کا ئی - ڈیز
کہتے ہین اِس دوا سے ہلاک ہو جاتے ہین - یعنے جب یہ دوا باقاعدہ دیجاتی ہے تب
کرم مذکور نہایت جلد ہلاک ہو جاتے ہین ٭ چیمنون کے مارنے کے لئے بھی مفید
ہے مگر کدو دانون پر اِسکا اثر نہین ہوتا ٭ جس مقدار مین کرم کش کے طور پر یہ دوا
دیجاتی ہے اِس سے دست نہین آتے مگر زیادہ مقدار کے دینے سے دست
آجاتے ہین مگر ساتھہ ہی اندیشناک دماغی علامتین بہی پیدا ہو جا سکتی ہین اور گاہی

گا ہے ایسا بھی دیکھا گیا ہے کہ اِس دوا کے دینے سے بچہ اور شیر خوارون کو شدت سے دست و قے آئے ہین اور کن - ول - شن اور بیہوشی طاری ہو کر وہ مر گئے ہین - مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جس قسم کے سان - ٹو نین سے وہ خوفناک علامتین پیدا ہوئی ہین وہ خراب اور کھوٹے قسم کی تھی ٭

سان - ٹو - نین مثل دیگر کرم کُش دوا کے اُس صورت مین کامل اثر پیدا کرتی ہے کہ جب فاقہ کرا کر یا ہلکا جلاب دیکر بیمار کو کھلائی جاتی ہے اور کسٹر ائیل کے ہمراہ جب یہ دوا دیجاتی ہے تب بہ نسبت اَوْر ترکیبون کے بہتر اثر پیدا کرتی ہے - اِس ترکیب سے اگر پوری خوراک بھی اِس دوا کی دیجاوے تاہم کوئی علامت اندیشناک نہین پیدا ہوتی - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسٹر ائیل کے ملانے سے اندیشہ کی باتین اِس دوا سے دور ہوجاتی ہین - چنانچہ دو سال کے بچہ کو اِس دوا کا دو گرین ایک یا دو ڈرام کسٹر ائیل مین ملا کر سوتے وقت پلا دینا چاہئے اور صبح کے وقت یا تو اَوْر بھی کسٹر ائل پلا دین نہین تو کوئی اَوْر جلاب دین - اِس سے کیچوے اکثر مرے ہوئے خارج ہوجاتے ہین ٭ اِس دوا کے استعمال سے عجیب قسم کے اثر اکثر پیدا ہوتے ہین مثلاً تھوڑی ہی عرصہ یعنے ایک ہی گھنٹہ کے اندر بیمار کی آنکھون مین اشیاء زرد یا سبز نظر آتی ہین اور اود ے رنگ کی چیزین مشکل دکھلائی دیتی ہین حالانکہ آنکھون کی ساخت مین کسی طرح کی خرابی نہین پیدا ہوتی - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اِس دوا کا اثر بینائی کے نازک اعصاب پر پیدا ہوتا ہے چنانچہ اِسکے استعمال سے پردہ رمی - ٹے - نا کی رگین ہمیشہ خون سے پُر ہوجاتی ہین اور گا ہے گا ہے ایسا بھی ہوتا ہے کہ قوت سامعہ اور ذایقہ مین بھی فرق پڑ جاتا ہے - پیشاب اکثر یا تو زرد یا نارنجی یا سُرخ رنگ کا آتا ہے یعنے پیشاب مین کھار کی مقدار کے اختلاف کے بموجب اُسکی رنگت مین بھی اختلاف ہوجاتا ہے ٭

سہان - ٹو - نین کا اثر گردون پر بھی ہوتا ہے جس سے پیشاب زیادہ آتا ہے اور بعض دفعہ مثانہ مین بھی خراش پیدا ہوجاتی ہے - ایسا قیاس کرتے ہین کہ خون مین جو سوڈا ہوتا ہے اُسکے ساتھ یہ دوا ملکر اپنا اثر پیدا کرتی ہے * کئی محققین کے تجربہ سے یہ ثابت ہے کہ جب یہ دوا حیوانات کے بچون کو دیجاتی ہے تب اُن کو موتیا بند ہوجاتا ہے * جنکو کسٹرائیل سے نفرت ہے اُنکو یہ دوا قرص کے طور پر یا قدرے گیا - لو - مل ملا کر سفوف کے طور پر دے سکتے ہین یا پیا - زی - ٹو - ری کے طور پر بھی دے سکتے ہین جیسا نسخہ ذیل *

خوراک بچون کو ایک سے ۲ گرین * جوانون کو ۳ سے ۶ گرین تک *

نسخہ سپا - زی - ٹری واسطے جوان آدمی کے - سان - ٹو - نین ۶ - گرین * آئیل اف تھیو - برو - ما ۱۰ گرین * سے - لے ٹ - شی ام ۲ گرین * سب کو ملا کر ایک سپا - زی - ٹری بنا دین اور رات کے وقت مبرز کے اندر رکھہ دین *

نسخہ دو سال کے بچہ کے واسطے - سان - ٹو - نین ۲ گرین * قند ۲ گرین * ایک پُڑیا بنا دین اور سوتے وقت اُسمین ایک یا دو ڈرام کسٹرائیل ملا کر بچہ کو پلا دین *

سن - ٹو - نین کا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن ________________ ________________ انگریزی

ٹرا - کی - سائی سنٹو - نائی - نائی ________________ سنٹو - نین لا - زنجیز

نسخہ سنٹونین ۶۰ گرین * قند مسفوف ۸۳ اونس * گم اکاشیا ایک آؤنس * میوسیلج گم اکاشیا ۴ اونس * ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت * سنٹونین اور گم اور قند ملا دین تب اُسمین میوسیلج اور پانی چھوڑ کر ایک لُگدی بنالین اور اُسکو ۶۰۰ قرص مین تقسیم کرکے گرم ہوا کی کوٹھری مین

خوراک ایک ترص سے ۲ ترص تک *

سوپ یعنی صابون

صابون تین قسم کا ہوتا ہے ایک ہارڈ سوپ * دوسرا سافٹ سوپ اور تیسرا کرڈ سوپ چنانچہ

لاٹن ـــــــ ہندی ـــــــ انگریزی

اول سی-پو-ڈیو-رس ـــــــ سخت صابون ـــــــ ہارڈ سوپ

یہ صابون الیو ائیل اور سوڈا سے بنتا ہے *

خاصیت صابون کا رنگ سفید اور کسیقدر سرمئی ہوتا ہے - بو کچھ بھی نہین اور سخت مانند سینگ کے ہوتا ہے اور گرم اور خشک ہوا مین رکھا جاوے تو بھربھرا ہوجاتا ہے اور اسپر گرم کرنے سے پگھل جاتا ہے - ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ اور گرم پانی مین حل ہوجاتا ہے *

شناخت - ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ مین بالکل حل ہوجاتا ہے اور کاغذ پر رکہنے سے اسپر روغن کا داغ نہین پڑتا *

یہ صابون مرکبات ذیل مین پڑتا ہے چنانچہ

ے-نی-منٹم سی-پو-نش * پلو-لا-الو-بار-بی-ڈین-سس * پلو-لا الوزیٹ اسا-فی-ٹے-ڈا * پلولا الوزسو-کو-ٹرائی * پلولا-کمبوجی کمپازیٹا * پلو-لا-ریائی کمپا-زیٹا * پلو-لا-سی-پو-نس کمپا-زیٹا * پلو-لا-سلی کمپازیٹا *

فائدہ اور استعمال - مکسی-ٹیو اور اسا-سڈ اور ے-تہک اسڈ کو زائیل کردیتا ہے - روبرب کے ساتھ ملاکر اسکو مرض ڈرش-پپ-شیا مین بھی دیتے ہین کہ جب پاخانہ قبض ہو اور جگر مین اجتماع خون کا پایا جاوے بہت زیادہ

مقدار مین اگر متواتر دیا جاوے تو گال - اسٹون کے خارج کرنے مین یہ نہایت مفید ہے ٭ بموجب ڈاکٹر پے - رس کے جب صابون ایسے مسہلات مین ملا دیا جاتا ہے جیسے الوز اور جلپ ہین تو انکی تیزی کو کم کر دیتا ہے اور انکے عمل کو زیادہ کر دیتا ہے - صابون کا فائدہ لکسی - ٹیو بہی بتلایا گیا ہے چاہے کہلایا جائے چاہے ریکٹم کے اندر داخل کیا جاے - پس ننہے بچون کو اسیواسطے صابون کے شیافہ سے دست آتے ہین چنانچہ ترکیب اسکی یہ ہے کہ ایک ٹکڑا دیسی صابون کا چہیلکر گاؤدم شکل کی بتی بناوین اور اسمین روغن لگا کر ریکٹم مین ایک یا ڈیڑہ انچ تک چڑہا کر چند لمحہ تک رہنے دین - اسکے کرنے سے اس رودہ مین خراشش پیدا ہوتی ہے اور اس خراشش سے منعکس اثر پیدا ہو کر سارا ریکٹم اور اکثر کل کو - لن رودہ بھی حرکت مین آجاتا ہے جس سے پاخانہ کہلکر آجاتا ہے ٭

خوراک ۵ گرین سے ۱۵ گرین تک ٭

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن ——————— انگریزی

لے - نی منٹم سپی - پونس ——————— لے - نی - منٹ اف سوپ

نسخہ - سخت صابون باریک چہیلا ہوا ۳ آونس ٭ کافور ایک آونس ٭ آئیل اف روز - میری ۳ ڈرام ٭ ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ ۱۶ - آونس ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۴ آونس اسپرٹ مین پانی ملا کر اسمین آئیل اف روز - میری صابون اور کافور ملاوین تب ۰ درجہ کی گرمی مین بھگو کر گا ہے گاہے ہلا کر حل کر ڈالین ٭ یہ مرکب لے - نی - منٹم اوپیائی مین پڑتا ہے ٭

لاٹن ——————— انگریزی

پی-لو-لی-سی-پونس کمپا-زیٹا ——————— کیپاڈٹدپل اف سوپ

نسخہ-افیون سفوف کی ہوئی-آدہی آونس + سخت صابون سفوف کیا ہوا ۱/۴ آونس +

گلائی-سی-ریئن-حسب ضرورت +

افیون اور صابون کو ملاکر گلائی-سی-ریئن ڈالکر لگدی بنالین +

خوراک ۳ گرین سے ۵ گرین تک +

اسکے قریب ۶ حصہ مین ایک حصہ افیون ہے +

لاٹن ——————— ہندی ——————— انگریزی

دوم-سی-بو-مالِش ——————— ملائم صابون ——————— سافٹ سوپ

یہ صابون الیوائیل اور پوٹاشس سے بنتا ہے +

خاصیت-سبز مایل بزردی بے بو شہد کے طور پر گاڑہا ہوتا ہے +

شناخت ریکٹی-فائیڈ-اسپرٹ مین بالکل حل ہوجاتا ہے کاغذ پر رکہنے سے کوئی داغ نہین پڑتا +

فائدہ اور استعمال مانند سخت صابون کے + یہ صابون لے-نی منٹم ٹرپی-ٹن تھے-نے کے قریب ساڑہے سترہ مین دو حصہ پڑتا ہے +

لاٹن ——————— انگریزی

سوم-سیپو-انے-مے-لِس ——————— کرڈ-سوپ

یہ صابون سوڈا اور حیوان کی چربی سے بنتا ہے +

خاصیت رنگ اسکا یا تو سفید یا نہایت خفیف سُرمئی ہوتا ہے-سینگ کے طور پر سخت ہوتا ہے-اگر خشک ہوا مین رکہا جاوے تو سفوف ہوجاتا ہے اور ریکٹی فائیڈ اسپرٹ مین حل ہوجاتا ہے +

یہ صابون مرکبات ذیل مین پڑتاہی چنانچہ

ریزن پلاسٹر * کنپاؤنڈ اکسٹراکٹ اف کا - لو ۔ سِنتھ * لے - نی - منٹ اف
آیئو - ڈائیڈ اف پو - ٹا - سیَم وِیتھ سوپ * فاسفورس پل * کنپاؤنڈ اسکامنی پل *
سپا - ری - ٹری اف کار - با - لک اِسٹ وِیتھ سوپ * سپا - ری - ٹری اف
لے - نک اِسٹ وِیتھ سوپ * سپا - ری - ٹری اف مار - فیا وِیتھ سوپ *

کرڈ سوپ کے دو مرکب ہین چنانچہ

لاٹن ______________ ______________ انگریزی

امپلاسٹرم سے - پو - نِس ______________ سوپ پلاسٹر

لنسخہ - کرڈ سوپ ۶ آونس * لِڈ پلاسٹر - سواپاؤنڈ * ریزن - ایک آونس *
سبکو پگہلاکر ملالین * یہ مرکب امپلاسٹرم کے - بی - نے ڈِشنس مین پڑتا ہے *

لاٹن ______________ ______________ انگریزی

امپلاسٹرم سے - پو - نِس فُسکم ______________ براؤن سوپ پلاسٹر

لنسخہ - کرڈ سوپ مسفوف ۱۰ آونس * زرد موم ½۱۲ آونس * الیو آئیل - ایک پائنٹ *
اکسائیڈ اف لِڈ ۱۵ - آونس * سرکہ ایک گیالن *

اسٹیم باتھ پر سرکہ اور اکسائیڈ اف لِڈ کو پکا دین اور برابر گہوٹتے جاوین تاکہ دونو
خوب طرح ملجاوین - تب صابون ملاکر پھر پکا دین جبتک اسکی بہت ساری رطوبت اُڑ
جاوے - اخیر مین موم اور روغن کو پگہلا کر اُسمین چھوڑ دین اور برابر گہوٹتے جاوین
اور آنچ دیتے جاوین جبتک یہ مرکب پلاسٹر کے قابل گاڑھا ہوجاوے *

لاٹن ——— ——— انگریزی

سار-سی-ریڈ-کس ——— جی-می-کا سار-سا-پے-ریلا

اِسکے درخت کو اسمائی-لکس او-فی-سی-نی-لِش بولتے ہین-اس درخت کی خشک

جڑ جو جی-می-کا کے ٹاپو سے آتی ہے دوا مین برتی جاتی ہے-یہ درخت امریکا

درمیانہ مین پیدا ہوتا ہے *

خاصیت جڑ اِسکی ہنس کے پر سے زیادہ موٹی نہین ہوتی اکثر کئی فٹ لمبی ہوتی

ہے-رنگ اِسکا بھورا یا بسرخی اور اُسپر بہت سی باریک باریک جڑین لگی ہوتی

ہین-یہ جڑ گٹھون مین آتی ہے جو قریب ۱۸-انچ کے لمبی ہوتی ہین-سار-سا پے

بو ہوتا ہے اور ذائقہ اِسکا لعابدار اور کسیقدر تلخ اور تیز *

اجزا-ایک جوہر جسکو اسمائی-لے-سین کہتے ہین * لطیف روغن *

فائدہ اور استعمال-الٹرے-ٹیو ٹانک آتشک کے دوسرے درجہ مین خواہ

تنہا یا ہمراہ کسی اَور دوا کے یہ شے نہایت مفید پڑتی ہے اور کرانک رو-ما-ٹیزم مین ہمراہ

ادویات الو-ڈائین اور ڈایا-فو-ریٹک کے بھی مفید ہے اور کمزوری کے مرضونمین

اور پُرانے ڈسنیلونمین کہ جب اُن سے بہت زیادہ مواد جاری ہو یہ دوا فائدہ مند ہے *

اِسکے تین مرکب ہین

لاٹن ——— ——— انگریزی

ڈلکا کٹم سار-سی ——— ——— کمپاؤنڈ ڈیکاکشن اف سار-سا-پے-ریلا

نسخہ-جی-می-کا سار-سا-پے-ریلا آڑا کٹا ہوا ڈہائی آونس * کہولتا ہوا

ڈسٹلڈ واٹر ڈیڑہ پاینٹ *

سار-سا-پے-ریلا کو ایک گہنٹہ تک پانی مین بھگو کر بند برتن مین ۰ امنٹ تک جوش

دیوین بعد ازان سرد کرکے چھان لین - سارے کو ایک پائینٹ ہونا چاہیے *
خوراک ایک آونس سے ۴ آونس تک *

لاٹن ——————————— انگریزی

ڈیکاکٹم سارسی کمپا-زٹیم ——————— کمپاؤنڈ ڈیکاکشن اف سارساپریلا

نسخہ جی-می-کا سارسا-پے-ریلا آڑا کٹا ہوا ڈہائی آونس * سا سا فراس کے ٹکڑے چوتہائی آونس * گوائکم کی لکڑی کا برادہ - چوتہائی آونس * سوکھی لکورس روٹ کوٹی ہوئی چوتہائی آونس * مے-زیی-ریئین ۴۰ گرین * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ڈیڑہ پائینٹ * سب چیزون کو پانی مین ایک گھنٹہ تک بہگو کر بند برتن مین ۱۰ منٹ تک جوش دیوین اور بعد سرد ہونے کے چھان لین سارے کو ایک پائینٹ ہونا چاہیے **خوراک** ایک آونس سے ۴ آونس تک *

لاٹن ——————————— انگریزی

اکسٹرکٹم سارسی-لی-کوئیڈم ——————— لی-کوئیڈ اکسٹرکٹ اف سارساپریلا

نسخہ جی-می-کا سارسا-پے-ریلا کوٹا ہوا ۱۰ آونس * ڈسٹلڈ واٹر ۱۲ پائینٹ * پروف اسپرٹ ۲ پائینٹ * قند ۵ آونس *

ایک بند برتن مین سارسا کو اسپرٹ مین چہوڑ کر دس روز تک بہگو رکہین تب نچوڑ کر ۲۰ آونس عرق حاصل کر کے رکہہ چہوڑین - اب ثفل کو پانی مین ۱۶۰ درجہ کی گرمی پر ۶ گھنٹہ تک بہگو کر چھان لین تب نچوڑ کر جو عرق حاصل ہو اسمین قند حل کر کے واٹر باتھ پر تبتک پکاوین جبتک ۱۰ آونس کے قریب رہ جاوے - اب دونو عرقون کو ملاکر اسمین اسقدر ڈسٹلڈ واٹر چہوڑین جتنے مین ۴۰ آونس پورا ہوجاوے

خوراک ۲ سے ۴ ڈرام تک *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

سا-سا-فراس ریڈکس ———————— سا-سا-فراس روٹ

اِسکے درخت کو سا-سا-فراس او-فی-سی-نی-لی بولتے ہین-اُس درخت کی خشک کی ہوئی جڑ جو امریکا شمالی سے آتی ہے دوا مین برتی جاتی ہے*

خاصیت-اِس جڑ کے ٹکڑے شاخ دار ہوتے ہین اوپر کیجانب کا گھیر بعضِ دفعہ ۸-اِنچ ہوتا ہے-چھلکا باہر سے بھورا سرمئی اور اندر سے بھورا نارنگ کے طور رنگ کا ہوتا ہے-بو خوش-ذایقہ عجیب خوشبودار اور گرم-لکڑی ہلکی سا مدار زرد سرمئی ہوتی ہے-بو اور ذایقہ بہ نسبت چھال کے کم-لکڑی اِسکے ٹکڑو نمین بھی ہوتی ہے*

اجزا-لطیف روغن* رال* ٹے-نِک اِسڈ*

فائدہ اور استعمال اسٹی-میو-لنٹ ہمراہ اُور دوا کے اِسکو دیتے ہین کہ جنکو یہ دوا مزید اثر کردیتی ہے اور اِسکے پُرانی رو-ما-ٹیزم جلدی بیماریون مین اور اسکار-بیو-ٹس اور آتشک کے مرضو نمین بھی دیا کرتے ہین*

یہ دوا اڈیکاکٹم سارسمی کمپا-زٹیم مین پڑتی ہے*

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

سلا ———————— اسکوئیل

اِسکے درخت کو اُڑ-جی-نیا-سلا بولتے ہین-اِس درخت کی جڑ کی گانٹھہ جو مے-ڈی-ٹری نیئن سمندر کے کنارون سے آتی ہے قتلا اور خشک کی ہوئی دوا مین برتی جاتی ہے*

خاصیت گانٹھہ کی شکل اُڑد کے طور پر ہوتی ہے اور دو سے پاؤنڈ سے بہ پاؤنڈ تک وزن مین ہوتا ہے-باہر کی نرد بار یک سُرخ اور بھورا یا سفید ہوتے ہین اندر کے

فرد موٹی سفیدی مایل اور دبیز اور رس سے پُر ہوتے ہین - ذایقہ لعاب دار نہایت
تلخ اور بدمزہ اور کسیقدر تیز خشک کی ہوئی قاشین سفید یا سفید مایل بزردی
کسیقدر شفاف بے بو اور تلخ ہوتی ہین دبانے سے جلد ٹوٹ جاتی ہین
اور خوب خشک ہون تو بآسانی سفوف ہو سکتی ہین لیکن ہوا کے لگنے سے فوراً
مرطوب اور ملائم ہو جاتی ہین *

اجزا - اسمین دو جوہر ہوتے ہین ایک سی - لی - ٹین جسکا فایدہ ایکسپکٹورنٹ
اور ڈا - یو - ریٹک ہے اور یہ شے زہردار نہین ہے * دوسرے جوہر کو
اسکو - لین کہتے ہین یہ زہردار ہوتا ہے *

فائدہ تھوڑی مقدار مین اسکوئیل کا فایدہ اکسپکٹورنٹ اور ڈا - یو - ریٹک
ہے - پوری خوراک مین اس سے جی متلاتا قے ہوتی ہے اور گاہے گاہے
دست بھی آتے ہین * بہت زیادہ مقدار مین یہ تیز زہر ہے جس سے قے
اور دست آتے ہین پیچش ہوتی ہے - پیشاب جلکر اور خون آمیز آتا ہے -
تشنج اور انفلامیشن ہوتا ہے معدہ اور روده مُردار پڑجاتے ہین - سفوف کے
۲۴ گرین کہانے سے بیمار مر گیا ہے *

استعمال اسکوئیل کو بطور ایکسپکٹورنٹ اور ڈایو - ریٹک اور اکسپکٹورنٹ
کے استعمال کرتے ہین * اُس قسم کی ڈراپ - سی کی بیماریون مین اسکو ڈایو - ریٹک
کے طور پر استعمال کرتے ہین جنمین سریع الاثر ڈا - یو - ریٹک دوا کی ضرورت پڑتی
ہے - اُن اقسام مین اس دوا کو نہ دینا چاہئے جنمین انفلامیشن موجود ہو اور اس
دوا کو اُس قسم کی ڈراپ - سی مین بھی نہ استعمال کرنا چاہئے جسمین گردہ دانہ دار
ہو جاوے یعنے برائیٹس - ڈزیز مین یا مثانہ مین خراش ہو لیکن جب یہ حالتیں
موجود نہون اور بیمار مین انے - میا کی علامتین پائی جاوین تب البتہ یہ دوا مفید پڑتی ہے

یعنے یہ دوا بہ نسبت اسامی - ٹس یا ہائیڈرو - تھو - را - کس کے انا - سار - کا
مین زیادہ تر مفید ہے کہ جو دل کی بیماری کے سبب سے پیدا ہو لیکن اسکو
اس مقدار مین دینا چاہئے جس سے جی متلا وے تا کہ یہ خون مین جلد جذب
ہو کر اپنا اثر پیدا کر سکے ساتھہ اسکے اسے - ٹٹ یا اسڈ تار - ٹریٹ اف
پوٹاش ملانا چاہیے - لیکن ہائیڈرو - تھو - را - کس مین اسکو ئیل کو ہمراہ بلو - پل
اور ڈی - جی - ٹے - لس کے ملا کر دینا اچھا ہے * مزمن سینہ کے امراض
مین جیسے کرانک کٹار اور آسما اور پرانی کھانسی مین بطور اکسپکٹ - ٹورنٹ
کے یہ دوا مفید ہے - البتہ جب ان بیماریون مین آثار انفلامیشن کے پائے
جاوین یا بخار ہو یا جب یہ بیماریان اکیوٹ ہون تب اسکا استعمال ناجائز ہو *
امے - ٹک کے طور پر بعض دفعہ اس دوا کو سینہ کی بیماریون مین دیتے ہین لیکن
اسکے امے - ٹک فائدہ پر اعتماد نہین کیا جا سکتا *

خوراک ایک گرین سے تین گرین تک اور اکسپکٹ - ٹو - رنٹ یا امے - ٹک
کے طور پر اسکو ایک گرین کی مقدار سے شروع کرنا چاہئے اور رفتہ رفتہ یہانتک
خوراک کو بڑھانا چاہئے جس سے غثیان پیدا ہو *

فہرست اُن کبات کی جنمین یہ دوا پڑتی ہو مع اُسکی مقدار کے

اسیٹم - سلی کے ایک پائنٹ مین قریب اڑھائی آونس * او - گزا - مل - سلی *
پلو - لا - اپے - کا - کوانی کم - سلی سات حصہ مین ایک حصہ *
پلو - لا - سلی کمپا - زیٹا کے پانچ مین ایک حصہ * سیر - پس - سلی *
ٹنکچرا - سلی کے ایک پائنٹ مین ڈھائی آونس * اس دوا کو نسخہ جات ذیل
کے طور پر دے سکتے ہین *

نسخہ ڈا-یو-رے-ٹک اسے-ٹم-سلی ۳ ڈرام ٭ ٹنکچر اف ڈی-جی-ٹے-لِس ایک ڈرام ٭ ڈیکا-کشن اف بروم ساڑہے سات آونس ٭ سبکو ملاکر بمقدار ایک آونس کے دن مین تین دفعہ پلاوین ٭

نسخہ اِکش-پکِٹ-ٹو-رِنٹ - سلی مسفوف ۴ گرین ٭ سفوف اپے-کِکا ۴ گرین ٭ میو-ریٹ اف مار-فیا ۱/۴ گرین ٭ سب کو ملاکر ایک گولی بناوین اور چہہ چہہ گہنٹہ بعد کہلاوین ٭

نسخہ امے-ٹک واسطے ایک سال کے بچہ کے - سیرپ اف سلی ایک آونس ٭ وائنم-اپے-کک ایک آونس ٭ دونوکو ملاکر بمقدار ایک ڈرام کے گہنٹہ گہنٹہ بعد جبتک قے ہو پلاتے جاوین ٭

اِسکے پانچ مرکب ہین

لاٹن	انگریزی
پی-لو-لا-سلی کمپا-زیٹا	کمپاونڈ اسکوئل-پل

نسخہ - اسکوئیل باریک سفوف کیاہوا سوا آونس ٭ جنجر باریک سفوف کیاہوا ایک آونس ٭ امو-نایک سفوف کیاہوا ایک آونس ٭ سخت صابون سفوف کیاہوا ایک آونس ٭ ٹریکل وزن کیاہوا دو آونس یا حسب ضرورت ٭

صابون سفوف کرکے اسکوئیل جنجر اور امو-نایک کے ہمراہ رگڑ ڈالین بعد ازان اس مین ٹریکل ملاکر ایک لگدی بنالین ٭

خوراک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک - یہ مرکب برانکائیٹس مین مفید ہے ٭

لاٹن	انگریزی
سی-را-پس-سلی	سرپ اف اسکوئیل

نسخہ وی-نے-گراف اسکوئیل ایک پائنٹ ٭ قند ڈہائی پاونڈ ٭ بذریعہ

آنچ کے حل کرلین *

خوراک آدہے ڈرام سے ایک ڈرام تک * یہ مرکب پرانی کہانسی مین مفید ہی *

لاٹن		انگریزی
اگزہی-مل-سلی		اگزہی مل اف اسکوئیل

نسخہ دی-ئی-گراف اسکوئیل-ایک پائنیٹ * صاف کیاہوا شہد دو پاونڈ *
دونوکو ملاکر واٹر باتہہ پر اُڑاوین جبتک مبرو ہونے سے اِس مرکب کی آپسی تک-گرلوٹی
۳۳ واہوجاوے *

خوراک آدہی ڈرام سے ایک ڈرام تک *

لاٹن		انگریزی
ٹنکچورا-سلی		ٹنکچراف اسکوئیل

نسخہ اسکوئیل کچلا ہوا ڈہائی آونس * پروف اسپرٹ ایک پائنیٹ *

ترکیب مانند ٹنکچراف اکو-نایٹ کے (جسکو دیکہو)-

خوراک ۱۰ بوند سے ۳۰ بوند تک *

لاٹن		انگریزی
اسیٹم-سلی		وینی-گراف اسکوئیل

نسخہ اسکوئیل کوٹا ہوا-اڑہائی آونس * ڈائیلیوٹ-اسیٹک اسڈ-ایک پائنیٹ *
اسکوئیل کو اسیٹک اسڈ مین سات روز تک بہگو رکہین اور تب نچوڑکر چہان ڈالین

خوراک ۱۵ بوند سے ۴۰ بوند تک *

لاٹن		انگریزی
سی-نیکا		سی-نیکا

اِسکے درخت کو پو-لی-گی-لا سی-نیکا بولتے ہین-اِس درخت کی خشک کی ہوئی جڑ جو امریکا شمالی سے آتی ہے دواءین برتی جاتی ہے *

خاصیت جڑ اِسکی ٹہنی کے طور پر اور گرہ دار ہوتی ہے اور اِس سے ایک شاخ موٹی جڑ کی نکلتی ہے جو ترپیب ہنس کے پر کے موٹی اور پیچیدہ ہوتی ہے اور اِسکے بیچ کی رگ باہر سے اُبھری ہوئی ہوتی ہے چھلکا بھورا مایل بزردی ہوتا ہے ذائقہ پہلے کسیقدر شیرین بعد ازان جہال کہ جس سے تھوک پیدا ہوتا ہے اندر اِسکے لکڑی ہوتی ہے جو بے ذائقہ اور بے فائدہ ہوتی ہے *

اجزا-ایک جوہر جسکو پو-لے-گے-لِک اِسڈ یا سی-نی-گین کہتے ہین اور اسمین ٹے-نِک اِسڈ اور پک-ٹین بھی ہے *

فائدہ اور استعمال یہ دوا گرم اکسپک-ٹو-رنٹ اور ڈا-یو-رے-ٹِک ہی اور زیادہ مقدار مین امے-ٹِک اور کیتھار-ٹِک ہے بطور اکس-پک-ٹو-رنٹ اِسکو پرانی برانکائیٹس مین جو مسن اور کمزور آدمیون کو ہو جاتی ہے استعمال کرتے ہین لیکن اِسکو کار-بو-نٹ اف امو-نیا کے ہمراہ دینا چاہئے تاکہ اِسکا اثر تیز اور سریع ہو جاوے * اور مرض ڈِس-مے-نو-ریا اور البیو-مے-نو-ریا مین بہی ہمراہ کار-بو-نٹ اف امو-نیا اور اکس-پک-ٹو-رنٹ اور ڈا-یو-رے-ٹِک دوا کے ساتھ استعمال کرتے ہین *

خوراک اِسکے سفون کی ۲۰ گرین سے ۶۰ گرین تک *

مسن اور کمزور آدمیون کے برانکائی-ٹس مین سے-نے-گا کا یہ نسخہ بہت مفید ہے-

نسخہ-ٹنکچر اف سے-نی-گا آدہا آونس * انفیوزن اف سے-نی-گا-۸ آونس کمپاؤنڈ ٹنکچر اف کمفر-نصف آونس * کار-بونیٹ اف امو-نیا ڈیڑھ ڈرام * سبکو ملا لین اور بمقدار ایک آونس کے چار چار گھنٹہ بعد پلا دین *

اسکے دو مرکب ہین

لاٹین ———— ———— انگریزی

انفیوزم۔سی۔نی۔گے ———— انفیوژن اف سی۔نیکا

نسخہ۔سے۔نیکا کوٹا ہوا۔آدہا آونس * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس *

ایک بند برتن مین آدہے گہنٹہ تک بہگو کر چہان لین *

خوراک ایک آونس سے ۲ آونس تک *

لاٹین ———— ———— انگریزی

ٹنکچورا۔سی۔نی۔گے ———— ٹنکچر اف سی۔نیگا

نسخہ۔سی۔نیگا کوٹا ہوا ڈہائی آونس * پروف۔اسپرٹ ایک پاینٹ *

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکو۔نایٹ کے (جسکو دیکہو)

خوراک آدہے ڈرام سے ۲ ڈرام تک *

لاٹین ———— ہندی ———— انگریزی

سنا ———— سنا ———— سنا

اگرچہ سنا کئی قسم کی ہوتی ہے پر برٹیش فار۔ما۔کو۔پیا مین صرف دو ہی قسم استعمال کرنے کی اجازت ہے *

لاٹین ———— ———— انگریزی

سنا الگ زینڈریا ———— الگزینڈرین سنا

سنا کے درخت کو کے۔سیالان سیشو۔لیٹا بولتے ہین۔اِس درخت کے پتے جو شہر الگزینڈریا سے آتے ہین دوا مین مستعمل ہین پہول پہلیان اور پتون کی ٹہنیون کو

احتیاط سے علیحدہ کرکے اِن پتون کو جمع کرتے ہین اور سو-بی-ناس-ٹیما ارگل کے پتے پھول اور پھل جو سنا کے پتون مین ملے ہوتے ہین اُنکو بھی جدا کرتے ہین ٭

خاصیت - پتے یا تو نوکدار یا غیر نوکدار ہوتے ہین قریب ایک انچ لمبے اور پیندے کیجانب ناہموار اور آڑھی ہوتے ہین دبانے سے جلد ٹوٹ جاتے ہین رنگ سبز مائل بزردی ہوتا ہے - بو کم یہ عجیب - ذایقہ لعلبدار اور ایسا جس سے جی متلاتا ہے ٭

شناخت - سنا اور آر-گل کے پتون مین یہ فرق ہے کہ سنا کے پتے پیندے کیجانب ناہموار اور آڑھی ہوتی ہین اور ذایقہ اِنکا تلخ نہین ہوتا اور یہ کہ آر-گل کے پتے بہ نسبت سنا کے دبیز سرمئی اور شکن دار ہوتے ہین ملنے سے جلد ٹوٹ جاتے اور بہ نسبت سنا کے پتون کے زیادہ تر لمبے بھی ہوتے ہین ٭

لاٹن	انگریزی
سنا انڈیکا	ٹی-نی-سوی-لی-سنا

اِسکے درخت کو کے-شیا ای-لانگ-کے-ٹا بولتے ہین - یہ درخت ہندوستان جنوبی مین بویا جاتا ہے اور اِسکے پتے دوا مین برتے جاتے ہین ٭

خاصیت - قریب ۲ انچ کے لمبا نوکدار پیندے کیجانب ناہموار اور آڑا ہوتا ہی جلد ٹوٹتا نہین - یہ پتا پورا اور سبز رنگ کا اور اُسکے ہمراہ کوئی اَور پتا نہین ملاہوا ہوتا ہے - ذایقہ اور بو مثل الگزینڈریئن سنا کے ٭

اجزا - ایک لطیف روغن اور جوہر کے-تہار-ٹین جو دست آور ہے ٭

فائدہ اور استعمال سنا ایک تیز جلاب ہے جسکے کہانے سے روددون کو بہت تحریک ہوکر اُن سے رطوبت زیادہ پیدا ہوتی ہے - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سنا کا اثر خاصکر چہوٹے روددون پر زیادہ ہوتا ہے اور بہ نسبت اَور دن کے

کولن اور ریکٹم پر کم - اگر یہ دوا تنہا کھائی جاوے تو بعض دفعہ اِس سے جی متلاتا اور مروڑا ہوتا ہے اکثر اِسکو نمکون کے ہمراہ دیتے ہین مثلاً ایپسم - سالٹ یا اِسڈ نار - ٹرٹیٹ اف پوٹاش ہمراہ کسی خوشبودار چیز کے ٭

اُس مرکب کو بلاک - ڈرا - فٹ بولتے ہین جب بدہضمی کے باعث قبض ہوجاتا ہے تب سنا کا استعمال کرتے ہین اور جتنے بخار اور انفلامیشن کی بیماریان ہین اُنمین بھی سنا کا استعمال ہوتا ہے - چونکہ یہ ایک تیز جلاب ہے تو اِس کو اِس صورت مین نہ دینا چاہئے کہ جب امعا مین بہت خراش موجود ہو ٭

سنا جب مرضعہ کو پلائی جاتی ہے تب اِسکا اثر اِسکے دودہ مین پایا جاتا ہے مگر دودہ کے پیدا ہونے مین فرق نہین پڑتا - جب بچہ دودہ پیتا ہے تو اکثر اُسکو پیچش ہوجاتی ہے ٭

خوراک سفوف کے ۳۰ گرین سے ۱۲۰ گرین تک ٭

انگلنڈ مین سنا کے پانچ مرکب بنائے گئے ہین تو اِن مین

ٹی - ٹی - وی - ٹی سنا کا استعمال بھی کر سکتے ہین

لاٹن ———————— انگریزی

کنفکشیو - سی - ٹی ———————— کنفکشن اف سنا

نسخہ - سنا باریک سفوف کی ہوئی - ۷ آونس ٭ دہنیا باریک سفوف کیا ہوا - ۳ آونس ٭ فگس یعنے انجیر - ۱۲ - آونس ٭ املی ۹ - آونس ٭ املتاس کا گودا - ۹ آونس ٭ پرو - نس یعنے آلو بخارا - ۶ - آونس ٭ رب السوس یعنے اکسٹراکٹ اف لی - کوریس ایک آونس ٭ قند ۳۰ - آونس ٭ ڈسٹلڈ اسیقد جسمین ۷۵ آونس پورا ہوجاوے ٭

ایک بند برتن مین انجیر اور آلو بخارے کو ۴ گھنٹہ تک ۲۴ آونس پانی مین آہستہ آہستہ جوش دیکر اسقدر ڈسٹلڈ واٹر ملاوین جتنے مین اگلی مقدار پانی کی یعنی ۲۴ آونس پورا ہوجاوے - اب املی اور املتاس چھوڑ کر ۲ گھنٹہ تک بھگو رکھین تب پھلون کے ملایم گودے کو بال کی چھلنی پر رگڑین اور بیج وغیرہ سخت چیزون کو پھینک دین بعد ازان اُس گودے مین قند اور رب السوس ملاکر سارے کو دھیمی آنچ پر حل کرلین اور مرکب کے گرم رہتے اِسمین سنا اور دھنیا کا سفوف تھوڑا تھوڑا ڈالکر سارے کو خوب ملا ڈالین اور اِس مرکب کو یا تو اُڑا کر یا اُسمین اَور بھی ڈسٹلڈ واٹر ملاکر ۷۵ آونس پورا کردین

خوراک ۶۰ گرین سے ۱۲۰ گرین تک ❊

لاٹن ———— ———— انگریزی

انفیوژم - سی - ٹی ———— انفیوژن اف سنا

نسخہ سنا - ایک آونس ❊ جنجر قتلا کیا ہوا ۳۰ گرین ❊ کھولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ ونس ایک بند برتن مین آدھے گھنٹہ تک بھگو کر چھان لین ❊

خوراک ایک آونس سے ۲ آونس تک - گرمی کے موسم مین چونکہ انفیوژن بگڑ جاتا ہے تو اِسکے فی آونس مین ایک گرین ناسے - ٹر ملانے سے وہ بات جلد نہین ہونے پاتی ❊

لاٹن ———— ———— انگریزی

سی - را - پس سی - ٹی ———— سرپ اف سنا

نسخہ سنا کے پتے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کئے ہوئے ۱۶ - آونس ❊ روغن دھنیا ۳ بوند قند ۲۴ آونس ❊ ڈسٹلڈ واٹر ۵ پائنٹ یا حسب ضرورت ❊ ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ ۳ - آونس ❊

سنا کو ۷۰ آونس پانی مین ۲۴ گھنٹہ تک ۲۰۰ درجہ کی گرمی مین بھگو رکھین اور تب ملا کر چھان لین - بعد ازان تفل کو ۳۰ - آونس پانی مین ۶ گھنٹہ تک بھگو کر نچوڑ کر چھان لین

تب دونو عرقونکو ملاکر اُڑا دین جتبک ۱۰ آونس باقی رہے اور بعد سرد ہونے کے ریکٹی۔فایئڈ اسپرٹ مین دہنئیے کا روغن ملاکر اُس سرد عرق مین ڈہالدین تب فلٹیریشن کی ترکیب سے اُسکو صاف کرین اور جو کچہہ فلٹر پر رہے اُسکو ڈسٹلڈ واٹر سے تبتک ہاتہ دہووین جتبک سارا چہانا ہوا عرق ۱۲ آونس ہوجاوے تب اُسمین چینی ملاکر دہیمی آنچ کے ذریعہ گلالین۔سارے کو دو پاونڈ اور ۱۰ آونس ہونا چاہیے اور اُسکی اسپسی فک گراوٹی ۱۰۳۳ ہونا چاہیے ٭

خوراک ایک ڈرام سے ۴ ڈرام تک ٭

لاٹن ———— ———— انگریزی

ٹنکچورا سنّی۔ٹی ———— ٹنکچر اف سنا

نسخہ سنا کے پتے چور کیے ہوئے۔ڈہائی آونس ٭ کشمش بیج نکالے ہوئے دو آونس ٭ زیرہ آدہا آونس ٭ دہنیا آدہا آونس ٭ پروف اسپرٹ ایک پاینٹ ٭

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکو۔نائیٹ کے (جسکو دیکہو)

خوراک ایک ڈرام سے ۴ ڈرام تک ٭

لاٹن ———— ———— انگریزی

مسٹیورا سے۔نی کمپا۔زیٹا ———— کمپاونڈ مکسچر اف سنا

اِس مرکب کو بلاک۔ڈرافٹ بھی کہتے ہین ٭

نسخہ سلفٹ اف مگنے۔شیا ۴ آونس ٭ لی۔کوریڈ اکسٹراکٹ اف لی۔کوریس ایک آونس ٹنکچر اف سنا ڈہائی آونس ٭ کمپاونڈ ٹنکچر اف کارڈممس۔ڈیڑہ آونس ٭ انفیوژن اف سنا ۱۵۔آونس ٭

انفیوژن اف سنا مین سلفٹ اف مگنے۔شیا کو دہیمی آنچ پر حل کرکے ٹنکچر وان اور لی۔کوریڈ اکسٹراکٹ کو ملادین ٭

خوراک ایک آونس سے ڈیڑہ آونس تک *

لاٹن		انگریزی
سر-پن ٹے-ری رائی-زوم		سرپن-ٹے-ری رائی-زوم

اِسکے درخت کو اِرس-ٹو-لو-کیا سر-پن-ٹے-ریا بولتے ہین-اِس درخت کی خشک کی ہوئی گانٹھین اور چہوٹی چہوٹی جڑین جو امریکا شمالی کے ممالک جنوبی سے آتی ہین دوا مین برتی جاتی ہین *

خاصیت-گانٹھہ بلدار تقریب ایک اِنچ لمبی اور اِنچ کا آٹہوان حصہ گول ہوتی ہی جسپر بہت سی باریک باریک جڑین لگی رہتی ہین جو قریب ۳ اِنچ کے لمبی ہوتی ہین رنگ اِسکا مایل بزردی-بوخوش اور کافوری-ذایقہ گرم تلخ اور کافوری ہوتا ہے * یہ دوا علاوہ اپنے خاص دو مرکبات انفیوژن اور ٹنکچر کے کمپاونڈ ٹنکچر اف سنکونا کے ایک پاینٹ مین آدہا آونس پڑتی ہے *

اجزا-لطیف روغن اور ایک تلخ شے *

فائدہ اور استعمال یہ دوا اسٹی-میو-لنٹ ٹانک اور ڈا-یو-فو-رے-ٹک ہے ٹائی فس فیور کے اخیر درجہ مین جبکہ زبان خشک اور سیاہ پڑجاوے اور نبض کمزور ہوجاوے تب اِس دوا کو ہمراہ کار-بو-نٹ اف ایمو-نیا کے دینے سے بڑا فائدہ ہوتا ہے اور ڈس-پپ-شیا اور پرانی رو-ما-ٹیزم مین بھی یہ دوا فائدہ مند ہے *

خوراک اِسکے سفوف کی ۱۰ گرین سے ۵ اگرین تک * بخارون مین اِس طرح کا یہ نسخہ فائدہ مند ہے *

نسخہ-ٹنکچر اف سر-پن-ٹے-ری نصف آونس * انفیوژن اف سر-پن-ٹے-ری ۹ آونس * کار-بو-نٹ اف ایمو-نیا ایک ڈرام * سبکو ملاکر بمقدار ایک آونس کے

تین تین گہنٹہ بعد پلاوین +

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن		انگریزی
انفیوزم سرپن ٹے ری		انفیوژن اف سرپن ٹے ری

نسخہ - سرپن ٹے ری کی گانٹھ چوتہائی اونس + کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس ایک بند برتن مین آدہے گہنٹہ تک بہگو کر چہان لین +

خوراک ایک آونس سے ۲ آونس تک +

لاٹن		انگریزی
ٹنکچورا - سرپن - ٹے - ری		ٹنکچر اف سرپن ٹے - ری

نسخہ - سرپن ٹے ری کی گانٹھہ کٹی ہوئی ڈہائی آونس + پروف اسپرٹ ایک پائینٹ

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکو - نائیٹ کے (جسکو دیکھو)

خوراک آدہی ڈرام سے ۲ ڈرام تک +

لاٹن	ہندی	انگریزی
سی - ناپس	سرسون یا رائی	مسٹرڈ

یہ دو قسم کی ہوتی ہے ایک تو سی - نا - پس نائی - گرا یعنے سیاہ رائی اور دوسری سی - ناپس البا یعنے سفید رائی - دوا مین یہ دو نو قسم کی رائی کے بیج سفوف کر کے ملا کر استعمال کرتے ہین - یہ درخت انگلنڈ مین بوئے جاتے ہین اور ہندوستان میں بہی کثرت سے پیدا ہوتے ہین ۔۔

خاصیت رنگ زرد یا ل بسبزی - ذائقہ تیز کسیقدر تلخ روغن کا اور چرپرا - جب خشک ہوتی ہے تو اسمین بو نہین ہوتی لیکن جب رطوب ہوتی ہے تب اس سے

ایک عجیب تیز بو پیدا ہوتی ہے جس سے آنکھ اور ناک مین بڑی خراش ہوتی ہے ٭

شناخت ۔ اسکی ڈیکاکشن مین سرد کر کے اگر ٹنکچر آف آیوڈین ملایا جاوے تو نیلا نہین ہوتا ٭

اجزا ۔ کالی رائی مین ایک ثقیل روغن اور رائی ۔ روزنٹ آف پوٹاش اور رائی ۔ روز سین اور ایک سے ۔ نا ۔ پے ۔ سین ہوتی ہے ٭

اثر اور استعمال دوا کے طور پر رائی بہت کم کہلائی جاتی ہے مگر ہان ہر خورانی میں قئے لانے کے لئے اکثر کہلائی جاتی ہے مثلاً ایک یا دو ڈرام رائی کا سفوف لیا جیہ یا آٹھ آونس گرم پانی مین گہول کر پلاوین بعد ازان پیالہ بہر بہر کر آب گرم پلاتے جاوین تا کہ کہنگر قئے آجاوے ۔ مصالحہ کے طور پر رائی کا استعمال کثرت سے کرتے ہین ۔ باہر بطور کاؤن ۔ ٹر اری ۔ ٹنٹ کے رائی اکثر لگائی جاتی ہے ٭ کن ۔ تھے ۔ ری ۔ ڈس اور اسمین یہ فرق ہے کہ اسکا اثر جلد پر ہوتا ہے اور اس سے بشدت درد اور جلن ہوتی ہے مگر مثل کن ۔ تھے ۔ ری ۔ ڈس کے اسکا اثر گردون پر نہین ہوتا ۔ جلد پر جب رائی لگائی جاتی ہے تب اس مقام کی رگین خون سے فوراً پر ہو جاتی ہین اور جو عرصہ تک لگی رہے تو جلد پر انفلامیشن ہو کر چہالے پیدا ہو جاتے ہین جن کے پہوٹنے سے بعض دفعہ زخم بہی پیدا ہو جاتے ہین ٭

تغسیل کے لئے گرم پانی مین رائی ملا دیتے ہین جسکو اصطلاح مین مسٹرڈ باتھ کہتے ہین ۔ چنانچہ درد سر مین جب مسٹرڈ باتھ مین پاشویہ کیا جاتا ہے تب درد کو بہت افاقہ ہو جاتا ہے اور امے ۔ نو ۔ ریا (احتباس طمث) کی بیماری مین مریضہ کو حیض کے ایام مین مسٹرڈ باتھ مین کمر تک بٹھانے سے حیض اکثر کہلکر آجاتا ہے (دیکھو میری کتاب امراض النسوان) پیشاب رک جاوے تو کمر تک اس باتھ مین بیٹھنے سے پیشاب کہلکر آجاتا ہے چنانچہ ۲ آونس رائی کا سفوف ۱۰۲ درجہ آب گرم مین ملانے

سے عمدہ مسٹرڈ باتھ تیار ہو جاتا ہے ٭ مختلف قسم کے دردون پر جب رائی کی پٹی لگائی جاتی ہے تب فائدہ ہوتا ہے مگر یہ قاعدہ ہے کہ خاص دردناک عصب پر لگائی جاوے تو درد کو زیادتی ہوتی ہے بلکہ نخاع کے جس حصہ سے وہ عصب نکلتا ہے وہان لگانا چاہئے ٭

اعضاے اندرونی کے انفلامیشن مین رائی کی پٹی لگانے سے بہت عمدہ کاؤن۔ٹر اری۔ٹِنٹ فائدہ ہوتا ہے مثلاً پراکائیٹس اور پلو۔ری۔سی اور نیو۔مو۔نیا وغیرہ مین مگر ایسی صورتون مین خوب بڑی سی پٹی عرصہ تک لگا رکھنی چاہئے ٭ بواسیر کی بیماری مین جب رائی کہائی جاتی ہے تب مسّے خون سے پُر ہو جاتے اور شدت سے درد کرنے لگتے ہین ٭

مسٹرڈ پلاسٹر یا مسٹرڈ۔پولٹس جسکو سے۔نا۔پے۔زم بہی بولتے ہین اسکے بنانے کی نہایت آسان ترکیب یہ ہے کہ جب ضرورت ہو رائی کا سفوف لیکر کسی پیالہ مین اِسقدر آب سرد مین گہونٹین جسمین گاڑہی لئی سی بنجاوے اسکو چہری یا اس۔پا۔چیو۔لا سے ململ کے کپڑے یا پُرانے کاغذ کے ٹکڑے پر بچہا دین اور اُسکے چارون کنارون کو موڑ کر جس طرف رائی لگی ہو اُس طرف نہیں بلکہ دوسری طرف سے اِس پٹی کو مرض کے مقام پر رکہہ دین اور بنیچ سے الگا دین اِس ترکیب سے رائی کا تیز روغن اُس کپڑے یا پُرانے کاغذ کے مسامون سے پہوٹکر جلد پر لگ جاتا ہے اور اُسکو سُرخ کر دیتا ہے۔اِس پٹی کو ۱۵ سے ۳۰ منٹ تک لگا رکہنا کافی ہے۔مگر بچون کو سے۔نا۔پے۔زم لگانا ہو تو اُس رائی مین نصف یا چوتہائی آٹا ملا لینا چاہئے تاکہ اثر اسکا کمزور ہو جاوے۔جب پٹی اُٹہا لیجاوے تب اُس مقام کو خشک کپڑے سے پونچہہ کر خشک کر ڈالین تاکہ اُسپر رائی کا روغن بالکل نہ رہنے پاوے ورنہ وہان چہالے پیدا ہو جائینگے ٭

اسکے چار مرکب ہین

لاٹن	انگریزی
کے-ٹا-پلازما سی-نا-پس	مسٹرڈ پولٹس

نسخہ - رائی سفوف کی ہوئی ڈہائی آونس + السی کا آٹا - ڈہائی آونس + کہولتا ہوا پانی حسب ضرورت + اور پانی حسب ضرورت +

دونا تین آونس شیر گرم پانی مین رائی گہول لین اور السی کے آٹے کو چہ یا آٹہہ آونس کہولتے ہوے گرم پانی مین گہول لین اب دونو کو ملاکر خوب طرح گہونٹ لین +

بطور کاؤن-ٹر اری-ٹنٹ کے اِسکو تے روکنے کے لئے معدہ پر اور پٹہون کے درد پر لگایا کرتے ہین +

لاٹن	انگریزی
اولیم-سی-نا-پس	آئیل اف مسٹرڈ

اکسپرے-شن کی ترکیب سے کالی سرسون سے پہلے کثیف روغن کو نکال لیتے ہین اور تب اِس لطیف روغن کو بہ ترکیب ڈیسٹی-لے-شن حاصل کرتے ہین +

خاصیت بے رنگ یا ہلکے زرد رنگ کا ہوتا ہے - ایتہر اور الکحال مین فوراً حل ہوجاتا ہے مگر پانی مین بہت کم - بو اور ذایقہ نہایت تیز - جلد پہ لگانے سے فوراً آبلے پیدا ہوجاتے ہین +

لاٹن	انگریزی
لے-نی-منٹم سی-نا-پس کمپا-زیٹم	کمپاؤنڈ لے-نی-منٹ اف مسٹرڈ

نسخہ سرسون کا تیل ایک ڈرام + ایتہر آئیل اکسٹراکٹ اف مے-زی-ریمن ۴۰ گرین + کافور ۱۲۰ گرین + کسٹر آئیل ۵ ڈرام + ریکٹی-فایئڈ اسپرٹ ۴ آونس +

شراب مین ہے۔ زہی۔ ریئن اور کافور حل کرکے اسمین سرسون کا تیل اور کسٹر آئیل چہوڑ دین ٭

فائدہ اسٹی۔ میو۔ لنٹ اور اری۔ ٹنٹ ہے ٭

لاٹن	انگریزی
چارٹا سی۔ ناپیس	مسٹرڈ پیپر

نسخہ۔ کالی سرسون کا سفوف ایک آونس ٭ گٹا پرچہ کا عرق ۱۱ آونس یا حسب ضرورت ٭ سرسون کو گٹا پرچہ کے عرق مین ملا لین تاکہ گاڑہا مرکب بن جاوے اور اسکو چوڑی چینی کی رکابی مین ڈالدین تب کارتوس کے کاغذ کے ٹکڑے کاٹکر اُن پر اُس مرکب کو پہیر دین تاکہ اُن ٹکڑون کے ایک طرف وہ گاڑہا عرق لگجاوے بعد ازان اُن کو اس ترکیب سے میز پر رکہہ دین جس سے مرکب والی سطح اوپر کیطرف ہو تاکہ ہوا لگتی رہے اور وہ اُس کاغذ پر خشک ہو جاوے۔ جلد پر لگانے سے پہلے مسٹرڈ پیپر کو چند سکنڈ تک شیر گرم پانی مین بہنگو رکہنا چاہئے ٭

لاٹن	انگریزی
سمبل۔ ریڈکس	سمبل روٹ

اسکے درخت کو فے۔ ریو۔ لا سنبل کہتے ہین۔ روس اور ہندوستان مین پیدا ہوتا ہی اسکی جڑ دوا مین استعمال ہوتی ہے ٭

خاصیت۔ ٹکڑے قریب گول اور ڈہائی سے ۵ انچ تک گہیر مین اور سنہ سے ڈیڑہ انچ تک موٹی اور باہر کیطرف ہلکا بہورا اور کہردرا چہلکا ہوتا ہے اور اُس پر چہوٹے چہوٹے سخت۔ ریشے لگے ہوتے ہین اور اندر کیجانب متخلخل اور اس مین ڈہیلے ریشے ہوتے ہین۔ بو کڑہی مثل مشک کے۔ ذائقہ پہلے تو کسیقدر شیرین مگر

تہوڑے عرصہ بعد کسیقدر تلخ ہوجاتا ہے جو جڑین ہندوستان مین پیدا ہوتی ہین اُنکی ساخت بہ نسبت روسی جڑون کے ٹہوس اور سرخی مایل ہوتی ہے *

اجزا - لطیف روغن * دو قسم کی رال ایک ایتہر مین حل ہونے والی - دوسری الکحل مین * موم * اسٹارچ * سم - بیو - لک ایسڈ *

فائدہ مثل وے - لی - ری - اَن اور بال چہڑکے * انٹس - پاز - مو - ڈوک - اور اسٹی - میو - لنٹ *

استعمال اسکو دمہ ہسٹیریا اور اپے - لپسی کی بیماری مین دیا کرتے ہین *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن	انگریزی
ٹنکچورا - سم - بل	ٹنکچر اف سم - بل

نسخہ سم - بل کی جڑ کوٹی ہوئی ڈہائی آونس * ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ ایک پاینٹ *

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکو - نایٹ کے (جسکو دیکہو)

خوراک ۱۰ بوند سے ۳۰ بوند تک *

لاٹن	انگریزی
سٹ - ری - ریا	آئیس - لنڈ - ماس

اِسکے درخت کو سٹ - ری - ریا آئیس - لنڈ یکا بولتے ہین - یہ ایک قسم کی کائی ہوتی ہے جو یورپ شمالی مین پیدا ہوتی ہے یہ ساری کائی دوا مین برتی جاتی ہے *

خاصیت - یہ کائی پتے کے طور پر اور گوشہ دار اور بلدار ہوتی ہے اور سخت مانند کری کے ہوتی ہے رنگت اسکی سفید اور بہوری اور نیچے کی جانب پہیکے

رنگ کی ہوتی ہے - ذائقہ تلخ اور لعابدار - اسکا گڑا جو شاندہ سرد ہونے سے
مانند فالودہ کے جم جاتا ہے ٭

اجزا - نشاستہ ٭ سٹ را - رک اسڈ ٭ گوند ٭ شکر ٭

فائدہ اور استعمال فائدہ دی - مل - سنٹ اور کسیقدر ٹانک - یہ دوا
پھیپھڑے اور روودون کے میو - کس ممبرین کے امراض مین اور ہر حالت کی کمزوری
مین مفید پڑتی ہے چنانچہ پرانے زکام اور دیگر امراض مین جسمین بلغم مانند پیپ
کے آتا ہو اور مرض ڈسپپشیا اور پرانی ڈی - سن - ٹری اور ڈا - یا - ریا مین جو بعد
رفع ہونے درجہ شدید کے جاری رہتی ہین اِس دوا کو دیا کرتے ہین ٭

اسکا ایک مُرکب ہے

لاٹن		انگریزی
ڈیکاکٹم سٹ - ری - ری		ڈیکاکشن اف آیئس - لنڈ - ماس

نسخہ آیئس - لنڈ - ماس ایک آونس ٭ ڈسٹلڈ واٹر ایک پا ینٹ ٭
کائی کو آب سرد سے دہوکر اُسکا میل دور کردین تب ایک بندبرتن مین ہمراہ
ڈسٹلڈ واٹر کے ۱۰ منٹ تک جوش دیکر گرم رہتے چھان لین - سارے کی
ایک پا ینٹ ہونا چاہئے ٭
خوراک ایک آونس سے ۴ آونس تک ٭

لاٹن	ہندی	انگریزی
فائی - کس	انجیر	فِگش

اسکے درخت کو فائی - کس - کے - ریکا بولتے ہین - اِس درخت کا خشک کیا ہوا
پہل جو ملک سمرنا سے آتا ہے دوا مین برتا جاتا ہے ٭

خاصیت - پہل چپٹے ملائم لیکن مضبوط اور بہورے رنگ کے ہوتے ہین اور
اپنر ایک شہی سفید مانند شکر کے لگی رہتی ہے اِسکے اندر لسدار اور شیرین گودا اور بیچ بیچ
چھوٹے چھوٹے بیج ہوتے ہین ٭

فائدہ اور استعمال نیو - ٹری - ٹیو اور لکسی - ٹیو اور ڈہی - مل - سنٹ ہوتے ہین
انکو اکثر قبض مین کہایا کرتے ہین اور چیر کر گرم کر کے بطور پولٹس کے لگانے سے
جلد پیپ پڑتی ہے - یہ دوا کنفکشیو - سنی کے ۵٫۷ حصہ مین ۲۱ حصہ پڑتی ہے ٭

لاٹن ———————— انگریزی
فی - لکس - ماس ———————— میل - فرن

اِسکے درخت کو اسپائی - ڈیئم فی - لکس - ماس بولتے ہین - یہ درخت انگلنڈ مین
پیدا ہوتا ہے - اِسکی خشک کی ہوئی جڑ کی گانٹھہ جسکو گرمی مین جمع کرتے ہین دوا مین
مستعمل ہے - اِس گانٹھہ پر اونچے اونچے اُبہار ہوتے ہین اور یہ فردار بہورا مایل
بسبزی ہوتا ہے سفوف اِسکا زرد مایل بسبزی ہوتا ہے - بدبودار اور ذایقہ کسیقدر
کسیلا اور تلخ جس سے جی متلاتا ہے ٭

اجزا - ایک سبز چربی کے قسم کا روغن ٭ لطیف روغن ٭ ٹے - نک اسڈ ٭

فائدہ اور استعمال اِسکا سفوف کسیقدر ٹانک اور اسٹرنجنٹ ہے اِسکو خاصکر
بطور اِن - تہل - منٹک کرم کدو دانہ مارنے کے لئے استعمال کرتے ہین اِسکے کہانے
سے وہ کیڑا مرجاتا ہے لیکن اِسکے نکالنے کے لئے جلاب کی ضرورت ہوتی ہی ٭
جوان آدمی کو اِس دوا کا ای - کوئیڈ اکسٹراکٹ نصف ڈرام کی مقدار مین دینا چاہئے
چنانچہ اگلے روز کسٹر ائیل کا جلاب دیکر صبح کو پہر دوا پلانی چاہئے تنہا دینے کے
بدلے جب اِسکا اکسٹراکٹ تارپین کے ساتھہ (جیسے نسخہ ذیل) دیا جاتا ہے تب

بہت فائدہ ہوتا ہے *

نسخہ - لی - کوئیڈ اکسٹراکٹ اف میل - فرن ۲۰ قطرے * اسپرٹ اف ٹرپن ٹائن ۲۰ قطرے * سفیدی بیضہ ایک عدد * ان تینون چیزون کو ملاکر اسمین دو آونس پانی یا دو آونس سربت ملادین اورصبح کے وقت سارے کو پلادین *

خوراک اسکے سفوف کی ایک ڈرام سے ۳ ڈرام تک *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ———— ———— انگریزی

اکسٹراکٹم فی لی سس لی - کوئیڈم ———— لی - کوئیڈ اکسٹراکٹ اف میل - فرن

اس مرکب کو آئیل اف فرن بہی کہتے ہین *

نسخہ - فرن کی جڑ کو ٹی ہوئی ۲ پاؤنڈ * ایتھر ۴ پائنٹ یا حسب ضرورت *

فرن - روٹ کو دو پائنٹ ایتھر مین ملاکر ایک پر - کو - لے - ٹر مین خوب داب داب کر بھر دین اور باقی ایتھر کو اسپر تھوڑا تھوڑا ڈھالین جبتک وہ بے رنگ متقطر ہونے لگے تب اس ایتھر کو واٹر باتھ پر اڑادین یا ڈیسٹی - لیشن کی ترکیب سے پھر حاصل کرین اور جو روغن کے طور پر اکسٹراکٹ باقی رہے اسکو رکھ چھوڑین *

خوراک ۵ بوند سے ۳۰ بوند تک دودھ یا میو - سلج کے ہمراہ کھلاتے ہین - اس دوا کو خلو معدہ مین کھلانا چاہیے اور بعد ایک گھنٹہ کے ایک یا ڈیڑہ آونس کسٹر آئیل پلانا چاہیے تاکہ مردہ کرم خارج ہوجاوے *

لاٹن ———— ———— انگریزی

فی - نی - کیو - لائی - فرکٹس ———— فی - نل - فروٹ

اسکے درخت کو فی - نی - کیو - لم وَل - گے - ری بولتے ہین - اس درخت کا پہل جو

مالٹ کے ٹاپوسے آتا ہے وہ دوامین برتا جاتا ہے ۔

خاصیت ترییب ۳ لائن لنبے اور ایک لائین چوڑی اور بیضوی شکل کے کیقدر مڑی ہوئے ہوتے ہین ۔ یہ پہل نوکدار ہوتے ہین اورا نپر لمبائی سے پھیکے بہورے رنگ کے آٹھہ اونچے اونچے خط ہوتے ہین مگر جانب کے دونو دوہرے ہوتے ہین ۔ ذائقہ اور بوخوش ۔ **اجزا** ۔ لطیف روغن ۔

فائدہ اور استعمال ارو ۔ما ۔ٹک اور کار ۔می ۔نے ۔ٹیو ۔اثر اسکا مانند سونف کے اکثر اسکو بدمزہ دوا کے ہمراہ واسطے خوشبو کے دیاکرتے ہین اور بچون کی بیماریون مین ریح اخراج کرنے کے لئے اسکا حقنہ بہی اکثر کرتے ہین ۔

اِسکا ایک مرکب ہے

لاٹین ــــــــــــــــــــ انگریزی

اکوافی ۔ نی ۔کیو ۔لائی ــــــــــــــــ فی ۔نل واٹر

نسخہ ۔ فی ۔نل کے پھل کوٹے ہوئے ۔ایک پاونڈ ۔ پانی ۲ گیالن ۔ ایک گیالن مقطر کرلین ۔ خوراک ایک آونس سے دو آونس تک ۔

فی ۔نل ۔فروٹ پڑتا ہے کینیا ونڈلے ۔کو ۔رس پاوڈر مین ۔

لاٹین ــــــــــــــــــــ انگریزی

فائی ۔ساس ۔ٹک ۔می ۔ٹس سی ۔من ــــــــــــ کے ۔بی ۔بار ۔بین

اِسکے درخت کو فائی ۔ساس ۔ٹک ما ۔دی ۔نی ۔نو ۔زم بولتے ہین ۔اِس درخت کے بیج جو افریقہ مغربی سے آتے ہین دوا مین مستعمل ہین ۔

خاصیت بیج اسکے بڑسیمہ کے بیج کے برابر ہوتے ہین اورانپر ایک مضبوط سخت کڑکول چکدار سنج مائل بہورا یا خاکی سرمئی رنگ کا چھلکا ہوتا ہے ۔شکل ان کی

گردون کی بہی دونو جانب چپٹی اور محدب - کنارے پر لمبائی سے ایک خط ہوتا ہے یہ خط بیج کے سرے پر جو سوراخ ہوتا ہے اُسمین آخر ہوتا ہے - چہلکے کے اندر دودہیا تکمی ایک گرہی ہوتی ہے - یہ گرہی ۲ ۱ء گرین وزن مین سخت سفید اور قابل سفوف کے ہوتی ہے - ذایقہ اسکا جیسے اُذرسیمون کے بیج کا سا ہوتا ہے اور نہتو اسمین تلخی نہ تیزی اور خوشبو ہوتی ہے - شراب مین جوہر اسکا بالکل کچہ آتا ہے مگر پانی مین کم *

اجزا - ایک جوہر فائی - سِنس ٹگٹ - مے - نا اِسکو اسے - رینمن بہی کہتے ہین *

اثرادر استعمال کلے - بار - بین زہر قاتل ہے مگر اِس دوا کا لی - کو ینڈ اکسٹر اکٹ اگر بضف گرین کی مقدار مین بار بار کہلایا جاوے تو یہ اثر پیدا ہوتا ہے کہ دماغ تو اِسکے اثر سے بالکل محفوظ رہتا ہے مگر خاصکر نخاع پر یہ دوا اِس قسم کا اثر پیدا کرتی ہے کہ جس سے اِسکی حس و حرکت بالکل جاتی رہتی ہے اور سارا نخاع مفلوج ہوجاتا ہے اور بعد کچہہ عرصہ کے حرکت کے اعصاب بالکل مفلوج ہوجاتے ہین آخر کار تنفس کے اعصاب کے مفلوج ہوجانے سے دم بند ہوکر یا اُس حصہ سم - پے - تہے ٹِک نرو کے مفلوج ہوجانے سے جس سے دل مین شاخین جاتی ہین قلب کی حرکت بند ہوکر بیمار تلف ہوجاتا ہے * اِس دوا سے آنکہون کی پُتلیان خوب سُکڑجاتی ہین - پس کہال اِس دوا کو تین باتون کے لئے آنکہون مین ڈالتے ہین تاکہ پُتلیان سُکڑجاوین - ایک تواٹ - رد - پیا کے اثر کو دور کرنے کے لئے - دوسرے کار - نیا مین زخم پڑکر جب سوراخ ہوجاتا ہے تب اِس دوا کو لگاتے ہین تاکہ زخم کے اُس سوراخ سے پردہ آئی - رِس نہ نکلنے پاوے - تیسرے پردہ ری - ٹے ڈ - نا کے انفلامیشن مین یا مرض اس - ٹرو رمِش اُف - تہل - میا اورگن - جنگ - ٹیوا ئی - ٹِس مین جب آنکہون کو روشنی کی برداشت نہین ہوتی ہے تب کے - لے - بار - بین ڈالتے ہین

تاکہ پتلیان سکڑ جاوین اور آنکھون کے اندر روشنی نہ جا سکے * اور چونکہ اِس دوا کا اثر خاصکر نخاع پر ہوتا ہے تو اِسکو خاصکر دو بیماریون مین ہمیشہ استعمال کرتے ہین اور اِس سے فائدہ بہی ہوتا ہے چنانچہ ایک ٹے - ٹے - نَس اور دوسرے اسٹرک - نیا کے زہر مین * ٹے - ٹے - نَس مین اگر دینا ہو تو مرض کے عین ابتدا مین دینا چاہیئے اور بعوض کہلانے کے اِس دوا کی پچکاری کرنی چاہیئے اِسکے اکسٹراکٹ کے ایک گرین کا چوتہایا تیسرا حصہ پانی مین گہول کر اور اُسمین کسیقدر کونین کہار دوا ملا کر جلد کے اندر پچکاری کرتے ہین * کو - ریا کی بیماری مین بہی اِسکا استعمال کرنا بتلاتے ہین مگر کم فائدہ ہوتا ہے *

خوراک سفوف ایک گرین سے ۴ گرین تک * اِسکا اکسٹراکٹ پانی یا گلائی سی رین مین حل کرکے پتلی سکڑنے کے لیئے آنکہہ مین ڈالا جاتا ہے *

زہر کا علاج - قے کراکر معدہ کو جلد خالی کرین تب کرٹ اچیسا مدہ کافی کا اور ڈہی - نیو زی بل اسٹی میو - لنٹ ادویات استعمال کرین * اٹ - رو - پیا کا استعمال بہی مفید پڑتا ہے اور اِس زہر کا اُتار ہائیڈریٹ اف کلو - رل سے بہی ہو سکتا ہے *

اِسکا ایک مرکب اور ایک جوہر ہے

لاٹن ــــــــــــــــــ ــــــــــــــــــ انگریزی

اکسٹراکٹ اف کے - لے - بار - بین ــــــــــ اکسٹراکٹم - فائی سیشس ٹک - سی - ٹش

نسخہ کے - لے - بار - بین کوٹا ہوا ایک پاؤنڈ * ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ ۳ پاینٹ * ایک بند برتن مین کے - لے - بار - بین کو ہمراہ ایک پاینٹ اسپرٹ کے ۴۸ گہنٹہ تک بہگو رکہین اور گاہے گاہے ہلا دیا کرین تب پر - کو - لے - ٹر کے اندر بہر دین جب عرق ٹپکنا موقوف ہو جاوے تب باقی اسپرٹ کو ڈالدین تاکہ سفوف کے اندر سے وہ

تب اس قسم کی ڈراپ ـ سی مین اسکو دے سکتے ہین جو دل کی بیماری کے سبب سے پیدا ہوتی ہے ٭ کرانک برائیٹس ـ ڈیزیز مین جب یہ دوا کہلائی جاتی ہے تب پیشاب کی مقدار زیادہ ہوجاتی ہے اور اِل ـ بیو ـ من کم آتا ہے اور اُنا ـ سار ـ کا بھی کم ہوجاتا ہے ٭

مِگ ـ رین کے درد اور دردِ شقیقہ مین جب یہ دوا مقدار دو گرین سے ۵ گرین تک کہلائی جاتی ہے تب اکثر فائدہ ہوجاتا ہے مقوی دل دکار ـ ڈیکاک ـ ٹانک) کے طور پر خاصکر جب ڈی ـ جی ـ ٹے ـ رِس کی برداشت نہین ہوتی ہے تب اکثر فائدہ ہوتا ہے ٭

یہ دوا چونکہ حل نہین ہوتی تو اسکے استعمال مین اکثر دقت پڑتی ہے مگر سی ـ لی ـ سی ـ لٹ اف سوڈا مین حل ہوجاتی ہے اور جلد کے اندر پچکاری کرنے کے (ہائی ـ پو ـ ڈر ـ مِک انجکشن) لئے یہ نسخہ خوب موزون ہے ٭

نسخہ کے ـ فی ـ نی ۲۰ گرین ٭ سی ـ لی ـ سی ـ لٹ اف سوڈا ½ ۱۷ گرین ٭ ڈِسٹلڈ واٹر ـ ایک ڈرام ٭ مقدار پچکاری کی ۵ بوند سے ۱۵ بوند تک ٭

اِسکا ایک مرکب ہی

لاٹین ـــــــــــــــ ـــــــــــــــ انگریزی

کے ـ فی ـ نی سائی ـ ٹراس ـــــــــــــــ سائی ـ ٹریٹ اف کافین

ایک آونس کا ـ فین اور ایک آونس سائی ـ ٹرک اِسڈ کو ۲ آونس پانی مین حل کرکے اُڑانے سے یہ مرکب تیار ہوتا ہے ـ یہ سفید بے بو سفوف ہوتا ہے ٭

خوراک ۲ سے ۱۰ گرین کسی مکسچر مین ملاکر پلاتے ہین ٭

لاٹین ـــــــــــــــ ـــــــــــــــ انگریزی

کرائی ـ سا ـ رو ـ بے ـ نم ـــــــــــــــ کرائی ـ سا ـ رو ـ بن

اسکو ارا-رو-با یا گوا پاوڈر بھی کہتے ہین *

ان-ڈی-را ارا-رو-با درخت کے تنہ اور شاخون کا گودا نکالکر خشک کرکے سفوف کر لیتے ہین-رنگ اس سفوف کا زردی مایل ہوتا ہے *

فائدہ اور استعمال اسمین کرائی-سو-فا-نک اِسڈ ہوتا ہے * کرانک سو-رائی-سِس کی بیماری کے لئے اس سے بہتر کوئی دوا نہین ہے چنانچہ اسکا ۲۰ گرین سے ایک ڈرام تک لیکہ گرم گرم چربی مین ملاکر خوب طرح کہرل کرکے مرہم بنا دین اور دن مین دو دفعہ چٹون پر خوب طرح رگڑا رگڑ کر ملین اس سے وہ چٹیں جلد دور ہوجاتی ہین-لیکن بعض دفعہ اس مرہم کے لگانے سے گرد کی جلد سوج کر سُرخ ہوجاتی ہے لیکن اگر احتیاط سے ملا جاوے تو کچھ بھی نقصان نہین ہوتا چنانچہ مرہم کو انہی مقامون پر ملنا چاہئے جہان جہان چٹین ہون اُنکے بیچ بیچ کی تندرست جلد پر نہ ملنا چاہئے * یہ مرہم داد (رنگ-ورم) اور ٹے-نیا (گنج) مین بھی مفید ہے-چہرہ پر اس مرہم کو نہ لگانا ہی بہتر ہے کیونکہ آنکھون کے پپوٹے اس سے سوج جاتے ہین اور چہرہ بدرنگ ہوجاتا ہے *

اسکا ایک مرہم فار-ما-کو-پیا مین ہی چنانچہ

لاٹن ———— ———— انگریزی

انگو-انٹم کرائی-سو-رو-بی-نی ———— اینٹ منٹ اف کرائی سو-رو-بن

نسخہ-کرائی-سو-رو-بن ۲۰ گرین * بن-زائی-ٹڈ-لارڈ ۴۸۰ گرین *

دونو کو خوب ملاکر آنچپر پگہلا دین اور خوب طرح گھونٹتے جاوین اور تب آنچ سے اُتار کر جبتک سرد ہو جائے گھونٹتے جاوین *

لاٹن ———— ———— انگریزی

کو-کا ———— کو-کا

اِسکے درخت کو ارِی - تہراگ - زائی - لن کو - کا بولتے ہین یہ درخت بو - لی - ویا اور پیرو مین پیدا ہوتا ہے اِسکے خشک پتے دوا مین استعمال ہوتے ہین - یہ پتے چکنے سبز رنگ کے اور غیر نوکدار ہوتے ہین - شکل بیضوی ڈنڈی انکی چہوٹی ہوتی ہے اور اِن سے خفیف چاء کی خوشبو آتی ہے ؛

خوراک ½ سے ۲ ڈرام تک ؛

اثر اور استعمال - کو - کا کے پتے یا اُسکا جوہر کو - کین جب تہوڑی مقدار مین کہائے جاتے ہین تب مثل کا - فین کے اثر اسکا اسٹی مِیو - لنٹ ہوتا ہے - ہوش و حواس تیز ہو جاتے ہین - تہکان کم ہو جاتا ہے - نبض سریع ہو جاتی ہے اور سارے بدن مین طاقت معلوم ہوتی ہے زیادہ مقدار مین کہانے سے سن - کو - نیزم کی علامتین پیدا ہوتی ہین یعنے حواس مین فتور آجاتا ہے سر گہومتا اور چلتے وقت پاؤن لڑکہڑانے لگتے ہین اور بہت زیادہ مقدار مین کہانے سے دماغ اور مڈ لا اور نخاع کو پہلے تو تحریک ہوتی ہے اور تب کمزور ہو کر مفلوج ہو جاتے ہین نخاع کے اُس حصہ کو صدمہ پہنچتا ہے جسکا تعلق حس سے ہے حرکت کا حصہ سالم رہتا ہے - خون کا دورہ سست ہو جاتا ہے حرارت بڑہ جاتی ہے اور تب دم بند ہو کر بیمار مر جاتا ہے ؛

اِسکے جوہر کے عرق کے چند قطرے جسکے سو حصہ مین جوہر چار حصہ پڑا ہو آنکہہ مین ڈالے جاوین تو چند منٹ کے اندر کن - جنک - ٹائی - وا بے حس ہو جاتا ہے جس سے آنکہہ مین ایسے جراحی کے عمل بلا درد یا تکلیف کئے جا سکتے ہین جیسے احول کے لئے - موتیا بند کے لئے اور عمل آئی - ری - ڈِک - ٹمی بلکہ آنکہہ کا ڈہیلا بہی بلا درد یا تکلیف کے نکال لیا جا سکتا ہے ؛ جب وہی عرق ناک منہہ تالو اور فے - رِنکس اور لے - رِنگس اور وجی - جائی - نا اور فم رحم اور مقعد اور ریکٹم کے

میو-کس پردہ پر لگایا جاتا ہے تب بہی اُن مقامات کا حس جاتا رہتا ہے + مختلف طاقتون کا عرق لگایا جاتا ہے چنانچہ سو مین چار حصہ کا آنکہہ مین ۲۰ حصہ کا ناک اور مُنہہ اور لے-رنگش مین اور بیو-بو یعنے بد اور چہوٹے چہوٹے ڈنبلون اور رسولیون وغیرہ کے گرد جب چوتہائی گرین کو-کین کی پچکاری کیجاتی ہے تب بلا درد کے اونپر عمل جراحی کام کر سکتے ہین +

فیصدی چار حصہ کا عرق روغن لونگ مین ملا کر نیو-رلجیا مین دردناک عصب پر ملا جاتا ہے تب درد کو بہت تخفیف ہو جاتی ہے + مقعد اور عورت کی اندام نہانی کی خارش مین اور مقعد کے شقاق اور زخمون پر جب یہ دوا لگائی جاتی ہے تب درد کو بہت تخفیف ہوتی ہے کو-کین مار-فیا کی ضد ہے تو افیونی کی عادت توڑنے کے لئے یہ ایک اچہی دوا ہے + عصبی ضعف کے لئے اِس دوا کا لی-کوئیڈ اکسٹراکٹ بہت عمدہ ٹانک ہے +

اسکا ایک مرکب ہی

لاٹن ———— ———— انگریزی

اکسٹراکٹم کو-سی لی-کوئیڈم ———— لی کوئیڈ اکسٹراکٹ اف کو-کا

لسنخہ کو-کا کے پتے ۲۰ آونس + یہ-وف اسپرٹ حسب ضرورت + پر-کو-لیشن کی ترکیب سے ٹنیکچر تیار کر کے اُسکو اُڑا کر گاڑہا کرین تا کہ ۲۰ آونس ہو جاوے +

خوراک ½ سے ۲ ڈرام تک + اِسکے جوہر کو-کین کا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن ———— ———— انگریزی

کو-کے-نے ہائیڈرو-کلوراس ———— ہائیڈرو-کلورائڈ اف کو-کین

جوہر کو-کین کا یہ مرکب کو-کا کے پتون سے اِس ترکیب سے حاصل ہو سکتا ہے کہ ان پتون کے ترشہ ال-کو-ہا-لک اکسٹراکٹ مین پانی ملا کر پتلا کر کے کاربونیٹ اف سوڈیم

تاکہ اسکی ترشی کو دور کردیں اور اب اسمین ایتھر ملاکر عرق کو علیحدہ کر کے اڑا دیں جو کچھہ رہ جاوے اسمین ترش پانی ملاکر کار-بونٹ اف سوڈیم اور ایتھر سے اسکو پاک کرین بعدازان اسکا رنگ اڑاکر ہائیڈرو-کلو-رک ایسڈ چھوڑ دین اور تب قلمین باندہ لیوین ٭ قلمین اسکی باریک باریک اور بے رنگ ہوتی ہین ٭

فائدہ یہ مرکب نہایت عمدہ لو-کل انس-تھے-ٹک ہے ٭

خوراک ایک گرین کے پانچوین حصہ سے ایک تک یا سو حصہ مین چار حصہ کا عرق باہر لگنے کے لئے ٭

اسکا ایک مرکب ہی چنانچہ

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

لے-مے-لی-کو-کے-نے ———————— ڈسک اف کو-کین

جی-لا-ٹین اور قدرے گلا-سی-رین سے اس مرکب کی چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بناتے ہین جنکا وزن ایک گرین کا پچاسوان حصہ ہوتا ہے اور جنکی ہر ایک ٹکیہ مین ایک گرین کا $\frac{1}{۲۰۰}$ حصہ ہائیڈرو-کلورٹ اف کو-کین ہوتا ہے ٭

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

کے-جی-پوٹا-ئی-او-لیم ———————— آئیل اف کے-جی پٹ

اسکے درخت کو مے-لا-لو-کا مائی-نر-لو-لتے ہین موککا کے جزیرے مین یہ روغن اس درخت کے پتون سے ڈسٹی-لیشن کی ترکیب سے نکالا جاتا ہے ٭

خاصیت - نہایت پتلا شفاف اور نہایت خوب صورت ہلکا سبز اور مایل بہ نیلگون ہوتا ہے - بو تیز اور خوش - ذائقہ گرم اور خوش اور منہہ کے اندر خنکی پیدا ہوجاتی ہے ٭

فائدہ اور استعمال لگایا جاوے یا کہلایا جاوے یہ روغن نہایت تیز اِسٹی۔میو۔لنٹ اور انٹس۔پازموڈک اور ڈا۔یا۔فو۔رے۔ٹک ہے ڈراپ سی کرانک رو۔ما۔ٹیزم مں۔لے۔ریا کا۔لک اور دیگر امراض عصبی اور تشنجی مین اور حالت کمزوری مین یہ دوا مفید پڑتی ہے اور باہر اِسکو ہمراہ الیوائیل کے (ایک حصہ مین دو حصہ) پُرانی رو۔ما۔ٹیزم اور گاؤٹ کے درد ون پر ملا کرتے ہین اور اِسمین لنٹ ترکر کے کرم خوردہ دانتون پر بھی لگاتے ہین ۞

یہ تیل لے۔نی۔منٹم کرو۔ٹن کے آٹھ حصہ مین ½ ۳ حصہ + اسپرٹیس کی۔جی۔یونائی کے ۵۰ حصہ مین ایک حصہ پڑتا ہے ۞

خوراک۔ایک بوند سے ۴ بوند تک ہمراہ شکر کے ۞

اِسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ——— انگریزی

اسپرٹیس کے جی۔یو۔ٹی ——— اسپرٹ اف کے۔جی۔پٹ

نسخہ۔آئیل اف کے۔جی۔پٹ ایک آونس ۞ ریکٹی۔فائیڈ اسپرٹ ۴۹ آونس حل کرلین ۞ **خوراک** ۱۰ بوند سے ایک ڈرام تک ۞

لاٹن ——— انگریزی

کلمبی۔ریڈکس ——— کلمبو۔روٹ

اِسکے درخت کو کا۔کیو۔لس پال۔می۔ٹس بولتے ہین۔اِس درخت کی جڑ آڑی قتلا کی ہوئی اور خشک جو مشرقی افریقہ سے آتی ہے دوا مین برتی جاتی ہے ۞

خاصیت۔اِسکی قاش چوڑی گول یا بیضوی شکل کی ہوتی ہے قطر قریب ۲ انچ اور دبیزوہ سے چار لائن تک ہوتی ہے درمیانہ حصہ ملائم تر اور باریک تر ہوتا ہے

رنگ زرد اور سرمئی - ذایقہ تلخ - اِسکے ڈیکاکشن مین بعد سرد ہونے کے اگر سولیوشن اف

آیئو-ڈین ملایا جاوے تو وہ سیاہ ہوجاتا ہے ٭

اجزا جوہر کلم - بین ٭ جوہر بے - بے - ریا ہمراہ کلم - یک اِسڈ کے اور تیسرا حصہ

اسٹارچ ٭ اِسمین نتوٹے - نک اِسڈ اور نہ گیا - لک اِسڈ ہوتا ہے اسواسطے

انفیوژن اور کلمبا مین سلفٹ اف ایرن کے ملانے سے کوئی ظاہر تغیر نہین پیدا

ہوتا لیکن چونکہ اسمین کثرت سے اسٹارچ موجود ہے اسواسطے آیئو-ڈین کے

ملانے سے یہ انفیوژن سیاہ ہوجاتا ہے - اِسکو فولاد کے مرکبات کے ہمراہ

بخوبی استعمال کرسکتے ہین کیونکہ اِسمین کوئی بھی جزو قابض نہین ہوتا ٭

یہ دوا علاوہ اپنے تین مرکبات کے مسیچورا فرائی - اور سناڈیگا کو سوا فلویڈ آونس مین

آدہا آونس پڑتی ہے ٭

فائدہ اور استعمال فائدہ اسٹو - ما - کگ ٹا - نک معدہ اگر کمزور ہوجاوے

تو اِسمین یہ دوا مفید پڑتی ہے بعد رفع ہوجانے شدید مرضون کے جو کمزوری ہتی

ہے اُسمین بھی یہ دوا مفید ہے ٭

خوراک اگرین سے ۳۰ گرین تک اکثر اِسکو ہمراہ جنجر کار - بونٹ اف ایرن اور

رو - برب کے دیا کرتے ہین ٭

اِسکے تین مرکب ہین

لاٹین ———————— انگریزی

اکسٹراکٹم - کلمبی ———————— اکسٹراکٹ اف کلمبو

لسنخہ - کلمبو روٹ کے ٹکڑے ایک پاؤنڈ ٭ پروف اسپرٹ ۴ پاینٹ ٭

کلمبو کو دو پاینٹ اسپرٹ مین ۲۴ گہنٹہ تک بہگو رکہین بعد ازان پر - کو - لے - ٹر مین

بہر کر اسمین آہستہ آہستہ باقی اسپرٹ چہوڑین تب اسپرٹ کو مقطر کرلین اور جو باقی ہو

اسکو اُڑا کر حسب مناسب گاڑھا کر لین +

خوراک - ۲ گرین سے ۱۰ گرین تک +

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

انفیوژم - کلمبی ——————— انفیوژن اف کلمبا

نسخہ کلمبو کی جڑ کے ٹکڑے آدھا آونس + سرد ڈسٹلڈ واٹر - ۱۰ آونس +

آدھے گھنٹہ تک بھگو کر چھان لین +

خوراک - ایک آونس سے ۲ آونس تک +

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچور ار کلمبی ——————— ٹنکچر اف - کلمبو

نسخہ - کلمبو کی جڑ کے ٹکڑے - ڈھائی آونس + پروف اسپرٹ ایک پائینٹ -

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکو - نایٹ کے (جسکو دیکھو)

خوراک آدھی ڈرام سے ۲ ڈرام تک +

لاٹن ——————— عربی ——————— انگریزی

گم - بو - جیا ——————— عصارہ ریوند ——————— گم - بوج

یہ ایک قسم کی اگا - سی - نیا درخت کی گوند ہے جو ملک سیام سے آتی ہے +

خاصیت - اسکے ٹکڑے لمبے اور گول ہوتے ہین دبانے سے جلد ٹوٹ جاتے

ہین تب وہ سطح چکنی اور چمکیلی نکلتی ہے - رنگ میلا زرد لیکن پانی مین رگڑنے سے

زرد ہو جاتا ہے - ذایقہ تیز +

اجزا - رال + گم - بو - جک ایسڈ اور گوند -

فائدہ اور استعمال ڈرا سٹک پر - گے - یٹو اور ان - تھل - منٹک ہر

وڈاپ - سی کی بیماری مین جب قبض ہوتا ہے تب اسکو ہمراہ اسٹڈ - ٹارٹریٹ آف پوٹاش یا اہی - لائیٹر یم یا جلیپ کے دیتے ہین اور جب شدت سے قبض ہو جاتا ہی تب بھی اسکو کہلاتے ہین - کدو دانہ کے اخراج کے لئے بہی یہ دوا مفید پائی گئی ہے چونکہ اسکے کہانے سے جی متلاتا اور بہت پیچش ہوتی ہے اسلئے اسکو تہوڑی تہوڑی مقدار مین بار بار دینا چاہئے - اس دوا کو بطور گولی یا ایملشن یا کسی الکلی عرق مین حل کرکے کہلانا چاہئے ٭

خوراک ۲ گرین سے ۴ گرین تک بطور الن - تہل - مِنٹ ٹک کے ۱۰ گرین سے ۱۵ گرین تک دیتے ہین ٭

زہر کا علاج - چونکہ اسکے زہر مین معدہ اور ردودون مین انفلامیشن ہوجاتا ہی اسواسطے ڈیمل سنٹ چیزین پلادین اور ڈیمل سنٹ عرقیات کے ریکٹم مین پچکاری کرین بعد ازان تہوڑی تہوڑی مقدار مین افیون کہلا دین ٭

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ———— ———— انگریزی

پی - لو - لا - گم - بو - جی کمپا - زیٹا ———— کمپاونڈ پل اف گم - بوج

نسخہ - گم - بوج ایک آونس ٭ بار - بی - ڈوز - الوز - ایک آونس ٭ کمپاونڈ پاوڈر اف سی - نی - من ایک آونس ٭ سخت صابون سفوف کیا ہوا ۲ آونس ٭ سیرپ جب ضرورت ٭

گم - بوج اور الوز کو علیحدہ علیحدہ سفوف کر کے ارو - ما - ٹک پاوڈر مین ملاوین تب صابون اور بعد ازان شیرہ ملا کر سب کو کوٹ کر ایک ہموار لگدی بنا لین ٭

خوراک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک ٭

لاٹن	فارسی	انگریزی
کمفورا	کافور	کمفر

اِسکے درخت کو کمفورا اوفی-سی-نی-رم بولتے ہین - یہ ایک منجمد لطیف روغن ہوتا ہے جو اِس درخت کی لکڑی سے بہ ترتیب سبلی-میشن نکالا جاتا ہے بعد ازان دوبارہ اِسکو تصعید کرکے گنبٹے کی سکل کے ٹکڑے بنا لیتے ہین - کافور چین سے آتا ہے ٭

خاصیت-کافور سفید صاف سخت اور دانہ دار ہوتا ہے - بو تیز اور ذائقہ جہال جسکے بعد خنکی پیدا ہوتی ہے پانی مین تیرتا ہے عام درجہ کی گرمی مین یہ شے آہستہ آہستہ اُڑ جاتی ہے پانی مین کسیقدر حل ہوتا ہے لیکن ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ اور ایتھر مین فوراً ٭

شناخت گرم کرنے سے بالکل تصعید ہو جاتا ہے ٭

فہرست اُن مرکبات کی جنمین کمفر پڑتا ہے مع اُسکی مقدار کے چنانچہ

اکوا-کمفوری کے ایک آونس مین آدہا گرین ٭ لے-نی-منٹم اکو-نائی-ٹائی کے ایک آونس مین ۲۲ گرین ٭ لے-نی-منٹم بلا-ڈو-نی کے ایک آونس مین ۲۲ گرین ٭ لے-نی-منٹم کمفوری کے ۵ حصہ مین قریب ایک حصہ ٭ لے-نی-منٹم کمفوری کمپا-زیٹم کے ایک آونس مین ½ ۴۳ گرین ٭ لے-نی-منٹم کلو-رو-فار-مائی کے ۱۰ حصہ مین ایک حصہ ٭ لے-نی-منٹم-ہائیڈ-رار جرائی کے ۱۵ حصہ مین ایک حصہ ٭ لے-نی-منٹم او-پیائی کے قریب ۱۰ حصہ مین ایک حصہ ٭ لے-نی-منٹم-سی-پونس کے ایک آونس مین ۳۶ گرین ٭ لے-نی-منٹم سی-نا-پیس کمپا زیٹم کے ایک حصہ مین ۱۶ حصہ لے-نی-منٹم-ٹری-بن تھے-نی کے ۲۰ حصہ مین ایک حصہ قریباً ٭ لے-نی-منٹم-ٹری-بن-تھرنی اہی-ٹیکم

۱۱ حصہ مین ایک حصہ + اسپرٹیش - کمفوری کے ۰ ا حصہ مین ایک حصہ ÷ ٹنکچرا - کمفوری کیپا - نرینٹا کے ایک آونس مین ڈیڑہ گرین + انگو - اینٹم ہائیڈرا - جرائی کمپا - ریٹم کے ساڑہے تیرہ آونس مین ڈیڑہ آونس ÷

فائدہ اور استعمال پہلے اسٹی - میو - لنٹ اور بعد ازان سسی - ڈی - یٹو اور اِس کا اثر دماغ اور نروس - سسٹم پر ہوتا ہے اور جلد اور میو - کس ممبرین پر بہی ہوتا ہی باہر لگانے سے بہی اسکا فائدہ اسٹی - میو - لنٹ ہوتا ہے بطور سی - ڈی - یٹو کے اِسکو مرض مے - لن - کو - لیا اور دیوانگی مین دیتے ہین اور بطور انٹش - پاز - موڈک بس - لٹے - ریا اور پٹہون کے تشنجی امراض مین دیتے ہین اور بطور سی - ڈی - یٹو کے امراض اعضاے بول مین اور تکلیف حیض مین کہلایا کرتے ہین اور بطور دا - یا - نو - رے - ٹک بخارون مین اور اگزان - تہے - مٹا اور رو - ما - ٹیزم مین دیا کرتے ہین - قلب جب موٹا ہو کر پہیل جاتا ہے اور اس باعث جب شدت سے دہڑکتا ہے تب کافور ہمراہ ہائیو - سیئی - مَش کے دینے سے دل کے دہڑکن کم ہوجاتی ہے ÷ اس پیرہ مے - ٹو - ریا اور نم - فو - مے - نیا (شہوت کا غلبہ عورت مین) کہلانے سے شہوت کم ہوجاتی ہے - اِس فائدہ کو اصطلاح مین ان - افرو - ڈی - سی - اک بولتے ہین + جب چہینکین کثرت سے آتی ہین اور درد سر ہوتا ہے یعنے زکام مین کافور مفید ہے + اور باہر اسکو سخت اور دردناک مقامون پر لگایا کرتے ہین +

دودہ مین کافور آسانی سے حل ہوجاتا ہے یعنے ایک آونس دودہ مین قریب ایک ڈرام کافور حل ہوجاتا ہے - پس ردی قسم کے بخارون مین اِس دودہ کے عرق کا ایک ڈرام تین تین گہنٹہ بعد پلا سکتے ہین ÷

ڈاکٹر رنگر فرماتے ہین کہ ہیضہ اور اسہال مین کافور ایک نہایت مفید دوا ہے مگر

خاصکر ہیضہ مین بہت مفید ہے چنانچہ اِسکے استعمال سے قے رُکجاتی ہے اور دست بہی بند ہوجاتے ہین۔ تشنج رفع ہوجاتا ہے اور ہاتہہ پاؤن گرم ہوجاتے ہین مگر اس دوا کو عین ابتدا مین دینا چاہئے ورنہ فائدہ نہوگا اور بار بار دینا چاہئے مثلاً تینز اسپرٹ اف کمفر کے ۲ سے ۶ قطرے دس دس منٹ بعد جبتک علامتون کو تخفیف نہو پلانا چاہئے ⁂ **خوراک** ایک گرین سے ۱۰ گرین تک ⁂

اِسکے پانچ مرکب ہین

لاٹن	انگریزی
ٹنکچورا۔کم۔فو۔ری کمپا۔زیٹا	کمپاونڈ ٹنکچراف کمفر

لسنحہ افیون کوٹی ہوئی۔ ۴۰ گرین ⁂ بن۔زامراک اسڈ۔ ۴۰ گرین ⁂ کافور ۳۰ گرین ⁂ آئیل اف انس آدہا ڈرام ⁂ پروف اسپرٹ ایک پائنٹ ⁂

سات روز تک بہگو کر چہان ڈالین بعد ازان نچوڑ کر پہر چہانین اور تب اُسمین اسقدر پروف اسپرٹ ملاوین جتنے مین ایک پائنٹ پورا ہوجاوے ⁂

فائدہ اور استعمال۔ یہ دوا نہایت مجرب اکس۔پک۔ٹو۔رنٹ ہے اِسکو اکثر کہانسی کے شدت کم کرنے کے لئے پلایا کرتے ہین ⁂

خوراک ۱۵ بوند سے ایک ڈرام تک اور بچون کو ۵ بوند سے ۱۵ بوند تک دیتے ہین اِسکے ایک آونس مین ۲ گرین افیون ہوتی ہے ⁂

لاٹن	انگریزی
اکوا۔کمفوری	کمفر واٹر

لسنحہ کافور ٹکڑے کیا ہوا۔ آدہا آونس ⁂ ڈسٹلڈ واٹر ایک گیالن ⁂

ایک کپڑے کی پوٹلی مین کافور رکہکر کسی بوتل کے شیشہ کے کاگ مین اُسکو باندہ دین تب اُس بوتل مین پانی بہر کر اوندہا دین اور اُسکو اسطور پر دو روز تک ہنے دین ⁂

بعدازان اُس عرق کو برتین ٭

خوراک ایک آونس جسمین آدہا گرین کافور ہوتا ہے ٭

کمفر واٹر پڑتا ہے ہائی-پو-ڈر-مک انجکشن اف اپو-مار-فیا اور ہائی-پو-ڈر-مک انجکشن اف ار-گو-ٹین مین ٭

لاطین ―――――――― انگریزی

لے-نی-منٹم کمفوریی ―――――――― لے-نی-منٹ ان کمفر

لنسخہ کافور ایک آونس ٭ الیوئیل ۴ آونس ٭ کافور کو روغن مین حل کرلین ٭

بطور اسٹی-میو-لنٹ اور انو-ڈائین کے موچ کہائے ہوئے اور چھلے ہوئے مقامون پر اس روغن کی مالش کرتے ہین ٭ یہ روغن ان مرکبات مین پڑتا ہے۔

کلورا-فارم لے-نی-منٹ اور لے-نی-منٹ اف مر-کری مین اور اسے ٹاک لے-نی-منٹ اف ٹر-پن-ٹائین مین ٭

لاطین ―――――――― انگریزی

لے-نی-منٹم کمفوریی کمپا-زیٹا ―――――――― کمپاونڈ لے-نی-منٹ ان کمفر

لنسخہ کافور ڈہائی آونس ٭ آئیل اف لاونڈر ایک ڈرام ٭ اسٹرانگ سو-لیوشن اف امو-نیا ۵ آونس ٭ ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ۱۵ آونس ٭

کافور اور آئیل اف لاونڈر کو اسپرٹ مین حل کرلین بعدازان ہلا ہلا کر اسمین آہستہ آہستہ سو-لیوشن اف امو-نیا ملاوین جبتک سارا حل ہوجاوے-یہ ایک بہت عمدہ اسٹی-میو-لنٹ مالش کا روغن ہے ٭

لاطین ―――――――― انگریزی

اسپرٹیس-کمفوریی ―――――――― اسپرٹ ان کمفر

لنسخہ کافور ایک آونس ٭ ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ۹ آونس ٭ حل کرلین ٭

خوراک ۰۱ بوند سے ۳۰ منم تک *

لاٹن ——— ہندی ——— انگریزی

کے۔نا۔بس۔انڈہی۔کا ——— گانجا ——— انڈین۔ہیمپ

اسکے درخت کو کے۔نا۔بس سی۔ٹائی۔وا بولتے ہین۔اسکے مادین درخت کے پہول پیدا کرنیوالی شاخین جن سے گوند علیحدہ نہ کی گئی ہو خشک کرکے دوامین برتتے ہین۔یہ درخت ہندوستان مین بویا جاتا ہے * ہندوستان مین گانجے کے درخت کا تین طور پر استعمال کرتے ہین چنانچہ

اول پہول اور کوپلین کہ جن سے گوند نکالی گئی ہو انکو گانجا کہتے ہین *

دوم چرس گانجے کے درخت سے جو گوند نکلتی ہے اسکو چرس بولتے ہین *

سوم بہنگ۔گانجے کے درخت کے بڑے بڑے پتون کو گھونٹ کر بطور شربت کے پیتے ہین اور اسکو سبزی بہی کہتے ہین *

معجون برفی کو کہتے ہین جس مین بہنگ ملی ہوئی ہوتی ہے *

خاصیت۔ان پہول پیدا کرنیوالی شاخون مین ایک یا زیادہ شاخین ایک دوسری کے اوپر لگی ہوئی ہوتی ہین کہ جنمین نشان اگلے پھولون اور چھوٹے پتون اور چند پہلون کے ہوتے ہین۔یہ شاخین آپسمین ملکر علیحدہ علیحدہ گچھون کے طور بنی ہوئی ہوتی ہین جو قریب دو انچ لمبی اور میلی سبز رنگ اور خاص بو کی ہوتی ہین *

اجزا۔ایک رال جسکو کے۔نابین کہتے ہین * قدرے گوند * ایک روغن *

فائدہ اور استعمال۔گانجے کا اثر ایک عجیب نشہ کا ہوتا ہے کہ جس سے طبیعت بشاش ہو جاتی ہے اور خیالات خوش پیدا ہوتے ہین بعد ازان نیند اور بیہوشی طاری ہوتی ہے کہ جو فائدے مثل افیون کے ہین لیکن اس سے نہ تو قبض ہوتا ہے اور نہ بہوک

مرتی ہے گانجے کا فائدہ انش-پاز-موڈک اور انو-ڈائین بہی ہے کہ جن فائدون کے
لئے اِسکو اکثر استعمال کرتے ہین - اِس دوا کو مختلف قسمون کے نیو-رلجیا کے دردوین
اور تشنجی کہانسیون مین ہو-پنگ کاف اور آستہما اور ٹے - ٹے - نس اور
ہائیڈرو-نو-بیا اور دیگر اِسی قسم کے تشنجی اور دردناک بیماریون مین استعمال کرتے
ہین - بعض دفعہ لیکن شاذونادر اِسکو نیند لانے کے لئے بہی دیا کرتے ہین * ہیمپ عمدہ
اذو-ڈی-سیاک ہے * اِسکا اثر رحم پر بہی ہوتا ہے اِسواسطے اِس دوا کو
مے-نو-را-جیا اور ڈس-مے-نو-ریا مین دیتے ہین *

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹن ——— ——— انگریزی

اکسٹراکٹم کے-نا-بس انڈی-سی ——— اکسٹراکٹ اف انڈئین ہیمپ

نسخہ انڈئین ہیمپ کوٹا ہوا ایک پاؤنڈ * ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ۴ پاینٹ *
گانجے کو اسپرٹ مین سات روز تک بہگو کر ٹنکچر نچوڑ ڈالین بعدازان اسپرٹ مقطر کر کے جو
کچھ ہوا اسکو واٹر باتھ پر اُڑا کر حسب مناسب گاڑہا کرلین *

خوراک - چوتہائی گرین سے ایک گرین تک گولی بنا کر دیا کرتے ہین * چنانچہ

نسخہ - اکسٹراکٹ اف ان-ڈی-آن ہیمپ ۴ گرین * جن-شن-روٹ کا سفوف
حسب ضرورت * دونو کو ملا کر چہہ گولیان بناوین اور ایک گولی ہر روز رات کے وقت
کہلاوین * درد معدہ کے لئے یہ گولیان نہایت فائدہ مند ہین *

نسخہ - سب-نائیٹرٹ اف بسمتہ ۶۰ گرین * اکسٹراکٹ اف ان-ڈی-آن ہیمپ ۶ گرین
دونو کو ملا کر بارہ گولیان بناوین اور اُنمین سے ایک گولی دنمین دو دفعہ کہلاوین *

لاٹن ——— ——— انگریزی

ٹنکچورا-کے-نا-بس انڈی-سی ——— ٹنکچر اف انڈئین ہیمپ

لنسخہ۔ اکسٹراکٹ اف انڈین ہمپ۔ ایک آونس * ریکٹی فائیڈ اسپرٹ۔ ایک پائینٹ * اکسٹراکٹ اف ہمپ کو اسپرٹ مین حل کرلین *

خوراک ۵ بوند سے ۲۰ بوند تک۔ اسکے ۲۰ منم مین ایک گرین اکسٹراکٹ اف ہمپ ہوتا ہے * یاد رکہنا چاہئے کہ گلسنچے کا جوہر پانی مین بیٹھہ جاتا ہے اسلئے جب اس ٹنکچر کا استعمال کرین تو اسکو ہمراہ میو۔ سلیج کے دیوین مثلاً فی خوراک مین ایک ڈرام میو۔ سلیج *

لاٹن ———————— ہندی ———————— انگریزی

کپ۔سی۔ساتی فرکٹس ———— لال مرچ ———— کپ۔سی۔کم۔فرٹ

اسکے درخت کو کپ۔سی۔کم فاس۔ٹی جیئی۔ٹم بولتے ہین۔ اس درخت کا پختہ پھل خشک کیاہوادوامین استعمال ہوتا ہے۔ یہ مرچ ملک گے۔نی کے کنارہ اور ایسٹ انڈیا کے ٹاپو سے آتی ہے اور ہندوستان مین بھی کثرت سے پیدا ہوتی ہے *

خاصیت۔ پھلیان اسکی باریک پردہ کے طور پرہ سے ۸ لائین تک لمبی اور دو لائین چوڑی سیدہی گاؤدم نوکدار چکنی چمکیلی لیکن کسیقدر شکن دار ہ نگترے کے طور پر سرخ اور نہایت تیز ذائقہ کی ہوتی ہین۔ اور ڈپ۔سو۔مے۔نیا مین (شراب کا ہوگا) یہ دوا نہایت عمدہ ٹانک ہے (دیکھو نسخہ ذیل)

اجزا۔ تیز ذائقہ کی ایک طائم رال اور تیز ذائقہ کا ایک روغن جسکو کپ۔سی۔سین بولتے ہین *

فائدہ اور استعمال۔ یہ ایک مصالحہ نہایت گرم ہوتا ہے اسیواسطے اکو انٹر۔مے ٹینٹ فیور مین کونین کے ہمراہ اور ڈا۔یا۔ریا اور کالوسا اور ڈس۔پپ۔شیا مین دیتے ہین اور اسکی گلی بھی کراتے ہین اور بطور رو۔بی۔فی۔شینٹ کے اسکو جلد پر لگاتے ہین *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن		انگریزی
ٹنکچورا-کیپ-سی-سائی		ٹنکچر اف کیپ-سی-کم

نسخہ-کیپ-سی-کم کوٹا ہوا-پونے اونس * ریکٹی-فائیڈ-اسپرٹ-ایک پائنیٹ *

ترکیب مانند ٹنکچر آف اکو-نایٹ کے خوراک ۱۰ بوند سے ۲۰ بوند تک *

نسخہ غرغرہ کے لئے - ٹنکچر اف کیپ-سی-کم ایک ڈرام * اسٹرانگ انفیوژن آف روزیز-۶ آونس * ڈسٹلڈ واٹر ۶ آونس * سب کو ملاکر دن مین کئی دفعہ غرغرہ کراوین *

نسخہ شراب کا ہٹوکا روکنے کے لئے (دیکھے ڈس - یو - نیا)

ٹنکچر اف کیپ-سی-کم ۳ ڈرام * ارو-ما-ٹک-اسپرٹ اف امو-نیا ۳ ڈرام * ٹنکچر اف کلمبا-ایک آونس * کمپاونڈ ٹنکچر اف کارڈو-مم ۶ ڈرام * پانی ۸ آونس * سبکو ملالین *

اس عرق مین سے ۴ ڈرام لیکر اور اسمین ۴ ڈرام پانی ملا کر دو دو گھنٹہ بعد یا جب شراب کا ہٹوکا اٹھے پلادین *

لاٹن	ہندی	انگریزی
کار-ڈی-مو-مم	الایچی	کار-ڈی-ممس

اسکے درخت کو ایلی-ٹا-ریا کار-ڈی-مو-مم بولتے ہین الایچی کے دانے دوا مین استعمال ہوتے ہین اور چھلکا پھینک دیا جاتا ہے - الایچی کا درخت مے-لی-بار مین بویا جاتا ہے *

خاصیت: بیج اسکے بہدار اور سمٹے ہوئے بہورے مایل بسرخی اندر سے سفید ہوتے ہین بو اور ذایقہ گرم اور لذیذ ہوتا ہے - یہ دانے بیضوی شکل کے سہ پہل چھلکون مین ہوتے ہین رنگ جنکا پھیکا بہورا ہوتا ہے اور یہ سخت اور ریشہ دار ہوتا ہے ٭

اجزا - ایک خوشبودار روغن ٭ الایچی مرکبات ذیل مین پڑتی ہے چنانچہ کمپاؤنڈ اکسٹراکٹ اف کا - لو - سنتھ قریب ۱/۷ حصہ مین ایک حصہ ٭ کمپاؤنڈ پاوڈر اف ہے - نی - من کے ۳ حصہ مین ایک حصہ ٭ ارو - ماٹک پاوڈر اف چاک کے ۴ حصہ مین ایک حصہ ٭ کمپاؤنڈ ٹنکچر اف جن - شن کے ایک پائنٹ مین چوتہائی آونس ٭ ٹنکچر اف رو - برب کے ایک پائنٹ مین چوتہائی آونس ٭ وائی - نم الوز کے ایک پائنٹ مین ۸۰ گرین ٭

فائدہ اور استعمال فائدہ اسکا کار - مے - نی - ٹیو اور اسٹی میو - لنٹ ہے اس کو جلاب کی دوا کے ہمراہ پیچش موقوف کرنے کے لئے دیا کرتے ہین ٭

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ــــــــــــ ــــــــــــ انگریزی

ٹنکچورا - کارڈی مو - مائی کمپازیٹا ــــــــ کمپاؤنڈ ٹنکچر اف کارڈی - مم

نسخہ - الایچی دانہ کوٹا ہوا - چوتھائی آونس ٭ زیرہ یعنے کے - ری - وی کوٹا ہوا چوتہائی آونس ٭ کشمش بیج نکالا ہوا ۲ آونس ٭ دال چینی کوٹی ہوئی - آدہی آونس ٭ کوچی نیل سفوف کیا ہوا ۵۵ گرین ٭ پروف اسپرٹ ایک پائنٹ ٭

ترکیب مانند ٹنکچر اکو - نائیٹ کے **خوراک** ایک ڈرام سے ۲ ڈرام تک ٭

لاٹن ــــــــــــ ہندی ــــــــــــ انگریزی

کے - روی - فرکٹس ــــــــ زیرہ ــــــــ کے - راوی - فروٹ

اِسکے درخت کو کے۔رم کے۔ردی بولتے ہین - یہ درخت انگلنڈ اور جرمنی مین بویا جاتا ہے اِسکا خشک کیا ہوا پہل دوا مین مستعمل ہے - ہندوستان مین بھی کثرت سے پیدا ہوتا ہے ٭

خاصیت - اِس پھل کے اکثر علیحدہ علیحدہ حصے ہوتے ہین جو قریب ۲ لائین کے لمبے خمدار اور نوک کی جانب گاؤدم ہوتے ہین اور اِسکی لمبائی سے ہلکے رنگ کی ۵ دہاریان ہوتی ہین - بوخوش اور ذائقہ گرم مصالحہ کے طور پر ٭

اجزا - ایک لطیف روغن ٭

زیرہ مرکبات ذیل مین پڑتا ہے چنانچہ

کن۔فک۔شن اف او۔پیم کے قریب دس حصہ مین ایک حصہ ٭

کن۔فک۔شن اف پے۔پر کے ۲۰ حصہ مین ۳ حصہ ٭

کنپاونڈ پاؤڈر اف او۔پیم کے ڈہائی حصہ مین ایک حصہ ٭

کنپاونڈ ٹنکچر اف کارڈمم کے ایک پائنٹ مین چوتہائی اونس ٭

ٹنکچر اف سنا کے ایک پائنٹ مین آدہا آونس ٭

فائدہ اور استعمال او۔ساٹمک اسٹو۔ماٹک اور کار۔مے۔تی۔ٹیو بعضے دفعہ قولنج مین ریح اخراج کرنے کے لئے دیتے ہین اور دوسری دواؤن کے ہمراہ بطور بدرقہ کے بھی اِسکو استعمال کرتے ہین ٭

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹن ——————— انگریزی

اکوا۔کے۔روئی ——————— کے۔راوی۔واٹر

نسخہ کے۔راوی کوٹا ہوا ایک پاؤنڈ ٭ پانی ۲ گیالن ٭ ایک گیالن مقطر کرلین ٭

خوراک ایک آونس سے دو آونس تک ٭

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

اولیم - کے - روی ———————— آیئل اف کے - راوی

یہ روغن زیرہ سے ڈلیسٹی - لیشن کی ترکیب سے نکالا جاتا ہے اور ان مرکبات مین پڑتا ہے چنانچہ کن - فک - شن اف اسکا - منی کے قریب ۸۰ احصہ مین دو حصہ * بیل اف بار - بی - ڈوز الوز کے ۱۲ آونس مین ایک ڈرام *

خاصیت - یا تو یہ بے رنگ یا ہلکے زرد رنگ کا ہوتا ہے - بوخوش اور ذائقہ گرم مصالحہ کا - **خوراک** ۲ بوند سے ۱۲ بوند تک *

لاٹن ———————— ہندی ———————— انگریزی

کے - ریو - فای - لم ———————— لونگ ———————— کلوس

اسکے درخت کو کے - ریو - فائی - لس اروما - ٹی - کرش بولتے ہین - اس درخت کے پھول غنچے خشک کئے ہوئے دوا مین برتے جاتے ہین - یہ درخت پی - ناگ اور بینکولن اور ام - بائی - نا مین بویا جاتا ہے *

خاصیت - لونگ قریب چھہ لائن لمبی وزنی اور سابوت ہوتی ہے اسکی ایک گول سی ڈنڈی ہوتی ہے جسپر چار دانت اور ایک گول سر ہوتا ہے - بو نہایت خوش ذائقہ گرم مصالحہ کا تلخ اور تیز - رنگ گہرا بھورا مایل بسرخی ہوتا ہے *

اجزا - ایک لطیف روغن + ٹے - نک ایسڈ + رال + اسکے انفیوژن مین نائٹرک ایسڈ ڈالنے سے سُرخ ہو جاتا ہے اور ٹنکچر اف پر - کلورائیڈ اف آیرن ملانے سے اسی قسم کے تغیرات روغن لونگ مین بھی پیدا ہوتے ہین *

لونگ ان مرکبات مین پڑتی ہے چنانچہ

کنپاؤنڈ انفیوژن اف آرنج بیل کے ایک پائنٹ مین ۵۶ گرین *

ارو- ماٹک مکسچر اف ایرن کے ۱۶ آونس مین چوتھائی آونس ٭

وائی- نم- او- پیائی کے ایک پائنٹ مین ۵ ر گرین ٭

فائدہ اور استعمال اسٹی میو- لنٹ اور ارو- ماٹک- بعض دفعہ اسکا انفیوژن قے اور جی متلی روکنے کے لئے استعمال ہوتا ہے اور ریح اخراج کرنے کو اور ہاضمہ تیز کرنے کے لئے بہی اسکو کہلاتے ہین اسکو خاصکر اور دوا کے ہمراہ دیا کرتے ہین ٭

اسکے دو مرکبات ہین

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

انفیوژم کے- ریو- فائی- لائی ———————— انفیوژن اف گلوس

نسخہ- لونگ کوٹے ہوئے چوتھائی آونس ٭ کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس ٭ ایک بند برتن مین آدہے گہنٹہ تک بہگو کر چہان لین ٭

خوراک ایک آونس سے ۴ آونس تک ٭

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

اولیم- کے- ریو- فائی- لائی ———————— آئیل اف کلوس

انگلنڈ کے اندر اس روغن کو لونگ سے ڈیسٹی- لیشن کی ترکیب سے نکالتے ہین ٭

خاصیت- اگر تازہ ہو تو بے رنگ ہوتا ہے لیکن رفتہ رفتہ بہورا اور سرخ ہو جاتا ہے اسمین بو لونگ کی آتی ہے اور ذائقہ تیز گرم مصالحہ کے طور پر- پانی مین ڈوب جاتا ہے ٭ روغن لونگ ان مرکبات مین پڑتا ہے چنانچہ

کن- فک- شیو اسکے- مو- نیائی کے قریب ۵۰ احصہ مین ایک حصہ ٭

کمپاونڈ کا- لو سنتھ پل کے قریب ایک آونس مین ۲۰ منم ٭

کا لو سنتھ اور ہائیو- سیمی مش پل کے قریب ڈیڑہ آونس مین ۲۰ منم ٭

یہ روغن نہایت عمدہ ان- ٹے- سیپٹک ہے جس سے سڑاند رک جاتی ہے

اور جب کسی دردناک عصب کے اخیر سرے پر لگایا جاتا ہے تب اسکا فائدہ بہت اچھا
ان۔ڈرا مین ہوتا ہے چنانچہ اسیواسطے چند قطرے روغن لونگ کے روئی کے پہائے
مین رکھکر دردناک دانت کے خول مین یا مسوڑے پر رکھہ دینے سے درد کو بہت فائدہ
ہوجاتا ہے اور تہوڑی سی شکر مین اسکے پانچ قطرے رکھکر کہاجانے سے شکم کی درد
کو فائدہ ہوتا ہے کہ جب ریح کے سبب سے ہوا در وہ ریح خارج ہو جاتی ہے *

خوراک ایک بوند سے ۴ بوند تک *

لاٹین ———————— انگریزی

کسکریلا۔کارٹیکس ———————— کسکریلا۔بارک

اسکے درخت کو کروٹن۔ایلو۔ٹیریا بولتے ہین۔ اِس درخت کی چھال جو بہاما کے جزائر سے
آتی ہے دوا مین برتی جاتی ہے *

خاصیت۔ اسکے ٹکڑے خمدار مانند ہنس کے پر کے ۲ سے ۳ انچ تک لمبے اور گہیر جنکا
۲ سے ۵ لائین تک ہوتا ہے رنگ ہلکا بہورا لیکن اپر تہوڑی بہت سفید رنگ کی سخت
کائی لگی رہتی ہے۔ ذایقہ گرم اور تلخ اور جلنے سے بو پیدا ہوتی ہے *

اجزا۔ ایک لطیف روغن اور رال *

فائدہ اور استعمال ارومائٹک اسٹومائک اور ٹانک۔ اس دوا کو مرض ڈسپپسیا
یعنی ڈایریا اور ڈسنٹری اور کالک اور دیگر امراض شکم مین دیتے ہین *
عرصہ کے بخار یا کوئی اَور بیماری سے شفا پانے کے بعد جو کمزوری رہ جاتی ہے اُسکو
اس ٹانک نسخہ سے بہت فائدہ ہوتا ہے چنانچہ

نسخہ ڈائی۔لیوٹ نائی۔ٹرو ہائیڈرو۔کلو۔رک ایسڈ۔ ۲ ڈرام *
کنپاؤنڈ ٹنکچر اف سنکونا ایک آونس * انفیوژن اف کسکریلا۔ ۸ آونس *

سبکو ملا کر بمقدار نصف یا ایک آونس کے دن مین تین مرتبہ پلاوین *

خوراک سفوف کی ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک *

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن ــــــــ ــــــــ انگریزی

انفیوژم کسکریلی ــــــــ انفیوژن اف کسکریلا

نسخہ - کسکریلا کوٹا ہوا - ایک آونس * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر - ۱۰ آونس *
ایک بند برتن مین آدہے گہنٹہ تک بھگو کر چہان لین *

خوراک ایک آونس سے ۲ آونس تک - یہ انفیوژن اسقدر جلد بگڑ جاتا ہے کہ گرما مین
اسکا ایک دن بھی رہنا مشکل ہے *

لاٹن ــــــــ ــــــــ انگریزی

ٹنکچورا کسکریلی ــــــــ ٹنکچر اف کسکریلا

نسخہ - کسکریلا کوٹا ہوا - ڈہائی آونس * پروف - اسپرٹ - ایک پائنٹ *

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکو - نایٹ کے (جسکو دیکھو)

خوراک آدہی ڈرام سے ۲ ڈرام تک *

لاٹن ــــــــ ہندی ــــــــ انگریزی

کے سیشیا ــــــــ املتاس کا گودا ــــــــ کشیا - پلپ

اسکے درخت کو کشیا فسچیولا بولتے ہین اسکی پہلیون کا گودا جو ایسٹ انڈیا کے ٹاپو
سے آتا ہے دوا مین برتا جاتا ہے یا اسکی پہلیان جو ایسٹ اور وسٹ انڈیا کے ٹاپو سے
آتی ہین ان سے تازہ گودا نکالکر دوا مین استعمال کرتے ہین * ہندوستان مین بہی
بہت پیدا ہوتا ہے *

خاصیت - گودا بھورا مایل بسیاہی لسدار ہوتا ہے - ذایقہ شیرین اور بو ایسی کہ
جس سے کیفیت رجی متلاتا ہے اکثر اسمین بیج بھی ہوا کرتے ہین ⁂

اجزا - شکر + پکٹ ٹمین + گوند + ایک شے مثل مے ٹ - نن کے ۔

فائدہ اور استعمال - لکسی - ٹیو قبض دائمی مین یہ دوا تھوڑی تھوڑی مقدار مین مفید
پڑتی ہے زیادہ مقدار مین کہانے سے جی متلاتا شکم مین نفخ اور پیچش ہوتی ہے
اسکو شاذ ہی تنہا استعمال کرتے ہین ⁂

خوراک - لکٹ - سی - ٹیو ایک ڈرام سے دو ڈرام تک اوربر - گے - ٹیو ایک آونس
سے ۲ آونس تک ⁂ یہ دوا کنفکشیو - سنی کے قریب ۸ حصہ مین ایک حصہ پڑتی ہے ⁂

لاٹن ——— انگریزی
کے - ٹی - ٹیو ——— کے - ڈی - کیو

اسکے درخت کو اُن - کے - ریا گم - بیر کہتے ہین - اس درخت کے پتون اور نیز
ٹہنیون سے جو اکسٹراکٹ نکلتا ہے وہ دوا مین برتا جاتا ہے - یہ شے سنگاپور
اور پورب کے جزائر مین تیار ہوتی ہے ⁂

خاصیت یہ شے یا تو گاؤدم شکل کی ٹکڑون مین ملتی ہے یا ایسے ڈلون مین
جو گاؤدم شکل کے ٹکڑون کے آپسمین ملنے سے بنتے ہین گاؤدم شکل کے ٹکڑون
کا قطر قریب ایک انچ کے ہوتا ہے باہر سے رنگ اسکا بھورا اندر سے زرد
مائل بسرخی یا ہلکا اینٹ کا رنگ ہوتا ہے آسانی ٹوٹ جاتے ہین - ذایقہ کڑوا
نہایت کسیلا اور لعاب دار کسیقدر شیرین ⁂

شناخت پانی مین بالکل گل جاتا ہے اِسکے سرد ڈیکاکشن مین آیوڈین ملانے سے
نیلا نہین ہوتا ⁂

اجزا ۔ اے ۔ ٹنک ایسڈ اور کے ۔ ے ۔ ٹے ۔ کین ٭

فائدہ اور استعمال اسٹرنجنٹ اسکو خاصکر ڈایا ۔ ریا مین استعمال کرتے ہین اور بعض قسم کی ڈس ۔ پپ ۔ سیا مین جس مین پائی ۔ رو ۔ سس کی علامت موجود ہو اور ہر قسم کے جریان خون مین اور رطوبت میو ۔ کس کے سیلان مین بھی دیا کرتے ہین ٭

خوراک ۔ ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک ٭

اسکے چار مرکب ہین

لاٹن ــــــــــــــــ انگریزی

انفیوژرم کے ۔ ٹی ۔ کیو ــــــــــــــــ انفیوژن اف کے ۔ ٹی ۔ کیو

نسخہ کے ۔ ٹے ۔ کیو کوٹا ہوا ۱۶۰ گرین ٭ دال چینی کوٹی ہوئی ۳۰ گرین ٭ کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس ٭ ایک بند برتن مین آدہے گہنٹہ تک بہگو کر چہان لین ٭

خوراک ایک آونس سے دو آونس تک ٭

استعمال اسہال مین ہمراہ افیون کے اسکو دیتے ہین اور پچکاری کے طور پر بہی اسکا استعمال کرتے ہین ٭

لاٹن ــــــــــــــــ انگریزی

پلویس کے ۔ ٹی ۔ کیو کمپا ۔ زیٹا ــــــــــــــــ کمپاؤنڈ پاوڈر اف کے ۔ ٹے ۔ کیو

نسخہ سفوف کے ۔ ٹی ۔ کیو ۴ آونس ٭ سفوف کائی ۔ نو ۲ آونس ٭ سفوف راٹی ۔ نی ۲ ۔ آونس ٭ سفوف دال چینی ایک آونس ٭ سفوف جائے پہل ایک آونس ٭ سب کو اچہے طور پر ملا کر باریک چہلنی سے چہانکر شیشہ کے کاگ والی بوتل مین بھر کر رکہہ چہوڑین ٭

فائدہ اور ۔ ماٹک اور اسٹرنجنٹ ہے نرمی اسہال اور پیچش مین مفید ہے ٭

خوراک ۲۰ گرین سے ۴۰ گرین تک ۔

لاٹن ــــــــــ ــــــــــ انگریزی

ٹنکچورا کے ۔ ٹی ۔ کیو ــــــــــ ٹنکچراف کے ۔ ٹی ۔ کیو

نسخہ ۔ کے ۔ ٹی ۔ کیو کوٹا ہوا ڈھائی آونس ۔ ۲ رال چینی کوٹی ہوئی ایک آونس ۔ پروف اسپرٹ ایک پائنٹ ۔

ترکیب مانند ٹنکچراف اکونائیٹ کے (جسکو دیکھو)

خوراک آدھی ڈرام سے ۲ ڈرام تک ۔

لاٹن ــــــــــ ــــــــــ انگریزی

ٹرو ۔ کے ۔ سائی کے ۔ ٹی ۔ کیو ــــــــــ کے ۔ ٹی ۔ کیو لانزینجز

نسخہ کے ۔ ٹی ۔ کیو سفوف ۲۰۷ گرین ۔ قند ۲۵ آونس ۔ سفوف گم اکاشیا ایک آونس ۔ میو ۔ سلج گم ۔ اکاشیا ۲ آونس ۔ ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ۔

کے ۔ ٹی ۔ کیو شکر اور گم ملالین اور اُنھین میو ۔ سلج اور پانی ڈالکر ایک لگدی بنالین تب اُس لگدی کو ۷۲۰ قرص مین تقسیم کرکے گرم ہوائی کوٹھری مین اوسط درجہ کی گرمی کے اندر خشک کرلین ۔

خوراک ایک سے ۶ قرص تک ۔ اِسکے ایک قرص مین ایک گرین کے ۔ ٹی ۔ کیو ہوتا ہے

لاٹن ــــــــــ ــــــــــ انگریزی

کالچیکم ــــــــــ کالچیکم

اِسکے درخت کو کالچیکم ۔ آٹم ۔ نی ۔ لی بولتے ہین ۔ یہ انگلنڈ مین پیدا ہوتا ہے ۔ اِسکی جڑ کی گانٹھ اور اِسکے بیج دوا مین مستعمل ہین ۔

لاٹن ـــــــــــــــــــ ـــــــــــــــــــ انگریزی

کالچیکم کارمم ـــــــــــــــــــ کالچی ـ سائی ـ کرومنس

تازہ گانٹہہ جو جون کے مہینے کے اخیر مین یا ابتدا سے جولائی مین جمع کیجاتی ہے اور خشک کی ہوئی گانٹہہ کے اوپر کے فرد کو اُڑا کر شش کے ۱۵۰ درجہ کی گرمی تک خشک کرکے دوا مین برتتے ہین ؞

خاصیت ـ تازہ گانٹہہ قریب سوپیاری کے برابر اور ایک طرف چپٹی ہوتی ہے جہان ایک نئی شاخ نکلنے والی ہوتی ہے اُسپر دو چھلکے ہوتے ہین باہر کا بہورا اور اندر کا زرد ـ گانٹہہ موٹی اور ٹھوس ہوتی ہے ـ اندر کا رنگ سفید ہوتا ہے ـ کاٹنے سے دودہ کے طور پر تیز اور تلخ رس نکلتا ہے خشک کی ہوئی قاشین اسکی قریب ایک لائین کے موٹی مضبوط چپٹی مایل بسفیدی ہوتی ہین اور ایک طرف وانہ دار ؞

اجزا ـ جوہر کال چی سیا ؞

لاٹن ـــــــــــــــــــ ـــــــــــــــــــ انگریزی

کالچیکم سیڈ ـــــــــــــــــــ کال چی ـ سائی ـ سی ـ ین

خوب پختہ بیج دوا مین مستعمل ہے ؞

خاصیت یہ بیج نہایت سخت اور قریب سفید رائی کے برابر ہوتا ہے ـ رنگ اسکا بہورا مایل بسُرخی ؞

اثر اور استعمال ـ تھوڑی مقدار کے کہانے سے کال چی ـ کم جذب ہوجاتا ہو ـ اور خون کے وسیلہ سے اُن غدودون مین جا پہنچتا ہے جو آلات انہضام کے متعلق ہین اور اُنکو تحریک دیتا ہے چنانچہ اسیواسطے معدہ کی رطوبت گسٹرک جوس اور جگر کی رطوبت یعنے صفرا ـ اور زرد ون کے غدودون کی رطوبت بھی زیادہ پیدا ہوتی ہے اور جب زیادہ مقدار مین کہایا جاتا ہے تب اثر اسکا اریـ ٹنٹ

زہر کیطرح ہوتا ہے چنانچہ قے اور دست آتے ہین پیچش ہوتی ہے اور روده اور معده مین
انفلامیشن ہو کر بیمار مر جاتا ہے ٭ یہ دوا ڈا۔یو۔رے ٹیک بھی ہے مگر اس کے
اثر پر اعتماد نہین کیا جا سکتا اور پر۔گے۔ٹیو اثر اس دوا کا اسقدر تیز ہوتا ہے کہ مریض
کی جان کا اندیشہ ہوتا ہے ٭

کال۔چیکم خاصکر گاوٹ کی بیماری مین بہت ہی مفید پڑتی ہے چنانچہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ
اِسکے استعمال سے گاوٹ کا درد فوراً رفع ہو جاتا ہے ورم دور ہو جاتا ہے اور ایک
یا دو پوری خوراکون کے دینے سے نوبت گاوٹ کی اکثر رک جاتی ہے۔یہ اثر اس
دوا کا کیونکر پیدا ہوتا ہے یہ بات ہنوز سمجھ مین نہین آئی مگر اسمین تو کچھ کلام ہی نہین
کہ نتو ڈا۔یو۔رے ٹک اور نہ پر۔گے۔ٹیو اثر کے سبب سے یہ دوا گاوٹ مین مفید ہی
کیونکہ بارہا ایسا دیکھا گیا ہے کہ نتو مریض کو پیشاب زیادہ اور نہ دست بہت آئے ہین
پھر بھی اِس سے مرض کو فائدہ ہوا ہے ٭ ڈاکٹر پا۔رس کے تجربہ کے بموجب ایسا
معلوم ہوتا ہے کہ کال۔چیکم جب کسی کھار دوا کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے تب
اثر اِسکا معتدل ہو جاتا ہے اور جب کسی اسِڈ کے ساتھ دیا جاتا ہے تب تیز و تند
ہو جاتا ہے ٭

مِگ۔نے۔شیا کے ساتھ یہ دوا خوب موافق پڑتی ہے اور عام استعمال کے واسطے
اس دوا کا وائین نہایت ہی عمدہ مرکب ہے ٭

یہ دوا گاؤٹ کی ہر قسم اور گاؤٹ کے مریض کی ہر بیماری مین دیجاتی ہے اور مفید
پڑتی ہے۔چنانچہ وائنم کال۔چی۔سائی کے پندره قطره چھہ چھہ گھنٹہ بعد پلا سکتے
ہین چاہے گاؤٹ اکیوٹ ہو چاہے کرانک مگر اکیوٹ گاؤٹ مین وائی۔نم کی
پوری خوراک یعنی ایک ڈرام جبتک درد کم نہو دو دو یا تین تین یا چار چار گھنٹہ بعد پلانا بہتر
ہے مگر اکیوٹ روما۔ٹیزم مین اِسکے اثر پر اعتماد نہین کیا جا سکتا ٭ کال۔چیکم کا اثر

چونکہ جگر پر بھی ہوتا ہے تو ہمراہ دیگر مسہلات کے اسکو دے سکتے ہین چنانچہ چند گریز بلو پل اور کا - لو سنتھ کے ہمراہ گاوٹ کے بیمار کو دے سکتے ہین مثلاً حسب نسخہ ذیل ؛

نسخہ ۔ سے ڈکٹ اکسٹراکٹ اف کال۔چیکیم پون گرین ۔ بلو پل ۔ ڈھائی گرین ؛ کمپاؤنڈ کالو سنتھ پل ۔ ڈھائی گرین ؛ ان سب کی ایک گولی بنا کر حسب ضرورت کھلا سکتے ہین اور گاوٹ کی بیماری کے لئے کال۔چیکم کا یہ نسخہ ہی بہت اچھا ہے ؛

نسخہ ۔ وائینم کال۔چی۔سائی ۔ ۶ ڈرام ؛ سل۔فٹ اف مگنی۔شیا ۔ ایک آونس ؛ کار۔بونٹ اف مگنی۔شیا ۲ ڈرام ؛ پے۔پر۔منٹ واٹر ۔ ۱۱ ۔ آونس ؛

سبکو ملا کر بمقدار ایک آونس کے چار چار گھنٹہ بعد پلا دین ؛

خوراک گانٹھہ کے سفوف کی ۲ گرین سے ۸ گرین تک ؛

مرکبات کال۔چی۔سائی۔کرو مِش کے تین ہین

لاٹن ———— ———— انگریزی

اکسٹراکٹم ۔ کال۔چی۔سائی ———— اکسٹراکٹ اف کال۔چی کم

نسخہ کال۔چیکم کی گانٹھین چھلکے چھلے ہوئے ۔ ۷ پاؤنڈ ؛

گانٹھون کو کوٹ کر تھوڑا ڈالین تب اسکو ٹھیر نے دین تاکہ دُردِ تہ نشین ہو جاوے اور صاف عرق کو ۲۱۲ درجہ تک گرم کر کے فلالین سے چھانکر واٹر باتھ کے ۱۶۰ درجہ کی گرمی تک اڑا کر حسب مناسب گاڑھا کر لین ؛

خوراک آدھی گرین سے ۲ گرین تک ؛ یاد رکھنا چاہئے کہ سو پاونڈ گانٹھون سے صرف چار پاونڈ اکسٹراکٹ نکلتا ہے ؛

لاٹن ———— ———— انگریزی

اکسٹراکٹم کالچی۔سائی ۔ اسی ٹیکم ———— اسی ٹک اکسٹراکٹ اف کال۔چیکم

نسخہ - کال چیکم کی گانٹھین تازہ اور چھلکا چھلی ہوئی - ۷ پاونڈ * اسپیرٹک ایسڈ ۶ - آونس * گانٹھون کو کوٹ کر اُسمین اسپیرٹک ایسڈ ملا کر رس نچوڑ ڈالین اور تب ٹھیر نے دین تاکہ دُرد تہ نشین ہوجاوے زان بعد اوپر کے صاف عرق کو ۲۱۲ درجہ تک گرم کر کے نکالین سے چھانکر ۱۶ درجہ گرمی تک واٹر باتھ پر اُڑا کر حسب مناسب گاڑھا کر لین * **خوراک** آدھے گرین سے دو گرین تک *

لاٹین ———————— انگریزی

وائی - نم کال - چی - سائی ———————— وائین اف کالچیکم

لنسخہ - کالچیکم کی گانٹھ کے خشک قتلے کوٹے ہوئے ۴ آونس * شیری شراب ایک پائینٹ * کالچیکم کو سات روز تک شراب مین بھگو کر نچوڑ کر کپڑے سے چھان لین تب اُس چھلنی مین جو کچھ ہوا سیر اسقدر شیری شراب ڈالین جتنے مین ایک پائینٹ پورا ہوجاوے اور تب اُسکو نچوڑ اور چھانکر اگلے عرق مین ملا دین *

خوراک ۱۰ بوند سے ۳۰ بوند تک *

مرکب بیج کا صرف ایک ہی ہے

لاٹین ———————— انگریزی

ٹنکچورا کالچی - سائی سی - می - نم ———————— ٹنکچر آف کالچیکم سیڈس

لنسخہ - کالچیکم کے بیج جو کوب ڈھائی آونس * پروف اسپرٹ - ایک پائینٹ * ترکیب مانند ٹنکچر اف اکو - نائیٹ کے (جسکو دیکھو) **خوراک** دس منم سے ۳۰ بوند تک *

لاٹین ———————— عربی ———————— انگریزی

کارسن - ہتی - ڈس - پلیا ———————— شحم حنظل ———————— کارسنتھ - پلپ

اِسکے درخت کو سائی - ٹڑ و سلس کا - لو - سن - ہتس بولتے ہین - اِس درخت کا
پہل خشک کیا ہوا معتشر اور جس سے بیج علیحدہ کیے گئے ہون دوا مین مستعمل ہے
یہ پہل خاصکر ملک سمرنا ٹرالیسٹ فرانس اور اسپین سے آتا ہے ؀

خاصیت یہ پہل ہلکا تخلخل سفید یا سفید مایل بزردی اور نہایت تلخ ہوتا ہے اِسکے
گودے مین بیج نہین ہوتے اور یہ بے بو ہوتا ہے مگر نہایت کڑوا ؀

اجزا - جوہر کا - لو - سن - یتھین ؀

فائدہ تہوڑی مقدار مین یہ عمدہ مسہل ہے - اِسکے استعمال سے روودون کی صرف
طبیعی حرکت ہی زیادہ نہین ہوتی بلکہ اُنکے غدوودون پر بہی اسکا اثر ہوتا ہے جس سے
اُن غدوودون سے رطوبت بکثرت پیدا ہوتی ہے - علاوہ ازین شکم کے دیگر
اعضار کو بہی اِس دوا سے تحریک ہوتی ہے اور جب اِسکا جوہر خون مین جذب
ہوجاتا ہے تب اکثر اِس سے ڈا - یو - ریٹک فائدہ بہی ہوتا ہے ؀ جب یہ دوا
پوری مقدار مین کہلائی جاتی ہے تب کہلکر پانی کے طور پر پتلے دست آتے
ہین ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اثر اِس دوا کا بڑے روودون پر ہوتا ہے ؀

جب بہت زیادہ مقدار مین یہ دوا کہائی جاتی ہے تب اِس سے زہر کی علامتین پیدا
ہوتی ہین چنانچہ دست وقے بشدت - شکم مین نہایت پیچش اور دیگر علامات روده
اور معدہ کے انفلامیشن کی پیدا ہوتی ہین ؀ جب اِسکا مقابلہ اُور مسہلات سے
کرتے ہین تب اِسکے اثر کو گم - بوج کے قریب برابر پاتے ہین - لیکن اِس مین اور
گم - بوج مین دو باتون کا فرق ہے ایک تو یہ کہ اِس سے دست صرف اسیواسطے
نہین آتے کہ یہ روودون کو تحریک دیتا ہے بلکہ روودون پر اِسکا ایک خاص قسم کا اثر
پیدا ہوتا ہے جس سے دست آتے ہین - دوسری بات یہ ہے کہ بہ نسبت گم - بوج
کے اِس دوا کا اثر بڑے روودون پر زیادہ تر نمایان ہوتا ہے چنانچہ اسی بات مین

یہ دوا الوز سے زیادہ تر مشابہت رکھتی ہے لیکن اسمین اور الوز مین یہ فرق ہے کہ بہ نسبت الوز کے یہ تیز تر دست آور ہے لیکن جیسے الوز کی تہوڑی تہوڑی مقدار مین کہانے سے ٹانک فائدہ ہوتا ہے ایسے اِس دوا سے نہین ہوتا ٭

استعمال - عادتی قبض مین اِس دوا کا کمپاؤنڈ اکسٹراکٹ نہایت مفید ہے ٭ اپو- پلکسی ٭ دیوانگی ٭ اور شدت کے دردِ سر مین ٭ مرض ڈرایپ - سی ٭ امی-نو-ریا اور کلو-رو-سس مین **خوراک** اسکے گودے کی ۲ گرین سے ۸ گرین تک ٭

اِسکے تین مرکب ہین

لاٹن ——— ——— انگریزی

اکسٹراکٹم - کالو-سن-تھی-ڈس کمپازیٹم ——— کمپاونڈ اکسٹراکٹ اف کالو-سنتھ

نسخہ - کالو-سنتھ کا گودا بیج نکالا ہوا - ۶ - آونس ٭ اکسٹراکٹ اف سوکو-ٹرائن الوز ۱۲ آونس اسکا-مو-نی-ریزن سفوف کیا ہوا - ۴ آونس ٭ کرڈ - سوپ سفوف کیا ہوا - ۳ آونس الایچی دانے خوب ہی باریک سفوف کئے ہوئے ایک آونس ٭ پروف اسپرٹ ایک گیالن ٭

کالو-سنتھ کو اسپرٹ مین چار روز تک بھگوکر ٹنکچر کو نچوڑ ڈالین تب اُسمین اکسٹراکٹ اف الوز صابون اور اِسکا-مونی ملا دین بعد ازان اسپرٹ کو مقطر کر کے علیحدہ کر ڈالین اور جو کچھہ باقی ہو اُسکو واٹر باتھہ پر اِسقدر گاڑھا کر ڈالین کہ جسمین گولی بنانے کے قابل ہو جائے الایچی کو اِس ترکیب کے اخیر مین ملا دینا چاہئے ٭

خوراک ۳ گرین سے ۱۰ گرین تک ٭

لاٹن ——— ——— انگریزی

پی-لو-لا کا-لو-سن-تھی-ڈس کمپازیٹا ——— کمپاؤنڈ پل اف کالو-سنتھ

نسخہ- کا-و-سنتھہ کا گودا سفوف کیا ہوا ایک آونس * باربی-ڈوز الوز سفوف کیا ہوا-۳ آونس * اسکا - مونی ریزن سفوف کیا ہوا ۲ آونس * سلفٹ اف پوٹاس سفوف کیا ہوا چوتہائی آونس * روغن لونگ ۲ ڈرام * ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت * سفوفون کو ملاکر اسمین روغن لونگ ملاوین اور تب پانی کی مدد سے کوٹ کر لکدی بنالین * **خوراک** ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک * اِس مرکب کی یہ گولیان بطور لاک-سی-ٹیو بہت عمدہ ہین چنانچہ **نسخہ**- کنپاونڈ-کالو سنتھ پل ۲ گرین * اکسٹراکٹ اف ہایو-سی-مسر نصف گرین * اکسٹراکٹ اف بلا-ڈو-نا ۱/۴ گرین * ریزن اف پو-ڈا-فلین ۱/۴ گرین * سب کی ایک گولی بناوین اور حسب ضرورت رات کے وقت کہلا دین *

لاٹن ———— ———— انگریزی

پی-لولا کا-لو-سن-ہتی-ڈس ہیٹ-ہایو-سی مائی —— پل اف کالوسنتھ انڈ ہایوسی مس

نسخہ- کمپاونڈ پل اف کا-لو-سنتھ ۲ آونس * اکسٹراکٹ اف ہایو-سی-مس ایک آونس * دونو کو ملالین * **خوراک** ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک *

لاٹن ———— ———— انگریزی

کو-نایم ———— ہملاک

اسکے درخت کو کو-نایم می-کیو-لی-ٹا بولتے ہین - اِس درخت کے تازہ پتے اور ٹہنیان جنکو اسوقت جمع کرتے ہین کہ جب پہل لگنا شروع ہوتا ہے اور دہوپ ہین ۱۲ درجہ تک کی گرمی مین خشک کئے ہوئے پتے اور خشک کئے ہوئے پختہ پہل جنکو لاٹن مین کو-نائی-فرکٹس اور انگریزی مین ہملاک فروٹ بولتے ہین دوا مین مستعمل ہین *

خاصیت- تازہ پتے تہیرے سگاف کے اور چکنے ہوتے ہین اور انمین ایک چکنی ٹہنی لگی ہوتی ہے جسپر گہرے سُرخ رنگ کے داغ ہوتے ہین اور خشک پتے

خوب سبز رنگ اور خاص بو کے ہوتے ہین پتے کو کاسٹک پوٹاش کے ساتھ رگڑنے
سے جوہر کو-نا-یا کی بو آتی ہے پہل ایکے بیضوی شکل کے اور دونو جانب سے
چپٹے ہوتے ہین اِس پہل کے نصف حصہ پر ۵ لہردار لکیرین ہوتی ہین ؂

اجزا - ایک سیال اور لطیف جوہر کو-نیا اور ایک لطیف روغن ؂

اثر اور استعمال - کو-نائم کا اثر دماغ پر نہین ہوتا اِسلئے اِسکے استعمال سے عقل و
ہوش وحواس مین فرق نہین پڑتا اور نہ اِسکا اثر دل پر ہوتا ہے اور تنفس پر جو
اِسکا اثر ہوتا ہے تو اِس دوا کو زہر کی مقدار مین کہانے سے ہوتا ہے اُسوقت
تنفس کے اعصاب مفلوج ہوجاتے ہین اور مریض دم بند ہو کر مرجاتا ہے ؂

نصف آونس یا ایک آونس کی مقدار مین جب اِس دوا کا سکس یعنے رس پیا جاتا
ہے تو نصف گہنٹہ کے اندر اثر پیدا ہونا شروع ہوتا ہے چنانچہ تیسرے عصب کے
مفلوج ہوجانے سے بصارت مین فرق پڑجاتا ہے - پتلیان آنکہون کی قدرے پہیل
جاتی ہین اور آنکہون کے ڈہیلے اچہے طور پر حرکت نہین کرسکتے اور تب بیمار کے حرکت
کرنے کی طاقت اِسقدر کم ہوجاتی ہے کہ لڑکہڑا کے چلنے لگتا ہے - اِس حالت مین
ایک آدہ زیادہ خوراک اِس دوا کی پلائی جاوے تو حرکت کی طاقت اِسقدر گہٹ جاتی
ہے کہ مریض ہل جُل نہین سکتا - کہڑے ہونے سے گہٹنے خم کہا جاتے ہین اور اب
پُتلیان زیادہ پہیل جاتی ہین اور بصارت بہی بہت ہی کم ہوجاتی ہے اور جو آدہ بہی
زیادہ پلائی جاوے تو جسم کے کُل عضلے بالکل مفلوج ہوجاتے ہین اور آلات تنفس کے
مفلوج ہوجانے کے سبب سے مریض دم بند ہو کر راہی ملکِ عدم کا ہوجاتا ہے
بجز زیادہ مقدار کے کہانے کے اِس دوا کا اثر نخاع پر نہین ہوتا - پہلا اثر اِس دوا
کا حرکت کے اعصاب کے سرون پر ایسا ہوتا ہے جس سے وہ مفلوج ہوجاتے ہین بجلی
کا اثر اگر سیدہا عضلات پر پہنچایا جاوے تو وہ فوراً حرکت کرنے لگتے ہین جس سے یہ

ثابت ہوتا ہے کہ گوشت کے ریشون پر اِس دوا کا اثر نہین ہوتا بلکہ عضلات مین جو
اعصاب محرکہ آتے ہین وہ مفلوج ہوجاتے ہین مگر حس کے اعصاب پر اِس دوا کا
اثر نہین ہوتا - ڈاکٹر ہارلی کی رائے ہے کہ کو-نائم کا اثر اُن عصبی مرکزون پر ہوتا ہے
جہان سے اعصاب محرکہ نکلتے ہین خاصکر دماغ کے حصہ کار-پوڑا اسٹرائی-اٹا پر اور نتب
نخاع کے حرکت بخشنے والے مرکزون پر یہ دوا اپنا اثر پیدا کرتی ہے مگر یہ بات تب ہی
ہوتی ہے کہ جب یہ دوا زہر کی مقدار مین کہلائی جاتی ہے - اوپر کے اثرون پر جب ہم غور
کرتے ہین تو جن جن حالتون مین اِس دوا کو استعمال کرنا چاہیے وہ بخوبی ہمارے دہیان
مین آجاتی ہین مثلاً اِسیواسطے ڈاکٹر ہار-لی اِس دوا کو کو-ریا کی بیماری مین دینا بتلاتے
ہین تاکہ اِسکا اثر عصبی حرکت کے مرکزون پر یا اُن اعصاب محرکہ کے سرون پر پیدا ہو
جو عضلات مین واسطے حرکت بخشنے کے پہیلے ہوئے ہوتے ہین تاکہ عضلات مذکور کی
بے چینی کی حرکت پست ہوجاوے ؞

ہو-پنگ-کاف مین بہی یہ دوا مفید ہے اور ریطورسی-ڈ-ی-ٹیو کے اکیوٹ
مے-نیا اور ریڈ-لس مین بہی کو-نائم فائدہ مند ہے اور ریٹرن جیس مشر
اس-ٹرائی-ڈیو-ٹس اور بچون کے کن-ولشن مین جو دانت نکلنے وقت ہوجاتا
ہے یہ دوا دیجاسکتی ہے لیکن جبتک دل کہول کر اِسکا استعمال نہین کیا جاتا ہے
تبتک اِن بیماریون کو اِس سے فائدہ نہین ہوتا - اِس دوا کا اکسٹراکٹ بالکل ناکارا
ہوتا ہے بلکہ اِسکے کل مرکبات مین سے سکس بڑہ کر مفید ہے چنانچہ اِسکے ۲ سے
۶ ڈرام تک تین تین چار چار گہنٹہ بعد پلانا چاہیے یعنے تبتک پلانا چاہیے جبتک اِسکے
اثر نمایان نہون یعنے بصارت مین فرق نہ پڑجاے اور بیمار کی چال لڑکہڑانے لگے
ڈاکٹر رنگر نے ایک بچہ کو جسکو کو-ریا کی بیماری تہی گہنٹہ گہنٹہ بعد سات ڈرام دیا تہا کیونکہ
یہ قاعدہ ہے کہ بچون کو اِس دوا کی زیادہ خوراک کی برداشت ہوتی ہے چنانچہ ایک

سال کے بچہ کو اِسکے ٹنکچر کے ۱۰ قطرون سے شروع کرنا چاہئے اور بموجب اِسکے اثر کے مقدار کو بڑھانا چاہئے اور جب گلنے مین ذرا بھی تکلیف معلوم ہو اُسوقت اِسکو موقوف کردینا چاہئے ॰

زہر کا علاج ـ قے کراوین اور اسٹمک ـ پمپ کا استعمال کرین بعدازان اُسٹی ـ میولنٹ اور دیا ست بار بار پلاوین نہین تو اخیر مین جلد کے اندر اِسٹرـ کینا کی پچکاری کرین ॰

خوراک ۲ گرین سے ۸ گرین تک پتون کے سفوف کی ۵ گرین سے ۱۰ یا نہ یادہ گرین تک

مرکبات کو ـ نائم کے پتون کے پانچ ہین

لاٹین ــــــــــــــــــــــ انگریزی

کے ـ نا ـ پلاز ـ ما ـ کو ـ نائی ــــــــــــــــــ ہملاک پولٹس

لنسخہ ـ ہملاک کے پتون کا رس ایک آونس ॰ السی کا آٹا ۴ آونس ॰ کہولتا ہوا پانی ۱۰ ـ آونس ॰ رس مین السی کا آٹا ملاکر پانی ڈہالکر خوب گہونٹین ॰ بطور انو ـ دائین کے اِسکو دردناک زخمون پر لگایا کرتے ہین ॰

لاٹین ــــــــــــــــــــــ انگریزی

اکسٹراکٹم کونائی ــــــــــــــ اکسٹراکٹ اف ہملاک

لنسخہ ہملاک کے تازہ پتے اور نئی شاخین ۱۱۲ پونڈ ॰

پتون کو پتہر کے کہرل مین کوٹ کر رس نچوڑ ڈالین تب رفتہ رفتہ ۱۳۰ درجہ کی گرمی تک گرم کرکے کپڑے کی چہلنی سے چہانکر سبزی کو علیحدہ کرلین بعدازان عرق کو دو سو درجہ تک پکاوین تاکہ البیومین جم جاوے تب پھر چہان لین ـ بعدہٗ اُس مین چہانے ہوے عرق کو واٹر باتھ پر اڑا کر پتلے شیرہ کے برابر گاڑھا کرلین ـ اب اُسمین وہ اگلی سبزی ملاکر سارے کو خوب گہونٹ ڈالین ـ بعدازان ۱۴۰ درجہ کی گرمی تک پکاکر حسب مناسب

گاڑھا اکسٹراکٹ بنالین ÷ **خوراک** ۲ گرین سے ۶ گرین تک ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

سکس -کونائی ——————— جوس اف ہملاک

نسخہ ہملاک کے تازہ پتے اور ملائم ٹہنیان ۷ پاونڈ ÷ ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ واحسب ضرورت ÷ ہملاک کو پتہر کے کہرل مین کچلکر رس نچوڑ ڈالین تب اُس رس کے ہر سہ حصہ مین ایک حصہ اسپرٹ ملاکر سات روز تک رکہہ چہوڑین تب چہان کر سرد جگہہ مین رکہہ دین ÷

خوراک ۳۰ بوند سے ۶۰ بوند تک ÷ اِسکا بارہ منم برابر ہے ایک گرین اکسٹراکٹ کے ÷

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

پی-لو-لا کو-نائی گینا زیٹا ——————— گینا وِنڈیل اف ہملاک

نسخہ -اکسٹراکٹ اف ہملاک ڈہائی آونس ÷ سفوف اپلے-کے-کونانا نصف آونس ÷ ٹریکل حسب ضرورت ÷ اکسٹراکٹ اف ہملاک اور اپلے-کے کوانا ملاکر اُس مین اِس قدر ٹریکل ڈالین کہ جسمین لگ ہی گولیان بننے کے قابل ہوجاوے ÷

خوراک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک ÷

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

وپی-پر-کونائی-نی ——————— ان ہی-لیشن اف کونائین

نسخہ جوس اف ہملاک ½ آونس ÷ سولیوشن اف پوٹاش ایک ڈرام ÷ ڈسٹلڈ واٹر ایک آونس ÷ سبکو ملالین ÷ ایک موزون آلہ کے اندر اسفنج رکہکر اُسمین ۲۰ قطرے اِس مرکب کا ڈالدین تاکہ گرم پانی کا بہانپ جو اُسپر سے گزرے سونگہا جائے —

مرکب کونائم کے پہل کا ایک ہی

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچورا-کونائی ——————— ٹنکچر اف ہملاک

نسخہ ہلاک کے پہل کوٹے ہوئے ڈہائی آونس * پروف اسپرٹ ایک پانیٹ *

ترکیب - مانند ٹنکچر اف اکو - نائیٹ کے (جسکو دیکہو)

خوراک ۲۰ بوند سے ۶۰ بوند تک *

لاٹن ———— ہندی ———— انگریزی

کوریانڈرائی - فرکٹس ———— دہنیا ———— کوریانڈر فروٹ

اِسکے درخت کو کوریانڈرم سٹیوم بولتے ہین - اِس درخت کا پختہ پہل خشک کیا ہوا دوا مین برتا جاتا ہے - یہ درخت ہندوستان مین کثرت سے ہوتا ہے

خاصیت گول اور سفید گول مرچ کے قریب برابر اور نوکدار ہوتا ہے اور اسپر باریک باریک دہاریان ہوتی ہین - رنگ اِسکا بہورا مایل بزردی اور ذایقہ اور بو خوش *

اجزا - ایک لطیف روغن *

دہنیا مرکبات ذیل مین پڑتا ہے چنانچہ

کن فکشن اف سنا کے ۲۵ حصہ مین ایک حصہ *

سرپ اف رو - برب *

ٹنکچر اف رو - برب کے ایک پانیٹ مین چوتہائی آونس *

ٹنکچر اف سنا کے ایک پانیٹ مین آدہا آونس *

فائدہ اور استعمال - اسٹی میو - لنٹ اور ارو - ما - ٹک اور کار - مے - نے - ٹیو اِسکو ریح اخراج کرنے اور پیچش موقوف کرنے کے لئے ہمراہ اَور دوا کے دیا کرتے ہین

اِسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ———— انگریزی

اولیم - کوریانڈرائی ———— آئیل اف کوریانڈر

انگلنڈ کے اندر رہنیا سے اِس روغن کو ڈسٹی - لیشن کی ترکیب سے نکالتے ہین ٭

خاصیت - زردی مائل اور بو اسمین رہنیا کی آتی ہے ٭

خوراک ایک بوند سے ۳ بوند تک - یہ روغن سرپ اف سنا مین پڑتا ہے ٭

انگریزی	فارسی	لاٹن
سافرن	زعفران	کروکس

اِسکے درخت کو کروکس سٹی - ٹا تی - وس بولتے ہین - اِس درخت کے پھولون کا مادین حصہ خشک دوا مین استعمال ہوتا ہے اور یہ شے اسپین اور فرانس اور نیپلس سے آتی ہے اور کشمیر اور مصر مین بھی پیدا ہوتی ہے ٭

خاصیت سوت کے طور پر باریک اِسکی ڈنڈی ہوتی ہے جسکے اوپر لمبے لمبے اور بہورسے نارنجی رنگ کی پتیان ہوتی ہین جس سارے کو اصطلاح مین اسٹگما بولتے ہین جنکی نوک کی جانب سب سے چوڑی ہوتی ہے - اِسکی نہایت تیز خوشبو ہوتی ہے اِسکو مرطوب انگلی سے ملا جاوے تو اِسکا رنگ زرد نارنجی ہو جاتا ہے ٭

شناخت - سفید فلٹر ننگ پے - پر کی تہون مین اِسکو رکھکر دبانے سے اُس کاغذ پر کوئی بھی روغن کا دہبا نہین پڑتا ٭

زعفران مرکبات ذیل مین پڑتی ہے چنانچہ

کمپاونڈ ڈیکاک شن الوز کے ایک آونس مین کچہ اوپر دو گرین ٭

الوز اینڈ مرہل کے بارہ حصہ مین ایک حصہ ٭

اور - ما ٹنک پاوڈر اف چاک کے قریب پندرہ حصہ مین ایک حصہ ٭

کمپاونڈ ٹنکچر اف سنکونا کے ایک پائنٹ مین ۵۵ گرین ٭

ٹنکچر اوپیائی اموئنیٹا کے ایک پائنٹ مین ۱۸۰ گرین ٭

ٹنکچورا ریاٹی کے ایک پائنٹ مین چوتہائی آونس ٭

فائدہ اور استعمال فائدہ نہایت کم ہستی -میو-لنٹ ہی اسکو تنہا نہین استعمال کرتے بلکہ مرکبات کے رنگنے مین یہ چیز برتی جاتی ہے ایسا قیاس کرتے ہین کہ یہ دوا چیچک کو مفید پڑتی ہے ٭ **خوراک** ۲ گرین سے زیادہ ٭

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ــــــــــــ ــــــــــــ انگریزی

ٹنکچورا-کرو-سائی ــــــــــــ ٹنکچر اف سافرن

نسخہ زعفران ایک آونس ٭ پروف اسپرٹ ایک پائنٹ ٭

ترکیب - مانند ٹنکچر اف اکو-نائیٹ کے (جسکو دیکھو) ٭

خوراک - آدھی ڈرام سے ایک ڈرام تک ٭

لاٹن ــــــــــــ ہندی ــــــــــــ انگریزی

کرو-ٹو-نس-اولیئم ــــــــــــ جمال گوٹہ کا تیل ــــــــــــ کرو-ٹن آئیل

اسکے درخت کو کرو-ٹن -ٹگ-لیئم بولتے ہین - انگلنڈ کے اندر اس درخت کے بیج کو کولو مین پیٹر کر یہ روغن نکالتے ہین ٭

خاصیت - یہ روغن کسیقدر لسدار ہوتا ہے - رنگ زرد اور کسیقدر بہورا - ذائقہ تیز - بو ایسی کہ جس سے کسیقدر جی متلاتا ہے ٭

شناخت - اسمین ہموزن الکحال ملاکر تہوڑا گرم کرکے ہلانے سے یک صاف عرق بنتا ہے جسکے سرد ہونے سے قریب تین حصہ کے یہ روغن علیحدہ ہوجاتا ہے ٭

اجزا - جمال گوٹہ کے تخم میں یہ اجزا ہوتے ہین ایک لطیف روغن ٭ ایک غلیظ روغن ٭ کرو-ٹانک ایسڈ ٭ کرو-ٹو-نین ٭ رال ٭

فائدہ اور استعمال - یہ ایک نہایت تیز جلاب ہے جسکے کہانے سے جی متلاتا ہے اور قے بھی ہوتی اسکے شدت کی قبض اور دماغ کی بیماری مثلاً اَ-پو-پلکسی مین دیا کرتے ہین - اِسکی باہر مالش کرنے سے دانے نکل آتے ہین اور ہمراہ سوپ - لینی - منٹ یا الیو ائیل کے ملانے سے ایک نہایت عمدہ کاؤنٹر ارّی - ٹنٹ - لینی منٹ بنتا ہے ٭

خوراک ۱/۲ منم سے ایک منم تک - روغن کی آدہی بوند سے ۲ بوند تک یا تو اِس کو زبان پر رکہہ دیتے ہین یا روئی کے گودے مین اِسکی گولی بنا کر کہلاتے ہین ٭

کہوٹ - اِسکے ہمراہ کسٹر ائیل ملا ہوا ہو سکتا ہے جسکی گرفت مشکل ہے -

زہر کا علاج - قے اور اسٹمک - پیپ سے معدہ کو صاف کرین - ادویات ڈیمسل - سنٹ بلا دین افیون سے اسہال کو روکین ٭ نبض کو امونیا اور برانڈی سے تیز کرین -

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن	انگریزی
لینی منٹم - کروٹونس	لینی منٹ اف کروٹن - آئیل

نسخہ - کروٹن - آئیل ایک اونس ٭ آئیل اف کے - جی - پٹ - ساڑہے تین اونس ٭ ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ساڑہے تین اونس ٭ ملا دین - بطور اسٹی ریمیو - لنٹ اور رو - بی - فی - شینٹ اور ہی - سی - کنٹ کے اِسکی مالش کرتے ہین ٭

لاٹن	ہندی	انگریزی
کیوبی - با	کباب چینی	کیو - بیش

اسکے درخت کو کیو - بی - با او - فی - سی - نی - رلس کہتے ہین - یہ درخت جاوا کے ٹاپو مین بویا جاتا ہے اور اِسکا کچا پہل خشک کیا ہوا دوا مین مستعمل ہے ٭

خاصیت - یہ سیاہ مرچ کے برابر ہوتا ہے - گول جُھرّی دار مائل بسیاہی اور اِسکی ایک لمبی ڈنڈی ہوتی ہے - ذائقہ گرم اور کافوری اور بو خاص *

اجزا - ایک لطیف روغن * رال * جوہر کیوبیبین *

فائدہ اور استعمال اثر اِسکا یوریتھرا اور مثانہ کے میوکس ممبرین پر اسٹی میولینٹ ہوتا ہے اور اِن سے جو زیادہ رطوبت پیدا ہوتی ہے وہ رُک جاتی ہے اِسیواسطے اِس دوا کو سوزاک مین اکثر دیا کرتے ہین * **خوراک** ۳۰ گرین سے ۱۲۰ گرین تک *

اِسکے تین مرکب ہین

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

اولیم - کیوبی بی ———————— آئیل اف کیوبیبس

انگلنڈ کے اندر یہ روغن کباب چینی سے ڈسٹی لیشن کی ترکیب سے نکالا جاتا ہے

خاصیت یا تو بے رنگ یا زرد مائل بسبزی ہوتا ہے اور اِسمین بو اور ذائقہ کباب چینی کا ہوتا ہے *

خوراک ۵ بوند سے ۲۰ بوند تک *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

ٹنکچورا - کیوبی بی ———————— ٹنکچر اف کیوبیبس

نسخہ سفوف کباب چینی ڈہائی آونس * ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ایک پائنٹ *

ترکیب - مانند ٹنکچر اف اکو - نائیٹ کے (جسکو دیکھو)

خوراک آدھی سے ۲ ڈرام تک *

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

او - لیو - ریزینا کیوبے بے ———————— اولیو ریزن اف کیوبِبس

نسخہ کیوبِبس کوٹا ہوا ۲ پاؤنڈ * ایتھر ۲ پائنٹ یا حسب ضرورت *

کباب چینی کو پر-کو-لے-ٹر مین خوب داب داب کر بہر کر آہستہ آہستہ ایتہر چہوڑتے جلدین
جبتک بے رنگ گزرنے لگے - اب ایسا کرین کہ پہلے ایتہر کو خود بخود اڑ جانے دین اور
تب ایتہر کو واٹر باتھہ پر اُڑا دین ہمین تو ڈس-ٹی-لیشن کی ترکیب سے سارا ایتہر حاصل کر لین -
جو کچھہ باقی ہو اُسکو کسی بند برتن مین بہر کر ٹہیرنے دین جبتک کوئی شے موم کی طرح یا قلمون کی
شکل کی بیٹہنے سے رہ جاوے اب اولیو - رزین کو نتہار کر خوب بند شیشی مین رکہہ چہوڑین

خوراک - ۵ بوند سے ۲۰ بوند تک ⁘

لاطین ———————— انگریزی

کسپے - ریا - کار-ٹکس ———————— کسپے - ریا - بارک

اِسکے درخت کو گی-لی-پیا کسپے-ریا بولتے ہین - اِس درخت کی چہال جو امریکا جنوبی
سے آتی ہے دوا مین برتی جاتی ہے ⁘

خاصیت - ٹکڑے اِسکے سیدہے مگر دونو جانب سے کم و بیش خم کہاتے ہوئے ہوتے
ہین - موٹی آدہی لائین سے ایک لائین تک اور کنارے اِنکے چہلے ہوئے ہوتے
ہین - اوپر کے فرد پر جا بجا داغ ہوتے ہین اور رنگ اِسکا بہورا مٹیالا یا زردی مائل ہوتا
ہے چہال کے اندر کی سطح بہوری مائل زردی ہوتی ہے توڑنے سے کم ریزہ ہو -
ذائقہ تلخ اور کسیقدر خوشبودار تراشی ہوئی سطح کو خوردبین سے دیکھنے سے اکثر
اسپر سفید نقوط یا باریک لکیرین ہوتی ہین ⁘

اجزا - ایک لطیف روغن ⁘ ایک شے تلخ اور رال ⁘

شناخت - بعض دفعہ اِس چہال مین کچلے کی چہال ملا دیتے ہین کہ جو زہر ہے
پس اِن دونو مین فرق کرنا ضرور ہے چنانچہ دیکھو نقشہ ذیل ؛

نقشہ

	کپسے ۔ریا کی چھال	کچھلے کی چھال
شکل	یہ چھال یا تو ہنس کے پرون یا چوڑے چوڑے ٹکڑون مین ہوتی ہے یہ ٹکڑے یا تو سیدہے یا کسیقدر خم کہائے ہوئے ہوتے ہین ۔	یہ چھال بھی ہنس کے پرون یا چوڑے چوڑے ٹکڑون مین ہوتی ہے یہ ٹکڑے نہایت پیچدار مثل خشک سینگ کے پیچھے کی طرف مثل کمان کے خم کہائے ہوتے ہین ۔
چھال کا فرد بیرونی	سفیدی مائل یا زردی مائل ۔ ذائقہ کچھہ بھی نہین ۔ اِس سطح بیرونی پر نائیٹرک ایسڈ ملانے سے یا تو کچھہ بھی تغیر نہین پیدا ہوتا یا خفیف نارنجی سُرخی پیدا ہوتی ہے ۔	رنگ بیرونی مختلف بعض دفعہ اونچے اونچے سفیدی مائل داغ پائے جاتے ہین ۔ اِس سطح بیرونی پر نائیٹرک ایسڈ ملانے سے نہایت گہرا سبز رنگ یا سیاہی مائل رنگ پیدا ہوتا ہے ۔
سطح اندرونی	اِس چھال کی سطح اندرونی فردار ہوتی ہے ۔ نائیٹرک ایسڈ لگانے سے اُسپر خون وریدی کی رنگت آجاتی ہے ۔	اِس چھال کی سطح اندرونی فردار نہین ہوتی ۔ نائیٹرک ایسڈ لگانے سے نہایت شریانی خون کی رنگت اُسپر آجاتی ہے ۔

فائدہ اور استعمال اور ماٹیک۔ اسٹو۔ما۔کاک اور شاید اسکا اثر انٹی پیپ۔ریا۔ڈک بھی ہے اِسکو ڈس۔پپ۔سیا اور ڈا۔یا۔ یا اور ڈی سنٹری مین شدید امراض کے رفع ہوجانے کے بعد جب بیمار رو بصحت لاتا ہے تب دیا کرتے ہین ۔

خوراک چھال کے سفوف کی ۱۰ سے ۲۰ گرین تک ۔

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

انفیوزم - کیسیے - ری ——————— انفیوزن اف کیسیے - را

لنسخہ - کیسیے - ریا کوٹا ہوا آدھا آونس ÷ ڈسٹلڈ واٹر ۲۰ درجہ کا ۱۰ آونس ÷ ایک بند برتن مین ایک گھنٹہ تک بھگو کر چھان لین **خوراک** ایک آونس سے ۲ آونس تک

لاٹن ——————— ہندی ——————— انگریزی

کمیلا ——————— کمیلا ——————— کمیلا

اسکے درخت کو راٹ - لی - راٹنکٹوریا بولتے ہین - سفوف اسکا جو خاکون مین لگا رہتا ہو دوا مین مستعمل ہے - یہ شے ہندوستان مین پیدا ہوتی ہے ÷

خاصیت - یہ چیز دانہ دار سرخ اور نارنجی رنگ کی ہوتی ہے آگ لگانے سے جل اُٹھتی ہے پانی مین مشکل سے سی ہے لیکن الکحال کے ساتھ پکانے سے اسکا بہت سا حصہ حل ہو جاتا ہے تب ایک سرخ عرق بنتا ہے ÷

شناخت - زیادہ حصہ اسکا ایتھر مین حل ہو جاتا ہے ÷

اجزا - ایک جوہر راٹ - بے - رین ÷ رال ÷ گوند ÷

فائدہ اور استعمال - یہ ایک نہایت سریع التاثیر ان - تھل - منشک دوا ہے کرم کدو دانہ کے علاج مین ہندوستان کے اندر یہ دوا نہایت مفید پائی گئی ہے اکثر اس سے دست بھی آتے ہین ÷

خوراک ۱۰ گرین سے ۱۲۰ گرین تک ہمراہ شہد کے دیوین ÷

لاٹن ——————— ہندی ——————— انگریزی

کاہی - نو ——————— کمرکس ——————— کاہی - نو

اِسکے درخت کوٹی - بِہ و - کار - پَش مار - سو - بیم بولتے ہین - اِس درخت کے پاپڑ چھینے سے جو منجمد رس نکلتا ہے وہ دوا مین برتا جاتا ہے - یہ شئے - مے - لے - بار سے آتی ہے *

خاصیت - اِسکے ٹکڑے چھوٹے چھوٹے پہلدار چمکیلے سیاہ مایل بسرخی ہوتے ہین کنارے جنکے قریب شفاف اور یاقوتی رنگ کے ہوتے ہین بے بو لیکن بہت کسیلے ہوتے ہین چبانے سے تہوک کا رنگ سُرخ خون کے طور پہ ہوجاتا ہے *

اجزا - کے - ٹے - کین * لے - نین * سُرخ گم *

فائدہ اور استعمال نہایت عمدہ اسٹرنجنٹ ہے اور اسکو پائی - رو سِس اور ڈا - یا - ریا کے مرض مین دیتے ہین اور گلا آنے سے اسکی کُلّی بھی کراتے ہین *

خوراک سفوف کی ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک *

بدل - بنگال کائی - نو جسکو کمرکس کہتے ہین *

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن ——————— انگریزی

پلوِس - کاہی - نو - کمپا - زیٹس ——————— کمپاونڈ پاوڈر اف کاہی - نو

نسخہ - کاہی - نو سفوف کیا ہوا پونے چار آونس * افیون چوتہائی آونس * دال چینی سفوف کی ہوئی ایک آونس *

سبکو ملاکر باریک چھلنی سے چھانکر شیشہ کے کاگ والی بوتل مین رکھہ چھوڑین اِسکے ۲۰ گرین مین ایک گرین افیون ہوتی ہے *

لاٹن ——————— انگریزی

ٹنکچورا - کاہی - نو ——————— ٹنکچر اف کاہی - نو

نسخہ - کائی - نوکسیقدر باریک سفوف کیا ہوا - ۲ آونس * گلاہی - سمی - رئین ۳ - آونس * ڈسٹلڈ واٹر - ۵ آونس * ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ ۱۲ - آونس * سات روز تک بھگو کر چھان لین بعد ازان اسمین اِسقدر ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ ملادین جسنے مین ایک پائنٹ پورا ہوجاوے *

خوراک - آدھی ڈرام سے ۲ ڈرام تک *

لاٹین ———————— انگریزی

کرا - مے - ریا - ریڈکس ———————— راٹی - نی - روٹ

یہ جڑ دو قسم کے درختون سے حاصل ہوتی ہے - ایک کو کرا - مے - ریا ٹرائیح اِنڈرا کہتے ہین - یہ درخت ملک پیرو مین پیدا ہوتا ہے * دوسرے کو کرا - مے - ریا انگزاہی - نا کہتے ہین - یہ درخت سے - وا - نلا مین پیدا ہوتا ہے *

خاصیت - جو جڑ پیرو سے آتی ہے وہ یا تو شاخدار یا غیر شاخدار ہوتی ہے - اسپر جو چھال ہوتی ہے وہ آسانی سے چھل جاتی ہے - اِسکے باہر کا رنگ بھورا سرخی مائل اور اندر کا سُرخ کسیقدر چمکیلا بھورا ہوتا ہے اور جو جڑ سے - وا - نلا سے آتی ہے وہ بہ نسبت پہلے کے کم لمبی اور کم موٹی ہوتی ہے - رنگت اِسکی گہری اودی ہوتی ہے اور چھال اِسکی چکنی اور موٹی ہوتی ہے اور اندر کی لکڑی کے ساتھ خوب چپیان رہتی ہے * دونو قسم کی چھال کا ذائقہ نہایت کسیلا ہوتا ہے مگر بو نہین ہوتی * اور لکڑی مین نتو ذائقہ اور نہ بو ہوتی ہے *

اجزا - کرا - مے - رک ایسڈ * ٹے - نک ایسڈ *

فائدہ اور استعمال فائدہ نہایت اثر بخش ہے - یہ دوا منجن مین پڑتی ہے اور اِسکے انفیوژن کی کلّی گلا آنے سے کرایا کرتے ہین چنانچہ ایک ڈرام ٹنکچر آٹھ آونس

پانی اور پچکاری لیو-کو-ریا اور پرولیپسس انائی مین کرتے ہین *

خوراک ۲گرین سے ۱۰گرین تک *

اسکے تین مرکب ہین

لاٹین ——— ——— انگریزی

اکسٹراکٹم-کرے-می-ریی ——— اکسٹراکٹ آف راٹانی

نسخہ راٹانی کوٹی ہوئی ایک پاونڈ * ڈسٹلڈ واٹر-حسب ضرورت *

راٹانی کو ڈیڑھ پاینٹ پانی مین ۲۴ گہنٹہ تک بہگو رکہین تب پر-کو-لے-ٹر مین بھر کر اسقدر اُسمین ڈسٹلڈ واٹر ملاوین جتنے مین ۲ پاینٹ مقطر ہوجاوے یا جبتک راٹانی کا بالکل جوہر کہچ آوے تب اُس عرق کو واٹر باتھ پر آنچ دیکر حسب مناسب گاڑھا کرلین *

خوراک ۵گرین سے ۲۰گرین تک *

لاٹین ——— ——— انگریزی

انفیوزم کرامی-ریی ——— انفیوزن آف راٹانی

نسخہ راٹانی کوٹی ہوئی آدہی آونس * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس *

ایک بند برتن مین آدہے گہنٹہ تک بہگو کر چھان لین * **خوراک** ایک آونس سے دو آونس تک *

لاٹین ——— ——— انگریزی

ٹنکچورا-کرامیری ——— ٹنکچر آف راٹانی

نسخہ-راٹانی کوٹی ہوئی ڈہائی آونس * پروف اسپرٹ ایک پاینٹ *

ترکیب مانند ٹنکچر آف اکو-نائیٹ کے جسکو دیکھو

خوراک ½ ڈرام سے ۲ ڈرام تک * جب سوڑے بہو لکر سخت ہو جاوین تب اسکی کلّی نہایت مفید پڑتی ہے *

یعنی ٹنکچر اف کرامے ریا اور ٹنکچر اف مر اور ٹنکچر اف سنکونا بارک اور ٹنکچر اف کا ی - تو ہر ایک کا ایک ایک آونس لیکر ملائین اور اسمین سے ایک ڈرام لیکر ایک آونس پانی مین ملاکر صبح و شام غرغرہ کرین ٭

لاٹین —————— **انگریزی**

کستو —————— **کو-سو**

اِسکے درخت کو برائی - را ان - تہل - من ٹیکا بولتے ہین - اِس درخت کے پہول جو ملک ابے سی سینیا سے آتے ہین دوا مین برتے جاتے ہین ٭

خاصیت پہولون کی چہڑیان ۱۰ انچ بلکہ زیادہ لمبی - رنگ کسیقدر بہورا یا بہورا سبزی مایل - مادہ پہولونکا رنگ سُرخی مایل ہوتا ہے - ذایقہ تلخ اور تیز - اُن چہڑیون پر جو پہول لگے ہوتے ہین وہ چہوٹے چہوٹے ہوتے ہین ٭

اجزا - لطیف روغن ٭ تلخ اور تیز رال ٭ دو قسم کے ٹےنن ٭

فائدہ اور استعمال اِسکا نہایت عمدہ ان - تہل - منٹک ہو لیکن اِس جماعت کی اَور دوا پر یہ دوا فوق لیجاتی ہے یا نہین اسبات پر شک ہی اِسکا فائدہ نہایت کم یا بالکل کَئے - تہار - منٹک نہین ہے پس اِسکے کہانے سے جو کرم شکم کے اندر مرجاتے ہین اُنکے نکالنے کے لیے اکثر کبہی جلاب کی ضرورت ہوتی ہے - اکثر اِسکو کرم کدو دانہ مارنے کے لیے دیا کرتے ہین - بعض دفعہ اِس دوا کے کہانے سے جی متلاتا ہی اور قے بھی ہوتی ہے ٭

خوراک کستو کی جوانون کے لیے آدہے آونس اور بچون کے واسطے ایک آونس کے آٹھوین حصہ سے چوتہائی آونس ٭

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ــــــــــ ــــــــــ انگریزی

انفیوژرم کستو ــــــــــ انفیوژن اف کسّو

نسخہ کوسو کوٹا ہوا ۔ نصف آونس + کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۸ آونس +

ایک بند برتن مین ۵ منٹ تک بہگو کر بغیر چہانے استعمال کرین +

خوراک انفیوژن کے ہمراہ ۰ بہیگے ہوے پہولون کے ۴ آونس سے ۸ آونس تک

ترکیب ۔ نہایت عمدہ ترکیب اس انفیوژن کے پینے کی یہ ہے کہ انفیوژن کو ہلاکر تہوڑی تہوڑے عرصہ بعد دو یا تین گہونٹ مین سارے کو پی لین یغو عرق اور پہولون کے منوف کو تاکہ اسکا عمل جلد ہو جاوے بلا شیر و شکر پلانا چاہیے ۔ جو تین یا چار گہنٹہ کے اگر عمل اس دوا کا نہو تو کسٹرائل یا یک نمکین جلاب دینا چاہیے ۔ اس انفیوژن کو صبح کے وقت نہار منہہ پینا چاہیے اس رات غذا کم کرنی چاہیے + کسّو کے عمل کے بعد ایک ہلکا جلاب دینا اچہا ہے +

لاٹن ــــــــــ انگریزی

کواشی ۔ لگ نم ــــــــــ کواشیا اوڈ

اسکے درخت کو پائی ۔ کری ۔ نیا اک ۔ سل ۔ سا بولتے ہین ۔ اس درخت کی لکڑی جمی ببیا ۔ کا کے ٹاپو سے آتی ہے اور یہی دوا مین برتی جاتی ہے +

خاصیت ۔ ٹکڑے اس کے مختلف مقدار کے ہوتے ہے پر اکثر رانون سے زیادہ موٹے نہین ہوتے لکڑی ٹہوس سخت سفید مایل بزردی اور نہایت تلخ ہوتی ہے ۔ اس لکڑی کی کرچین بہی مستعمل ہین +

اجزا۔ جوہر کواسیین +

فائدہ اور استعمال۔ اسٹو۔ ما۔ کک اور بالکل اسٹرنجنٹ ہنین اسکو بدہضمی ہین جوگاوٹ کی بیماری اور زیادہ شراب خواری اور دیگر بواعث سے ہوا کرتی ہے استعمال کرتے ہین اور شدید امراض کے رفع ہونے کے بعد جو کمزوری لاحق ہوتی ہی اُسمین بھی اِسکو بطور ٹانک کے دیتے ہین اور انٹی۔ پے۔ ریا۔ ٹوک کے طور پر اسکو بخارونمین استعمال کیا گیا ہی +

خوراک اسکے سفوف کی ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک چونکہ اسمین نتوٹانک ایسڈ اور گیالک ایسڈ ہے اِسلئے اِسکو ہمراہ مرکبات فولاد کے استعمال کر سکتے ہین +

اِسکے تین مرکب ہین

لاٹین ________________ ________________ انگریزی

اکسٹراکم۔ کواشی ________________ اکسٹراکٹ اف کواشیا

نسخہ۔ کواشیا کی لکڑی کا برادا۔ ایک پاونڈ + ڈیسلڈ واٹر۔ حسب ضرورت +

کواشیا کو ۸۰ اونس پانی مین ۱۲ گھنٹہ تک بھگو کر پر۔ کو۔ لیٹر کے اندر بھر دین اور اُسمین اسیقدر ڈیسلڈ واٹر ملاوین جسمین کواشیا کا سارا جوہر کھچ آوے تب اوس عرق کو اُڑادین اور زیادہ گاڑھا ہونے سے پیشتر چھانکر واٹر بات پر پھر اُڑاکر حسب مناسب گاڑھا کرلین +

خوراک۔ ۳ گرین سے پانچ گرین تک +

لاٹین ________________ ________________ انگریزی

انفیوژم۔ کواشی ________________ انفیوژن اف کواشیا

نسخہ۔ کواشیا کی لکڑی کی کرچین۔ ۵۵ گرین + سرد ڈیسلڈ واٹر۔ ۱۰ اونس +

ایک بند برتن مین آدھ گھنٹہ تک بھگو کر چھان لین +

خوراک - ایک آؤنس سے ۲ آونس تک +

لاٹن ———— ———— انگریزی

ٹنکچورا - کواشی ———— ———— ٹنکچر اف کواشیا

نسخہ - کواشیا کی لکڑی کی کرچین - پون آؤنس + پروف اسپرٹ - ایک پائنٹ +
ایک بند برتن مین سات روز تک بھگو رکہین اور گاہے گاہے ہلا دیا کرین بعد اِس کے
چہانین اور تب نچوڑ کر فلٹر کرکے اسمین اتنا پروف اسپرٹ ملا دین جتنے مین ایک پائینٹ
پورا ہوجاوے - خوراک - آدہی ڈرام سے ۲ ڈرام تک +

لاٹن ———— ———— انگریزی

کور - کس - کارٹیکس ———— ———— اوک بارک

اِسکے درخت کا نام کور - کس پی - ڈنکیو - لیٹا ہے - جو درخت برٹن مین پیدا ہوتے ہین
اُنکی چہوٹی چہوٹی شاخین اور ملائم ٹہنیون کی چہال جسکو بسنت کے موسم مین جمع کرتے
ہین دوا مین برتی جاتی ہین +

خاصیت - اِس چہال پر باریک چمکیلا اور سرمئی رنگ کا ایک پردہ ہوتا ہے اور
اِسکے اندر کی سطح دال چینی کے رنگ کی ریشہ دار اور دبانے سے جلد ٹوٹ جاتی ہے
یہ شے نہایت کسیلی ہے +

اجزا - ٹے ننک اِسڈ + گے - لک اِسڈ + ٹے - نٹ اف لایم + ٹے - نٹ - اف
مگنی - شیا + ٹے - نٹ - اف پوٹاش +

فائدہ اور استعمال - اِس دوا کو کہلانے یا باہر لگانے سے نہایت عمدہ
اسٹرنجنٹ فائدہ ہوتا ہے لیکن اِسکو کم کہلایا کرتے ہین مگر اِسکو پچکاری اور
کلی کے طور پر اکثر برتا کرتے ہین +

خوراک سفوف کی ۳۰ گرین سے ۱۲۰ گرین تک ۔

اسکا ایک مرکب ہے

لاطین ــــــــــ ــــــــــ انگریزی

ڈیکاکٹم۔ کورکس ــــــــــ ڈیکاکشن اف اوک ۔ بارک

نسخہ ۔ اوک بارک کوٹا ہوا سوا (۱¼) آونس ۔ ڈسٹلڈ واٹر ایک پائنٹ

ایک بندبرتن مین ۱۰ منٹ تک جوش دیکر چھان لین تب اُس چھلنی مین جو کچھہ ہو اُسمین اِسقدر ڈسٹلڈ واٹر ڈالین جتنے مین سارا چھانا ہوا عرق ایک پائنٹ پورا ہوجاوے ۔

لاطین ــــــــــ ــــــــــ انگریزی

کے ۔ نے ۔ بی ۔ ایلبے ۔ کارٹکس ــــــــــ کے ۔ نے ۔ لا ۔ البا ۔ بارک

اِسکے درخت کا نام کے ۔ نے ۔ لا البا ہو ۔ اِس درخت کی چھال دوا مین مستعمل ہے یہ شے وسٹ انڈیا کے ٹاپو سے آتی ہے ۔

خاصیت یہ چھال یا تو خمدار مانند پر کی قلم کے یا ٹوٹے ٹوٹے ٹکڑے منین ہوا کرتی ہے ۔ یہ سخت ہوتی ہے اور رنگت اِسکی سفید مائل بزردی یا ہلکی نارنجی رنگ کی ہوتی ہے خوشبودار مثل زنگ کے ۔ ذائقہ تیز مثل سیاہ مرچ کے ۔

اجسنرا ۔ لطیف بروغن ۔ رال ۔ ایک شے تلخ اور جوہر کے ۔ نے ۔ لین ۔

فائدہ اور استعمال یہ دوا ایسٹر ٹانک اور اسٹو ماٹک ہی ۔ اِسکو ڈسپپسیا کی بیماری میں دیتے ہین ۔

خوراک سفوف کی ۵ گرین سے ۳۰ گرین تک ۔ یہ چھال دائیم ۔ ربائی مین پڑتی ہے ۔

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

کو-پی-با ——————————— کوپی-را

اِسکے درخت کو کو-پی-فرا-لنگس-ڈارسنیفائی بولتے ہین اور ماسوا اِسی درخت کے اِسی قسم کے اَور بھی درختون سے یہ شے پیدا ہوتی ہے یہ ایک او-لیو-ریزن ہے جو اُنہی درختون کے پانچھنے سے ملتا ہے یہ شے ملک برازیل کے حصہ پارا سے آتی ہے ❊

خاصیت یہ روغن گاڑھا مانند الیو کے ہوتا ہے صاف اور ہلکا زرد رنگ کا بو خاص اور ذائقہ تیز اور خوش ❊

شناخت -ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ مین بالکل حل ہو جاتا ہے ❊

اجزا -کوپی-وا کو بالسم کہنا غلط بلکہ اِسکو او-لیو-ریزن کہنا چاہئے کیونکہ تو اِسمین بن-زائیک اور نہ ہے-نامِک اسڈ ہی اور بالسم مین اِن دونون مین سے ایک کا ہونا ضروریات سے ہے-اِسمین ایک لطیف روغن اور ایک رال ہوتی ہے ❊

فائدہ فائدہ اِسکا اِسٹی-مو-لنٹ ہی اثر اِسکا میو-کس ممبرین پر اور خاصکر اعضاے تناسل اور اعضاے بول کے میو-کس ممبرین پر پیدا ہوتا ہی جب پیا جاتا ہے تو خون مین منجذب ہو جاتا ہے اِسیواسطے تنفس اور پیشاب مین اِسکی بو پائی جاتی ہے ❊

استعمال -نائزہ اور مثانہ کی بیماریون مین مثلاً گلیٹ اور گو نو-ریا مین یہ دوا مفید پڑتی ہے لیکن کرانک برانکائیٹس مین بھی جب بلغم نہایت کثرت سے ہو تو اِس دوا کو دے سکتے ہین مگر بخار کی حالت مین مضر ہے کیونکہ اِسکا اِسٹی-میو-لنٹ اثر سارے جسم پر ہوتا ہے گا ہے گا ہے لیو-کو-ریا مین بھی دیتے ہین اور جب کسی دوا سے فائدہ نہین ہوتا ہے تب کو-پی-با کے استعمال سے سوراسی-سِس کی بیماری رفع ہو جاتی ہے ❊

یاد رہے کہ بعض دفعہ کو - پا - کے استعمال سے بدن پر بخارات مثل میزلس یا ار - ٹی - کے - ریا کے نکل آتی ہین ✣

ترکیب استعمال - یہ دوا کئی ترکیب سے دی جا سکتی ہے چنانچہ پانی مین - میو - سلج اینڈ ایا لائیکوار پوٹاسی ملا کر اِمل - شن کے طور پر دے سکتے ہین یا مثل پیسو کے طور پر یا کار - بو - نٹ - اف - مگنی - شیا مین خوشبو کے لئے روغن لونگ یا پی - پرمنٹ ملا کر اسمین کو - پی - با چہوڑ کر یا تو پٹی بنا ئین یا گو لیون کی طرح کہلا دین ✣ یا نسخہ ذیل گو - لو - ریا کمپچر کا استعمال کرین ✣

نسخہ - کو - پی - با - ۶ ڈرام ✣ لائیکوار پو - ٹا - سی - ۳ ڈرام ✣ میو - سلج - ا - آونز نائی - ٹرس - ایتھر - ۳ ڈرام ✣ سی - نی - من - واٹر - ۶ آونس ✣

سبکو ملا کر بمقدار ایک آونس کے شیشہ کو ہلا کر دنمین تین دفعہ پلا دین ✣

خوراک - آدہی ڈرام سے ایک ڈرام تک ✣

اِسکا ایک مرکب ہے -

لاٹین ———————— ———————— انگریزی

اولیم - کو - پے - با ———————— آئیل اف کوپی دا

یہ روغن کو - پی - با سے بہ ترکیب ڈیسٹی - لیشن نکلتا ہے ✣

خاصیت - بے رنگ یا ہلکی زرد رنگ کا ہوتا ہے بو اور ذائقہ کو پی - وا کا ✣

خوراک - ۵ سے ۱۰ بوند تک ✣

گو - سی - پی - آم یعنے
روئی -

روئی کو انگریزی مین کاٹن کہتے ہین - جلے ہوئے یا چہلے ہوئے مقامون پر ڈہنکے

ہوی روی کے پہاہے لگانے سے وہ مقام ہوا اور خاک اور گرد سے محفوظ رہتا ہے اور بعض دفعہ روئی کو بے۔ نے۔ منٹ اف لایم مین تر کرکے ہی جلے ہوئے مقام پر لگا دیتے ہین۔ اور دردناک جوڑون پر روی کے باندہنے سے آرام آجاتا ہے۔ روئی اس لینٹ کی گدیون کے کام مین بہی آتی ہے اور این۔ ٹے۔ سپ ٹک فائدہ کے لئے روئی کو مختلف ان ٹے۔ سپ ٹک دوا دہمین تر کرکے زخمون پر لگایا کرتے ہین مثلاً بورا سک اشد۔ کا۔ با۔ لک اشد۔ سی۔ لی۔ سی۔ لک اشد وغیرہ۔ اور روئی کے درخت کی جڑ کی چہال کا ایک ٹنکچر بنتا ہے جکو ایمے۔ نے۔ گاگ اور اک۔ با۔ لک کے طور پر استعمال کرنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے چنانچہ روئی کے درخت کی جڑ کی چہال خشک کی ہوئی ایک حصہ پروف اسپرٹ چار حصہ۔ بر۔ کو۔ لے۔ شن کی ترکیب سے بنالین۔

خوراک۔ ایک ڈرام تین دفعہ دنکو۔

روئی کے مرکبات

انگریزی —— لاٹن

گن کاٹن —— پائی۔ راگ۔ زی۔ لین

روئی ایک آونس۔ سلفیورک اشد۔ ۵ آونس۔ نائیٹرک اشد۔ ۵ آونس۔ چینی کے کہرل مین تیزابون کو ملاکر اسمین روئی بہگو دین اور شیشہ کی ڈنڈی سے ۲ منٹ تک ہلاتے رہین تاکہ روئی خوب تر ہو جاوے۔ اب ایک برتن مین پانی لیکر اسمین اوس روئی کو چہوڑ دین اور شیشہ کی ڈنڈی سے خوب ملاکر عرق کو تہا دین اب اسمین اور پانی چہوڑ کر پھر ملا دین اسیطرح کئی مرتبہ کرین جبتک دہون مین۔ کلو۔ رائیڈ اف۔ بے۔ ریم ملانے سے کوئی تلچھٹ نہ بنے۔ تب کاغذ کے فلٹر پر رکہ دین تاکہ سارا پانی جذب ہو جاوے۔ بعد ازان واٹر باتہ پر خشک کرین۔

شناخت - ایتھر اور ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ملاکر اسمین پائی - راگ - زہی لیز چہوڑ دین تو فوراً حل ہو جائیگا - آگ دینے سے یہ چیز بہک سی اُڑ جاتی ہے اور کچھ باقی نہین رہتا *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ———— ———— انگریزی

کلو - ڈی - ام ———————— کلو - ڈی - اَن

نسخہ - پائی - راگ - زہی - لین ایک اونس * ایتھر ۳/۴ - آونس * ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ۱۲ - آونس *

ایتھر اور اسپرٹ ملاکر اسمین پائی - راگ - زہی - لین چہوڑ دین اور چند روز تک اسمین رہنے دین - اگر دُردیہ نشین ہو تو صاف عرق کو نتہار کر بوتل مین بہر دین اور ڈہیک کاگ لگا کر رکھ چہوڑین *

خاصیت - یا عرق بے رنگ اور نہایت جلد جلنے والا ہوتا ہے - اِس سے بو ایتھر کی آتی ہے - ہوا لگنے سے جلد خشک ہو جاتا ہے تب ایک باریک جہلی سی رہ جاتی ہے جو نتو پانی اور نہ ریکٹی - فائیڈ مین حل ہوتی ہے *

استعمال ہاتھ پاؤن کے پہٹ جانے اور مقعد کے شقاق پر بہی اس دوا کو لگاتے ہین تاکہ زخم جُڑ جاوے اور ہوا اور گرد وغیرہ سے محفوظ رہے - پستان کی ٹہنیان جب پہٹ جاتی ہین تب اس دوا کے لگانے سے جُڑ جاتی ہین - بچہ اُس ہٹنی سے دودہ پئے تو کچھہ مضایقہ نہین * کلو - ڈی - اَن کو مختلف قسم کے زخمون اور ان امراض جلدیہ پر بھی لگاتے ہین جنمین جلد پہٹ جاتی ہے اور اُسکے چند قطرے روئی مین ڈالکر زخمی دانت کے خول کے اندر بہر دیتے ہین اور ایسی تلخ گولیون کو جیسے کالو - سنتھ اور الوز وغیرہ ہین کلو - ڈی - اَن سے مڑہ دیتے ہین جسکی ترکیب یہ ہے

کہ گوبی کو سوزن کی نوک پر لیکر کلو-ڈی-ان مین ڈبو دین - جب پہلا پردہ سوکھ
جاوے تب پھر ڈبو دین تاکہ اُسپر دوسرا پردہ چڑھ جاوے ٭

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹن ———— انگریزی

کلو-ڈی-ام فلگ-زائیل ———— فلگ-زیبل کلو-ڈی-ان

نسخہ-کلو-ڈی-ان ۱۲ آونس ٭ کے-نے-ڈا بال سیم ½ آونس ٭ کسٹر ایل ½ آونس ٭
سبکو ملا کر مضبوط کاگ والی بوتل مین رکھ چھوڑ دین ٭ اِسکو بھی زخمون پر لگاتے ہین ٭

لاٹن ———— انگریزی

کلو-ڈی-ام وی-سی-کنش ———— بلسٹرنگ کلو-ڈی-ان

نسخہ-بلسٹرنگ لے-کوئیڈ ۲۰ حصہ ٭ پائی-راگ-زی-لین ایک حصہ ٭ کسی شیشہ کے کاگ
والی بوتل مین پائی-راگ-زی-لین کو اُس لے-کوئیڈ مین چھوڑ دین اور تبتک ہلاتے
رہین جبتک اُسکا جز وحل ہوجاوے ٭ یہ مرکب چھالے پیدا کرنے کے لیے
باہر لگایا جاتا ہے ٭

لاٹن ———— انگریزی

گیال-بے-نم ———— گیال-بے-نم

یہ ایک قسم کی گوند ہوتی ہے جس کے درخت کا نام فے-رو-لا گیال-بے-نے-فلو-وا
ہے ٭

خاصیت-اِس گوند کے دانے مٹر برابر ہوتے ہین جو آپسمین ملکر ڈلے کے طور پر بنجاتے ہین
رنگ چکنا زرد مایل بسبزی ہوتا ہے اور کسیقدر شفاف اور نہایت بدبو دار ہوتے ہین - ذائقہ
انکا تلخ اور تیز ہوتا ہے ٭

اجزا - ایک لطیف روغن رال اور گوند +

فائدہ اور استعمال اور خوراک - فائدہ ہینگ کا مگر اسکی نسبت یہ کم تیز ہے اس گوند کو باہر اس خیال سے لگاتے ہین کہ اسمین رسولیونکو حل کرنیکی طاقت ہی - پرانی کہانسی مین بھی یہ گوند استعمال کی جاتی ہے یہ گوند کمپاونڈ اسا - فی - ٹے - ڈا - بل مین پڑتی ہے +

اسکا ایک مرکب ھی

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

امپلاسٹرم گیال - بی - نائی ———————— گیال - بی - نم - پلاسٹر

نسخہ - گیال - بی - نم - ایک آونس + ایمونائیکم - ایک آونس + زرد موم - ایک آونس لڈ پلاسٹر - ۸ آونس + گیال - بی - نم اور ایمونائیکم ملاکر پگہلا کر چہان لین اور لڈ پلاسٹر اور موم پگہلا لین تب الگلی کو اسمین ڈالکر خوبطرح ملالین +

فائدہ اور استعمال - اس پلاسٹر کو چمڑے پر بچھا کر رسولیون پر لگاتے ہین تاکہ ان مین پیپ پڑ جائے اور وہ حل ہو جا دین - فائدہ اسکا اشی - میو - نٹ ہی پرانے سینہ کے امراض مین اسکو چہاتی پر لگاتے ہین + کمزور بچون کو جب اری - گٹ کی بیماری ہوتی ہی اور اس سبب ٹانگین انکی کمزور ہو جاتی ہین تب اس پلاسٹر کو کمر پر لگاتے ہین +

لاٹن ———————— ہندی ———————— انگریزی

گے - لا ———————— ماجوپہل ———————— گالش

یہ گانٹھین ہوا کرتی ہین ایک قسم کے کیڑے درخت گوز - کن - انفکٹو - یا پر سوراخ کرکے انڈے دیتے ہین جنسے ماجوپہل کی گانٹھہ بنتی ھی +

ترکیب - مازو یا ماجوپھل کے پیدا ہونے کی یہ ہی کہ درخت مذکور کی شاخون کے دونو جانب اور سرون پر بھی مادین کرم سوراخ کرکے انڈے دیتی ہی - جس سے اُس مقام پر جلد ایک اُبھار یعنی مازو بنجاتا ہے اور اُس مازو کے اندر جو انڈا ہوتا ہے وہ پھوٹ کر جب کامل کرم بنجاتا ہے تب مازو کے اندر سے سوراخ کرکے باہر نکل آتا ہی - اسیواسطے اُن مازو کے باہر کی جانب سوراخ ہوتے ہین جسمے کرم نکل جاتا ہی اور اوس مازو کو تراش کر دیکھین تو اُس سوراخ سے لیکر بیچ کی جگہہ تک ایک نالی پائی جائیگی لیکن جس مازو کے اندر کا انڈا نہین پھوٹتا اور کرم نہین بنتا اُسپر نہ تو سوراخ ہوتا اور نہ اُسکے اندر کوئی نالی ہوتی ہے +

خاصیت - یہ گانٹھین سخت وزنی گول آدھی انچ سے پون انچ تک موٹی اور اوپر کی سطح دانہ دار ہوتی ہے یہ دانے اور اُن کے بیچ کی جگہہ چکنی ہوتی ہے باہر کا رنگ سبز اور کسیقدر نیلا اندر سفید مایل بزردی اور اُسکے بیچ مین ایک چھوٹا سا خول بھی ہوتا ہی یہ شی نہایت کسیلی ہوتی ہے +

اجزا - اِسکے ۱۰۰ حصہ مین قریب ۳۵ حصہ ٹے نک اِ شد اور ۵ حصہ گیالک اِشد ہی -

مرکبات مازو

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچورا - گے - لی ——————— ٹنکچر اف گالس

نسخہ - ماجوپھل کوٹا ہوا - ڈہائی آؤنس + پروف اسپرٹ ایک آؤنس +

ترکیب - مانند ٹنکچر اف کونائیٹ کے (جسکو دیکھو) **خوراک** - آدھے ڈرام سے ۲ ڈرام تک اِسمین پانی ملاکر غرغرہ کراتے ہین +

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

انگوا ینٹم - گے - لی ——————— اینٹ منٹ اف گالس

نسخہ مازو پھل خوب باریک سفوف کیا ہوا ۸۰ گرین ÷ بن ۔ زوہی لے چربی لارڈ ایک اونس ÷
دونو کو خوب طرح ملالین ÷ اس مرہم کو بواسیر کے مسون پر لگانے سے فائدہ ہوتا ہے ÷

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

انگو ۔ انیٹم گے ۔ لے ۔ کم ۔ اوپیو ———————— اینٹ منٹ اف گالس اینڈ اوپیم

نسخہ آینٹ منٹ اف گالس ایک آونس ÷ افیون سفوف کی ہوئی ۳۲ گرین ÷
دونو کو خوب ملالین بواسیر کے مسون پر جب درد ہو تب اس مرہم کے لگانے سے فائدہ ہوتا ہے ÷

مازو کے اجزا مین دو جزون کا ذکر ہوا ہے ÷ ایک کو گیا ۔ لک اسڈ اور دوسرے کو ٹے ۔ نک اسڈ کہتے ہین ہیں اول ۔

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

اسیڈم ۔ گیا ۔ لیکم ———————— گیا ۔ لک اسڈ

ترکیب ۔ مازو کوٹا ہوا ایک حصہ لیکر چار حصے ڈائیلوٹ سلفیورک اسڈ مین چھوڑ دین اور آدھے گھنٹہ تک جوش دیکر گرم رہتے کپڑے سے چھان لین ۔ عرق کے سرد ہونے سے جو قلمین بنجاتین انکو جمع کر کے کئی دفعہ حیوانی کو ئلا ملا کر اور قلمین باندھ کر اُسکو صاف کر لین ÷

خاصیت ۔ قلمین اسکی نہایت باریک اور بعض وقت قریب سفید رنگ کے مگر اکثر خفیف بھورے رنگ کے ہوا کرتے ہین ÷ ایک صد حصہ سرد پانی مین حل ہو جاتے ہین مگر تین حصہ کھولتے ہوئے آب گرم مین حل ہو جاتے ہین اور ریکٹی ۔ فائڈ اسپرٹ مین بھی حل ہو جاتے ہین ÷

خوراک ۔ ۲ سے ۱۰ گرین تک ÷

اسکا ایک مرکب ہی

لاٹن ———— انگریزی

کلاٹی - سی - رائی - نم اِسٹدای - گیالی - سائی ———— گلاٹی - سی - رین - اف گیالک اِسٹد

نسخہ - گیالک اِسٹد - ایک آونس + گلاٹی - سی - رین - ۴ آونس +

دونو کو رگڑ کر اس مرکب کو ایک چینی کے برتن مین ڈالدین اور تب دہیمی آنچ لگادین تاکہ سارا گلجاوی +

دوسرا جزو مازو کا

لاٹن - ———— انگریزی

اسپیڈم ٹے - نی - کم ———— ٹانک اِسٹد

نسخہ - سفوف مازو - حسب ضرورت + ایتھر - حسب ضرورت +

مازو کے سفوف کو مرطوب ہوا مین دو یا تین روز تک کہلا رکہہ دین بعد ازان اسیقدر ایتھر ملادین جتنی مین وہ ملایم لئی کے طور پر بنجاوے اب اسکو ایک بند برتن مین بہر کر ۲۴ گہنٹہ تک رہنے دین بعد ازان نہایت جلدی سے سوتی پارچہ مین لپٹکر موزون شکنجہ مین خوب کس ڈالین تاکہ سارا عرق علیحدہ ہو جاوی تب اُس نچوڑی ہوئی ڈلے کو پیسکر تہوڑے سے ایتھر مین چہوڑدین (کہ جسمین چہٹا حصہ اُسکے وزن کا پانی ملا ہو) تاکہ پہر ایک ملائم لئی بنجاوے تب اُسکو پہر اگلے طور پر شکنجہ مین نچوڑ ڈالین بعد ازان دودفعہ کے نچوڑنے سے جو عرق حاصل ہوا ہو اُسکو ملاکر رکہہ چہوڑین تاکہ ایواپوریشن از خود ہوتا رہی بعد ازان تہوڑی سی آنچ دیدین کہ جسمین وہ مرکب ملائم اکسٹراکٹ کے طور پر گاڑھا ہوجاوی اب اُسکو مٹی یا چینی کی رکابیون مین رکہکر گرم ہوا کی کوٹھری مین ۱۱۲ درجہ کی گرمی تک خشک کرلین +

خاصیت - یہ باریک ہلکے زرد رنگ کا سفوف ہوتا ہے ذایقہ نہایت کسیلا اور اثر

تیزاب کا ہوتا ہے پانی اور ریکٹی فائیڈ اسپرٹ مین فوراً حل ہو جاتا ہے مگر ایتھر مین کم ٭

ایسکے چار مرکب ہین

لاطین ـــــــــــــــ ـــــــــــــــ انگریزی

ٹراکے ۔ سائی ایسڈ اٹی ۔ ٹی ۔ نی ۔ سائی ـــــــــــ ٹے ۔ نن ۔ لازنجیر

نسخہ ۔ ٹے ٹنک اِسڈ ۳۶۰ گرین ٭ ٹنکچر اف ٹولو ۔ آدھا آونس ٭ قند سفوف کیا ہوا ۲۵ ۔ آونس ٭ گم ارابک سفوف کیا ہوا ۔ ایک آونس ٭ میوسیلج اف گم ارابک دو آئنس ٭ ڈیسٹلڈ واٹر ۔ ایک آونس ٭

ٹے ٹنک اِسڈ کو پانی مین حل کرین اور ٹنکچر اف ٹولو کو میوسیلج مین ملا کر اُس عرق مین چھوڑین تب گم اور شکر ملا کر اگلی مرکب مین آمیز کرین بعد ازان ٹکڈی بناکر اُس کو ۷۲۰ لوزون مین تقسیم کرلین ۔ تب اُنکو گرم ہوا کی کوٹھری مین اوسط درجہ کی گرمی کے اندر خشک کرلین ۔ اِس کے فی لوز مین آدھا گرین ٹے ٹنک اِسڈ ہوتا ہے ٭ **خوراک** ۔ ایک سے چھ قرص تک ٭

لاطین ـــــــــــــــ ـــــــــــــــ انگریزی

سپارسی ۔ ٹوربائی ۔ ایسڈ اٹی ۔ ٹے ۔ نی ۔ سائی ـــــــ ٹے ٹنک اِسڈ سپازی ۔ ٹوریز

نسخہ ۔ ٹے ٹنک اِسڈ ۳۶ گرین ٭ آئیل اف تھیو ۔ برو ۔ ۱۴۴ گرین ۔ تقریباً گرم کہرل مین ۴۴ گرین آئیل اف تھیو ۔ برو ۔ مامین ٹانک اِسڈ چھوڑ کر رگڑین ۔ اور جو آئیل اف تھیو ۔ برو ۔ باقی ہو اُسکو دھیمی آنچ پر پہلے پگھلا لین تب اوس مین اگلے رگڑی ہوئے ٹانک اِسڈ کو چھوڑ کر ساری کو خوبطرح ملا ڈالین بعد ازان پتیلا رہتے اُس مرکب کو موزون سانچون مین کہ جنکے اندر ۱۵ گرین مقدار کی چیز آسکے ڈالدین یا اِس مرکب کو سرد ہوتے دین اور جب جم جاوی تب بارہ حصہ برابر مین

تقسیم کر کے گاؤدم یا کسی اَور مناسب شکل کی گولیان بنا لین * اِسکی فی گولی مین ۳ گرین ٹے۔نِک اِسڈ ہوتا ہے اگر ایک ایسا سپا۔زی۔ٹوری بنا کر کہ جس مین ایک ڈرام ٹے۔نِکِ اِسڈ ہو عورت کی اندام نہانی کے اندر رکھا جاوے اور بعد ازان اُس کے اندر اِسپنج بہر دیا جاوے تو سیلان خون بخوبی بند ہو جاتا ہے *

لاٹن		انگریزی
سپازی۔ٹو۔ریائی اسیڈائی ٹے۔نے سائی۔کم۔سی۔پو۔نی	————	ٹانک اِسڈ سپازی ٹوری وِتھ سوپ

لنسخہ۔ٹانک اِسڈ ۳۶ گرین * گلائی۔سی۔رین اف سٹارچ ۳۰ گرین * کرڈ۔سوپ سفوف کیا ہوا ۱۰۰ گرین * سٹارچ حسبِ ضرورت *

ٹانک اِسڈ کو گلائی۔سی۔رین اور صابون مین ملا کر اُسمین اسقدر سٹارچ ملاوین جسمین گاڑہی لئی کے طور پر پہنچ جاوے بعد ازان اُس لُگدی کو بارہ حصہ برابر مین تقسیم کر کے گاؤدم یا کسی اَور مناسب شکل کی گولیان بنا لین *

اِسکی ہر ایک سپازی۔ٹری مین ۳ گرین ٹانک اِسڈ ہوتا ہے *

لاٹن		انگریزی
گلائی۔سی۔رائی۔نم اسیڈائی ٹے۔نے۔سائی	————	گلائی۔سی۔رین اف ٹے۔نکِ اِسڈ

لنسخہ۔ٹے۔نکِ اِسڈ۔ایک آونس * گلائی۔سی۔رین ۴ آونس *

دونو کو کہرل مین رگڑ کر چینی کے برتن مین ڈہال دین اور تب دہیمی آنچ دیوین تاکہ سارا بالکل گلجاوے *

اثر اور استعمال۔ مازو کا اثر گیا۔لک اِسڈ اور ٹانک اِسڈ کے ہونے سے پیدا ہوتا ہے بسل اِن دونو ترش چیزون کے اثر کے بیان مین صرف مازو ہی شامل ہوگا بلکہ اُن بہاری

نباتات کا اثر بھی اُس بیان مین شامل ہوگا جنہین گیا - لکٹ اِسڈ اور ٹانک اِسڈ ہوتا ہی
پس واضح ہوگیا - لکٹ اِسڈ اور ٹانک اِسڈ دو بڑے بھاری نباتی قابضات مین
سے ہین جنکے استعمال سے گوشت کے ریشے سُکڑ جاتے ہین اور جسم کے مختلف ٹشیو
یعنے بافت مین جو ال - بیو - من اور جی - لا - ٹین ہوتا ہے وہ بھی جم جاتے ہین - پس ایسے
قابض اثر کے سبب سے چھوٹی رگون کی ساخت مین جو گوشت کے ریشے ہوتے ہین
گیا - لکٹ اِسڈ اور ٹا - نک اِسڈ کے استعمال سے سُکڑ جاتے ہین جس سے رگہا سے
مذکور کا منفذ تنگ ہوجاتا ہے اور اس سبب سے انمین خون یا تو کم آتا ہے یا بالکل آتا ہی
نہین اور سیلان رطوبت اور سیلان خون بھی اسی سبب سے بند ہوجاتا ہے - پس جب یہ
دونو ترش چیزین کہائی جاتی ہین تب معدہ کی رگین اُنکو جذب کرکے خون مین پہنچا دیتی ہین
اور اُس خون کے وسیلہ سے اشیا ء مذکور جسم کے ہر ہر حصہ کے گوشت کے ریشون
مین داخل ہوجاتی ہین اور انکو سُکیڑ کر وہی اثر پیدا کرتی ہین جنکا ذکر اِس مضمون کے ابتدا
مین کیا گیا - مگر تجربہ سے ایسا پایا جاتا ہے کہ بہ نسبت ٹانک اِسڈ کے گیا - لکٹ اِسڈ کا
اثر جسم کے باہر کم پیدا ہوتا ہے اور یہ کہ جب ٹا - نک اِسڈ کہلایا جاتا ہے تب خون مین
پہنچکر گیا - لکٹ اِسڈ مین بدل جاتا ہے - اسیواسطے داخلی استعمال کے واسطے گیا - لکٹ اِسڈ
ہی کو زیادہ پسند کرتے ہین + اِن دونو ترش چیزون کو اندرونی اعضا کے سیلان
خون مین استعمال کرتے ہین جیسے شُش سے خون آنے مین (ہے - ما - پ - ٹے - سِش)
اور معدہ سے خون آنے مین (ہے - ما - ٹے - مے - سِش) اور گردہ یا مثانہ یا
پیشاب کی راہ سے خون آنے مین (ہے - ما - ٹیو - ریا) اور رحم سے خون آنے
مین (مے - نو - را - جیا) وغیرہ + اور جسم کے مختلف مقامات سے جب بکثرت کوئی
رطوبت جاری ہوتی ہے تب گیا - لک اِسڈ اور ٹانک اِسڈ کہلاتے ہین جیسے اسہال
(ڈا - یا - ریا) اور پُرانی پیچش (کرانک ڈی - سن - ٹری) سوزاک (گو - نو - ریا)

اور لیو - کو - ریا اور کثرت سے پسینہ آنے مین جیسے تہائی - سِس کی بیماری مین
آیا کرتا ہے ٭

خارجی طور پر مازو کا ڈیکاک - شن اور ٹنکچر اور ٹانک یا گیا لک ایسڈ کا عرق اور ان کے
گلائی - سی - رین والے مرکبات اور قرص اور سپازی - ٹری اور مرہم خون بند کرنیکے لئے
استعمال کر سکتے ہین - جیسے مسوڑون یا ناک یا کسی اور حصہ جسم سے جب خون جاری ہو
اور گلیٹ اور لیو - کو - ریا اور بواسیر کے ستون پر بھی لگا سکتے ہین تا کہ خون بند اور درد
رفع ہو ٭

خوراک ٹنکچر آف گالس نصف سے ۲ ڈرام تک مگر یہ مرکب کم استعمال مین آتا ہے ٭
ٹے - نک ایسڈ کی خوراک ۲ سے ۱۰ گرین تک ٭ تین یا ۴ گرین گیا - لک ایسڈ ایک آونس
پانی مین حل ہو سکتا ہے ٭

ناقضات مرکبات فولاد - کیونکہ جب یہ ٹانک ایسڈ یا گیا لک ایسڈ مین ملائے
جاتے ہین تب وہ عرق سیاہ ہو جاتا ہے ٭ اُن نباتات کے خیساندہ اور جوشاندہ مین
جنین کوئی ال - کے - لائیڈ ہو ٭ مرکبات سیسہ اور انٹی - منی وغیرہ ٭

لاٹین ______________ ______________ انگریزی

گلای - سی - رائی - نم ______________ گلائی - سی - رین

یہ ایک شیرین شے ہوتی ہے جو چربی اور روغن سے پیدا ہوتی ہے ٭

خاصیت - یہ ایک سیال ہوتا ہے گاڑھا اور بے رنگ انگلیون مین روغن کے
طور معلوم ہوتا ہے بے بو مگر ذائقہ شیرین - پانی اور الکحال مین بخوبی حل ہو جاتا ہے
اگر اسکو آنچ دیجا وے تو اس سے نہایت تیز دھوان پیدا ہوتا ہے ٭
ان مرکبات مین گلای - سے - رین پڑتا ہے چنانچہ

ے۔کوئیڈ اکسٹراکٹ اف سنکونا * گلائی۔سی۔رین اف کار۔بالک اِسڈ *
گلائی۔سی۔رین اف گیا۔لک اِسڈ * گلائی۔سی رین اف ٹا۔نک اِسڈ *
گلائی۔سی۔رین اف اِلم * گلائی۔سی۔رین اف اسٹارچ *
گلائی۔سی۔رین اف بو۔راکس * گلائی۔سی۔رین اف سب اسی۔ٹیٹ اف لڈ *
گلائی۔سی۔رین اف ٹراگا۔کانتھ * کل ے۔ مے۔لی جتسم کے مرکبات مین *
ے۔نی۔منٹم آیو۔ڈائی * ے۔نی۔منٹم پو۔ٹا۔سی آیو۔ڈائی۔ڈائی
کم سے۔یو۔نی * پِل۔بو۔راسِس * پل اف اِلوز اِنڈ مر * کنپاونڈ پل اف
رو۔برب * کنپاونڈ پل اف سوپ * ٹنکچر اف کاٹی۔نو * آئنٹ منٹ اف
آیو۔ڈین *

اثر اور استعمال۔ چونکہ بہتیری دوائین گلائی۔سی۔رین مین حل ہوجاتی ہین اور خود
یہ بھی عرصہ تک تر رہتی ہے اِسواسطے اِسکا استعمال دواسازی مین کثرت سے ہوتا
ہے * پی جاوے تو اس سے تغذیہ ہوسکتا ہے اسواسطے کاڈ۔لیور۔آئیل کے عوض
اِسکو استعمال کرنا بتلاتے ہین ۔ بواسیر کے مسّے درد کرتے ہون اور پھول بھی گئے
ہون تو اِسکے پینے سے اُسکو آرام آجاتا ہے ۔ زیادہ مقدار مین پینے سے یہ ہتی
لکسی۔ٹیو ہے اور شیرین ہونے کے سبب سے ڈا یا۔بے۔ٹیز کے بیمار کی بدمزہ غذا کے
ساتھ اِسکو پلاتے ہین کیونکہ اِسمین اجزاء شکری نہین ہوتے ۔ لگائی جاوے تو جلد
چکنی ہوجاتی ہے اور جلن کو آرام آجاتا ہے مگر جب خالص لگائی جاتی تب گا ہے
گا ہے خراش بھی پیدا کرتی ہے * جلد کے ہر قسم کی بیماری مین جہان تدہین منظور
ہوتی ہے اِسکو لگاتے ہین اور چونکہ اسکو لگانے سے وہ جگہہ عرصہ تک ملائم رہتی ہے تو پھٹی جلد پر اور چھلے
ہوئے مقامون پر اِسکو لگایا کرتے ہین * اور سوہاگہ مین ملا کر پھنسیون کے زخمون اور
منہہ کے چھالون پر اکثر لگاتے ہین اور اِس سے بڑا فائدہ ہوتا ہے ۔ اِسمین گھُنگی ہوتی

روئی تر کرکے رحم کے مُنہہ پر لگانے سے اِسکے غدود ن سے بکثرت پانی خارج ہو کر رحم کے کن-جش-بچن کو نہایت جلد رفع کر دیتی ہے +

بخارون مین حلق اور زبان خشک ہو جاتی ہے تو اِسکے لگانے سے وہ خشکی دور ہو جاتی ہے گلے کی خراش کے سبب سے جب بشدت کہانسی اُٹھتی ہو تب اِسکے لگانے سے وہ کہانسی تہم جاتی ہو - یہ دوا عمدہ اِن-ٹے-بِسپ-ٹِک بہی ہو +

پولش پر گلائی-سی-رین لگا کر باندہنے سے وہ بہت دیر تک چکنا رہتا ہے اگر بسبب خشکی گوش کے بیمار بہرا ہو جاوے تو گلائی-سی-رین مین روئی تر کرکے لگانے سے فائدہ ہوتا ہے +

خوراک - ایک ڈرام سے دو ڈرام تک +

لاٹن ——— ہندی ——— انگریزی

گلائی-سی-رائی-زا ——— مُلہٹی ——— لی-کو-رس-روٹ

اِس کے درخت کو گلائی-سی-رائی-زا گلا-برا بولتے ہین- اِس درخت کی جڑ اور زمین کے نیچے کی ٹہنیان دوا مین مستعمل ہین +

خاصیت - یہ شے لمبی لمبی گول اور شاخدار ٹکڑون مین ملتی ہے ایک انچ یا اِس سے کم موٹی ہوتی ہے مضبوط پر ملایم باہر کا رنگ بہورا اور سرمئی اندر زرد بے بو ذائقہ شیرین اور کسیقدر تیز +

اجزا - جوہر گلائی-سی-رائی-زین + روغن + گوند +

فائدہ اور استعمال - شرین ڈیل سینٹ کہانسی کی شدت رفع کرنے کے لئے یہ دوا مفید ہے +

گلائی-سی-رائی-زا مرکبات ذیل مین پڑتا ہو +

کن ـ بکٹ ـ شن ـ اف ـ ٹر ـ پن ـ ٹائین ـ کمپاونڈ ڈیکاک ـ شن اف سارسا +
انفیوزم لائی ـ نائی + پلو ـ لا ہائیڈرار ـ جرائی + پلو ـ ا ـ ٹرائی ایبو ـ ڈائی
ڈائمی +

اِسکے ۳ مرکب ہین

لاٹن ————— عربی ————— انگریزی

اکسٹراکٹم ـ گلائی ـ رائی ـ زا ——— رب السوس ——— اکسٹراکٹ اف لی کورس روٹ

نسخہ ـ لی کورس روٹ کوٹا ہوا ـ ایک پاؤنڈ + ڈسٹلڈ واٹر ۴ پانیٹ +
مٹہی کو دو پاینٹ پانی مین ۱۲ گہنٹہ تک بہگو کر چہانکر نچوڑ ڈالین اور نچوڑے ہوئے
ثفل مین باقی پانی ملاکر ۶ گہنٹہ تک بہگو رکہین تب اُسکو چہانکر نچوڑ ڈالین بعد ازان دونو
چہانے ہوئے عرقون کو ملادین تب ۲۱۲ درجہ کی گرمی تک آنچ دیکر فلالین کی چہلنی
مین چہان ڈالین بعدہ اُسکو واٹر باتہہ پر آنچ دیکر اسقدر گاڑہا کرین کہ جسمین وہ
اکسٹراکٹ گولیان بنانے کے قابل ہوجاوئے +

خوراک ـ ۵ گرین سے ایک ڈرام تک یہ اکسٹراکٹ مرکبات ذیل مین پڑتا ہی چنانچہ
کن ـ فکٹ ـ شن اف سنا + کمپاونڈ ڈیکاک ـ شن اف الوز + ٹنکچر اف الوز +
اوپیئم فارنجیر +

لاٹن ————— ————— انگریزی

اکسٹراکٹم گلائی ـ سی ـ رائی ـ زی ـ لکوئیڈم ——— لکوئیڈ اکسٹراکٹ اف لکورس

نسخہ ـ لکورس روٹ سفوف کیا ہوا ـ ایک پاونڈ + ڈسٹلڈ واٹر ـ ۴ پانیٹ + ریکٹی فائیڈ
اسپرٹ حسب ضرورت لکورس کی جڑ کو دو پانیٹ پانی مین ۱۲ گہنٹہ تک بہگو کر چہان
لین تب اوس نچوڑی ہوئی جڑ کو باقی پانی مین پہر ۶ گہنٹہ تک بہگو کر چہان کر نچوڑ
ڈالین بعد ازان اِن دونو چہانے ہوئے عرقون کو ملاکر ۲۱۲ درجہ کی گرمی تک

پانچ دیگر ملا ہین سے چہان لین تب واٹر باتہہ کی گرمی پر بتبک اُڑادین جنبک بعد
سرو ہونے کے اُسکا وزن تنسابیہ ۱۶۰ واہو جاوے اب اُسمین اُسکی مقدار کا چہٹا
حصہ ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ملا کر اُس مرکب کو ۱۲ گہنٹہ تک ٹہیرنے دین اور تب
چہان ڈالین + خوراک - ایک ڈرام +

یہ اکسٹراکٹ مرکبات ذیل مین پڑتا ہے - چنانچہ +
کمپاونڈ مکسچر اف سنا + اور ٹنکچر را - کلو - را - فار - ما ئی - اِٹ مار - فائی
نے مین +

لاٹن —————— —————— انگریزی
پلوس گلائی - سی - رائی - زی کمپازیٹس —————— کمپونڈ پوڈر اف لکورس

نسخہ - سنا باریک سنوف کی ہوئی ۲ آونس + لے کورس کی جڑ باریک سنوف
کی ہوئی ۲ آونس - فے - نل فروٹ باریک سنوف کیا ہوا ایک آونس سبلائیمڈ سلفر
ایک آونس - قند سنوف کیا ہوا ۶ آونس + سبکو اچھی طرح ملا کر باریک چہلنی سے
چہان لین اور تب سبک ہاتہہ سے کہرل کر کے دکہہ چہوڑین +
خوراک - ۳۰ گرین سے ۶۰ گرین تک +

لاٹن —————— —————— انگریزی
گٹ پر چہ —————— —————— گٹا پر چا

درخت آئی - سو - ین - ڈراگٹا کی منجمد رس کو گٹا پرچہ بولتے ہین +

خاصیت - یہ شے سخت لچکدار ٹکڑا وبین ملتی ہے رنگ جسکا ہلکا بہورا ہوتا ہی
الکحال مین یا تو بالکل یا قریب حل ہو جاتی ہے +

استعمال - گٹاپرچہ کا اسپلنٹ خوب بنتا ہے + کاغذ کے طور پر اِسکے باریک

باریک فردبھی تیار ہوتے ہین۔ جنکو گٹا۔پرچہ۔ ٹے۔شیو۔ بولتے ہین۔ کپڑا یا لینٹ کسی لوشن مین ترکرکے لگا کر اگر اسکو گٹا پرچہ ٹے شیو سے ڈھانپ دین تو وہ لوشن جلد اُڑنے نہین پاتا اور پول۔ٹس اور فو۔منٹو۔شن کو بھی گٹا۔پرچہ ٹے۔شیو سے ڈھانپ دیتے ہین +

اسکا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن		انگریزی
سولیوشن اف گٹا۔پرچہ		لائی۔کوار۔گٹا۔پرچہ

نسخہ۔ گٹا پارچہ کی باریک قاشین ایک آؤنس + کلورا۔فارم ۸ آؤنس + کار بونٹ اف لڈ ایک آؤنس + ایک شیشہ کی کاگ والی بوتل مین ۶ آؤنس کلوروفارم بھر کر اوس مین گٹا پارچہ چھوڑ دین اور بار بار ہلاتے رہین تاکہ حل ہوجاوی تب باقی کلوروفارم مین کار۔بونٹ اف لڈ ملا کر اُس عرق مین چھوڑین اور اُس سارے کو کئی مرتبہ ہلا کر اُس مرکب کو ٹھہرنے دین تا کہ اُس کے جو اجزا حل نہ ہوئے ہون وہ تہ نشین ہوجاوین۔ آخر کار۔ صاف عرق کو نتھار کر ایک اچھی شیشہ کے کاگ والی بوتل مین بھر کر رکھہ چھوڑین۔ یہ عرق چار رطیا ا۔سی۔ ے۔ پس مین پڑتا ہی +

لاٹن	ہندی	انگریزی
گرانی۔ٹاٹی۔رپی۔ڈکس	انار کی جڑ	پم گرانٹ روٹ

اسکے درخت کو پیو۔نیکا گرانی۔ٹم بولتے ہین۔ اِس درخت کی جڑ کی چھال تازہ یا خشک کی ہوئی دوا مین برتتے ہین۔ یہ جڑ خاصکر ملک جرمنی سے آتی ہی اور ہندوستان اور کابل مین بھی بکثرت ملتی ہے +

خاصیت یا تو یہ شے خمدار مانند بنس کے پر کی ٹکڑون مین یا صرف ٹکڑون مین آتی ہے باہر سے زرد اور سرمسی ہوتی ہے اور اندر سے زرد - بو کم اور ذائقہ کسیلا اور کسیقدر تلخ ؞

فائدہ اور استعمال فائدہ اِن - تہل - من ٹ ٹیک . ورکرم کدو دانہ مارنے کے لئے کہلاتے ہین ؞

اجزا - لے ٹ - نک اِسڈ ؞ گیا - لک اِسڈ ؞ رال ؞

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن	انگریزی
ڈیکاکٹم - گرانی - ٹائی - ری - ڈی - سِنس	ڈیکاکشن اف پم گرانٹ روٹ

نسخہ پم گرانٹ روٹ تازہ یا خشک قتلا کی ہوئی ۲ آونس ؞ ڈسٹلڈ واٹر ۲ پاینٹ ؞ ایک پاینٹ تک جوش دیکر چہان لین ؞

خوراک دو آونس سے چار آونس تک ؞

لاٹن	انگریزی
گوا - سہائی - لگ - نم	گویکم اوڈ

اِسکے درخت کو گوائکم - اور - فی - سی - نی - پش بولتے ہین - اِس درخت کی لکڑی اور رال دوا مین استعمال ہوتی ہے چنانچہ

لاٹن	انگریزی
گوا - سہائی - لگ - نم	گویکم اوڈ

یا تو اِس لکڑی کا قتلہ یا موٹا برادا جو شٹ - ڈو مینگوا ور جی - سی سے آتا ہے دوا مین برتا جاتا ہی

خاصیت یہ لکڑی نہایت سخت ہوتی ہے باہر کی جانب جو نئی لکڑی ہوتی ہے

رنگ اسکا ہلکا بھورا اور پرانی لکڑی جو درمیان ہوتی ہے وہ بھوری مایل بسبزی ہوتی ہے٭

شناخت - درمیان کی لکڑی مین نایٹرک ایسڈ ملانے سے سبز اور سرسی رنگ پیدا ہوتا ہے - یہ لکڑی کنپاونڈ ڈیکا کشن اف سار-سا-پریلا مین پڑتی ہے٭

اجزا - گوا کم ریزن٭

لاٹن		انگریزی
گوا-سائی-رس-زینا		گواکم ریزن

درخت گواکم او-فی-سی-نی-لس سے یہ رال یا تو از خود ٹپکتی ہے یا چھیلا لگا کر آنچ کے ذریعہ سے اسکو نکالتے ہین٭

خاصیت - اسکے ٹکڑے بڑی بڑی بھورے یا بھورے مایل بسبزی ہوتے ہین توڑنے سے رال کے طور پر نظر آتے ہین کنارے جنکے کسیقدر شفاف ہوتے ہین٭

اجزا - گواکم ریزن ٭ گوا-سِک ایسڈ ٭

فائدہ گواکم کی لکڑی یا رال اگر کہائی جاوے تو حلق مین گرمی اور درد ومعدہ مین خراش کر سکتی ہے اور زیادہ مقدار مین اس سے دست آتے ہین جب اجزا اسکا خون مین منجذب ہو جاتا ہے تو فائدہ اسٹی-میو-لنٹ ڈا-یا-فو-ریٹک اور ال-ٹرے-ٹیو ہوتا ہے اور بعض اسکا فائدہ امے-سنے-گاگ بھی بتلاتے ہین٭

استعمال یہ دوا پرانی گٹھیا کی بیماری مین مفید پڑتی ہے اور بسبب آتشک کے جب ہڈیان پھول جاتی ہین تب بھی اسکو کہلاتے ہین اور گاوٹ اور جلدی بیماری اور ڈس-مے-نوریا یعنے تکلیف حیض مین دیا کرتے ہین - گوا-کم کی لکڑی تنہا بہت کم استعمال ہوتی ہے٭

خوراک رال کی ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک٭ گواکم ریزن پلمرس پکس مین پڑتے ہے٭

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹن ________________ ________________ انگریزی

مسٹیورا - گوا - سائی ________________ گوا کم کمپچر

لسنخہ - گواکم کی رال سفوف کی ہوئی آدہی آونس + صاف شکر آدہی آونس + گم - ارا - بک - سفوف کیا چوتہائی آونس + سی - نی - من واٹر ایکسپاینیٹ +

گوا اکم کو شکر اور رال مین رگڑ کر اسمین آہستہ آہستہ سے - نی - من واٹر چہوڑ کر ملالین +

خوراک آدہے آونس سے ۲ آونس تک +

لاٹن ________________ ________________ انگریزی

ٹنکچورا - گواسائی - اموہنی - ٹا ________________ اموہنی - ٹیڈ ٹنکچراف گواکم

لسنخہ گواکم کی رال سفوف کی ہوئی ۴ آونس + ارو - ماٹک اسپرٹ اف ایمو - نیا حسب ضرورت +

گواکم کو ہمراہ ۱۵ - آونس ارو - ماٹک اسپرٹ اف ایمو - نیا کے ایک بند برتن کے اندر بہر کر سات روز تک بہگو رکہین اور کاہے کاہے ہلا دیا کرین بعد ازان چہان کر اُس مین اسقدر ارو ماٹک اسپرٹ اف ایمونیا ملاوین جتنے مین ایک پائنٹ پورا ہوجاے

خوراک - آدہی ڈرام سے ایک ڈرام تک +

لاٹن ________________ ________________ انگریزی

لاریسی - سینس کارٹکس ________________ لایچ - بارک

اِس کے درخت کو لی - رکش یورویا بولتے ہین - اِس کی چہال استعمال کیجاتی ہی +

خاصیت - اِس چہال کے یا تو چوڑے چوڑے ٹکڑے ہوتے ہین یا پر کی قلمون کے

شکل کے خم دار ٹکڑے مختلف مقدار کے ہوا کرتے ہین باہر کیطرف اِس چھال کا رنگ گہرا سُرخ یا گلابی ہوتا ہے اندر کی سطح چکنی اور سفید یا پل زردی یا سُرخ نیلگون ہوتی ہے بو کسیقدر تارپین کی سی اور ذائقہ کسیلا ہوتا ہے ٭

فائدہ اور استعمال اسٹرنجنٹ اور کسیقدر اسٹی میو-لنٹ - برانکائی-ٹس کے بیماری مین جب بلغم کثرت سے آتا ہے مفید ہے ٭

اسکا ایک مرکب ہے

انگریزی		لاٹن
لارچ	ٹنکچر آف	ٹنکچورا-لا-ری-سِس

نسخہ لارچ کی چھال ۲½ آونس ٭ رکٹی فائیڈ اسپرٹ - ایک پائنٹ ٭

ترکیب مانند ٹنکچر آف اکو-نائیٹ کے (جسکو دیکھو)

خوراک ۲۰ بوند سے ۳۰ بوند تک ٭

انگریزی		لاٹن
چیری-لارل - لیوس		لا-رو-سی-ری-سائی-فولیو

اِسکے درخت کو پرونس لا رو-سی-زری-سس بولتے ہین-یہ درخت یورپ مین بویا جاتا ہے اور اسکے تازہ پتے دوا مین مستعمل ہین ٭

خاصیت پتے نوک دار یا بیضوی شکل کے ہوتے ہین اور کنارے دور دور پر دندانہ دار ہوتے ہین اور نیچے اسکے گلیٹان ہوتی ہین - یہ پتے چکنے اور مجلا گہرے سبز رنگ کے اور مضبوط چھوٹی ٹہنیون پر لگے ہوتے ہین اور کوٹنے سے بو اوڑ دیا چری پھل شراب کی سی آتی ہے ٭

اجزا - آئیل اف چری - لارل جسمین دو جزو ہوتے ہین ایک ہائیڈرو سیانک ایسڈ دوسرا ہائی - ڈرائیڈ اف بن - زایل ؛

فائدہ اور استعمال - فائدہ مانند ہیرو سک ایسڈ کے سی - ڈی - ہٹو ؛

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ———— ———— انگریزی

اکوا - لا - رو - سی - ری - سای ———— لارل واٹر

نسخہ - لارل کے تازہ پتے ایک پاؤنڈ ؛ پانی - ڈہائی پانیٹ ؛

پتون کو قیمہ کرکے کہرل مین کوٹ ڈالین زان بعد پانی مین ۲۴ گہنٹہ تک بہگو رکہین اور کلورائیڈ اف زنک کے عرق اور ٹی - بگس - گندن سر مین ایک پانیٹ مقطر کرلین تب اس عرق کو ہلاکر کاغذ سے چہان کر شیشہ کے کاگ دالی بوتل مین بھر کر رکھ چہوڑ دین چونکہ اسکی طاقت مین اختلاف ہے اسلئے اسکو کم استعمال کرتے ہین ۔

خوراک آدہی ڈرام سے دو ڈرام تک ؛

لاٹن ———— ———— انگریزی

لاون - ڈیو - لی - او - لیم ———— آئیل اف لاونڈر

اسکے درخت کو لاون - ڈیولا - ویرا بولتے ہین - انگلنڈ کے اندر اِن درخت کے پہولون سی بترکیب ڈیسٹی - لیشن یہ روغن نکالاجاتا ہے ؛

خاصیت یا تو بے رنگ یا ہلکے زرد رنگ کا ہوتا ہے - بو لاونڈر کی - ذائقہ گرم تلخ اور خوش ؛

فائدہ اور استعمال ارو - ماٹک - اسٹی - میو - لنٹ اور کار - مے - نے - ٹو

ہس۔ ٹے۔ ریا ہائی۔ پو۔ کنڈ۔ ریائی۔ سِس یعنے مالیخولیا اور دیگر امراض عصبی
مین یہ روغن مفید پڑتا ہے اور شکم کے نفخ اور قولنج کے بیماری مین بہی فایدہ مند
ہے اکثر اِسکو اَور دوا کے ہمراہ دیا کرتے ہین ؛

خوراک ۳ بوند سے ۴ بوند تک ۔ یہ روغن کمپونڈ یعنی منٹ اف کمفر مین پڑتا ہے

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

اسپری۔ ٹس لاونڈ۔ یولی ———————— اسپرٹ اف لاونڈر

نسخہ آئیل آف لاونڈر ایک آونس * ریکٹی۔ فائیڈ اسپرٹ ۴۹ آونس۔ حل کرلین ؛

خوراک آدہی ڈرام سے ایک ڈرام تک ؛

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

ٹنکچورا۔ لاوین۔ ڈیلو۔ لی۔ کمپازیٹا ———————— کمپاونڈ ٹنکچر اف لاونڈر

نسخہ آئیل لاونڈر۔ ڈیڑہ ڈرام * آئیل اف روزمیری ۱۰ بوند * دارچینی کوٹی ہوئی
۱۸۰ گرین * ریکٹی۔ فائیڈ اسپرٹ ۲ پاینٹ * دارچینی اور جاے پہل اور صندل
کو شراب مین سات روز تک بہگو کر نچوڑ کر چہان لین اور جو ٹنکچر نکلے اُسمین روغنون
کو حل کر کے اِسقدر ریکٹی۔ فائیڈ اسپرٹ ملا دین جتنے مین ۲ پاینٹ پورا ہو جاوے

خوراک آدہی ڈرام سے ایک ڈرام تک ؛

یہ مرکب لاتی۔ کوار ار۔ سے۔ نے۔ کے۔ رش مین پڑتا ہے ؛

لِمن یعنے نیبو

نیبو دو قسم کا استعمال مین آتا ہے۔ ایک کڑوا نیبو جسکو پنجابی مین کمیب کہتے ہین اور

جاے پہل کوٹا ہوا ۱۵۰۰ گرین * سرخ صندل اور ۳۰۰ گرین *

اصطلاح مین اس درخت کو اُرن ۔شیائی ول ۔ کے ۔رس بولتے ہین ٭ دوسرا
سائی ۔ٹریس لائی ۔مو ۔نم ٭

مرکبات

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ارن ۔شیائی ۔فلورس ۔ اکوا ——————— آرنج ۔ فلاور ۔ واٹر

یہ عرق کڑوا نینبو یا زنگترے کے پہولون کو پانی کے ہمراہ ڈیسٹی ۔لیشن کرنے سے نکلتا ہے اور اکثر یہ عرق ملک فرانس مین تیار ہوتا ہے ہندوستان مین بھی تیار ہو سکتا ہے ٭

خاصیت قریب بے رنگ اور خوشبودار ہوتا ہے ٭

فائدہ اور استعمال ہلکا ٹانک لیکن اسکو خاصکر خوش ذائقہ بدرقہ کے طور پر ہمراہ اَور دوا کے دیا کرتے ہین ٭

اِسکا ایک مُرکّب ہے

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

سرپس ۔ ارشیائی ۔فلورس ——————— سرپ آف آرنج فلاورس

نسخہ آرنج فلاور واٹر ۸ آونس ٭ صاف چینی ۳ پاؤنڈ ٭ ڈسٹلڈ واٹر ۱۶ آونس یا حسب ضرورت ٭

پانی مین چینی چھوڑکر آنچ پر گلاکر چھان لین اور جب قریب سرد ہوجاوے تب اسمین آرنج فلاور واٹر چھوڑ دین اگر ضرورت ہو تو اسمین اسقدر ڈسٹلڈ واٹر ملاوین کہ جسمین سارا ساڑھے چار پاؤنڈ ہوجاوے اسکی اسپسی ۔فک گراوٹی ۱۰۳۳۰ ہونی چاہئے ٭

خوراک ایک ڈرام ٭

لاٹن ——————— ہندی ——————— انگریزی

ارن شیائی ۔کار ۔ٹکس ——— کڑوے نینبو کا چھپکا ——— بٹر آرنج ۔پیل

ماخذ۔ کڑوے نیبو کے چھلکے کا باہر کا حصہ خشک کیا ہوا جو یورپ جنوبی سے آتا ہے دوا مین مستعمل ہے۔ یہ نیبو ہندوستان مین بھی بکثرت پیدا ہوتا ہے ٭

خاصیت۔ یہ چھلکا پتلا اور گہرا نارنجی رنگ کا ہوتا ہے اسمین چھلکے کے اندر کا سفید حصہ قریب بالکل نہین ہوتا۔ ذایقہ تلخ اور بو خوش ٭۔

اجزا۔ ایک لطیف روغن اور ایک شے تلخ ٭

فائدہ اور استعمال ہلکا ٹانک کارمینٹیو اور اسٹوماکک۔ اسکو تنہا بہت کم استعمال کرتے ہین لیکن خیسانده اور جوشانده کے ہمراہ اکثر برتا کرتے ہین ٭

اسکے چھہ مرکب ہین

لاٹن ——— ——— انگریزی

انفیوژم۔ ارنشیائی ——— سرپ آف آرنج پیل

نسخہ۔ کڑوے نیبو کا چھلکا چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کیا ہوا آدھا آونس ٭ کھولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ١٠ آونس ٭

ایک بند برتن مین ۱۵ منٹ تک بھگو کر چھان لین ٭ خوراک ایک آونس سے دو آونس تک ٭

لاٹن ——— ——— انگریزی

سرپس۔ اورنشیائی ——— ٹنکچر آف آرنج پیل

نسخہ ٹنکچر آف آرنج پیل ایک آونس ٭ سرپ ۷ آونس ٭ ملا لین ٭

خوراک ۲ سے ۴ ڈرام تک ٭

لاٹن ——— ——— انگریزی

ٹنکچورا۔ ارنشیائی ——— ٹنکچر اف آرنج پیل

نسخہ - کرڈے نیبو کا چھلکا چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کیا ہوا - ۲ آونس + پروف اسپرٹ ایک پاینٹ +

ترکیب - ایک بند برتن مین سات روز تک بھگو رکھین اور گاہی گاہی ہلا دیا کرین تب چھانکر نچوڑ کر فلٹر کر کے اُسمین اِسقدر پروف اسپرٹ ملاوین جتنے مین ایک پاینٹ پورا ہو جاوے +

خوراک - ایک ڈرام سے ۲ ڈرام تک + یہ ٹنکچر مرکبات ذیل مین پڑتا ہے سٹورا - فرائی اِرو - ما - ٹیکا + سیرپس - آرِن - شیائی - ٹنکچرا - کوئی نی

لاٹن ———— ———— انگریزی

انفیوزم - ار - نشیائی - کمپازیٹم ———— کمپاونڈ انفیوژن اف آرینج پیل

نسخہ - بڑ آرینج پیل کے ٹکڑے - چوتھائی آونس + تازہ لمن پیل کے ٹکڑے ۵۶ گرین + لونگ کوٹے ہوئے ۲۸ گرین + کھولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر - ۱۰ آونس ایک بند برتن مین چوتھای گھنٹہ تک بھگو کر چھان لین +

خوراک - ایک آونس سے ۲ آونس تک +

لاٹن ———— ———— انگریزی

وای - نم - ارنشیائی ———— آرینج - وائین

برتن مین شکر کے عرق کے اندر تازہ بڑ آرینج پیل ڈالکر یہ شراب کھینچتے ہین +

خاصیت - یہ ایک قسم کی شراب ہے رنگ جسکا سنہرا مثل شیری شراب کے - ذایقہ اور بو آرینج پیل کے - اِسکے ۱۰۰ حصہ مین ۱۰ سے ۱۲ بارہ حصہ الکحال ہوتا ہے - یہ شراب وائی - نم - فرای - سا ہی - ٹڑی - ٹِش اور وای - نم - کوئی نی مین پڑتی ہے +

لاٹن ______ ______ انگریزی

ٹنکچورا ۔ ارنشیائی ۔ ری ۔ سن ۔ ٹش ______ ٹنکچر آف ۔ فریش ۔ آرنج پیل

نسخہ ۔ کڑوا نیمبو اور ریکٹی ۔ فائیڈ اسپرٹ ہر ایک حسب ضرورت ✣ نیمبو کے چھلکے کا نگدار حصہ علیحدہ کرکے قیمہ کر ڈالین اور اُس قیمہ کا ۶ آونس لیکر ایک پائنٹ اسپرٹ مین ایک ہفتہ تک بھگو رکھین اور گاہے گاہے ہلا دیا کرین تب اُس عرق کو چھان لین اور ثفل کے نچوڑنے سے جو عرق نکلے اُسکو اگلے عرق مین ملا کر چھان ڈالین ✣

فائدہ ۔ ٹانک اسٹو ۔ ما ۔ کک ۔ خوراک ۔ ایک ڈرام سے ۲ ڈرام تک ✣

لاٹن ______ ہندی ______ انگریزی

لیمن ______ کاغذی نیمبو ______ لیمن

اس کے درخت کو سایٹرس ۔ لائمی ۔ مو ۔ نم بولتے ہین اسکا چھلکا اور رس دوا مین استعمال ہوتا ہے چنانچہ ✣

لاٹن ______ ______ انگریزی

لی ۔ مو ۔ نِس ۔ کارٹیکس ______ لمن ۔ پیل

نسخہ کاغذی نیبو کے تازہ چھلکو کا باہر کا حصہ جو یورپ جنوبی سے آتا ہے دوا مین مستعمل ہے ۔ **خاصیت** ۔ اسکی تیلی تیلی زرد رنگ کی قاشین ہوا کرتی ہین کہ جنمین بے شمار روغن کے خانے ہوتے ہین ۔ بوخوش ذایقہ خوش پر کسیقدر تلخ ✣

فائدہ اور استعمال ایڈ و ۔ حاصکت اسکو بطور اسٹوما ۔ کک کے ٹنکچر و انفیوژن مین ملایا کرتے ہین اور اسکو خاصکر مرض ڈسپپشیا مین استعمال کرتے ہین ✣

اسکے چار مرکب ہین

لاٹن ______ ______ انگریزی

اولیئم ۔ لائمی ۔ مونش ______ آئیل اف لمن

لیموکے تازہ چھلکون سے یہ روغن بترکیب اکسپریشن یا ڈیسٹی-لیشن نکالا جاتا ہے اور یہہ خاصکر ملک سی-سی-لی سے آتا ہے ٭

خاصیت- رنگ ہلکا زرد بو خوش- ذایقہ گرم اور تلخ ٭

فائدہ اور استعمال- اسٹی-میو-لنٹ اور کا-ر-می-نی-ٹیو اور باہر لگانے سے اسٹی-میو-لنٹ اور رو-بی-فی-شینٹ ہوتا ہے اسکو خاصکر اور دوا کے مزہ دار کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین ٭

خوراک- ایک بوند سے ۴ بوند تک ٭

یہہ روغن اسپرٹس-ایمونی ارو-می-ٹی-کس اور لی-نی-منٹم-پوٹاسی آئیو ڈائڈ ائی کم-سی-پو نی مین پڑتا ہی ٭

لاٹن		انگریزی
سرپس-لائی-موس		سرپ آف لمنس

نسخہ- تازہ لِمَن پیل ۲ آؤنس ٭ لِمَن جوس چھانا ہوا- ایک پانیٹ قند سوا دو پاونڈ ٭ لِمَن جوس کو جوش دیکر ایک بند برتن مین ہمراہ لِمَن پیل کے بہر دین اور جب سرد ہو جاوے تب فلٹر کرکے اُس عرق مین قند ڈالکر دھیمی انچپر حل کرلین سارے کو ساڑھے تین پونڈ ہونا چاہئے اور اسکی اسپسی-فک گرا وٹی ۱.۳۴ ہو **خوراک**- ایک ڈرام یہ شربت لاٹکو ارمگینے-شے سائی-رُ ٹین مین پڑتا ہے ٭

لاٹن		انگریزی
ٹنکچورا-لائی-موس		ٹنکچر آف لِمَن پیل

نسخہ- تازہ لِمَن پیل باریک قتلا کیا ہوا- ڈہائی آؤنس ٭ پروف اسپرٹ ایک پائینٹ- ایک بند برتن مین سات روز تک بھگو رکھین اور گاہی گاہی ہلادیا

کرین تب چہان ڈالین اور نچوڑ کر فلٹر کر کے اس عرق مین اسپقدر پروف اسپرٹ ملادین جتنے مین ایک پائینٹ پورا ہو جاوے *

خوراک - آدہی ڈرام سے ۲ ڈرام تک *

لاٹن ــــــــــــــــ ــــــــــــــــ انگریزی

لائمی - موسن - سکس ــــــــــــــــ لمن جوس

پُختہ پہل کا رس نچوڑا ہوا **خاصیت** - یہ عرق کیقدر گدلا اور زردی مائیل ہوتا ہے ذائقہ نہایت ترش اور بو خوش * اس کے ایک آؤنس مین قریب ۳۲½ گرین سائٹرک ایسڈ ہوتا ہے *

فائدہ اور استعمال - ری - فری - جرنٹ اسکا شربت بخار اور انفلامیشن کے امراض اور اسکروی کی بیماری مین نہایت مفید پڑتا ہے اور اسکو ایکیوٹ رہوماٹیزم کی بیماری مین بہی بہت مفید تبلاتے ہین اور فوطہ کی سوکہی کہجلی پر اور رحم کے سیلان خون مین اسکو لگانے سے فائدہ ہوتا ہے

خوراک - آدہی ڈرام سے ۴ ڈرام تک *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ــــــــــــــــ ہندی ــــــــــــــــ انگریزی

اسیڈم - سائمی - ٹری - کم ــــــــ نیبو کاست ــــــــ سائٹرک ایسڈ

نسخہ - نیبو کا عرق - ۴ پائینٹ * پری - پیارڈ چاک - ساڑہی چار آؤنس * ڈیسٹلڈ واٹر حسب ضرورت * سلفیورک ایسڈ ڈہائی آؤنس *

نیبو کے عرق کو جوش دیکر اُس مین تہوڑی تہوڑی کہڑیا مٹی ملاتے جاوین جبتک جوش کہانا موقوف ہو جاوے - اس ترکیب سے جو شے نیچے بیٹہ جاوے اُسکو کپڑے کی چہلنی پر جمع کر کے گرم پانی سے تبتک دہوین جبتک چہانا ہوا

عرق بیرنگ نکلے تب اُس منبھہ مین ایک پاینٹ ڈیسٹلڈ واٹر ملادین اور سلفیورک
ایسڈ کو ڈیڑہ پاینٹ ڈیسٹلڈ واٹر مین ڈائیلیوٹ کرکے آہستہ آہستہ اُس منبھہ مین
چھوڑتے جاوین اُوپر آدہی گھنٹہ تک اِسقدر آنچ دیوین کہ جس مین وہ عرق کہولنے
لگے اور بار بار ہلاتے جاوین بعد ازان ترش عرق کو فلٹریشن کی ترکیب سے علیحدہ
کرڈالین اور جو شی غیر محلل ہو اُسکو تہوڑے ڈیسٹلڈ واٹر سے دہووین اور اِن دہوون
کو اُس تُرش عرق مین ملادین تب اُس عرق کو پکا کر اِسقدر گاڑھا کرین کہ جسمین
اُسکی اسپسی فک گراوٹی ۱۲ وا ہوجاوے تب اُسکو سرد ہونے دین اور بعد ۲۴
گھنٹہ کے عرق کو سلفیٹ آف لایم کی قلمون سے جو اُس مین پیدا ہوتی ہین نتہارکر اوسکو
پہر آنچ دیکر گاڑھا کرین جب تک اُسپر ملائی بنجا دے تب اُسکو رکہہ چھوڑین تاکہ
قلمین بندہ جاوین اگر ضرورت ہو تو اُن قلمون کو پہر حل کرکے قلمین بنالین ✤

خاصیت - اِسکی قلمین صاف پہلدار اور نہایت ترش ہوتی ہین - پانی مین فوراً
حل ہوجاتی ہین - رکٹی فائیڈ اسپرٹ مین کم ✤

فائدہ اور استعمال - اگر بخار کی حالت مین سائٹرک ایسڈ کہایا جاوے تو
فائدہ ری فری جرنٹ ہوتا ہے جسم کی حرارت اور تشنگی کم ہوجاتی ہے ✤

خوراک - ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک بطور شربت کے پلایا کرتے ہین
ایفر وسنگ ڈرافٹ کے لئے اِن مقدارون کو یاد رکہنا چاہیے ✤

۱۷ گرین سایٹرک ایسڈ یا آدہا آونس تازہ نیبو کے عرق } کے واسطے چاہیے {
۲۵ گرین بائی کاربونٹ پوٹاش ۲۰
گرین کاربونٹ آف پوٹاش ۲۰ گرین
بائی کاربونٹ آف سوڈا ۱۷ گرین کاربونٹ آف سوڈا
۱۵ گرین کاربونٹ آف ایمونیا
۱۳ گرین کاربونٹ آف مگنیشیا

لاٹن ——————— ہندی ——————— انگریزی

لای-نای-سی-می-نا ——————— السی ——————— لینسڈ

اسکے درخت کو لائی-نم-یوسی-ٹالی-سی-مم بولتے ہین اسکے بیج دوا مین مستعمل ہین ہندوستان مین یہ چیز کثرت سے پیدا ہوتی ہے ✦

خاصیت - بیج چھوٹے بیضوی شکل کے نوکدار چپٹے کنارے تیز اور چکنے چمکیلے باہر سے بہورے اندر سے سفید مایل بزردی ہوتے ہین ذایقہ لعابدار روغن کا ✦ **اجزا** اسکے بیج کے چھلکے مین لعاب اور گری مین روغن ہوتا ہی ✦

فائدہ اور استعمال - اسکا انفیوژن ڈی-مل-سنٹ اور ایمولنٹ ہی اسکو کٹارا اوڈی-سنٹری اور گردہ اور پتھری کی بیماریون مین اور میوکس ممبرین اور اعضاے بول کے امراض انفلامیشن مین دیا کرتے ہین ✦

اس سے تین مرکب ہین

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

انفیوژم-لائی-نائی ——————— انفیوژن-اف-لینسڈ

نسخہ - السی ۱۵۰ گرین ✦ لکورس کی جڑ تازہ قتلا کی ہوئی ۵۰ گرین ✦ کہولتا ہوا ڈیسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس ✦ ایک بند برتن مین ۲ گھنٹے تک بھگو کر چھان لین ✦

خوراک جسقدر بیمار پی سکے ✦

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

اولیم-لائی-نائی ——————— لنسیڈ آئیل

السی کو بغیر آنچ کے پیرنے سے یہ روغن ملتا ہی ✦

خاصیت - لیسدار زرد بو خفیف ذایقہ روغنی ✦

فائدہ اور استعمال - جب کوئی مقام جل جائے یا جھلس جاوے تو اُسپر اِس دُہن کو بطور ایمولنٹ کے تنہا یا ہمراہ چونے کے پانی کے لگانے سے بڑا فائدہ ہوتا ہے +

لاٹن	ہندی	انگریزی
لائمی - نائی - فو - ری - نا	السی آٹا	لینڈ سیل

السی پیس لین - یہہ آٹا مرکبات ذیل مین پڑتا ہے چنانچہ چار کول پوئل - ٹِس + ہم - لکٹ پول - ٹِس + مسٹرڈ پول - ٹِس + اور کلو - ری - نے - ٹیڈ سوڈا پول - ٹِس ہین +

اسکا ایک مرکب ہی -

لاٹن		انگریزی
کے ٹا - پلازما - لائنای		لینڈ پولٹس

نسخہ - السی کا آٹا ۴ - اَونس + کہولتا ہوا پانی - ۱۰ اَونس + آٹے مین تہوڑا تہوڑا پانی ڈالکر خوب گہونٹ لین +

لاٹن		انگریزی
لوبی - لیا		لو - بی - لیا

اِس کے درخت کو لو - بی - لیا اِن - فلیٹا بولتے ہین - سارا درخت پہولا ہوا خشک کرکے دوا مین استعمال ہوتا ہے یہ دوا امریکا شمالی سے آتی ہے +

خاصیت - اِسکے آدہے سے ایک ایک پاونڈ دبائے ہوئے چوگوشہ گہٹے ہوتے ہین - علیحدہ ٹکڑے مختلف لمبائی کے ہوتے ہین رنگ انکا سبز زردی مائل ہوتا ہے اور اُنپر بیضوی شکل کے دندانہ دار پتے لگے ہوتے ہین اور

اور تہوڑے بہت پہول اور پہل ہی ہوتے ہاین - بوٹینز - ذایقہ پہلے توخفیف مگر چہانے سے تیزی اور سوزش معلوم ہوتی ہے +

اجزا - لطیف روغن جسکی بو اس درخت سے آتی ہے + رال جسکا ذائقہ نہایت تیز ہوتا ہے + ایک شی ترش جسکو لو - بے - لک ایسڈ کہتے ہین + ایک شے کہار جسکو لو - بے - لی - نا بولتے ہین - جسکے سبب سے اس درخت کا فائدہ نار - کا ٹک ہے +

فائدہ اور استعمال - تہوڑی مقدار مین یہہ دوا اکس - پک - ٹو - رنٹ اور ڈایا - فو - رٹیک ہے اور زیادہ مقدار مین اے - ٹک اور کتہار ٹک اور بہت زیادہ مقدار مین کہانے سے بیمار نڈہال ہو جاتا ہے - جی متلاتا اور سر دپسینہ آتا ہے اور تشنج ہو کر مر بہی جا سکتا ہے اسکا فائدہ قریب تماکو کے طور پر ہے دمہ کی بیماری مین اور سینہ کے ان امراض مین جن مین تنفس مشکل سے لیا جاتا ہے یہ دوا مفید پڑتی ہے +

زہر کا علاج - قے اور اٹسمک پمپ کے استعمال کے بعد دل کہو لکر اسٹے میولنٹ دواؤنکا استعمال کرین +

اسکے دو مرکب ہاین

لاٹن	انگریزی
ٹنکچورا - لو - بی - لیا	ٹنکچر اف لو - بی - لیا

نسخہ - لو - بی - لیا کوٹا ہوا - ڈہائی آونس + پروف اسپرٹ ایک پائنٹ +

ترکیب - مانند ٹنکچر اف اکو - نائیٹ کے (جسکو دیکہو) **خوراک** - + بوندسے آدہی ڈرام ڈ تک +

لاٹن	انگریزی
ٹنکچورا - لو - بی - لیا ایتہریا	ایتہرئیل ٹنکچر اف لو - بی - لیا

نسخہ - نو - بی - لیا کوٹا ہوا - ڈہائی آؤنس + اسپرٹ ایتہر - ایک پائنٹ +
سات روز تک بہگو کر نچوڑ کر چہان لین اور تب اسمین اسقدر اسپرٹ اف ایتہر
ملا دین جتنی مین ایک پائنٹ پورا ہو جاوے + **خوراک** - ۱۰ بوند سے ۳۰ بوند تک
یہہ نسخہ بطور ان - ٹیش - پاز - مو - ڈک اور سے - ڈی - ٹیو کے دمہ کی بیماری مین مفید ہے +
نسخہ - ایتہریل ٹنکچر اف نو - بی - لیا - ۶ ڈرام + ارومائٹک اسپرٹ اف ایمونیا - ۸ ڈرام
کلو - رو - ڈائین - ایک ڈرام + سرپ - اسقدر جتنی مین کل کمسچر دو آؤنس ہو جاوے
خوراک - شیشے کو ہلا کر بمقدار ایک ڈرام کے تین تین گہنٹہ بعد پلا دین +

انگریزی ——————— ——————— ہاپن
ہاپ ——————— ہیو - ہیو - لس

اِسکے درخت کو ہیو - ہیو - لس لیو - پیو - لس بولتے ہین - مادین درخت کے پہول خشک
کئے ہوئے دوا مین برتے جاتے ہین یہہ درخت انگلنڈ مین بویا جاتا ہے + اور
اب ہندوستان مین بہی اسکی کہیتی ہوتی ہے جیسے کشمیر کے پہاڑون اور کوہ مری پر
خاصیت - چہلکے زرد مایل بسبزی ہوتے ہین اور انکی پیندی مین زرد سنہری رنگ کا
ایک سفوف ہوتا ہے جسکو لیو - پیو - لین بولتے ہین بوخوش ذایقہ تلخ +
اجزا - لطیف روغن + ایک شے تلخ جسکو لیو - پیو - لین کہتے ہین + رال +
ٹے - نک اسڈ +
فائدہ اور استعمال - ٹانک اور اسٹو - ما - کک ڈایورٹیک اور نارکاٹک
بے چینی اور کمزوری مین جب افیون مضر پڑتی ہے اس دوا کو نیند لانے کے لئے
دیتے ہین اس کے تکیہ پر سر رکہنے سے نارکاٹک اور انوڈائین فائدہ ہوتا ہے اور
دردناک ورمون اور سوجون پر اسکا فومنٹی - شن یا پولٹس باندہنے سے فائدہ

ہوتا ہے - کہتے ہین کہ خواب مین جب پیشاب خطا ہو جاتا ہے تب یہہ دوا مفید پڑتی ہے آذر کار - ڈیی مین بھی فائدہ مند بتلاتے ہین ٭

اِسکے تین مرکب ہین

لاٹن ———— ———— انگریزی

اکسٹراکٹم - لیو - پیو - لائی ———— اکسٹراکٹ اف ہاپ

نسخہ - ہاپ ایک پاؤنڈ ٭ ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ - ڈیڑہ پائنٹ ٭ ڈسٹلڈ واٹر - ایک گیلن ٭ ہاپ کو اسپرٹ مین سات روز تک بھگو کر ٹنکچر نچوڑ ڈالین بعد ازان چہان کر اسپرٹ مقطر کر لین جو ملائم اکسٹراکٹ رہ جاوے اُسکو رکھ چھوڑین بعد ازان جو ہاپ باقی رہے اُسمین پانی ملا کر ایک گھنٹہ تک جوش دیوین تب عرق کو نچوڑ کر چہان کر لو واٹر باتھ پر اُڑا کر ملائم اسٹراکٹ کے برابر گاڑھا کر لین - تب اگلی اور اس اکسٹراکٹ کو ملا کر ۱۴۰ درجہ کی آنچ پر حسب مناسب گاڑھا کر لین ٭

خوراک - ۵ گرین سے ۱۵ گرین تک ٭

لاٹن ———— ———— انگریزی

انفیوژم - لیو - پیو - لائی ———— انفیوژن اف ہاپ

نسخہ - ہاپ آدھا آونس ٭ کھولتا ہوا ڈیسٹلڈ واٹر - ۱۰ آونس ٭ ایک بند برتن مین ایک گھنٹہ تک بھگو کر چہان لین - **خوراک** - ایک آونس سے ۲ آونس تک ٭

لاٹن ———— ———— انگریزی

ٹنکچورا - لیو پیو - لائی ———— ٹنکچر اف ہاپ

نسخہ - ہاپ ڈھائی آونس ٭ پروف اسپرٹ - ایک پائنٹ ٭

ترکیب - مانند ٹنکچر اف اکونائیٹ کے دیکھو ٭

خوراک - آدہی ڈرام سے ۱ڈرام تک +

اسکا جوہر لیو - پیو - لین

لاٹن	انگریزی
لیو - پیو - لائی - نم	لیو - پیو - لین

ہاپ کے درخت سے یہہ شے سفوف کے طور پر حاصل ہوتی ہی - یہہ سفوف چمکدار زرد کسیقدر بہوری رنگ کا ہوتا ہے بو اور ذائقہ دونون خوش +

فائدہ اور استعمال - فائدہ اسکا اور - ما - ٹک ٹانک ہے - گاہی گاہی بے خوابی اور شراب کی خرابیون مین دیا کرتے ہین + **خوراک** - ۲ سے ۵ گرین +

لاٹن	انگریزی
لک - ٹو - سکا	لے - ٹوس

یعنی درخت کاہو - یہہ دو قسم کا ہوتا ہی ایک کو - لک - ٹو - سکا وائی - روزا اور دوسری کو - لک - ٹو - کا سے - ٹائی - وا بولتے ہین - فرق ان دونون قسم کے درختون مین یہہ ہے کہ اگلے کا ذایقہ تلخ اور اسکے پتون کی ٹہنیون کی دونو جانب پر کانٹے لگے ہوے ہوتے ہین لیکن لک - ٹو - کا سے ٹائی - وا کے درخت مین یہہ باتین نہین ہوتین چنانچہ اسیواسطے اِس کے پتون کو قیمہ کرکے آدرابین سرکہ اور پیاز ڈالکر کہانے کے ہمراہ کہایا کرتے ہین جسکو سلاد بولتے ہین +

فائدہ - اسکا کسیقدر انو - ڈاین مثل افیون کے ہے - لیکن برٹش - فارما - کوپیا مین صرف لک - ٹو - سکا وائی - روز کے استعمال کی اجازت ہی - اسکا اکسٹراکٹ برتا جاتا ہے چنانچہ +

لاٹن	انگریزی
اکسٹرا کٹم - لک - ٹو - سی	اکسٹراکٹ اف لی - ٹوس

نسخہ - ل- ٹوس کا درخت جب پہول پر آتا ہو ۱۲ پونڈ ٭
پتہر کے کہرل مین کوٹ کر رس نچوڑ ڈالین تب بتدریج ۱۳۰ درجہ تک آنچ دیوین اور کپڑی کی چہلنی سے چہانکر اُسکی سبزی علیحدہ کر دین تب اُس چہانے ہوئے عرق کو ۲۰۰ درجہ تک آنچ دیوین تاکہ اُسکا البیومن منجمد ہو جاوے ٭ اور تب اُسکو پھر فلٹر کرین بعد ازان اُس چہانے ہوئے عرق کو واٹر باتہہ پر اُڑا کر پتلی شیرہ کے طور پر گاڑہا کرکے اُسمین اُس سبزی کو جو پہلی علیحدہ کی تھی ملادین تب ساری کو اچھی طور پر گہوٹ کر ۱۴۰ درجہ تک اُڑا کر اسقدر گاڑہا کرین کہ جسمین وہ اکسٹراکٹ گولیان بننے کے قابل ہو جاوے ٭

فائدہ - ایکا اثر افیون کے سے - ڈی - ٹیو ٭ انو - ڈائین ٭ ہپ - ناٹک اور انٹش - پازمو - ڈک ہی اور اسکو اُن صورتون مین استعمال کرتے ہین جنہین افیون نہین دے سکتے ٭

خوراک - ۵ گرین سے ۱۵ گرین تک ٭

واضح ہو کہ دو نو قسم کے لے - ٹوس کے درخت سے سفید دودہ کے طور پر ایک رس نکلتا ہے جسکو خشک کرکے برتتے ہین اور اس منجمد رس کو اصطلاح مین لک ٹو - کے - ریئم کہتے ہین اسکا بھی فائدہ استعمال اور خوراک مثل اکسٹراکٹ اف لی ٹوس کے ہی لیکن برٹیش فارما - کو - پیا مین استعمال کرنے کی اجازت نہین ہے ٭

انگریزی	فارسی	لاٹن
می - نا	شیر خشت	می - نا

اسکے درخت کو فراگ - زی - نس - آ - - نس بولتے ہین یہ چیز منجمد رس ہوتی ہے جو اس درخت کے پانچہی سے حاصل ہوتی ہے سی - سی - لی اور یورپ جنوبی ہے

یہہ چیز آتی ہے -

خاصیت - ٹکڑے اسکے ایک سے ۶ انچ تک لمبے اور ایک سے ۲ انچ تک چوڑے ناہموار اَوْر مسامدار ہوتے ہین دبانے سے جلد ٹوٹ جاتے ہین اور ایک جانب شکن دار ہوتی ہے رنگ سفید مایل بزردی اور بو خفیف اَوْر ایسی کہ جسّے جی متلاوے ذایقہ کسیقدر شرین پانی اور ریکٹی فائیڈ اسپرٹ مین حل ہو جاتا ہی ٭

اجزا - شکر جسکو اصطلاح مین مے - نائیٹ کہتے ہین + رال +

بدل - مے - نا کی جگہہ ترنجبین کا استعمال کرسکتے ہین جسکو لاٹن مین ال ہی جیا - مو - ر - د - رم بولتے ہین ٭

فائدہ اور استعمال - یہہ ایک ہلکا لکسی - ٹیو ہے بچون اور نازک مزاج عورتون کو دیا کرتے ہین بعض دفعہ اسکے کہانے سے شکم مین نفخ اور پیچش ہوتی ہے ٭

خوراک - ۶۰ گرین سے ایک آونس تک ٭

لاٹن ———— ———— انگریزی

مے - ٹی - سی - نو لیا ———— می - ٹیکو - یوس

اِس کے درخت کو آرٹمان - ہتی ایلا نگی ٹا بولتے ہین اِس درخت کے خشک کئے ہوئے پتے جو ملک پے - رو - سے آتے ہین دوا مین برتے جاتے ہین +

خاصیت - پتے ۲ سے ۸ انچ تک لمبے اور اوپر کی جانب چارخانہ دار اور نیچے کیجانب پشمینہ ذایقہ خوشش کسیقدر کسیلا اور گرم بو وش ٭ رنگ - دمایل بسبزی ٭

اجزا - خوشبودار لطیف روغن + ایک شئی تلخ + ایک ملایم بسبز رنگ کی رال +

فائدہ اور استعمال - اِس پتے کے اوپر کیجانب یا اُسکا سفوف جس مقام سے خون نکلتا ہو اگر اُسپر لگایا جاوے - مثلاً جونکون کے زخم وغیرہ پر تو خون

لاٹن ـــــــــ ـــــــــ انگریزی

منتھی ـ وی ـ ری ـ ڈس ـ اولیم ـــــــــ آئیل اف اسپیار ـ منٹ

اِسکے درخت کو منتھا ـ وی ـ ری ـ ڈس بولتے ہین ـ جب یہ درخت پہولتا ہے تب اِس سے انگلنڈ کے اندر یہ روغن ڈیسٹی ـ لیشن کی ترکیب سے نکالا جاتا ہے ٭

خاصیت یاتو یہ بے رنگ یا ہلکے زرد رنگ کا ہوتا ہے بو اور فوائد اسپیارمنٹ کا

فائدہ اور استعمال مانند اولیم ـ منتھی ـ پائی ـ پا ـ ریٹا کے ٭

خوراک ۳ بوند سے ۴ بوند تک ٭

اِسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ـــــــــ ـــــــــ انگریزی

اکو ـ امنتھی ـ وی ـ ری ـ ڈس ـــــــــ اسپیار ـ منٹ ـ واٹر

نسخہ ـ آئیل اف اسپیار ـ منٹ ڈیڑھ ڈرام ٭ پانی ڈیڑھ گیالن ٭ ایک گیالن مقطر کرلین ٭ **خوراک** ایک آونس سے دو آونس تک ٭

منتھال

یہ شئے پودینہ کے قسم کے دو درخت سے حاصل ہوتی ہے ایک کو اصطلاح مین منتھا ـ ارڈ ـ وین ـ سِس اور دوسرے کو منتھا ـ پائی پے ـ ری ـ ٹا بولتے ہین ـ تازہ درخت سے جو روغن مقطر کیا جاتا ہے اُسکو سرد کرکے یہ چربی کے قسم کی چیز یعنی منتھال حاصل ہوتی ہے ٭

خاصیت یہ چیز یا تو سوزن کی طرح باریک باریک قلمون مین پائی جاتی ہے یا جب

وہ قلمین گل جاتی ہین تب منٹ - تہال ذرون کی شکل پر بہی پایا جاتا ہے اور چونکہ اسمین کسیقدر روغن لگا ہوا ہوتا ہے تو تہوڑا بہت مرطوب ہوتا ہے *

ذایقہ اور بو اسکی مثل پے - پرمنٹ کے ہوتی ہے زبان پر رکہنے سے گرمی پیدا ہوتی ہے اور اس وقت سانس لیجاے تو مُنہہ سرد ہو جاتا ہے * منٹ تہال جیپان اور چین سے آتا ہے *

اثر اور **استعمال** - کہلاے تو اسکا اثر ڈی - فیو - زی - بل اسٹی - میو - لنٹ ہوتا ہے - اسکا عرق جلد پر لگایا جاوے تو اُس مقام کے اعصاب پر ویسا ہی اثر پیدا ہوتا ہے جیسا اکو - نائیٹ کے لگانے سے ہوا کرتا ہے اور نیو - رلجیا کے دردون کو فائدہ کرتا ہے مگر مثل اکو - نائیٹ کے یہ زہر نہین ہے - منٹ تہال نہایت عمدہ ان - ٹے - سپ - ٹِک بہی ہے اسپر یہ بات بڑہ کر ہے کہ یہ کاس ٹِک نہین ہے - مگر اسکا اثر انش - تہے - ٹِک دواؤن کے طور پر ہوتا ہے - دوا کی دوکانون مین ایسا کرتے ہین کہ مرطوب ستم کی منٹ - تہال سانچون مین ڈہال کر بتیان بنا کر بیچتے ہین ان بتیون کو نیو - رلجیا کے درد پر ملنے سے فائدہ ہوتا ہے * جب ہموزن منٹ - تہال اور تہائی - مال کہرل کیا جاتا ہے تب روغن کی طرح ایک گاڑہا عرق بنجاتا ہے اسیطرح ہموزن منٹ - تہال اور خالص فی - نال اور ہموزن منٹ - تہال اور کلورل - ہائیڈریٹ اور تین حصہ منٹ - تہال اور ایک حصہ ہائیڈریٹ آف بیو - ٹائیکل کلورل کے کہرل کرنے سے بہی روغن کی طرح گاڑہا عرق بن جاتا ہے اور ان عرقون کو نیو - رلجیا کے دردون پر لگانے سے بہت ہی فائدہ ہوتا ہے اور اُن عرقون مین سے کسیکا تہوڑا سا روئی مین رکہکر زخمی دانت کے خول کے اندر بہر دینے سے دانت کی درد کو فوراً آرام آجاتا ہے *

اور ملم - بے - گو اور نیو - رلجیا اور سائی - ٹے ٹیکا کے دردون کو منٹ - تہال

کے اِس روغن کی مالش سے بہت فائدہ ہوتا ہے چنانچہ من - تہال ۳ حصے * کلورا - فارم ۴ حصے * الیوائیل یا السی کا تیل اِسقدر کہ جس سے کُل ملکر سولہ حصہ ہو جاے *

لاٹن ———————— انگریزی

مے - زی - ریائی - کار - ٹکس ———————— مے - زی - ریَن - بارک

یہ دوا دو قسم کے درخت سے پیدا ہوتی ہے ایک کو ڈفنے - مے - زی - ریَم بولتے ہین اور دوسرے کو ڈفنی - لا - ریو - لا کہتے ہین اِن درختون کی چھال خشک کی ہوئی دوا مین برتی جاتی ہے *

خاصیت - اِسکے ٹکڑے یا تو فیتے کے طور پر یا خمدار مختلف لمبائی کے ہوتے ہین مضبوط اور ملایم رنگ باہر سے بہور امثل جلبائی کے اندر سفید ریشہ دار - ذایقہ گرم تیز اور کسیقدر ایسا کہ جس سے جی متلاوے *

اجزا - تلخ رال * تلخ لطیف روغن جسکو ڈف - نین کہتے ہین *

فائدہ باہر لگانے سے اِری - ٹنٹ اور دی - سی - کنٹ فائدہ ہوتا ہے زیادہ مقدار مین دست و قے آتے ہین لیکن کم مقدار مین فائدہ اِسکا ڈا - یا - فو - رٹیک اور ڈا - یو - رٹیک ہے *

استعمال - اِسکو پُرانی رو - ما - ٹیزم آتشک اسکرا - فیو - لا اور جلدی بیماریون مین دیا کرتے ہین - یہ دوا کمپاونڈ ڈیکاکشن اف سار - سا - پریلا مین پڑتی ہے *

اِسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ———————— انگریزی

اکسٹراکٹم مے - زی ریائی ایتھے - ریَم ———— ایتھے - ریَل اکسٹراکٹ آف مے - زی - ریَن -

نسخہ مے۔زی۔ ریئین کی چھال کتری ہوئی ایک پاؤنڈ ۔ ریکٹی فائیڈ۔ اسپرٹ آٹھ پائینٹ ۔ ایتھر ایک پائینٹ ۔

مے۔زی۔ ریئین کو ۲ پائینٹ اسپرٹ مین تین روز تک بھگو رکھین اور بار بار ہلا دیا کرین تب چھانکر نچوڑ ڈالین اور مے۔زی۔ ریئین کا جو ثفل ہو اُسمین باقی اسپرٹ ملا کر پھر تین روز بھگو رکھین اور بار بار ہلا دیا کرین تب چھان کر نچوڑ ڈالین بعد ازان دونو چھانے ہوئے عرقون کو ملا کر فلٹر کر کے بذریعہ ڈسٹی۔لیشن زیادہ حصہ اسپرٹ کا حاصل کرین اور جو کچھہ باقی رہے اُسکو اُڑا کر ملایم اکسٹراکٹ کے طور پر گاڑھا کرین اب اِس اکسٹراکٹ کو ہمراہ ایتھر کے ایک شیشہ کے کاگ والی بوتل مین بھر کر ۲۴ گھنٹہ تک بھگو رکھین اور بار بار ہلا دیا کرین تب اُس ایتھر ملے ہوئے عرق کو نتھار کر ایتھر کو بذریعہ ڈسٹی۔لیشن حاصل کرین اور جو کچھہ باقی رہے اُسکو اُڑا کر ایک ملایم اکسٹراکٹ بنالین ۔

فائدہ اسکا اِپس۔پاس۔نک اور رو۔بے۔فی۔شینٹ ہو اسکو باہر لگایا کرتے ہین چنانچہ اسیواسطے یہ مرکب کمپاؤنڈ لے۔نی۔منٹ اف مسٹرڈ مین پڑتا ہے ۔

لاٹن	فارسی	انگریزی
مو۔راس	شہ توت	ملبری

اِسکے درخت کو مورس نائی گرا بولتے ہین یہ درخت بڑمن مین بویا جاتا ہی اور شہ توت کابل اور کشمیر مین بھی بہت عمدہ پیدا ہوتا ہے۔ اِسکے پختہ پھل کا رس دوا مین برتا جاتا ہی جسکو لاٹن مین مو رائی سکس اور انگریزی مین ملبری۔جوس بولتے ہین ۔

خاصیت۔شہتوت کی رس کا رنگ گہرا اودا ہوتا ہے۔بو کم ذایقہ مے خوش ۔

اجزا۔اودا اور سرخ رنگ دار اجزا ۔ شکر۔ٹار۔ٹارک ایسڈ ۔ شکر ۔

فائدہ اور استعمال۔ری۔فری۔جے۔رنٹ اور لکسی۔ٹیو اسکا شربت

بخارون مین پلاتے ہین *

اِسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ——— ——— انگریزی

سر-پیں-مو-رائی ——— سرپ اف بلبری

نسخہ - صاف شکر سوا دو پاؤنڈ * شہتوت کا رس ایک پائنٹ * ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ڈھائی آونس *

بذریعہ دہیمی آنچ کے شکر کو رس مین حل کرکے ۲۴ گہنٹہ تک رکھ چھوڑین تب اوپر کے صاف کف کو پہینک کر اگر تلچھٹ ہو تو اُس سے صاف عرق کو نتھار لین اور تب اُس مین اسپرٹ ملا دین - سارے کو ۳ پاؤنڈ اور ۶ - آونس ہونا چاہیے اور اِس کے اسپیسی - فک - گراوٹی ۱.۳۳ ہونا چاہیے *

خوراک ایک فلوئیڈ ڈرام *

لاٹن ——— ہندی ——— انگریزی

مائی - رس ٹیکا ——— جاے پہل ——— نٹ - مگ

اِسکے درخت کو مائی - رس ٹیکا اور - فی - سی - نی - لس بولتے ہین - اِس درخت کے بیج کی گری جو سو - ما - ٹرا اور مولکا کے ٹاپو سے آتی ہے دوا مین برتی جاتی ہے *

خاصیت بیضوی شکل کے یا گول سے قریب ایک انچ لمبے باہر کیجانب پرجال کے طور پر دھاریان ہوتی ہین اندر کیجانب پر سُرخ اور قرمزی اور گہرے بہورے رنگ کی لکیرین ہوتی ہین - بو تیز اور عجیب - ذائقہ تلخ اور خوش *

میس یعنے جو تری جاے پہل مین ٹکڑے ٹکڑے مثل پردہ کے لگی رہتی ہے *

اجزا دو روغن ایک لطیف دوسرا غلیظ *

فائدہ اور استعمال اورو-مائٹک اسٹی میو-لنٹ اور کارمی-نیٹو خاصکر اسکو رو-برب اور دیگر ادویات کے ذائقہ کو چھپانے کے لئے دیا کرتے ہین * زیادہ مقدار مین یہ دوا نار-کاٹک ہے ۔

خوراک ۵ گرین سے ۱۵ گرین تک *

جاے پہل مرکبات ذیل مین پڑتا ہے چنانچہ

اورو-مائٹک پاوڈر اف چاک * کمپاؤنڈ کیٹیچو پاوڈر * کمپاؤنڈ اسپرٹ اف امرس-ریڈش * اور کمپاونڈ ٹنکچر اف لاونڈر مین *

اسکے تین مرکب ہین

لاٹن ———— ———— انگریزی

اولیم-مائی-رس-ٹے سی-اکیسیریم ———— اکسپرسیڈ آئیل اف نٹ-مگ

یہ منجمد روغن جاے پہل کو گرم کرکے پیڑنے سے حاصل ہوتا ہے *

خاصیت یہ روغن گاڑہ جاے پہل کے طور پر خوشبودار اور نارنجی رنگ کا ہوتا ہے اسکے چوگونہ کہولتے ہوئے الکحال مین حل ہو جاتا ہے اور اس مقدار کے نصف ایتہر مین بہی حل ہو جاتا ہے * یہ روغن ورارم-پلاسٹر اور پیچ پلاسٹر مین پڑتا ہے *

لاٹن ———— ہندی ———— انگریزی

اولیم-مائی-رس ٹی-سی ———— جاے پہل کا لطیف روغن ———— والے ٹائیل آئیل اف نٹ مگ

انگلنڈ کے اندر یہ روغن جاے پہل سے ڈسٹی-لیشن کی ترکیب سے نکالا جاتا ہے *

خاصیت یا تو بے رنگ یا بہجالی گہاس کے طور پر زرد رنگ کا ہوتا ہے - بو اور ذائقہ جاے پہل کا *

خوراک ۲ بوند سے ۸ بوند تک ✦ یہ روغن پل اف سو۔کو۔ٹرائن الوز اور
ارو۔ماٹک - اسپرٹ اف ایمو۔نیا مین پڑتا ہے ✦

لاٹن ———— ———— انگریزی

اسپرٹس۔مائی۔رس۔ٹی۔سی ———— اسپرٹ اف نٹ مگ

نسخہ سوا لے۔ٹائیل آئیل اف نٹ مگ - ایک آونس ✦ ریکٹی۔فائیڈ - اسپرٹ
۱۹ - آونس ✦ حل کرلین ✦

خوراک آدہی ڈرام سے ایک ڈرام تک ✦ یہ مرکب کمپاونڈ۔مکسچر اف ایرن
مین پڑتا ہے ✦

لاٹن ———— ———— انگریزی

مرہا ———— ———— مُر

اِسکے درخت کو بال۔سی۔مو۔ڈان ڈرن - مرہا بولتے ہین - اِس درخت سے یہ
گوند ازخود ٹپکتی ہے اور اِسکو عرب اور ابی۔سی۔نیا مین جمع کرتے ہین ✦

خاصیت یہ گوند یا تو ہیٹرے بینگے دانون مین یا ٹکڑونمین ملتی ہے جو مختلف
مقدار کی ہوتی ہے کسیقدر شفاف زرد مایل بسُرخی یا بہوری مایل بسُرخی ہوتی
ہے توڑنے سے جو سطح نکلتی ہے وہ ہیٹری بینگی اور کسیقدر روغنی ہوتی ہے
بوخوش۔ذائقہ تیز اور تلخ ✦

اجزا۔ روغن ✦ رال ✦ گوند ✦

فائدہ اِسکا اسٹی۔میو۔لنٹ ہی اور اِسکے کہانے سے میوکس ممبرین خاصکر
برانکیئل۔ٹیوب کے میو۔کس ممبرین کی رطوبت زیادہ ہوتی ہے اور کہتے
ہین کہ اِسمین انٹس۔پاز۔مو۔ڈک اور امے۔نی۔گاگ فائدہ ہمراہ ٹانک فائدہ کے

بھی موجود ہے ✣

استعمال - مرض امے - نو - ریا یعنے احتباس طمث مین گم - مر ہمراہ فولاد اور مرکبات ایلوز کے دیتے ہین اور جب مرض لیو - کو - ریا اور کسی مقام کی میو - کس ممبرین کی رطوبت جاری ہو اور اُس باعث بیمار کمزور ہو جاوے تب بھی اسکو کہلاتے ہین اور بعض دفعہ بطور اکس - پک - ٹو - رنٹ کے اسکو مرض برانکائی - ٹس اور تھائی - سس مین بھی دیتے ہین اور بطور اسٹی - میو - لنٹ کے منہہ کے چھالون اور مسوڑون کے ورم پر لگاتے ہین ✣

خوراک ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک ✣

یہ دوا مرکبات ذیل مین پڑتی ہے چنانچہ

کمپاونڈ ڈیکاکشن اف الوز ✣ کمپاونڈ - اسا - فی - ٹیڈا پل ✣ کمپاونڈ - روبرب - پل ✣ کمپاونڈ - مکسچر اف ایرن ✣ اور پل اف الوز اور مر مین ✣

گم - مر کا یہ نسخہ امے - نو - ریا مین مفید ہے ✣

نسخہ - سفوف گم - مر - ڈھائی گرین ✣ ڈرائیڈ - سلفٹ اف ایرن ڈیڑہ گرین ✣ اکسٹرکٹ اف سو - کو - ٹراین الوز چوتھائی گرین ✣ گلائی سی - ریمن اف ٹریگا - کانتھہ حسب ضرورت ✣ سب کی ایک گولی بناوین اور دنمین دو دفعہ کہلاوین ✣

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹین		انگریزی
ٹنکچورا - مرہی		ٹنکچر اف مر

نسخہ - مر کوٹا ہوا ڈھائی آونس ✣ ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ایک پائنٹ ✣

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکو - نائیٹ کے (جسکو دیکھو)

خوراک آدہی ڈرام سے ایک ڈرام تک ✣ پانی مین ملا کر غرغرہ کے طور پر اسکا

استعمال اکثر کرتے ہین *

لاطین ——— نارسی ——— انگریزی

پش-پنچ ——— رومی مصطکے ——— پش پنچ

اِس گوند کے درخت کو پس-ٹا-شیا لن-ٹس-کس بولتے ہین-اِس درخت کے باپچھنے سے یہ گوند ملتی ہے اور یہ سا یہ کے ٹاپو سے آتی ہے *

اجزا-قدرے لطیف روغن * رال * ایک ترش شے * اور مِش ٹے سین *

فائدہ اور استعمال مانند ٹرپن-ٹائین-ریزن کے ہے مگر اسکو کم استعمال کرتے ہین-کلورا-فارم یا ایتھر مین حل کرکے اِسکو زخمی دانتون مین بھر دیتے ہین *

خوراک ۳۰ سے ۶۰ گرین تک *

لاطین ——— ——— انگریزی

نکٹانڈرا ——— بی بی-رو-بارک

اِسکے درخت کو نکٹانڈرا-روڈ-یا ئی بولتے ہین اور انگریزی مین گرین-ہارٹ-ٹری کہتے ہین-اس درخت کی چھال جو برٹش گیانا سے آتی ہے دوا مین برتی جاتی ہے *

خاصیت-اِسکے بڑے بڑے چوڑے وزنی ٹکڑے ایک سے ۲ فٹ تک لمبے اور ایک سے ۲ انچ تک چوڑے اور قریب چوتھائی انچ تک موٹے ہوتے ہین-باہر کا رنگ بھورا اور کچھ مسی اندر بھورا گہرے دال چینی کا رنگ ذایقہ نہایت تلخ اور بہت دیر تک رہتا ہے اور بہت کسیلا ہوتا ہے *

اجزا جوہر بے-بے-ریئن * لے-ٹانک اسڈ * ریزن *

فائدہ اور استعمال ٹانک اور انٹے-پے-ریا-ڈک اِسکو ریمی-ٹنٹ

اور انٹر - مے - ڈینٹ فینو رمین بجاے کونین کے دیتے ہین - اِسکا ایک مرکب ہے
جسکو بے - بے - رین سلفاس بولتے ہین چنانچہ

نام دیسی ——————— انگریزی

بے بے - رائی - نے سلفاس ——————— سلفٹ اف بے - بے - رین

یہ دوا انگریزی نام ہارٹ - ٹری کے چھلکے کے جوہر سے بنتی ہے جس چھلکے کو بے - بے - رو بارک
بولتے ہین چنانچہ اِسکے بنانے کی ترکیب یہ ہے ؛

نسخہ بے - بے - رو بارک کوٹا ہوا ایک پاونڈ ؛ سلفیورک ایسڈ آدھا آونس ؛
سلکڈ - لائم پون آونس یا حسب ضرورت ؛ سو - لیوشن اف ایمو - نیا حسب ضرورت ؛
ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ ۱۶ - آونس یا حسب ضرورت ؛ ڈائیلیوٹ - سلفیورک ایسڈ
حسب ضرورت ؛ پانی ایک گیالن ؛ ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ؛

سلفیورک ایسڈ مین پانی ملاکر بے - بے - رو بارک پر اسقدر ڈالین کہ جسمین وہ اچھے
طور پر مرطوب ہو جاوے تب ۲۴ گھنٹہ تک بھیگنے دین بعد ازان پر - کو - لیٹر مین بھر کر
اُسپر وہ باقی ایسڈ ملا ہوا پانی ڈالدین - اِس ترکیب سے جو ترش عرق ٹپکے اُسکو رکھا دین اور جب
ایک پائینٹ باقی رہے تب سرد ہونے دین تب اُسمین چونے کو بطور ملک - لائم آہستہ
آہستہ چھوڑکر خوب ہلا دین اور اسبات کی احتیاط رکھین کہ وہ عرق خاصہ ترش رہے تب
اُسکو دو گھنٹہ تک ٹھہرنے دین اور بعد اِسکے کپڑے کی چھلنی مین چھان لین جو منجمد ہے
اُسکو تھوڑے سے سرد ڈسٹلڈ واٹر سے دھو ڈالین اور جو عرق باقی رہے اُس مین
سو - لیو - شن اف ایمو - نیا اسقدر ملا دین کہ جس مین اُس سے کسیقدر ایمو - نیا کی بو آنے
لگے تب جو منجمد ہے اُسکو کپڑے پر رکھکر سرد پانی سے دو مرتبہ دھوکر اور ہاتھون سے
آہستہ دباکر بھاپ پر خشک کرلین بعد ازان اُس خشک منجمد کو سفوف کرکے فلاسک کے
اندر ہمراہ چھ آونس ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ کے بھر دین اور جوش دیدین بعد ازان

چند منٹ تک ٹہیرنے دین تب اسپرٹ کو نتہار لین اور جو حصہ حل نہوا ہو اُس مین اور بھی اسپرٹ ملاکر اسیطور پر کرین جبتک وہ حل ہوجاوے بعد ازان اسپرٹ ملے ہوے عرقون کو ملا وین اور تب اُسمین ۴ آونس ڈسٹلڈ واٹر ملاکر مقطر کرلین تاکہ زیادہ حصہ اسپرٹ کا حاصل ہوجاوے بعد ڈیسٹلیشن کے جو شے ریٹارٹ کے اندر باقی رہے اُسمین آہستہ آہستہ اور خوب ہلاکر اسقدر سلفیورک ایسڈ چھوڑین جسمین وہ عرق کسیقدر ترش ہوجاوے تب سارے کو واٹر باتھ پر آنچ دیکر خشک کرڈالین اور جو شے خشک رہ جاوے اُسکو سفوف کرکے اُسمین آہستہ آہستہ ایک پائینٹ ڈسٹلڈ واٹر ملاوین اور خوب ہلاکر کاغذ کی فلٹر سے چہان لین اور جو عرق حاصل ہو اُسکو آنچ دیکر شیرہ کے طور پر گاڑھا کرکے شیشہ یا چینی کی چوڑی رکابیون پر پتلا ڈھالدین اور ۱۴۰ درجہ کی گرمی تک خشک کرکے شیشہ کے کاگ والی بوتلون مین بھرکر رکھہ چھوڑین ❊

خاصیت یہ شے بی-بی-رو بارک کے جوہر کا سلفٹ ہی اسکے چھلکے گہرے بھورے رنگ کے پتلے اور کسیقدر شفاف ہوتے ہین لیکن جب اُنکو سفوف کیا جاتا ہے تب رنگ زرد ہوجاتا ہے - ذائقہ نہایت تلخ پانی اور الکحال مین حل ہوجاتا ہی ❊

فائدہ اور استعمال یہ دوا ٹانک اور انٹی - پے - ریا - ٹرک ہے اِسکو کمزوری مین اور اُن بیماریون مین استعمال کرتے ہین جو نوبت سے ہوا کرتی ہین اور بعوض کونین کے اِسکو دے سکتے ہین ❊

خوراک ایک گرین سے ۱۰ گرین تک ❊

لاٹن	ہندی	انگریزی
نکٹس - وا - میکا	کچلا	نکس - وا - میکا

اِسکے درخت کو اسٹرک - ناس نکس - وا - میکا بولتے ہین - اِس درخت کے بیج جو ایسٹ انڈیا

کے ٹاپو سے آتے ہین دوا مین برتے جاتے ہین ٭

خاصیت :- بیج قریب مُدوّر چپٹے اور قریب ایک انچ کے چوڑے ہوتے ہین انکے بیچ مین ایک داغ مانند ناف کے ہوتا ہے اور یہ بیج ایک جانب سے محدب ہوتا ہو باہر کا رنگ خاکی اور سرمئی اور اُسپر بہت سے ساٹن کے طور پر پشم لگے ہوئے ہوتے ہین اندر کیجانب چمکیلی سخت مانند سینگ کے - ذایقہ نہایت تلخ اور بے بو ہوتا ہے ٭

اجزا جوہر اسٹرکنیا ٭ بروسشیا ہمراہ ایگا - سو - رک ایسڈ - کے ٭

اثر اور استعمال نکس - وا - میکا - عرصہ ہوا کہ ڈاکٹر مے - جن - ڈی نے کچلا اور اُسکے جوہر اسٹرک - نیا کے باب مین یہ دریافت کیا تہا کہ اس دوا کا سیدھا اثر نخاع پر ہوتا ہے اور جن تحقیقات سے یہ نتیجہ نکالا تہا وہ ایسے درست اور ٹہیک تہے کہ اب زمانہ حال کے طبیب بہی انکو مانتے ہین مثلاً جب کچلی کا جوہر اسٹرک - نیا اوسط مقدار مین کہلایا جاتا ہے تو انؔ اعصاب کے مرکزون پر اسکا اثر خفیف سُستی یا میولنڈ یا محرک ہوتا ہے جو جسم کے خطدار عضلاتی ریشون پر پہیلے ہوئے ہین اور تجربہ سے یہ بات ثابت ہے کہ نہ تو اس دوا کا اثر دماغ پر ہوتا ہے اور نہ عضلات پر نہ اعصاب کے تنون نہ انؔ اعصاب کے اخیر سرون پر ہوتا ہے بلکہ نخاع کے صرف اُسی حصہ پر ہوتا ہے کہ جہان حرکت کے اثر کے مرکز ہوتے ہین اور جب یہ دوا زیادہ مقدار مین کہائی جاتی ہے تب نخاع کے اُسی حصہ کو اس شدت کی تحریک ہوتی ہے کہ جسم کے کل وا - لن - ٹے - ری عضلات مین (یعنے وہ مسلس جنکو ہم اپنے ارادہ سے حرکت مین لا سکتے ہین) تشنج مثل مرض ٹے - ٹے - نس کے ہونے لگتا ہے اور اُس تشنج کے شروع ہوتے ہی تنفس کے آلات مین تشنج ہونے لگتا ہے تب ڈا - یا - فرام اور سینے کے عضلات ہیچ کر ایسے سخت ہوجاتے ہین کہ مریض سانس بند ہو کر مرجاتا ہے - اس دوا کے

زہر کی علامات اگرچہ مثل مرض ٹے۔ ٹے ڈ۔ نُس کے ہوتی ہین۔ پہر کبھی تشنج پہلے
جبڑون سے نہین شروع ہوتا جیسے ٹے۔ ٹے۔ نس مین ہوا کرتا ہے اور جب زہر
اگر کچھ بہی جاوین تو تشنج کی نوبتون کے مابین وہ کہچاوٹ رفع ہو جاتی ہے اور
یہ کہ تشنج کی نوبت کے رفع ہو جانے کے بعد جسم کے کُل عضلات ڈہیلے ہو جاتے
ہین کہ جو بات ٹے ڈ۔ ٹے ڈ۔ نُس کی بیماری مین نہین ہوتی ہے۔ پس اس دوا کی
زہر کی علامتین جلد پیدا ہوتین اور جلد رفع ہو جاتی ہین یا مہلک ہو جاتی ہین اور
دریافت کیجئے تب نہ تو زخم اور نہ جراحی کے کسی عمل کا پتا لگتا ہے غرض اس دوا کی
زہر اور ٹے۔ ٹے۔ نُس کی بیماری کی علامتون مین یہی فرق ہے جسکا ذکر اوپر کیا گیا ہی
اور تجربہ سے یہ بہی ثابت ہے کہ اس۔ ٹرک۔ نیا کے استعمال سے سم۔ پے۔ تہے۔ ٹک
عصبی نظام کو بھی تحریک ہوتی ہے اور یہ کہ اسکے استعمال سے آنکھون کی پتلیان پہیل
جاتی ہین ۔ چونکہ اس دوا کے استعمال سے نخاع کے منعکس فعل کو تحریک ہوتی ہے
اسواسطے اسکو بہتیری عصبی بیماریون مین استعمال کرتے ہین مثلاً اگر اچھا موقع سمجھہ کر
دیا جاوے تو یہ دوا پے۔ را۔ لے۔ سس کے مرضون مین نہایت مفید پڑتی ہے۔
چنانچہ ہے۔ مے۔ پلی۔ جیا (جسم کے نصف جانب کا فالج) اور ری۔ فلکس
پے۔ را۔ پلی۔ جیا (دیکھو طب رحیمی) اور جسم کے خاص خاص مقام کے مختلف استرخا
مین اس۔ ٹرک۔ نیا نہایت ہی فائدہ بخشتی ہے لیکن اس دوا کو ان صورتون مین
نہ دینا چاہیئے کہ

(الف) حال کی فالج کی بیماریون مین ؀

(ب) جبتک عضو مفلوج کہچکر سخت رہے ؀

(ت) اس قسم کے استرخا مین جو دماغ کی بیماریون کے سبب سے پیدا ہو کہ جبتک
دماغی علامتین رفع نہو لین ؀

(ب) اور اس سٹرکنیا سے تب بھی فائدہ نہین ہوتا ہے کہ جب عضلات متاثرہ لاغر ہوجاتے یا چربی مین بدل جاتے ہین ❊

(ج) اور نہ اُس صورت مین یہ دوا فائدہ کرتی ہے کہ جب تار بجلی کا اثر عضلون پر نہین ہوتا ہے ❊

بہتیری تشنجی بیماریان اس سٹرکنیا کے استعمال سے یا تو رفع ہوجاتی ہین یا اُنکو تخفیف ہوجاتی ہے مثلاً کوریا (رعشہ) آسما (دمہ) اور اپی لپ سی (صرع یعنے مرگی) ❊

یہ قاعدہ یاد رہے کہ امراض مذکورۂ بالا کو اس دوا سے تب ہی فائدہ ہوتا ہے کہ جب یہ اُس مقدار مین کہائی جاتی ہے جس سے اُسکا خاص اثر جسم پر ظاہر ہوتا ہے جسکا بیان اس مضمون کے شروع مین کیا گیا ہے ❊

علاوہ ازین اس سٹرکنیا کا اثر معدہ اور رودون پر بھی اچھا ہوتا ہے چنانچہ یہ چیز کڑوی ہے تو اسکے استعمال سے معدہ کو طاقت آتی اور خون بھی زیادہ پہنچتا ہے اشتہا تیز ہوجاتی ہے اور ہاضمہ کو بہت مدد ہوتی ہے - پس اس قسم کی بدہضمی مین کہ جو کمزوری کے سبب سے پیدا ہوتی ہے اور معدہ کے میوکس پردہ کی اُن پرانی بیماریون مین بھی یہ دوا فائدہ کرتی ہے جنمین بلغم کثرت سے پیدا ہوتا ہے - مگر علاوہ معدہ کے یہ دوا رودون پر بہتر اثر پیدا کرتی ہے کیونکہ نخاع کی منعکس حرکت کو چونکہ اس سے تحریک ہوتی ہے اسواسطے رودون کے عضلاتی ریشے اسکے استعمال سے خوب طرح حرکت مین آجاتے ہین جس سبب سے تو قبض اور نہ رودون مین براز جمع ہونے پاتا ہے - پس اسلئے جلابون کے ساتھ جب یہ دوا دیجاتی ہے تب اسکا اثر نہایت عمدہ طور پر ہوتا ہے اور اسی سبب سے کہلایا اُسکا جوہر سٹرکنیا خروج المقعد اور مثانہ کی کمزوری مین فائدہ بخشتا ہے اور اسی وجہ سے تو الدم

تناسل کے اعضا کو بھی طاقت بخشتا ہے یعنی یہ اف - رو - ڈی - سی - اک ہے *
اور امو - رو - سس کی بیماری جب پردہ رسے - لے ٹ - نا کے فعل کے بگڑ جانے
کے سبب سے پیدا ہوتی ہے تب ایک گرین کے بیسوین حصہ کی مقدار مین اسٹرکینیا
کے استعمال سے نہایت جلد فائدہ ہوتا ہے *

جسم کا جب کوئی خاص حصہ مفلوج ہو جاتا ہے تب اِس - ٹرک - نیا کی پچکاری جلد کے
اندر کرنے سے اکثر فائدہ ہوتا ہے چنانچہ ایک گرین کے ساٹھوین حصہ سے
تیسوین حصہ تک جب اِس دوا کی پچکاری عضلات متاثرہ کے ریشون کے اندر
کیجاتی ہے تب عضلات مذکور پھڑکنے لگتے اور اُنمین طاقت آتی جاتی ہے *

بعض تجربات سے یہ ثابت ہے کہ اس - ٹرک - نیا کا اثر جسم مین جمع رہتا ہے
لہٰذا اسکے استعمال مین احتیاط چاہئے چنانچہ پہلے پہل ایک گرین کے تیسوین حصہ
سے زیادہ استعمال نہ کرنا چاہئے اور تب بتدریج ایک گرین کے بارہوین یا
دسوین حصہ تک بڑھانا چاہئے مثلاً فار - ما - کو - پیا کے لائیکوار اس - ٹرک - نیا
کے ۲۰ قطرہ مین ایک گرین اس - ٹرک - نیا ہوتا ہے پس اسکی خوراک جوان
آدمی کے لئے چار قطرہ سے شروع کرینگے ۔ ایا بارہ قطرہ تک بڑھا سکتے ہین
اورنکس - وا - میکا کے ٹنکچر کی خوراک ۱۰ سے ۲۰ منم اور اکسٹراکٹ کی نصف گرین
کافی خوراک جوان کے لئے ہے *

زہر کا علاج - اسٹمک - پنپ سے معدہ کو صاف کر کے تمبا کو کا استعمال
اسطور پر کرین کہ تمبا کو کا جوہر ے - کو - ٹیا - نا کا ایک قطرہ لیکر گرم گرم شیری شراب
مین پلادین اور جیسا اثر پیدا ہو اُس بموجب اسکی مقدار مین کمی بیشی کرکے اسکو
جاری رکھین * لیکن نے - کو - ٹیا - نا مشکل سے ملتا ہے اسواسطے تمبا کو کے
پتون کا استعمال کرنا چاہئے مثلاً نصف آونس پتے لیکر آدھے پائینٹ پانی مین

ملاکر چند منٹ تک جوش دیکر چہان لین اور اُسمین قدرے آب سرد ملاکر ٹہنڈا کرین
اس عرق کا چوتہائی حصہ بیمار کو پلادین - پہر بہی تشنج ہوتا رہے تو اُسیقدر عرق پہر
پلادین اور جب جسم کے کل عضلات ڈہیلے ہوجاوین تب موقوف کردین - غلطی سے
زیادہ استعمال کیا جاوے تو اسی - میو - لنٹ دواؤنکا استعمال کرین *

نکس - وا - میکا اور اس - ٹرک - نیا کے استعمال کے لئے یہ چند نسخہ جات ذیل اچھے ہین
نسخہ ٹنکچر اف - نکس - وا - میکا ساڑہے ۴ ڈرام * ڈایلیوٹ - نایٹرو
ہایڈرو - کلورک ایسڈ ۲ ڈرام * ٹنکچر آف آرنج ایک آونس * کمپاونڈ -
انفیوژن اف جن - شن ۱۰ آونس *

سب کو ملاکر بمقدار نصف آونس کے ایک آونس پانی کے ہمراہ دن مین تین دفعہ
غذا سے پہلے پینا چاہئے * یہ نسخہ ڈس - پپ - شیا اور پے - را - لے سس
مین نہایت عمدہ مقوی ہے *

نسخہ - اکسٹراکٹ نکس - وا - میکا - نصف گرین * ڈرائیڈ سلفٹ اف ایرن
نصف گرین * اکسٹراکٹ اف سو - کو - ٹراین الوز چوتہائی گرین * پل - وس
گلائی - صی - رائی - زا ڈیڑہ گرین *

سب کی ایک گولی بناوین اور صبح وشام کہلاوین - یہ نسخہ قبض رفع کرنے کے لئے مفید
ہے *

نسخہ - لائیکوار - اسٹرک - نیے ۲ ڈرام * ٹنکچر کلمبا ۲ آونس * ان - فیوژن اف
کلوز ۱۰ آونس * سبکو ملاکر بمقدار نصف آونس کے تین دفعہ دن کو پلادین - یہ
نسخہ عمدہ مقوی ہے *

لاٹن ______ ______ انگریزی

اسٹرکنیا ______ اسٹرکنیا

نسخہ - کچلا ایک پاؤنڈ ٭ اسیٹٹ اف لڈ ٨٠ گرین ٭ سولیوشن اف
ایمونیا - حسب ضرورت ٭ ریکٹی فائیڈ اسپرٹ - حسب ضرورت ٭
ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ٭

کچلے کو کسی موزون برتن مین بہر کر دو گھنٹہ تک پانی کی بہاپ پر رکھہ کر یا تو قیمہ
کرین یا قتلا کر ڈالین تب پانی کی بہاپ پر یا گرم ہوا کے کمرے مین خشک کر کے
کافی پینے کی کل مین پیس ڈالین بعد اُس سفوف مین دو پاینٹ اسپرٹ اور ایک
پاینٹ پانی ملا کر دہیمی آنچ پر بارہ گہنٹہ تک بہگو رکہین اب کپڑے سے چہان کر
خوب نچوڑ ڈالین اور اِس ترکیب کو دوبارہ کرین بعد ان دونو عرقون کو ملا کر اسپرٹ
کو مقطر کر ڈالین اور جو پانی کا عرق باقی رہے اُسکو ١٦ - آونس تک اُڑا کر بعد سرد ہونے
کے چہان لین اب اسیٹٹ اف لڈ کو ڈسٹلڈ واٹر مین حل کر کے اُس چہانے
ہوئے عرق مین تبتک ملا دین جبتک مُنجمد ہو جاوے بعد اُس منجمد کو فلٹر کر کے دس
آونس سرد پانی سے دہو ڈالین اور جو دہوون نکلے اُسکو فلٹر کئے ہوئے عرق مین ملا
جاوین تب صاف عرق کو ٨ آونس رہتے تک اُڑا کر بعد سرد ہونے کے اُسمین کسیقدر
زیادہ ایمونیا ملا دین اور خوب ہلاتے جاوین تب اُس عرق کو معمولی درجہ گرمی مین بارہ
گہنٹہ تک رہنے دین بعد اُسکے جو منجمد تہ نشین ہو اُسکو فلٹر پر جمع کر کے چند آونس
سرد ڈسٹلڈ واٹر سے ایک مرتبہ دہو کر بہاپ پر خشک کرین تب اُسمین تہوڑا تہوڑا
ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ملا کر جوش دین جبتک اُس عرق کا کڑوا ذائقہ قریب جاتا
رہے بعد ازان زیادہ حصہ اسپرٹ مقطر کر کے جو باقی رہے اُسکو آدہے آونس ہی
تک اُڑا کر رکھہ چہوڑین تاکہ سرد ہو جاوے تب اُسکے زرد مائل عرق کو (کہ جسمین
کچلے کا دوسرا جوہر بروسیا ہوتا ہے) اسٹر کیا کی پپڑی سے جو برتن کے گرد
جمی ہو احتیاط سے نتہار لین بعد اُس پپڑی کو کاغذ کی فلٹر پر رکھہ کر دو حصہ

ریکٹی - فائینڈ - اسپرٹ اور ایک حصہ پانی کے عرق سے تبتک دہووین جبتک دہون مین نا ئے - ٹرک ایسڈ ملانے سے سُرخ ہونا موقوف ہوجاوے اخیر مین اُسکو ایک آونس ریکٹی - فائینڈ - اسپرٹ مین جوشش دیکر حل کرکے رکھہ چھوڑین تاکہ قلمین بندہ جاوین - قلمون کے بند ہنے کے بعد جو عرق رہ جاوے اُسکو اُڑانے سے اَور بھی قلمین پیدا ہوسکتی ہین ٭

خاصیت - یہ کچلے کا ایک جوہر ہے اسکی قلمین پہلدار بے رنگ اور بے بو ہوتی ہین پانی مین کم حل ہوتی ہین مگر اسکو نہایت تلخ کردیتی ہین کہولتا ہوا ریکٹی - فائینڈ - اسپرٹ ایتہر اور کلورا - فارم مین حل ہوجاتے ہین خالص سلفیورک ایسڈ مین ملانے سے ایک بے رنگ عرق بنتا ہے جسمین بای - کرو - مٹ اف پوٹاش ملانے سے ایک شوخ اودا رنگ پیدا ہوتا ہے جو فوراً سرخی سے زرد ہوجاتا ہے - یہ چیز نہایت سریع الاثر زہر ہے ٭

شناخت اسمین نائے - ٹرک یا سلفیورک ایسڈ ملانے سے رنگت نہین آتی ہے اور خوب کہلی ہوا مین جلانے سے کچھہ بہی باقی نہین رہتا ٭

خوراک ایک گرین کے تیسوین حصہ سے بارہوین حصہ تک ٭

لاٹن ———————— ———————— انگریزی

لائیکوار - اسٹرکنی ہائیڈرو - کلوری - ٹس ——— سولیوشن اف ہائیڈرو کلورٹ اف اسٹرکنیا

نسخہ - اسٹرکنیا کی قلمین - ۹ گرین ٭ ڈائیلیوٹ ہائیڈرو کلورک ایسڈ ۱۴ بوند ٭ ریکٹی - فائینڈ - اسپرٹ ½ آونس ٭ ڈسٹلڈ واٹر - ڈیڑہ آونس ٭

ہائیڈرو - کلورک ایسڈ مین ۴ ڈرام پانی ملاکر اُسمین بذریعہ آنچ کے اسٹرکنیا حل کرلین تب اُسمین اسپرٹ اور باقی پانی ملاوین ٭

خوراک ۵ بوند سے ۱۰ منم تک جس مین قریب ایک گرین کا بارہوان حصہ اسٹرکنیا

ہوتا ہے ❊

لاٹن ـــــــــــــــــ ـــــــــــــــــ انگریزی

اکسٹراکٹم نیوسیس - وا - می - یسی ـــــــــــــ اکسٹراکٹ اف نکس - وا - میکا

نسخہ - کچلا ایک پاونڈ ❊ ریکٹی - فایڈ - اسپرٹ ۲۴ آونس ❊ ڈسٹلڈ واٹر - ۱۶ - آونس ❊

بیجون کو پہلے چیرلین اورتب ۲۱۲ درجہ کی گرمی پر تین گہنٹہ تک گرم کرکے خوب باریک پیس ڈالین اب اسپرٹ مین پانی ملاکراوراُس عرق کے ایک پاینٹ مین کچلے کا سفوف چہوڑکرلئی کے طور پر بنالین اور بارہ گہنٹہ تک بہیگنے دین بعد ازان پر - کو - لے - ٹر مین بھر کر اُس عرق مین سے اوڑ ایک پاینٹ لیکر اُسمین چہوڑ دین اور جب یہ مقطر ہوجاوے تب اُس اسپرٹ کے باقی کے عرق کا تہوڑا تہوڑا پر - کو - لے - ٹر مین جو ثفل رہ گیا ہے اُسکو شکنجہ مین داب کر نچوڑلین نچوڑنے سے جو عرق حاصل ہوا اُسکو کاغذ سے چہانکر اگلے عرق مقطر مین ملادین ❊

اب یہ دریافت کرین کہ اُس عرق مقطر مین کسقدر کچلے کے جوہر موجود ہین چنانچہ اس کی ترکیب یہ ہے کہ اُس عرق مین سے ایک آونس لیکر واٹر باتھ پر قریب خشک کرڈالین جو خشک شے باقی ہوا اُس مین دو ڈرام کلورا - فارم اور آدہا آونس ڈائیلیوٹ سلفیورک ایسڈ اور اُسیقدر یعنے چہہ ڈرام پانی ملاکر ہلاکر قدرے گرم کرڈالین ایسے کرنے سے جب عرقیات الگ ہوجاوین تب کلورا - فارم کو علیحدہ کرکے باقی کے ترش عرق مین کسیقدر زیادہ سو - لیو - شن اف امو - نیا اور آدہا آونس کلورا - فا - رم ملاکر قدرے گرم کرین اور جب عرقیات بالکل علیحدہ ہوجاوین تب ایک چینی کے برتن کو وزن کرکے اُسمین اُس کلورا - فارم کو چہوڑدین اور اُس برتن کو واٹر باتھ پر رکہکر ایک گہنٹہ تک ۲۱۲ درجہ کی گرم آنچ پر خشک کرین اِس ترکیب سے جو جوہر

حاصل ہوں اُنکو سرد کر کے وزن کر ڈالیں + اِس ترکیب سے جب جوہرون کا وزن دریافت ہو جاوے تب ایسا کریں کہ اگلے پر - کو - لے - شن کی ترکیب سے جو عرق حاصل ہوا تھا اُسمیں سے اِسقدر عرق لے لیں جسمیں کچلے کے جوہر $\frac{1}{۲}$ ۱۳۱ گرین ہوں - اب اسپرٹ کو ڈسٹیلیشن - لے - شن کی ترکیب سے علیحدہ کر کے باقی کو واٹر باتھ پر تبتک پکاویں جبتک اکسٹراکٹ دو آونس وزن میں رہ جاوے اِس اکسٹراکٹ کے سو حصہ میں پندرہ حصے کچلے کے جوہر ہونگے +

خوراک نصف گرین سے دو گرین تک -

لاٹن ———— ———— انگریزی

ٹنکچورا - نیوسیمِس - وا - می - سی ———— ٹنکچر اف نکس - وا - میکا

اکسٹراکٹ اف نکس - وا - میکا ۴۳ ۱ گرین + ڈسٹلڈ واٹر ۴ آونس + ریکٹیفائیڈ اسپرٹ حسب ضرورت +

پانی میں اِسقدر اسپرٹ ملاویں جس میں ۲۰ آونس ہو جاوے اب اُس عرق میں اکسٹراکٹ کو حل کر لیں + اِس ٹنکچر کے ایک آونس میں کچلے کے جوہر ونکا ایک گرین ہوگا +

خوراک ۱۰ سے ۲۰ منم تک +

لاٹن ———— ———— انگریزی

وی - لی - ریا - نی رائی - زو - ما ———— وبی - لی - ریئن رائی - زوم

اِسکے درخت کو وی - لی - ریا - نا اور - فی - سی - نی - لِس بولتے ہیں - برہمن کے اندر یا تو یہ درخت از خود پیدا ہوتا ہے یا بویا جاتا ہے - جو جنگلی ہوتے ہیں اُنمیں سے وہی درخت بہتر ہوتا ہے جو خشک زمین میں پیدا ہوتا ہے - اِس درخت کی جڑ خشک کی ہوئی دوا میں برتی جاتی ہے +

خاصیت - گانٹھہ اِس جڑ کی چھوٹی سفید مائل بزردی ہوتی ہے اِسمین بیشمار ریشے کے طور پر باریک جڑین قریب ۲ یا ۳ انچ لمبی لگی ہوتی ہین - ذایقہ تلخ اور بو تیز مگر تازہ جڑ سے خوشبو آتی ہے لیکن پُرانی جڑ بدبودار ہو جاتی ہے - پانی کے ہمراہ مقطر کرنے سے ایک لطیف روغن اور وی - لے - ریا - نک ایسڈ حاصل ہوتا ہے ٭

اجزا - لطیف روغن ٭ رال ٭ وی - لے - ریا - نک ایسڈ ٭

فائدہ اور استعمال - فائدہ اسٹی - میو - لنٹ اور نہایت تیز انٹس پا زمو ڈک ہے اِسکو مرض ہس - ٹے - ریا اور دیگر امراض عصبی مین دیا کرتے ہین ٭

خوراک سفوف کی ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک ٭

اِسکے تین مرکب ہین

لاٹین ———————— انگریزی

انفیوژم - وے - لی - ریا - نی ———— انفیوژن اف وے - لی - رئین

نسخہ وے - لے - رئین کوٹا ہوا ۱۲۰ گرین ٭ کھولتا ہوا ڈسٹلد واٹر ۱۰ آونس ٭ ایک بند برتن مین ایک گھنٹہ تک بھگو کر چھان لین ٭

خوراک ایک آونس سے دو آونس تک ٭

لاٹین ———————— انگریزی

ٹنکچورا - وے - لے - ریا نی ———— ٹنکچر اف وے - لے - رئین

نسخہ وے - لے - رئین کوٹا ہوا ۲ - ڈھائی آونس ٭ پروف اسپرٹ ایک پائینٹ ٭

ترکیب مانند ٹنکچر اف اکو - نایٹ کے (جسکو دیکھو)

خوراک ایک سے دو ڈرام تک ٭

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچورا۔ وے۔لی۔ریانی۔ایمو۔نیا ——— ایمونی ئیڈ ٹنکچرآف وی۔لی۔ریین

لننسخہ - وی۔لی۔ریتین کوٹا ہوا ڈہائی آونس * اروماٹک اسپرٹ ایمو۔نیا ایک پائینٹ * ایک خوب بند برتن کے اندر سات روز تک بہگو رکہین اور تب چہان کر اُسمین اسقدر ارو۔ماٹک اسپرٹ ایمو۔نیا ملا دین چہننے مین ایک پائینٹ پورا ہوجاوے * **خوراک** آدہی ڈرام سے ایک ڈرام تک *

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

وی۔را۔ٹرائی وی۔ری۔ڈس ——————— گرین ہے۔لی بور رائی۔زوم رائی۔زو۔ما

اسکے درخت کو وی۔را۔ٹرم وی۔ری۔ڈی کہتے ہین۔ اسکے درخت کی جڑ کی خشک گانٹہین دوا مین مستعمل ہین امریکا اور کے۔نے۔ڈا مین ان گانٹہون کو بارش کے موسم مین جمع کرتے ہین *

اجزا۔ گے۔لٹ اف وی۔را۔ٹریا *

فائدہ اسکے کہانے سے زبان خشک اور قے ہوتی ہے۔ بعض دفعہ اس سے دست بہی آتے ہین اور جب اثر اسکا سرایت کرجاتا ہے تب قلب اور دوران خون اور اعصاب نہایت سست ہوجاتے ہین *

استعمال۔ اس دوا کو انفلامیشن کی بیماریون خاصکر رو۔ما۔ٹیزم گاوٹ وغیرہ اسی قسم کے امراض مین دوران خون کے سست کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین کیونکہ اسکے استعمال سے مریض سست اور نبض اُسکی کمزور ہوجاتی ہے *

خوراک ایک گرین سے تین گرین تک *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ——————— انگریزی

ٹنکچورا - وی - ری - ڈِرائی وِی - ری - ڈس ——— ٹنکچراف گرین ہے - لی - بور

نسخہ - گرین ہے - لی - بور کی گانٹھہ موٹی سفوف کی ہوئی ۲ آونس + ریکٹی - فائیڈ اسپرٹ ایک پائینٹ +

ترکیب مانند ٹنکچر آف اکو - نایٹ کے (جسکو دیکھو)

خوراک ۵ بوند سے ۲۰ بوند تک +

لاٹن ——————— انگریزی

ہیما - ٹک - زائی - لائی - اگ - نم ——————— لاگ - اُڈ

اِسکے درخت کو ہیما - ٹک - زائی - لم کم - پے - چیا - نم بولتے ہین اِس درخت کے اندر کی لکڑی جتلاکر کے جو امریکا درمیانہ کے ملک کم - پے - چی اور ہان - ڈیو - رس اور جی - میکا کے ٹاپو سے آتی ہے دوا مین برتی جاتی ہے +

خاصیت - گندون کی رنگت باہر سے میلی ہوتی ہے پر اندر سے بہوری مائل بسُرخی - اِسکی کرچون کی بو خفیف پر خوش اور ذائقہ کسیقدر شیرین - اگر اسکا چھوٹا ٹکڑا چوسا جاوے تو تہوک کا رنگ گہرا ارغوانی ہوجاتا ہے +

اجزا - لطیف روغن + ہے - ما ٹیمن + رال + لے ٹنک ایسڈ

فائدہ اور استعمال - بطور اسٹرنجنٹ کے اِس دوا کو خاصکر ڈا - یا - ریا کرانک ڈ ومی - سنٹری اور ڈس - پپ - شیا مین اِس دوا کو بچون ہی کو اکثر دیا کرتے ہین - بدل اِسکا بکم لکڑی ہے +

اِسکے دو مرکب ہیں

لاٹن ———— ———— انگریزی

ڈیکاکٹم ہیما ٹک۔ زائی۔ لائی ———— ڈیکاکشن اف لاگ اُوڈ

نسخہ لاگ اُوڈ کی کرچین - ایک آونس ٭ ووال چینی کا سفوف ۵۵ گرین ٭ ڈسٹلڈ واٹر ایک پائینٹ ٭

لاگ اُوڈ کو پانی کے ہمراہ ۱۰ منٹ تک جوش دیوین بعد ازان دال چینی ملا کر چھان لین اور تب اُس چھلنی پر اتنا ڈسٹلڈ ڈہالین چھنے مین ایک پائینٹ پورا ہوجائے

خوراک ایک آونس سے ۲ آونس تک ٭

لاٹن ———— ———— انگریزی

اکسٹراکٹم - ہیماٹک - زائی - لائی ———— اکسٹراکٹ اف لاگ - اُوڈ

نسخہ - لاگ اُوڈ کی باریک کرچین - ایک پاؤنڈ ٭ کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر - ایک گیالن ٭ لاگ اُوڈ کو پانی مین ۲۴ گہنٹہ تک بہگو کر جوش دیوین اور جب آدہا رہ جاوی تب چہانکر واٹر باتھہ پر اُڑا کر لکڑی کے اسپا - ٹیولا سے ہلا ہلا کر جب مناسب گاڑھا کرلین - اِس مرکب کے بنانے کے لئے لوہے کے ظروف نہ استعمال کرنے چاہئیں

خوراک ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک ٭

لاٹن ———— ہندی ———— انگریزی

ہی - می - ڈس - مائی - ریڈ - کس ———— اننت مول ———— ہی - می - ڈس میشس روٹ

اِسکے درخت کا نام ہی - می - ڈس - مِس - انڈی - کس ہے - اِس درخت کی خشک کی ہوئی جڑ جو ہندوستان مین پیدا ہوتی ہے دوا مین برتی جاتی ہے ٭

خاصیت یہ جڑ گول اور لمبی لہردار ہوتی ہے اور بھوری زرد رنگ کی ہوتی ہے اور اسکے باہر کیطرف سال بسال کے پہننے کے داغ پائے جاتے ہین - بو اور ذایقہ خوش *
اجزا - ایک لطیف روغن اور جوہر ہے - نا - ڈس مین *
فائدہ اور استعمال ڈایو - رے - ٹک اور الٹرے - ٹو ہے - اِسکو بجائے سار - سا - پریلا کے مرض آتشک اور جلدی بیماریون مین دے سکتے ہین *

اسکا ایک مرکب ہے

لاتن ———————— ———————— انگریزی
سی - را - پس - ہی - مے - ڈس - نائی ———————— سرپ آف ہے - مے - ڈس
نسخہ اننت مول کچلا ہوا ۴ آونس * صاف شکر ۲۸ آونس * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ایک پائنٹ *
ایک بند برتن کے اندر اننت مول کو پانی مین ۴ گہنٹہ تک بہگو کر چھانکر یہہ چھوڑین تاکہ دُرد تہ نشین ہو جاوے - تب صاف عرق کو نتہار کر اُسمین چینی ملا کر دہیمی آنچ پر گلالین - سارے کو دو پاؤنڈ اور ۱۰ آونس ہونا چاہیے - اور اسکی اسپیسی فک گراوٹی ۱.۳۳۵ رہونی چاہیے - **خوراک** ایک ڈرام *

لاتن ———————— ہندی ———————— انگریزی
ہارڈیم ڈسی - کارٹی - کے - ٹم ———————— جو ———————— پرل - بارلی
اِسکے درخت کو ہار - ڈیم ڈس - ٹائی - کن بولتے ہین - اِس درخت کے مقشر بیج دوا مین استعمال ہوتے ہین *
خاصیت - سفید گول بیلن کے طور پر اور لمبائی سے ایک گہری لکیر ہوتی ہے *

فائدہ اور استعمال - اسکا ڈیکاکشن بطور رڈی ح مل سنٹ کے پلایا کرتے ہین

اسکا ایک مرکب ہے

انگریزی	فارسی	لاٹن
ڈیکاکشن اف بار-لی	آش جو	ڈیکاکٹم-ہار-ڈیای

لنسخہ - پرل-بار-لی ۲ آونس ڈسٹلڈ واٹر ڈیڑہ پائینٹ *

جو کو آب سرد سے دہو کر دہون کو پہینکدین تب ایک بند برتن کے اندر ڈسٹلڈ واٹر مین ۲۰ منٹ تک جوشدیکر چہان لین - خوراک جسقدر بیمار پی سکے *

انگریزی		لاٹن
ہایو-سی-مس-لیوس		ہایو-سی-امائی-فو-لیا

اِسکو ہِن-بن بھی بولتے ہین *

اِسکے درخت کو ہایو-سی-مِس-نائی-گر بولتے ہین دو سالہ درخت جو انگلنڈ مین پیدا ہوتا ہے اِسکے پتے اور شاخون کو جب پہول قریب دو تہائی کے کہلتے ہین خشک کرکے دوا مین استعمال کرتے ہین *

خاصیت پتے مرطوب اور پشمی ہوتے ہین اور انہین لہردار رگین ہوا کرتی ہین تازہ درخت کی بو تیز اور بد ہوتی ہے اور ذایقہ کسیقدر تیز جو خشک ہونے سے قریب رفع ہوجاتی ہے *

اجزا - جوہر ہایو-سی-مین *

اثر اور استعمال مثل بلاڈونا کے اِس دوا کے استعمال سے بھی ہذیان ہوتا منہہ خشک ہوتا ہے - پتلیان پہیل جاتی ہین اور نیند آتی ہے مگر فرق یہ ہے کہ

ہائیو۔سئی۔یَمَش کا اثر زیادہ تر ہیپ۔نا۔ٹک (مہنوم) اور کمتر محرک قلب ہی
اور اعضاے بول کے میو۔کس ممبرین پر اسکا اثر ہی۔ڈی۔یٹو بہی ہے کیونکہ
جب یہ دوا خون مین جذب ہو جاتی ہے تب گردون کے ذریعہ جسم سے خارج ہو جاتی
ہے۔ ڈاکٹر ہار۔لی کے تجربون سے ایسا پایا جاتا ہے کہ اس دوا کا اثر دل پر
ٹانک اور سی۔ڈی۔یٹو ہوتا ہے اور یہ کہ زیادہ مقدار کے کہانے سے دل کو
تحریک ہوتی ہے اور جب بہت ہی زیادہ مقدار مین کہائی جاتی ہے تب دل
کی حرکت لیست ہو جاتی ہے چنانچہ اسیواسطے جب دمہ دل کی بیماری کے سبب سے
پیدا ہوتا ہے تب اس سے فائدہ ہوتا ہے اور جب دانٹو کی بیماریون کے باعث
دل کو نہایت تحریک ہوتی ہے تب اس دوا کے استعمال سے وہ بات رفع
ہو جاتی ہے * جن تشنجی امراض مین بلا۔ڈو۔نا مفید پڑتا ہے اُنمین ہائیو سئی یَمَش
بہی استعمال کیا جا سکتا ہے اور جب مثانہ مین انفلامیشن (سِسٹ۔ٹائی۔ٹِس)
یا لمراش ہوتی ہے تب ان باتون کے رفع کرنے کے لئے ہائیو۔سئی۔یَمَش
نہایت عمدہ دوا ہے * اس دوا کا جوہر جسکو ہائیو۔سئی۔مین کہتے ہین خفیف
ڈا۔یو۔رے۔ٹک ہے اور مثانہ کی اُس حالت مین یہ دوا خاصکر مفید پڑتی
ہے کہ جب تہوڑا سا پیشاب آتے ہی مثانہ بار بار سُکڑتا ہے تاکہ وہ پیشاب خارج
ہو جاوے غرض ایسی صورت مین جب یہ دوا ہمراہ الکلی ادویات کے استعمال
کی جاتی ہے تب بہت فائدہ ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ بچون کو اس دوا کی زیادہ
مقدار کی اچہی برداشت ہوتی ہے برعکس اسکے جوانون کو اسکی تہوڑی مقدار
سے بہی بعض دفعہ نقصان پہنچتا ہے۔ جلاب سے اگر پیچش ہو تو اس دوا کے
ملا دینے سے وہ بات نہین ہوتی ہے اور کسی اندرونی عضو مین عصبی درد
ہو تو اُسکو بہی تخفیف ہو جاتی ہے اسکا جوس یعنے رس بمقدار ایک ڈرام کے

استعمال کے لیئے سب سے عمدہ مرکب ہے اور پیشاب کی سوزش (اس - ٹرانگ - گیورہی) اور مثانہ کے تشنج مین یہ نسخہ اچھا ہے ٭

نسخہ ٹنکچر اف ہائیو سی یمس ۲ ڈرام ٭ بائی - کار - بونٹ اف پوٹاش ۴ ڈرام اسپرٹ اف کلورا - فارم ۴ ڈرام ٭ پانی ساڑھے سات آونس ٭ ایکو ملاکر بمقدار ایک آونس کے آش جو کے ساتھ دن مین چار دفعہ پلاوین ٭

اسکے تین مرکب ہین

لاٹن	انگریزی
اکسٹراکٹم - ہائیو - سی - امائی	اکسٹراکٹ اف ہائیو سی یمس

نسخہ ہائیو سی یمس کے تازہ پتے اور کلیان اور نئی شاخین ۱۱۲ پاونڈ ٭ ہائیو سی یمس کو پتہر کے کہرل مین کوٹ کر رس نچوڑ ڈالین تب اُس رس کو ۱۳۰ درجہ تک آہستہ آہستہ آنچ دیوین اور جو سبز رنگت اوپر ہو اُسکو کپڑے سے چہان کر علیحدہ کرین تب اُس چہانے ہوئے عرق کو ۲۰۰ درجہ تک آنچ دیکر تاکہ اُسکا البیومن جم جاوے چہان لین اور واٹر باتھ پر اُسٹرا کرمثل پتیلے شیرہ کے گاڑھا کرکے وہ کل سبز رنگت اُسمین ملاوین بعد ازان سارے کو خوب گہونٹ کر ۱۴۰ درجہ تک اُڑاوین جبتک حسب مناسب گاڑھا اکسٹراکٹ بنجاوے ٭

خوراک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک ٭ یہ پل ان کا - ورسنتھ انڈ ہائیو - سی یمس کے ۳ حصہ مین ایک حصہ پڑتا ہے ٭

لاٹن	انگریزی
ٹنکچورا - ہائیو - سی - امائی	ٹنکچر اف ہائیو - سی - یمس

نسخہ - ہائیو - سی - یمس کے پتے خشک کیئے ہوئے یا کلیان جو کوبت ڈہائی آونس

فائدہ اور استعمال اسٹرنجنٹ اور ڈایو-ر یٹک نائٹرہ اور مثانہ کے امراض مین خراش رفع کرنے رودہ اور مثانہ اور نائٹرہ کی رطوبت کم کرنے کے لئے اسکو استعمال کرتے ہین مرض گلیٹ اور گردون کے مرضون مین بہی اسکو دیاکرتے ہین اور ہمراہ ایسڈ یا الکلی کے اسکو کہلا سکتے ہین *

خوراک سفوف کے ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن		انگریزی
انفیوژم-یو-وی-ار-سائی		انفیوژن اف بیار بی ری

نسخہ - بیار-بی-ری کے پتے نصف آونس * کہولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ آونس * بند برتن مین ایک گہنٹہ تک بہگو کر کپڑے سے چہان لین - **خوراک** ایک سے ۲ آونس تک *

لاٹن	فارسی	انگریزی
یو وی	کشمش	ری-زنس

اسکے درخت کو وائی-ٹس وائی-نی-فرا بولتے ہین - اس درخت کا پختہ پہل دہوپ مین یا آنچ پر خشک کرکے دوا مین برتتے ہین یہ میوہ ملک اسپین سے آتا ہے *

خاصیت - کشمش شکر سے بہرے ہوئے اور چپٹے اور چکنے ہوتے ہین اور انپر نہ تو شکر اور نہ نمک کا کوئی فرد ہوتا ہے بوخوش - گودا ملایم نہایت شیرین *

اجزا - شکر * اسڈ ٹارٹارٹ اف پوٹاش *

فائدہ اور استعمال کسیقدر ری-فری-جے-رنٹ انگور کے رس سے جب شراب بنتی ہے تو اوس وقت پیپے کی دیوارون پر اسڈ ٹارٹریٹ اف پوٹاش کی تلچہین جم

جاتی ہین جن سے ٹار۔ٹارک ایسڈ بنتا ہے ÷ کشمش ٹنکچورا۔کار۔ڈیمو۔ماتی کمیا۔زیٹا اور ٹنکچور ارسنی مین پڑتی ہے ÷

لاٹن —————— انگریزی

اسیڈم۔ٹار۔ٹریکم —————— ٹار۔ٹرک ایسڈ

نسخہ ایسڈ ٹار۔ٹریٹ اف پوٹاش ۴۵ آونس ÷ ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ÷ پریپیارڈ۔چاک۔ساڑہے بارہ آونس ÷ کلورائیڈ اف کیال۔سیم ساڑہے ۱۳ آونس ÷ سلفیورک ایسڈ ۱۰ آونس ÷

ٹار۔ٹریٹ اف پوٹاش کو دو گیالن پانی بین جوشش دیوین اور تب اسمین تہوڑی تہوڑی کہڑیا مٹی ملا کر بار بار ہلاتے جاوین اور جب جوش کہانا موقوف ہوجاوے تب دو پائنٹ پانی مین کلورائیڈ اف کیال۔سیم حل کرکے اسمین ملاوین اور جب ٹار ٹریٹ اف لایم نیچے بیٹھہ جاوے تو اوپر کے عرق کو نتہار کر اس ٹار۔ٹریٹ کو ڈسٹلڈ واٹر سے تبتک دہووین جبتک اسمین کچھہ ذایقہ نرہے تب ۳ پائنٹ پانی مین سلفیورک ایسڈ ڈائیلیوٹ کرکے اس ٹار۔ٹریٹ اف لایم مین چہوڑ کر خوب ملا کر اور بار بار ہلا کر آدہے گہنٹہ تک جوشش دیوین اور تب کپڑے سے چہان لین بعدہ اس چہانے ہوئے عرق کو دہیمی آنچ پر اڑاوین جبتک اسکی اسپسی۔فک گراوٹی ۱۲۱ ہوجاوے تب اسکو سرد کرین اور جو سلفٹ اف لایم کی قلمین بنی ہون انکو علیحدہ کرکے پہنیک دین بعدازان پہر اس عرق کو اڑاوین جبتک اسپر ملائی جم جاوے اب اسکو سرد کرین تاکہ قلمین بندہ جاوین بعدہ ان قلمون کو پانی مین حل کرکے اگر ضرورت ہو تو چہانکر پہر قلمین باندہ لین ÷

خاصیت۔اسکی قلمین پہلدار بے رنگ اور نہایت ترش ہوتی ہین پانی اور ریکٹی۔فائیڈ۔اسپرٹ مین فوراً حل ہوتی ہین ÷

رکھہ دین تاکہ پانی نچڑ جاوے اب ۲۱۲ درجہ کی آنچ پر پگھلا کر فلالین سے چھان لین اور جو کچھہ باقی ہو اُسکو گرم رہتے نچوڑ ڈالین بعد ازان ایک برتن مین رکھہ کر پانی کی بھاپ کی آنچ دیوین اور ۲۱۲ درجہ سے کسیقدر زیادہ آنچ پر رہنے دین اور بار بار ہلاتے رہین جبتک صاف ہو جاوے اور اُسمین باقی بالکل نرہے اخیر مین فلالین سے چھان لین ٭

خاصیت ۔ ملائم سفید چربی ہوتی ہے جو ۱۰۰ درجہ مین پگھل جاتی ہے ٭

شناخت ۔ اِس سے سڑی بو نہین آتی اور ایتھر مین بالکل حل ہو جاتی ہے ۔

فائدہ ایمو ۔ لنٹ ہے اسکو مرہم بنانے مین برتتے ہین ٭

یہ چربی مرکبات ذیل مین پڑتی ہے

اڈ ۔ پس ۔ بن ۔ زوی ۔ ٹس ٭

امپلاسٹرم کن تھے ۔ ری ۔ ڈس ٭

انگوینٹم ہایڈرار ۔ جرای نائی ۔ ٹری ۔ ٹس ٭

〃 آیوا ۔ ڈائی ٭

〃 لے ڈ ۔ ری ۔ جو ۔ تھے ۔ نی ٭

پری ۔ پیارڈ لارڈ کا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن ———————— انگریزی

اڈ ۔ پس ۔ بن ۔ زوی ۔ ٹس ———— بن ۔ زوی ۔ ٹڈ لارڈ

نسخہ ۔ پری ۔ پیارڈ لارڈ ایک پاونڈ ٭ بن ۔ زاین کوٹا ہوا ۔ ۱۴۰ گرین ٭ واٹر باتھہ پر چربی پگھلا کر بن ۔ زاین چھوڑ دین اور دونو کو بار بار گھونٹتے جاوین اور دو گھنٹہ تک برابر آنچ دیکر اخیر مین چھان کر جو بن ۔ زاین باقی رہے اُسکو علیحدہ

گرڈالین * یہ چربی مرکبات ذیل مین پڑتی ہے *

انگو-ان-ٹم اکو-نائی-سے ٹ-نے *

" اٹرو-پائی-نے *

" بلا-ڈو-نی *

" کے-لا-مائی-نے *

" کرائی-سا-رو-بائی-نے *

گے-لے *

" ہائی-ڈرار-جے-رائی سب-کلو-رائی-ڈائی *

" آیئو-ڈو-فار-مائی *

" پلمبائی-اسے-ٹے-ٹس *

" پو-ٹا-سیائی آیئو-ڈائی-ڈائی *

" سی-باتی-نی *

" سم-پلکس *

" اس-ٹا-فی-سا-گرائی *

" سل-فیو-رس *

" زن-سائی *

بنزائی-ٹڈ لارڈ کا ایک مرکب ہے چنانچہ

لاٹن ———— انگریزی

انگو-ان-ٹم سم-پلکس ———— سمپل آئینٹ منٹ

لنسخہ - سفید موم - ۲ آونس * بنزائی-ٹڈ لارڈ - ۳ - آونس *

واٹر باتھ پر موم اور چربی پگھلا کر اتار لین بعد ازان جتبک جم نہ جاوے گھوٹتے

جاوین ٭ یہ مرہم مرکبات ذیل مین پڑتا ہے

انگو-ان-ٹم انیٹے-مو-نیائی ٹا رہ-ٹرے-ٹائی

" کریو-زو-ٹائی

" اے-مائی

" ہائیڈرارجی رائی-امونٹے-ٹائی

" " " " آئیو-ڈائی-ڈائی رو-برائی ٭

" پلمبائی-کار-بو-نے-ٹس

" رے-زی-نے

" پلمبائی آئیو-ڈائی-ڈائی

لاٹن	فارسی	انگرزی
او-وٌم	بیضہ مرغ	اگ

مرغ کے انڈے مین دو حصے ہوتے ہین ایک سفیدی دوسرا زردی ٭

انڈے کی سفیدی کے اجزا یہ ہین البیومن ۰ر۱۲ حصہ ٭ میو-کس ۷ و ۲ حصہ ٭ نمک ۴ و ۰ حصہ ٭ پانی ۰ر۸۵ حصہ ٭ انڈے کی سفیدی سریع الہضم غذا ہے اور نہایت عمدہ ڈی-مل-سنٹ اور امو-لے-انٹ ہے ٭ علاوہ غذا کے تیز چیزون کے زہرون مین اسکو دیتے ہین جیسے کرو-سیو سب-لی-منٹ اور طوطیا وغیرہ ٭ یہ شے حرارت سے جم جاتی ہے ٭

انڈے کی زردی مین یہ اجزا ہوتے ہین زرد روغن ۵۷ و ۲۸ ٭ ال-بیو-مین ہمراہ فاس-فرس کے ۷۴ و ۱۷ ٭ پانی ۸ و ۵۸ ٭

فائدہ اور استعمال مثل سفیدی بیضہ ٭ زردی بیضہ سپیچو-رادائی ناتی گیالی سائے

مین پڑتی ہے ٭

لاٹن ـــــــــــ ـــــــــــ انگریزی

اولیم - مار - روئی ـــــــــــ کاڈ - لیور - آئیل

واضح ہو کہ کاڈ - لیور - آئیل ایک قسم کی مچھلی کے جگر کے تیل کو کہتے ہین ٭ علم حیوانات کے اصطلاح مین اس مچھلی کو گے - ڈوس - مار - روا کہتے ہین ٭

ترکیب کاڈ - لیور - آئیل حاصل کرنے کی - ملک نیو - فاونڈ - لنڈ مین یہ روغن کثرت سے تیار ہوتا ہے تازہ مچھلی کا جگر نکال کر ٹکڑے ٹکڑے کر کے دیگچے مین بہر دیتے ہین اور پانی کی بہاپ کی دہیمی آنچ پر جوش دیتے ہین اس ترکیب سے روغن علیحدہ ہو کر اوپر تیرنے لگتا ہے تب کفگیر سے علیحدہ کر کے چھانکر پیپون مین بہر دیتے ہین ٭

خاصیت اور شناخت - رنگ زردی مایل کو کسیقدر بسایٔن مچھلی کی سی - چند قطرے روغن کو ایک چینی کے برتن پر رکہکر اسمین ایک قطرہ سلفیورک ایسڈ کا ملایا جاوے تو اودا رنگ پیدا ہوگا پھر یہ رنگ جلد زردی یا سرخی مایل ہو جائیگا ٭

اقسام - انگلنڈ مین دو قسم کے روغن کا استعمال ہوتا ہے ایک تو وہ جو کسیقدر سفیدی یا قریب بے رنگ ہوتا ہے ٭ دوم وہ جو زردیا کسیقدر بہوری رنگ کا ہوتا ہے - مگر جو بہورے رنگ کا ہوتا ہے وہ یا تو کڑی آنچ پر تیار ہوتا ہی یا سڑے جگر سے بنتا ہے ٭ نہایت خفیف زردی مائل روغن کا استعمال قرابادین مین جائز ہے ٭

اجزا - تازہ روغن کے سو حصہ مین ۸۰ حصہ او - لیئن ۱۵ حصہ مار - گے - ریئن

ہمراہ ایک شے کے جسکو اصطلاح مین گے ۔ ڈو ۔ آئیڈین بولتے ہین یہ شے صفرا کے کسی حموضات مین سے ایک کی خاصیت رکھتی ہی یعنے کولک یا اسے ٹک یا ہیو ۔ لے ۔ رک ۔ علاوہ ازین بعض دفعہ کاڈ ۔ لیور ۔ آئیل مین کسیقدر آئیوڈین اور برو ۔ مین بہی ہوتا ہے ۔

مختلف قسم کے روغنون کی صفائی اور اثر مین بہی اختلاف ہی مثلاً ماہی کے جگر کے کیسون مین جو روغن ہوتا ہی چونکہ وہ قریب بے رنگ ہوتا ہے اسواسطے یہ ظاہر ہے کہ جو روغن تازہ جگر سے تیار ہوگا اسمین کاڈ ۔ لیور ۔ آئیل کے کل اجزا نہایت خالص موجود ہونگے گہرے رنگ کے روغن مین جو کسیقدر سڑے ہوئے جگر سے تیار ہوتی ہین لطیف حموضات اور صفراوی اجزا کثرت سے ہوتے ہین مگر نہایت عمدہ اجزا یعنے او ۔ لے ۔ اک اسڈ اور گلائی ۔ سی ۔ رئین نہایت کثرت سے ہوتے ہین ۔ پس جس روغن کا رنگ نہایت ہلکا ہوگا وہی زیادہ تر فائیدمند ہی ہوگا اور معدہ بہی اُسکو آسانی سے قبول کریگا برعکس اِسکے گہری یا بہورے رنگ کا روغن نہایت بدبودار اور بد ذائقہ ہوتا ہے اور اسکے پینے سے جی متلاتا ہے اور اِس قسم کے روغن کے پینے کی عادت بیمار کو اگر پڑ بہی جائے اور معدہ اِسکو قبول بہی کرلے تاہم ہاضمہ بگڑ جائیگا اور ضرر پیدا ہوگا اور ڈاکٹر گے ۔ رڈ کی رائے ہلکے رنگ کے روغن کی نسبت یہ ہے کہ

اول ۔ یہی اصل روغن ہے جو کاڈ مچھلی کے جگر مین ہوتا ہے ۔

دوم ۔ اِسمین سڑاند کے اجزا کوئی بہی نہین ہوتے جیسے گہرے رنگ کے روغن مین ہوا کرتے ہین ۔

سوم ۔ معدہ اِس قسم کے روغن کو نہایت آسانی سے قبول کرلیتا ہی ۔

چہارم ۔ تجربہ سے یہ بات ثابت ہی کہ اِس قسم کا روغن نہایت فائدہ مند ہی ۔

اور ہلکے رنگ کے روغن مین حموضات اور صفراوی اجزا کم ہوتے ہین

فائدہ کاڈ-لیور-آئیل کا - جب یہ روغن پیا جاتا ہے تو ابتدا مین اکثر اس سے جی متلاتا ہے - خراب ڈکار آتے ہین اور گاہے گاہے قے بہی ہو جایا کرتی ہو لیکن پیتے پیتے جب اسکی عادت پڑجاتی ہے تب یہ باتین رفع ہوجاتی ہین ٭

تولہ بہر کی مقدار مین پینے سے یہ چیزین معرق اور مدر ہی بعض اوقات اس سے حیض بہی کہلکر آجاتا ہے اور گاہے گاہے جسم پر دانے پیدا ہوجاتے ہین - اسکے استعمال سے اکثر لوگ لحیم اور شحیم ہوجاتے اور انکا وزن بہی بڑہ جاتا ہی - ان باتون مین کوئی اور روغن کاڈ-لیور-آئیل کی برابری نہین کرسکتا مگر ہان ناریل کی گری کا تیل البتہ مثل کاڈ-لیور-آئیل کے فائدہ مند ہے ٭

استعمال - اگرچہ کاڈ-لیور-آئیل کا استعمال بہتیری بیماریون مین کیا گیا ہے لیکن کسی مین یہ ایسا مفید نہین پایا گیا جیسا نقرس اور وجع مفاصل اور خنازیر اور سل کی بیماری مین لیکن انمین بہی جبتک اس روغن کا استعمال عرصہ دراز تک نہین کیا جاتا ہے تبتک فائدہ ظہور مین نہین آتا ٭

بلغمی مزاج کو یہ روغن بہ نسبت دموی مزاج کے زیادہ تر فائدہ کرتا ہے اور جب معدہ یا امعا مین خراش یا انفلامیشن ہو تب یہ روغن نقصان کرتا ہے اور وجع مفاصل مزمن مین کہ جب گوشت اور رباط کہچکر سخت ہوگئے ہون اور مفاصل جڑ گئے ہون تب اس روغن سے فائدہ ہوتا ہے مگر مزمن نقرس مین چندان فائدہ مند نہین ہے خنازیر کے اکثر اقسام مین یہ روغن فائدہ مند ہے لیکن خاصکر جب یہ مرض استخوان کو مبتلا کرتا ہے اور بچون کے مرض ٹے-بس-مے-بس-ٹے ریکا مین نہایت مفید ہے ٭

سل کی بیماری کی نسبت تجربہ اور مشاہدہ یہ کہتا ہے کہ اس مرض کے روکنے کیواسطے کاڈ-لیور-آئیل ایک عمدہ دواؤنمین سے ہے کیونکہ اس روغن کے استعمال سے

عرصہ دراز تک بیماری رُکی رہتی ہے اور بعض دفعہ سشش کے زخم بھی بھر جاتے ہین جلدی امراض مین بھی کاڈ-لیور-آئیل مفید پڑتا ہے اور ذیابطیس کی بیماری مین بھی بعض دفعہ اِس سے فائدہ ہوتا ہے ⁂

ترکیب استعمال اور خوراک چھہ ماشہ کی مقدار سے شروع کرنا چاہیئے اور رفتہ رفتہ خوراک اِس روغن کی بڑہانی چاہیئے ⁂ اِس روغن کو تہوڑے عرصہ بعد غذا کے پینا چاہیئے ⁂ جنکو خالص روغن ہضم نہو تو عرق پودینہ یا سونف ملا کر پلاوین نہین تو لائیکوار-پوٹا-سی کے ہمراہ دین لیکن یہ بات یاد رہے کہ جب روغن ہلکے رنگ کا ہوتا ہے تب وہ خوب ہضم ہوجاتا ہے ⁂

خوراک ایک ڈرام سے آٹھہ ڈرام تک ⁂

پپ-سین

ترکیب برٹیش-فار-ما-کو-پیا کی- تازہ ذبح کئے ہوئے خوک یا بھیڑی یا گائے یا بچھیا کے معدہ کو چُھری سے کھولکر تختہ پر اسطور سے بچھادین کہ اندر کی سطح اوپر کو ہو اور جو کچھہ آلائش اُسمین ہو اُسکو دور کردین اور اُس سطح کو آب سرد سے تہوڑا دہوڈالین اب اُس پردہ کو چُھری یا کسی اَور چیز سے کُھرچین-جو شے گاڑہی حاصل ہو اُسکو شیشہ یا چینی کی رکابی پر فوراً بچھاکر ۱۰۰ درجہ کی گرمی پر خشک کرڈالیں اور شیشہ کے کاگ دالی بوتل مین رکھہ چھوڑین ⁂

خاصیت-پپ-سین جب بھیڑی یا گاؤسالہ کے معدہ سے تیار ہوتا ہے تو سفید شربتی رنگ کا سفوف ہوتا ہے اور بو اور ذائقہ اسکا بد ہوتا ہے-یہ چیز پانی مین حل ہوجاتی ہے ⁂

فائدہ اور استعمال- یہ دوا بدہضمی مین مفید پڑتی ہے اور اسکو ڈائیکوٹ ہائیڈو

کلورک اسڈ کے ساتھہ کہلانے سے زیادہ تر فائدہ ہوتا ہے ٭

خوراک بہیڑی کے پپ - سین کی ۱۰ سے ۱۵ گرین تک اور خوک کی ۲ سے ۵ گرین تک ٭

لاٹن ـــــــــــــــــــ ـــــــــــــــــــ انگریزی

سی - بوم - پری - پار - ٹیم ـــــــــــــــــــ پری - پیارڈ - سویٹ

یہ بہیڑی کے شکم کے اندر کی چربی ہوتی ہے جسکو پگہلا کر چہان لیتے ہین ٭

خاصیت یہ چربی سفید ملائم اور قریب بے بو ہوتی ہے ۱۰۳ درجہ کی گرمی مین پگہل جاتی ہے ٭

فائدہ اور استعمال ایمو - لنٹ اور اسکو مرہم اور پلاسٹر بنانے مین استعمال کرتے ہین چنانچہ یہ چربی ایمپلاسٹرم کن - تہا - رس - ڈس اور انگوانیٹم ہائیڈرار جراتی مین پڑتی ہے ٭

لاٹن ـــــــــــــــــــ ـــــــــــــــــــ انگریزی

سی - کے - رم - لکٹس ـــــــــــــــــــ شوگراف - ملک

گاے کے دودہ کا مادہ الجبنی اڑا کر شکر کی قلمین باندہ لیتے ہین ٭

خاصیت اس شکر کی اکثر گول گول ۲ - ۲ انچ کی ڈلیان ہوتی ہین اور انمین سینی یا ڈوری لگی ہوتی ہے یا یہ شے جو گوشہ کلڑ دن مین ہوتی ہے رنگ سفید اور مسی باہر اور اندر سے اسمین قلمین پائی جاتی ہین کسیقدر شفاف سخت بے بو خفیف شیرین اور چبانے سے کرکرا معلوم ہوتا ہے ٭

فائدہ اور استعمال اس شکر کو تیز دواون کے سفوف مین ملانے کے لئے استعمال

کر سکتے ہین مثلاً وہایٹ بیسمتھ کیا-لو-ٹل اور ہایڈرو-کلورٹ اف مار-فیا وغیرہ اور بجاے گنّے کے شکر کے اِسکو بچون کی غذا مین ملا سکتے ہین-گاے کے دودہ مین پانی ملاکر تہوڑی سی یہ شکر ملائی جاوے تو اُسکو بجاے عورت کے دودہ کے استعمال کر سکتے ہین ٭

خوراک جسقدر بیمار کہا سکے ٭ یہ چینی پل-وس ایلا-ٹرای-نے کمپا-زی-ٹس مین پڑتی ہے ٭

لاٹن ———————— انگریزی

سی-ٹی ریشئیم ———————— اسپر-مے-سی-ٹے

یہ چربی ہوئیل مچہلی سے ملتی ہے جو بحر پی-سی-فک اور ہند مین ہوتی ہے چنانچہ یہ چربی اس مچہلی کے سر کے اندر ہوتی ہے اِسکو نکال کر پہر دکر کے صاف کر لیتے ہین ٭

خاصیت منجمد موتی کے طور پر سفید چمکیلی کسیقدر شفاف ذایقہ اور بو خفیف-تہوڑا اسا ریکٹی-فائیڈ اسپرٹ ملانے سے مسفوف ہو جاتی ہے ٭

شناخت چہونے سے بہت کم روغنی معلوم ہوتی ہے ۱۰۰ درجہ کے نیچے نہین پگہلتی ٭

فائدہ ایمو-لنٹ اور بطور ایمو-لنٹ کے اِسکو باہر لگاتے ہین ٭

یہ چربی چار-ٹا ایس پا سٹیکا مین پڑتی ہے ٭

اِسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ———————— انگریزی

انگوانیٹم سی-ٹی-شیای ———————— اینٹ منٹ اف اسپری ستی ٹی

نسخہ اسپر-می-سی-ٹی ۵-آونس ٭ سفید موم ۲-آونس ٭ امنڈ ائیل-ایک

پاینٹ۔ بن۔ زائین ۱/۲ آونس ٭

سبکو دہیمی آنچپر پگہلا کر اُتارلین اور تب ہلاتے جاوین جبتک جم جاوے ٭

لاٹن ——— ہندی ——— انگریزی

سیرا۔ البا ——— سفید موم ——— وہائیٹ۔ وکس

مرطوب ہوا اور روشنی مین رکہہ کر زرد موم کا رنگ اُڑانے سے سفید موم حاصل ہوتا ہے۔ یہ موم برٹن مین پیدا ہوتا ہے اور دیگر ممالک سے بہی آتا ہے ٭

خاصیت۔ سخت قریب سفید اور کسیقدر شفاف ٭

شناخت۔ ہاتہہ لگانے سے روغنی معلوم نہین ہوتا اور ۱۵۰ درجہ کے نیچے پگہلتا ہے ٭

فائدہ۔ ایمو۔ لنٹ ٭ یہ موم مرکبات ذیل مین پڑتا ہے ٭

چارٹا۔ ایس۔ پاس۔ لےٹ۔ کا اور انگوانیٹم سے۔ ٹے۔ شیائی۔ اور انگوانیٹم سم۔ پلکس مین پڑتا ہے ٭

لاٹن ——— ہندی ——— انگریزی

سیرا۔ فلی۔ وا ——— زرد موم ——— یالو۔ وکس

یہ موم شہد کی مکہی کے چہتے سے تیار ہوتا ہے اور یہ برٹن مین پیدا ہوتا ہی اور اور ملکون سے بہی آتا ہے ٭

خاصیت۔ یہ ہوتا ہے سخت توڑئے تو دانہ دار دکہائی دیتا ہے رنگ زرد اور بو خوش مثل شہد کے ٭

شناخت۔ ہاتہہ لگانے سے روغنی نہین معلوم ہوتا اور ۱۴۰ درجہ کے نیچے

نہین پگہلتا - سپرٹ ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ مین سارا حل نہین ہوتا پر آئیل اف ٹرپن ٹائنز مین بالکل حل ہو جاتا ہے کہولتے ہوئے پانی مین ڈالکر ملایا جاوے اور بعد سرد ہونے کے اُس مین آیڈ - ڈین ملایا جاوے تو نیلا نہین ہوتا ÷ فائدہ اور استعمال مانند سفید موم کے ÷

زرد موم مرکبات ذیل مین پڑتا ہے

سیرا - ال - با

امپلاس - ٹرم کے - لے - فی - شنس

〃 کن - تھے - راٹڈس

〃 گیال - بے - نائی

〃 بائی - سپش

〃 سے - پو - نیش فش - کم

انگو - انٹم کن - تھے - ری - ڈس

〃 ہائی - ڈرار - جے - رائی گپیا - زی - ٹم

〃 بائی سپش لے - کوئی - ڈی

〃 رے - زی - نی

〃 سی - بائی - نی

〃 ٹے - ری - بن - تھے - نی

پلو - لا - فاس - فو - رائی -

لاٹین	انگریزی
فل لو - وائی - نم پیو - ری - فی - کے - ٹم	پیو - ری - فائیڈ اکس - بائیل

نسخہ - بیل کی تازی پت - ایک پاینٹ ٭ ریکٹی - فائیڈ - اسپرٹ جب ضرورت ایک بوتل مین پت اور اسپرٹ ہلا ہلا کر ملا کر ۱۲ گھنٹہ تک رکھہ چھوڑین تاکہ دُرد تہ نشین ہو جاوے تب صاف عرق کو نتھار کر چینی کے کپشول مین واٹر باتھ پر تبنک اُڑاوین جبتک وہ شے تیز مایل بزردی گولیون کی لگدی کے طور پر ہو تی ہے ذائقہ کچھہ تو شیرین اور کچھہ تلخ پانی اور اسپرٹ مین حل ہو جاتی ہے ٭

فائدہ اور استعمال جب خشک کی ہوئی پت دوا کی مقدار مین کھلائی جاتی ہے تو اسکا فائدہ کسیقدر لکسی - ٹیو ہوتا ہے - اِس چیز کو اُن حالات مین استعمال کرتے ہین کہ جب براز مین صفرا کی کمی پائی جاتی ہے اور بعض قسم کے مرض ڈِس - پپ - پشیا مین اِسکا فائدہ اسٹو - ما - کک بہی پایا گیا ہے یعنے اُس قسم مین کہ جب قبل از غذا قے ہوتی ہے پر حقیقت یہ ہے کہ اِس چیز کے اثر کی صداقت کے لئے اور بہی تجربہ درکار ہے ٭

خوراک صاف کی ہوئی پت کے ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک ٭ یا زیادہ اکثر اسکو گولیون کے طور پر دیا کرتے ہین ٭

لاٹن ——— ——— انگریزی

کاک - کس ——— کوچی - نیل

اِسکے جانور کو کاک - کس - کک - ٹائی بولتے ہین مادین کیڑا خشک کیا ہوا دوا مین برتا جاتا ہے یہ کیڑے ملک مکسی - کو اور ٹے - نی - رہی - فی مین پلتے ہین ٭

خاصیت - یہ کیڑے بیضوی شکل کے اور ایک جانب سے مسطح اور دوسری سے محدب قریب ۳ لاین لمبے پُر شکن سیاہ یا سفید سُرمسی رنگ کے ہوتے ہین کوٹنی سے انکے اندر سے ایک گہرا سرخ رنگ کا سفوف نکلتا ہے - جو کرم سفید اور سرمسی

ہوتا ہے آگ کے سامنے گرم کرنے سے وہ فوراً سیاہ ہوجاتا ہے *

فائدہ اور استعمال اسکو خاصکر نگست کے لئے استعمال کرتے ہین مگر سابق مین ہو-پنگ-کاف مین بہت مفید جانتے تھے *

کو-چی-نیل مرکبات ذیل مین پڑتی ہے -

ٹنکچر ا-کار-ڈی مو-مائی کمپازیٹا ایک پاینٹ مین ۵۵ گرین *

" سنکو-نی-کینا-زیٹا کے ایک پاینٹ مین ۳۰ گرین *

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ——————— انگریزی

ٹنکچورار کاک-سائی ——————— ٹنکچر اف کوچی نیل

نسخہ - کو-چی-نیل سفوف کیا ہوا ڈھائی آونس * پروف اسپرٹ ایک پاینٹ * سات روز تک بھگو کر چھان لین اور تب نچوڑ کر چھان کر اسمین اسقدر پروف اسپرٹ ملاوین جسمین ایک پاینٹ پورا ہوجاوے *

خوراک آدہی ڈرام سے ڈیڑہ ڈرام تک *

لاٹن ——————— ہندی ——————— انگریزی

کن-تھے رس ——————— تیلنی مکھی ——————— کین-تھا-ری-ڈس

اِس مکھی کو اصطلاح مین کن-تھے-رس وی-سی-کے-ٹو-ریا بولتے ہین یہ مکھی خشک کی ہوئی جو ملک روس اور سِسی-لی اور ہنگے-ری مین جمع کیجاتی ہے دوا مین مستعمل ہے *

خاصیت یہ مکھی ۸ سے ۱۰ لائن تک لمبی اور دھات کے طور پر چمکیلی اور سبز رنگ کی

اسمین دو پر لگے ہوتے ہین جنکے نیچے اَور بہی دو باریک اور شفاف پر ہوتے ہین بو تیز اور بدسفوف بہورا اور سُرمسی جسمین چمکیلے سبز رنگ کے ذرے ہوتے ہین

شناخت یہ مکہی کرم خوردہ نہین ہوتی +

فائدہ - اِس مکہی کے لگانے سے جلد پہلے تو سُرخ ہو جاتی ہے اور اِسمین خراش پیدا ہوتی ہے زان بعد اگر اِسکو اَور بہی دیر تک رکہا جاوے تو جلد پر چہالے پیدا ہو جاتے ہین اور چونکہ اِسکا اثر جسم کے اندر منجذب ہو جاتا ہے اِسلئے لگانے سے اکثر ویسی ہی علامتین ظاہر ہوتی ہین جیسی اِسکے کہانے سے ہوا کرتے ہین اگر اِسکو دوا کی خوراک بین کہلایا جاوے تو اکثر پہلا اثر اِسکا یہ پیدا ہوتا ہے کہ پیشاب کسیقدر زیادہ آتا ہے اور مثانہ کی گردن مین ایک خفیف سُرسراہٹ معلوم ہوتی ہے اگر اِس پیشاب کو امتحان کیا جاوے تو اِسمین کسیقدر البیومن پایا جاتا ہے اور باریک بین سے دیکہنے سے بعض دفعہ اِسمین خون بہی پایا جاتا ہے اگر اِس سے بہی زیادہ مقدار مین کہلایا جاوے تو پیشاب خون آمیز اور جلکر آتا ہے اور قضیب کو خیزش ہوتی ہے اور بعض دفعہ قوت باہ بہی زیادہ ہوتی ہے اور پیشاب کم یا بند ہو جاتا ہے اور اُسکے نتائج ظاہر ہوتے ہین تب تشنج ہوکر بیمار راہی ملک بقا ہو جاتا ہے - ایسا قیاس کرتے ہین کہ اثر اِس دوا کا حرام مغز پر ہوتا ہے +

استعمال - رو - بی - فی - شینٹ کے طور پر جلد پر اِسکے لے - نی - منٹ کی مالش کرتے ہین اِسمین یہ خوبی ہے کہ اثر اِسکا رفتہ رفتہ پیدا ہوتا ہے اور بہت دیر تک رہتا ہے اور بہ نسبت امو - نیا اور اسے ٹک اسڈ کے لے - نی - منٹ کے اِسمین خراش بہی کم پیدا ہوتی ہے اور چہالا اُٹہانے کے لئے اسکا پلاسٹر یا مرہم وغیرہ اعضاے اندرونی کے انفلامیشن مثلاً پلوراٹیس (پے - ری کا - ڈائٹیس

اور نیو-مو-نیا وغیرہ مین بعد کسیقدر رفع ہو جانے علامات شدید کے لگایا کرتے
ہین اور دردناک اور بیمار جوڑون پر بہی لگاتے ہین اور جب کسی عضو اندرونی مین
اجتماع خون کا ہو تب بہی اسکو بطور امالہ کے چہالہ اُٹہانے کے لئے لگاتے
ہین مثلاً دماغ وغیرہ اور اُن مقامون پر بہی لگاتے ہین جنمین درد ہو مگر انفلامیشن
نہو مثلاً مختلف قسم کے نیو-رلجیا مین اور جلدی بیماریون پر بہی اسکو ہبی فائدہ
کے لئے لگاتے ہین ٹنکچر اف کن-تہے-ری-ڈس کو پُرانی پٹہون کی بیماریون
خاصکر حرام مغز کے مرضون مین مثلاً کرانک پے-را-پلیجیا اور بسبب مفلوج ہوجانے
مثانہ کے جب سلسلبول ہو جاوے اُسمین پلاتے ہین اور بعض دفعہ یہ دوا
ہائیڈ-رو-کفلس اور اس قسم کے البیو-مے-نیو-ریا مین مفید پائی گئی ہے
جسمین انفلامیشن نہو اور جلدی بیماریون مین خاصکر اُس قسم مین جنمین چہلکے پیدا
ہوتے ہین یہ دوا فائدہ مند ہے - اُن امراض جلدی مین اسکا مفید پڑنا شاید
اسکے ڈا-یو-رے-ٹک فائدہ کے باعث ہے بعض دفعہ اسکو مرض گلیٹ
اور دیگر جریان میو-کس رطوبت مین بہی دیا کرتے ہین ؁

احتیاطین کن-تہے-ری-ڈس کے لگانے اور کہلانے مین

اول - جب گُردون مین ایکوٹ انفلامیشن ہو تب اسکو نہو لگانا چاہئے اور نہ کہلانا چاہئے
کسلئے کہ اسکا جوہر منجذب ہو جاتا ہے ؁

دوم - بچون اور کمزور مریضون مین اس دوا سے چہالا اُٹہانے مین محتاط رہنا چاہئے
کسلئے کہ چہالے کا زخم بیمار کو تکلیف دے سکتا ہے اور شاید ہلاک بہی کر ڈال
سکتا ہے ؁

کہوٹ اُوڑ قسم کی مکہیان اور مصنوعی شیشہ کی نلیان اور رنگ کی ہوئی پوتہہ

اِس ہلکی مین ملا دیتے ہین تاکہ اُسکا وزن زیادہ ہو *
بدل اِسکا بدل ہندوستان کی تیلنی مکہی ہے *

اِسکے سات مرکب ہین

لاٹن	انگریزی
اِمپلاسٹرم - کن - تہے - ری - ڈُس	کن - تہے - ری ڈُس پلاسٹر

لسنخہ - زرد موم ساڑہے سات آونس * کن - تہے - ری - ڈُس باریک سفوف کیا ہوا ۱۴ آونس * برہی - پیارڈ - سویٹ ساڑہے سات آونس * ریزن ۳ آونس * برہی - پیارڈ - لارڈ - ۶ - آونس *

پانی کے بخار یا واٹر باتہہ پر موم سویٹ اور لارڈ کو پگہلا لین تب رال کو پگہلا کر اُسمین ملا دین بعد ازان آنچ سے اُتار کر تہوڑی تہوڑے عرصہ پیشتر کن - تہے - ری ڈُس اُسپر چہڑک کر خوب گہونٹ کر ملالین *

لاٹن	انگریزی
اِمپلاسٹرم - کیا لی مفی یشنس	وارم پلاسٹر

لسنخہ - کن - تہے - ری - ڈُس کوٹا ہوا - ۴ - آونس * کہولتا ہوا پانی ایک پائینٹ پیٹرا ہوا روغن جاے پہل ۴ آونس * زرد موم ۴ آونس * رال ۴ آونس * سوپ پلاسٹر ۲ پاؤنڈ * ریزن پلاسٹر - سواتین پاؤنڈ *

کن - تہے - ری - ڈُس کو کہولتے ہوئے پانی مین چہہ گہنٹہ تک بہگو کر کپڑے مین رکہکر خوب نچوڑ ڈالین تب اُس نچوڑے ہوئے عرق کو پانی کے بخار یا واٹر باتہہ پر تبتک اُڑا دین جبتک ایک تہائی باقی رہ جاوے تب اُسمین دوسرے اجزا کو ملاکر پانی کے بخار یا واٹر باتہہ پر پگہلا لین اور خوب گہونٹتے جادین جبتک

سارا ملجاوے ✤

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

لائیکوار-ایس-پاس-ٹی-کس ——————— بلسٹرنگ لی-کوئیڈ

لسنخہ-کن-تہے-ری-ڈوس سفوف کیاہوا ۵ آونس ✤ اسیٹک-ایتہر حسب ضرورت ✤

کن-تہے-ری-ڈس کوتین آونس ایسے-ٹک-ایتہر مین ملاکر پر-کو-لے-ٹر مین بہر دین اور ۲۴ گہنٹہ بعد اُس پر-کو-لے-ٹر مین اسیٹک-ایتہر چہوڑ دین اور آہستہ آہستہ تبتک مقطر ہونے دین جتبک ۲۰ آونس مقطر ہوجاوے اِس عرق کو شیشہ کے کاگ والی بوتل مین بند رکہنا چاہیئے ✤

یہ مرکب کلو-ڈی-ام وی-سی-کنس مین پڑتا ہے ✤

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

ٹنکچورا-کن-تہے-ری-ڈس ——————— ٹنکچراف کن-تہے-ری-ڈس

لسنخہ-کن-تہے-ری-ڈس کوٹا ہوا چوتہائی آونس ✤ پروف اسپرٹ ایک پائینٹ ✤ ایک بند برتن مین سات روز تک بہگو رکہین اور گاہے گاہے ہلا دیا کرین تب چہاڑ ڈالین اور پہر نچوڑ کر فلٹر کرین بعد ازان اِسمین اِسقدر پروف اسپرٹ ملاوین جتنے مین ایک پائینٹ پورا ہوجاوے ✤

خورک ۵ سے ۲۰ بوند تک ✤

لاٹن ——————— ——————— انگریزی

انگو-انیٹم کن-تہے-ری-ڈس ——————— آئینٹ منٹ اف کن تہے-ری-ڈس

لسنخہ-کن-تہے-ری-ڈس ایک آونس ✤ زرد موم ایک آونس ✤ الیو ائیل ۶ آونس ✤ ایک بند برتن کے اندر کن-تہے-ری-ڈس کو روغن مین ۲۴ گہنٹہ تک

بھگو رکھین تب اُس برتن کو کھولتے ہوئے آب گرم مین ۵ منٹ تک کھگر کپڑے مین خوب دبا کر چھانین اور تب موم پگھلا کر اُس مرکب مین چھوڑ دین بعد ازان اُسکو گھوٹتے جاوین جبتک جم جاوے - بلسٹر کے زخم سے مواد جاری رکھنے کے لئے اس مرہم کو لگایا کرتے ہین -

لاٹن ———— ———— انگریزی

اسیٹم - کنتھا رٹیڈس ———— ویثی گراف کنتھا - رڈیس

نسخہ - کنتھا رڈس سفوف کیا ہوا ۲ آونس * گلی سٹیل اسیٹک اسٹڈ دو آونس * اسیٹک اسڈ ۲۰ آونس یا حسب ضرورت *

گلیسٹیل - اسیٹک اسڈ مین ۱۳ آونس اسیٹک اسڈ ملالین اور تب اُس عرق ہیز کھیون کو چھوڑ کر ۲۰۰ درجہ کی گرمی مین ۲ گھنٹہ تک بھگو رکھین اور بعد سرد ہونے کے سہارے کو ایک پرکو - لے - ٹر کے اندر بھر دین اور جب عرق مقطر ہونا موقوف ہوجاوے تب اُس پرکولے - ٹر مین جو کچھ باقی ہو اسمین ۵ - آونس اسیٹک اسڈ چھوڑ دین اور بعد مقطر ہوجانے کے جو کچھ پرکو - لے - ٹر کے اندر ہو اُسکو نچوڑ ڈالین اور اُس عرق مقطر کو چھانکر اگلے عرق مین ملالین تب اُسمین اسقدر اسیٹک اسڈ ملاتے جاوین جتنے مین ایک پائینٹ پورا ہوجاوے *

لاٹن ———— ———— انگریزی

چارٹا - ایس - پاس - ٹیکا ———— بلسٹرنگ پے - پر

نسخہ - سفید موم ۴ آونس * اسپر - می - سی - ٹی ڈیڑھ آونس * الیوائیل دو آونس * ریزن پون آونس * کنتھا رڈس سفوف ایک آونس * ڈسٹلڈ واٹر ۶ آونس * کےنے - ڈا بالسم چوتھائی آونس *

بجز کےنے - ڈا بالسم کے اور سب اجزا کو واٹر باتھ پر ۲ گھنٹہ تک بھگو رکھین

تب اُسکو چھان کر پلاسٹر کو عرق سے علیحدہ کر ڈالین بعد ازان پلاسٹر کو ایک چوڑے برتن مین پگھلا کر کے ___نے - وم بالسم چھوڑ دین تب کاغذ کے ٹکڑے اُس گرم عرق مین پھیر دین تا کہ وہ پلاسٹر کاغذ کی ایک جانب پر پتلا پھر جائے - یہ بہتر ہے کہ رول کیا ہوا کاغذ کام مین لادین تا کہ اُسکے علیحدہ علیحدہ حصے معلوم ہو جاوین کہ اُنمین سے ہر ایک حصہ ایک انچ مربع ہوتا ہے ❊

لاٹن ________ فارسی ________ انگریزی

لاک ________ شیر ________ ملک

اجزا - دودہ مین یہ اجزا ہوتے ہین کے - ئرین یعنے جُبن ❊ بٹر یعنے مکھن ❊ اور شکر ❊ اگرچہ دودہ اچھی غذا ہے مگر بموجب اپنے تجربہ کے سو مین ۹۹ آدمی کو یہ چیز ہضم نہین ہوتی معدہ مین جاتے ہی اسکی ترشی کے ساتھ ملکر دودہ پھٹ جاتا ہے اُسوقت یا تب قئے ہو جاتی ہے نہین تو پیٹ پھول جاتا ہے اور بعض دفعہ یا تو اس سے دست آنے لگتے ہین یا قبض ہو جاتا ہے دودہ کا مصلح چونے کا پانی ہے (لائیکوار کیال سِس) یعنے جسکسیکو دودہ ہضم نہوتا ہو تو اُسمین چونہ کا پانی ملا کر پلانا چاہئے - چونے کے پانی سے معدہ کی تُرشی زایل ہو جاتی ہے تب معدہ مین دودہ پھٹنے نہین پاتا ❊ بطور ڈی ___ل سنٹ اور ایمیو - نی - انٹ کے تیز زہرون مین دودہ پلایا کرتے ہین ❊ دودہ مشہور اسکا - مو - نیائی مین پڑتا ہے ❊

لاٹن ________ فارسی ________ انگریزی

ماس - کس ________ مشک ________ مسک

جس جانور سے یہ شے حاصل ہوتی ہے اُسکو اصطلاح مین ماس کس ماسقی فر بر
بولتے ہین - یہ ایک قسم کا ہرن ہوتا ہے جو ملک تبت اور دیگر مقامات ایشیا
درمیانہ مین پیدا ہوتا ہے اِس جانور کی پری - ہیوس یعنے خشفہ مین جو گلٹیان
ہوتی ہین انکی گاڑہی رطوبت کو مشک بولتے ہین - یہ شے چین سے آتی ہے -

خاصیت - اِسکے دانے ٹیڑہے جنکے سیاہ مایل بسرخی اور کسیقدر روغنی
ہوتے ہین - بو تیز عجیب اور اِسکی مہک پہیلجاتی ہے - ذایقہ تلخ اور خوشبودار
یہ دانے باریک پردہ کی تہیلی مین ہوتے ہین جسکی شکل گول یا کسیقدر بیضوی
ہوتی ہے تہیلی مذکور قریب دو اینچ کے موٹی اور باہر کیجانب پر سخت ہرمسی
رنگ کی پشم - اِس تہیلی کے درمیانہ سوراخ کے چارون طرف ہم مرکز چکر کے
طور پر لگے ہوتے ہین ٭

فائدہ اور استعمال - مثل کسٹر کے اِسکا بہی فائدہ اسٹی-میو-لنٹ اور
انٹس-پاز-مو-ڈک ہے اور انہین امراض مین اِسکو بھی دے سکتے ہین جنمین
کسٹر دیا کرتے ہین ٭

خوراک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک ٭

کہوٹ - چونکہ یہ شے بیش قیمتی ہے تو اِسمین اکثر کہوٹ ہونیکا احتمال ہے
چنانچہ بے ایمان سوداگر اکثر ایسا کرتے ہین کہ تہیلی سے مشک نکال کر اُس
مین خشک خون ہمراہ تہوڑی سی خالص مشک کے بہر دیتے ہین پہر اُس تہیلی
کو باحتیاط بند کر دیتے ہین اور ایسا ہی کرتے ہین کہ اِس جانور کے فوطہ یا چمڑے
کی تہیلیان بناکر اُنمین تہوڑا سا مشک اور خشک خون بہر دیتے ہین - شکل
اور خاصیت اِن تہیلیون کی دیکہنی چاہیے اور اُنکی پشم کی ترتیب کو بہی ملاحظہ
کرنا چاہیے ٭

لاٹن ــــــــ فارسی ــــــــ انگریزی

مِل ــــــــ شہد ــــــــ ہنی

شہد کی مکہی کو اصطلاح مین ایس ـ می ـ لی ـ فیکا بولتے ہین ـ یہ مکہی شہد کے چہتے مین جو شیرین رطوبت جمع کرتی ہے اُسکو شہد بولتے ہین ٭

خاصیت یہ ایک نیم سیّال کسیقدر شفاف عرق ہوتا ہے رنگ زرد اور کسیقدر بہورا ـ بو عجیب اور نہایت شیرین ٭

شناخت اسمین پانی ملاکر ۵ منٹ تک جوش دیکر سرد کرکے اگر سولیوشن اف آیوڈین ملایا جاوے تو نیلا نہین ہوتا ٭

فائدہ اور استعمال ـ ڈِمی ـ مل ـ سنٹ اور لکسی ـ ٹیو ٭ لیکن زیادہ مقدار مین کہانے سے مروڑا اور نفخ ہو سکتا ہے ـ یہ باتین خاصکر بڑا نے شہد سے زیادہ ہوتی ہین اسکو ہمراہ اَور دوا کے اکثر دیتے ہین اور گلّے کی دوا مین بہی پڑتی ہے اور بدبودار زخمون پر بہی اسکو لگاتے ہین ٭

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ــــــــ ہندی ــــــــ انگریزی

مل ـ ڈی ـ پیو ـ ری ٹم ــــ صاف کیا ہوا شہد ــــ کلاریفائیڈ ـ ہنی

نسخہ شہد ۵ پونڈ ٭ شہد کو واٹر باتھ پر پگہلا کر فلالین کو گرم پانی سے بہگو کر اُس سے اُس شہد کو گرم رہتے چہان لین ٭

لاٹن ———— ہندی ———— انگریزی

ہائی-رو-ڈو ———— جونک ———— لیچ

جونک دو قسم کی ہوتی ہے - اول سنگ-گوہی-سوگا او-فی-سی-نی-لس *
دوم سنگ-گوہی-سوگا می-ڈی-سی-نی-لیش * جونک خاصکر ہمبرگ سے
آتی ہے اور ہندوستان مین بہی کئی قسم کی جونک پیدا ہوتی ہے *

خاصیت - جونک دو یا تین انچ لمبی دونو جانب سے گاؤدم ہوتی ہے اور
پشت کیطرف محدب اور شکم کیجانب مسطح اور اڑائی سے دہاریان ہوتی ہین *
قسم اول کا شکم زرد مایل بسبزی اور اسپر سیاہ داغ ہوتے ہین - اور قسم دوم کا
شکم سبزی مایل اور بغیر داغ دار ہوتا ہے *

فائدہ اور استعمال جب کسی خاص مقام کا خون نکالنا منظور ہوتا ہے تب
اسپر جونکین لگاتے ہین ایک جونک قریب ڈیڑہ ڈرام کے خون پیتی ہے مگر
اس مقام پر فومن-ٹے-شن کرکے آدہے آونس تک خون نکال سکتے
ہین - اگر جونکون کے زخم سے خون بند نہو تو اسکو دبا رکہین یا اسپر پہنکری کا
سفوف چہڑک دین یا ناءٹریٹ اف-سلور کی باریک قلم سے اسکو داغ دین اور
ماٹی کو اور رکہو-ڈین کے لگانے سے بہی خون بند ہوجاتا ہے - اگر کسی ترکیب
سے خون بند نہو تو اسپر ٹانکا لگا دین *

حصّہ چہارم

نئی دوائین جنکا ذکر فارما-کو-پیا مین نہین ہے مگر طبیبون کے استعمال مین بہت کثرت سے آتی ہین

۱- آسمک اِسڈ

کئی نامی گرامی طبیب اِس اسڈ کی نسبت فرماتے ہین کہ نیو-رلجیا کے درد مین نہایت مفید ہے چنانچہ جلد کے اندر اِس اِسڈ کی پچکاری اِس ترکیب سے کرنی چاہیے کہ اِسکا عرق اِس مقدار کا تیار کرین جسکے سو حصہ پانی مین ایک حصہ اِس اِسڈ کا آجاوے - اب اسمین سے ۵ قطرے لیکر درد کی جگہہ پر جدہر کو دردناک نرو جاتا ہو پچکاری کرین - کہتے ہین کہ جب کسی دوا سے درد کو افاقہ نہین ہوتا ہے تب وہ درد اِس اِسڈ کی پچکاری سے رفع ہوجاتا ہے ڈاکٹر بل-راتھ فرماتے ہین کہ جب اِس اسڈ کی پچکاری ٹرو-کن-ٹر اور اس-کے-ام ہڈیون کے بیچون بیچ خوب گہری کیجاتی ہے تب برسون کا سائی-ٹیکا رفع ہوجاتا ہے - شاذ ہی فائدہ نہین ہوتا ہے - مگر کسی قسم کی برائی نہین پیدا ہوتی ایک دفعہ کی پچکاری مین اوپر کے عرق کے ۵ ۱ قطرہ تک کا استعمال کرسکتے ہین ٭

۲- پک - رک اسڈ

نا ے - ٹرک اسڈ مین آہستہ آہستہ کار - با - لِک اسڈ جوڑنے سے پک - رک اسڈ
حاصل ہوتا ہے * اِسکے زرد رنگ کے چمکدار چپٹے چپٹے ٹکڑے ہوا کرتے
ہین - ۹۰ حصہ پانی مین اِسکا ایک حصہ حل ہو جاتا ہے اور رنگ اس عرق کا
شوخ زرد ہوتا ہے حال مین البیو - من کی گرفت کے لئے یہ اسڈ استعمال کیا
جاتا ہے چنانچہ اِسکے پانی کے گاڑہے عرق کے چند قطرے پیشاب مشکوک
مین ڈالے جاتے ہین تب ایک گہرا غبار تہ نشین ہو جاتا ہے پیشاب مشکوک کا
ٹسٹ - ٹیوب مین آدہا ڈال کر اُسمین آہستہ سے قریب ایک ڈرام کے اُس
گاڑہے عرق کو ڈال دین تاکہ پیشاب کے اوپر تیرتا رہے - آنچ دینے سے
پہلے اُس مین کسی تیزاب کی ضرورت نہین ہوتی * پیشاب مین شکر کی گرفت کے
لئے بہی پک - رک اسڈ کا استعمال کرتے ہین چنانچہ پیشاب مشکوک مین
پک - رک اسڈ اور کاس - ٹک پوٹاش ملاکر جوش دین - اگر اُس پیشاب میں
شکر ہوگی تو اُس زرد پک - رک اسڈ کا رنگ سرخ ہو جائیگا اور شکر جسقدر
زیادہ ہوگی رنگ بہی اُسیقدر زیادہ گہرا ہوگا *

۳- اگے - رِی - کس ا‌لبس

یہ ایک قسم کی کاہی ہے جو لارچ کے درخت پر پیدا ہوتی ہے - اِسکے ٹکڑے
ہوا کرتے ہین ملئے تو آسانی سے چور ہو جاتے ہین اور رنگ اِنکا سفیدی
مایل ہوتا ہے - اِسکا ایک جوہر ہے جسکو اگا - رِی - سین کہتے ہین - یہ
سفید چمکدار سفوف کی شکل پر ہوتا ہے *

فائدہ اور استعمال۔ جب اِس کائی کا سفوف پندرہ گرین کی مقدار مین یا اِسکا اکسٹراکٹ ۳ گرین کی مقدار مین یا اِسکا جوہر اَرگا۔ ری۔ سین ۱/۱۲ گرین کی مقدار مین کہلایا جاتا ہے تب سل کی بیماری مین جو بکثرت پسینہ آتا ہے وہ رُک جاتا ہے۔ زیادہ مقدار مین یہ دوا مسہل ہے اور کم مقدار مین ڈا۔ یا۔ ریا اور ڈی۔ سن۔ ٹری اور ہے۔ ماپ۔ لٹے۔ سِس مین مفید ہے اور اِسکے استعمال سے پستانون کا دودہ اور ہوا کی نالیون کا بلغم بھی خشک ہوجاتا ہے۔

مرکبات۔ ایک اکسٹراکٹ جسکو رِیکٹی۔ فائیڈ۔ اسپرٹ سے تیار کرنا چاہئے۔

خوراک ۳ سے ۶ گرین تک گولیون کی شکل پر دینا چاہئے۔

دوسرا۔ ٹنکچر جسکے ۱۰ حصہ پروف۔ اسپرٹ مین ایک حصہ یہ دوا ہوتی ہے۔

خوراک ۲۰ سے ۶۰ قطرہ تک۔

۴۔ انٹے۔ پائی۔ رِیئن

یہ شے سفید سفوف کے طور پر ہوتی ہے اور ذائقہ اِسکا بد نہین ہوتا۔ اِسکی مقدار کا نصف حصہ گرم پانی مین حل ہوجاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال۔ یہ دوا نہایت عمدہ انٹے۔ پائی۔ رے ٹِک ہے اِسکے استعمال سے بخار کی حرارت کم ہوجاتی ہے۔

ترکیب اِسکے استعمال کرنے کی یہ ہے کہ بخار کی حرارت کم کرنے کے لئے ۱۵ گرین سے ۲۵ گرین تک کافی ہے چنانچہ گھنٹہ گھنٹہ بعد تین دفعہ یہ دوا کہلانی چاہئے مثلاً پہلی دفعہ ۲۰ گرین۔ دوسری دفعہ ۳۰ گرین اور تیسری دفعہ ۱۵ گرین یا ایسا کرین کہ گھنٹہ گھنٹہ بعد تین دفعہ پندرہ ۵ پندرہ گرین کی مقدار مین کہلا دین۔ رات و دن کے اندر ۷۵ گرین تک یہ دوا کہلائی جا سکتی ہے

اور اُسکے کہلانے کی یہ بہی اچھی ترکیب ہی کہ ۳۰ گرین کو ۱۶ قطرہ آب گرم مین حل کرکے اِس عرق کی پچکاری جلد کے اندر کرین *

بچون کے بخار مین یہ دوا خاصکر مفید ہے چنانچہ بچہ کے ہر یک سال کی عمر کے لئے ڈیڑہ گرین نصف آونس عرق پودینہ مین شیرین کرکے گہنٹہ گہنٹہ بعد تین مرتبہ پلا دین - گاہے گاہے اِس دوا سے قے ہو جایا کرتی ہے اور بعض دفعہ کہلکر پسینہ آجاتا ہے - یہ دوا ہر قسم کے بخار مین مفید ہے - چنانچہ ٹائی - فائیڈ * اسکار - لٹ * ری - لیپ - سنگ * پیور - پے - رال * ہک - ٹک فیور اور رینو - مو - نیا اور پلو - ری - سی اور سل اور ارسی - سی پے - لس کے بخارون مین بہی فائدہ مند ہے *

۵ - ا - پیول

یہ شے سبز رنگ کے روغن کی طرح ہوتی ہے اور یار - سلی بوٹی کا جوہر ہے *

فائدہ اور استعمال - نہایت عمدہ ڈا - یو - رے ٹک ہی * زیادہ مقدار یعنے ایک ڈرام کی مقدار مین اِسکے استعمال سے کونین کے طور پر کانون مین باجے بجتے سے سنائی دیتے ہین - درد سر ہوتا ہے اور سر گہومتا ہی * مگر یہ دوا خاصکر ڈس - مے - نو - ریا اور اِمے - نو - ریا مین مفید ہے تین قطرہ سے پانچ قطرہ کی مقدار مین اِسکی کیپ - شیول بناکر حیض آنے کے ایام سے قبل پہلے کہلانا چاہئے - یہ دوا اُس قسم کے امے - نو - ریا مین فائدہ کرتی ہے جس مین پر - منگنے - نٹ اف پو - ٹاش کہلایا کرتے ہین یعنے اُس صورت مین جب بلا سبب حیض ایک یا دو یا تیسری دفعہ بہی رُکا رہتا ہے *

۶۔ آر۔ بیو۔ ٹین

یہ شے یو۔ وا۔ آر۔ سائی کا جوہر ہے *

فائدہ اور استعمال - یہ شے اِن بیماریون مین نہایت فائدہ مند ہی چنانچہ کرانکِ سِسٹ۔ ٹائی۔ ٹِس اور اعضاے بول کے کسی حصہ مین جب پیپ پڑجاوے *

خوراک ۱۵ سے ۳۰ گرین تک پانی مین حل کرکے پلادین *

۷۔ اِسٹیپ ٹال یا سلفو۔ کار۔ بال

یہ دوا بہ نسبت کار۔ با۔ لکِ اسڈ اور سے۔ لی۔ سی۔ لکِ اسڈ کے زیادہ تر ڈس۔ اِن۔ فکٹ۔ ٹنٹ اور انٹی۔ سیپ۔ ٹک ہی اور وبائی بیماریون مین مِدو۔ فائی۔ لک۔ ٹک اور ڈس۔ اِن۔ فکٹ۔ ٹنٹ کے طور پر بجاے اوپر کے دونو دواؤن کے بخوبی استعمال کیجا سکتی ہے *

۸۔ لائیکوارکیال۔ سیا۔ پنٹا سل۔ فائی۔ ڈائی

اِس عرق کے تیار کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ ایک آونس گندہک اور ایک آونس سل۔ کڈ۔ لائیم آدہی گیالن پانی مین ملاکر جوش دین * یہ مرکب اسکے۔ بیز یعنی گیلی کھجلی مین اکسیر کا کام کرتا ہے۔ چنانچہ اِس مین اسفنج یا ملایم کپڑا ترکرکے مرض کے مقام پر آہستہ آہستہ پھیردین اسکے کرنے سے سلفیو۔ ری۔ ٹڈ ہائیڈرو۔ جن ہوا فوراً پیدا ہوجاتی ہے جس سے اسکے۔ بیز کا کرم ہلاک ہوجاتا ہے۔ گندہک کے مرہم مین جیسی چکتائی ہے

ویسی اسمین نہین ہے اور اسکے لگانے سے پہلے مرض کے مقام کو صابون
سے خوب طرح مل مل کر دہوڈالنے کی بھی کچھ ضرورت نہین ہے ۔

۹ - کو - بو - فائی - لین

یہ ایک درخت کی جڑ کا سفوف ہے رنگ جسکا کسیقدر بہورا ہوتا ہے ۔
فائدے اسکا ڈا - یو - ریٹیک اور امے - نی - گاگ اور پار - ٹیو - ری - اینٹ ہے ۔
خوراک بطور گولی کے ایک سے ۴ گرین تک ۔ اسکا اثر سیدھا رحم پر ہوتا ہے ۔

۱۰ - کان - وے - لے - ریا مے - جی - لس

روس کے ملک مین یہ دوا ڈراپ - سی کی بیماری مین عرصہ سے استعمال ہوتی
آتی ہے ۔
فائدہ اور استعمال اسکا اثر ڈی - جی - ٹے - لس کے نہایت مشابہ ہے ۔
دل جب کمزور ہوجاتا ہے تب اسکے استعمال سے دل کو طاقت آجاتی
ہے اور یہ عمدہ ڈا - یو - رے - ٹک بھی ہے - استعمال کے لئے اسکا عمدہ
مرکب اکسٹراکٹ ہے چنانچہ ایک حصہ اسکی جڑ اور پتے اور تین حصے اس کے
پہولون کا لیکر اکسٹراکٹ تیار کرلین ۔
خوراک اسکی ۵ گرین - لیکن اسکے جوہر کان - وے - لا - مے - ریئن کا استعمال
سب سے بہتر ہے چنانچہ اسکی خوراک ایک گرین کے تیسرے حصہ سے ۲ گرین
تک اور اس دوا کے پہولون کا انفیوژن بھی بہت اچھا مرکب استعمال کے لئے
ہے چنانچہ خشک پہول ایک گرین لیکر ایک آونس آب گرم مین انفیوژن تیار
کرلین ۔ مائی - ٹرل والو کی بیماری مین جب دل بہت کمزور ہوجاتا ہے تب

اس دوا کے استعمال سے بہت ہی فائدہ ہوتا ہے چنانچہ تنگی نفس کی جاتی رہتی ہے - چڑچڑا مزاج خوش ہو جاتا ہے اور دل کی شدت سے دہڑکن کو بھی آرام آجاتا ہے - جب اِسکا استعمال موقوف کیا جاتا ہے تب اثر اس دوا کا ہفتہ تک برابر قائم رہتا ہے - اِس دوا کے استعمال مین نبض بڑا اور باقاعدہ حرکت کرتی ہے - پیشاب کی مقدار بڑہ جاتی ہے اور ڈراپ - سی کا مرض کم ہوتا جاتا ہے ۔

۱۱ - ڈے - میانا

یہ ایک درخت کا نام ہے جسکے استعمال سے اعضاے تناسل کے اعصاب کو طاقت آتی ہے یعنے اِسکا فائدہ اِ - فرو - ڈی - سی - اِک ہے خوراک ایک آونس اِسکے انفیوژن کا یا ایک ڈرام اِسکے لی کوئیڈ اکسٹراکٹ کا دن مین تین دفعہ دین ۔

یہ دوا ہے - مے - بلیجیا اور پے - را - پلے - جیا مین بھی مفید ہے ۔

۱۲ - یو - اور - نے - میئن

یہ ایک درخت کی چھال کا بہورے رنگ کا سفوف ہوتا ہے ۔

فائدہ اور استعمال یہ شئے اپے - ری - انٹ اور ڈا - یو - رے - ٹک اور اکس - پکٹ - ٹو - رنٹ بھی ہے مگر بہت عمدہ اثر اِسکا جگر پر اسٹی - میولنٹ ہوتا ہے - عادتی قبض مین کہ جب جگر سے صفرا اچھی طرح خارج نہین ہوتا ہے اور بعض قسم کی ڈراپ - سی مین یہ دوا مفید ہے - ۲ سے ۵ گرین تک کہلانے سے خوب کہلکر دست آجاتے ہین اپے - ری - انٹ کے طور پر ۲ گرین یو - او - نے - مین اور ۲ گرین اکسٹراکٹ اف ہن - بن کی ایک گولی

بنا کر رات کو کہلا دین اور صبح کو نمک کا جلاب دیدین ٭

۱۳ - یو - فار - بے - ام
پے - لو - لی - فرا

اِس دوا کا اثر اُن ساری بیماریون پر ہوتا ہے جو نیو - مو - گسٹرک نرو کی خرابی سے پیدا ہوتی ہین جیسے دمہ اور نوبتی تنگی نفس لے - رن جش مشر اسٹرائی - ڈیو - ریش اور ہو - پنگ کاف اور ان - جائی - نا پکٹ - ٹو - رِش **ترکیب استعمال** یا تو اِس دوا کا ڈیکاک - شن بمقدار دو آونس کے دن مین دو دفعہ پلا دین یا اِسکا اکسٹراکٹ نصف سے ڈیڑہ گرین تک کہلا دین ٭

۱۴ - گو - سی - پیائی - را - ڈی سیش
کار - ٹکس یعنے روئی کے درخت کے جڑ کی چھال

بجائے ار - گٹ کے اِسکو امے - رنے - گاگ اور پار - ٹیوری - انٹ کے طور پر استعمال کرتے ہین ٭ اِسکا ٹنیکچر استعمال ہوتا ہے چنانچہ اس چھال کا ایک حصہ ۴ حصہ پروف اسپرٹ ٭ **خوراک** ایک ڈرام دن مین تین دفعہ ٭

۱۵ - گرن - ڈی - لیا

گرن - ڈی - لیا - رو - بسٹا درخت کے پتے اور کونپلین آسما اور ہوپنگ کاف مین امریکا کے اندر عرصہ سے استعمال ہوتے ہین اور بہت مفید ہین ممکن دمہ کی بیماری کو جیسے اَور دواؤن سے ویسے اِس سے بہی گاہے گاہے فائدہ نہین بہی ہوتا ہے - یہ دوا خوشبودار ہوتی ہے مگر ذائقہ عرصہ تک تیز رہتا ہے

زیادہ مقدار کے استعمال سے نروس۔سسٹم کے اُس حصہ پرجہان سے
آلات تنفس کو اعصاب حاصل ہوتے ہین اس دوا کا اثر ہے۔ڈی۔پیرو ہوتا ہی
اور جب اِس سے بہی زیادہ مقدار مین استعمال کیا جاتا ہے تب نیند آتی ہی
اور ہاتہہ پاؤن تہوڑے بہت سُن ہوجاتے ہین۔اِس مین ایک روغن آمیز
رال ہوتی ہے جو جسم سے گردون کے وسیلہ سے خارج ہوجاتی ہے۔تب
اِس دوا کا فائدہ ڈایو۔رے۔ٹک ہوتا ہے مگر اِسکا لطیف روغن ہوا کی
نالیون کے میو۔کس پردہ کے وسیلہ سے جسم سے خارج ہوتا ہے۔پس اسواسطے
یہ دوا برانکائی۔ٹِس اور ام۔فائی۔سے۔ما اور برانکو۔ریا مین مفید ہے۔علاوہ
ازین یہ دوا سِسٹ۔ائی۔ٹِس اور آئی۔رائی۔ٹِس مین بہی مفید ہی اور اِسکی
پچکاری سے لیو۔کو۔ریا اور یو۔ری۔تہرائی۔ٹِس کو فائدہ ہوتا ہے ٭

خوراک۔آسما کی بیماری مین اسکی لے۔کوئیڈ اکسٹراکٹ کے ۱۰ سے ۳۰
قطرہ گہنٹہ گہنٹہ یا آدہ آدہ گہنٹہ بعد کہلاوین۔ہوپنگ کاف مین دو سال کے
بچے کے لئے ۵ قطرے ٭ اِسکے خشک اکسٹراکٹ کی خوراک برانکائی۔ٹِس
مین ایک سے تین گرین ٭

۱۶۔گیوا۔را۔نا

پو۔لے۔نیا سار۔بے۔لِس درخت کے بیجون کو بہون کر پانی مین بہگوتے
ہین۔اب اِنکو پیس کر سخت لئی بنا لیتے ہین اور اِس لئی کی بتیان بناکر سکہلا لیتے
ہین۔یہ دوا برا۔زیل سے آتی ہے۔اِسکا ایک جوہر ہے جسکو گیوا۔را۔ین
کہتے ہین۔اثر اِسکا کافی کے جوہر کافین کے مشابہ ہے۔یہ دوا اِنگ۔رِیئن
ہینے سِک۔ہیڈک مین مفید ہے۔اِسکا ایک ٹنکچر ہے جسکے تیار کرنے کی ترکیب

یہ ہو کہ ایک آونس گیوا-را-نالیکر اِسقدر پروف اِسپرٹ مین بھگو کہ جہان لین جس
مین ۴ آونس ٹنکچر حاصل ہو - اِسکی خوراک نصف سے ایک ڈرام تک اور اِس
دوا کے جوہر کی خوراک نصف سے ۵ گرین یا زیادہ ؞

۱۷ - ھے - ے - مے - لِش

اِسکے درخت کو ہے - ٹ - مے - لِش ور - جے - نے - کا بولتے ہین - اِس درخت
کے پتے دوا مین استعمال ہوتے ہین - فائدہ اِسکا نہایت عمدہ اِس ٹِپٹ - ٹک
اور اسٹرنجنٹ ہے - اِپش ٹِکٹ - سِش اور ہے - ما - ڈ - جی - سِتس اور
ہے - ماپ - لِٹ - سِش اور ہے - ما - ٹیو - ریا اور مے - نو - را - جیا مگر خاصکر
خونی بواسیر مین جب اِس دوا کا استعمال کیا جاتا ہے تب خون بند ہو جاتا
ہے ؞ اِسکے ٹنکچر کا ایک حصہ جب ۲۰ حصہ پانی مین ملا کر گہاؤ اور زخمون پر لگایا
جاوے یا خونی بواسیر مین پچکاری کیجاتی ہے تب بہت فائدہ ہوتا ہے اور
سوزاک اور لیو - کو - ریا مین مفید ہے ؞ مگر ساتھ اِس عرق کے لگانے کے
اِس دوا کا ٹنکچر پانچ پانچ قطرہ کی مقدار مین دن مین تین یا چار دفعہ پلانا بہی
چاہیے ؞ اِسکے پتون سے ایک عرق نکالا جاتا ہے جسکو ہے - زی - لین
کہتے ہین جسکی خوراک نصف ڈرام ہے ؞ ہے - زی - لین کے ایک آونس
کی پچکاری خونی بواسیر مین نہایت مفید ہے اِس سے خون جلد بند ہو جاتا
ہے ؞

۱۸ - ہے - ڈی - او - ما

ہے - ڈی - او - ما پیو - لے - جیائی - ڈِش کے پتون اور کونپلون سے

ایک لطیف روغن حاصل ہوتا ہے جسکا فائدہ مثل پودینہ کے آئل - بائز - موڈک اورکار - مے - نے - ٹیو ہے اور رحم پر اِسکا اثر نہایت عمدہ ایٹی - میتولینٹ ہوتا ہے جس سبب سے مدّ رحیض کے طور پر دیا ہے - اقطرہ کی مقدار تک امے - نو - ریا کے مرض مین نہایت فائدہ ہے - اِس سے حیض کھلکر آجاتا ہے ؞

۱۹ - ہائی - ڈراس - ٹِس کے - نے - ڈن رِسِس

اِس درخت کی جڑ کی گانٹھین اور باریک باریک جڑین بھی دوا مین استعمال ہوتی ہین - اِسکا فائدہ نہایت عمدہ اسٹو - ما - کِک ٹانک ہے ؞ خرانٹ شرابیون کے معدہ مین ہمیشہ کسی قدر انفلامیشن موجود ہوتا ہے اور اُس سبب سے معدہ مین بلغم بھرا رہتا ہے - غرض انکی شراب چھڑانے کے لئے یہ دوا نہایت عمدہ بدل ہے - علاوہ ازین یہ دوا کسیقدر ملیّن بھی ہے اور جگر پر اِسکا اثر کسیقدر اسٹی - میو - لنٹ ہوتا ہے بذریعہ ردوون اور اعضاے بول کے یہ دوا جسم سے خارج ہوتی ہے تب اُن مقامات پر اپنا اثر کسیقدر الٹرے - ٹیو بھی پیدا کرتی ہے چنانچہ اِسیواسطے اِسکو بواسیر مین اور سوزاک مین اور مرض لیو - کو - ریا مین استعمال کرتے ہین مگر اُن صورتون مین اِس دوا کا استعمال خارجی اور داخلی دونو طور پر کرنا چاہئے ؞

اِسکا ایک جوہر ہے جسکو ہائی - ڈراس - ٹین کہتے ہین ؞

خوراک جڑ کے سفوف کی ۳۰ گرین - ایک آونس کھولتے ہوئے آب گرم مین بھگو کر پلا دین ؞

ہائی - ڈراس - ٹین کی خوراک ایک سے ۴ گرین تک اور ٹنکچر کی خوراک آدھی سے

ایک ڈرام تک ایک آونس پانی مین ملاکر پلاوین - ٹنکچر مین ۴ آونس جڑ اور ایک پاینٹ
پروف اسپرٹ ہی ٭

۴۰ - کئے - رئین

یہ شی سفید سفوف کیطرح ہوتی ہی - ذایقہ تیز اور بو بد - جب یہ دوا ۱۵ گرین کی مقدار مین گھنٹہ گھنٹہ
آدہی آدہی گھنٹہ بعد دیجاتی ہی تب بخار کی حرارت صریحا کم ہوجاتی ہی لیکن اسکے بد ذایقہ
کے سبب نیز اسکے استعمال سے بعد مین جو جو خرابیان پیدا ہوتی ہین اس سبب سے بہا اطبیب
انٹی - پارئین کو بہتر سمجھتے ہین - اسکے استعمال سے پسینہ کہلکر آتا ہی اور یہ دوا پیشاب کے
ذریعہ جب جسم سے خارج ہوتی ہی تب پیشاب کا رنگ گہرا سبز ہوجاتا ہی - چند طبیب
اس دوا کی نسبت فرماتے ہین کہ اسکے استعمال سے بیمار اکثر نڈہال ہوجاتے ہین - یہ دوا
ان ساری بیماریون مین دیگئی ہی جن مین بخار کی حرارت بہت تیز ہوتی ہی - لیکن اس
دوا کے استعمال مین طبیب کو ہر نصف گھنٹہ بعد تہرما - مے - ٹر لگاکر جسم کی حرارت دیکھنی
چاہیئے اور جب سیماب سو درجہ پر آجاوے اسیوقت اس دوا کو بند کردینا چاہی کیونکہ بعد
موقوف کرنے کے بھی حرارت ضرور گہٹ جاتی ہے - یہ بات یاد رہی کہ یہ دوا تازی
بنی ہوئی استعمال مین لانی چاہیئے کیونکہ جب پرانی ہوجاتی ہی تب اسکے استعمال سی خطرہ ہی
اسمین خوب پانی ملاکر پلانا چاہی اور بعد مین بھی خوب پانی پلانا چاہیئے ٭

۴۱ - اک - تھول

یہ شی گاڑہی القطرہ کی شکل کی ہوتی ہی اور اسکے سو حصہ مین ۱۰ حصہ گندہک ہوتی ہی - اسکو
پرانی جلد کی بیماریون مین استعمال کرتے ہین - ریکٹی - فایڈ اسپرٹ اور ایتہر مین حل ہوجاتی ہی ٭
ایک دفعہ ایسا ہوا تہا کہ اس دوا کا ایک حصہ ۵ حصہ دیسی - لین مین ملاکر کسی شیرخوارہ کے زمین
اگزیما کی بیماری پر لگایا گیا تہا دو گھنٹہ بعد وہ بچہ بیہوش ہوگیا اور اسی حالت مین بارہ گھنٹہ تک رہا اور
تب اسکو آرام آیا جب اس دوا کا استعمال کرین تب اس مریضکا حال مدنظر رکہین ٭

۴۳ - آرے - رِش

آئی - رس - ور - سے - کا درخت کی جڑ کی گانٹھین اور باریک جڑین دوا مین استعمال ہوتی ہین ان سے ایک بہورے رنگ کا سفوف حاصل ہوتا ہی جسکو آئی - ری - ڈین کہتے ہین - غرض دوا کے طور پر آئی - ری - ڈین کا استعمال کیا جاتا ہی - جگر اور دودہ پر اسکا اسٹی - میو - لنٹ اثر نہایت عمدہ ہوتا ہی اور کل فائدہ اور استعمال مین یہ دوا مثل پوڈو - فائی - لِن کے ہے اور ایسا ہی قیاس کرتے ہین کہ یہ دوا الٹرے - ٹیو بہی ہی چنانچہ اسیواسطے اسکو آتشک اور اس - کرو - دی کی بیماری مین بہی دیتے ہین ؛ علاوہ ازین یہ دوا اوا - یو - ریٹک بہی ہی اور اس قسم کے یرقان مین فائدہ مند ہے جو مے - لے - ریا زہر کے سبب سے پیدا ہوتا ہے ؛

ترکیب اسکے استعمال کرنے کی یہ ہی کہ ڈیڑہ سے تین گرین کی گولی بنا کر رات کے وقت کہلا دین اور صبح کو ایک ہلکا جلاب نمک کا دیدین مگر معمولی مقدار اس دوا کی ۲ سے ۵ گرین تک بطور گولی کے ہے ۔

۴۴ - کے - او - لین

یہ ایک معدنی دوا ہی - سفید چکنا سفوف کیطرح ہوتی ہے - اس سفوف کو جلد کی ایسی بیماریون پر چہڑکتے ہین جنمین سے آبی رطوبت بکثرت بہتی ہی یہ دوا اگزی ما اور اری تہی - ما ان - ٹر ٹرائی - گو اور ام - پے - ٹائی گو وغیرہ - اِس چیز کا اثر نہ تو جسم کے کسی عضو پر ہوتا ہی اور نہ یہ کسی دوا کے ساتہہ ملکر کوئی مرکب بناتی ہی - پس اسیواسطے ایسی دواؤن کی گولیان بنانے مین یہ چیز کام آتی ہی جنکے اجزا آسانی سے الگ الگ ہو جاتے ہین جیسے پر - منگے نٹ اف پوٹاش اور نائیٹریٹ اف سلور وغیرہ ۔

۴۵ - لا - پا

لا - پا او - فی - سی - نی - لِس درخت کی جڑ امریکا مین بطور الٹرے - ٹیو کے استعمال ہوتی ہی

فائدہ اسکا ڈایو - ر ے - ٹک ہی اور انہین بیما - ریون مین اسکا بھی استعمال ہوتا ہے جنمین سار - سا - پریلا دیا کرتے ہین اور اسکے - لی جماعت کی پرانی جلد کی بیماریون مین بھی یہ دوا فائدہ مند ہی ؞

۴۵ - لپٹ - ٹان - ڈرا

یہ دوا ایک درخت سی سبزی مایل سفوف کیطرح حاصل ہوتی ہی جگر اور رودون پر اسکا اثر اسٹی - میو - لنٹ ہوتا ہی اور ڈرا - یاریا اور ڈرمی - سنٹری مین مفید ہی ؞
خوراک بطور گولی کے ایک سی تین گرین تک ؞

۴۶ - لائی - کو - پرڈون جامی - گن ٹے - رام

یہ ایک قسم کی کائی ہوتی ہی جو جنگلون اور پہاڑی مقامات مین پیدا ہوتی ہی یہ دوا ہے ماس ٹے - ٹک یعنے حابس الدم ہی - اس بوٹی کی متفار بچہ کے سر کے برابر ہوتی ہی - اسکے اوپر چھلکا علیحدہ کرنیسے ایک ڈلا سفوف کا حاصل ہوتا ہی - اسکو دوا مین استعمال کرتے ہین جب کسی ایسی زخم سی بکثرت خون جاری ہوتا ہی جسکی کٹی ہوئی رگون پر بگیچر نہین لگایا جا سکتا تب اس کا سفوف اسپر چھڑکنے سی اور اس زخم کے مرکب ہیجد ارشاخون کے اندر بھر دینی سی خون کامل طور پر بند ہو جاتا ہی یقین ہی کہ اگر یہ دوا ہی - ما - ٹے - ڈی - سِس وغیرہ بیماریونمین جنمین خون آتا ہی کہلائی جاوی تو ضرور فائدہ ہو - یاد رہی کہ جب یہ چیز کچی کہائی جاتی ہی تب زہر ہو جاتی ہی لیکن لیکا کر کہانے سی مزہ دار ہی ؞

۴۷ - می - نے - کا

زان - سی - شیا - یو - نے - فلیر ا ور خت کی جڑ ردو - ما - ٹیزم اور آتشک مین استعمال ہوتی ہی اور فائدہ اسکا ڈایو - ریٹک اور امے - نے - گگ بھی ہے ؞ **خوراک** اسکے فلوئیڈ اکسٹراکٹ کی خوراک ۲۰ سے ۶۰ قطرہ تک اور اسکی چہال کی سفوف کی ۱۰ گرین ؞

۴۸-مَش کے-رِیئن

یہ دوائی ایک قسم کی کائی سے حاصل ہوتی ہے اِسکے جوہر کو اگے-ری-کَش بولتے ہین-اثر اِسکا مثل پے-لے-گار-پین کے ہے کیونکہ اِسکے استعمال سے تہوک اور پسینہ آور آنکہون سے آنسو بکثرت جاری ہوتا ہے اور پیشاب زور سے اور بہ تکلیف آتا ہے-بعضدفعہ اِس سے قے اور دست بھی آتے ہین جب اِسکے سوحصہ مین دس حصہ کا عرق آنکہون مین ڈالا جاتا ہے تب پتلیان پہیل جاتی ہین مگر جب پیا جاتا ہے تب وہ سُکڑ جاتی ہین ٭

نائیٹریٹ اف مَش-کے-رِین کے ایک گرین کی چوتہائی سے پون گرین تک ۵ قطرہ پانی مین حل کرکے جلد کے اندر پچکاری کیجاوے تو سل کی بیماری کا پسینہ رُک جاتا ہے-اٹ-رو-پین کے ہر ایک اثر کا یہ دوا ضد ہے-پس مَش-کے-رِیئن کے زہر کا انٹی-ڈوٹ بلا-ڈو-نا کا جوہر اٹ-رو-پین ہے ٭

۴۹-تھ-مال

یہ دوا کول-تار سے حاصل ہوتی ہے اور سفید رنگ کی چمکدار چہوٹی چہوٹی قلمون کے شکل پر پائی جاتی ہے اور یہ خوشبودار ہوتی ہے-اِسکا اثر جلد پر مثل تار کے ہوتا ہے چنانچہ اِسیواسطے یہ دوا جلد کی اِن بیماریون مین نہایت فائدہ مند ہے چنانچہ اگزی-ما اور سو-رائی-سِس اور اِسکے-پیز وغیرہ اور ڈف-تھے-ریا مین بطور غرغرہ اور لیو-کو-ریا اور سوزاک وغیرہ مین بطور پچکاری کے جس کے عرق کی طاقت ۲ سے ۵ فیصدی ہوتی ہے مفید ہے ٭

۳۰۔ پے۔پین اور پے۔پے۔یو۔ٹین

پپیا ایک میوہ ہے جو ہندوستان اور بنگالہ مین بکثرت پیدا ہوتا ہے۔ لوگ اسکو بکثرت کہاتے ہین اور ہوتا بہی یہ لذیذ ہے۔ کچے پہل کی ترکاری گوشت مین پکا کر کہاتے ہین اور کچے پہل کو پا پنچہنے سے سفید دودہ کے طور پر رس ٹپکتا ہے۔

پے۔پین سفید سفوف کی طرح ہوتا ہے اور پپیا کے پہل کے دودہ کی طرح رس سے الکحل کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے۔ یہ شے حیوانی اجزا کو حل کردیتی ہے۔ پے۔پے۔یو۔ٹین کچے پہل کے رس کو جمع کر کے خشک کر لینے سے حاصل ہوتا ہے جب گوشت سخت ہوتا ہے اور نہین گلتا ہے تب اسمین پپیا کا دودہ چہوڑ دینے سے گل کر خستہ ہوجاتا ہے۔ یہ دوا بدہضمی مین بہت مفید پڑتی ہے۔

۳۱۔ پے۔رال۔ڈی۔ہائیڈ

اسکا اثر مثل کلورل ہائیڈریٹ کے ہے مگر اتنا فرق ہے کہ بعوض کمزور کرنے کے اسکے استعمال سے دل کو طاقت آتی ہے اور دہڑکن بھی کم ہوجاتی ہے اور یہ دوا بہت عمدہ ڈایو۔ریٹک بھی ہے گر ڈائی۔فو۔رے۔ٹک نہین ہے۔ اسکو مے۔نیا اور مے۔لن۔کو۔لیا اور بے خوابی مین دیتے ہین اور اس سے بہت فائدہ ہوتا ہے اور جب اسکا اثر رفع ہوجاتا ہے تب نہ تو ہاضمہ بگڑتا ہے اور نہ دماغ کی کوئی خرابی پیدا ہوتی ہے۔

خوراک ۱۰ سے ۶۰ قطرہ پانی مین پلانا چاہیئے۔ اسمین ایک برائی یہ ہے

کہ ذائقہ اسکا بد ہوتا ہے اور بو اسکی جو نکہ مثل کلورا - فارم کے ہوتی ہے
اسواسطے کئی گھنٹہ تک دم تکلیف سے آتا ہے - اسکو عرق یو دینہ اور شربت
مین ملاکر پلانا چاہئے - اسکے استعمال سے نیند ایسی گہری آتی ہے جیسے
تندرستی کیحالت مین آیا کرتی ہے اور بہ نسبت کلو - رل کے اسکا اثر
جلد پیدا ہوتا ہے اور جب وہ اثر گذر جاتا ہے تب درد سر نہین ہوتا *
دل کی بیماری کے سبب سے جب نیند نہین آتی ہے تب اس دوا کو
نیند لانے کے لئے بلا خطر استعمال کر سکتے ہین * اکثر طبیب جنہون نے
اسکا استعمال کثرت سے کیا ہے اسکی بڑی تعریف کرتے ہین *

۴۲ - پے - لی - ٹا - ئی - رین

انار کی جڑ کی چھال سے یہ جوہر حاصل ہوتا ہے - کرم کدو واز مارنے کے لئے
یہ بہت عمدہ ان - تہل - من ٹک ہے - اس جوہر کا دوسرا نام پو - نے - ساین
بھی ہے - اس جوہر کا سلفٹ دوا مین استعمال ہوتا ہے جسکی خوراک ۵ سے
۷ گرین تک ہے *
ترکیب اسکے استعمال کرنے کی یہ ہے کہ بیمار کو فاقہ کرا کر اس دوا کو ۸ یا ۱۰
گرین لے - ٹک اسڈ کے ہمراہ ملا کر کہلا دین اور بعد ایک گہنٹہ کے ایک جلاب
دیدین - کدو دانے مارنے کے لئے اس سے کوئی اور ترکیب بہتر نہین ہے *

۴۳ - ہائی - سی - ڈیا - ارسی - تھرائی - نا

دماغ پر اس دوا کا اثر مثل افیون کے ہوتا ہے اور تہوڑی مقدار کے استعمال
سے گہری نیند آجاتی ہے اور جاگنے کے بعد وہ خرابیان نہین پیدا ہوتین

جو افیون یا مار-فیا کے استعمال سے ہوا کرتی ہین اور اس سے وہ بھی رفع ہو جاتا
ہے گو اسکا انو-ڈاین اثر بہ نسبت افیون کے کم ہے مگر ہپ-نا-ٹک اثر اس
سے بہت بڑھ کر ہے بیدہ البعض دفعہ ہر قسم کی نیو-رلجیا کے دردون مین مفید
ہوتی ہے ۔ بیخوابی چاہے کسی سبب سے پیدا ہو- اس دوا کے استعمال سے
نیند آجاتی ہے اور اس مین ایک اور خوبی یہ بھی ہے کہ مثل افیون کے اسکے
استعمال سے مریض اس دوا کا عادی نہین ہو جاتا ۔ علاوہ اسکے انو-ڈاین
اور ہپ-نا-ٹک اثر کے اسکے استعمال سے پسینہ زیادہ
پیدا ہوتا ہے اور پتلی آنکھہ کی پھیل جاتی ہے ۔ دوا مین اس درخت کی جڑ کی
چھال کا فلوئیڈ اکسٹراکٹ ۳۰ سے ۶۰ قطرہ تک پلایا جاتا ہے- اس دوا کا استعمال
احتیاط سے کرنا چاہیے کیونکہ اسکے استعمال سے دل کمزور ہو جاتا اور مثل
ٹے-ٹے-نس کے تشنج ہونے لگتا ہے اور یہ کہ مختلف آدمیون پر اسکا اثر
مختلف طور پر پیدا ہوتا ہے ۔

۳۴۳-پل-سے-ٹے-نا

اسکے درخت کا نام انے-منے پل-سے-ٹے-لا ہے ۔ اسکا ایک ٹنکچر
اور ایک جوہر دوا مین استعمال ہوتا ہے اس جوہر کو اصطلاح مین انے-مو-نین
کہتے ہین ۔

خوراک اس جوہر کی ۱/۴ سے ۱/۲ گرین کی ہے-شو-گراف ملک ملا کر خوب طرح
کھرل کرکے گولی کی شکل پر کھلانا چاہیے ۔

اسکے ٹنکچر تیار کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ ایک آونس اس درخت کی ٹہنیان اور
کونپلین اور پروف-اسپرٹ ۱۰ آونس ۔ ترکیب پر-کو-لے-شن کی ۔

یہ دوا تشنجی کہانسی اور اپے - ڈی - ٹی - مائی - ٹِس اور امے - نو - ریا مین مفید ہے چنانچہ ایک بوند سے ۵ قطرہ تک پانی مین ملا کر دو دو گھنٹے بعد امے - نو - ریا اور ڈِس - مے - نو - ریا مین حیض آنے سے ایک یا دو دن پہلے سے پلانا چاہیئے اور اپے - ڈی - ٹی - مائی - ٹِس مین اِس مِنکچر کے دو قطرے دو دو یا تین تین گھنٹہ بعد پلا دین ٭

۳۵ - پائی - ری - ڈین

یہ ایک تیز بو کا سیال ہوتا ہے اور حیوانی مادہ سے حاصل ہوتا ہے - یہ دوا دمہ کی بیماری مین بہت مفید پائی گئی ہے - ترکیب اِسکے استعمال کرنیکی یہ ہے کہ نوبت کے وقت جس کمرے مین بیمار ہو اُسکا ایک ڈرام کسی برتن مین رکھکر وہان رہنے دین تاکہ جو بخار اُس عرق سے پیدا ہو وہ بیمار کے سونگھنے مین آجاوے - اِس ترکیب کو دن مین تین دفعہ کرنا چاہئے اور بیمار کو اُس کمرہ مین ہر دفعہ ۲۰ سے ۳۰ منٹ تک رہنا چاہئے ٭ اِسکے سونگھنے سے دم آسانی سے لیا جاتا ہے اور چند روز برابر سونگھنے سے بیماری رفع ہو جاتی ہے ٭

۳۶ - رھا - نا - کن - تھس - کیمو - لنِش

اِسکے درخت کو کوٹ کر رس نچوڑ کر نیبو کی رس مین ملا کر داد پر ملنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے - پس اِسکو پرانی جلد کی بیماریون پر لگاتے ہین جیسے اگ - زی - ما اور لے - پیا اور سو - رائی - سِس ٭

۳۷ - رس - ارو - ما - لے ٹے - کا

اِس درخت کا کل حصہ دوا مین استعمال ہوتا ہے - اگرچہ فائدہ اِسکا اسٹرنجنٹ ہے
مگر بالخاصیت یہ دوا اپنا اثر اعضاے بول پر کرتی ہے چنانچہ اِسیواسطے اِسکو
سس - ٹائی - سیٹس کی بیماری مین دیا کرتے ہین - علاوہ ازین اِسکا خاص
اثر بہی اِن امراض مین اچہا پیدا ہوتا ہے چنانچہ سیلان خون مین رات کیوقت
بکثرت پسینہ آنے مین - اسہال مین ہے - ما - ٹیو - ریا مین اور ارطمث
مین اور پچیش مین ٭ اور شب کیوقت جو پیشاب خطا ہوجاتا ہے اُس مین
بہی یہ دوا فائدہ مند ہے ٭ اِسکے لے - کوئیڈ اکسٹراکٹ کی خوراک ۳۰ قطرے
دو دو یا تین تین گہنٹہ بعد - یا ہر یک دست کے بعد پلانا چاہیے ٭

۳۸ - رو - مے - سین

یہ ایک کیمیاوی مرکب ہے جو درخت رو - مکس کرس - پَش سے حاصل ہوتی ہے
مثل رو - بارب کے یہ دوا اپے - رینٹ اور اسٹرنجنٹ ہی اور گولے کی شکل پہ جب
۲ گرین سے ۵ گرین کی مقدار مین کہائی جاتی ہے تب اِس سے الٹرے - ٹیو اور
ٹانک اثر پیدا ہوتا ہے اِسیواسطے سو - رائی - سِس کی بیماری مین اِسکو کہلاتے
ہین ٭

۳۹ - سنگوہی - نے - ریا کے - نے - ڈون - سِس

جب اِس درخت کی جڑ کی گانٹہون کا سفوف پوری مقدار مین کہایا جاتا ہے تب
دست و قے اور مُنہہ سے بکثرت - ال بہتی ہے - آنکہون کی پُتلیان پہیلجاتی ہین

اور بیمار نڈھال ہو کر تلف ہو جاتا ہے ٭

اسکے جوہر کو سنگوئی-نے-ریئن کہتے ہین-برانکائی-ٹس اور نیو- -نیا مین یہ شئے مفید پائی گئی ہے اور کرانک برانکائی-ٹس مین یہ دوا نہایت عمدہ ٹشی بیمونٹ اکس-پکٹ-ٹو-رنٹ اثر پیدا کرتی ہے اور ایسی بیماری مین جب تہوڑی تہوڑی مقدار مین کہائی جاتی ہے-مثلاً ایک گرین کے دسوین حصہ سے آٹہوین حصّہ تک تب اِس سے معدہ بھی نہین بگڑتا ٭ اور جب اِس سے بہی کم مقدار مین کہائی جاتی ہے-مثلاً ایک گرین کے بیسوین حصہ سے دسوین حصہ تک تب اُس قسم کی بدہضمی کو فائدہ کرتی ہے جو ضعف معدہ کے سبب سے پیدا ہوتی ہے کیونکہ اسصورت مین معدہ اور روودون کی رطوبتون کو زیادہ پیدا کرتی ہے اور چونکہ دل اور دوران خون پر اِسکا اثر سی-ڈی-ٹیو ہوتا ہے تو اِسکو بخارون مین بہی دینا بتلاتے ہین مگر چونکہ بخارون مین یہ دوا تب ہی فائدہ کرتی ہے کہ جب پوری مقدار مین کہلائی جاتی ہے (½ گرین سے ایک گرین تک) کہ جس سے معدہ مین خراش پیدا ہوتی ہے اسواسطے یہ نسبت ہے-ٹی-ہار اور اکو-نائیٹ اور دیگر اسی قسم کی ادویات کے اسکو کم ہی استعمال مین لاتے ہین ٭ اِسکا فائدہ امے-نے-گاگ بہی ہے اِسلئے رحم کے ایسے امراض مین اِسکو دیتے ہین جو اِس عضو کے فعل کے بگڑجانے سے پیدا ہوتے ہین ٭ اِس دوا کے ٹنکچر کی خوراک ۱۰ - ۲۰ قطرے اور اِسکے فلوئیڈ اکسٹراکٹ کی ۵ گرین ٭

۴۰-اسکو-پو-لین

یہ جوہر ہے اِس کے-پو-دیا-جے-پو-نیکا درخت کا-آنکھون مین ڈالنے سے پتلیان جلد اور بلادرد کے عرصہ تک پہیلتی رہتی ہین اٹرو-پیا اور اِس مین یہ فرق ہے کہ جتنے عرصہ مین اٹرو-پیا کا اثر پیدا ہوتا ہے اِسکے نصف عرصہ مین اِس دوا سے پتلی

پہیل جاتی ہے اور عرصہ تک پہیلی رہتی ہے کہ اسے ۔ رین سے بہی نہین سکڑتی ۔ ایسا قیاس کرتے ہین کہ اٹرو ۔ پیا کے عوض مین اسی دوا کا استعمال کیا جائیگا ۔

۴۱ ۔ بن ۔ زائی ۔ اٹ اف سوڈا

یہہ دوا اُن بیمار ۔ یون مین دی جاتی ہے جو خون مین کسی زہر کے سرایت کرجانے سے پیدا ہوتی ہین اور چونکہ یہہ نہایت عمدہ اینٹے ۔ سیپ ۔ ٹک ہے تو ڈف تھے ۔ ریا کی بیماری مین کئی طور سے استعمال کرتے ہین مثلاً سفوف کے طور پر بذریعہ بڑی نلی کے مرض کے مقام پر اسکو پہونک دیتے ہین یا غرغرہ کے طور پر جیسے ایک حصہ اسکا ۰۲ حصہ پانی مین حل کر کے یا اسکا بخار سنگہاتے ہین جیسے ۲ حصہ اسکے ۰۲ حصہ کہولتے ہوئے آب گرم مین ۔ اور ہمراہ خارجی طور پر استعمال کرنیکے اسکو ۱۰ سے ۳۰ گرین تک پانی مین حل کر کے تین تین یا چار چار گہنٹہ بعد پلاتے ہین اور بجاے سے ۔ لی ۔ سی ۔ لٹ اف سوڈا کے اس دوا کو اکیوٹ رو ۔ ما ۔ ٹیزم مین بہی استعمال کرتے ہین ۔ بچون کو اسہال مین اور اُن کل امراض مین بھی یہ دوا دی جا سکتی ہے جو کن ۔ ٹے ۔ جے ۔ ایس یعنے متعدی ہین ۔ اس دوا کی نسبت بعض طبیب کی یہہ راے ہے کہ یہ دوا سل کی بیماری مین بہی نہایت مفید ہے ۔ اور گاوٹ مین بہی اسکا استعمال کیا گیا ہے تاکہ خون سے یورک اسڈ خارج ہو جاوے ۔

۴۲ ۔ اسپائی ۔ جے ۔ لیا ۔

اسپائی ۔ جے ۔ لیا مے ۔ ری لنڈیکا درخت کی جڑ کی گانٹہین اور باریک باریک

جرٹین فلو۔یُیڈ اکسٹراکٹ کی شکل پر رہ انڈ ورَنم کے اخراج کے لیئے یہہ دوا امے ریکا ہین بہت برتی جاتی ہے ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اثر اسکا ہِن۔ ٹونین کے قریب برابر ہے اگرچہ یہہ دوا خفیف مسہل بہی ہے مگر ہِن۔ ٹوینز کے اِسکے بہی کہلانے کے بعد ایک جلاب دیدینا چاہیئے + بہتر ترکیب اِس کے استعمال کی یہہ ہے کہ اِسکے فلوئیڈ اکسٹراکٹ کا ایک ڈرام ہمراہ ۲ ڈرام سرپ اف سنا کے پلانا چاہیئے ۔

۴۳۔ اِسٹِکٹ ۔مے ۔ٹا ۔ئے ۔ڈیس

بہٹنیون کے چہیلنے سے پہلکے کے اندر ریشکم طور پر جوچمکدار ریشہ ہوتے ہین اُنکا اثر مثانہ اور اعضائے بول کے دیگر حصون پر خاص آل۔ لٹے ۔ رے یٹو ہوتا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جب یہہ دوا تازی تیار کی جاتی ہے تب بہت عمدہ اثر پیدا کرتی ہے چنانچہ سسٹائی۔ٹِس مین فائدہ مند ہے + علاوہ انکے یہہ دوا نہایت عمدہ ڈایو۔ رے ۔ ٹکِ ہے اور اِس کے استعمال سے نتو گردون اور نہ اعضاے بول کے کسی اَور حصّہ پر خراش ہوتا ہے ۔ رات کے وقت جب پیشاب خطا ہو جاتا ہے تب بہی یہہ دوا مفید پڑتی ہے ۔ اِس دوا کی نسبت ڈاکٹر شِنٹ جارج فرماتے ہین کہ اِسکے فلوئیڈ اکسٹراکٹ کے استعمال سے کٹرس وے سے۔ سے کی بیماری کو بہت فائدہ ہوتا ہے اور دل کی بیماری کے سبب سے جب انا۔ سار۔ کا پیدا ہو جاتا ہے تب اِس دوا کے استعمال سے پیشاب زیادہ آتا ہے اور مرض کو آرام آجاتا ہے ۔ ایک اَور طبیب گردون کی پتہری کی بیماری مین اِس دوا کی بڑی تعریف کرتے ہین چنانچہ اِسکے فلوئیڈ اکسٹراکٹ کے چار چار گرین کی گولیان استعمال کرتے ہین + اور مثل

ڈی - جی - ٹے - ٹِس کے یہہ دوا بھی نہایت عمدہ ڈایو - رے ٹِک اور مقوی دِل ہے اور اِس کے اکسٹراکٹ کے استعمال سے پیشاب خوب ہی کہلکر آنے لگتا ہے پس اِسکا استعمال اوس حالت مین بہت مفید پڑتا ہے کہ جب دل کی بیماری کے سبب سے ڈراپ سی کا مرض ہو جایا کرتا ہے - بہ نسبت ڈی - جی - ٹے - لِس کے اِسکا اثر اِس بیماری مین جلد تر ہوتا ہے اور نبض کا تواتر کم مگر دل کی طاقت بڑہ جاتی ہے چنانچہ مرض مذکور مین اِس کے اکسٹراکٹ کا ۲۰ گرین تین یا چار دفعہ دن کو کہلایا گیا تھا -

۴۴ - اِسٹے - لِنڈ - جیا شِل - وا - ڈے کا

اِمے - ریکا مین بہت عرصہ سے یہ دوا ال - ٹے - رے - ٹیو کے طور پر استعمال ہوتی ہے اور آتشک اور اسکرافیو - لا مین اِسکو دیتے ہین - علاوہ ازین ہیڈ وا سائی - ے - گاگ بھی ہے اور جب کہائی جاتی ہے تب رودون کے غدودون اور جگر کو بہی اِس سے تحریک ہوتی ہے اور صفرا زیادہ پیدا ہوتا ہے - جب زیادہ مقدار مین کہائی جاتی ہے تب دست وقئے آنے لگتی ہے - پیشاب بہی اِس سے زیادہ آتا ہے اور بلغم بہی زیادہ اخراج ہوتا ہے ؛ اور یہہ دوا اوس قسم کی ڈراپ سی مین دی جاتی ہے جو سے - رو - سِس آف دی لیور کے سبب سے پیدا ہوتی ہے علاوہ ازین قبضیت اور یرقان مین بھی مفید ہے - خوراک کی مقدار فلوئیڈ اکسٹراکٹ کی ۲۰ منم سے ایک ڈرام تک ؛ اِسٹی - لِن - جن جو اِسکا جوہر ہے اِس کی خوراک ۲ گرین سے ۴ گرین تک ؛

۴۵-اسٹرو-فِنٗ-تہیش-چِپائی-ڈِش

یہہ دوا بہت عمدہ مقوی دل ہے اور دل کی بیماریون مین نہایت مفید ہے - مقدار جلد کے اندر پچکاری کرنے کی ایک گرین کے تیسوین حصہ تک *

۴۶-اسِپ-ٹال-یا سلفو-کار-بال

اِس دوا کی نسبت جو تحقیقات ہوئی ہین اُن سے یہہ نتیجہ نکلا ہے کہ الف - بہ نسبت سے - لی - سی - لِک - ایسڈ اور کار - بالِک - ایسِڈ کی یہہ دوا پانی اور الکحل اور گلائی سی - رین کے ہر حصہ مین آسانی سے حل ہو جاتی ہے - ب - بہ نسبت کار بالک اسِڈ کے اگرچہ یہہ زیادہ تر ایسِڈ ہے مگر کم کاسٹِک نہین ہے - ت - بہ نسبت سے - لی - سے لِک ایسِڈ کے یہہ دوا دھاتون کے ساتہہ فوراً ملکر مرکبات بن جاتی ہے - ث - اِسکی استعمال مین کسی طرح کا اندیشہ نہین ہے - ج - بہ نسبت کار - بالِک - ایسِڈ اور سے - لی - سے - لِک اِسِڈ کے یہہ زیادہ تر اِن سے اینٹی سِپ ٹِک اور ڈِس - اِن - فک - ٹینٹ ہے - ح - وبائی بیماریون کے روکنے مین اِسِپ - ٹال - بہ نسبت کار - با - لِک اِسِڈ کے زود اثر ہے -

اور بعوض کار - با - لِک ایسِڈ کے یہہ دوا طب مین اور جراحی مین اور فن - قابلہ کے ہر ایک معاملہ مین استعمال کی جاتی ہے او حفظ صحت کے کل امور مین زیادہ تر مفید ہے -

۴۷-اِسپے-ڈِیش-پر-مین-

یہہ ایک درخت کی چھال کا جوہر ہے اور دل کی بیماری کے سبب سے جب دمہ

ہو جاتا ہے تب اور مختلف قسم کی تنگی نفس مین بھی یہہ دوا استعمال کیگئی ہے
مگر چونکہ یہہ دوا نہایت زود اثر ہے اسلئے اس کے استعمال مین نہایت احتیاط
درکار ہے پس بہتر تو یہہ ہے کہ بعوض اس جوہر کے کوبیب - رسے - کو بارک
کا جسین یہہ جوہر ہوتا ہے فلوئیڈ اکسٹرا کٹ استعمال کیا جاوے مثلاً ۲۰ منم
کی مقدار مین گھنٹہ گھنٹہ بعد دینا چاہئے -

۴۸ - بٹ - مے - سیین

جنگلی نیل کے درخت سے یہہ چیز حاصل ہوتی ہے - اس کے استعمال سے
جگر اور رودون کو تحریک ہوتی ہے اس کے سفوف کی خوراک ایک سے ۵
گرین تک - اسکا استعمال احتباس طمث اور حالت روی مین کیا گیا ہے اور
گندے زخمون پر بطور رال - ئے - رے - ٹیٹو اور اسٹی - میولنٹ کے اسکو
لگاتے ہین -

۴۹ - بے - شمنٹ مکسچر -

نسخہ - ٹنکچر اف کلورائیڈ اف ایرن - ۲ حصہ + ڈائیلوٹ اسے ٹک اسڈ
۳ حصہ سو - لیوبشن اف اسے - ٹیٹ اف امونیا - ۲۰ حصے + شربت نارنج - ۱۰ حصے
سنپل سرپ - ۱۵ حصہ + پانی - ۵۰ حصہ +
خوراک - ۱۲ ڈرام ۳ دفعہ دنکو + فولاد سے ڈرائیو - ر سے ٹک اور اسٹرنجنٹ
فائدہ حاصل کرنے کے لئے یہہ ایک نہایت عمدہ نسخہ ہے +

۵۰ - بن - زین

امے - ریکا کے پٹ - رو - لی - ام سے بہ ترکیب ڈسے - سی - سے - شن یہہ سیال حاصل ہوتا ہے کہ دوا نہ مارنے کے لئے ۲۰ قطرہ کی مقدار مین دیا جاتا ہے اور جب چربی یا روغن مین ملاکر ایسے جلد کی بیماریون پر لگاتے ہین جنمین خارش بہت ہوتی ہے تب نہایت فائدہ ہوتا ہے ◆

۸۱ - برائی - او - نیا

برائی - او - نیا البا درخت کی خشک اور تازی جڑین دوا مین استعمال ہوتی ہین شل جلپ کے یہہ دوا بھی بہت عمدہ ہائی - ڈروگاگ مسہل ہے اور اس کو ڈراپ - سی کے مرض مین دیا کرتے ہین -

اسکے ٹنکچر کا نصف آؤنس پوری خوراک ہے -

۸۲ - لائیکوار کار - با - لِنِش - ڈی - ٹر جنِش -

کول - ٹار کو الکحل مین حل کرنے سے یہہ گاڑھا عرق حاصل ہوتا ہے - ٹار کے جتنے کارگر اجزا ہین وہ سب اُس عرق مین ہوتی ہین - مگر بہ نسبت صرف ٹار کے یہہ عرق کُل جلدی امراض مین نہایت فائدہ بخش ہے جیسے گزی - فا اور سورائی - سِس وغیرہ ◆ جب اگزی - ما - کی بیماری عرصہ دراز کی ہو جاتی ہے اور کسی دوا سے رفع ہونے مین نہین آتی ہے تب ڈاکٹر ہچسن اس عرق اور ذیل کے مرہم کا استعمال اِسطور پر کرتے ہین کہ سو - لیو - شن اف سب اسیٹیٹ اف لڈ ایک آؤنس اور لائیکوار کا - بو - نِش - ڈی ٹر جنِش سات آؤنس دونون کو ملاکر اس مین لِنٹ تر کرکے مرض کے مقام پر رات کو لگاو ین - جب لائیکوار کار - بو - نِش ڈی - ٹر - جنِش پانی مین

ملایا جاتا ہی۔ تب گارڈ ہا ال۔ بشن بنجاتا ہے۔ غرض اسکو بطور انٹی۔ سپ۔ ٹک اُن کل امراض مین لگا سکتے ہین جنمین خود ٹار کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً گندہی زخم ÷ حلق کے گندے زخم ÷ اور ان امراض مین اُس ال۔ بشن کو پلا بہی سکتے ہین جیسے برانکیل۔ ٹیوب کی بیماریون مین سردی کے موسم کی کہانسی مین۔ اور پوہیر کی بیماری وغیرہ مین ÷ نسخہ مرہم کا یہ ہے۔

نسخہ۔ لائیکوار کاربونس ڈی۔ ٹر۔ جنس ۵ اتہم ÷ لائیکوار۔ پلمبائی۔ سب اسی۔ ٹے ٹس ۱۵ قطرے ÷ کلورائیڈ اف ایمو۔ نی۔ ٹڈ مرکری ۱۰ گرین ÷ وا۔ سی۔ لین ایک آونس ÷ سبکو ملا کر مرہم بنالین ÷

۵۳۔ کا۔ کیو۔ لیش انڈہی۔ کس

اس درخت کا خشک پہل نہایت سریع الاثر نارہ۔ کا ٹکٹ ہی اسکے جوہر کو پکت روٹیاک ایسن کہتے ہین ÷ اسکا ایک گرین۔ ایک ڈرام۔ سفید مرہم مین ملا کر لگانے سے جوئین مرجاتی ہین مگر اسکو نہایت احتیاط سے لگانا چاہئے کیونکہ یہ شے نہایت زود اثر ہے۔ اسکو صرف چند گرین کے کہانے سے بیمار مرجاتا ہے اسکو مرگی کے اُس قسم مین دیتے ہین۔ جسکی نوبت خواب مین رات کیوقت لو۔ اس قسم کے بے۔ د۔ لی۔ سٹر مین جسمین فے۔ زنگیش کے عضلات مفلوج ہو جاتے ہین اور رگ۔ رین مین بہی یہ دوا مفید ہی مگر ڈاکٹر میور ل اس دوا کو خاصکر اُس حالت مین مفید تبلاتے ہین کہ جب سل کی بیماری مین بکثرت پسینہ آتا ہی چنانچہ اسکی ایک گرین ۱/۲ حصہ سے ۱/۱۲ حصہ تک دن مین ۳ دفعہ دیتے ہین۔ یہ دوا گولیون کے طور پر دیجاسکتی ہے اور اسکی مقدار ۱/۲۵ حصہ گرین تک بڑہائی جاسکتی ہے یا عرق کے طور پر ہمراہ قدرے اسٹیک اسڈ کے بہی پلا سکتے ہین اور ۱/۶۴ حصہ گرین کی جلد کے

اندر پچکاری بہی کر سکتے ہین - ہائیڈ - رٹ اف کلور - ل کے اثر کا یہ ضد ہے ٭

۵۴ - کن وا - لے - ریا - مے - جے - لیش

یہ دوا اشیل ڈ ی - جے - ٹے - لِش کے جب اوسط مقدار مین دیجاتی ہی تب کمزور دل کو طاقت بخشتی ہے اور یہ نہایت عمدہ ڈایو - رٹیک بہی ہے - اِسکے اندر دو جوہر ہوتے ہین ایک کو کنِ - دا - لے - رئین کہتے ہین زیادہ مقدار مین یہ نئے سخت جلاب ہی ٭ دوسرے جوہر کو - کن وا - لا - مے - رئین کہتے ہین ذرا سی بہی کہلا تے تو اِس سے قئے ہو جاتی ہے مگر اِس درخت کا بہت عمدہ مرکب اکسٹراکٹ ہی چنانچہ جڑ اور پتون کا اکسٹراکٹ بنانا ہو تو ایک حصّہ کافی ہے اور پہولون کا تین حصّہ چاہئے - خوراک اِسکی ۵ گرین لیکن اِس کے جوہر کنِ - وا - لا - مے - رئین استعمال کے لئے بہتر ہے - کیونکہ اِسکے اثر مین فرق نہین پڑتا - یہ شے سفیدی مایل سفوف کی طرح ہوتی ہے - خوراک ایک گرین کے تیسرے حصّہ سے ۲ گرین تک جب یہ دوا مائی - ٹرل - والو کی بیماری مین دیجاتی ہے ساتھہ جسکے دل کی حرکت بہی کمزور ہو گئی ہو تب اِس سے بہت ہی فائدہ ہوتا ہے - چنانچہ تنگی تنفس کی اور مزاج کا چڑچڑا پن اور دل کی دہڑکن رفع ہو جاتی ہے اور جب اِسکا استعمال موقوف کر دیا جاتا ہے تب اثر اِسکا ایک ہفتہ تک برابر جاری رہتا ہے اور اِس کے استعمال کے اثنا مین نبض باقاعدہ اگرچہ مگر قدرے آہستہ چلتی ہے - پیشاب کی مقدار زیادہ ہو جاتی ہے - اور ڈراپ سی کی بیماری کو تخفیف ہونے لگتی ہے اور اِسکے موقوف کرنے کے بعد ہی چند روز تک ڈراپ - سی بتدریج گہٹنے لگتی ہے اِس دوا مین اِن باتون کا اندیشہ نہین ہے جو ڈی - جے - ٹے - لیش سے پیدا ہوتی ہین گو اثر مین دونو برابر ہین ٭

۵۵-کو-ٹو-بارک

اِس کے جوہر کو کو-ٹو-اِن کہتے ہین-اِس کے استعمال سے اشتہا تیز ہو جاتی ہے اور رودون کی رگین پھیل جاتی ہین جسّے رودون کی قوت جاذبہ بڑھ جاتی ہی چنانچہ اسیواسطے یہ دوا مختلف قسم کے ڈایاریا مین مفید پڑتی ہے مثلاً بچون کے ڈایاریا اور سل کی بیماری کے اخیر درجہ مین جب دست آنے لگتے ہین اور بچون کے دانت نکلتے وقت جو اسہال ہو جاتا ہی ان مین یہ دوا مفید پائی گئی ہے یہ دوا اسٹرنجنٹ نہین ہے مگر رودون کی قوت گھٹ جاتی ہے تب یہہ دوا فائدہ کرتی ہے- لیکن اِس دوا کو اُس صورتون مین نہ دینا چاہئے کہ جب اعضای بطن مین خون کا غلبہ ہو یا رودون سے خون جاری ہو- خوراک چھال کے ۵ گرین کو-ٹو-ان اِس کے جوہر کے نصف سے ۲ گرین تک چار پانچ دفعہ دن کو دینا چاہئے +

۵۶-کیو-را-را

اِسکو وُو-را-را اور یو-را-ا-ہی کہتے ہین-یہ چیز خشک اکسٹراکٹ کی شکل کی ہوتی ہے جو کئی قسم کے درخت سے حاصل ہوتی ہے اور اِس مین کیچلا اور کا-کیو-رِس جزو کا ہی ہوتا ہی-جلد کے اندر پچکاری کی جاوے یا کسی اور طرح سے خون مین پہنچائی جاوے تو سارے بدن کے عضلات ڈہیلے ہو جاتے ہین اور کسیقدر تشنج بہی ہونے لگتا ہی اور جب مقدار ذرہ زیادہ ہوتی ہے تب عضلات فذکو رمفلوج ہو جاتے ہین اور بیمار دم بند ہو کر تلف ہو جاتا ہے مگر اخیر دم تک بیمار باہوش رہتا ہے-کوریا کی بیماری مین ایک گرین کا نہدرہواں

حقنہ بطور پچکاری کے خون مین داخل کیا گیا ہے توگاہے گاہی اس سے فائدہ ہوا اور کہتے ہین کہ ٹے ٹے نس اور ہائیڈرو فوبیا مین بہی اس دوا کی پچکاری سے کبہی کبہی فائدہ ہوا ہے۔

اسکی ہائیپوڈرمک انجکشن کی یہ مقدار ہے کہ ایک گرین کی چوتہائی سے نصف گرین تک لیکر چار سے آٹھ قطرہ ڈیسٹلڈ واٹر مین حل کرکے پچکاری کرین ✦

۵۷۔ ڈا۔میا۔نا

اس کے درخت کو ٹر۔نے۔راڈی فیسو۔زا کہتے ہین۔اس درخت کے پتے اور پہول اور باریک ٹہنیان بہی دوا مین استعمال ہوتی ہین ✦

یہ دوا نہایت عمدہ افرو۔ڈی۔سیاک ہی ✦

۵۸۔یو۔پا۔ٹو۔ری۔ام۔پر فو۔لی۔ا۔ٹم

مثل کلنیا کے یہ دوا بہی نہایت عمدہ بٹر ٹانک ہی۔علاوہ اس کے یہ دوا نہایت عمدہ ڈا۔یا۔فو۔رے۔ٹاک ہی۔اسکا گرم انفیوژن ۲ آونس کی مقدار مین دو دو گہنٹے بعد پلانے سے خوب کہلکر پسینہ آجاتا ہے اور جب اسکا جوش گنا پلایا جاتا ہی تب قے ہوتی ہے اور دست آتے ہین۔اسکو زکام اور وجع مفاصل مین دیتے ہین اور پیرا۔گے۔ٹو ہونے کے سبب سے اسکو کدو دانہ اور کیچوے مارنے کے لئے پلاتے بہی ہین۔

۵۹ - کاٹن - روٹ - بارک
یعنے
روئی کے درخت کی جڑ کی چھال

اِسکا تازہ انفیوژن بہت عمدہ امے - نے - گگ ہے اور اِسقاط حمل کے بعد اگر خون جاری ہو تو بند کرنے کے لئے اِسکو دیتے ہین انفیوژن تیار کرنیکی ترکیب یہ ہے کہ ایک ڈرام چھال لیکر پانچ آونس کھولتے ہوئے آب گرم مین آٹھہ منٹ تک بھگو کر چھان لین +

۶۰ - گرِن - ڈی - لیا - روٹنڈا

اِس درخت کے پتے اور کلیان دوا مین استعمال ہوتے ہین - دمہ اور ہوپنگ کاف مین یہ دوا نہایت مفید ہے +

خوراک - اِسکے فلوئیڈ اکسٹراکٹ کی خوراک دمہ کی بیماری مین ۱۰ سے ۳۰ منیم تک گھنٹہ گھنٹہ یا آدھہ آدھہ گھنٹہ بعد دینا چاہئے اور بچون کے ہوپنگ کاف مین ۵ قطرہ + اِسکے سخت اکسٹراکٹ کی خوراک بڑا نکائی - ٹِش مین ایک سے تین گرین تک +

۶۱ - ہی - مے - ٹِش عید - جی - نیکا

اِس درخت کی چھال خون بند کرنیکے لئے اِنس - ٹپ ڈِنگ کے طور پر اِن بیماریون مین مفید پائی گئی ہے جیسے نکسیر + خون کی قے + بواسیر خونی + اور خون تھوکنے مین + اگرچہ خارجی اور داخلی دونون طور کے استعمال سے خون بند ہو جاتا ہے مگر خاصکر لگانے ہی سے یہ دوا زیادہ فائدہ کرتی ہے -

اسکے ٹنکچر کے ایک حصہ مین ۲۰ حصہ پانی ملاکر بواسیر خونی مین پچکاری کرنیسے
خون بند ہوجاتا ہے اور یہی پچکاری سوزاک اور لیو۔کو۔ریا مین بہی فائدہ
کرتی ہے لیکن اِسکے ٹنکچر کو پانچ قطرہ کی مقدار مین دن مین ۳ دفعہ پلانا بہی
چاہئے۔ دواسازون نے اب اِسکا ایک عرق صاف اور شفاف مقطر کیا ہی
جسکا نام ہے۔ زی۔ لین رکہا ہی اِسکی خوراک نصف ڈرام ہے۔ بواسیر مین
اِسکو پلاتے اور اِسکی پچکاری بہی کرتے ہین اِسّے بعض دفعہ فائدہ ہوتا اور بعض
اوقات نہین بہی ہوتا ہی۔ ایک آونس ہے۔ زی۔ لین کی پچکاری سے بواسیر
کا خون اکثر بند ہوجاتا ہے ؛

۶۲ - ہے۔ ڈلو۔ ما۔

اس درخت کے پتون اور کونپلونسے ایک روغن حاصل ہوتا ہے۔ اثر اس کا
مثل پے۔ پر۔ منٹ کے اسٹی۔ میو۔ لنیٹ اور این۔ ٹش۔ پاز۔ موڈک ہی اور
رحم کو یہ روغن تحریک دیتا ہے اسواسطے امے۔ نو۔ ریا مین حیض جاری کرنیکے
لئے بطور امے۔ منے۔ گگ کے استعمال کرتے ہین۔
امے۔ منے۔ گگ کے طور پر خوراک اِسکی ۵ سے ۱ قطرہ ؛

۶۳ - ہائی۔ ڈراس۔ ٹس کے۔ فی۔ ڈن سِشس

اس درخت کی جڑ کی گانٹہین اور باریک جڑہین نہایت عمدہ اسٹو۔ ما۔ کک
ٹانک ہین اور شرابیون کی بدہضمی مین بہت فائدہ مند ہے کہ جب معدہ مین کرانک
گسٹرائی۔ ٹس ہوجاتا ہے۔ علاوہ ازین یہ دوا ایلیٹن بہی ہے اور جگر پر اسٹی۔ میو لنیٹ
اثر پیدا کرتی ہے جسّے صفرا خوب خارج ہوتا ہے اور جسم سے جب خارج ہوتی

لگئی ہی - تب چونکہ رودون اور اعضا تے بول کے میو - کس پر دہ پرآل - نے -
رے - ٹیو - شہید اکرتی ہے اسواسطے یہ دوا امراض ذیل مین مفید پائی گئی ہی
چنانچہ بواسیر مین - سوزاک مین - پرو - لپ - سیشن انائی اور ریکٹم کے زخم
مین - اور لیو - کو - ریا مین - مگر امراض بالا مین اس دوا کو کہلانا اور لگانا بہی چاہئے
رحم سے جب خون جاری ہوتا ہے تب بہی یہ دوا فائدہ کرتی ہی ÷

خوراک - جڑ کی سفوف کی بطور انفیوژن ۳۰ گرین اور اسکے فلوئیڈ اکسٹراکٹ
کی ذنش سے ۲۰ منیم تک -

خوراک وغیرہ اسکے جوہر ہائی - ڈراسس - ٹین کی - ایک سی ۴ گرین تک بطور
گولی کے - اسکا ایک ڈرام چار آونس میو - سلیج مین حل کرکے سوزاک مین
پچکاری کرتے ہین - اسکے ٹنکچر کا دو ڈرام لیکر ایک پائنٹ پانی مین ملاکر ان
امراض مین لگا سکتے ہین - جیسے بیٹھے ہوئے ہتہنیون پر - اسٹو - می - ٹائی - ٹس مین
کان بہنے مین - او - زینا مین - اور پہلے ہوئے مقامون پر ÷

۶۴ - ہایو - سئے مین

یہ جوہر ہے ہس - بن کا شدید - دیوانگی مین یہ دوا بہت مفید پائی گئی ہے -
چنانچہ اسکے ایک گرین کا ۱/۴ سے ۱/۲ حصہ بلکہ ایک گرین تک بہی جائیے تو کہلادین
یا جلد کے اندر اسکی پچکاری کرین - ڈاکٹر سے - گوئین اس دوا کو مے - را
لی سیشن اجی - ٹا - نیش اور کراہمک کو - ریا مین بہت مفید بتلاتے ہین اور
اس دوا کی نسبت ڈاکٹر میو - رل کی یہ رائے ہے کہ **اول** - اسکے لگانے سے
آنکہون کی تیلیان پہیل جاتی ہین ÷ **دوم** - تہوڑی تہوڑی مقدار مین دل کی ڈہرکن
کم ہوجاتی ہے اور بدن کی حرارت بہی کم ہوجا سکتی ہے اور اس سے نیند پائی جی

ہوجاسکتا ہی - سوم - زیادہ مقدار مین نبض تیز ہوجاتی ہے - غیر مکمل فالج ہوجاتا ہے اور نیند آتی ہے - چہارم - یہ دوا اُن امراض مین مفید ہوتی ہی چنانچہ دیوانگی مین - بے چینی مین - خیالات فاسد مین - ڈی - منی - شیا مین کہ جب طبیعت مین جوش ہو اور گشت خونکا ارادہ ہو - اُس دیوانگی مین جسمین مرگی بہی ہوجایا کرتی ہو - بیخوابی مین - کوریا یعنے رعشہ مین - پے - را - لی - سس - اجی - ٹانس مین - ہسٹیریا کے تشنج مین ہاتہون کے کانپنے مین - تپ رلیجا مین - پنجم - دیوانگی مین یا جب کسی ایسے حالت مین نیند نہین آتی ہی تب اس دوا کے استعمال سے بیمار سوجاتا ہے + ششم - مرگی کی نوبت جب عرصہ تک ہوتی رہتی ہے - تب اِسکے نوبت کی مدت کم ہوجاتی ہے + ہفتم - یہ دوا مدر بہی ہے +

۶۵ - آئی - رِش - وَرْ - سے - کلر -

اِس درخت کی جڑ کی گانٹھین اور باریک باریک جڑین ہی دوا مین استعمال ہوتی ہین اِسکے جوہر کو آئی - ری - ڈین کہتے ہین - مثل پو - ڈو - فلین کے اِسکا ہی بہت عمدہ اِسٹی - میو - لنٹ اثر جگر اور رودون پر ہوتا ہے اور یہ دوا ڈایو - ری - ٹک ہے اِسلئے یرقان مین مفید ہی اور جب ڈیڑھ گرین سے ۳ گرین تک کی ایک گولی رات کیوقت کہائی جاتی ہے اور صبح کو ایک ہلکا نمکین جلاب دیدیا جاتا ہے تب اُوس قے کو بہت ہی فائدہ ہوتا ہے جو حمل کے ایام مین ہوا کرتی ہی -

خوراک - ۲ سے ۵ گرین تک گولی کی شکل پر +

۶۶ - کے - رین

یہ دوا بہت عمدہ دافع بخار ہے (انٹے - پائی - ری - ٹک) - قلمون کی شکل یا سفید

سفوف کی طرح پائی جاتی ہے - بو اور ذائقہ دونوں بد - آٹھہ گرین کی مقدار مین جب یہ دوا گھنٹہ گھنٹہ یا آدھہ آدھہ گھنٹہ بعد کہائی جاتی ہے تب بخار کی حرارت جلد کم ہو جاتی ہی - اِس سے خوب کہلکر پسینہ آجاتا ہے اور جسم سے یہ دوا بذریعہ پیشاب کے خارج ہوتی ہی جسکا دہبا کپڑے پر گہرا سبز رنگ کا پڑجاتا ہے جیسے انٹے - پائی - رین کا استعمال شروع ہوا ہے تب سے اس دوا کا استعمال بہت ہی کم ہو گیا ہے - کیونکہ کئی دفعہ ایسا دیکہا گیا ہے کہ اِسکے استعمال سے بیمار نہایت نڈھال ہو گئے ہین اور بعض تلف ہی ہو گئے ہین - چونکہ اِس دوا کے استعمال مین اندیشہ ہے تو اسکو کہلا کر آدھہ آدھہ گہنٹہ بعد آلہ - تہر - ما - مے - ٹر لگاکر حرارت دریافت کرنی چاہئے جب دیکہین کہ حرارت ۱۰۰ درجہ پر آگئی ہے تب فوراً اسکا استعمال بند کردین کیونکہ اُس درجہ سے حرارت خود بخود کم ہونے لگتی ہے - یاد رہے کہ تازی بنائی ہوئی کے - رین کا استعمال کرنا چاہئے - کیونکہ عرصہ کے تیار کئے ہوئے کے - رین کا استعمال جب کیا گیا ہے تب ہی اندیشناک علامتین پیدا ہوئی ہین - اِس دوا کو خوب زیادہ پانی مین حل کر کے پلانا چاہئے - اور بعد ازان بیمار کو خوب طرح پانی پلانا چاہئے - کہ جسسے اِس دوا کا اثر جلد پیدا ہوتا ہے ✣

۶۷ - کے - او - لین -

یہ شئے مٹی کے قسم مین سے ہے اور سفید چمکدار سفوف کی شکل پر پائی جاتی ہے جب اِن مرضون پر چہڑکی جاتی ہے تب اُن کی رطوبت خشک ہو جاتی ہے جیسے اگزی - ما اِن - ٹر - ٹرائی - گو ✣ پرو - رائی - گو - اِم - پے - ٹائی - گو وغیرہ - چونکہ اِسپر کسی قات کا اثر نہین ہوتا ہے - اسواسطے ایسی دواؤن کی گولیان بنانے مین یہ کام آتی ہی جیسے پر - منگے - نٹ - اف - پو - ٹاشس اور - نائی - ٹریٹ - اف سلور وغیرہ ✣

۶۸ - لیپ - پا

یہ دوا ڈایو - ر - ے - ٹک ہی - اور شل سار سا کے مفید ہے - جگر اور رودون پر اسکا اثر ہلکا اسٹی - میو - لنٹ ہوتا ہے - اور اسہال اور پیچش مین مفید پائی گئی ہے

۶۹ - لائی - کو - پر - ڈن - جائی - گن - ٹے - ام -

یہ دوا نہایت عمدہ حابس الدم ہے (ہے - ماس - ٹے - ٹک) اور زخمون پر بہی اسکو لگاتے ہین - جب یہ بوٹا اپنے کمال کو پہنچ جاتا ہے تب اسکا استعمال کرتے ہین اور اسوقت مقدار اسکی بچہ کے سر کے برابر ہوتی ہے - باہر کا فز دجہیل ڈالنے سے ایک ڈلا حاصل ہوتا ہے - جسّے گرد اڑنے لگتی ہے - اسکا استعمال کیا جاتا ہے ✤ شدت سے خون جاری ہو تو اوس دہول کو زخم پر چہڑک دینسے اور زخم کے اندر خوب داب داب کے بہر دینسے رگونکا دہانہ بند ہو جاتا ہے کہ جنکو ریشم سے باندھ نہین سکتے ہین - اور خون نہایت کامل طور پر بند ہو جاتا ہے - واقعی مین جب رگونکا دہانہ نظر نہین آتا ہے - تاکہ انپر ٹانکا لگایا جاسکے تب اس دوا کے لگانے سے وہ خون نہایت جلد بند ہو جاتا ہے - مگر اِن مین یہ ایک بڑی قباحت ہی کہ زخم مین بد بو پیدا ہو جاتی ہے ✤

۷۰ - مے - نا - کا

اِس کے درخت کا نام فران - سے - رشیا - بو - نے - فلو - را - ہے - اِس درخت کی جڑ دوا مین اِستعمال ہوتی ہے - یہہ دوا اسپ - الکوٹ اور کرانک رو - ما - ٹیزم مین نہایت مفید ہے اور اِسکا فائدہ ڈایو - رے - ٹک اور اِمے - نے - گگ ہی ہی

خوراک - اسکے فلوئیڈ اکسٹراکٹ کی ۲۰ سے ۶۰ منم تک اور پہل کے سفوف کی ۱۰ اگرین ۔

۷۱ - مش - کے - رین -

یہ جوہر ہے ایک بوٹا اگے - ری - کیش - مش - کے - ریا کا اثر اسکا بہت ہی مشابہ ہے پے - لو - کار - پین سے چنانچہ جیسے پے - لو - کار - پین سے ویسے اس جوہر کے استعمال سے بہی پسینہ اور تہوک بکثرت آتا ہے اور آنکھون سے آنسون بہی کثرت سے جاری ہوتا ہے اور پیشاب تبکلیف آتا ہے - اور بعض دفعہ دست و قے بہی آتے ہین - جب اسکی فی صدی دش حصہ کا عرق آنکھون مین ڈالا جاتا ہے - تب پتلیان پہیل جاتی ہین - لیکن جب پیا جاتا ہے تب وہ سکڑ جاتے ہین - اسکی پچکاری بہی جلد کے اندر کی جاتی ہے - چنانچہ اس کے نائٹریٹ مرکب کا نصف گرین پانچ قطرہ پانی مین حل کرکے پچکاری کرنی چاہئے - بلکہ چوتہائی گرین سے شروع کرنا بہتر ہے - بیماری مین جو رات کے وقت بکثرت پسینہ آتا ہے اس مین اسکی پچکاری مفید پڑتی ہے - اور اٹرو - پیا کے زہر کا یہ تاد ہے ہے -

۷۲ - نف - تھے - لین -

کول ٹار کے متقطر کرنے سے اسکی سفید سفید قلمین حاصل ہوتی ہین - یہ وہ نہایت سریع الاثر ڈس - ان - فک - ٹنٹ اور انٹے - سپ - ٹک ہے - اور اسنے نہ تو انسان اور نہ حیوان مین زہر کی علامتین پیدا ہوتی ہین - گندے زخمون اور کنسر کے زخمون اور آتشک کے زخم پر اسکو کثرت سے لگاتے ہین یہ دوا سستی ہے اور بہت عمدہ ڈس - ان - فک ٹنٹ ہے - اور اس کے لگانے سے انگور جلد آکر زخم بہرنے لگتا ہے

اور اِسکے لگانے سے درد بھی نہین ہوتا۔ اِس کے لگانے کی ترکیب بھی آسان ہے چنانچہ صبح و شام زخم پر اِسکا سفوف چھڑک کر گٹی پر چہ باندھ دینا چاہیئے۔ اِن تھل۔ می ڈٹک کے طور پر شکم کی کرم مارنیکے لئے بھی یہ دوا پلائی جاسکتی ہے اور چونکہ یہ جذب نہین ہوتی ہے تو اثر اِسکا شروع سے لیکر مقعد تک برابر یکسان پیدا ہوتا ہے اور اسہال اور پیچش اور سیفد مین بھی یہ دوا مفید ہے ٭

خوراک ۔ جوانون کے لئے ۲ سے ۸ گرین تین تین یا چار چار گھنٹہ بعد پلانا چاہیئے۔ اور بچون کے لئے نصف سے ۲ گرین تک ٭

۷۳ ۔ نف ۔ تھال ۔

مثل اگلے کے یہ بھی مرکب ٹار سے حاصل ہوتا ہے۔ اِسکی قلمین چھوٹی چھوٹی سفید رنگ کی اور چمکدار ہوتی ہین۔ زیادہ کھلائی جاوے تو زہر ہوجاتا ہے اِسکا اثر جلد پر ویساہی ہوتا ہے جیسے ٹار کا ہوتا ہے اور جلد کی بیماریون مین بہت مفید ہے۔ مثلاً اگزی ۔ ما ٭ سو۔ رائی ۔ سِس۔ اور اِسکے ۔ بتر۔ وغیرہ مین اور غرغرہ کے طور پر ڈنف ۔ تھی ۔ ریا مین اور پچکاری کے طور پر سوزاک اور لیو۔ کیو۔ ریا ۲ سے ۵ فی صدی طاقت کا عرق مفید ہے۔ لیکن اِسکے ۔ بیز اور سو۔ رائی۔ سِس کے مرہم مین فی صدی اِسکا ۵ درہ حصہ ہونا چاہیئے۔

۷۴ ۔ آئیل ۔ اف ۔ کڈ ۔

درخت جو۔ نی ۔ پے ۔ رس ۔ اکسی ۔ سیڈ ۔ س کی لکڑی سے یہ روغن منقطر ہوتا ہے۔ یہ روغن نہایت عمدہ کرم کش ہے اور ایسی جلد کی بیماریون پر لگانیسے فائدہ کرتا ہے جیسے ۔ سو ۔ رائی ۔ سِس۔ اور مزمن اگزی ۔ ما ۔ دو ڈرام اِس روغن کا

ایک آونس سفید مرہم مین ملاکر لگا سکتے ہین یا ہموزن بیروزہ روغن اور زرد موم پگہلا لین -

۷۵ - ری - گو - لین

اسکو امایبل ہایئڈ - رائیڈ بہی کہتے ہین - جہان پر یہ دوا لگائی جاتی ہے وہ جگہہ سُن ہو جاتی ہے کیونکہ لگاتے ہی فوراً اُڑ جاتی ہے - ایک ڈرام کافور اور ایک ڈرام سفید مرہم مین ۲ آونس اِس دوا کا پگہلا کر دہنکی ہوئی روئی پر لگا کر جلے ہوئے مقام پر لگا دینے درد کو جلد آرام آجاتا ہے اور اُس جگہہ پر ایک پردہ صابن جاتا ہے جسّے وہ مقام خاک دہول سے محفوظ رہتا ہے ٭

۷۶ - ٹونگا -

فی - جے کے جزیرہ مین کئی درختون کے پتون اور باریک شاخون سے یہ شئے عرق کے طور پر حاصل ہوتی ہے - نیو - رلجیا - کے دردون مین یہ دوا نہایت مجرب ہے

خوراک - ٹونگا کے عرق کی ایک ڈرام ۳ دفعہ دن کو -

۷۷ - یو - ری - ہتھن -

یہ مرکب ایتہر کے قسم مین سے ہے اور نہایت عمدہ ہپ - ناٹک ہی چنانچہ آٹھہ گرین اِسکی رات کو سوتے وقت کہلا دینسے گہری نیند آجاتی ہے - دو گہنٹہ بعد پہر دی سکتے ہین اور جو نیند نہ آوے تو پہر دو گہنٹہ بعد کہلا سکتے ہین -

۷۸ - وائی - بر - نم -

اِس درخت کے خشک پتون کے استعمال سے اِن - جائی - نا - پکِ - ٹو - رس کی مرض کو

بہت فائدہ ہوتا ہی مگر ایک طبیب اِسکے پہل کی بہت تعریف کرتے ہین چنانچہ ایک اُونس پہلونکا لیکر پانی مین خیسانده تیار کرتے ہین۔ اور تہوڑا تہوڑا اُسکا رات کے اندر پلادیتی ہین اِسّے درد کو فائده ہوجاتا ہے ⁂

حصّہ پنجم

ازا درختا انڈیکا
یعنی نیم

یہ درخت ہندوستان مین افراط سے پیدا ہوتا ہی۔ نیم کی چہال اور پتے دوا مین استعمال ہوتے ہین ⁂ فائده۔ چہال کا اسٹرنجنٹ ٹانک اور انٹے۔ پے۔ ریا۔ ڈک ⁂ اور پتونکا فائده اِنٹی۔ میو۔ لنٹ۔ ٹانک ⁂

استعمال۔ نیم کی چہال کو تپ نوبتی اور ہر قسم کی کمزوری مین استعمال کرتے ہین اور پتون کو بطور اِنٹی۔ میو۔ لِنٹ اور ٹانک کے کمزور زخمون اور جلدی بیماریون مین لگایا کرتی ہین ⁂ خوراک۔ چہال کے سفوف کی ایک ڈرام دنمین ۳ یا ۴ مرتبہ ⁂

اِسکے تین مرکب ہین

لاٹن ——————— انگریزی

ڈی۔ کاکٹم۔ ازا درختی ——————— ڈی۔ کاکشن اف۔ نیم بارک

نسخہ۔ نیم کی چہال کے اندر کا فرد کوٹا ہوا ۲ اونس ⁂ پانی ڈیڑہ پائنٹ ⁂ پندره منٹ تک جوش دیکر گرم رہتے چہان لین ⁂

خوراک۔ ڈیڑہ آونس سے ۳ آونس تک۔ نوبت سی پیشتر دو دو گہنٹہ بعد پلاوین اور

بطور ٹانک کے ایک یا دو آونس دو یا تین مرتبہ دنکو گرمی کے موسم مین چونکہ یہ مرکب
جلد بگڑ جاتا ہے تو استعمال کے وقت تازہ تیار کرنا چاہیے +

لاطین ——————— انگریزی

ٹنکچورا ازودرختی ——————— ٹنکچراف نیم بارک

نسخہ - نیم کی چہال کے اندر کا فرد کوٹا ہوا ڈہائی آونس + پروف اسپرٹ ایک پائنیٹ +

ترکیب - مانند ٹنکچراف اکو - نائیٹ کے (جسکو دیکہو)

خوراک - بطور ٹانک آدہی ڈرام سے ۲ ڈرام تک +

لاطین ——————— انگریزی

کے ٹا - پلاز - ما - ازادرختی ——————— پولٹس اف نیم لیوس

نیم کے تازہ پتے حسب ضرورت لیکر کوٹ ڈالین تب قدرے آب گرم ملا کر مرطوب
کر ڈالین + اِسٹی - میو - لینٹ - کے طور پر بدبودار زخمون پر اسکو لگایا کرتے ہین اگر انسے
درد یا خراش پیدا ہو تو اُسمین تہوڑا سا آٹا ملالین - نیم کے بیجون کا کڑوا روغن وجع مفاصل
کے درد پر ملتے ہین اور کیچوے مارنے کے لئے اسکو پلاتے بہی ہین +

اب - رس پری - کے - ٹو - ریئس
یعنے ملہٹی

اِس کی جڑ دوا مین استعمال ہوتی ہے - فائدہ اسکا مثل اے - کو - رس کے ڈی - ل - ینٹ ہے
اور بجاے اے - کو - رس کے اسکو کہانسی مین استعمال کرتے ہین اور اِس درخت کے
بیج جنکو رتی کہتے ہین ریشی کے مارڈالنے کے لئے زہر کے طور پر استعمال کئے جاتے
ہین - چنانچہ پنجاب مین چمار لوگ ایسا کیا کرتے ہین کہ بانس یا لکڑی کی تیلی کہاپا چیون کو چہیلکر
خوب تیز نوکدار بناتے ہین اور تب رتیون کو پیکر اُسپر جما دیتے ہین جس جانور کو مارڈالنا

ہوتا ہے اُسکے پیٹ مین اُسکو گوبو دیتے ہین۔ اُسکے کرنے سے زہر ہو جاتا ہے
اور جانور مرجاتا ہے تب اُسکی لاش کی کہال کہینچکر چمڑے کے سوداگرون کے
ہاتھہ فروخت کر دیتے ہین۔ مالک بیچارہ کو ذرہ ہی خبر نہین ہوتی کہ جانور کس سبب سے
مرگیا ہے ✤

ا۔ر۔ا۔گس ہائی۔پو۔جیا۔
یعنے چلینا بادام

اسکی گری کا روغن بجاے الیو۔آئیل کے استعمال کر سکتے ہین ✤

ایسمائی۔لکس۔چائی نا
یعنی چوب چینی

چوب چینی کا فائدہ مثل سار۔سا۔پریلا کے آل۔ٹے۔رے۔ٹیو ہے اور اسکو
بہی۔رو۔ما۔ٹیزم اور آتشک مین استعمال کر سکتے ہین ✤

اسٹرک۔ناس اگ۔نے شیا
یعنی پاپتیا۔

یہ بیج چہوٹی چہالیا کے برابر ہوتے ہین ایک جانب ان کی محدب اور دوسری گوشہ دار
ہوتی ہے نہایت سخت ہوتے ہین ✤
فائدہ۔ٹانک اور انیٹے۔پے۔ریا۔ڈک ہی۔بخار اور کمزوری مین مفید ہے
کہتے ہین کہ اس دوا سے قے بہی رک جاتی ہے۔چونکہ یہ بیج نہایت سخت ہوتے
ہین تو انکو ریتی سے رگڑکر یا سل پر گہسکر استعمال کرنا چاہئے ✤

خوراک - ۲ گرین سے ۵ گرین تک ✣

آے - پو - میاٹر - پے - تھم
یعنی تربد

جو اسکی بطور جلاب کے دوا مین استعمال ہوتی ہے اور دیسی حکیم ہمیشہ اسکو ہمراہ سنا اور املتاس کے دیتے ہین ✣

او - رائی - زاسے - ٹائی - وا
یعنے چاول

فائدہ - ڈی - ملے - سنٹ اور نیو - ٹری - انٹ ✣

اسکے دو مرکب ہین

انگریزی		لاٹن
ڈی - کاکشن اف رائیس		ڈی - کاکٹم - اور رائی - زی

نسخہ - چاول ایک آونس - پانی دو پانیٹ - ۲۰ منٹ تک جوش دیکر چھان لین ✣ سوزاک کی بیماری اور پیشاب کی جلن مین یہ ایک نہایت عمدہ شربت ہے اور جب اسمین نیبو کا عرق اور شکر ملائی جاتی ہے تب یہ اور بھی مزیدار ہو جاتا ہے ✣

انگریزی		لاٹن
پولٹس اف رائیس		کے ٹا - پلاز - ما - او - رائی - زی

نسخہ - حسب ضرورت چاولونکا آٹا لیکر ایک کھلی مونہہ کے برتن مین چھوڑو اور اس برتن کو آگ پر رکھکر اسمین تھوڑا تھوڑا پانی چھوڑتے جاوین اور خوب گھونٹتے جاوین جبتک وہ گاڑھا پولٹس کے طور پر ہو جاوے ✣ یہ پولٹس بجاے السی کے

بوائش کے استعمال ہو سکتی ہے ✲

انڈرو۔ پوگن سائی ٹری ۔ اٹم

انگریزی مین اسکو ے۔ من۔ گراس بولتے ہین۔ اِس درخت سے ایک روغن نکلتا ہے جسکو ے۔ من۔ گولس اور آئیل اف ور بے۔ نا بھی بولتے ہین ✲

فائدہ ۔ اسکا اِسٹی میو۔ لینٹ ✲ کار۔ می۔ نے۔ ٹو ✲ اِنٹس پاز موڈک ادڑایا۔ فوڑیٹک اور باہر اسکو رو۔ بے۔ فی۔ شنٹ کے طور پر لگایا کرتے ہین ✲

استعمال ۔ شکم کے نفخ مین اسکو پلاتے ہین ✲ ہیضہ کی بیماری مین پلانے سے قے رک جاتی ہے اور بیمار جلد رو بصحت لاتا ہے۔ لیکن اِس امر کا تجربہ مصنف کو نہین ہے۔ باہر اسکو روماٹیزم اور رتو۔ ربیجیا اور کچلے ہوئے مقاموں پر ملا کرتے ہین ✲

خوراک ۔ ۳ سے ۶ بوند تک شکر مین ملا کر دیتے ہین اور اِس روغن کا ایک حصہ اور کسی میٹھے تیل کا دو حصہ ملا کر اسکی مالش کرتے ہین ✲

انڈرو۔ پو۔ گن نار۔ ڈس

اِس درخت سے بھی ایک روغن نکلتا ہے جسکا فائدہ استعمال اور خوراک مثل اوپر کے روغن کے ہے۔

انڈرو۔ پو۔ گن۔ پک۔ نوڈس

اِس درخت سے بھی ایک روغن نکلتا ہے جسکا فائدہ اور استعمال مثل اوپر کے ہے ✲

ایکی۔ ام۔ یعنی گاؤزبان

اِس درخت کے پتون کے جڑ ٹہنیان اور پھول دوا مین استعمال ہوتے ہین جنکو گاؤزبان

بوستے ہین اسکا عرق کشید کر کے بخارون مین بطور معرق اور وجع مفاصل اور گرمی کی بیماری مین بطور مصفی خون کے استعمال کرتے ہین ✣

لاٹن	ہندی	انگریزی
اکو۔ نائی۔ ٹم ہی۔ ٹے۔ روفائی لم	اتیس	اتیس

یہ درخت ہمالیہ کے پہاڑ پر پیدا ہوتا ہی۔ اسکی جڑ دوا مین استعمال ہوتی ہی۔ جڑ اسکی گاؤدم اور نیچے کی جانب نوکیلی ہوتی ہی ایک سے ڈیڑہ انچ تک لمبی۔ ذائقہ اسکا تلخ ہوتا ہے لیکن اسمین اکو۔ نی۔ ٹیا نہین ہوتا اور نہ اسکے چبانے سے زبان شل ہو جاتی ہی جیسی اکو۔ نائیٹ کی جڑ کے چبانے سے ہوا کرتا ہے ✣

فائدہ ۔ ٹانک اور انٹے۔ پے۔ ریا۔ ڈک چونکہ اس مین نہ تو اکو۔ نی۔ ٹیا اور نہ کسی اور قسم کا زہر ہوتا ہی اسلئے اسکے کہلانے مین کسیطرح کا اندیشہ بہی نہین ہے ✣

استعمال ۔ کمزوری اور ہر قسم کے تپ نوبتی مین یہ دوا مفید ہی ✣

خوراک ۔ بطور ٹانک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک دن مین تین دفعہ اور بطور انٹے پے ریا ڈک جڑ کا سفوف ۲۰ گرین سے ۳۰ گرین تک چاہیے بخار ہو جاے تو تین تین یا چار چار گہنٹہ بعد کہلانا چاہیے ✣

لاٹن	فارسی	انگریزی
الی۔ شی۔ ام۔ لے نے۔ سی۔ ٹم	بادیان خطائی	اسٹار انس۔

فائدہ اور استعمال ۔ اسٹو۔ ما۔ گک اور کار۔ مے۔ نے۔ ٹو ہے چار کے ہمراہ جوشاندہ کر اسکو پیتے ہین اور اسکا روغن بدہضمی اور نفخ شکم مین دو سے پانچ قطرہ تک پیتے ہین ✣

ال۔ ہی۔ جیا۔ مو۔ رو۔ رم

اسکو فارسی مین جواسا کہتے ہین۔ یہ درخت افریقہ اور مغربی ایشیا اور دکہن ہندوستان مین

پیدا ہوتا ہے۔ تنہ سے ایک شے میٹھی خارج ہوتی ہے اسکو ترنجبین کہتی ہین۔ اِسکے چھوٹے چھوٹے دانہ بھورے رنگ کے ہوتے ہین۔ فائدہ اِسکا مثل مو۔ نا کے لکسی۔ ٹو۔ ہی ✤

اُیپم اِن۔ ڈُو۔ لیو۔ کرسے۔ ٹم تخم کرفس

فائدہ اِسکا اِسٹو۔ ما۔ کِک ٹانک ہی۔ بدہضمی مین جب متلی اور قے روکنے کے لئے استعمال مین آتے ہین ✤

او۔ پو۔ پو۔ نکش کائی۔ رو۔ نم
جوانشیر

فائدہ اور استعمال مثل ہینگ کے اِسٹی۔ میو۔ لنٹ اور اِنٹش۔ پاز۔ مو۔ ڈک اور کار۔ مے۔ نے۔ ٹو ہے ✤

اِر۔ ٹے۔ مے۔ شیا انڈیکا
افسنتین

یہ دوا اِسٹو۔ ما۔ کِک اور ٹانک ہی۔ جگر اور معدہ کی بیماریون مین مفید ہے اِسکی پتون اور کونپلونکا خیساندہ استعمال مین آتا ہے ✤

او۔ سے۔ مم۔ پای۔ لو۔ زم
تخم ریحان

فائدہ اِسکا ارو۔ ما۔ ٹِک اور کار۔ مے۔ نے۔ ٹو ہے بدہضمی اور قولنج اور اسہال

مین مفید ہین +

امبلی - کا او - فی - سے - نے - لیش
آملہ

آملہ کا درخت ہندوستان کی ہر جگہہ پیدا ہوتا ہے اس درخت کے پہل کو آملہ کہتے ہین پہل کے چہہ گوشہ ہوتے ہین اور دانہ و کے برابر ہوتا ہے - گودا اسکا ترش ہوتا ہے اور اس مین پہلدا دیج ہوتے ہین فائدہ پہلو نکا اسٹرنجنٹ ہے اور پیچش کی بیماری اور اسہال مین مفید ہین +

اکو - رَس - کے - لی مَش
وچ

اس درخت کی جڑ کی گانٹہین دوا مین استعمال ہوتی ہین +

فائدہ - انکا ٹانک اور اسٹو - ما - کک ہی - اور بدہضمی مین مفید ہین خاصکر جب شکم مین نفخ بہی ہو +

باس - وی - لیا - فلو - ری نیڈا
یعنی گندہ بیروزہ

ایک قسم کا گاڑہا روغن ہوتا ہے - فائدہ اسکا اسٹی - میولنٹ اور جب کہایا جاتا ہے تو اثر اسکا میو - کس ممبرین پر مگر خاصکر ہوا کی نالیون کے میو - کس پردہ پر ہوتا ہی کہانسی مین اسکو کہلاتے اور اسکا بخار سنگہاتے ہین اور باہر اسکو زخمون پر بہی لگاتے ہین +

خوراک - ۱۰ گرین سے ۲ ڈرام تک +

اسکا ایک مرہم ہے - جسکو او - بے - بے - تم آئینٹ منٹ بولتے ہین اِسکے بنانے کی ترکیب یہ ہی کہ گندہ بروزا نلونکا تیل اور سیفد مرہم ہرایک کا ہموزن لیکر دہیمی آنچپر پگہلا کر چہان لین ❖

بیوٹیا فران ڈوزا
یعنی کمرکس

یہ گوندہوتی ہے - فائدہ استعمال خوراک اور مرکبات ثبل کا ہے - نوکے چہلکے بدلے اسکو بیجونبی استعمال کرسکتے ہین - لیکن اِسکے درخت کے بیجونکا فائدہ اتہل - من ٹک ہے ان بیجونکو منڈی مین بلاس پاپڑا بولتے ہین ❖

ترکیب - اِن کے استعمال کرنے کی یہ ہی - کہ پہلے بیجونکو پانی مین بہگو رکہین بعد ازان انکا چہلکا چہیلکر گری کو خشک کرکے سفوف کر ڈالین ❖ **خوراک** - جسکی ۲۰ گرین ۳ مرتبہ انکو ۳ روز تک برابر کہلاوین اور چوتہی روز کسٹرائیل کا جلاب دیوین ❖

بز - بے - رش لائے شیم -
یعنی رسوت کا درخت

اِسکی جڑ کی چہال اور اِسکی لکڑی اور چہال کا ست جسکو رسوت بولتے ہین ❖ دوا مین مستعمل ہی - فائدہ - اِسکا ٹانک ❖ انٹے - پے - ریا - ڈک اور ڈایا - فو - ری - ٹک ہی ❖ باری کے بخار ون اور ہر قسم کی کمزوری مین اِسکو دیا کرتے ہین اور خاص رسوت کو آشوب چشم مین آنکہون مین ڈالا کرتے ہین اور ہیوٹوہنر اِسکا لیپ بہی کرتے ہین ❖ چنانچہ یہ لیپ اف - تہل میا کی بیماری مین مصنف نے مفید پایا ہے ❖

نسخہ - صاف کی ہوئی رسوت ۲ ماشہ ❖ پہٹکری ایک ماشہ ❖ افیون ایک ماشہ ❖

پانی۔جب ضرورت ہو سبکو خوب باریک کہرل کرکے آگ پر تہیر گرم کرلین اور تب آنکھون کے گرد پپوٹون پر اسکا لیپ کر دین اگر اس لیپ کا ایک آدہ قطرہ آنکھون کے اندر گر جاوے تو مضایقہ نہین ٭

اسکے تین مرکب ہین

لاٹن ـــــــــــ انگریزی

ٹنکچورا۔بر۔بے۔رِس ـــــــــــ ٹنکچر اف۔انڈین۔باربری

نسخہ۔رسوت کے درخت کی جڑکی چہال جوکوب۔۴ ۱ اونس ٭ پروف اِسپرٹ۔دو۔پانیٹ۔**ترکیب**۔مانند ٹنکچر اف اِکو۔نایٹ کے ٭

خوراک۔بطور اِنٹے۔پے۔ریا۔ٹک سردی کے درجہ کے شروع ہونےسے تہوڑے ہی پہلے ۳ یا ۴ ڈرام سے ۶ ڈرام تک اور بطور ٹانِک ۳۰ بوند سے ۲ ڈرام تک دو یا تین دفعہ دنکو ٭

لاٹن ـــــــــــ انگریزی

انفیوزم۔بر۔بے۔رِس ـــــــــــ انفیوژن اف انڈین۔بار۔بری

نسخہ۔رسوت کے درخت کے جڑکی چہال جوکوب نصف آونس۔کہولتا ہوا پانی ۱۰ آونس ایک بند برتن مین ایک گہنٹہ تک بہگو کر چہان لین ٭

خوراک۔ڈیڑہ آونس سے ۳ آونس تک دو یا تین دفعہ دن کو ٭

لاٹن ـــــــــــ ہندی ـــــــــــ انگریزی

اِکسٹراکٹم۔بر۔برس ـــــــــــ رسوت ـــــــــــ اکسٹراکٹ اف انڈین۔باربی

نسخہ۔رسوت کے درخت کی جڑکی چہال جوکوب۔ایک پاؤنڈ۔پروف اسپرٹ ۲ پانیٹ ٭

ترکیب۔چہال کو ۲ پانیٹ اِسپرٹ مین ۲۴ گہنٹہ تک آہستہ آہستہ پر کو۔لٹ کرین بعد ازان اِسپرٹ کو مقطر کرکے جو کچہہ باقی ہو اُسکو اڑا کر گولی بنانے کے قابل گاڑہا کرلین ٭

خوراک - ۱۰گرین سے ۳۰گرین تک دینمین ایک دفعہ - بازارمین جو رسوت ملتی ہی - وہ بہت میلی ہوتی ہے - اسکو صاف کرنے کی ترکیب یہ ہی کہ اسمین الکحل ملاوین جسمین رسوت حل ہوجاوے گی اور کثافت نیچے جم جاویگی تب اُس عرق کو نتہار کر اڑا کہ گولیان بنانے کے قابل گاڑہا کرلین ✤ بازار کی رسوت کی خوراک نصف ڈرام سے ایک ڈرام تک ✤

پو - لی - گو - نم بسٹار - ٹا -
انجبار

اسکی جڑ کا سفوف بطور اسٹرنجنٹ کے دوامین استعمال ہوتا ہے ✤

پائی - رس - سائی - ڈو - نیا
یعنے بہیدانہ

یہ بیج پنساری کی دوکانون مین کثرت سے ملتے ہین - اِنکو پانی مین بہگونے سے ایک لعاب نکلتا ہے - جسکو ہمراہ لعاب ریشہ خطمی اور شربت بنفشہ کے پیچش کی بیماری مین پلاتے ہین - اور بہیدانہ کا لعاب سوزاک اور تیز زہر کے کہانے مین بہی فائدہ مند ہی ✤

پے-ڈے-لی-اَم-میو-رِکس
گوکھرو کلان

اس درخت کے تازہ پتے اور باریک باریک ٹہنیان سرد پانی مین چھوڑ کر خوبطرح ہلا نیسے نہایت جلد ایک لعاب مثل سفیدی بیضہ بن جاتا ہے - بطور ڈائیوریٹک سوزاک کی بیماری اور پیشاب کی جلن مین نہایت فائدہ مند ہے لیکن جب یہ لعاب کچھ عرصہ تک ٹھہرا رہتا ہے تب پھر پانی بن جاتا ہے - پس اسکو تازہ تیار کر کے پینا چاہیے ✣

پلان-ٹے-گو اسپا-گیو لا
یعنی اسبغول

اسبغول کے بیج چھوٹے چھوٹے قریب سرمئی رنگ کے ہوتے ہین - پانی مین بھگونے سے اِسنے لعاب پیدا ہوتا ہے جسکو بطور ڈی-مل-سِنٹ کے پیچش اور سوزاک کی بیماری مین پلاتے ہین - اور ان بیجون کو نیم بریان کر کے ہمراہ قند کے پرانی پیچش اور اسہال کی بیماری مین پہانکتے ہین ✣

لاٹین ———————— انگریزی

ہنس اے-رِی-سے-نم ———————— کامن-فران کن-سینس

یہ چیز دو قسم کے درختونسے پیدا ہوتی ہے ایک کو-پائی-فِرِ-ٹی-ڈیا اور دوسرے کو پائی-نِس-پے-لی-رِس-ٹرس بولتے ہین اور یہ چیز منجمد ٹرپن-ٹائین ہوتی ہے جو امریکا کے ممالک جنوبی سے آتی ہے ✣

خاصیت - یہ شئی منجمد ملائم مکدّر اور گہری زرد رنگ کی رال کے طور پر لیکن سخت ہوتی ہے بو اسکی مانند امری - کن ٹر - پن - ٹائین کے ہوتی ہے - یہ دوا امیلاسٹرم - بائی سنس مین پڑتی ہے *

تھالک - ٹری - ام فو - لیو - لوزم
یعنی پیلی جڑی

یہ جڑ زاغ کے پر کے برابر موٹی اور ریشہ دار ہوتی ہے باہر سے رنگ بہورا اور اندر سبز زرد -

فایدہ - اسکا ٹانک اور اپیرینٹ یعنی ملیّن ہے *

خوراک - جڑ کے سفوف کی ۵ سے ۱۰ گرین تک اور اکسٹراکٹ کی خوراک ۲ سے ۳ گرین تک *

ٹے - مے - رکش او - ری - ان - ٹے - لیش

اس درخت مین ایک قسم کے مازو لگتے ہین - جنکو بڑی مائی اور چھوٹی مائی کہتے ہین *
فائدہ اور استعمال انکا مثل مازو کے اسٹرنجنٹ ہے اور جن بیماریون مین مازو کا استعمال کیا جاتا ہے اُن مین بڑی مائی اور چھوٹی مائی کا بھی استعمال کیا جاتا ہے *

ٹرائی - بیو - لس لے - نیو - جی - نو - سیس
یعنی گوکہرو خورد -

فایدہ اسکا ڈایئو - ری ٹک اسکا جوشاندہ یا خیسانده سوزاک اور پیشاب کی جل کے آنے مین فایدہ مند ہے -

ڈپ ٹے - رو - کار - پس - لی - وس

یہ درخت ہے جس سے گرجن کا تیل نکلتا ہے *

فائدہ - گرجن کے تیل کا خاصکر اعضائے بول کے میو-کس ممبرین پر اثر میولنٹ
ہے اور اسکو بجائے کو-پی-با کے سوزاک بیماری مین استعمال کرسکتے ہین +
خوراک - آدہی ڈرام سے ایک ڈرام تک - اور کہتے ہین کہ چونے کے پانی مین
اِس روغن کو پہنیٹ کر لپرو-سی کی بیماری مین مالش کرنے سے بڑا فائدہ ہوتا ہی +

ڈائی-آسپائی-راس ام-بری آپٹے-رِس
یعنی گاب

اِس درخت کے پہل دوا مین استعمال ہوتے ہین - پہل اِس کے چہوٹے سیب کے برابر ہوتے ہین - پختہ پہل کے اندر جو رس ہوتا ہے وہ کسیلا اور شیرین ہوتا ہے +

فائدہ - اِسکا نہایت عمدہ قابض ہوتا ہے اور بطور قابض کے اِسکو ڈا-یار-یا اور ڈی-سنٹری کی بیماری مین دے سکتے ہین +

اِسکا ایک مرکب ہی -

لاٹن	انگریزی
اکسٹراکٹم ڈائی آسپائی-ری	اکسٹراکٹ اف ڈائی-اسپائی-رِس

گاب کے چند پہلون کو کچلکر نچوڑ ڈالین تب اِس رس کو واٹر باتہہ پر خشک کر کے رکہہ چہوڑین -
خوراک - اِس کی ۵ گرین تک ہے + علاوہ - ڈایا-ریا - اور ڈی-سنٹری کے اکسٹراکٹ کو بطور پچکاری کے لیو-کو-ریا کی بیماری مین بہی استعمال کرتے ہین - چنانچہ اِس کا دو ڈرام - لیکر ایک پائنٹ پانی مین حل کرلین +

کہلایا کرتے ہین- خوراک- ۱۰ گرین سے ۱۵ گرین تک دو یا تین مرتبہ دنکو-

اسکا ایک مرکب ہی

لاٹن ———— انگریزی

پلوس- بان- ڈی- سلی- کمپاز یٹس ———— کمپاونڈ پاوڈر اف- کٹ- کرنجا

نسخہ- کٹ کرنجا کے بیج کی گری کا سفوف- ایک آونس- سفوف سیاہ مرچ ایک آونس

دونوں کو خوب ملاکر رکہہ چہوڑین خوراک- ۱۵ گرین سے ۳۰ گرین تک تین دفعہ دنکو-

سی- سل- پای- نا- سی- ین یعنے بکم

بکم کی لکڑی کا فائدہ اور استعمال مانند لاگ اڈو کے قابض ہے +

فار- بای- لٹس- نل
یعنی کالادانہ

کالادانہ ایک عمدہ جلاب ہی جسکو بجاے جلپ کے استعمال کرسکتے ہین +

خوراک- آدہی ڈرام سے ایک ڈرام تک +

مثل جلپ کے کالادانہ کے بہی چار مرکب ہین یعنی ایک اکسٹراکٹ- ایک ٹنکچر- ایک کمپاونڈ پاوڈر + اور ایک ریزن + ان چار مرکب کے نسخہ اور بنانے کی ترکیب اور خوراک اور فائدہ اور استعمال بعینہ مثل مرکبات جلپ کے ہین +

فیو- می- ریا- پار- وی- فلو- را
شہترا یا پت پاپڑا

ہندوستان اکثر مقامات کے کہیتون مین شہترا کثرت سے پیدا ہوتا ہے اور اسکا

سارا درخت دوا مین استعمال ہوتا ہے اِسکا فیسا ندہ بطور بِٹر ٹانک اور آل۔ ٹے ریٹو
کے آتشک اور کمزوری مین بکثرت استعمال ہوتا ہے اور جگر کی بیماریون مین بھی مفید ہے

کاپ۔ لِش۔ مے۔ ٹا۔
یا مشے۔ سے۔ ٹا۔

اشام کے قریب پہاڑون مین یہ درخت پیدا ہوتا ہے۔ اِسکی خشک کی ہوئی جڑ
دوا مین استعمال ہوتی ہے ٭

فائدہ ۔ اِسکا بِٹر ٹانک اِسکو ہر قسم کی کمزوری اور بدہضمی مین دیا کرتے ہین ٭

خوراک ۔ جڑ کے سنوف کی ۱۰ سے ۵ اگرین تک ٭

اِسکے دو مرکب ہین

لاٹن ——— انگریزی

ٹنکچورا۔ کاپ۔ ٹے۔ ڈس ——— ٹنکچر اف کاپ۔ ٹز

نسخہ ۔ کاپ۔ ٹس کی جڑ کوٹی ہوئی۔ ڈہائی آونس ٭ پروف اسپرٹ۔ ۲ پائنٹ ٭
سات روز تک بہگو کر چھان لین۔ **خوراک** ۔ آدہی ڈرام سی ۲ ڈرام تک ٭

لاٹن ——— انگریزی

انفیوزرم۔ کاپ۔ ٹے۔ ڈس ——— انفیوژن اف کاپ لٹس

نسخہ ۔ کاپ لٹس کی جڑ کوٹی ہوئی۔ ۵ ڈرام۔ کہولتا ہوا پانی ۲ پائنٹ ٭
ایک بند برتن مین ۲ گہنٹہ تک بہگو کر چھان لین ٭ **خوراک** ۔ ایک آونس سی ۲ آونس تک۔

کا۔ کیو۔ لِش انڈے۔ کس

اِسکے درخت کو اِ۔ نا۔ مر۔ ٹا کا۔ کیو۔ لِش بولتی ہین۔ یہ درخت سی لون کے پہاڑون
مین پیدا ہوتا ہے۔ اِسکے بیج دوا مین استعمال ہوتے ہین اس چیز کو کہلاتے ہین

ہین - صرف جوئین مارنے کے لئے اِسکا مرہم ذیل کام مین آتا ہے مگر یہ دو نہایت درجہ کی نار - کا - ٹک ہی - اِسکا ایک جوہر ہے جسکو اصطلاح مین یک - رو - ٹک سین کہتی ہین - تہائی سِس کی بیماری مین جو رات کے وقت بکثرت پسینہ آتا ہی اُس کو روکنی کے لئے اِسکا استعمال کیا جاتا ہے - چنانچہ ڈاکٹر میورل اِسکی ایک گرین کا دوسو حصہ (۱/۲۰۰) دن مین ۳ دفعہ کہلاتے ہین *

لاٹن ——————— انگریزی

انگوانٹم - کا - کیو - لائی ——————— اِنیٹ منٹ اف کا - کیونس

نسخہ - کا - کیو - لَس کے بیج - ۸۰ گرین * تیار کی ہوئی چربی ایک آونس *
بیجونکو کہرل مین گہونٹ کر چربی کے ہمراہ خوب طرح ملالین * یاد رہی کہ اِس مرہم کو چھلی ہوئے یا زخمی مقام پر نہ لگانا چاہئے - کہ مبادا اِس کا جوہر جذب ہو کر زہر نہ بن جاوے -

کے - شیا - البِشس
یعنی چاکسو

اِس درخت کے بیج جنکو ہندی مین چاکسو بولتے ہین دوا مین استعمال ہوتے ہین اِن بیجون کو خام یا کسیقدر بہونکر خوب باریک کرکے اَفتہالمیا کی بیماری مین آنکہون کے اندر ڈالتے ہین *

کیو - کر - بیٹا - پے - پو
یعنی میٹھا کدو

اِس کے بیج کا فائدہ اِن - تہل - من - ٹک ہے - چنانچہ اِن بیجون کی گری ۲ آونس پیسکر بطور شربت کے پلادین اور بعد دو تین ۲/۳ گہنٹہ کے کسٹرائیل کا جلاب دیدین *

کے - رم اجوائین
یعنی اجوائین

اجوائین کا فائدہ اِسٹی - مبولنٹ - کار مِنے - ٹِیو اور انٹِش - پاز - مو - ڈِک ہے بد ہضمی اور نفخ شکم اور قولنج کے درد مین اجوائین کہلاتے ہین ❖

اس کے دو مرکب ہین

لاٹن ———————— انگریزی

او - لیم - ٹائی - کو - ٹِس ———————— آئیل - اف اجوائین

اجوائین کا تیل ڈِسٹی - لیشن کی ترکیب سے حاصل ہوتا ہے - **خوراک** - ایک بوند سے ۳ بوند تک ❖

لاٹن ———————— انگریزی

اکوا - ٹائی - کوٹس ———————— اجوائین واٹر

۲ آونس اجوائین لیکر دو گیالن پانی مین ڈالکر ایک گیالن مقطر کرین -

خوراک - ایک آونس سے ۲ آونس تک ❖

کے - لو - ٹروپس جای - گن - ٹیا
یعنی مدار

مدار کا درخت ہندوستان کے اکثر مقامات مین ریتلی زمینون مین پیدا ہوتا ہے مدار کے جڑ کی چھال خشک کرکے دوا مین استعمال کرتے ہین - اس چھال کی سفوف کے تیار کرنے کی ترکیب یہ ہے - کہ اپریل اور مئی کے مہینون مین مدار کی جڑ کھود کر اور ریت وغیرہ سے اسکو اچھی طور پر پاک کرکے دھوپ مین نہین بلکہ ہوا مین تب تک خشک کرین جبتک اس مین چھپا لگانے سے دودہ نہ نکلے تب اسپر سے

چھال احتیاط سے چھیلکر خشک کرکے سفوف کرڈالیں ۔ اس سفوف کو خوب بند شیشون مین رکھنا چاہئے ۔

فائدہ ۔ اسکا آل ۔ ٹے ۔ ر سے ۔ ٹو ۔ ٹانک اور ڈایا ۔ فو ۔ ری ۔ ٹک ہے اور زیادہ مقدار مین امے ۔ ٹک مدار کو جزام آتشک ڈی ۔ سنٹری اور ڈایاریا مین دیتے ہین اس دوا کو بجائے اپے ۔ کے ۔ کوانا کے بخوبی استعمال کر سکتے ہین ۔

خوراک ۔ آلٹر ٹیو ۳ گرین سے ۱۰ گرین تک اور امی ۔ ٹک کے طور پر نصف ڈرام سے ایک ڈرام تک ۔

کرائی ۔ نیم اشیا ۔ ٹے ۔ کم

اس درخت کی تازہ جڑ دوا مین استعمال ہوتی ہے ۔

فائدہ ۔ اسکا امی ۔ ٹک اور زیادہ مقدار مین ناشینٹ اور ڈایافوریٹک ہے ۔ اسکو بجائے اپے ۔ کے ۔ کوانا کے بخوبی استعمال کر سکتے ہین ۔

اسکے دو مرکب ہین

لاٹن ——— ——— انگریزی

سک ۔ کس کرائی ۔ نائی ——— جوس ۔ اف ۔ کرائی نم

نسخہ ۔ کرائی ۔ نم کی تازہ جڑ ۔ آدہی آونس ۔ سہر دبانی ۲ آونس ۔

جڑ کو پتہر کرکے کہرل مین کوٹتے جاوین اور تہوڑا تہوڑا پانی اسمین ڈالتے جاوین بعد ازان اسکو کپڑے سے چھان لین ۔

خوراک ۔ ۲ سے ۴ ڈرام تک بیس بیس منٹ بعد پلاتے جاوین جبتک اسکا اثر نمایان نہو ۔

لاٹن ——— ——— انگریزی

سیر ۔ پس کرائی ۔ نائی ——— سرپ اف کرائی ۔ نم

نسخہ - کرائی - نم کی تازہ جڑ چھلکا کی ہوئی - ۸ آونس * کہولتا ہوا پانی - ایک پائینٹ - قند ایک پونڈ *

جڑ کو پانی مین ۲ گہنٹہ تک بہگو کر اور ایک کہرل مین کوٹ کر کپڑے سے چہان ڈالین تب اسمین قند چہوڑ کر دہیمی آنچ پر حل کرین * **خوراک** - دو ڈرام بچون کو استو تئے کرواتی ہین

کار - ڈیا - کسا
بستان یا لسوڑا -

اسکے پہل کا گوداکسے - ٹیو ہے - چہال ہلکا ٹانک اور بنجارون مین مفید ہے - پتے اسکے زخمون پر لگاتے ہین اور بیجونکو گہسکر داد پر لگانے سے فائدہ ہوتا ہے - خشک پہل اسکا کہانے مین کام آتا ہے اور نابینزہ کی بیماریون مین بہی مفید ہی *

گار - سی - نیا - پک - ٹو - ریا -

یہ بہی ایک قسم کا گمبوج ہے جو ہندستان مین پیدا ہوتا ہے - فائدہ اور استعمال اور خوراک اسکا بہی مثل گمبوج کے ہی جسکا ذکر اوپر کیا گیا ہے *

گار - سی - نیا پر پیو - را

یہ درخت مدراس احاطہ مین پیدا ہوتا ہے اسکے بیجون سے جو روغن حاصل ہوتا ہے اسکو بجاے ایمر - مے - سے ٹے - انیٹ - منٹ کے استعمال کرتے ہین *

گار - سی - نیا منگوس ٹانا

اس درخت کے پہل کا چہلکا جسکو منگوس - ٹین کہتے ہین بطور اسٹرنجنٹ کے دوا مین

استعمال ہوتا ہے - حقیقت میں یہ دوا نہایت اسٹرنجنٹ ہے چنانچہ یہ نسخہ کرانک ڈی سنٹری اور ڈایاریا میں مفید ہے +

نسخہ - منگوس ٹین کا چھلکا ۲ آونس + دہنیا اور زیرہ ڈیڑہ ڈیڑہ ڈرام + پانی ۲- پائنٹ سبکو آہستہ آہستہ ایک پائنٹ تک جوش دیکر چھان لین + خوراک ۱/۲ آونس دن مین دو دفعہ

گرا-سی-لے-ریا لائی-کے-نائی-ڈس

اور

گرا-سی-لے-ریا کن-فر-وائی-ڈس

یہ دونو ایک قسم کی کائی - مین جو سی - لون کے ٹاپو مین پیدا ہوتی ہے - اس کائی کو خشک کرکے دوا مین برتتے ہین - فائدہ اسکا ڈی-مل-سنٹ اور نیو-ٹری-ٹو-ہے - بیمار بچون کے لئے یہ ایک غذا سریع الہضم ہے -

اسکا ایک مرکب ہے

لاٹن ———— ———— انگریزی

ڈیکاکٹم-گرا-سی-لے-ری ———— ڈیکاکشن اف سی-لون ماس

چوتھائی آونس کائی خوب باریک سفوف کرکے ۲ پائنٹ پانی مین ملاکر ۲۰ منٹ تک جوش دیکر چھان لین +

میو-کیو-نا-پرو-ری-انس

یعنی کوانچ پہلی

ان پہلیون پر جو ریشم لگی ہوئے ہین انکو بطور انتھل-من-ٹک کے استعمال کرتے ہین +

ترکیب - اِن کے استعمال کرنے کی یہ ہی کہ پہلیون کو شہد مین ڈبو کر پشم کو کہرچ ڈالین اسکا ایک تولہ جوانون کو اور ۳ ماشہ بچون کو تین چار روز برابر صبح کیوقت پلا دین بعد اسکے ایک نبز جلاب دیوین جسے کرم اکثر خارج ہو جاتے ہین +

مر - سے - نے - افریکے - نا
بائی برنگ

یہ دوا کرم کش ہے - اسکے بیجون کو چلم مین بہر کر پیتے ہین اور نفخ شکم مین فائدہ مند ہی -

فائی - ریکا - سی - پے - ڈا
کائی پہل

فائدہ ایسکا اکسپک - ٹو - رنٹ اور کار - مے - نے - ٹو ہے +

منجی - فرا - انڈیکا
انب یا آم

آمون کی گٹہلی کی گری بہونکر سفوف کرکے پیچش اور اسہال مین کہلاتے ہین نہایت عمدہ قابض ہے +

کچے آمون کو بہونکر پتا بناکر بخار دن مین پلانے سے پیاس جاتی رہتی ہے +

ال-وا-روشن-ڈی-فولیا

اِس درخت کا بیج جسکو خبازی کہتے ہین اور اسکا پہول جسکو گل خیرا بولتے ہین عمدہ لگسے-ٹیو اور ڈایورے-ٹک اور ڈی-مل سنٹ ہی اور کسیقدر اکسپکٹو-رنٹ بہی ہے ❊

سے-لم-بے-ام اسپے-شیو-زم-

اسکے بیج جنکو کنول گٹا کہتے ہین عمدہ ڈی-مل سنٹ اور ڈایو-ری-ٹک ہین -

نم فیا-لو-ٹس

اِس درخت کے پہول جنکو گل نیلوفر بولتے ہین بطور شربت کے بخارون مین استعمال ہوتے ہین ❊

سنے-جے-لا انڈیکا
گلوبنجے

اِسکے استعمال سے دودہ زیادہ پیدا ہوتا ہے- بدہضمی مین یہ دوا مفید ہی-

وائی-اولا-او-ڈو-رے-ٹا
یعنی گل بنفشہ

یہ گل کشمیر سے آتا ہے- فائدہ اسکا ملین ہے اور شربت اسکا یعنی شربت بنفشہ استعمال مین آتا ہے اور بعض دفعہ ان پہولون کو تمباکو کیواسطے ہمراہ نمز خیار رین

وکدو کے گہونٹ کر بلانے مین اور کشمیر مین اسکا خمیرہ تیار ہوتا ہی جسکو خمیرہ بنفشہ بولتی
ہین یہ بہی ایک عمدہ ملیّن مرکب ہی شربت بنفشہ بچونکو نہایت مفید پڑتا ہی۔

ہائیڈرو۔کو۔ٹائیل اشیا۔ٹیکم

اِس درخت کے پتے دوامین استعمال ہوتے ہین۔ فائدہ اِنکا آل۔ٹے رے۔ٹیو اور
ٹانکِ اور جب باہر لگایا جاتا ہی۔ تب اِسٹی۔میو۔لنٹ جزام آتشک اور جلدی بیماریون مین
اِنکا استعمال کرتے ہین خوراک اِسکی پتون کی سفوف کی ۵ گرین سے ۸ گرین تک ایک
ایسکا مرکب ہی یعنی پولٹش چنانچہ اِس درخت کے پتون کو کچہلکر سرد پانی سے مرطوب
کرلین۔ زخمون پر اِسکو لگایا کرتے ہین۔

ہر۔مو۔ڈک۔ٹائیل
یعنی سورنجان

یہ دو قسم کا ہوتا ہی ایک تلخ دوسرے سورنجان شیرین۔ فائدہ اور استعمال بعینہٖ مثل
کالچی کم ہے ٭

ہائی۔بس۔کس اس۔کیو۔لن۔ٹس۔
یعنی بہنڈی

یہ پہلیان نہایت عمدہ ڈی۔مل۔سنٹ ایمو۔لنٹ اور ڈائیو۔ریٹک ہین۔ اِنکو سوراک

اور پیشاب کی جلن مین دیتی ہین ایک اسکا ڈیکاکشن ہے چنانچہ - نسخہ - بہنڈی کی پہلیان کتری ہوئین ۳ آونس * پانی - ڈیڑہ پانیٹ - ایک پانیٹ تک جوش دیکر چہان لین اور تب اسمین شکر ملاکر پلاوین *

ہو - لا - ری - نا انیٹے - ڈی - سن - ٹر - ری - کا
اندرجو تلخ

اس درخت کی جڑ کی چہال کا جوشاندہ یا اکسٹراکٹ پیچش کی بیماری مین مفید ہی - چنانچہ آٹہہ آونس چہال کو ۲ پانیٹ پانی مین جوش دین - جب ایک پانیٹ رہ جاوی تب چہانکر ایک یا ۲ آونس دن مین ۳ دفعہ پلاوین *

تمت

فہرست مضامین مفردات و مرکبات مطابق برٹش فار-ما-کو-پیا

اشارہ - یہ فہرست لاٹن ناموں پر مرتب کی گئی ہے -

فہرست مفردات و مرکبات ادویات جدیدہ

فہرست مفردات و مرکبات ادویات دیسی

تمت

QUARABADIN—RAHIMEE,

OR

MATERIA MEDICA,

THERAPUETICS

AND

PHARMACY,

IN

URDU.

7TH EDITION.

(Almost entirely re-written)

ADAPTED TO THE

EW BRITISH PHARMACOPEŒA.

BY

RAHIM KHAN, "KHAN BAHADUR,"

Honorary Surgeon,

MEDICAL FELLOW AND MEMBER OF SENATE. PUNJAB U NI-VERSITY; SUPERINTENDENT AND LECTURER OF MEDICINE, &c., HINDOOSTANEE CLASS, MEDICAL COLLEGE, LAHORE.

Lahore:

PRINTED AT THE ALBERT PRESS.

1889.